# مختصر الترغیب والترہیب

www.KitaboSunnat.com

حافظ شہاب الدین احمد بن علی
ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ

دار العلم ممبئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## معزز قارئین توجہ فرمائیں!

**کتاب وسنت ڈاٹ کام** پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ..........

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

## ☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی و شرعی جرم ہے۔

**﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾**

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

QURAN LEARNING & RESEARCH FOUNDATION • HYD. INDIA •

# مختصر الترغیب والترہیب

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی رحمہ اللہ

QURAN LEARNING & RESEARCH FOUNDATION • HYD. INDIA •

ترجمہ
محمد خالد سیف

نظرِ ثانی
حافظ عبدالحمید ازہر

www.qlrf.net

دار العلم ممبئی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

© جملہ حقوق اشاعت بحق ناشر محفوظ ہیں

سلسلہ مطبوعات دار العلم نمبر ۴۳

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | مختصر الترغیب والترہیب |
| تالیف | : | حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی |
| ترجمہ | : | محمد خالد سیف |
| صفحات | : | 376 |
| ناشر | : | دار العلم، ممبئی |
| طابع | : | اکرم مختار |
| تعداد اشاعت | : | ایک ہزار |
| تاریخ اشاعت | : | ستمبر ۲۰۰۷ء |
| مطبع | : | بھاوے پرائیویٹ لمیٹڈ، ممبئی |
| قیمت | : | Rs.175/- |

دار العلم ممبئی

DARUL ILM

PUBLISHERS & DISTRIBUTORS

242, J.B.B. Marg, (Belasis Road), Nagpada, Mumbai-8 (INDIA)
Tel,: (+91-22) 2308 8989, 2308 2231 fax :(+91-22) 2302 0482
E-mail : ilmpublication@yahoo.co.in

www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# مُختصر الترغیب والترہیب

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی رحمہ اللہ

QURAN LEARNING & RESEARCH FOUNDATION • HYD. INDIA •


ترجمہ
محمد خالد سیف

نظرِ ثانی
حافظ عبدالحمید ازہر


www.qlrf.net

دار العلم ممبئی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

© جملہ حقوق اشاعت بحق ناشر محفوظ ہیں

سلسلہ مطبوعات دار العلم نمبر ۴۴

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | مختصر الترغیب والترہیب |
| تالیف | : | حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی |
| ترجمہ | : | محمد خالد سیف |
| صفحات | : | 376 |
| ناشر | : | دار العلم، ممبئی |
| طابع | : | اکرم مختار |
| تعداد اشاعت | : | ایک ہزار |
| تاریخ اشاعت | : | ستمبر ۲۰۰۷ء |
| مطبع | : | بھاوے پرائیویٹ لمیٹڈ، ممبئی |
| قیمت | : | Rs.175/- |

دار العلم ممبئی
DARUL ILM
PUBLISHERS & DISTRIBUTORS
242, J.B.B. Marg, (Belasis Road), Nagpada, Mumbai-8 (INDIA)
Tel,: (+91-22) 2308 8989, 2308 2231 fax :(+91-22) 2302 0482
E-mail : ilmpublication@yahoo.co.in

www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# فہرست

## کتاب الاخلاص


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | اخلاص کی ترغیب | ۴۳ |
| ۲۔ | ریاکاری پر وعید | ۴۵ |


## کتاب السنہ


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | اتباعِ سنّت کی ترغیب اور بدعت پر وعید | ۴۷ |
| ۲۔ | نیکی جلد شروع کرنے کی ترغیب | ۵۰ |


## کتاب العلم


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | حصولِ علم کی ترغیب اور اس کی فضیلت | ۵۲ |
| ۲۔ | اہلِ علم کی فضیلت | ۵۳ |
| ۳۔ | علم کی تبلیغ کی فضیلت | ۵۴ |
| ۴۔ | علماء کرام کی عزت کرنے کی ترغیب | ۵۴ |
| ۵۔ | علم حاصل کرنے، سیکھنے اور سکھانے کی ترغیب | ۵۵ |
| ۶۔ | علم حاصل کرنے کے لیے سفر کرنا | ۵۶ |
| ۷۔ | علم کے پھیلانے کی ترغیب اور اسے چھپانے پر وعید | ۵۷ |
| ۸۔ | غیر اللہ کے لیے علم سیکھنے پر وعید | ۵۷ |
| ۹۔ | علم کے بارے میں دعوے فخر اور فضول بحث پر وعید | ۵۸ |


## کتاب الطھارۃ وذکر ابوابھا


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | لوگوں کے راستوں اور سایہ کی جگہوں وغیرہ میں قضاء حاجت پر وعید اور دیگر آداب | ۵۹ |
| ۲۔ | پانی، غسل خانہ اور سوراخ میں پیشاب کرنے پر وعید | ۶۰ |


QURAN LEARNING & RESEARCH FOUNDATION • HYD. INDIA •

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



۳۔ کپڑے وغیرہ کو پیشاب کے چھینٹوں سے نہ بچانے پر وعید ۶۰
۴۔ غسل میں تاخیر پر وعید اور غسل جنابت کی حفاظت کی ترغیب ۶۱
۵۔ وضو کی حفاظت کی ترغیب ۶۱
۶۔ جان بوجھ کر وضو کے آغاز میں بسم اللہ کو نہیں چھوڑنا چاہیے ۶۲
۷۔ مسواک کی ترغیب وفضیلت ۶۲
۸۔ اچھی طرح وضو کرنے کی ترغیب ۶۳
۹۔ وضو کے بعد کی دعائیں ۶۵
۱۰۔ وضو کے بعد دو رکعت پڑھنے کی ترغیب ۶۶

## كتاب الصلوٰة وذكر ابوابہ

۱۔ اقامت صلوٰۃ کی ترغیب اور فرضیت ۶۶
۲۔ اذان دینے کی ترغیب ۶۸
۳۔ مؤذن کا جواب دینے اور اذان کے بعد کی دعا کی ترغیب ۶۹
۴۔ اذان واقامت کے درمیان دعا کی ترغیب ۷۰
۵۔ مسجدوں کی طرف جانے کی ترغیب ۷۱
۶۔ مسجدوں کے ساتھ وابستگی اور ان میں بیٹھنے کی ترغیب ۷۴
۷۔ لہسن، پیاز، گندنا مولی یا دوسری بدبودار چیزیں کھا کر مسجد میں آنے کی ممانعت ۷۵
۸۔ عورتوں کے لیے گھروں میں رہنے کی ترغیب اور باہر نکلنے پر وعید ۷۶
۹۔ نمازِ پنجگانہ کی ترغیب، پابندی سے ان کی ادائیگی اور ان کی فرضیت پر ایمان ۷۶
۱۰۔ نماز اوّل وقت ادا کرنے کی ترغیب ۷۹
۱۱۔ باجماعت نماز ادا کرنے کی ترغیب اور اس کے قصد وارادہ کی فضیلت خواہ اسے پا نہ سکے ۸۰
۱۲۔ جنگل میں نماز ادا کرنے کی ترغیب ۸۱
۱۳۔ صبح وعشاء کی نماز باجماعت ادا کرنے کی ترغیب اور ترک پر وعید ۸۱
۱۴۔ بغیر عذر جماعت ترک کرنے پر وعید ۸۳
۱۵۔ نفل نماز گھروں میں ادا کرنے کی ترغیب ۸۳
۱۶۔ ایک نماز کے بعد دوسری نماز کے انتظار کی ترغیب ۸۴

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۱۷۔ | صبح وعصر کی نماز کی حفاظت کی ترغیب | ۸۵ |
| ۱۸۔ | صبح وعصر کے بعد جائے نماز میں بیٹھنے کی فضیلت | ۸۵ |
| ۱۹۔ | مکمل واحسن طریقے سے نماز پڑھانے والے کے لیے امامت کی ترغیب | ۸۶ |
| ۲۰۔ | ایسے شخص کے لیے امامت کی ممانعت جسے لوگ پسند نہ کرتے ہوں | ۸۷ |
| ۲۱۔ | صف اوّل (مردوں کے لئے) صفوں کی برابری اور خوب مل کر کھڑے ہونے کی ترغیب | ۸۶ |
| ۲۲۔ | مردوں کے لیے پہلی صفوں سے پیچھے رہنے پر وعید | ۹۰ |
| ۲۳۔ | امام کے پیچھے آمین کہنے کی ترغیب اور دعائے افتتاح | ۹۰ |
| ۲۴۔ | رکوع وسجود میں مقتدی کے لیے امام سے پہلے سر اُٹھانے پر وعید | ۹۲ |
| ۲۵۔ | رکوع وسجود مکمل نہ کرنے، دونوں کے درمیان کمر سیدھی نہ کرنے اور خشوع نہ کرنے کی ممانعت | ۹۳ |
| ۲۶۔ | نماز میں آسمان کی طرف نظر اٹھانے کی ممانعت | ۹۵ |
| ۲۷۔ | نماز میں اِدھر اُدھر جھانکنے کی ممانعت اور بعض دیگر اُمور کا ذکر جو نماز میں منع ہیں | ۹۵ |
| ۲۸۔ | سجدہ کی جگہ کنکری وغیرہ کو چھونے کی ممانعت | ۹۶ |
| ۲۹۔ | نماز میں کولہے پر ہاتھ رکھنے کی ممانعت | ۹۶ |
| ۳۰۔ | نمازی کے آگے سے گزرنے پر وعید | ۹۷ |
| ۳۱۔ | جان بوجھ کر نماز ترک کرنے اور محض سستی کی وجہ سے بے وقت پڑھنے پر وعید | ۹۸ |


## کتاب النوافل وذکر ابوابہ


| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | دن رات میں بارہ رکعت نفل کی ترغیب | ۹۸ |
| ۲۔ | صبح کی دو رکعتوں کی ترغیب | ۹۹ |
| ۳۔ | ظہر سے پہلے اور بعد نماز کی ترغیب | ۹۹ |
| ۴۔ | عصر سے پہلے نماز کی ترغیب | ۱۰۰ |
| ۵۔ | مغرب وعشاء کے درمیان نماز کی ترغیب | ۱۰۰ |
| ۶۔ | نماز وتر کی ترغیب اور جو وتر نہ پڑھے اس کا بیان | ۱۰۱ |
| ۷۔ | باوضو اور قیام کی نیت سے سونے کی ترغیب | ۱۰۲ |
| ۸۔ | رات کے قیام کی ترغیب | ۱۰۲ |
| ۹۔ | اونگھنے والے کے لیے نماز اور تلاوت کی ممانعت | ۱۰۶ |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



۱۰۔ رات کا قیام ترک کرنے پر وعید ۱۰۷
۱۱۔ رات کا وظیفہ فوت ہو جائے تو اس کے قضاء کی ترغیب ۱۰۷
۱۲۔ نماز ضحٰی کی ترغیب ۱۰۷
۱۳۔ نماز تسبیح کی ترغیب ۱۰۸
۱۴۔ نماز توبہ کی ترغیب ۱۱۰
۱۵۔ نماز و دعائے حاجت کی ترغیب ۱۱۰
۱۶۔ نماز استخارہ کی ترغیب ۱۱۳
۱۷۔ سجود تلاوت کی ترغیب ۱۱۴


## کتاب الجمعہ و ذکر ابوابہ


۱۔ نمازِ جمعہ اور اس کی طرف کوشش کر کے جانے کی ترغیب اور جمعہ اور اس کی ایک مخصوص گھڑی کی فضیلت ۱۱۵
۲۔ جمعہ کے دن غسل کرنے کی ترغیب ۱۱۹
۳۔ جمعہ کے دن جلد مسجد جانے کی ترغیب اور بلا عذر تاخیر پر وعید ۱۱۹
۴۔ جمعہ کے دن گردنیں پھلانگنے پر وعید ۱۲۰
۵۔ جب امام خطبہ دے رہا ہو تو کلام کرنے کی ممانعت اور خاموش بیٹھنے کی ترغیب ۱۲۰
۶۔ بغیر عذر کے جمعہ چھوڑنے پر وعید ۱۲۱
۷۔ جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھنے کی ترغیب ۱۲۲


## کتاب الصدقات و ذکر ابوابہ


۱۔ زکوٰۃ ادا کرنے کی ترغیب اور اس کے وجوب کی تاکید ۱۲۲
۲۔ زیورات اور دیگر اشیاء سے زکوۃ نہ دینے پر شدید وعید ۱۲۳
۳۔ زیورات کی زکوۃ اور سونے کے زیورات پہننے پر وعید ۱۲۴
۴۔ فراہمی صدقات میں تقویٰ کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب اور ظلم و خیانت پر وعید ۱۲۵
۵۔ سوال کرنے کی ممانعت' دولت کی موجودگی میں حرمت اور لالچ کی مذمت ۱۲۶
۶۔ فاقہ اور حاجت کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دینے کی ترغیب ۱۳۵
۷۔ دینے والے کی رضامندی کے بغیر لینے کی ممانعت ۱۳۶
۸۔ سوال یا لالچ کے بغیر جب کچھ ملے تو اسے لے لینے کی ترغیب ۱۳۶


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com




۹۔ سائل کے لیے جنت کے سوا کچھ اور لوجہ اللہ مانگنے اور مسئول کے لیے لوجہ اللہ نہ دینے پر وعید ۱۳۷

۱۰۔ صدقہ کی ترغیب اور قلیل مال والے کی کوشش کا بیان ۱۳۸

۱۱۔ خفیہ طور پر صدقہ کرنے کی ترغیب ۱۴۱

۱۲۔ شوہر اور قریبی رشتہ داروں پر صدقہ کرنے اور انہیں دوسروں پر ترجیح دینے کی ترغیب ۱۴۲

۱۳۔ قرض دینے کی ترغیب اور فضیلت ۱۴۳

۱۴۔ تنگ دست کے ساتھ آسانی کرنے' اسے مہلت دینے اور اسے معاف کر دینے کی ترغیب ۱۴۳

۱۵۔ نیکی کے کاموں پر خرچ کرنے کی ترغیب اور بخل و ذخیرہ اندوزی کی ممانعت ۱۴۵

۱۶۔ عورت کے لیے شوہر کے مال سے صدقہ کرنے کی ترغیب اور وہ اجازت نہ دے تو اس کی ممانعت ۱۴۷

۱۷۔ کھانا کھلانے اور پانی پلانے کی ترغیب اور اس سے منع کرنے پر وعید ۱۴۸

۱۸۔ نیکی کا شکریہ ادا کرنے' بدلہ دینے اور دعا کرنے کی ترغیب اور انکار و عدم تشکر کی ممانعت ۱۵۲


## کتاب الصوم وذکر ابوابہ


۱۔ رمضان کے روزے کی ترغیب اور وجوب کی تاکید ۱۵۲

۲۔ عذر کے بغیر رمضان کا روزہ چھوڑنے اور قبل از وقت افطار کرنے پر وعید ۱۵۴

۳۔ مطلقاً روزے کی ترغیب وفضیلت ۱۵۴

۴۔ نفل روزے ۱۵۶

۵۔ شوال کے چھ روزوں کی ترغیب ۱۵۷

۶۔ جو عرفہ میں نہ ہو اس کے لیے عرفہ کے دن کے روزہ کی ترغیب ۱۵۷

۷۔ محرم کے روزے کی ترغیب ۱۵۸

۸۔ یوم عاشورہ کے روزے اور اہل وعیال پر کشادگی کی ترغیب ۱۵۸

۹۔ شعبان کے روزے کی ترغیب اور پندرھویں رات کی فضیلت ۱۶۰

۱۰۔ ہر مہینے تین دن خصوصاً ایام بیض کے روزے رکھنے کی ترغیب ۱۶۰

۱۱۔ سوموار اور جمعرات کے روزے کی ترغیب ۱۶۲

۱۲۔ بدھ' جمعرات' جمعہ اور ہفتہ کے روزے کی ترغیب اور خاص جمعہ یا ہفتہ کے دن کے روزے کی ممانعت ۱۶۲

۱۳۔ عورت کے لیے شوہر کی اجازت کے بغیر نفل روزہ کی ممانعت ۱۶۳

۱۴۔ جس شخص کو تکلیف ہو اس کے لیے سفر میں روزے کی ممانعت ۱۶۳


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



۱۵۔ روزے کے آداب' سحری میں کھجور کا استعمال کرنے کی ترغیب' کھجور کے ساتھ افطار کی ترغیب ۱۶۶
۱۶۔ افطار میں جلدی اور سحری میں تاخیر کی ترغیب ۱۶۸
۱۷۔ روزہ دار کو کھانا کھلانے کی ترغیب ۱۷۰
۱۸۔ روزہ دار کے لیے غیبت' فحش گفتگو اور جھوٹ کی ممانعت ۱۷۰
۱۹۔ لیلۃ القدر کے قیام کی ترغیب ۱۷۱
۲۰۔ اعتکاف کی ترغیب ۱۷۱
۲۱۔ صدقۃ الفطر کی ترغیب و وجوب ۱۷۱


## کتاب العیدین والاضاحی وذکر ابوابہ


۱۔ قربانی کرنے کی ترغیب' قدرت کے باوجود قربانی نہ کرنے اور قربانی کی کھال بیچنے کی ممانعت ۱۷۲
۲۔ جانور کا مثلہ کرنے' نہ کھانا ہو تو ذبح کرنے کی ممانعت اور احسن انداز میں ذبح کرنے کا حکم ۱۷۹


## کتاب الحج وذکر ابوابہ


۱۔ حج وعمرہ کی ترغیب' وجوب کا ذکر اور اس شخص کا بیان جو حج کے ارادہ سے نکلا اور فوت ہو گیا ۱۷۴
۲۔ قدرت ہوتے ہوئے حج نہ کرنے پر وعید ۱۷۹
۳۔ عورت کے لیے گھر سے باہر نکلنے کی ممانعت اور فرض ادا کرنے کے بعد گھر ہی میں بیٹھے رہنے کا حکم ۱۷۹
۴۔ حج وعمرہ پر خرچ کرنے کی ترغیب لیکن مال حرام خرچ کرنے پر وعید ۱۸۰
۵۔ رمضان میں عمرہ کی ترغیب ۱۸۱
۶۔ حج میں عجز وانکساری اور انبیاء کرام علیہم السلام کی اقتدا کرتے ہوئے سادہ لباس پہننے کی ترغیب ۱۸۲
۷۔ احرام اور بلند آواز سے تلبیہ کی ترغیب ۱۸۳
۸۔ مسجد اقصیٰ سے احرام باندھنے کی ترغیب ۱۸۴
۹۔ طواف' حجر اسود کو بوسہ دینے رکن یمانی کو ہاتھ لگانے کی ترغیب ۱۸۴
۱۰۔ عشرہ ذوالحجہ کی فضیلت اور اس میں عمل صالح کی ترغیب ۱۸۸
۱۱۔ عرفہ اور مزدلفہ میں وقوف کی ترغیب اور یوم عرفہ کی فضیلت ۱۸۹
۱۲۔ رمی جمار کی ترغیب ۱۹۱
۱۳۔ سر منڈانے کی ترغیب ۱۹۲
۱۴۔ آب زمزم پینے کی ترغیب وفضیلت ۱۹۲


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com




۱۵۔ مسجد حرام' مسجد نبوی' بیت المقدس اور قبا میں نماز کی ترغیب ۱۹۳

۱۶۔ وفات تک مدینہ میں رہنے' اس کی دُعا کرتے رہنے مدینہ اُحد اور وادیٔ عتیق کی فضیلت ۱۹۵


## کتاب الجھاد وذکر ابوابہ


۱۔ جہاد کی ترغیب اور اس کے وجوب کی تاکید ۲۰۱

۲۔ جہاد میں اخلاصِ نیت کی ترغیب' اس کا ذکر جو اجر وغنیمت کا امیدوار ہو اور جو شہرت کا طلبگار ہو ۲۰۶

۳۔ اللہ کے راستہ میں اور نیکی کے تمام کاموں میں خرچ کرنے کی ترغیب ۲۰۸

۴۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں پہرہ دینے کی فضیلت ۲۰۸

۵۔ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں چوکیداری کی ترغیب ۲۱۰

۶۔ ریاء وشہرت کے بغیر جہاد کے لیے گھوڑے رکھنے کی ترغیب وفضیلت ۲۱۰

۷۔ شہادت کی ترغیب اور شہداء کی فضیلت ۲۱۱

۸۔ مختلف اُمور جن میں مبتلا شہداء کے ساتھ جا ملتے ہیں' طاعون والے علاقے سے فرار کی ممانعت ۲۱۹

۹۔ طاعون کے بارے میں ۲۲۰

۱۰۔ تیراندازی سیکھنے کی ترغیب اور سیکھ کر ترک کردینے کی ممانعت ۲۲۲

۱۱۔ ترک جہاد پر وعید ۲۲۴

۱۲۔ بحری جہاد کی ترغیب ۲۲۵

۱۳۔ میدانِ جنگ سے فرار پر وعید ۲۲۶

۱۴۔ مال غنیمت میں خیانت کی سخت ممانعت اور خیانت کرنے والے پر پردہ ڈالنے والے کا بیان ۲۲۷


## کتاب الذکر


۱۔ سری وجہری طور پر کثرت سے اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کی ترغیب ۲۲۸

۲۔ مجالس ذکر میں حاضری کی ترغیب اور ذکر الٰہی کے لیے اجتماع ۲۳۱

۳۔ ایسی مجلس اختیار کرنے کی ممانعت جس میں ذکر الٰہی اور درود شریف نہ ہو ۲۳۴

۴۔ ایسے کلمات پڑھنے کی ترغیب جو مجلس کی لغو باتوں کا کفارہ بن جائیں ۲۳۴

۵۔ لا الہ الا اللہ پڑھنے کی ترغیب ۲۳۶

۶۔ لا اِلٰہ اِلَّا اللہ وحدہٗ لاشریک لہ پڑھنے کی ترغیب ۲۳۷

۷۔ تسبیح وتکبیر وتہلیل وتحمید کے مختلف کلمات پڑھنے کی ترغیب ۲۳۸


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



۸۔ تسبیح وتکبیر وتہلیل وتحمید کے جامع کلمات پڑھنے کی ترغیب ۲۴۸
۹۔ لاحول ولاقوۃ الّا باللہ پڑھنے کی ترغیب ۲۴۴
۱۰۔ صبح وشام کے اذکار پڑھنے کی ترغیب ۲۴۴
۱۱۔ بستر پر لیٹتے وقت کلمات پڑھنے کی ترغیب اور جو ذکر الٰہی کے بغیر سو جائے اس کا بیان ۲۵۲
۱۲۔ رات کو بیداری کے وقت کلمات پڑھنے کی ترغیب ۲۵۴
۱۳۔ صبح وعصر اور مغرب کے بعد اذکار کی ترغیب ۲۵۵
۱۴۔ اس بات کی ترغیب کہ ناپسندیدہ خواب دیکھ کر کیا پڑھے اور کیا کرے ۲۵۶
۱۵۔ فرض نمازوں کے بعد اذکار پڑھنے کی ترغیب ۲۵۷
۱۶۔ رات کو سوتے میں ڈر جانے والے کے لیے کلمات پڑھنے کی ترغیب ۲۵۹
۱۷۔ گھر سے مسجد وغیرہ میں جاتے' گھر میں اور مسجد میں داخل ہوتے ہوئے پڑھنے کی ترغیب ۲۶۱
۱۸۔ اس بات کی ترغیب کہ جسے نماز وغیرہ میں وسوسہ پیدا ہو وہ کیا پڑھے؟ ۲۶۲
۱۹۔ استغفار کی ترغیب ۲۶۳

## کتاب الدعاء وذکر ابوابہ

۱۔ کثرت دُعاء کی ترغیب وفضیلت ۲۶۵
۲۔ کلمات استفتاح کی ترغیب اور اللہ کے اسم اعظم کے بارہ میں بعض روایات ۲۶۷
۳۔ سجدہ میں' نمازوں کے بعد اور رات کے آخری حصہ میں دُعاء کی ترغیب ۲۷۰
۴۔ قبولیت میں تاخیر کی وجہ سے دُعا ترک نہ کرے ۲۷۱
۵۔ بوقت دُعاء آسمان کی طرف نظر اُٹھانے اور غفلت کی حالت میں دُعاء کرنے پر وعید ۲۷۱
۶۔ اپنے لیے اور اپنی اولاد' خادم اور مال کے لیے بددعا کی ممانعت ۲۷۲
۷۔ آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی پر کثرت کے ساتھ درود شریف پڑھنے کی ترغیب ۲۷۳

## کتاب البیوع وذکر ابوابہ

۱۔ تجارت اور دیگر ذرائع سے کمانے کی ترغیب ۲۷۵
۲۔ بازاروں اور غفلت کی جگہوں میں اللہ تعالیٰ کے ذکر کی ترغیب ۲۷۶
۳۔ طلب رزق میں میانہ روی وحسن وخوبی کی ترغیب اور حرص وحب مال پر وعید ۲۷۶
۴۔ حلال طلب کرنے اور کھانے کی ترغیب اور حرام کمانے' کھانے اور پہننے کی مذمت ۲۷۸

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



۵۔ تقویٰ کی ترغیب اور شکوک وشبہات اور ایسی باتوں کو ترک کرنے کی تلقین جو دِل میں کھٹکتی ہوں ۲۸۱
۶۔ خرید وفروخت میں خوش اسلوبی اور تقاضا کرنے اور ادا کرنے میں عمدگی کی ترغیب ۲۸۳
۷۔ نادم کو معاف کرنے کی ترغیب ۲۸۵
۸۔ ناپ تول میں کمی پر وعید ۲۸۵
۹۔ دھوکا دینے کی ممانعت اور بیع وغیرہ میں ہمدردی وخیر خواہی کی ترغیب ۲۸۶
۱۰۔ ذخیرہ اندوزی کی ممانت ۲۸۷
۱۱۔ تاجروں کو سچ بولنے کی ترغیب' جھوٹ کی مذمت اور قسم کھانے کی ممانعت خواہ وہ سچے ہوں! ۲۸۸
۱۲۔ دو حصہ داروں میں سے ایک کے لیے دوسرے کی خیانت پر وعید ۲۹۰
۱۳۔ بیع وغیرہ میں ماں اور اس کے بچے میں تفریق پر وعید ۲۹۱
۱۴۔ قرض لینے کی ممانعت' قرض لینے والے اور شادی کرنے والے کے لیے وفا کی نیت کی ترغیب ۲۹۱
۱۵۔ مقروض' مغموم' سخت غمگین اور اسیر کے لیے دعائیں پڑھنے کی ترغیب ۲۹۴
۱۶۔ جھوٹی قسم کی ممانعت۔ ۲۹۶
۱۷۔ سود اور غصب پر وعید ۳۰۰
۱۸۔ ضرورت سے زیادہ اظہار فخر وکثرت کے لیے عمارت بنانے پر وعید ۳۰۳
۱۹۔ مزدور کی مزدوری روکنے پر وعید اور اسے جلد ادا کرنے کا حکم ۳۰۴
۲۰۔ مملوک کو اللہ تعالیٰ اور اپنے مالکان کا حق ادا کرنے کی ترغیب ۳۰۵
۲۱۔ غلام کے لیے اپنے آقا کو چھوڑ کر بھاگ جانے پر وعید ۳۰۵
۲۲۔ آزاد کرنے کی ترغیب اور آزاد کو غلام بنانے اور بیچنے کی وعید ۳۰۶

## کتاب النکاح وذکر ابوابہ

۱۔ نظر نیچے رکھنے کی ترغیب' بدنظری' اجنبی عورتوں کے ساتھ خلوت پر وعید ۳۰۸
۲۔ دیندار اور بچے جنم دینے والی عورت کے ساتھ نکاح کی ترغیب ۳۱۰
۳۔ میاں بیوی میں سے ہر ایک کو دوسرے کا حق ادا کرنے کی ترغیب ۳۱۲
۴۔ کسی ایک بیوی کو ترجیح دینے اور ترک عدل پر وعید ۳۱۴
۵۔ بیوی بچوں پر خرچ کرنے کی ترغیب اور ادب سکھانے کی فضیلت ۳۱۵
۶۔ اچھے ناموں کی ترغیب' بُرے ناموں کی ممانعت اور انہیں تبدیل کرنے کا حکم ۳۱۹

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com




۷۔ انسان کے لیے اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے کی طرف منسوب ہونے پر وعید ۳۲۰

۸۔ عورت کو اس کے خاوند کے لیے خراب کر دینے کی ممانعت ۳۲۱

۹۔ عورت کے لیے اپنے شوہر سے بلاوجہ طلاق طلب کرنے کی ممانعت ۳۲۲

۱۰۔ عورت کے لیے عطر اور زینت کے ساتھ باہر نکلنے کی ممانعت ۳۲۳

۱۱۔ زوجین کے لیے راز افشاء کرنے کی ممانعت ۳۲۳


## کتاب اللباس


۱۔ سفید لباس پہننے کی ترغیب ۳۲۴

۲۔ قمیص پہننے کی ترغیب ۳۲۴

۳۔ زیادہ لمبی قمیص وغیرہ اور فخریہ لباس پہننے کی ممانعت ۳۲۴

۴۔ عورتوں کے لیے ایسا باریک لباس پہننے کی ممانعت جس سے جسم نظر آئے ۳۲۶

۵۔ مَردوں کے لیے ریشم پہننے' اس پر بیٹھنے اور سونے کے زیور پہننے کی ممانعت ۳۲۶

۶۔ مَرد کی عورت کے ساتھ اور عورت کی مَرد کے ساتھ چال' لباس یا کلام وغیرہ میں مشابہت کی ممانعت ۳۲۸

۷۔ اشرف المخلوقات سیدنا محمد مصطفی ﷺ کی اقتداء میں انکساری کے طور پر فخریہ لباس ترک کرنے کی ترغیب ۳۲۹

۸۔ سفید بالوں کو باقی رکھنے کی ترغیب اور انہیں چننے کی کراہت ۳۳۱

۹۔ داڑھی کو کالا خضاب لگانے کی ممانعت ۳۳۲

۱۰۔ واصلہ' مستوصلہ' واشمہ' مستوشمہ' نامصہ' متنمصہ اور متفلجہ کی ممانعت ۳۳۲

۱۱۔ مردوں اور عورتوں کو اثمد سرمہ استعمال کرنے کی ترغیب ۳۳۳


## کتاب الطعام


۱۔ کھانے پر بسم اللہ پڑھنے کی ترغیب اور ترک کی ممانعت ۳۳۴

۲۔ کھانے کے بعد الحمد للہ پڑھنے کی ترغیب ۳۳۵

۳۔ سونے اور چاندی کے برتن استعمال کرنے کی ممانعت اور مَردوں اور عورتوں کے لیے حرمت ۳۳۵

۴۔ بائیں ہاتھ سے کھانے پینے' برتن میں پھونک مارنے' مشکیزے اور برتن کی ٹوٹی ہوئی جگہ سے پینے کی ممانعت ۳۳۶

۵۔ درمیان کے بجائے برتن کے کناروں سے کھانے کی ترغیب ۳۳۷

۶۔ سرکہ اور روغن زیتون کھانے کی ترغیب ۳۳۸

۷۔ کھانے پر جمع ہونے کی ترغیب ۳۳۹


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com




۸۔ بہت زیادہ سیر ہو کر کھانے اور تکبر و فخر کی وجہ سے کھانے پینے میں توسع کی ممانعت ۳۳۹
۹۔ کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے کی ترغیب اور ہاتھ دھوئے بغیر سونے کی ممانعت ۳۴۱
۱۰۔ پونچھنے سے پہلے برکت کے لیے انگلیوں کے چاٹنے کی ترغیب
۱۱۔ بغیر عذر کے دعوت قبول کرنے سے معذرت کی ممانعت اور دعوت قبول کرنے کا حکم ۳۴۲


## کتاب القضاء وذکر ابوابہ


۱۔ سلطنت، امارت اور قضاء قبول کرنے کی ممانعت خصوصاً اس کے لیے جسے اپنے آپ پر اعتماد نہ ہو۔ ۳۴۴
۲۔ حکام کو خواہ خود امام ہوں یا دیگر عدل کرنے کی ترغیب اور انہیں رعایا کو مشکل میں ڈالنے کی ممانعت ۳۴۵
۳۔ رشوت لینے اور دینے والے کے لیے ممانعت ۳۴۷
۴۔ ظلم اور مظلوم کی بددعا سے بچنے اور اس کی مدد کی ترغیب ۳۴۸
۵۔ ظالم کے ظلم سے بچنے کے لیے دعائیں پڑھنے کی ترغیب ۳۴۹
۶۔ ظالم حکمرانوں کے پاس نہ جانے کی ترغیب ۳۴۹
۷۔ رعایا، اولاد، غلام اور دیگر مخلوق پر شفقت و رحمت کی نظر کی ترغیب ۳۵۱
۸۔ چہرے پر داغ کر نشان لگانے کی ممانعت ۳۵۵
۹۔ امام اور دیگر حکمرانوں کو نیک وزیر اور اچھے ساتھی اختیار کرنے کی ترغیب ۳۵۶
۱۰۔ جھوٹی گواہی دینے پر وعید ۳۵۶
۱۱۔ نیکی کا حکم دینے اور بدی سے منع کرنے کی ۳۵۷


## کتاب الحدود


۱۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی ترغیب، اس کے ترک اور مداہنت پر وعید ۳۵۸
۲۔ اس بات کی ممانعت کہ نیکی کا حکم دے، برائی سے منع کرے اور اس کا قول عمل کے مخالف ہو۔ ۳۵۹
۳۔ مسلمان کی ستر پوشی کی ترغیب، اس کی ہتک عزت اور عیوب ڈھونڈنے پر وعید ۳۶۰
۴۔ اقامت حدود کی ترغیب اور مداہنت پر وعید ۳۶۰
۵۔ شراب پینے، پلانے، بنانے، اور اسکی قیمت کھانے کی سخت ممانعت اور اسے ترک کرنے اور توبہ کی ترغیب ۳۶۱
۶۔ زنا کرنے کی ممانعت خصوصاً پڑوسی کی بیوی اور اس عورت سے جس کا شوہر گھر میں موجود نہ ہو ۳۶۴
۷۔ لواطت، عورت کی دبر میں جماع کرنے اور جانور سے بدفعلی پر وعید ۳۶۷
۸۔ جس نفس کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے، اسے ناحق قتل کرنے پر وعید ۳۶۸


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com




۹۔ اپنے آپ کو قتل کرنے (خودکشی) پر وعید ۳۷۰

۱۰۔ کسی انسان کے ظلم سے قتل کے موقعہ پر حاضر ہونے اور مسلمان کی پشت کو ناحق ننگا کرنے کی ممانعت ۳۷۱

۱۱۔ قاتل اور مجرم کو معاف کرنے کی ترغیب ۳۷۲

۱۲۔ مسلمان کی مصیبت پر خوش ہونے اور اسے عار دلانے پر وعید ۳۷۳

۱۳۔ صغیر و حقیر گناہوں کے ارتکاب اور ان پر اصرار پر وعید ۳۷۴


❀❀❀

www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرضِ ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ اَمَّا بَعْدُ:

موجودہ دَور کو قلم و قرطاس کا دَور کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ مطبوعہ مواد دعوت و تبلیغ کا ایک مؤثر و مؤقر ذریعہ ہے۔ وعظ و تقریر کی اہمیت اپنی جگہ مسلّم لیکن تصنیف و تالیف کی اہمیت و افادیت اس سے دوچند ہے۔ مطبوعات ابلاغ کا بہترین ذریعہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا کلام کتاب کی صورت میں پوری دُنیا میں پھیلا ہوا ہے اور دُنیا کے کونے کونے میں کروڑوں افراد ہر روز مصحف شریف کی تلاوت کرتے ہیں۔ اسی طرح احادیثِ مبارکہ بھی کتابی شکل میں دُنیا کے ہر خطے میں دستیاب ہیں۔ قرآن و حدیث کے تراجم دُنیا کی اکثر زبانوں میں ہو چکے ہیں اور مطبوعہ صورت میں بآسانی دستیاب بھی ہیں۔

برصغیر پاک و ہند میں قرآنِ حکیم کا ترجمہ سب سے پہلے شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے فارسی زبان میں کیا بعد ازاں ان کے صاحبزادوں شاہ عبدالقادر نے اُردو زبان میں بامحاورہ اور شاہ رفیع الدین نے اُردو زبان میں ہی لفظی ترجمہ کیا۔ علامہ وحید الزماں حیدر آبادی نے نواب صدیق حسن خان والی بھوپال کی خواہش پر صحاحِ ستہ کا ترجمہ کیا اور بعد ازاں نواب صدیق حسن خان نے اپنے مصارف پر یہ تراجم اصل متن کے ساتھ طبع کرائے۔ اللہ تعالیٰ ان سب نفوسِ قدسیہ پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے اور ان کی محنتوں کو شرف قبولیت بخشے (آمین)۔

''الترغیب والترہیب'' حافظ عبدالعظیم منذری کی تالیف ہے جو ہم موضوع کتابوں میں بے مثل ہے۔ تمام ترخوبیوں کے باوجود اس میں صحیح احادیث کے ساتھ بعض احادیث ''موضوع'' اور ''ضعیف'' بھی ہیں۔ حافظ ابنِ حجر عسقلانی نے ان ''ضعیف'' اور ''موضوع'' روایات کو حذف کر کے اس کا اختصار کیا ہے۔ اور مولانا خالد سیف نے اسے اردو کے قالب میں ڈھالا ہے محترم حافظ عبدالحمید ازہر حفظہ اللہ نے اس کتاب کے مسودے پر کافی محنت کی ہے محترم نے نہ صرف عربی متن کی بلکہ ترجمہ کو بھی مزید آسان اور سہل بنانے میں خصوصی توجہ فرمائی ہے علاوہ ازیں حافظ صاحب نے تمام احادیث کی تقیح و تصنیف کا کام بھی بڑی محنت سے سرانجام دیا ہے اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ کتاب کی تیاری میں حتی المقدور کوشش

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



کی گئی ہے کہ اس میں کسی قسم کی اغلاط نہ ہوں۔ لیکن بشری تقاضوں کے باوصف اگر کسی قسم کی کوئی غلطی آپ کی نظر سے گزرے تو ہمیں ضرور مطلع کیجئے تا کہ آئندہ اشاعت میں ہم اس کی تصحیح کر سکیں۔ آخر میں ہم ان تمام افراد کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس کتاب کی اشاعت میں کسی بھی قسم کا تعاون کیا۔ اللہ تعالیٰ تمام معاونین کی مساعی کو قبولیت سے نوازے اور ہماری تمام خطائیں اور لغزشیں معاف فرماتے ہوئے ہماری اس ناچیز سعی کو قبول فرمائے (۔آمین)

خادم العلم والعلماء

QURAN LEARNING & RESEARCH FOUNDATION • HYD. INDIA •

❀❀❀

www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**الحمد لله الذی انزل علی عبده الکتاب ولم یجعل له عوجا قیما لینذر باسا شدیدا من لدنه ویبشر المومنین الذین یعملون الصلحت ان لهم اجرا حسنا ما کثین فیه ابدا.**

**ارسل الرسل مبشرین و منذرین لئلایکون للناس علی الله حجة بعد الرسل و کان الله عزیزا حکیما**

**والصلاة والسلام علی رسولنا محمد خاتم النبیین المبعوث رحمة للعالمین . الذی ارسله الله شاهدا ومبشرا و نذیرا. وداعیا الی الله باذنه وسراجا منیرا.**

**صلی الله علیه وعلی کافة الرسل وعلیٰ اٰله وصحبه وعلماء امته ومن استن بسنته ودعا بدعوته الی یوم الدین. اما بعد.**

تمام حمد وثنا، تسبیح وتقدیس اور شکر وسپاس اللہ وحدہ لاشریک لہ کے لئے خاص ہے جو خالق بھی ہے اور ھادی بھی۔

اس کی خلاقی کی صفت یہ ہے کہ ہر چیز کا خالق بس وہی ہے کائنات میں ہر وجود کو خلعت وجود اسی نے عطا فرمائی ہے۔

**﴿الذی له ملک السموٰت والارض ولم یتخذ ولدا ولم یکن له شریک فی الملک وخلق کل شیء فقدره تقدیرا﴾ [الفرقان. ٢]**

وہی ہے کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے اور جس نے کسی کو اولاد نہیں بنایا۔ جس کی بادشاہی میں کوئی شریک نہیں اور جس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کا اندازہ ٹھہرایا۔

**﴿ذلکم الله ربکم خالق کل شئی لا اله الاهو فانی توفکون﴾ [المومن : ٦٢]**

یہی تمہارا پروردگار ہے جو ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کہاں بھٹک رہے ہو۔

اس کے سوا کوئی اس صفت سے موصوف نہیں ہے۔ چنانچہ وہ تمام انسانوں کو خطاب کر کے فرماتا ہے۔

**﴿یا ایها الناس اذکرو انعمة الله علیکم هل من خالق غیر الله یرزقکم من السماء والارض لا اله الاهو فانی توفکون﴾ [فاطر. ٣]**

''لوگو! اللہ کے تم پر جو احسانات ہیں ان کو یاد کرو۔ کیا اللہ کے سوا کوئی اور خالق ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق دے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم کہاں بہکے پھرتے ہو۔''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مستقل طور پر خالق ہونا تو درکنار اللہ تعالیٰ کے ساتھ کار تخلیق میں کوئی شریک ہے نہ اس کا کوئی مددگار۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

**﴿قل ادعوا الذين زعمتم من دون الله لايملكون مثقال ذرة في السموٰت ولا في والارض وما لهم فيهما من شرك وماله منهم من ظهير﴾** [سباء. ۲۲]

''کہہ دو کہ جن کو تم اللہ کے سوا معبود باور کئے ہوئے ہو ان کو بلاؤ۔ وہ آسمانوں اور زمین میں ذرہ بھر چیز کے مالک نہیں ہیں۔ اور نہ ان میں ان کی شراکت ہے۔ اور نہ ان میں سے کوئی اللہ کا مددگار ہے۔''

نیز فرمایا:

**﴿قل ارئيتم ماتدعون من دون الله اروني ماذا خلقوا من الارض ام لهم شرك في السموٰت إيتوني بكتاب من قبل هذا او اثارة من علم ان كنتم صادقين﴾** [الاحقاف : ۴]

''اے پیغمبر ان سے کہہ دو کبھی تم نے آنکھیں کھول کر دیکھا بھی ہے کہ وہ ہستیاں کہ جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر پکارتے ہو ذرا مجھے دکھاؤ تو سہی کہ زمین میں انہوں نے کیا پیدا کیا ہے یا آسمانوں کی تخلیق وتدبیر میں ان کا کیا حصہ ہے۔ اس سے پہلی آئی ہوئی کتاب یا علم یا کوئی بقیہ ان عقائد کے ثبوت میں تمہارے پاس ہو تو وہی لے آؤ اگر تم سچے ہو۔''

## اللہ کی تخلیق میں کوئی نقص نہیں بلکہ وہ کامل ہے

اللہ تعالیٰ کی صفت خلاقی کا ایک خاصہ یہ بھی ہے کہ اس کی تخلیق میں کوئی رخنہ نہیں۔ خالق کائنات کی صنعت گری کسی بھی نقص اور عیب سے مبرا اور پاک ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

**﴿الذي خلق سبع سموٰت طباقا ، ما ترى في خلق الرحمن من تفاوت فارجع البصر هل ترى من فطور ثم ارجع البصر كرتين ينقلب اليك البصر خاسئا وهو حسير﴾** [الملک . ۳.۴]

''وہی جس نے سات آسمان تہ بر تہ بنائے۔ تم رحمٰن کی تخلیق میں کسی قسم کا کوئی عیب نہ پاؤ گے۔ پھر پلٹ کر دیکھو کیا تمہیں کہیں کوئی خلل نظر آتا ہے؟ بار بار نگاہ دوڑاؤ تھک کر نا کام پلٹ آئے گی۔''

## اللہ کی تخلیق میں صفت کمال کے ساتھ ساتھ کمال حسن بھی ہے

نظم تکوینی کے وسیع وعریض وجود کے جس گوشے پر بھی ان کی نظر پڑتی ہے وہ کتنی ہی دقیق وعمیق کیوں نہ ہو انسان یہ اقرار کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ پورا نظام کمال کے ساتھ ساتھ جمال سے بھی متصف ہے۔ اور اس کی ہر ہر مخلوق کامل ہی نہیں حسین بھی ہے۔ اور اس کی نظر جس قدر گہری ہو گی حسن وجمال کے اتنے ہی جلوے بے نقاب ہو کر اس کی نگاہوں کو خیرہ کر دیں گے۔ ارشاد فرمایا:

**﴿ولقد خلقنا الانسان من سللة من طين، ثم جعلناه نطفة في قرار مكين، ثم خلقنا النطفة علقة**

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



**مخلقنا العلقة مضغة فخلقنا المضغة عظاما فکسونا العظام لحما. ثم انشاناه خلقا آخر فتبارک اللّٰه. احسن الخلقین﴾ [المومنون : ۱۲. ۱۴]**

''اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصے سے پیدا کیا۔ پھر اس کو ایک مضبوط جگہ میں نطفہ بنا کر رکھا۔ پھر اسی پانی کو لوتھڑا بنایا۔ پھر لوتھڑے کی بوٹی بنائی پھر بوٹی کی ہڈیاں بنائیں' پھر ہڈیوں پر گوشت چڑھایا۔ پھر اس کو نئی صورت میں بنا دیا۔ تو اللہ بہت بابرکت ہے جو سب سے حسین ترین تخلیق کرنے والا ہے۔''

اللہ تعالیٰ کی تخلیق فرمائی ہوئی ہر چیز اپنے مقصد تخلیق کی مناسبت سے حسن وزیبائی کا مرقع ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا:

**﴿الذی احسن کل شئی خلقه﴾ [الم السجدہ : ۷]**

''وہی جس نے جس چیز کو بنایا خوب ہی بنایا۔''

اللہ تعالیٰ اس کائنات کا نگہبان اور سپردار بھی ہے۔ ارشاد فرمایا:

**﴿اللّٰه خلق کل شئی وھو علی کل شئی وکیل﴾ [الزمر ۶۲]**

''اللہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے' اور وہی ہر چیز کا نگہبان نگران اور ذمہ دار ہے۔''

چنانچہ اس نے اپنی کسی تخلیق کو رائیگاں پیدا نہیں کیا اور نہ اسے بے مہار چھوڑا۔ بلکہ جہاں صورت عطا کی اسے زیبائی سے بھی نوازا اور حسن و جمال سے بھی بہرہ مند فرمایا اور جہاں وجود عطا کیا وہیں اس کی رہنمائی بھی فرمائی اور اسے مقصد وجود سے آگاہ کیا۔ چنانچہ فرعون جیسے طاغیہ کے سامنے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ رب العزت کا تعارف کراتے ہوئے فرمایا:

**﴿ربنا الذی اعطی کل شئی خلقه ثم ھدیٰ﴾ [طه : ۴۹. ۵۰]**

''ہمارا پروردگار وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی شکل وصورت بخشی پھر راہ دکھائی۔''

یعنی اس نے کسی بھی چیز کو صرف پیدا کر کے اور معرض عدم سے وجود میں لا کر اسے اس کے حال پر نہیں چھوڑ دیا بلکہ جو چیز بھی جس کام کے لئے پیدا کی اسے اس کام کے انجام دینے کی صلاحیت عطا فرمائی اور اسے اس کا فریضہ ادا کرنے کا طریقہ بھی بتایا اور سکھایا۔

اور اسکی تخلیق کی طرح اس کی عطا کردہ ھدایت بھی نقص سے مبرا اور صفت کمال سے متصف ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا۔

**﴿سبح اسم ربک الاعلی الذی خلق فسوی 'والذی قدر فھدیٰ﴾ [الاعلی : ۱. ۳]**

''پاکی بیان کرو اپنے بلند و برتر پروردگار کے نام کی جس نے ہر چیز کو بنایا پھر اسے سنوارا اور جس نے اندازہ مقرر کیا اور رہنمائی فرمائی۔''

انسان اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں ایک امتیازی شان رکھتا ہے۔ ارشاد فرمایا:

**﴿لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم﴾ [التین: ۴]**

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


''بے شک ہم نے انسان کو بہترین صورت میں پیدا کیا ہے۔''

نیز فرمایا:

**﴿ولقد کرمنا بنی آدم وحملنا ھم فی البحر والبر ورزقناھم من الطیبات وفضلنا ھم علی کثیر ممن خلقنا تفضیلا﴾ (بنی اسرائیل : ٧٠)**

''اور ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی اور ان کو خشکی وتری میں سواری دی اور پاکیزہ روزی دی اور ان کو اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی۔''

وہ صرف ایک حیوان نہیں جسے اپنی زندگی بسر کرنا اور نسل کو برقرار رکھنا ہو۔ بلکہ دست قدرت کا یہ شاہکار عقل وشعور سے بہرہ مند اور اس عظیم امانت کا حامل ہے جسے اٹھانے سے آسمان' زمین اور پہاڑوں نے انکار کر دیا تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے جہاں اسے حیوانی زندگی برقرار رکھنے کے لئے ہدایت وجدان وحواس عطا فرمائی۔ اسے بار امانت کا متحمل ہونے' اس کی ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہونے کے لیے ضروری صلاحیتوں سے بھی مالا مال کیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے،

**﴿انا عرضنا الأمانة علی السموات والأرض والجبال فأبین أن یحملنھا و أشفقن منھا وحملھا الإنسان إنه کان ظلوما جھولا ' لیعذب الله المنافقین والمنافقات والمشرکین والمشرکات ویتوب الله علی المومنین والمومنات وکان الله غفورا رحیما﴾**

[الاحزاب: ۷۲ ۷۳]

''ہم نے بار امانت آسمانوں' زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا۔ تو انہوں نے اسے اٹھانے سے انکار کر دیا اور اس سے ڈر گئے۔ اور انسان نے اسے اٹھالیا بے شک وہ ظالم اور جاہل تھا۔ تا کہ اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں' مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب کرے اور اللہ مومن مردوں اور مومن عورتوں پر مہربانی فرمائے' اور اللہ تو بخشنے والا مہربان ہے۔''

گویا اس امانت کا بار اٹھانے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اس کے تقاضوں کو پورا نہ کرنے والے اور اس امانت میں خیانت کا ارتکاب کرنے والے یعنی منافق ومشرک اللہ تعالیٰ کے عذاب کا نشانہ بنیں گے۔ اور اس ذمہ داری سے عہدہ برا ہونے اور اس کے تقاضوں کو پورا کرنے والے مومن اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کے انعام کے مستحق ہونگے۔

ایک اور مقام پر انسان کو دنیا میں اس کی حقیقی حیثیت' اس کے مقصد تخلیق اور پیش آنے والے امتحان اور اس کے نتیجہ کا یوں تذکرہ فرمایا ہے۔

**﴿ھل اتی علی الانسان حین من الدھر لم یکن شیئا مذکورا انا خلقنا الانسان من نطفة امشاج نبتلیه فجعلناہ سمیعا بصیرا. انا ھدیناہ السبیل اما شاکرا واما کفورا انا اعتدنا**

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


للکفرین سلاسل واغلالا وسعیرا ان الابرا یشربون من کاس کان مزاجھا کافورا﴾

[الدھر : ۱.۵]

''بلاشبہ انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی گزر چکا ہے جب وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا۔ہم نے انسان کو مخلوط پانی سے پیدا کیا۔تا کہ اس کا امتحان لیں۔اور اس غرض کیلئے ہم نے اسے سننے اور دیکھنے والا بنایا اور ہم نے اسے راستہ دکھا دیا خواہ شکر کرنے والا بنے یا کفر کرنے والا۔کفر کرنے والوں کے لئے ہم نے زنجیریں' طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے۔فرماں بردار لوگ شراب کے ایسے ساغر نوش کریں گے جن میں کافور کی آمیزش ہوگی''

(یہ امانت جو انسان کے سپرد ہوئی اور یہ آزمائش جس سے اس کو گزرنا ہے۔عبادت کی امانت ہے۔اور ایمان وکفر' توحید و شرک' شکر و ناسپاسی' صبر اور بے صبری' سنت و بدعت اور اطاعت و معصیت میں سے ایک کے انتخاب کا اختیار دے کر اسے آزمائش میں ڈال دیا گیا ہے۔لیکن اسے بے دست و پا نہیں گیا۔ بلکہ جہاں اسے عقل و خرد ہوش وحواس عطا فرمائے۔سمع و بصر سے بہرہ مند فرمایا وہیں اسے وحی و رسالت کے نور سے سیدھا راستہ بھی دکھا دیا'

ارشاد فرمایا:

﴿وما کان الله لیذر المومنین علی ما انتم علیه حتی یمیزالخبیث من الطیب وما کان الله لیطلعکم علی الغیب ولکن الله یجتبی من رسله من یشاء﴾

''اور اللہ مومنوں کو اسی حالت پر چھوڑنے کا نہیں جس پر تم اب ہو یہاں تک کہ وہ ناپاک کو پاک سے الگ کر دے۔ اور وہ ایسا بھی نہیں کہ تم سب کو غیب پر مطلع کر دے بلکہ وہ اپنے رسولوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کام کیلئے منتخب فرماتا ہے۔''

یعنی یہی نہیں کہ رحمت حق نے انسان کی دستگیری کرتے ہوئے راہ راست کی طرف اس کی رہنمائی فرمادی بلکہ اسے ھدایت دینے کے لئے بہترین ذریعہ استعمال فرمایا۔ایک طرف روشن کتاب اور اس کے ساتھ اسے بیان کرنے اور سکھانے کے لئے بہترین معلم یعنی رسول مبعوث فرمائے۔

﴿لقد ارسلنا رسلنا وانزلنا معھم الکتاب والمیزان لیقوم الناس بالقسط وانزلنا الحدیدفیه باس شدید و منافع للناس ولیعلم الله من ینصره ورسله بالغیب ان الله قوی عزیز﴾

[الحدید : ۲۵]

''ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی نشانیاں دے کر بھیجا اور ان پر کتابیں نازل کیں اور ترازو یعنی قواعد عدل تا کہ لوگ انصاف قائم کر سکیں۔اور لوہا پیدا کیا اس میں بہت قوت ہے اور لوگوں کے لئے فائدے بھی ہیں۔اور اس لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ اس کی اور اس کے رسولوں کی بغیر دیکھے نصرت کرنے والوں کو متمیز کر دے۔ بے شک اللہ قوت والا غالب ہے۔''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


کرۂ ارضی کا کوئی گوشہ اور نسلِ انسانی کا کوئی مجموعہ نہیں جہاں ہدایت کی روشنی پہنچانے کا ربانی اہتمام کارفرما نظر نہ آتا ہو۔ ارشاد فرمایا:

﴿ولکل قوم ھاد﴾ [الرعد:۷]

''ہر قوم کیلئے ایک رہنما ہوا ہے۔''

نیز فرمایا:

﴿ولقد بعثنا فی کل امة رسولا ان اعبدوا اللہ وأجتنبوا الطاغوت فمنھم من ھدی اللہ ومنھم من حقت علیھم الضلالة فسیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبة المکذبین﴾ [النحل : ۲۴]

''اور ہر امت میں ہم نے ایک رسول بھیجا ہے کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے بچے رہو۔ پھر ان میں سے بعض کو اللہ نے ہدایت دیدی اور بعض گمراہی پر جمے رہے۔ سو زمین میں چل پھر کر دیکھ لو جھٹلانے والوں کا انجام کیا ہوا۔''

نیز فرمایا:

﴿وان من أمة إلاخلافیھا نذیر﴾ [فاطر : ۲۶]

''اور کوئی امت ایسی نہیں گزری جس میں کوئی متنبہ کرنے والا نہ آیا ہو۔''

انبیاء علیہ الصلاۃ والسلام انسانوں میں سے بہترین اور اللہ رب العزت والجلال کا انتخاب ہوتے ہیں۔

﴿وانھم عندنا لمن المصطفین الاخیار﴾ [ص۔ ۴۷]

''وہ ہمارے نزدیک چنے ہوئے بہترین لوگوں میں سے تھے۔''

اور اللہ تعالیٰ انہیں خصوصی ہدایت سے بہرہ مند فرماتا ہے۔

﴿اولئک الذین ھدی اللہ﴾ [الانعام : ۹۰]

''یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی۔''

اللہ تعالیٰ کی براہ راست دی ہوئی ہدایت کی بدولت یہ حضرات مکارم اخلاق اور محاسن وفضائل کا پیکر ہوتے ہیں، اور انہیں لوگوں کو راہ دکھانے پر مامور کر دیا جاتا ہے۔

﴿وجعلنا ھم ائمة یھدون بامرنا و اوحینا الیھم فعل الخیرات واقام الصلاة وایتاء الزکاة وکانوا الناعبدین﴾ [الانبیاء : ۷۳]

''اور ہم نے ان کو پیشوا بنادیا کہ ہمارے حکم سے ھدایت کرتے تھے۔ اور ہم نے ان کی طرف نیک کام کرنے اور نماز پڑھنے کا حکم بذریعہ وحی بھیجا۔ اور وہ ہماری عبادت کرتے تھے۔''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


نبوت ورسالت' اللہ تعالیٰ کا بنی نوع انسان پر بہت بڑا احسان ہے اور انبیاء علیہم السلام انسانیت کے سب سے بڑے محسن ہیں۔ بنی نوع انسان پر ان کے احسانات' اس مقدس گروہ کے فضائل ومناقب اور انسانی فکر وکردار پر ان کے عمیق ودرس اثرات کی تفصیل کے لئے دفتروں کے دفتر درکار ہیں۔ اور احاطہ ناممکن' مختصراً یوں کہا جاسکتا ہے کہ اس وقت عالم انسانیت میں جہاں جہاں کوئی اچھائی' فکر ونظریا سیرت وکردار میں کوئی روشنی اور برائی سے نفرت کے احساسات موجود ہیں وہ اسی مقدس و پاک نہاد جماعت انبیاء علیہم السلام کے پھیلائے ہوئے نور کی کرنیں ہیں۔ تاریخ کے مختلف ادوار میں' حکماء وفلاسفہ کے افکار میں اور مصلحین کی تحاریک میں اگر کوئی درست' مثبت اور انسانی معاشرہ کے لئے مفید حصہ پایا گیا تو وہ انبیاء علیہم الصلوٰت والتسلیمات کی تعلیمات سے ماخوذ ومستعار تھا۔ اور ہے ارشاد ربانی ہے:

﴿فلولا کان من القرون من قبلکم اولوا بقیة ینھون عن الفساد فی الارض الا قلیلا ممن انجینامنھم واتبع الذین ظلموا ما اترفوا فیہ وکانوا مجرمین﴾ [ھود : ۱۱۶]

''تو پھر تم سے پہلی امتوں میں انبیاء کی باقیماندہ تعلیمات کے حاملین میں سے ایسے لوگ کیوں نہ ہوئے جو زمین میں فساد کرنے سے منع کرتے مگر تھوڑے سے جنہیں ہم نے نجات دی۔ اور ظالم اسی راہ کی پیروی میں لگے رہے جس میں وہ آسودگی خیال کرتے تھے۔ اور وہ مجرم تھے۔''

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اس کی ھدایت کے سوا کوئی ھدایت نہیں اس نے انسانوں کی ہدایت کے لیے بہترین اور کامل ترین ذریعہ پسند فرمایا' اور سلسلہ نبوت ورسالت قائم کیا اور انہیں انسانوں تک پیغام ہدایت پہنچانے کے لئے جو ذریعہ اور طریقہ اختیار کرنے کا حکم دیا وہ بشارت اور نذارت یعنی الترغیب والترھیب ہے۔

بشارت وترغیب اللہ تعالیٰ کے احکام کی بجا آوری پر یعنی اوامر کی تعمیل اور نواہی سے اجتناب پر اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول اور انعام واکرام سے سرفرازی کی خوشخبری سنانے کا نام ہے اور نذارت وترھیب اللہ احکم الحاکمین کے اوامر کی تعمیل سے گریز اور انکار' اور نواہی کے ارتکاب کی جسارت کرنے پر اللہ ارحم الراحمین (کی رحمت سے محروم ہو کر اس کی) ناراضی اور اس کے ناقابل برداشت عذاب میں گرفتاری سے ڈرانے سے عبارت ہے۔

عالم بشریت کی تعمیر واصلاح کے لئے شافی وھادی مطلق' اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی مس خام کو کندن بنانے والا جو نسخہ کیمیا تجویز فرمایا ہے وہ انہیں دو اجزاء پر مشتمل ہے۔ اور یہ دونوں اجزاء ایک دوسرے کی تکمیل کرتے ہیں۔ اور دونوں ناگزیر ہیں۔ اور اگر کسی میں زندگی کی کوئی رمق باقی ہے تو اس کیلئے شفاء کامل کی ضمانت ہیں۔

﴿لینذر من کان حیا ویحق القول علی الکافرین﴾ [یس : ۷۰]

''تاکہ اس شخص کو جس میں زندگی ہے ڈرا کر راہ راست پر لے آئے اور کافروں پر بات پوری طرح لاگو ہو جائے۔''

گویا انسان کی روحانی زندگی کو بچانے کی یہ کامیاب ترین اور واحد تدبیر ہے۔ جس سے قلب وضمیر نور ایمان سے منور ہوتے ہیں اور معمورۂ حیات اعمال صالحہ کی تابانی سے روشن ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر یہ دوا بھی اثر نہ کرے تو یہ دلیل ہے کہ ایسا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


شخص دائرۂ انسانیت سے نکلا ہوا ہے اور محض آتش دوزخ کا ایندھن دے۔

چنانچہ ارشاد فرمایا:

﴿وما نرسل الرسلین المبشرین منذرین فمن امن واصلح فلا خوف علیھم ولاھم یحزنون والذین کذبوا بایاتنا یمسھم العذاب بما کانوا یفسقون﴾ [الانعام : ۴۸، ۴۹]

''اور ہم پیغمبروں کو صرف اس واسطے بھیجا کرتے ہیں کہ وہ بشارت دیں اور ڈرائیں پھر جو ایمان لے آئے اپنے اعمال کی درستی کرلے تو ان لوگوں پر کوئی اندیشہ نہیں اور نہ وہ مغموم ہوں گے اور جو لوگ ہماری آیتوں کو جھوٹا بتلائیں گے ان کو عذاب پہنچے گا اس لئے کہ وہ دائرہ (انسانیت) سے نکلنے والے ہیں۔''

اسی حقیقت کو دوسرے مقام پر یوں بیان فرمایا:

﴿وسیق الذین کفروا الی جھنم زمرا حتی اذاجاء وھافتحت ابوابھا وقال لھم خزنتھا الم یاتکم رسل منکم یتلون علیکم آیات ربکم وینذرونکم لقاء یومکم ھذا قالوا بلی ولکن حقت کلمة العذاب علی الکفرین﴾ [الزمر : ۷۲]

''اور کافروں کو گروہ گروہ بنا کر جہنم کی طرف لے جایا جائے گا۔ یہاں تک کہ جب وہ اس کے قریب پہنچ جائیں گے۔ تو اس کے دروازے کھول دیئے جائینگے۔ تو اس کے داروغے ان سے کہیں گے کیا تمہارے پاس تمہیں میں سے پیغمبر نہیں آئے تھے جو تم کو تمہارے پروردگار کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور اس دن کے پیش آنے سے ڈراتے تھے؟ کہیں گے کیوں نہیں لیکن کافروں کے حق میں عذاب کا حکم متحقق ہو چکا تھا'' یعنی ہمیں نے کفر کر کے خود کو عذاب الٰہی کا مستحق ثابت کر دیا۔

ہدایت بشریت اور انسان کی تعمیر سیرت کے لیے کامل وشافی نسخہ ترغیب وترھیب پر مشتمل ہے اور ان میں سے ہر ایک ناگزیر ہے۔ ان میں سے کسی ایک پر اکتفاء سے مطلوبہ نتائج برآمد نہیں ہو سکتے۔ بلکہ منفی اثرات رونما ہوتے ہیں۔

چنانچہ صرف فضائل بیان کر کے تبلیغ کرنے سے لوگوں میں اپنے اعمال تکیہ کا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ اور سوداگرانہ جمع تفریق اور ضرب وتقسیم سے حد سے زیادہ خوش فہمی بلکہ فخر وغرور پیدا ہو جاتا ہے۔ جو عبادت کی روح کے منافی ہے۔ جبکہ اللہ کی بارگاہ میں مقبولین کی توصفت ہی یہ ہے کہ

﴿والذین یوتون ما اٰتوا وقلوبھم وجلة انھم الی ربھم راجعون﴾ [المومنون : ۶۰]

''اور وہ جو عمل کر سکتے ہیں کرتے ہیں اور ان کے دل اس بات سے لرزاں ہی رہتے ہیں کہ انہوں نے اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔''

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے حضور سالتماب ﷺ سے حدیث بشارت سنی تو اجازت طلب کرتے ہوئے عرض کیا افلا بشر به الناس۔ کیا میں لوگوں تک یہ خوشخبری نہ پہنچا دوں تو ارشاد فرمایا لا اذا یتکلوا۔ ایسا نہ کرو۔ مبادا وہ تکیہ کر کے بیٹھ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



جائیں۔

اسی طرح صرف تخویف بھی انسانوں کو مایوسی میں گرفتار کر دیتی ہے۔ اور مایوسی کی حالت میں انسان مزید گناہ کرتا ہے جیسا کہ ننانوے آدمیوں کے قاتل کو جب ایک جاہل مفتی نے مایوس کیا اور بتایا کہ اس کے لیے توبہ کی گنجائش ہی نہیں ہے تو اس نے اس مفتی کو بھی قتل کر دیا۔ اس لئے ترغیب کے ساتھ ترھیب اور انداز کے ساتھ تبشیر لازمی ہے۔

الترغیب والترھیب کی بدولت انسان خلافت ارضی کی عظیم ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے اور امانت عظمیٰ کے نازک اور ناگزیر تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے ضروری حوصلہ پاتا ہے۔ اور شاہراہ حیات پر چلتے ہوئے شیطان اور شیطانی قوتوں کی ترغیبات وتحریصات کے جال سے بیک جنبش نکلتا ہے اور ان کی تخویفات کو بھی خاطر میں نہیں لاتا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں آنے والے جادوگر جب ایمان سے بہرہ مند ہوئے۔ اور اس کی بشاشت انکی روحوں میں سرایت کر چکی تو فرعون کی دھمکیاں ان کے پائے استقلال میں کوئی لغزش پیدا نہ کر سکیں۔ ان کی استقامت کا راز بھی اللہ تعالیٰ کی ترغیب وترھیب پر ایمان وایقان میں ہی مضمر ہے۔ چنانچہ جب فرعون نے انہیں دھمکی دی کہ

﴿فلا قطعن ایدیکم وارجلکم من خلاف ولأصلبنکم فی جذوع النخل وتعلمن اینا اشد عذابا وابقی﴾ [طه : ۷۱]

''میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے کٹوادوں گا۔ اور کھجوروں کے تنوں پر سولی چڑھوادوں گا۔ تب تمہیں معلوم ہوگا کہ ہم میں سے کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیر تک رہنے والا ہے۔''

تو اس لرزا دینے والی دھمکی کے جواب میں ایمان کے پیکروں نے کمال اطمینان سے کہا۔

﴿لن نو ثرك علی ماجاء نا من البینت والذی فطرنا فاقض ما انت قاض انما تقضی هذه الحیوة الدنیا انا أمنا بربنا لیغفرلنا خطینا وما اکرهتنا علیه من السحر والله خیر وابقی۔ انه من یات ربه مجرما فان له جهنم لایموت فیها ولا یحیی۔ ومن یاته مومنا قد عمل الصلحت فاولئك لهم الدرجات العلی جنت عدن تجری من تحتها الانهار خلدین فیها وذلك جزاء من تزکی﴾ [طه : ۷۲-۷۶]

''جو دلائل ہمارے پاس آچکے ہیں ان پر اور جس نے ہمیں پیدا کیا ہے اس پر تمہیں (اور تمہارے انعامات کی پیشکش کو) ترجیح نہیں دے سکتے۔ تو جو فیصلہ سنانا چاہے سنا دے تو صرف اس دنیوی زندگی کے بارے میں فیصلہ کر سکتا ہے اور ہم اپنے پروردگار! پر ایمان لا چکے تاکہ وہ ہماری خطائیں معاف فرمادے اور وہ بھی جو تم نے ہم سے زبردستی جادو کروایا اور اللہ ہی بہتر اور باقی رہنے والا ہے۔ بلاشبہ جو شخص اپنے پروردگار کے پاس گنہگار ہو کر آئے گا تو اس کے لئے جہنم ہے جس میں مرے گا اور نہ جئے گا۔ اور جو اس کے روبرو ایمان دار ہو کر آئے گا اور صالح عمل بھی کئے ہوں گے تو ایسے لوگوں کے لئے اونچے اونچے درجات ہیں۔ ہمیشہ رہنے کے باغات جن کے نیچے نہریں بہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


رہی ہیں۔ان میں ہمیشہ رہیں گے۔اور یہ اس شخص کا بدلہ ہے جو پاک ہوا۔"

## الترغیب والترھیب سے انسانوں پر حجت تمام ہوتی ہے

انسان کو دنیا کے امتحان میں کامیابی سے ہمکنار کرنے اور منزل مراد تک پہنچانے کے دو ذریعے ہیں۔ایک تو یہ کہ انسان اپنے مولیٰ کی محبت و تعظیم کرتے ہوئے اور اس کی خوشنودی کے ذرائع اور اس کے انعامات کے وصول کی شرائط پورا کرتا ہوا شاہراہ حیات پہ گامزن رہے۔اور اپنی اس کوشش پر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے انعام پائے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

﴿ومن اراد الاخرة وسعی لها سعیها وهو مومن فاولئک کان سعیهم مشکورا﴾ [الاسراء : ۱۹]

"اور جو شخص آخرت کا خواستگار ہو اور اس کے لائق کوشش کرے اور وہ مومن بھی ہو تو ایسے ہی لوگوں کی کوشش ٹھکانے لگتی ہے۔"

چنانچہ حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ کے متعلق مروی ہے کہ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے بارے میں فرمایا نعم العبد صهیب لولم یخف الله لم یعص ۔صہیب بہت خوب اور اللہ تعالیٰ کا کمال بندہ ہے کہ اگر اسے اللہ کا خوف نہ بھی ہوتا تو یہ کبھی اس کی نافرمانی نہ کرتا۔

دوسرا یہ کہ اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہونے کا خوف اس کی ناراضی اور اس کی سزا کا ڈر راہ راست سے بھٹکنے سے بچائے رکھتا ہے۔اور یہ بھی منزل پالیتا ہے۔ارشاد فرمایا:

﴿واما من خاف مقام ربه ونهی النفس عن الهوی فان الجنة هی الماوی﴾ [النازعات ۴۰. ۴۱]

"اور جو اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا اور نفس کو خواہشات کی پیروی سے روکا اس کا ٹھکانہ تو جنت ہی ہے۔"

اور اگر کبھی لغزش ہو بھی جائے تو پکڑ کر لائے جانے سے پہلے ہی مالک کے حضور پیش ہو کر عفو و درگزر کا طالب ہوتا ہے اور اس کے دامان بخشش و رحمت میں پناہ لیتا ہے۔ارشاد فرمایا:

﴿الامن ظلم ثم بدل حسنا بعد سوء فانی غفور رحیم﴾ [النمل : ۱۱]

"ہاں جس نے ظلم کیا پھر برائی کے بعد اسے نیکی سے بدل دیا تو میں بخشنے والا مہربان ہوں۔"

لیکن جن لوگوں کو اپنے مالک کی کچھ پروا ہے نہ اسے راضی کرنے کا شوق اور اس کے حضور سرخرو ہونے اور انعام پانے کی رغبت' اور نہ اس کی ناراضی کی فکر ہے اور نہ اس کی سزا کا کوئی خوف تو ایسے لوگوں پر حجت تمام ہوتی اور کوئی عذر باقی نہیں رہا' ارشاد فرمایا:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



﴿رسلا مبشرین ومنذرین لئلایکون للناس علی الله حجة بعد الرسل وکان الله عزیزا حکیما﴾ [النساء : ۱٦۵]

''ہم نے بہت سے رسول بھیجے کہ لوگوں کو فرماں برداری پر بشارت سنائیں اور نافرمانی پر عذاب الٰہی سے ڈرائیں یہ اس لئے کہ لوگوں کے پاس اللہ پر کوئی حجت اور کوئی عذر باقی نہ رہے اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔''

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر اس طرح حجت تمام کر دی اور ان کا ہر عذر ختم کر دیا کہ وہ یہ نہیں کہہ سکیں گے کہ انہیں خبردار کرنے اور صحیح راستہ بنانے کا کوئی اہتمام نہیں کیا گیا۔ چنانچہ ان کی طرف رسول بھیجے گئے۔ جنہوں نے ان لوگوں کو خبردار کرنے کیلئے ہر انداز اختیار کیا۔ انہیں ترغیب بھی دی اور ترھیب بھی کی۔ لیکن یہ کسی طور نہیں مانے تو اب ان کے پاس کرنے کو کوئی بات نہیں رہ گئی۔

﴿یمعشرالجن والانس الم یاتکم رسل منکم یقصون علیکم ایتی وینذرونکم لقاء یومکم ھذا قالو شھدنا علی انفسنا وغرتھم الحیوۃ الدنیا وشھدوا علی انفسھم انھم کانوا کفرین ذلک ان لم یکن ربک مھلک القری بظلم واھلھا غفلون﴾ [الانعام : ۱۳۰. ۱۳۱]

''(اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا) اے گروہ جن وانس کیا تمہارے پاس خود تم ہی میں سے وہ پیغمبر نہیں آتے تھے جو تم کو میری آیات سناتے اور اس دن کے انجام سے ڈراتے تھے وہ کہیں گے ہاں۔ ہم اپنے خلاف خود گواہی دیتے ہیں۔ آج دنیا کی زندگی نے ان لوگوں کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے۔ مگر اس وقت وہ خود اپنے خلاف گواہی دیں گے کہ وہ قبول حق سے انکار کر کے کافر ہوئے۔ یہ شہادت ان سے اس لئے لی جائے گی کہ واضح ہو جائے' کہ تمہارا پروردگار بستیوں کو ظلم کے ساتھ ھلاک کرنے والا نہ تھا جبکہ ان کے باشندے بے خبر ہوں۔''

اور ایسے افراد کو کہ جنہیں بشارت وترغیب راہ راست پر لا سکے اور نہ نذارت وترھیب تو قرآن حکیم انہیں فاسق یعنی حد انسانیت سے نکل جانے والے' مجرم اور سب سے بڑے ظالم قرار دیتا ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا:

﴿وما نرسل الرسلین الامبشرین ومنذرین فمن امن واصلح فلا خوف علیم ولا ھم یحزنون والذین کذبوا بایاتنا یمسھم العذاب بما کانوا یفسقون﴾ [الانعام : ۴۸. ۴۹]

''اور ہم پیغمبروں کو اس لئے مبعوث کرتے ہیں کہ وہ خوشخبری سنائیں اور ڈرائیں' پھر جو ایمان لے آئے اور اپنے اعمال کی اصلاح کر لے تو ان لوگوں کو کوئی غم ہوگا نہ اندیشہ اور جو لوگ ہماری آیات کو جھوٹا بتلائیں گے تو ان کو عذاب پہنچے گا اس لئے کہ وہ دائرہ انسانیت سے نکلنے والے ہیں۔''

ان لوگوں کی حالت یہ بتلاتی ہے کہ وہ ضد اور عناد میں اس مقام کو پہنچ چکے ہیں جہاں ترغیب اثر انداز ہوتی ہے نہ ترھیب کارگر ہوتی ہے اور دلوں پر ایسے قفل پڑ جاتے ہیں جو قبول حق تو ایک طرف فہم حق کی صلاحیت سے بھی محروم کر دیتے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ہیں۔ چنانچہ فرمایا:

﴿وما نرسل المرسلین الا مبشرین و منذرین ویجادل الذین کفرو بالباطل لید حضوا به الحق واتخذوا ایتی وما انذروا هزوا ومن اظلم ممن ذکر بایات ربه فاعرض عنها ونسی ما قدمت یداه انا جعلنا علیٰ قلوبهم اکنة ان یفقهوه وفی اذانهم وقرا. وان تدعهم الی الهدی فلن یهتدوا اذا أبدا﴾ [الکهف : ۵۷.۵٦]

''اور ہم پیغمبروں کو بشارت سنانے اور ڈرانے والے بنا کر ہی مبعوث کرتے ہیں۔ جبکہ کافر باطل کے ساتھ حق کو پھسلانے کیلئے کوشاں ہیں اور اسی لئے جھگڑا کرتے ہیں۔ اور انہوں نے ہماری آیات کو اور جس چیز سے انہیں ڈرایا جاتا ہے ہنسی بنالیا ہے۔ اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جس کو اس کے پروردگار کی آیات کے ذریعہ سمجھایا جائے تو وہ ان سے منہ پھیرے۔ اور ان اعمال کو جو وہ آگے بھیج چکا بھول جائے۔ ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں۔ کہ اسے سمجھ نہ سکیں اور کانوں میں بوجھ پیدا کر دیا ہے کہ وہ سن بھی نہ سکیں۔ اور اگر تم ان کو رستے کی طرف بلاؤ بھی تو وہ کبھی بھی اس کی طرف آنے کے نہیں۔''

نیز فرمایا:

﴿ومن اظلم ممن ذکر بایات ربه ثم اعرض عنها انا من المجرمین منتقمون﴾[الم سجده : ۲۲]

''اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہے جس کو اس کے پروردگار کی آیات کے ذریعہ نصیحت کی جائے اور وہ پھر بھی ان سے منہ پھیر لے۔ ہم ایسے مجرموں سے (اپنی آیات کی اہانت کا) انتقام لیں گے۔''

## الترغیب والترھیب سے ہی انسان کے مقصد تخلیق یعنی عبادت وعبودیت کی تکمیل ہوتی ہے

اللہ تعالیٰ کے کامل بندے جو مقام عبوریت کی رفعتوں سے آشنا ہوتے ہیں وہی ہیں جو محبت وتعظیم اور انتہائی تذلل کے پہلو بہ پہلو امید وبیم' خوف ورجاء اور رغبت ورھبت کے ساتھ عبادت بجالاتے ہیں۔ اور ان میں یہ تمام اوصاف بیک وقت مجتمع ہوتے ہیں۔ چنانچہ ارشاد فرمایا:

﴿انما یومن بایاتنا الذین اذا ذکروا بهاخروا سجدا وسبحوا بحمد ربهم وهم لا یستکبرون تتجافی جنوبهم عن المضاجع یدعون ربهم خوفا و طمعا و مما رزقناهم ینفقون ﴾ [الم سجده : ۱۵ . ۱٦]

''ہماری آیتوں پر ایمان لانے والے تو وہی ہیں کہ جب ان کو ان کے ذریعہ نصیحت کی جاتی ہے تو سجدے میں گر پڑتے ہیں اور پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں۔ اور غرور نہیں کرتے ان کے پہلو بستروں سے الگ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رہتے ہیں اور وہ اپنے پروردگار کو خوف اور امید کے ساتھ پکارتے ہیں اور جو مال ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے رہتے ہیں۔"

اور جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے ہاں اس قدر مقام حاصل تھا کہ کچھ لوگوں نے ان کو الوہیت میں شریک باور کرنا شروع کر دیا اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں بھی بیان فرمایا۔

﴿اولئک الذین یدعون یبتغون الی ربھم الوسیلة أیھم اقرب ویرجون رحمته ویخافون عذابه ان عذاب ربک کان محذورا﴾ [الاسراء : ۵۷]

"وہ جنہیں پکارتے ہیں وہ خود اپنے رب کی طرف وسیلہ کی تلاش میں ہیں کہ کون ان میں اس کا زیادہ مقرب ہے اور اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اسکے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بے شک تیرے رب کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے۔"

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے جن حضرات کو مقام نبوت ورسالت پر سرفراز فرمایا اور ان کو بارگاہ میں مقبول ہونے کی سند عطا فرمائی اور ان کی عبدیت کو مثالی قرار دے کر باقی انسانوں کے لئے نمونہ قرار دیا۔ اور فرمایا

﴿وجعلناھم ائمه یھدون بامرنا واوحینا الیھم فعل الخیرات وإقام الصلاة وایتاء الزکاة وکانوا لنا عبدین﴾ [الانبیاء : ۷۳]

"اور ہم نے انہیں امام اور مقتدیٰ بنایا۔ کہ ہمارے حکم کے مطابق رہنمائی کرتے تھے اور ہم نے ان کی طرف نیکیاں کرنے اور نماز قائم رکھنے اور زکاۃ دینے کی وحی بھیجی۔ اور وہ ہمارے (کامل) بندے تھے۔"

ان کامل اور گرامی مرتبت ہستیوں کے بارے میں بھی یہ ارشاد فرمایا:

﴿انھم کانوا یسارعون فی الخیرات ویدعوننا رغبا و رھبا وکانوا لناخشین﴾ [الانبیاء : ۹۰]

"یہ بندے لپک لپک کر نیکیاں کرتے اور ہمیں امید اور خوف کے ساتھ پکارتے اور ہمارے آگے عاجزی کیا کرتے تھے۔"

عبودیت میں یہ کمال اور بارگاہ صمدیت میں یہ عالی مقام اور مثالی مقبولیت اللہ تعالیٰ کی ترغیب وترھیب پر ایمان ویقین کے ذریعہ ہی حاصل ہوسکتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

﴿جعلنا منھم ائمه یعدونَ بامرنا لما صَبَرُوا وکانوا بایاتنا یوقنون﴾ [الم اسجدہ : ۲۴]

"اور ہم نے ان میں سے پیشوا بنائے جو ہی لے حکم سے دورایت کرتے تھے۔ جب انہوں نے صبر کیا اور ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے۔"

کتاب اللہ کی محکم آیات اور ان کی تصریحات سے یہ بھی واضح طور پر معلوم ہوا کہ بعض مدعیان معرفت وسلوک کا یہ قول کہ "کاملین کی عبادت عذاب کے خوف اور انعام کی طمع کی "آلودگی" سے پاک ہوتی ہے اور ان کے اعمال "خالصة لوجہ اللہ"

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ہوتے ہیں۔''اور ذات باری کے سوا ان کوئی اور مقصود نہیں ہوتا معرفت حقیقت اور تعلیم شریعت دونوں سے کوئی مطابقت نہیں رکھتا۔ نعرہ لامقصود الاھو سے مطلب یہ ہوتا ہے اعمال صالحہ بجالاتے ہوئے جنت کی رغبت اور ممنوعات سے اجتناب کرتے ہوئے جہنم سے نجات کا تصور اخلاص کے منافی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے ہاں سے اجر وثواب کے حصول کی نیت سے عبادت پر تجارت کی پھبتی کسی جاتی ہے اور عذاب سے بچنے کے لئے اطاعت کو غلام ذہنیت کا عکاس قرار دیا جاتا ہے۔ اور اللہ کی اللہ کے کیلئے عبادت کو عبادۃ ''الاحرار'' کہا جاتا ہے۔

ارباب تصوف کی اس قسم کی شطحات نظریہ وحدۃ الوجوہ کی طرح برائے شعر گفتن تو خوب ہیں جیسا کہ کسی نے کہا ہے کہ

طاعت میں تا رہے نہ ئے و نگبیں کی لاگ
دوزخ میں ڈال ور کوئی لا کر بہشت کو

لیکن بظاہر خوب لگنے والی یہ بات حقیقت اور امر واقع سے کوئی تعلق نہیں رکھتی۔ بلکہ جس قدر غور کیا جائے اس خیال کی خامی اور اس بات کا پودا بن واضح تر ہوتا چلا جاتا ہے۔ چنانچہ اس حقیقت کو ہمیشہ مد نظر رکھنا چاہیے کہ

کامل وہ نہیں ہوتے جو اپنے تئیں کامل باور کرتے پھریں

وکل یدعی وصلا بلیلٰی ولیلی لا تقرھم بذا کا

ہر ایک لیلیٰ سے واصل ہونے کا دعویدار ہے۔ تاہم لیلیٰ کو اس سے انکار ہے۔

حقیقی کامل اور عارف باللہ تو انبیاء ومرسلین ہیں۔ جنہیں اللہ تعالیٰ اپنے منتخب بندے قرار دیتا ہے اور انہیں وحی ورسالت سے سرفراز کر کے عام انسانوں کی ہدایت وارشاد پر مامور فرماتا ہے۔ اور نعم العبد کہہ کر معراج انسانیت وکمال بشریت کا معیار قرار دیتا ہے۔

وہ خود بھی ''**خوفا دطمعا**'' اور رغبا ور ھبا عبادت کرتے تھے۔ جیسا کہ بہت سی نصوص قرآن ذکر کی جا چکی ہیں۔ مزید برآں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کہ جد الانبیاء امام الموحدین اور خلیل الرحمٰن ہیں۔ اپنے مخاطبین سے اللہ رب العالمین کا تعارف کراتے ہوئے کہتے ہیں:

﴿**والذی اطمع ان یغفرلی خطیئتی یوم الدین**﴾ [الشعراء : ۸۲]

''اور وہ جس سے میں امید رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن میرے گناہ بخشے گا۔''

اور پھر ان کی یہ دعا بھی قرآن حکیم نے ذکر کی ہے۔

﴿**واجعلنی من ورثة جنة النعیم**﴾ [الشعراء : ۸۵]

''اور مجھے نعمتوں بھری جنت کے وارثوں میں سے بنا۔''

بہت سی برگزیدہ ہستیاں جن کو لوگوں نے اللہ کے سوا معبود باور کر لیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں خبر دی ہے کہ وہ خود اللہ تعالیٰ کے ہاں تقرب کے متلاشی ہیں۔ اس کی رحمت کے خواہاں اور اس کے عذاب سے ترساں رہتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



﴿قل ادعوا الذین زعمتم من دونه فلا یملکون کشف الضر عنکم ولا تحویلا. اولئک الذین یدعون یبتغون الی ربھم الوسیلة ایھم اقرب ویرجون رحمته ویخافون عذابه ان عذاب ربک کان محذورا﴾ [الاسراء : ۵۶، ۵۷]

''کہو کہ اے مشرکو جن لوگوں کی نسبت تمہیں معبود ہونے کا گمان ہے ان کو بلا دیکھو۔ وہ تم سے تکلیف کے دور کرنے یا اس کو بدل دینے کا کچھ اختیار نہیں رکھتے۔ یہ لوگ جن کو اللہ کے سوا پکارتے ہیں اپنے رب کے ہاں ذریعہ تقرب کے خواہاں ہیں کہ ان میں سے کون اس کے قریب تر ہوتا ہے اس کی رحمت کے امیدوار اور اس کے عذاب سے خائف رہتے ہیں۔ بلاشبہ تمہارے پروردگار کا عذاب ہے بھی ڈرنے کی چیز۔''

اللہ تعالیٰ اپنا تعارف اپنے بندوں سے اس طرح کروایا ہے۔

﴿نبیٔ عبادی انی انا الغفور الرحیم وان عذابی ھو العذاب الیم﴾ [الحجر : ۴۹، ۵۰]

''اے پیغمبر میرے بندوں کو بتا دو کہ میں بڑا بخشنے والا مہربان ہوں اور میرا عذاب بھی درد دینے والا عذاب ہے۔''

نیز فرمایا:

﴿حم . تنزیل الکتاب من اللہ العزیز الحکیم غافر الذنب وقابل التوب شدید العقاب ذی الطول﴾ [غافر : ۲؛ ۳]

''حم اس کتاب کا اتارا جانا اللہ غالب و دانا کی طرف سے ہے۔ جو گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا ہے سخت عذاب دینے والا' صاحب کرم ہے۔''

اب یہ کیسی معرفت الٰہی ہے کہ اس کی صفات 'رحمت' غفاری' اس کے جود و کرم کی اس کی عنایت کی امید کی بجائے بے پرواہ ہے اس کی قہاری و جبروت پر یقین کی حد تک ایمان کی بجائے اس سے غافل ہو۔

اور یہ سلوک کی کونسی منزل ہے کہ اس کی رحمت کی امید ہو نہ اس کے عذاب کا خوف۔ اس کی بخشش کی رغبت ہو نہ اس کے کرم سے مستفید ہونے کی تمنا اور نہ اس کے عذاب سے خشیت بلکہ ان امور پر ایمان لانے اور ان کے مطابق اپنے سلوک و عمل کو ڈھالنے اور ان حقائق کو مدنظر رکھنے کی بجائے ان سے لاتعلق ہو۔

ایسا کسی شاعر کے تخیل میں تو ہو سکتا حقیقت کی دنیا میں ایسے عارف و سالک کا وجود ناممکن ہے۔ خوف و طمع' رغبت و رھبت سے انسان کا تعلق باللہ افزائش پاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اپنی کتابوں اور اپنے مبعوث کردہ سچے رسولوں کے ذریعہ اپنی حقیقی معرفت عطا فرماتا ہے۔ انہیں اپنی رحمت کی امید دلاتا ہے۔ اپنے بندوں کے لئے تیار کی گئی جنت اور اس کی نعمتوں کی رغبت دلاتا ہے۔ اسی طرح اپنی نافرمانی کے نتیجہ میں دی جانے والی سزائیں بتلاتا ہے اور اور اپنے بندوں کو ان سے ڈراتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کے وعد و وعید پر یقین عبادت کے اخلاص میں مدومعاون ہوتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



**﴿قل یعبادی الذین اٰمنوا اتقوا ربکم للذین احسنوا فی هذه الدنیا حسنة وارض الله واسعة. انما یوفی الصبرون اجرهم بغیر حساب. قل انی امرت ان اعبد الله مخلصاله الدین وامرت لأن اکون اول المسلمین قل انی اخاف ان عصیت ربی عذاب یوم عظیم. قل الله اعبد مخلصاله دینی﴾ (الزمر : ۱۰ . ۱۴)**

''اے نبی میرا پیغام ہدایت پہنچانے کے لیے کہہ دو کہ اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو اپنے پروردگار سے ڈرو' جنہوں نے اس دنیا میں نیکی کی ان کے لئے بھلائی ہے۔ اور اللہ کی زمین کشادہ ہے' جو صبر کرنے والے ہیں ان کو بے شمار ثواب ملے گا۔ کہہ دو مجھ سے ارشاد ہوا ہے کہ عبادت کو اللہ کے خالص کرتے ہوئے اس کی بندگی کروں۔ اور مجھے یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے اول مسلمان بنوں۔ کہہ دو کہ اگر میں اپنے پروردگار کا حکم نہ مانوں تو مجھے بڑے دن کے عذاب سے ڈر لگتا ہے۔ کہہ دو کہ میں اپنے دین کو اللہ کے لئے خالص کرتے ہوئے اس کی عبادت بجالاتا ہوں۔''

وعدو وعید پر ایمان سے اخلاص کی تکمیل ہوتی ہے اسی لئے انسانیت کے محسن معلمین نے اللہ کے حکم سے ترغیب و ترھیب کا انداز ہ اختیار کیا۔

قرآن حکیم پہلی تمام کتابون کا لب لباب اوران پر حکم ہے۔ تو حضور ختمی مرتبت صلوات اللہ علیہ وافضل التسلیمات پر تمام کمالات نبوت کمال کو پہنچے۔

حسن یوسف دم عیسی ید بیضاداری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

علم وحکمت کی طرح آپ ﷺ کو بشارت ونذارت میں بھی تمام انبیاء ومرسلین میں ممتاز ترین مقام حاصل ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

**﴿یا ایها النبی انا ارسلناک شاهدا ومبشرا ونذیرا وداعیا الی الله باذنه وسراجا منیرا﴾ [الاحزاب : ۴۵ : ۴۶]**

''اے پیغمبر ہم نے تم کو گواہی دینے والا اور خوش خبر سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور اللہ کی طرف بلانے والا اور روشن چراغ۔''

اور حضور ختمی مرتبت ﷺ کامل ترین نذیر ہیں۔ اور رہتی دنیا تک کے انسانوں پر اللہ تعالیٰ کی حجت ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ **یا اهل الکتاب قدجاء کم رسولنا یبین لکم علی فترة من الرسل**

**ان تقولوا ماجاءنا من بشیر ولا نذیر**

**فقد جاء کم بشیر و نذیر**

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(واللہ علی کل شیٔ قدیر المائدہ: ۱۹)

''اے اہل کتاب بالیقین ہمارا رسول تمہارے پاس رسولوں کی آمد میں ایک وقفہ کے بعد آ پہنچا ہے جو تمہارے لیے صاف صاف بیان کر رہا ہے تا کہ تم یہ نہ کہہ سکو کہ ہمارے پاس بھلائی پر خوشخبری دینے والا اور برائی پر ڈرانے والا آیا ہی نہیں۔ پس اب یقیناً تمہارے پاس خوشخبری سنانے والا اور آگاہ کرنے والا آ پہنچا ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔)

قرآن بھی بشیر ونذیر ہے۔ ارشاد فرمایا:

﴿حم تنزیل من الرحمن الرحیم . کتب فصلت آیاته قرآنا عربیا لقوم یعملون. بشیر و نذیرا فاعرض اکثرهم فهم لا یسمعون﴾ [فصلت : ۱.۴]

''یہ کتاب رحمان ورحیم کی طرف سے اتاری گئی ہے۔ ایسی کتاب جس کی آیات واضح المعانی ہیں یعنی قرآن عربی ان لوگوں کے لئے جو علم رکھتے ہیں۔ جو بشارت بھی سناتا ہے اور خوف بھی دلاتا ہے۔ لیکن ان میں سے اکثر نے منہ موڑ لیا ہے۔ اور وہ سنتے ہی نہیں ہیں۔''

اور اسے لے کر جن وانس کی طرف مبعوث ہونے والے حضرت محمد ﷺ بھی بشیر ونذیر ہیں۔ آپ ﷺ کی بشارت و نذارت یعنی ترغیب وترھیب قرآن کی ترغیب وترھیب کی تفصیل ہی ہے۔ اور اسی حکمت نے تحت قرآن حکیم آپ ﷺ کے قلب اطہر پر نازل کیا گیا۔ ارشاد فرمایا:

﴿وانزلنا الیک الذکر لتبین للناس مانزل الیهم ولعلهم یتفکرون﴾ [النحل : ۴۴]

''قرآن حکیم ذکر (یاددہانی) ہے تو حضور ختمی مرتبت مذکر (یاددہانی کرانے والے) ہیں۔''

نیز فرمایا: فانما یسرناہ بلسنك لتبشر به المتقین و تنذر به قوما لدا (مریم) اور ہم نے اس قرآن کو تمہاری زبان میں بہت ہی آسان کر دیا ہے کہ تو اس کے ذریعہ سے پرہیزگاروں کو خوشخبری سنائے اور جھگڑالو لوگوں کو ڈرائے۔

قرآن وسنت کا اعجاز وامتیاز یہ ہے کہ پہلی کتابوں اور انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات کی طرح رفتہ رفتہ تغیر وتبدیل کا شکار نہیں ہوئے بلکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں مکمل طور پر محفوظ رکھنے کی ضمانت دی۔

﴿انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحفظون﴾ [الحجر : ۹]

''بے شک یہ سامان نصیحت ہمیں نے اتارا ہے اور ہمیں اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔''

امت محمدیہ علی سیدھا الصلوٰۃ والسلام کا اعزاز وامتیاز یہ ہے کہ حفاظت قرآن وسنت کے تکوینی فیصلے کی تکمیل وتعمیل اس کے علماء محدثین کے ہاتھوں ہوئی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



گروہ ایک جو یا تھا علم نبیؐ کا
لگا یا پتا جس نے ہر مفتری کا
نہ چھوڑا کوئی رخنہ کذب خفی کا
کیا قافیہ تنگ ھر مدعی کا
کئے جرح و تعلیل کے وضع قانون
نہ چلنے دیا کوئی باطل کا افسوں
اسی دھن میں آسان کیا ہر سفر کو
اسی شوق میں طے کیا بحر و بر کو
سنا خازن علم دین جس بشر کو
لیا اس سے جا کر خبر اور اثر کو
آپ اس کو پرکھا کسوٹی پہ رکھ کر
دیا اور کو خود مزہ اس کا چکھ کر

ان کی یہ مبارک ومسعود مساعی جوامع' مسانید مصنفات' موطات' سنن' معاجم اور اجزاء کی شکل میں **بحمدللہ و توفیقہ**' رہتی دنیا تک امت مسلمہ کے لیے سرمایۂ ایمان اور سرچشمۂ ایقان ہیں علم وحکمت کے ان وسیع سمندروں سے علماء سلف وخلف نے گوہر لئے اور مختلف موضوعات پر مجموعہ ہائے حدیث ترتیب دیئے۔

کسی نے احادیث احکام منتخب کیں۔ تو کسی نے عمل الیوم واللیلۃ ترتیب دیا۔ بہت سے علماء نے الزھد والرقائق کے عنوان سے احادیث جمع کیں۔ تو کسی نے ''اذکار'' کا گلدستہ تیار کیا۔ یہ ایک طویل سلک مروارید ہے اور اسی سلک میں منسلک ایک نمایاں نام ''**الترغیب والترھیب**'' ہے۔

اس عنوان سے جو کتابیں تالیف کی گئیں ان میں حضور ختمی مرتبت ﷺ کے فرامین حکمت مضامین میں سے ان احادیث مبارکہ کو یکجا کیا گیا ہے جو بشارت ونذارت یعنی الترغیب والرھیب پر مشتمل ہیں جن میں اللہ تعالیٰ اور مرشد انسانیت حضرت محمد ﷺ کے احکامات کی بجا آوری اور ان کے منع کردہ امور سے اجتناب کی ترغیب دلائی گئی ہے۔ اور اس اجر وثواب کا تذکرہ ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے فرماں بردار بندوں سے وعدہ فرمایا ہے۔ نیز فرائض کی بجا آوری میں کوتاہی احکام کی مخالفت اور ممنوعہ امور کے ارتکاب کی جرات کرنے پر انجام بد سے ڈرایا گیا ہے۔

''الترغیب والترھیب'' کے عنوان سے قدیم ترین کتاب امام ومحدث کبیر حافظ حمید بن زنجویہ رحمہ اللہ کی ہے جو امام ابوداؤد اور امام نسائی کے شیوخ میں سے ہیں ۲۵۱ھ میں وفات پائی۔ انکے بعد مشہور امام واعظ حافظ ابوحفص عمر بن احمد بن شاہین رحمہ اللہ (متوفی ۳۸۵ھ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


ان کے بعد اپنے وقت کے امام الائمہ نے اور استاذ العلماء حافظ ابوالقاسم اسماعیل بن محمد بن الفضل القرشی الاصبہانی رحمہ اللہ (متوفی ۵۳۵ھ) نے اور ان کے بعد انکے حلقۂ درس کے خوشہ چین ممتاز محدث حافظ ابوموسیٰ محمد بن ابی بکر المدینی رحمہ اللہ (متوفی ۵۸۱ھ) نے بھی اسی عنوان اور نام سے کتب تالیف کیں۔

تاہم الترغیب والترھیب کے عنوان سے تالیف کی گئی کتب میں جو شہرت اور پذیرائی ساتویں صدی ہجری کے مصری عالم و محدث ابومحمد عبدالعظیم بن عبدالقوی المنذری کی تصنیف لطیف کو ملی وہ انہی کا حصہ ہے۔ یہ عظیم کتاب اپنی جامعیت' حسن ترتیب' عناوین کے تنوع اور ان کی مناسبت سے احادیث کے تقریباً مکمل استقصاء کی وجہ سے ایک دائرۃ العارف ہے۔ اور کوئی واعظ' خطیب اور مدرس اس سے مستغنی نہیں ہوسکتا۔

خاتمۃ الحفاظ حافظ ابن حجر العسقلانی وسعت علم اور دقت نظر کے سبب تلخیص میں خاص ملکہ رکھتے ہیں۔ تہذیب التہذیب کی تلخیص تقریب التہذیب اور احادیث احکام کا مجموعہ بلوغ المرام اور مصطلح الحدیث میں نخبۃ الفکر انکی شاہکار مولفات ہیں۔ جن پر کوزہ میں دریا بند کرنے کا محاورہ صادق آتا ہے۔ انہیں نے حافظ منذریؒ کی الترغیب والترھیب کی چار ضخیم جلدوں کا خلاصہ ایک درمیانے درجے کی جلد میں کر دیا۔ اور اس طرح کیا کہ جامعیت میں کمی نہیں آنے دی۔ زیر نظر کتاب اسی مختصر کا اردو ترجمہ ہے۔ جو ہمارے محترم دوست جناب محمد خالد سیف حفظہ اللہ کے قلم سے ہے۔

فاضل مترجم نے جس نسخے کا انتخاب فرمایا اس کے محقق ایک مکتب فکر میں محدث کبیر اور محقق شہیر کے لقب سے ملقب ہیں۔ تاہم ان کی جملہ تحقیقات کی طرح اس کتاب کی تحقیق میں بعض ایسی خامیاں تھیں کہ انہوں نے مترجم کو پریشان وغلطاں کر دیا۔

ناشرین کے اصرار پر راقم الحروف نے نظر ثانی کا بیڑا اٹھایا۔ متن کی اغلاط اصول سے مقابلہ کر کے درست کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ واللہ الموفق للصواب۔

ترجمہ کی بعض مقامات پر تصحیح اور کچھ مقامات پر تحسین کی ضرورت محسوس کی۔

حافظ منذری رحمہ اللہ کے پیش نظر الترغیب والترھیب کے موضوع پر ایک جامع کتاب تالیف کرنا تھا۔ اس لئے انہوں نے صرف صحیح پر اقتصار نہیں کیا۔ بلکہ بہت سی ضعیف احادیث بھی ذکر کی ہیں۔ ان کے ضعف کی طرف اشارہ بھی کیا ہے۔ لیکن وہ خود فرماتے ہیں کہ ''میں نے بہت سی علل (اسباب ضعف) کا ذکر کرنے سے گریز کیا ہے تاکہ کتاب مختصر رہے اور لوگوں کی اکتاہٹ کا موجب نہ ہو اور...... اس لئے بھی کہ علماء متقدمین رضی اللہ عنہم ترغیب وترھیب کے ابواب میں تساھل روا رکھتے تھے۔ حتیٰ کہ بعض نے تو موضوع احادیث بھی ذکر کر دی ہیں اور ان کا حال بھی بیان نہیں کیا۔''

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے الترغیب والترھیب کا اختصار کیا لیکن حدیث ضعیف سے متعلق ان کا موقف بھی حافظ منذری سے ملتا جلتا ہے۔ بلکہ ان کا تو خیال ہے کہ جو حدیث ''عام ضابطے کے خلاف نہ ہو روایت کی جاسکتی ہے۔'' اس لئے ان کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

تالیف لطیف مختصر الترغیب والترھیب بھی ضعیف احادیث سے معریٰ نہیں رہ سکی۔

عام قارئین کی سہولت کے لئے مراجعت کرتے وقت محدث عصر حاضر شیخ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ کی تعلیقات کی روشنی میں احادیث کی صحت اور ضعف کی طرف اشارہ کر دیا گیا ہے۔ موطا امام مالک اور صحیحین میں روایت شدہ احادیث میں اس کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔

ترغیب وترھیب اور فضائل اعمال میں ضعیف احادیث کے بیان کے جواز اور عدم جواز کے متعلق شیخ الاسلام ابوالعباس احمد بن عبدالحلیم ابن تیمیہ کی ایک مختصر لیکن بصیرت افروز تحریر بھی ان صفحات میں شامل کر دی گئی ہے اس کا مطالعہ بہت مفید ہو گا۔ ان شاء اللہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اصل کتاب کی طرح اس اختصار اور اس کے ترجمہ کو بھی قبولیت سے نوازے اور عامۃ المسلمین کے لئے اسے مفید بنائے۔

اور مسلمانوں کو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کے جادہ مستقیم کی طرف رجوع کی توفیق عطا فرمائے۔ کہ اسی میں سب کی نجات ہے۔

﴿ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنة وفی الاخرة حسنة وقنا عذاب النار ربنا اننا سمعنا منادیا ینادی للایمان ان اٰمنوا بربکم فاٰمنا ربنا واغفرلنا ذنوبنا وکفرعنا سیاٰتنا وتوفنامع الابرار﴾
ربنا واٰتنا ما وعدتنا علی رسلک ولا تخزنا یوم القیمة انک لا تخلف المیعاد
وصلی اللہ علی نبینا محمد اٰله و صحبه اجمعین

خادم العلم والعلماء
حافظ عبدالحمید ازہر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# ترغیب وترھیب اور فضائل اعمال میں ضعیف احادیث کا حکم

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ ترجمہ حافظ عبدالحمید ازھر

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کا قول ہے کہ حرام وحلال کا معاملہ ہوتو ہم سندوں میں سختی سے کام لیتے ہیں اور جب ترغیب و ترھیب کی بات ہوتو ہم اسانید میں تساھل برتتے ہیں۔ اسی طرح علماء کا جو طریق کار ہے کہ فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پرعمل کر لیتے ہیں۔

تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے ایسی حدیث جو حجت اور دلیل نہیں بن سکتی اس سے استحباب ثابت ہوسکتا ہے (اس لیے کہ استحباب شرعی حکم ہے لہٰذا شرعی دلیل کے بغیر ثابت نہیں ہوسکتا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے بارے میں شرعی دلیل) کے بغیر یہ خبر دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اعمال میں سے کسی خاص عمل کو پسند کرتا ہے تو وہ اللہ کے حکم کے بغیر دین میں شریعت سازی کر رہا ہے۔ اور یہ ایسے ہی ہے کہ کسی چیز کے وجوب یا حرمت کا فیصلہ دیا جائے یہی وجہ ہے کہ علماء جس طرح باقی احکام میں باہم اختلاف کرتے ہیں استحباب کے متعلق بھی ان کی آراء مختلف ہوتی ہیں۔ بلکہ حقیقی اور منزل من اللہ دین کی بنیاد ہی یہ اصول ہے۔

ان حضرات کا مقصد صرف یہ ہے کہ جب کسی عمل کے متعلق نص شرعی یا اجماع سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ جائے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں پسندیدہ عمل ہے مثلاً تلاوت قرآن ذکر و تسبیح، دعا، صدقہ، غلاموں کی آزادی اور لوگوں سے حسن سلوک وغیرہ یا ثابت ہوجائے کہ وہ عمل اللہ تعالیٰ کے ہاں ناپسندیدہ ہے مثلاً جھوٹ خیانت وغیرہ تو اس صورت میں ان ثابت شدہ اعمال کی فضیلت اور ان کے ثواب یا برے اعمال کی کراھت اور انکے گناہ کے بارے میں کوئی حدیث مروی ہو تو اجر وثواب اور سزا و عذاب کی مقدار اور انواع کے متعلق ایسی حدیث مروی ہو جس کے بارے میں ہم نہیں جانتے کہ وہ موضوع ہے تو اس صورت میں اس کو روایت کرنا جائز ہوگا۔ بایں معنی کہ انسان اس ثواب کی امید یا اس سزا کا خوف رکھے۔

مثال کے طور پر ایک شخص جانتا ہے کہ تجارت میں فائدہ ہے۔ لیکن اسے بات پہنچی کہ اس میں بہت زیادہ فائدہ ہے اگر اسے پہنچنے والی بات درست ہوئی تو اسے فائدہ پہنچے گا۔ اور اگر جھوٹ بھی ہوئی تو اسے نقصان نہیں ہوگا۔ یعنی اس قدر فائدہ نہیں ہوگا جتنا اسے بتایا گیا تھا۔ اسے یونہی سمجھیں کہ جس طرح ترغیب وترھیب میں اسرائیلی مرویات، خوابیں، سلف کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


مقولے علماء کے اقوال وواقعات وغیرہ بیان کئے جاتے ہیں۔ معلوم ہے کہ صرف ان امور سے کوئی شرعی حکم ثابت نہیں ہوتا نہ استحباب اور نہ کچھ اور لیکن ترغیب وترھیب' امید دلانے اور خوف دلانے کے لئے انہیں بیان کیا جاسکتا ہے۔

جن اعمال کا اچھا یا برا ہونا شرعی دلائل سے ثابت اور معلوم ہو تو یہ اضافی چیزیں فائدہ دیتی ہیں ضرر نہیں۔ اور وہ حق ہوں یا باطل اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ تو جس کے متعلق معلوم ہو جائے کہ یہ باطل اور موضوع ہے تو اس کی طرف التفات جائز نہیں ہے۔ اس لئے کہ جھوٹ سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ اگر ثابت ہو جائے کہ وہ صحیح ہے تو اس سے احکام ثابت ہوں گے۔ اگر دونوں باتوں کا احتمال رکھے تو اسے روایت کرنا روا ہوگا کہ اس کے سچ ہونے کا امکان ہے اور اگر جھوٹ بھی ہو تو اس کا کوئی نقصان نہیں۔ امام احمد رحمہ اللہ نے یہی کہا ہے کہ ترغیب وترھیب کا معاملہ ہو تو ہم اسانید میں تساہل سے کام لیتے ہیں ان کا مقصد یہ ہے کہ ہم اسے اسانید کے ساتھ روایت کر دیتے ہیں اگرچہ ان کے راوی اسقدر قابل اعتماد نہ ہوں جن سے حجت اور دلیل پکڑی جاتی ہے۔ اسی طرح جس نے کہا کہ فضائل اعمال میں ان پر عمل ہو سکتا ہے تو عمل تو اسی پر ہوگا جو ثابت شدہ نیک اعمال ہیں مثلاً تلاوت اور ذکر یا برے اعمال سے اجتناب

نبی ﷺ کے فرامین میں سے وہ حدیث اس کی نظیر ہے جسے امام بخاری نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ (''**بلغوا عنی ولو آیة'' وحدثوا عن بنی اسرائیل ولا حرج ومن کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعده من النار**) میری طرف سے آگے پہنچاؤ خواہ ایک ہی آیت ہو' (بنی اسرائیل) سے نقل کر سکتے ہو کوئی مضائقہ نہیں! اور جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا تو وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں سنبھال لے۔

اسے صحیح حدیث میں مذکور نبی ﷺ کے اس فرمان کے ساتھ رکھو ''**اذاحدثکم اهل الکتاب فلا تصدقوهم ولا تکذبوهم۔**'' اہل کتاب تم سے کوئی بات بیان کریں تو ان کی تصدیق نہ کرو اور نہ انہیں جھوٹا کہو اس طرح آپ ﷺ نے اہل کتاب سے بات نقل کرنے کی رخصت بھی دی اور ساتھ ہی ساتھ ان کی تصدیق کرنے یا انہیں جھٹلانے سے بھی ممانعت کر دی اگر ان سے بات نقل کرنے میں مطلقاً فائدہ نہ ہوتا تو آپ ﷺ اس کی رخصت دیتے ہوئے اس کا حکم نہ دیتے۔ اور اگر صرف ان کے بیان کر دینے سے ہی ان کی تصدیق جائز ہوتی تو آپ ﷺ ان کی تصدیق سے منع نہ فرماتے۔ غرضیکہ جن باتوں پر سچائی کا گمان ہو ان سے انسانی طبائع بعض حالات ومقامات میں مستفید ہوتی ہیں۔

چنانچہ جب ضعیف احادیث کسی مقدار اور تحدید پر مشتمل ہوں مثلاً کسی خاص وقت میں خاص قراءت اور خاص طریقہ سے نماز کے متعلق بتایا جائے تو ضعیف حدیث پر اعتماد کرتے ہوئے اس پر عمل روا نہ ہوگا۔ اس لئے کہ اس خاص طریقہ کا مستحب ہونا دلیل شرعی سے پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچا۔

حاصل کلام یہ ہے کہ ترغیب وترھیب میں اس قسم کی روایات بیان کی جاسکتی ہیں۔ اور حصول مقصد کے لئے استعمال کی جاسکتی ہیں۔ تاہم ثواب اور عذاب کی مقدار کے تعین کا اعتقاد دلیل شرعی پر ہی موقوف ہوگا۔

فتاویٰ شیخ الاسلام۔ ۱۸/۶۵۔۶۸]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# حافظ منذری مؤلف الترغیب والترھیب

امام محدث اور حافظ متقن ابو محمد عبدالعظیم بن عبدالقوی بن عبدالقوی منذری شامی ثم مصری شعبان ۵۸۱ھ میں پیدا ہوئے' آپ نے علم فقہ کی تعلیم امام ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن محمد قرشی الوراق سے حاصل کی جب کہ علم حدیث کے سماع کے لیے ابوعبداللہ ارپامی اور حافظ کبیر علی بن مفضل مقدسی کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیے' علم حدیث کی مزید تحصیل کے لیے آپ مکہ مکرمہ بھی تشریف لے گئے اور وہاں محدث ابوعبداللہ بن البناء اور ان کے طبقہ کے علماء سے استفادہ کیا علاوہ ازیں آپ نے دمشق' حران' رہا اور اسکندریہ کے محدثین وشیوخ سے بھی کسب فیض کیا۔

آپ کے تلامذہ میں سے حافظ دمیاطی' امام تقی الدین ابن دقیق العید' شریف عزالدین کے علاوہ بہت سے دیگر لوگوں نے خاصی شہرت پائی ہے۔ بقول حافظ ذہبی آپ اپنے دور کے سب سے بڑے حافظ حدیث تھے' ۶۵۶ھ میں وفات پائی۔

آپ نے بہت سی کتابیں اپنی یادگار چھوڑی ہیں' جن میں سے شرح التنبیہ' سنن ابی داؤد کا اختصار اور اس کی شرح اور صحیح مسلم کا اختصار بطور خاص قابل ذکر ہے' آپ نے ایک بہت بڑا ''معجم'' خود بھی ترتیب دیا لیکن جس کتاب کی وجہ سے آپ کی شہرت چاردانگ عالم میں پھیلی وہ ''الترغیب والترھیب'' ہے۔ آپ کے اخلاص کے علاوہ غالباً اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ آپ نے اس موضوع پر لکھی گئی سابقہ تمام کتب کی احادیث کو اپنی اس کتاب میں جمع فرما دیا تھا۔

## حافظ ابن حجر عسقلانی مولف مختصر الترغیب والترھیب

شیخ الاسلام امام ابوالفضل شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ مشہور ومستند محدث' مورخ اور فقیہ ہیں' آپ کی ولادت باسعادت ۱۲ شعبان ۷۷۳ھ / فروری ۱۳۷۲ء کو مصر العتیق (OLD CAIRO) میں ہوئی' آپ بچپن ہی میں ماں باپ کے سایہ شفقت سے محروم ہو گئے تھے' آپ کے والد گرامی بھی اپنے دور کے مشہور عالم تھے' آپ نے اپنے ایک سرپرست مشہور تاجر زکی الدین خروبی کے زیر نگرانی تربیت وپرورش کے مراحل طے کیے۔ نو برس کی عمر میں قرآن مجید کے حفظ کی سعادت حاصل کر لی اور تھوڑے ہی عرصہ میں فقہ اور صرف ونحو کی ابتدائی کتابوں پر عبور حاصل کر لیا تھا' پھر اپنے دور کے ممتاز ترین اساتذہ کرام سے بہت عرصہ تک تعلیم حاصل کرتے رہے' چنانچہ آپ نے حدیث اور فقہ کو بلقینی' ابن ملقن اور ابن جماعہ سے پڑھا' علم قرات تنوخی سے' عربی ادب ولغت ابن ہشام اور فیروز آبادی سے پڑھا لیکن آغاز دسمبر ۱۳۹۰ء سے اُنہوں نے اپنے آپ کو مطالعہ حدیث کے لیے وقف کر دیا اور اس عظیم مقصد کی خاطر آپ نے مصر' شام' حجاز اور یمن کے دور دراز علاقوں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


کے کئی بار سفر بھی کیے علم حدیث سے آپ کے شغف اور انہماک کا اندازہ اس بات سے لگائیے کہ آپ مسلسل دس سال تک علامہ زین الدین عراقی (م۸۸۰ھ) سے حدیث پڑھتے رہے۔ حدیث اور دیگر علوم وفنون میں مہارت کے پیش نظر آپ کے اساتذہ کرام نے آپ کو درس وفتویٰ دینے کی اجازت عطا فرمادی تھی۔

منصب قضاء کو قبول کرنے سے کئی بار انکار کیا' بالاخر اپنے دوست قاضی القضاۃ جمال الدین بلقینی کی درخواست پر ان کا نائب بننا منظور کرلیا اور پھر محرم ۸۲۷ھ/ دسمبر ۱۴۲۳ء کو خود بھی قاضی القضاۃ بن گئے اور اکیس برس تک اس منصب پر فائز رہے' اس اہم منصب کی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ آپ دس دس مسجدوں اور مدرسوں میں تفسیر قرآن' حدیث اور فقہ کا درس بھی دیتے رہے' آپ کے درس اس کا اس قدر شہرہ تھا کہ طلبہ کے ساتھ ساتھ متخصصین بھی آپ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کرنے کے لیے آپ کے حلقہ درس میں بڑے ذوق وشوق سے حاضر ہوتے اور اسے اپنے لیے وجہ سعادت اور سرمایہ افتخار سمجھتے تھے۔ منصب قضا وتدریس پر فائز ہونے کے علاوہ آپ دارالعدل میں افتا مدرسہ بیبرسیہ میں نظامت علیا اور جامع از ہر اور پھر قبہ محمودیہ میں خطابت کے فرائض بھی سرانجام دیتے تھے اور ایک شاعر ونثر نگار کی حیثیت سے بھی اس دور میں آپ کی شہرت دور دور تک پھیل گئی تھی۔

چنانچہ اس عبقری زماں اور نادرہ روزگار شخصیت نے ایک سو پچاس کتابیں یادگار چھوڑی ہیں' جن میں سرفہرست صحیح بخاری کی مشہور ومعروف شرح ''فتح الباری'' ہے' جس سے ''صحیح بخاری'' کی شرح کا وہ قرض ادا ہوگیا' بقول ابن خلدون جس کی ادائیگی پوری امت مسلمہ پر فرض تھی' اللہ تعالیٰ نے اس کتاب کو شرف قبولیت سے نوازا اور آپ کی زندگی ہی میں اس کے قلمی نسخے تین تین سو دینار میں فروخت ہوتے رہے اور پریس کی ایجاد کے بعد تو اس کے لاکھوں نسخے زیور طباعت سے آراستہ ہوئے ہیں۔

''فتح الباری'' کے علاوہ ''تہذیب التھذیب'' ''تقریب التھذیب'' ''الاصابہ فی تمیز الصحابہ' الدرر الکامنہ فی اعیان المائۃ الثامنہ'' ''تلخیص الحبیر'' ''الدرایہ فی تخریج احادیث الھدایہ'' ''بلوغ المرام'' شرح نخبۃ الفکر'' اور لسان المیزان'' آپ کی چند اہم اور مشہور کتابیں ہیں۔ قضاء' افتاء' تدریس' خطابت اور تصنیف وتحقیق کے میدانوں میں کارہائے نمایاں سرانجام دینے کے بعد بالاخر ۱۸ ذوالحجہ ۸۵۲ھ/ ۱۳ فروری ۱۴۴۹ء کو آسمان علم وفضل کا یہ آفتاب جہاں تاب ہمیشہ ہمیشہ کے لیے غروب ہوگیا۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیے آپ کے شاگرد رشید علامہ سخاوی کی آپ کی سیرت پر جامع کتاب ''الجواہر والدرر فی ترجمۃ شیخ الاسلام ابن حجر۔''

❀❀❀

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ، امام، عالم، علامہ شیخ مشائخ اسلام وحفاظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر۔ اللہ تعالیٰ ان پر اپنی رحمت کے پھول برسائے اور انہیں اپنی وسیع جنت میں بسائے۔ آمین فرماتے ہیں:

# کتاب الاخلاص

## باب الترغيب فيه

## اخلاص کی ترغیب

(۱) (( عَنْ اَبِیْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَثَلُ هذه الأمة كمثل أربعةِ نفرٍ: رجلٌ آتاه الله مالاً وعلماً فهو يعمل بعلمه في ماله فيُنفقه في حقِّه، ورجلٌ آتاه الله علماً ولم يُوته مالاً فهو يقول: لو كان لي مثلُ هذا عملتُ فيه مثل الذي يعمل۔ قَالَ رسول الله ﷺ فهما في الأجر سَواء۔ ورجلٌ آتاه الله مالاً ولم يُؤته علماً فهو يخبط في ماله يُنفقه في غيرِ حقِّه، ورجلٌ لم يُؤته الله علماً ولا مالاً فهو يقول لو كان لي مثلُ هذا عملت فيه مثلَ الذي يعمل، قَالَ رسول الله ﷺ فهما فِي الوزرِ سَواء۔)) [أخرجه الترمذي في أثناء حديث وصححه، وأحمد وابن ماجه واللفظ له،

(۱) حضرت ابوکبشہ انماری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس اُمت کی مثال چار آدمیوں کی سی ہے (۱) جسے اللہ تعالیٰ نے مال اور علم عطا فرمایا اور وہ اپنے مال کے بارہ میں اپنے علم کے مطابق عمل کرتا ہے یعنی جہاں خرچ کرنے کا حق ہے، وہاں خرچ کرتا ہے (۲) وہ جسے اللہ تعالیٰ نے علم تو دیا ہے مگر مال نہیں دیا اور وہ کہتا ہے کہ اگر میرے پاس بھی اسی طرح مال ہوتا تو میں بھی اس کی طرح عمل کرتا، یہ دونوں شخص اَجر میں برابر ہوں گے (۳) جسے اللہ تعالیٰ نے مال تو دیا مگر اسے علم نہ دیا اور وہ بے جا صرف کرتا اور ناحق خرچ کرتا ہے (۴) وہ جسے اللہ تعالیٰ نے نہ علم سے نوازا اور نہ مال سے اور وہ یہ کہتا ہے کہ اگر میرے پاس علم ہوتا تو میں بھی اسی کی طرح مال خرچ کرتا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ دونوں گناہ میں برابر ہیں (ترمذی نے اسے ایک حدیث کے ضمن میں بیان کیا اور صحیح قرار دیا ہے، احمد، ابن ماجہ، یہ الفاظ ابنِ ماجہ کی روایت کے ہیں، ابوعوانہ نے اسے اپنی ''صحیح'' میں بیان کیا ہے اور صحیح مسلم سے انہوں نے جو زائد روایات بیان کی ہیں یہ ان میں سے ایک ہے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

وأخرجه أبوعوانة في صحيحه و هو من زياداته على مسلم۔] [صحيح]

(۲) (( وعنِ ابنِ عبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ فيما يروى عن ربِّه عزوجل: اِن اللّٰه تعالى كتب الحسناتِ والسيئاتِ ثم بين ذلك في كتابه، فمن همَّ بحسنة فلم يَعملْها كتبها اللّٰه عنده حسنةً كاملةً، فاِن همَّ بها فعملها كتبها اللّٰه عنده عشرَ حسناتٍ اِلى سبعِ مائة ضعفٍ اِلى أضعاف كثيرة، ومن همَّ بسيئة فلم يعملها كَتبها اللّٰه عنده حَسنةً كاملةً، واِن هُوَ هَمَّ بها فعملها كَتبها اللّٰهُ عندهُ سيئةً واحدةً)) [متفق عليه وفي رواية كتبها اللّٰه سيئة أو محاها۔ ولا يهلك على اللّٰه الا هالك۔]

(۲) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے ربّ عزوجل سے روایت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے نیکیاں اور برائیاں لکھ رکھی ہیں، پھر آپ ﷺ نے اس کی وضاحت اس طرح بیان فرمائی کہ اگر کوئی نیکی کا اِرادہ کر لے مگر اسے نہ کر سکے تو اس ارادے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اسے اپنے پاس ایک مکمل نیکی لکھ لیتا ہے اور اگر اِرادہ کرنے کے بعد اسے عملی جامہ بھی پہنا دے تو اللہ تعالیٰ اپنے پاس دس سے لے کر سات سو تک بلکہ اس سے بھی کئی گنا زیادہ نیکیاں لکھ لیتا ہے، اگر کوئی شخص بُرائی کا اِرادہ کرنے کے بعد اس پر عمل نہ کرے تو پھر بھی اللہ تعالیٰ اپنے پاس اسے ایک مکمل نیکی لکھ لیتا ہے اور اِرادہ کرنے کے بعد اگر اس بُرائی کے مطابق عمل کر لیا تو اسے اللہ تعالیٰ اپنے پاس صِرف ایک بُرائی لکھتا ہے (متفق علیہ) (ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اللہ تعالیٰ اسے ایک بُرائی لکھتا ہے یا اسے بھی مٹا دیتا ہے، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں صرف وہی شخص ہلاک ہوتا ہے جو خود کو تباہی و ہلاکت میں ڈالنے والا ہو)

(۳) (( وَعَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ أنَّ رسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: يقول اللّٰهُ عزوجل إذا أرادَ عبدى أن يعمل سيئة فلا تكتبوها عليه حتى يعملها فإن عملها فاكتبوها مثلها وإن تركها من أجلى فاكتبوها له حسنة واذا أراد أن يعمل حسنة فلم يعملْها فاكتبوها له حسنةً، فإن عملها فاكتبوها له بعشرِ أمثالها إلى سبعِ مائة۔)) [متفق عليه واللفظ للبخاري]

(۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ (فرشتوں سے) فرماتا ہے کہ میرا بندہ جب کسی بُرے عمل کا اِرادہ کرے تو اسے نہ لکھو حتیٰ کہ وہ اسے کر گزرے اور اگر اسے کر لے تو اسے اتنا ہی لکھو جتنا کہ اس نے کیا ہے اور اگر وہ اسے میری وجہ سے چھوڑ دے، تو اسے اس کی ایک نیکی لکھ لو اور اگر وہ کسی نیک عمل کا اِرادہ کرے اور اسے نہ کر سکے تو اسے اس کی ایک نیکی لکھ لو اور اگر اسے کر لے تو اسے دس سے لے کر سات سو گنا تک لکھ لو۔ (متفق علیہ، الفاظ بخاری کی روایت کے ہیں)

www.KitaboSunnat.com



(۴) (( وفي روايةٍ لمسلم قَال الله عزوجل: إذا تحدّثَ عبدى بأن يعمل حسنة فأنا أكتُبُها له حسنة ما لم يعملْها، فإذا عملها فأنا أكتُبُها له بعشر أمثالها، الحديث وفي آخره انما تركها من جَرَّاى بفتح الجيم وتشديد الراء: اى من أجلى))

(۴) مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ جب میرا بندہ یہ ارادہ کرتا ہے کہ وہ نیکی کرے تو جب تک وہ اسے عملی جامہ نہ پہنائے میں اسے ایک نیکی لکھ لیتا ہوں اور جب وہ اسے عملی جامہ پہنا دے تو میں اسے دس نیکیاں لکھ لیتا ہوں۔۔۔۔۔ اس حدیث کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے بندے نے میری وجہ سے گناہ کو چھوڑ دیا۔

(۵) (( وعن ابى الدّرداء رضی اللہ عنہ يبلغ به النبى ﷺ قَالَ: من اتى فراشَه وهو ينوى أن يقوم يصلى من الليل فغَلبته عيناهُ حتى أصبح كُتِب له ما نوى، وكان نومُه صدقةً عليه من ربه۔)) [رواه النسائى وابن ماجه وصححه ابن حبان لكن عنده عن ابى ذرٍّ أو أبى الدرداء بالشك۔]

(۵) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بستر پر سوتے وقت یہ نیّت کر لے کہ وہ رات کو نماز (تہجد) پڑھے گا مگر صبح تک نیند کے غلبے کی وجہ سے بیدار نہ ہو سکا تو اس کی نیّت کے مطابق ثواب لکھ دیا جائے گا اور نینداس کے ربّ کی طرف سے اس پر صدقہ ہوگی۔ (نسائی، ابنِ ماجہ ابنِ حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے مگر ان کے ہاں شک کے الفاظ کے ساتھ یعنی ابوذر یا ابوالدرداء سے روایت ہے۔) [حسن صحيح]

## الترهيب من الرياء

## ریاکاری پر وعید

(۶) (( عن جُندبِ بنِ عبد الله رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النبى ﷺ: من سمع سمَّعَ اللّٰه به ومن يُراءِ يُراءِ اللّٰه به۔)) [متفق عليه قوله سمَّعَ بالتشديد أى اظهر عمله للناس رياء]

(۶) حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ امام منذری رحمہ اللہ نے یہ بھی لکھا ہے کہ ابنِ ماجہ کی سند جید ہے۔ کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص سنانے کے لیے کوئی کام کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے رُسوا کر دیتا ہے اور جو لوگوں کو دکھانے کے لیے کام کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے دکھا دیتا ہے۔ (متفق علیہ سمَّع کے معنی ہیں ریاکاری کے لیے اپنے عمل کو لوگوں کے سامنے ظاہر کرنا ہے)

(۷) (( وعن شدّادِ بنِ أوسٍ رضی اللہ عنہ أنه سمع النبى ﷺ يقول: من صام يرائى فقد اشرك، ومن صلى يرائى فقد اشرك

(۷) حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص دکھلاوے کے لئے روزہ رکھے، وہ شرک کرتا ہے، جو دکھلاوے کے لیے نماز پڑھے وہ بھی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ومن تصدق يرائي فقد اشرك۔))
[أخرجه البيهقي مختصراً ومطولاً۔]

شرک کرتا ہے اور جو دکھلاوے کے لیے صدقہ کرے وہ بھی شرک کرتا ہے (بیہقی نے اسے مختصر ومطول بیان کیا ہے)[ضعیف]

(۸) ((عن محمودِ بن لَبِيدٍ قَالَ: خرج النبي ﷺ فَقَالَ: ايها الناس: اياكم وشركَ السَّرائرِ قالوا وما شركُ السَّرائر؟ قَالَ يقوم الرجل يصلي فيزيِّنُ صَلاتَه جاهدًا لما يرى من نظرِ الناسِ اليه، فذلك شركُ السَّرائر))

(۸) حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ تشریف لائے اور آپ ﷺ نے فرمایا: لوگو! ''اپنے آپ کو مخفی شرک سے بچاؤ'' صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: ''مخفی شرک کیا ہوتا ہے؟'' فرمایا: ''آدمی نماز پڑھنے کھڑا ہوتا ہے مگر جب وہ یہ دیکھتا ہے کہ لوگ اسے نماز پڑھتا ہوا دیکھ رہے ہیں تو وہ نماز کو بنا سنوار کے پڑھنا شروع کر دیتا ہے' یہ ہے مخفی شرک''! (ابن خزیمہ) [حسن]

(۹) (( وَعن أبي سعيد بن أبي فضالة وكان من الصحابة قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: إذا جمع الله الاولين والاخرين يوم القيامة ۔ ليوم لا ريبَ فيه۔ نادى منادٍ: من كان أشرك في عمله لله أحدا فلْيطلبْ ثوابه من عندِه ، فإن الله أغنى الشركاءِ عن الشركِ۔)) [اخرجه الترمذي وابن ماجه والبيهقي وصححه ابن حبان۔]

(۹) ابوسعید بن ابی فضالہ رضی اللہ عنہ جو کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے تھے' سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ ارشاد سنا کہ جب اللہ تعالیٰ تمام اگلے اور پچھلے لوگوں کو قیامت کے دن کہ جس دن کے بارہ میں کوئی شک نہیں ہے' جمع فرمائے گا تو اس دن ایک اعلان کرنے والا یہ اعلان کرے گا کہ جس نے اللہ کے لیے عمل میں کسی اور کو بھی شریک کیا تھا تو آج وہ اپنا ثواب اسی سے مانگے کیونکہ اللہ تعالیٰ تو تمام شرکاء کی نسبت شرک (یعنی سانجھ) سے سب سے زیادہ بے نیاز ہے۔ (ترمذی' ابن ماجہ' بیہقی۔ ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [حسن]

(۱۰) (( وعن أنس بن مالك رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رسولُ الله ﷺ يوتى يوم القيامة بصحف مَخْتومة فَتُنصَب بين يدى الله تبارك وتعالى فيقول تبارك وتعالى ألقوا هذه واقبلوا هذه، فتقول الملائكة: وعزتك ما رأينا إلا خيرًا، فيقول الله عزوجل: إن هذا كان لغير وجهي وإني لا أقبل إلا ما ابْتُغِيَ به وجهي۔)) [اخرجه البزار والطبراني والبيهقي۔]

(۱۰) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن (سربمہر) اعمال نامے لاکر اللہ تبارک و تعالیٰ کے سامنے رکھے جائیں گے' اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ پھینک دو اور یہ قبول کر لو' فرشتے عرض کریں گے: تیری عزت کی قسم! ہم نے تو انہیں نیکیاں ہی سمجھا تھا۔ اللہ عزوجل ارشاد فرمائے گا کہ یہ میرے علاوہ کسی اور کے لیے تھے اور میں تو صرف ان اعمال کو قبول کرتا ہوں جو خالص میری رضا کے حصول کے لیے کئے گئے ہوں۔ (بزار' طبرانی' بیہقی) [ضعیف]

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۱۱)(( وَعَنْ اَبِی عَلِیّ رجلٍ من بنی کاهلٍ قَالَ: خطبنا أبو موسی الاشعریّ فَقَالَ: یا أیھا الناسُ اتَّقُوا ھذا الشرکَ فأنہ أخفی من دَبیبِ النَّملِ، خَطَبَنَا رَسولُ اللّٰہ ﷺ ذات یومٍ فقال یا أیھا النَّاسُ مثلَہ فقیلَ لَہ کیفَ نَتَّقیہِ وھو اخفی من دَبیبِ النَّمل؟ قَالَ قولوا: اَللّٰھُمَّ نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نُّشْرِكَ بِكَ شَیْئًا وَنَحْنُ نَعْلَمُہٗ وَنَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا نَعْلَمُہٗ أخرجہ احمد والطبرانی وعند ابی یعلی نحوہ من حدیث حذیفۃ۔]

(۱۱) بنو کاھل کے ایک فرد ابوعلی سے روایت ہے کہ ہمیں ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا لوگو! اس شرک سے بچو کہ یہ چیونٹی کی چال سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے، رسول اللہ ﷺ نے بھی ایک دن ہمیں خطبہ دیتے ہوئے یہی بات ارشاد فرمائی تھی، تو آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ جب وہ چیونٹی کی چال سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے تو ہم اس سے کس طرح بچیں؟ فرمایا تم یہ دعا پڑھ لیا کرو: (اے اللہ ہم تیری پناہ)۱۔ اس کتاب کے مطبوعہ نسخہ میں اسی طرح ہے، جب کہ اصول میں یہاں الفاظ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ ہیں۔ چاہتے ہیں اس سے کہ تیرے ساتھ ہم کسی کو بھی شریک بنائیں اور ہم جانتے ہوں اور اس پر بھی ہم تجھ سے معافی چاہتے ہیں جو ہم نہیں جانتے)۔ (احمد، طبرانی، مسند ابویعلی میں یہ حدیث اس کے قریب قریب الفاظ کے ساتھ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے)

[حسن لغیرہ]

# کتاب السنۃ

# سنّت کا بیان

## الترغیب فِی الاتباع والترھیب من الابتداع

## اتباعِ سنّت کی ترغیب اور بدعت پر وعید

(۱۲) (( عن انسِ بن مالكٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : مَن رغبَ عن سُنَّتی فلیسَ منی۔)) [متفق علیہ]

(۱۲) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص میری سنت سے منہ موڑے وہ مجھ سے نہیں ہے۔ (متفق علیہ)

(۱۳) (( وعن العِرْباضِ بنِ سَاریۃَ قَالَ:

(۱۳) حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وعظنا رسولُ اللّٰہ ﷺ وفیه فعلیکم بِسنّتی وسُنةِ الخلفاءِ الراشدین المهْدیّینَ عضُّوا علیها بالنّواجذ وإیاکم ومحدثاتِ الامور، فإن کلَّ بدعةٍ ضلالة۔)) [رواہ الاربعة إلا النسائی وصححه الترمذی وابن حبان۔ النواجذ بالنون والجیم والذال المعجمة هی الانیاب وقیل الاضراس والمعنی الزموا السنة کما یلزم العاض علی الشیء خوفًا من ذهابه۔]

اللہ ﷺ نے ہمیں وعظ فرمایا۔۔۔(1) اور اس میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا میری اور میرے نیک اور ہدایت یافتہ خلفاء کی سنّت کو لازم پکڑلو اسے دانتوں سے مضبوطی سے تھام لو اور نو ایجاد کاموں سے بچو کیونکہ ہر بدعت گمراہی ہے۔ (ابوداؤد' ترمذی' ابنِ ماجہ' ترمذی اور ابنِ حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) نواجذ دانتوں یا داڑھوں کو کہتے ہیں۔ مفہوم یہ ہے کہ سنّت کو لازم پکڑو جیسے کہ خیر ہاتھ سے نکل جانے کے خوف سے دانتوں سے پکڑی جاتی ہے۔ [صحیح]

(۱۴) ((وعن أبی شریح الخزاعی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ قَالَ: خرج علینا النبی ﷺ فَقَالَ: إنَّ هذا القرآنَ سبب طرفُه بید اللّٰهِ وطرفُه بایدیکم فتمسّکوا به فإنکم لن تَضلوا ولن تهلکوا بعده ابداً)) [رواہ الطبرانی وعنده وعند البزار من حدیث جبیر ابن مطعم نحوه۔]

(۱۴) حضرت ابوشریح خزاعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ قرآن رسی ہے اس کا ایک کنارا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور دوسرا تمہارے ہاتھوں میں لہٰذا اسے مضبوطی سے تھام لو اس کے بعد تم کبھی گمراہ نہ ہوگے اور نہ ہلاک ہوگے۔ (طبرانی' طبرانی اور بزار میں یہ حدیث اس کے قریب قریب الفاظ کے ساتھ جبیر بن مطعم سے مروی ہے) [صحیح]

(۱۵) ((وَعَنْ اَبی سعید الخدری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ قَالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ: من اکل طیباً وعمل فی سُنَّةٍ و أمنَ الناسُ بوائقه دخل الجنة۔)) [رواہ الحاکم وصححه وأخرجه ابن ابی الدنیا فِی الصمت]

(۱۵) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص پاکیزہ کھانا کھائے' سنّت کے مطابق عمل کرے اور لوگ اس کی ایذاء رسانیوں سے محفوظ ہوں تو وہ جنّت میں داخل ہوگا۔ (امام حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے اور ابنِ ابی الدنیا نے بھی اسے اپنی کتاب ''الصمت'' میں بیان کیا ہے) [ضعیف]

(۱۶) ((وعنِ ابنِ عبّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنهُمَا

(۱۶) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

---

(1) پوری حدیث اس طرح ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایسا پُر تاثیر وعظ فرمایا کہ اس سے دِل کانپ اُٹھے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! یہ تو گویا الوداع کہنے والے کا وعظ ہے لہٰذا ہمیں وصیت فرمائیے؟ فرمایا میں تمہیں یہ وصیت کرتا ہوں کہ اللہ کے تقویٰ کو اختیار کرو اور سمع و طاعت بجالاؤ خواہ تم پر کوئی غلام حکمران بن گیا ہو تم میں سے جو شخص زندہ رہا وہ بہت سے اختلافات دیکھے گا (اختلافات سے بچنے کے لئے) میری اور میرے ......الخ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ : خطب في حجة الوداع فَقَالَ: إني قد تركتُ فيكم ما إن اعتصمتُم به فلن تضلوا ابداً: كتابَ اللّٰه وسنةَ نبيِّه۔)) [صححه الحاكم]

حجۃ الوداع کے خطبہ میں ارشاد فرمایا تھا کہ میں تم میں وہ چھوڑ کر جا رہا ہوں کہ اگر اسے مضبوطی سے تھام لو تو کبھی گمراہ نہ ہو گے یعنی کتاب اللہ اور اس کے نبی کی سنّت ۔ (امام حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۱۷) (( وعن عائشة رضي الله عنها قالَت: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : من أحدثَ في امرنا هذا ما ليسَ منه فهو رَدّ۔)) [متفق عليه]

(۱۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ہمارے اس دین میں کوئی ایسی نئی بات پیدا کرے جو اس میں سے نہ ہو تو وہ مردود ہے۔ [بخاری و مسلم]

(۱۸) (( وفي رواية لمسلم مَن عملَ عملاً ليسَ عليهِ امرنا فهو رَدّ، ولابي داوود من صنع امراً على غير امرِنا فهو رَدٌّ))

(۱۸) صحیح مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جو شخص کوئی ایسا عمل کرے کہ ہمارا طریقہ اس سے مطابقت نہیں رکھتا تو وہ مردود ہے اور ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ جو شخص ہمارے طریقہ کے خلاف کوئی کام کرے تو وہ مردود ہے۔

(۱۹) (( وعنها رضي الله عنها اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قال: ستة لَعَنْتُهُم ولعنهم اللّٰه ، وكل نبيٍّ مُجاب: الزائدُ في كتاب اللّٰه ، والمكذِّبُ بقدرَ اللّٰه والمتسلِّطُ على امتي بالجَبَروتِ ليُذِلَّ من اعزَّ اللّٰهُ، ويُعِزَّ من اذلَّ اللّٰهُ، والمُستحِل حرمةَ اللّٰه، والمُستحِلُّ مِن عترتي ما حرَّمه اللّٰه والتاركُ للسّنة)) [اخرجه الطبراني وصححه ابنُ حبان والحاكم]

(۱۹) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ چھ شخص ایسے ہیں کہ جن پر میں نے لعنت کی ہے' اللہ نے بھی ان پر لعنت کی ہے (یاد رہے) ہر نبی کی دعا قبول ہوتی ہے (۱) اللہ کی کتاب میں اضافہ کرنے والا (۲) اللہ کی تقدیر کو جھٹلانے والا (۳) میری اُمت پر زبردستی مسلط ہونے والا تاکہ اُسے ذلیل کرے جسے اللہ تعالیٰ نے عزت دی ہے اور اسے معزز کرے جسے اللہ تعالیٰ نے ذلیل کیا ہے۔ (۴) جو اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیز کو حلال سمجھے (۵) جو میری عترت [1] کے متعلق اس کام کو حلال سمجھے' جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے اور (۶) جو سنّت کا تارک ہو (طبرانی' ابنِ حبان و حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۲۰) (( وعن كثير بنِ عبدِ اللّٰه بن عمرو بن عوفٍ عن ابيهِ عن جدهِ قَالَ:

(۲۰) کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد

(۱) عترت آدمی کے خصوصی قریبی رشتہ داروں کو کہا جاتا ہے' آنحضرت ﷺ کی عترت بنو عبدالمطلب ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ اس سے مُراد آپ کے قریبی اہل بیت یعنی آپ کی اولاد اور حضرت علی کی اولاد ہے' ایک اور قول یہ ہے کہ اس سے مُراد آپ کے تمام قریب اور دُور کے اہل بیت ہیں۔ شیخ عمارہ فرماتے ہیں کہ عترت سے مُراد آپ ﷺ کے اہل بیت' متبع سنّت اور قیامت تک آپ کی شریعت پر عمل کرنے والے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



سمعت رسول الله ﷺ يقول: انی اخافُ علی امتی من ثلاث: من زَلَّةِ عالم ، ومِنْ هَوىً متَّبع ، ومن حُكم جائرٍ)) [اخرجه البزار والطبرانی]

فرماتے ہوئے سنا کہ میں اپنی اُمت کے بارہ میں تین باتوں سے ڈرتا ہوں (۱) عالم کی لغزش (۲) ایسی خواہش جس کی پیروی کی جائے اور (۳) ظالم کی حکومت (بزار' طبرانی) [ضعیف جداً]

(۲۱) (( وعن حُذيفة رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول الله ﷺ لا يقبلُ الله لصاحبِ بدعةٍ صَومًا، ولا صلاةً، ولا حجاً، ولا عمرةً، ولا جهادًا، يَخرجُ مِنَ الْاِسلامِ كما يَخرج الشعرةُ من العَجين)) [اخرجه ابن ماجه]

(۲۱) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بدعتی کا کوئی عمل بھی قبول نہیں کرتا۔ نہ روزہ' نہ نماز اور نہ حج' نہ عمرہ اور نہ ہی جہاد۔ وہ اسلام سے اس طرح باہر ہو جاتا ہے جس طرح آٹے سے بال نکلتا ہے۔ (ابن ماجہ) [موضوع]

(۲۲) (( وعن كثير بنِ عبدِ الله بنِ عمرو بن عوفٍ عن ابيهِ عن جدهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لبلالِ بنِ الحارث يومًا: اِعلم يا بلال أن من أحيا سنةً من سنَّتى اُميتَتْ بعدى كان له من الْاجر مثلُ من عملَ بها من غيرِ أن ينقصَ من اُجورهم شيئاً، ومَن ابتدعَ بدعة ضلالةٍ لا يرضاها اللّٰهُ ورسولُه كانَ عليه مثلُ آثامِ منْ عملَ بها لا يَنقصُ ذلك من أوزارِ الناس شيئاً)) [اخرجه ابن ماجه والترمذى وقال حديث حسن]

(۲۲) کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن بلال بن حارث سے فرمایا: ''بلال خوب جان لو کہ جس نے میری کسی ایسی سنّت کو زندہ کیا جسے میرے بعد فوت کر دیا گیا تھا تو اسے اتنا ثواب ملے گا جتنا اس کے مطابق عمل کرنے والوں کو ملے گا اور عمل کرنے والوں کے اَجر و ثواب میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی اور جس نے گمراہی کی بدعت کو ایجاد کیا جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو پسند نہ ہو تو اسکے سر پر اس پر عمل کرنے والوں کے گناہوں کے برابر بوجھ ہوگا اور اس سے ان لوگوں کے اپنے بوجھ کم نہ ہوں گے۔ (ابن ماجہ' امام ترمذی اور انہوں نے کہا کہ یہ حدیث حسن ہے) [ضعیف جدا]

## الترغيب فى المسارعة الى الخير والبداءة به ليستن به والترهيب من عكسه

## نیکی جلد شروع کرنے کی ترغیب تاکہ اسے اختیار کیا جا سکے اور اس کے برعکس پر وعید

(۲۳) (( عن جَريرِ بنِ عبدِ الله رضی اللہ عنہ قَالَ: كُنَّا فى صَدرِ النهارِ عند رسول الله ﷺ فجاء قوم فَقَالَ رسول الله ﷺ من سنَّ

(۲۳) حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ دن کے ابتدائی حصہ میں ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ﷺ کے پاس کچھ لوگ آئے (انہوں نے یہاں ساری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فِی الاسلام سنةً حسنةً فلهُ أجرُها وأجرُ من عملَ بها مِن بعدِه من غير أن ينقصَ من أجورِهم شي ء، ومن سنَّ فِي الإسلامِ سنةً سيئةً كان عليه وِزرُها وَوِزرُ من عمِلَ بها من غير ان ينقصَ من اوزارهم شي ء۔)) [اخرجه مسلم والاربعة الا ابا داود۔ وعند احمد والحاكم نحوه من حديث حذيفة بلفظ من سنَّ خيراً فاستُنَّ به، وعند الطبراني من حديث واثلة بن الاسقع بلفظ فله اجرُها ما عملَ بها في حياته وبعد مماته حتى تُترَك۔ وزاد مَن ماتَ مُرابطاً جَرى عليه عملُ المرابطِ حتى يبعث يوم القيامة۔]

حدیث ذکر کی ہے)[1] تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اسلام میں کوئی اچھا طریقہ رائج کرے تو اسے اس کا اَجر ملے گا اور جو اس پر عمل کرے گا اس کا اَجر بھی اسے ملے گا لیکن عمل کرنے والے کے اَجر میں کمی نہیں ہوگی اور جو کوئی اسلام میں بُرا طریقہ رائج کرے اسے اس کا گناہ ہوگا اور اس کے بعد اس طریقہ کے مطابق جس نے عمل کیا اس کا بھی اسے گناہ ہوگا لیکن اس عمل کرنے والوں کے گناہ میں کمی نہیں ہوگی (مسلم' ترمذی' نسائی' ابنِ ماجہ' احمد اور حاکم نے اس حدیث کو بروایت حضرت حذیفہ اسی طرح بیان کیا ہے) اور اس میں الفاظ یہ ہیں کہ ''جس نے کسی خیر کو رائج کیا اور پھر اسے اختیار کرلیا گیا'' طبرانی میں یہ حدیث واثلہ بن اسقع سے ان الفاظ کے ساتھ ہے کہ اسے اس کا ثواب ملے گا جب تک اس کی زندگی میں اور اس کی وفات کے بعد اس کے مطابق عمل کیا جاتا رہے (اور اَجر و ثواب اس وقت ختم ہوگا) جب اس کے مطابق عمل متروک ہوجائے گا' نیز طبرانی کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ جو شخص سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے فوت ہوگیا' اسے قیامت کے روز اُٹھائے جانے تک سرحدوں کے محافظ کا ثواب ملتا رہے گا۔ [حسن صحیح]

(۲۴) ((وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ أَنْ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: من دَعَى الى هُدىً، كان لهُ

(۲۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ہدایت کی دعوت دے' اسے ان لوگوں کے مطابق

(۱) پوری حدیث اس طرح ہے کہ آپ ﷺ کے پاس کچھ لوگ آئے جو ننگے تھے اور انہوں نے اُون کے دھاری دار پھٹے ہوئے لباس یا (عبائیں) جسم پر لٹکا رکھی تھیں اور وہ تلواریں لٹکائے ہوئے تھے' ان میں سے اکثر بلکہ سب کے سب خاندان مضر سے تھے' جب آنحضرت ﷺ نے ان کے فاقہ کی یہ کیفیت دیکھی تو آپ کے چہرے کا رنگ بدل گیا' پھر آپ گھر تشریف لے گئے' پھر باہر تشریف لائے تو حضرت بلال کو اذان کا حکم دیا' انہوں نے اذان دی' اقامت کہی' پھر آپ ﷺ نے نماز پڑھائی اور پھر خطبہ دیا اور ارشاد فرمایا: اے لوگو! ڈرو اپنے اس ربّ سے جس نے تمہیں ایک ہی نفس سے پیدا کیا ہے...... بے شک اللہ تعالیٰ تم پر نگہبان ہے پھر آپ نے ایک دوسری آیت پڑھی جو سورۃ الحشر میں ہے' اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور ہر شخص کو دیکھنا چاہیے کہ اس نے کل کے لیے آگے کیا بھیجا ہے' صدقہ کرو' درہم' دینار' کپڑا' صاع بھر گندم یا صاع بھر کھجور (صاع تقریباً پونے تین سیر کا ایک پیمانہ ہے) حتیٰ کہ فرمایا صدقہ کرو خواہ کھجور کا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو' انصار میں سے ایک شخص آیا' اس کے ہاتھ میں ایک تھیلی تھی' جس سے اس کا ہاتھ عاجز آرہا تھا بلکہ عاجز آ ہی گیا تھا پھر لوگ مسلسل آنا شروع ہو گئے حتیٰ کہ میں نے کھانے اور کپڑوں کے ڈھیر دیکھے پھر میں نے دیکھا کہ آنحضرت ﷺ کا چہرۂ اقدس خوشی سے چمک رہا ہے کہ گویا کہ سونے کا ٹکڑا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



من الاجرِ مثلُ اجورِ من اتَّبعهُ، لا ينقصُ ذلك من اُجورِهم شيئاً، ومن دعى الى ضلالة، كان عليه من الاثم مثلُ آثام من اتَّبعه، لا ينقصُ ذلك من آثامهم شيئاً)) [رواه مسلم]

ملے گا جو اس کی پیروی کریں گے لیکن ان کے اَجر میں کمی نہ کی جائے گی اور جو شخص گمراہی کی دعوت دے اسے ان لوگوں کے مطابق گناہ ہوگا جو اس کی پیروی کریں گے لیکن ان کے گناہوں میں کوئی کمی نہ کی جائے گی۔ (مسلم)

# کتاب العلم

## الترغيب فی طلب العلم وبيان فضله

## حصولِ علم کی ترغیب اور اس کی فضیلت کا بیان

(۲۵) ((عن معاوية بن ابی سفيان قَالَ: قَالَ رسول الله ﷺ: منْ يُرِدِ اللّٰه به خيراً يفقهه فِی الدِّين۔)) [متفق عليه]

(۲۵) حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا فرما دیتا ہے۔ [بخاری و مسلم]

(۲۶) ((وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ: من سلك طريقًا يلتمسُ فيهِ عِلمًا سهَّلَ اللّٰهُ له به طريقَ الجنة)) [رواه مسلم]

(۲۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص علم حاصل کرنے کے لیے کسی راستہ پر چلتا ہے تو اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کی راہ آسان بنا دیتا ہے۔ (مسلم)

(۲۷) ((وعنه قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ: اذا مات ابنُ آدم انقطعَ عملُهُ الا من ثلاثٍ: صدقةٍ جاريةٍ، او علمٍ يُنتفع به، او ولدٍ صالحٍ يدعو لهُ۔)) [اخرجه مسلم وأخرجه ابن ماجة وابن خزيمة من وجه آخر۔]

(۲۷) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب ابنِ آدم فوت ہوتا ہے تو تین کے سوا باقی اس کے تمام اعمال منقطع ہو جاتے ہیں (۱) صدقہ جاریہ (۲) علم جس سے نفع حاصل کیا جا رہا ہو اور (۳) نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی ہو۔ (مسلم، ابنِ ماجہ اور ابنِ خزیمہ نے اسے ایک دوسری سند سے روایت کیا ہے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# فصل فی فضل أهل العلم

## اہلِ علم کی فضیلت

(۲۸)(( عن أبی أمامة قَالَ: ذُكر لرسول اللّٰه ﷺ رجلان: أحدُهما عابدٌ' والآخر عالمٌ فَقَالَ رسول اللّٰه ﷺ : فضلُ العالمِ على العابدِ كفضلی علی أدناكم' ثُمَّ قَالَ ﷺ: اِنَّ اللّٰه وملائِكته' واهل السموات والارضِ حتَّى النملةَ فی جُحرِها' وحتیٰ الحوتَ ليصلُّون على مُعلِّمی الناسِ الخيرَ۔))

[اخرجه الترمذی و قال حديث صحيح]

(۲۸) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس دوآدمیوں کا ذکر ہوا' جن میں سے ایک عابد اور دوسرا عالم تھا' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عالم کو عابد پر اس طرح فضیلت حاصل ہے جیسے مجھے تم میں سے ایک ادنیٰ شخص پر فضیلت اور برتری حاصل ہے' آپ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ' اس کے فرشتے' آسمانوں اور زمینوں والے حتی کہ چیونٹی اپنی بل میں اور مچھلی (پانی میں) لوگوں کو بھلائی کی تعلیم دینے والوں کے لیے دُعا کرتے ہیں۔

(ترمذی اور انہوں نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا) [حسن لغیرہ]

(۲۹) ((وَعَنْ أبی ﷺ إن موسى الأشعری رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه مَثَلَ ما بعثنی اللّٰهُ به من الهدى والعلمِ كمثلِ غيثٍ أصابَ أرضاً فكانت مِنها طائفةٌ طيبةٌ قَبِلَتِ الماءَ وأنبتت العشبَ الكثيرَ والكلَأ وكان منها أجادب أمسكتِ الماءَ فنفع اللّٰهُ بها الناسَ فشربوا منها وسَقَوْا وزَرَعوا' وأصاب طائفةً أخرى منها إنما هی قيعان لا تمسك ماء' ولا تُنبت كلأً ' فذلك مَثَلُ من فقُه فی دين اللّٰه تعالیٰ' ونفعه ما بعثنی اللّٰه به فَعَلِمَ وَعَلَّمَ' وَمَثَلُ مَنْ لم يَرْفَعْ بذلك رأساً ولم يقبل هُدَى اللّٰه الذی أرسِلت به۔)) [متفق عليه]

(۲۹) حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جس علم اور ہدایت کے ساتھ مجھے مبعوث فرمایا ہے اس کی مثال اس بارش کی سی ہے' جو زمین پر برستی ہے تو زمین کے کچھ حصے زرخیز اور عمدہ ہوتے ہیں' وہ پانی کو قبول کر لیتے ہیں اور کثرت سے گھاس اور چارہ اُگاتے ہیں اور زمین کے کچھ حصے خشک اور نشیبی ہوتے ہیں وہ پانی کو روک لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے' وہ وہاں سے پانی پیتے' جانوروں کو پلاتے اور آبپاشی کرتے ہیں اور زمین کے ایک اور حصہ پر بارش نازل ہوتی ہے جو چٹیل ہے نہ تو وہ پانی کو روکتا ہے اور نہ گھاس اگاتا ہے' یہی مثال ہے اس کی جو دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرے' جس چیز کے ساتھ میں مبعوث کیا گیا ہوں' وہ اسے فائدہ پہنچائے اور وہ علم سیکھے اور دوسروں کو بھی سکھائے اور اس شخص کی مثال ہے جو اس کی طرف توجہ نہ کرے اور نہ اللہ کی اس ہدایت کو قبول کرے' جس کے ساتھ میں مبعوث کیا گیا ہوں۔ (بخاری و مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز .

www.KitaboSunnat.com



## فصل فیما جاء فی تبلیغ العلم

## علم کی تبلیغ کی فضیلت

(۳۰) (( عن ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سمعت رسول اللّٰه ﷺ یقول: نضّرَ اللّٰه امرأً سمع منا شیئاً فبلّغه کما سمعه فرُبَّ مبلّغ اوعی من سامع۔ )) [اخرجه ابوداود وصححه الترمذی وابن حبان ولفظه: رحم اللّٰه امرا۔]

(۳۰) حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کو تر و تازہ رکھے جس نے ہم سے کوئی چیز سنی اور اسے دوسروں تک اسی طرح پہنچا دیا جس طرح اس نے اسے سنا تھا کیونکہ ممکن ہے کہ جس تک یہ بات پہنچائی جائے وہ اس سے زیادہ یاد رکھنے والا ہو جس نے وہ ہم سے سنی ہے۔ (ابوداوٗد' امام ترمذی وابنِ حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے' ترمذی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ ''اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے)'' [حسن صحیح]

## الترغیب فی إکرام العلماء

## علمائے کرام کی عزت کرنے کی ترغیب

(۳۱) (( عن ابی موسی رضی اللہ عنہ اَنَّ رسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ان من اجلال اللّٰه اکرامَ ذی الشیبةِ المسلم' وحاملِ القرآنِ غیرِ الغالی فیه' ولا الجافی عنه' واکرام ذی السلطان المقسِط۔ ))[رواه ابوداؤد]

(۳۱) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک یہ بھی اللہ تعالیٰ کی تعظیم کا حصہ ہے کہ آدمی سفید بالوں والے مسلمان کا احترام کرے اور قرآن میں غلو نہ کرنے والے' اس سے بے پروائی نہ کرنے والے حافظ قرآن کی عزت کرے اور عادل بادشاہ کی تکریم کرے۔ (ابوداوٗد) [حسن]

(۳۲) (( وعنِ ابنِ عبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُمَا قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : البرکةُ مع اکابِرکم۔)) [رواه الطبرانی فِی الاوسط وصححه الحاکم۔]

(۳۲) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: برکت تمہارے بڑوں کے ساتھ ہے۔ (معجم اوسط' طبرانی۔ حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۳۳) (( وعن عبادة بن الصامت اَنَّ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ قال: لیس من أمتی من لم یُجِلَّ کبیرَنا ویرحم صغیرنا ویعرف

(۳۳) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ شخص میری اُمت میں سے نہیں ہے جو ہمارے بڑے کی عزت نہ کرے' چھوٹے پر شفقت نہ کرے اور ہمارے عالم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لعالِمنا )) [رواہ احمد والطبرانی وصححہ الحاکم لکن قَالَ: لیس منا۔]

کے حق کو نہ پہچانے۔ (احمد' طبرانی۔ حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے' حاکم کی روایت میں ہے کہ "وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے۔)" [حسن]

(۳۴) (( وعنِ ابنِ عبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لیس منا من لم یوقِّرِ الکبیرَ' ویرحمِ الصغیرَ' ویأمرْ بالمعروفِ وینهَ عن المنکر۔)) [رواہ أحمد والترمذی وصححہ ابن حبان۔]

(۳۴) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو بڑے کی عزت نہ کرے' چھوٹے پر شفقت نہ کرے' نیکی کا حکم نہ دے اور بُرائی سے منع نہ کرے"۔ (احمد' ترمذی۔ ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

## الترغیب فی طلب العلم وتعلمہ وتعلیمہ

## عِلم حاصل کرنے' سیکھنے اور سکھانے کی ترغیب

(۳۵) (( عن انسِ بن مالكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : طلبُ العلمِ فریضة علی کلِّ مسلمٍ وواضعُ العلمِ عند غیرِ أهله کمقلِّدِ الخنازیرِ الجواهر واللؤلؤَ والذهبَ ))[رواہ ابن ماجہ]

(۳۵) حضرت انسِ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "علم حاصل کرنا ہر مسلمان کے لیے فرض ہے اور علم کو نااہل شخص کے پاس رکھنے والا اس طرح ہے جیسے خنزیروں کے گلے میں جواہرات' موتی اور سونا پہنانے والا ہو۔ (ابنِ ماجہ) [صحیح]

(۳۶) (( وعنِ ابنِ عبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : من جاء اجلُه وهو یطلبُ العلمَ لقیَ اللّٰه ولم یکنْ بینهُ وبینَ النَّبیِّینَ الَّا درجةُ النبوّة )) [رواہ الطبرانی فِی الاوسط۔]

(۳۶) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کو علم حاصل کرتے ہوئے موت آئے' وہ اللہ تعالیٰ سے اس طرح ملاقات کرے گا کہ اس کے اور نبیوں کے درمیان صرف درجہ نبوت کا فرق ہو گا۔ (معجم اوسط' طبرانی) [ضعیف جدا]

(۳۷) (( وعن سَهلِ بنِ معاذ بن انسٍ عن ابیه ان رسول اللّٰه ﷺ قَالَ: مَنْ علَّم علماً فلَهُ اجرُ من عملَ بهِ لا یَنقصُ من اَجرِ العامِلِ شیءٍ۔ ))[اخرجہ ابن ماجہ]

(۳۷) سہل بن معاذ بن انس اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے کسی کو علم سکھایا تو اسے عمل کرنے والوں کے مطابق اَجر وثواب ملے گا' جب کہ عمل کرنے والوں کے ثواب میں بھی کوئی کمی نہ کی جائے گی۔ (ابنِ ماجہ) [حسن لغیرہ]

(۳۸) (( وَعَنْ اَبِی ذرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۳۸) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : یا ابا ذرٍّ لَانْ تغدوَ فَتتعلَّم آیةً من کتاب اللّٰه خیرٌ لكَ من أن تصليَ مائةَ ركعةٍ، ولأن تغدُوَ فَتتعلَّم بابًا من العلم عُملَ به أو لَمْ يُعملْ به خَيرٌ لكَ من انْ تُصلِّي الفَ ركعةٍ۔))

[رواه ابن ماجه واسناده حسن۔]

فرمایا ''اے ابوذر! اگر تم صبح جا کر کتاب اللہ کی ایک آیت سیکھ لو تو یہ ایک سو رکعت نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور اگر تم علم کا ایک باب سیکھ لو خواہ اس کے مطابق عمل کیا جاتا ہو یا نہ کیا جاتا ہو تو یہ ایک ہزار رکعت پڑھنے سے بہتر ہے۔ (ابن ماجہ اس کی سند حسن ہے)

[ضعیف]

(۳۹) ((وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سمعت رسولَ اللّٰه ﷺ يقول: الدنْيا ملعونةٌ وملعونٌ ما فيها إلا ذكرَ اللّٰه، وما والاهُ، وعالمًا ومتعلماً۔)) [رواه الترمذی وحسنه وابن ماجه۔]

(۳۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''دنیا ملعون ہے اور ملعون ہے جو کچھ اس میں ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر، اس کے متعلقات اور عالم اور طالب علم کے۔ (امام ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے، ابن ماجہ) [حسن]

## فصل فِی الرحلة فِی العلم

## علم حاصل کرنے کے لیے سفر کرنا

(۴۰) (( روى أحمد والطبرانی عن صفوان بن عسال قَالَ: أتيت النبی ﷺ وهو فِی المسجد متكیءٌ على بُردٍ له أحمرَ، فقلتُ له يا رسول اللّٰه إنی جئتُ أطلبُ العلمَ، فَقَالَ: مرحباً بطالبِ العلمِ إنَّ طالبَ العلمِ تحفُّه الملائكةُ بأجنحتِها، ثم يركبُ بعضُهم بعضاً حتى يبلغَ السماءَ الدنيا من حبّهمْ لما يطلُب۔)) [واسناده جيد]

(۴۰) احمد اور طبرانی نے صفوان بن عسال سے روایت کیا ہے کہ میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ ﷺ اس وقت مسجد میں اپنی سرخ رنگ کی چادر کا تکیہ لگائے ہوئے تھے، میں نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ ﷺ! میں علم حاصل کرنے کے لیے حاضر ہوا ہوں؟ فرمایا: خوش آمدید اے طالب علم! طالب علم کو تو فرشتے اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں اور پھر ایک دوسرے کے اوپر سوار ہو کر وہ آسمانِ دنیا تک جا پہنچتے ہیں وہ اس کی مطلوب چیز سے اپنی محبت کی بناء پر کرتے ہیں۔ (اس کی سند ''جید'' ہے) [حسن]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغيب فی نشر العلم والترهیب من کتمه

## عِلم کے پھیلانے کی ترغیب اور اسے چھپانے پر وعید

(۴۱) (( عن ابنِ مسعود رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ الدَّالُّ علی الخیرِ کفاعِلِه۔)) [اخرجه البزار و صححه ابن حبان بلفظ من دلَّ علی خیر فله مثل اَجر فاعله۔]

(۴۱) حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نیکی بتانے والا اس پر عمل کرنے والے کی مانند ہے۔ اسے بزار نے روایت کیا ہے' ابنِ حبان نے اسے بالفاظ جس نے نیکی کی راہ دکھائی اسے بھی اس کو بجالانے والے کے برابر اَجر ملتا ہے روایت کیا ہے اور اسے صحیح کہا ہے۔ [حسن لغیرہ]

## فصل

(۴۲) (( عن ابی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : من سُئِلَ عن علمٍ فکَتَمَهُ اُلْجِمَ یوم القیامة بِلجامٍ من نارٍ۔)) [رواہ ابوداود والترمذی وحسنه وابن ماجه والبیهقی وصححه ابن حبان والحاکم وفی روایة لابنِ ماجه: ما من رجل یحفظ علما فیکتمه إلا أتی یومَ القیامة ملجومًا بلجامٍ من نارٍ۔]

(۴۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص سے عِلم کے بارہ میں سوال کیا گیا اور اس نے اسے چھپایا تو اسے قیامت کے دن مُنہ میں آگ کی لگام پہنائی جائے گی (ابوداؤد' ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے۔ ابنِ ماجہ' بیہقی۔ ابنِ حبان وحاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ ابنِ ماجہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص عِلم رکھتا ہو اور پھر وہ اسے چھپائے تو وہ قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس کے مُنہ میں آگ کی لگام دی گئی ہوگی)[صحیح]

## الترهیب من تعلم العلم لغیر اللّٰه تعالی

## غیر اللہ کے لیے عِلم سیکھنے پر وعید

(۴۳) (( عن ابنِ عباس رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُمَا عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قال : إنَّ ناساً من أمتی سیتفقهون فِی الدین یقرؤونَ القرآنَ یقولونَ نأتی الأمراءَ فنصیبُ من دنیاهم ونَعْتَزِ لهم بدِیننا' ولا یکونُ ذلک۔ کما لا

(۴۳) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میری اُمت کے کچھ لوگ دین کا عِلم حاصل کریں گے' قرآن پڑھیں گے (اور) وہ کہیں گے کہ ہم امراء کے پاس جاتے ہیں تا کہ ہم بھی ان کی دنیا میں سے حصّہ حاصل کر لیں اور اپنے دین کو ان سے بچا کر رکھیں گے مگر ایسا نہ ہوگا جس طرح ببول سے کانٹے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يُجْتَنى من القتاد لا الشَّوكُ، كذلكَ لا يُجْتَنَى من قُرْبِهِم اِلَّا۔ يعني ۔ الخطايا۔)) [ رواه ابن ماجه ورجاله ثقات۔]

ہی حاصل ہو سکتے ہیں[1] اسی طرح ان کے قرب سے گناہوں کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ (ابنِ ماجہ' اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں)[ضعیف]

(۴۴) (( وَعَنْ أَبِي برزة الأسلمي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : لا تزولُ قَدَما عبدٍ يوم القيامة حتى يُسألَ عنْ عُمُره فيم أفْناهُ، وعن عِلْمِه فيم فَعَل فِيهِ، وعَنْ مالِه مِن أينَ اكْتَسبهُ وفيم أنْفَقه، وعنْ جِسمه فيم أبلاهُ؟)) [رواه الترمذی و صححهٗ]

(۴۴) حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن کسی آدمی کے قدم اس وقت تک نہیں ہلیں گے جب تک اس سے یہ سوال نہ کر لیا جائے گا کہ (۱) عمر کہاں صرف کی (۲) علم کے مطابق کہاں تک عمل کیا (۲) مال کیسے کمایا اور کہاں خرچ کیا اور (۳) جسم کو کہاں کھپایا (ترمذی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)[صحیح]

## الترهيب من الدعوى فِي العلم والعجب والمراء

## عِلم کے بارے میں دعوۓ فخر اور فضول بحث پر وعید

(۴۵) (( عن أبي بن كعب رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: قام موسى عليه السلام خطيباً في بني اسرائيلَ فسُئِل أيُّ الناسِ أعلم؟ فَقَالَ أنا أعلم فَعَتِبَ اللّٰه عليه إذ لَمْ يَرُدَّ العلمَ إليهِ۔ الحديث)) [متفق عليه]

(۴۵) حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ موسیٰ بنی اسرائیل میں کھڑے خطبہ دے رہے تھے کہ آپ سے پوچھا گیا کہ سب سے بڑا عالم کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ سب سے زیادہ علم والا میں ہوں اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہوئے کہ علم کی نسبت اللہ کی طرف کیوں نہ کی؟ (بخاری و مسلم) یعنی یہ کیوں نہ کہا کہ اللہ اعلم۔

(۴۶) ((وعن عائشة رضی اللہ عنہا قالَت: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : إن أبغض الرجال إلى اللّٰه الالَدُّ الخَصِم۔)) [متفق عليه۔ الالد بالتشديد الشديد فِي الخصومة والخصم بكسر الصاد۔]

(۴۶) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ شخص وہ ہے جو سخت جھگڑالو ہے۔ (بخاری و مسلم)

---

(۱) اس حدیث میں آنحضرت ﷺ اس طرف اشارہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اس لیے علم حاصل کرتا ہے کہ وہ بادشاہ کے ہاں جاہ و مرتبہ اور تقرب حاصل کر لے تو یہ اس کے لیے باقی نہ رہے گا کہ تملق اور تقرب سے تو گناہ ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں جس طرح ببول کے درخت سے صرف کانٹے ہی چنے جا سکتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۴۷) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: [الْمِرَاءُ] فِی القرآنِ کُفْرٌ۔ رواہ احمد، ابو داوود و صححہ ابن حبانِ

(۴۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قرآن میں جھگڑا کرنا کفر ہے۔[1] (احمد، ابوداوؤ، ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن صحیح]

# کتاب الطھارة و ذکر ابوابھا

# طہارت کا بیان اور اس کے متعلقہ مسائل کا ذکر

## الترھیب من التخلی فی طرق الناس وظلھم و غیر ذلک من آداب الخلاء

## لوگوں کے راستوں اور سایہ کی جگہوں وغیرہ میں قضاء حاجت پر وعید اور دیگر آداب

(۴۸) (( عن ابی ھریرة ان النبی ﷺ قال: اتقوا اللَّاعِنَیْن: قالوا وما اللَّاعِنانِ؟ قال الذی یتخلی فی طُرُقِ الناسِ أو فِی ظِلِّھم)) [رواہ مسلم]

(۴۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ لعنت کا سبب بننے والے دو کاموں سے بچو، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ دو کام کیا ہیں؟ فرمایا (۱) لوگوں کے راستوں اور (۲) سایہ کی جگہوں میں قضاءِ حاجت کرنا۔ (صحیح مسلم)

(۴۹) (( وعن حذیفہ بن أسید أن النبی ﷺ قال: من آذی المسلمینَ فی طُرقِھم. وَجبت علیه لَعْنَتُھم )) [رواہ الطبرانی]

(۴۹) حضرت حذیفہ بن اسید سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص مسلمانوں کو ان کے راستوں میں (قضاء حاجت کر کے) تکلیف دیتا ہے اس پر ان کی لعنت پڑ جاتی ہے۔ (طبرانی) [حسن]

(۵۰) (( وعن ابی ھریرة رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: مَنْ لم یستقبلِ القبلةَ ولم یسْتدبرْھا فی الغائط کُتبَ له حسنة ومُحیتْ عنهُ سیئةٌ)) [رواہ الطبرانی۔]

(۵۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص رفع حاجت کے وقت قبلہ کی طرف نہ منہ کرے اور نہ پشت تو اس کے لیے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے اور اس کی ایک برائی کو مٹا دیا جاتا ہے۔ (طبرانی) [صحیح]

---

(۱) حدیث میں جو لفظ ((المراء)) ہے اس کے معنی جھگڑا کے ہیں لیکن ابوعبید فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں جھگڑے سے مُراد معنی و مفہوم میں اختلاف نہیں ہے بلکہ اس سے الفاظ کا اختلاف مُراد ہے مثلاً یہ کہ ایک آدمی ایک طرح پڑھے اور دوسرا یہ کہے کہ نہیں یہ اس طرح نہیں ہے بلکہ اس سے مختلف ہے حالانکہ دونوں طرح درست ہے اور اسے پڑھا جا سکتا ہے لیکن جب ایک شخص اپنے ساتھی کی قرأت کا انکار کر دے تو خدشہ ہوگا کہ وہ کفر تک نہ پہنچ جائے کیونکہ اس نے ایک ایسی قرأت کا انکار کیا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر نازل فرمایا تھا' اس سلسلہ میں ایک قول یہ ہے کہ جھگڑا و جدال ان آیات میں منع ہے جن میں تقدیر وغیرہ کا ذکر ہے۔ واللہ اعلم۔ النہایہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترهيب من البول فی الماء والمغتسل والجحر

## پانی، غسل خانہ اور سوراخ میں پیشاب کرنے پر وعید

(۵۱) ((عن عبدِ اللّٰہ بن یزیدَ عن النبی ﷺ قال: لا ینقع بَولٌ فی طَسْتٍ فی البیتِ۔ فإنَّ الملائکۃَ لا تدخلُ بیتًا فیه بول مُنتقِع ولا تبولَنَّ فی مغتَسِلكَ۔)) [رواہ الطبرانی فی الاوسط وصححه الحاكم، وحدیث ابی ھریرۃ فی النھی عن البول فی الماء الراکد۔ متفق علیه، واخرجه مسلم من حدیث جابر والطبرانی فی الاوسط بلفظ الماء الجاری۔]

(۵۱) حضرت عبداللہ بن یزید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ گھر میں کسی برتن میں پیشاب جمع کر کے نہ رکھا جائے کیونکہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کسی برتن میں پیشاب جمع ہو نیز اپنے غسل خانہ میں بھی پیشاب نہ کرو۔ (معجم اوسط، طبرانی۔ حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث میں کھڑے پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت ہے (بخاری و مسلم) مسلم نے اسے بروایت جابر ذکر کیا ہے اور معجم اوسط طبرانی کی روایت میں جاری پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت بھی ہے) [صحیح]

(۵۲) (( وعن عبد اللّٰہ بن سَرْجَسٍ رضی اللہ عنہ قالَ: نهی رسولُ اللّٰہ ﷺ أن یُبالَ فی الجُحْرِ۔ قال قتادۃ کان یُقال انّها مساکنُ الجِنَّ )) [رواہ احمد و أبوداود والنسائی۔]

(۵۲) حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بلوں میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا ہے۔ قتادہ کہتے ہیں کہ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ جنوں کے گھر ہیں۔ (احمد، ابوداؤد، نسائی) [ضعیف]

## الترھیب من اصابة البول الثوب وغیرہ وعدم الاستنزاہ منه

## کپڑے وغیرہ کو پیشاب کے چھینٹوں سے ملوث کرنے اور اس سے پرہیز نہ کرنے پر وعید

(۵۳) (( عن ابنِ عباس رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ عامَّةُ عذابِ القبرِ من البولِ۔ فاسْتَنْزِهوا منَ البَولِ۔)) [رواہ البزار والطبرانی وصححه الحاكم وقال الدارقطنی إسنادہ لا بأس به۔]

(۵۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ زیادہ تر عذاب قبر پیشاب کی وجہ سے ہوگا لہذا پیشاب کے چھینٹوں سے بچو۔ (بزار، طبرانی، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا اور امام دارقطنی فرماتے ہیں کہ اس کی سند میں کوئی عیب نہیں) [صحیح لغیرہ]

(۵۴) (( وعن جابر بن عبد اللّٰہ رضی اللہ عنہما عن النبی ﷺ قال: من کان یُؤْمِنُ باللّٰہ والیومِ

(۵۴) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الْاخرِ فلا يَدْخُلِ الحمَّامَ الا بمئزرٍ ومنْ كان يومنُ بِاللّٰه واليومِ الْاخر فلا يُدخِلْ حليلته الحمَّامَ)) [رواه النسائى والترمذى وحسنه والحاكم وصححه۔]

رکھتا ہوا سے حمام میں تہہ بند کے بغیر داخل نہ ہونا چاہئے اور جو اللہ تعالیٰ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہوا سے چاہئے کہ اپنی بیوی کو حمام میں داخل نہ کرے۔ (نسائی' ترمذی' مؤخر الذکر نے اسے حسن کہا اور حاکم نے اسے روایت کیا اور صحیح قرار دیا ہے)[1] [صحیح لغیرہ]

## الترهيب من تاخير الغسل والترغيب فى المحافظة على الاغتسال من الجنابة

## غسل میں تاخیر پر وعید اور غسل جنابت کی حفاظت کی ترغیب

(٥٥) ((عن على بن ابى طالب ﷛ عن النبى ﷺ قال: لا تَدخلُ الملائكةُ بيتاً فيهِ صورة ' او كلب' ولاجنب)) [رواه أبوداود والنسائى وصححه ابن حبان]

(٥٥) حضرت علی بن ابی طالب ﷛ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر' یا کتا یا جنبی شخص ہو۔[2] (ابوداوٗد' نسائی' ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے)۔ [ضعیف]

## الترغيب فى المحافظة على الوضوء

## وضوء کی حفاظت کی ترغیب

(٥٦) ((عن ابى هريرة ﷛ قال قال رسول اللّٰه ﷺ :لو لا أنْ أشُقَّ على أمَّتي لَامَرْتُهم عِندَ كُلِّ صلاة بوُضُوءٍ ومع كلِّ وضُوء بسِوِاكٍ۔)) [اخرجه احمد باسناد حسن]

(٥٦) حضرت ابو ہریرہ ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ میں اپنی اُمت کو مشقت میں ڈال دوں گا تو میں انہیں حکم دیتا کہ ہر نماز کے لیے وضو کریں اور ہر وضو مسواک کے ساتھ کریں۔ (احمد' اس کی سند حسن ہے)۔[3]

---

(١) اس سیاق کے ساتھ یہ حدیث ترمذی میں ہے اس میں یہ بھی ہے کہ جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہوا یسے دسترخوان پر نہ بیٹھے جہاں شراب کا دور چل رہا ہو۔ نسائی نے صرف الابمئزر تک روایت کیا ہے۔ حمام اجتماعی غسل خانوں کو کہتے ہیں۔ سوئمنگ پول کا بھی یہی حکم ہوگا۔ (ازہر)

(٢) یہاں جنبی شخص سے مراد وہ ہے جو غسل جنابت میں سستی کرے' غسل نہ کرے اور اسے عادت ہی بنالے' اس سے مراد وہ جنبی نہیں ہے جو غسل میں تاخیر کرے اور جب نماز کا وقت ہو جائے تو پھر غسل کرے۔ کتے سے مراد وہ کتا ہے جسے شکار یا حفاظت وغیرہ کی ضرورت کے بغیر رکھا گیا ہو۔ خطابی فرماتے ہیں کہ یہاں رحمت و برکت کے فرشتے مراد ہیں' کراماً کاتبین مراد نہیں کیونکہ وہ تو جنابت و عدمِ جنابت کسی حال میں بھی انسان سے الگ نہیں ہوتے۔

ملاحظہ ہو: ولاجنب کا اضافہ اس حدیث میں صحیح نہیں ہے۔ (ضعیف الجامع الصغیر للمحدث الالبانی)۔ تاہم اس بارے میں بعض صحیح احادیث بھی وارد ہیں۔ ازہر۔

(٣) یہ حدیث منذری نے ذکر نہیں کی اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔ مسند احمد (٢/٢٥٩) میں یہ الفاظ ہیں لو لا آن اشق على امتى لأمرتهم عند كل صلاة بوضوء أو مع كل وضوء بسواك ولا خرت العشاء الاخرة إلى ثلث الليل۔ اگر میں اپنی امت پر مشقت نہ سمجھتا تو انہیں ہر نماز کے لیے وضوء کرنے کا حکم دیتا (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵۷) ((وعن عبدِ اللّٰه بنِ بُرَیْدَةَ عن أبیه قال: أصبح رسول اللّٰه ﷺ یومًا فدعا بلالًا، فقال یا بلالُ: بما سبقْتنی إلی الجنةِ؟ إنی دخلت البارحةَ الجنةَ فسمعتُ خشخشتك أمامی فقال بلالٌ یا رسول اللّٰه:ما أذّنتُ قط إلا صلّیتُ رکعتینِ وما أصابنی حَدثٌ قط إلا توضأتُ عندَها فقال رسول اللّٰه ﷺ : لهذا۔)) [اخرجه ابن خزیمه وفی روایة ما اذنبت بزیادة موحدة]

(۵۷) حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن صبح کے وقت رسول اللہ ﷺ نے بلال رضی اللہ عنہ کو بلایا اور فرمایا" تم مجھ سے پہلے جنّت میں کس طرح چلے گئے؟ میں رات (خواب میں) جنّت میں داخل ہوا تو میں نے اپنے آگے تمہارے قدموں کی آہٹ سنی" حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیا" : یارسول اللہ! میں نے جب بھی اذان دی' اس کے بعد دو رکعتیں ضرور پڑھی ہیں اور جب بھی بے وضو ہوا تو اس کے بعد وضو ضرور کیا ہے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بس یہی وجہ ہے (ابن خزیمہ' ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مجھ سے جب بھی گناہ ہوا تو اس کے بعد میں نے دو رکعتیں ضرور پڑھی ہیں) [صحیح]

## الترهیب من ترک التسمیة علی الوضوء عامدًا

### جان بوجھ کر وضو کے آغاز میں بسم اللہ نہ پڑھنے پر وعید

(۵۸) (( عن ابی هریرة قال:قال رسول اللّٰه ﷺ لا صلاة لمنْ لا وُضوءَ له وَلا وضُوءَ لمَنْ لَم یذکرِ اسمَ اللّٰهِ عَلیْه۔)) [رواه احمد و أبوداوود وابن ماجه وصححه الحاکم]

(۵۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس کا وضو نہ ہو اس کی نماز نہیں اور جو وضو کرتے ہوئے بسم اللہ نہ پڑھے' اس کا وضو نہیں ہے۔ (احمد' ابوداؤد' ابنِ ماجہ' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے)۔[حسن لغیرہ]

## الترغیب فی السواک وما جاء فی فضله

### مسواک کی ترغیب اور فضیلت

(۵۹) (( عن زَیْدِ بنِ خالدٍ قال:ما کان رسول اللّٰه ﷺ یَخرجُ من بَیْتِه لشیْ من الصلاة حتّٰی یَستاکَ۔)) [رواه الطبرانی والاحادیث فی مواظبة النبی ﷺ علی السواك کثیرة]

(۵۹) حضرت زید بن خالد سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اس وقت تک اپنے گھر سے کسی نماز کے لیے باہر تشریف نہیں لاتے تھے جب تک مسواک نہ فرمالیتے۔ (طبرانی۔ وہ احادیث جن میں رسول اللہ ﷺ کی مسواک پر باقاعدگی کا تذکرہ ہے' بہت ہیں) [ضعیف]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(٦٠) (( وعن ابنِ عباس رضی اللہ عنہما أن رسول اللّٰہ ﷺ قال: لَانْ أصلّی رکعتین بسواكٍ احبُّ الی من أنْ اصلّی سبعینَ رکعةً بغیرِ سواكٍ۔)) [رواہ أبونعیم بإسناد جید وأخرج من حدیث جابر نحوہ بإسناد حسن]

(٦٠) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مسواک کے ساتھ دو رکعت پڑھنا مجھے بغیر مسواک کے ستر رکعتیں پڑھنے سے زیادہ پسند ہے۔ (ابونعیم جید سند کے ساتھ نیز بروایت جابر حسن سند کے ساتھ) [ضعیف]

(٦١) (( وعن ابنِ عباس رضی اللہ عنہما عن النبی ﷺ قال:لقد اُمِرْتُ بالسِّواكِ حتی ظَننتُ انه یَنزلُ علیَّ فیهِ القُرآنُ' او وحی)) [رواہ ابو یعلی واحمد بنحوہ]

(٦١) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اس قدر کثرت کے ساتھ مسواک کا حکم دیا گیا حتی کہ میں نے خیال کیا کہ اس کے بارہ میں مجھ پر قرآن یا وحی نازل ہو گی۔ (ابویعلی' احمد) [حسن لغیرہ]

## الترغیب فی الوضوء وإسباغه

## وضو اور اسے اچھی طرح کرنے کی ترغیب

(٦٢) (( عن أبی هریرة قال:سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول: إن أمتی یُدْعَونَ یَوم القیامة غُراً مُحجَّلینَ من آثارِ الوضوءِ' فمن استطاعَ منکم أن یُطیلَ غُرَّته فَلْیَفْعلْ۔)) [متفق علیه' ولمسلم: تبلغُ الحِلیةُ من المؤمنِ حیثُ یبلغُ الوضوءُ' ولابن خزیمة:حیثُ تبلغُ مواضعُ الطهور۔ قوله الحلیة یعنی ما تحلی به أهل الجنة من الأَساور ونحوها]

(٦٢) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کو قیامت کے دن جب بلایا جائے گا تو ان کے ہاتھ' پاؤں اور چہرے وضو کے نشانات کی وجہ سے چمکتے دمکتے ہوں گے لہذا جس شخص کو اپنی چمک دمک میں اضافہ کی طاقت ہو وہ اس میں ضرور اضافہ کرے (بخاری' مسلم' مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ مومن کو وہاں تک زیور پہنایا جائے گا جہاں تک وضو کا پانی پہنچتا ہو' ابنِ خزیمہ کی روایت میں ہے کہ وضوء کے مقامات تک زیور پہنایا جائے گا' زیور سے مراد اہل جنت کو پہنائے جانے والے کنگن وغیرہ ہیں)۔

(٦٣) ((وعن عَمرو بن عبسة عن النبی ﷺ قال:ما مِنکم رجلٌ یقرِّبُ وضوءَہ فیُمضمضُ' ویَستنشِقُ إلا خرت خطایا وجْهِهِ من فِیهِ وخَیَاشِیمِه' ثم إذا غَسلَ وجهَه کما أمرهُ اللّٰہ إلا خرت

(٦٣) حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص وضو کا پانی لے کر وضو کرے' کلی کرے' ناک صاف کرے اور مسواک کرے تو اس کے چہرے کے گناہ اس کے منہ اور نتھنوں کے راستے جھڑ جاتے ہیں' پھر اگر وہ اس طرح منہ دھوئے جس طرح اللہ تعالیٰ نے دھونے کا حکم دیا ہے' تو اس کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



خَطایا وجهِه من اطرافِ لِحیتِه مع الماءِ' ثُمَّ یغسلُ یَدیهِ إلی المِرفقینِ إلا خرجتْ خطایا یَدیهِ من أناملِه مع الماءِ' ثُمَّ یمسحُ راسهُ إلا خرتْ خَطایا رأسهِ من أطرافِ شعرهِ مع الماءِ' ثم یغسلُ قدمیهِ إلی الکعبینِ إلا خرت خطایا رِجلیه من أناملِهِ مع الماءِ' فَصلّٰی' فحمِدَ اللّٰهَ تعالٰی' فإن هو قَامَ و أثنی علیه' ومجَّدهُ بالذی هو لهُ أهْلٌ' و فَرَّغَ قلبَه للّٰهِ انصرَفَ من خطیته کیومَ ولدْتهُ امُّهٗ۔)) [الحدیث أخرجه مسلم مطولاً]

چہرے کے گناہ داڑھی کے بالوں کے کناروں سے پانی کے ساتھ جھڑ جاتے ہیں' پھر جب وہ دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک دھوئے تو اس کے ہاتھوں کے گناہ پانی کے ساتھ اس کی انگلیوں کے پوروں سے جھڑ جاتے ہیں' پھر جب وہ اپنے سر کا مسح کرے تو سر کے گناہ پانی کے ساتھ بالوں کے کناروں سے جھڑ جاتے ہیں' پھر جب وہ اپنے دونوں پاؤں کو ٹخنوں تک دھوئے تو اس کے پاؤں کے گناہ انگلیوں کے پوروں سے پانی کے ساتھ جھڑ جاتے ہیں' پھر وہ نماز پڑھے' اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے' کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کی ثناء اور تمجید اس طرح بیان کرے جس کا وہ مستحق ہے اور اپنے دِل کو اللہ تعالیٰ کی یاد کے لیے فارغ کرے تو وہ خود گناہوں سے اس طرح پاک صاف ہو جاتا ہے جیسے وہ اس دن تھا جس دن اُسے اُس کی ماں نے جنم دیا تھا۔ (مسلم اور یہ حدیث کافی طویل ہے)

(٦٤) (( وعن أبی أمامة قال سمعت رسول اللّٰه ﷺ یقول:من توضّأ فأسبغَ الوضوءَ غسلَ یدیهِ ووجهَهُ ومسحَ علی رأسهِ وأذنیهِ وغسلَ رِجلیهِ ثمَّ قامَ اِلی صلاةٍ مفروضة غُفرَلَهُ فی ذلكَ الیومِ ما مشَتْ إلیهِ رِجلاهُ وقبَضَتْ علیه یَداهُ وسمِعَتْ إلیهِ أذناهُ ونظرَتْ إلیهِ عَیناهُ وحدَّثَ به نفسَهُ من سُوءٍ۔ قال:واللّٰه لقد سمعتُ من نبی اللّٰه ﷺ ما لا أحْصیه۔ وله فی روایة:الوضوءُ یکفِّرُ ما قبْلهُ ثم تَصیر الصلاة نافلةً۔ وفی أخرٰی: إذا توضّا الرجلُ المسلمُ خرجتْ ذنوبهُ من سَمعِه وبصرهِ' ویدَیه ورِجلیهِ' فإنْ قَعَدَ' قَعَدَ مغفوراً له۔ )) [واسناد هذه حسن۔

(٦٤) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص وضوء کرے اور اچھے طریقے سے وضوء کرے' دونوں ہاتھوں اور چہرے کو دھوئے' سر اور کانوں کا مسح کرے اور دونوں پاؤں کو دھوئے اور پھر فرض نماز ادا کرنے کو کھڑا ہو تو اس کے اس دن کے وہ سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں' جن کی طرف اس کے پاؤں چلے' جو اس کے ہاتھوں نے پکڑا' کانوں نے سنا' آنکھوں نے دیکھا اور دِل میں بُرا خیال آیا۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ ہم نے آپؐ کو بے شمار مرتبہ یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ انہی کی ایک دوسری روایت میں ہے کہ وضو سابقہ تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے' اور نماز کا الگ ثواب' ایک اور روایت میں ہے کہ جب مسلمان آدمی وضو کرتا ہے تو اس کے گناہ کان' آنکھ' ہاتھوں اور پاؤں سے خارج ہو جاتے ہیں اور وضو کر کے بیٹھے تو وہ اس حالت میں بیٹھا ہوتا ہے کہ اس کے گناہ معاف ہو چکے ہوتے ہیں (اس کی سند حسن ہے اور اسی راوی سے طبرانی کی ایک

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وللطبرانی عنه:اذا توضّا الرجلُ کما اُمر ذَهبَ الإثم من سَمعه، وبَصره و يَدَيه، ورِجليهِ۔ وسندها حسن۔]

روایت میں ہے کہ) جب آدمی اس طرح وضو کرے جس طرح اسے وضو کرنے کا حکم دیا گیا ہے تو گناہ اس کے کان، آنکھ، ہاتھوں اور پاؤں کی راہ خارج ہو جاتے ہیں۔ (اس روایت کی سند حسن ہے)[1] [ضعیف]

(٦٥) (( وعن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال:من اَتَمَّ الوضوءَ کما اُمرهُ اللّٰه فالصَّلواتُ المکتوباتُ کفاراتٌ لِما بینهنَّ۔)) [رواه النسائی وابن ماجه بسند صحیح۔]

(٦٥) حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جس نے اس طرح مکمل وضو کیا جس طرح اللہ تعالیٰ نے اسے حکم دیا ہے تو فرض نمازیں درمیانی (اوقات کے گناہوں کا) کفارہ بن جاتی ہیں۔ (نسائی، ابن ماجہ، بسند صحیح) [صحیح]

## الترغیب فی کلمات یقولهن بعد الوضو

## وضو کے بعد کے اذکار کی ترغیب

(٦٦) ((عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال:ما مِنکم مِن أحدٍ یتوضّأُ فَیُبلغُ، أو یُسبغُ الوضوءَ ثم یقولُ: أشهدُ أن لا اِلهَ الا اللّٰهُ وحدَهُ لا شریكَ له، وأشهدُ أن محمداً عبدُهُ ورَسُولُه الا فُتِّحَتْ لهُ أبوابُ الجنَّةِ الثمانیةُ یدخلُ مِن أیِّها شاءَ۔ )) [رواه مسلم و أبوداوود والترمذی وزاد ابوداوود فیُحسِنُ الوضوءَ ثم یرفعُ طَرفَهُ الی السَّماءِ وزادَ الترمذی اللهم اجْعلنی من التَّوابینَ واجْعلنی من المتطهِّرین۔ الحدیث]

(٦٦) حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بھی وضو کرے اور اچھے طریقے سے وضو کرے اور وضو کا پانی پہنچائے یا یوں فرمایا کہ پھر یہ کہے: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ (میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک حضرت محمد (ﷺ) اس کے بندے اور رسول ہیں) تو اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں کہ جس میں سے چاہے جنت میں داخل ہو جائے (مسلم، ابوداؤد، ترمذی، ابوداؤد[2] کی روایت میں ان الفاظ کا اضافہ بھی ہے کہ "اچھے طریقے سے وضو کرے اور اپنی نظر کو آسمان کی طرف اُٹھائے اور ترمذی کی روایت میں ان الفاظ کا اضافہ بھی ہے کہ اس

---

(۱) محدث البانی رحمہ اللہ نے اس روایت میں ایک جملہ و حدث به نفسه من سوء (اور دل میں برا خیال آیا) کو منکر قرار دیا باقی حدیث صحیح ہے۔

(۲) بروایت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ۔ ازھر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



کے بعد یہ کہے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ (اے اللہ مجھے بہت زیادہ توبہ کرنے والوں اور بہت زیادہ طہارت و پاکیزگی حاصل کرنے والوں میں سے بنادے)

## الترغیب فی رکعتین بعد الوضوء

### وضو کے بعد دو رکعت پڑھنے کی ترغیب

(٦٧) ( عن عقبةَ بن عامر رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : ما مِن أحدٍ يتوضَّأُ فيُحسِنُ الوضوءَ ويصلّي ركعتينِ يُقبِلُ بقلبه وَبِوجْهِهِ عَلَيهما' إلا وَجَبَتْ لَهُ الجنّةُ)) [رواه مسلم و أبوداود والنسائي وغيرهم۔]

(٦٧) حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بھی وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے اور دو رکعت اس طرح پڑھے کہ دل اور چہرے کے ساتھ خوب متوجہ ہو تو اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ (مسلم، ابوداؤد، نسائی وغیرہ)

(٦٨) (( عن زيد بن خالد الجُهَنيِّ ان رسول اللّٰه ﷺ قال:من تَوضَّأ فَأحْسَنَ الوضوءَ' ثم صلّى ركْعتينِ لا يَسْهو فيهِما' غُفِر لهُ ما تقدّمَ من ذَنْبِه۔)) [رواه ابوداؤد]

(٦٨) حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص وضو کرے اور احسن انداز میں وضو کرے پھر دو رکعتیں پڑھے کہ ان میں سہو کا شکار نہ ہو تو اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ (ابوداؤد) [حسن صحیح]

# کتاب الصلاۃ وذکر ابوابہ

### نماز کا بیان اور اس کے متعلقہ مسائل کا ذکر

## الترغیب فی اقامة الصلوة وتاکید وجوبها

### اقامت صلوٰۃ کی ترغیب اور فرضیت کی تاکید

(٦٩) (( عنِ ابنِ عمر رضی اللہ عنہما قالَ:قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ بُنی الإسلام عَلٰی خمسٍ:شهادةِ أن لا الٰهَ إلاّ اللّٰهُ' وأنَّ محمدًا عبدُهٗ و

(٦٩) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسلام کی بنیاد پانچ باتوں پر رکھی گئی ہے (١) یہ شہادت دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد ﷺ اس کے بندے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رسولهُ وإقامِ الصلاة وإيتاءِ الزكاةِ وحَجِّ البيت وصَومِ رمضانَ))[متفق عليه]

اور رسول ہیں (۲) نماز ادا کرنا (۳) زکوٰۃ ادا کرنا (۴) بیت اللہ کا حج کرنا اور (۵) رمضان کے روزے رکھنا۔ (بخاری و مسلم)

(۷۰) (( وعن أبي هريرة وابي سعيد قالا:خَطَبنا رسول الله ﷺ (يوما) فقال بيده: والذی نفسی بیده : ثلاثَ مراتٍ' ثم اكَبَّ فاكَبَّ كلُّ رجلٍ منا يَبكي' لَا ندري عَلى ماذا حَلَفَ' ثمَّ رَفَعَ رأسَه' وفي وجهِهِ البُشریٰ' فكانت احبَّ الينا مِن حُمُرِ النَّعَمِ۔ قال:ما مِنْ عبد يصلي الصلوات' الخمسَ ' ويصومُ رمضانَ' ويُخرج الزكاةَ ويَجتنبُ السبعَ الكبائرَ الا فُتِّحتْ له ابوابُ الجَنَّةِ۔ وقِيلَ لهُ ادخلْ بِسلامٍ۔)) [رواه النسائي واللفظ له وابن ماجه وصححه ابنُ خزيمة وابن حبان والحاكم وعندهم الا فتِّحتْ له ابوابُ الجنَّةِ الثمانيةُ يومَ القيامةِ حتى انَّها لتصطفق' ثم تلا:ان تَجتَنِبُوا كبائِرَ ما تُنْهَوْنَ عنهُ۔ الْآية]

(۷۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ و ابو سعید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن، ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔۔۔۔ یہ آپ ﷺ نے تین بار فرمایا۔۔۔۔ پھر آپ ﷺ نے سر جھکایا اور ہم میں سے ہر شخص سر جھکا کر رونے لگا کہ نا معلوم آپ ﷺ نے کس بات پر قسم کھائی ہے' پھر آپ ﷺ نے سر اُٹھایا اور آپ ﷺ کے چہرۂ انور پر بشارت تھی اور یہ مسکراہٹ ہمیں سرخ اُونٹوں سے بھی زیادہ محبوب تھی' آپ ﷺ نے فرمایا'': جو شخص بھی نماز پنج گانہ ادا کرے' رمضان کے روزے رکھے' زکوٰۃ ادا کرے اور ساتوں کبیرہ گناہوں[1] سے اجتناب کرے' تو اس کے لیے جنت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور اس سے کہا جائے گا کہ سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ (نسائی' اور الفاظ بھی انہی کی روایت کے ہیں) ابنِ ماجہ' اور اسے ابنِ خزیمہ' ابن حبان اور حاکم نے صحیح کہا ہے۔ اُن کے الفاظ بھی یوں ہیں کہ: ''اس کے لیے قیامت کے دن جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے' حتیٰ کہ کثرت ہجوم سے دروازے کھڑکھڑانے لگیں گے' پھر آپ ﷺ نے یہ آیت کریمہ بھی تلاوت فرمائی (جس کا ترجمہ یہ ہے) کہ اگر تم ان کبیرہ گناہوں سے اجتناب کرو گے جن سے تمہیں منع کیا جاتا ہے...... ) [ضعيف]

(۷۱) (( وعن ابی هريرة عن النبي ﷺ قال:الإِسلامُ أن تعبدَ اللّٰه ولا تُشركَ به شيئًا وتقيمَ الصَّلاةَ ' وتؤتي الزكاةَ' وتصومَ رمضانَ' وتحجَّ' والَامرُ

(۷۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اسلام یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ بناؤ' نماز قائم کرو' زکوٰۃ ادا کرو' رمضان کے روزے رکھو' حج کرو' نیکی کا حکم دو' بُرائی سے منع کرو' اپنے گھر والوں کو

(۱) بخاری و مسلم کی حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں ان سات کبیرہ گناہوں کی تفصیل اس طرح آئی ہے: (۱) اللہ تعالیٰ کی ذات گرامی کے ساتھ شرک (۲) جادو (۳) ناحق قتل (۴) سود کھانا (۵) یتیم کا مال کھانا (۶) جنگ کے دن فرار ہونا اور (۷) پاک دامن' معصوم اور غافل عورتوں پر تہمت لگانا۔ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بالمعروفِ، والنهي عن المنكرِ ، وتسليمُكَ على أهلِكَ، فمن انتقصَ مِنهُنَّ شيًا فهُو سَهْمٌ مِنَ الِاسلام يَتر كُهُ، ومن تركَهنَّ فقد وَلّٰى الاسلامَ ظَهرَهٗ۔))

[رواه الحاكم]

سلام کہو' جوان میں سے کسی بات کو چھوڑ دے تو وہ اسلام کے ایک حصے کو چھوڑتا ہے اور جو ان سب کو چھوڑ دے اس نے اسلام کی طرف پشت کر لی۔ (حاکم) [صحیح لغیرہ]

(۷۲) (( وعن يُوسف بنِ عبدِ اللّٰه بن سَلَام قال:أتيتُ أبا الدرداء فقال:سمعت رَسول اللّٰه ﷺ يقول:من توضَّا فاحسنَ الوضوءَ، ثم قامَ فصلّٰی رَكعتينِ ، أو أربعًا يُحسن فيهن الذكر والخُشوعَ ثمَّ استغفرَ اللّٰه غُفرَ لَهٗ۔))[رواه احمد باسناد حسن]

(۷۲) حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو انہوں نے بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اچھی طرح وضو کرے اور پھر دو یا چار رکعت نماز پڑھے' اور ان میں بہت اچھے طریقے سے ذکر اور خشوع کرے اور پھر اللہ تعالیٰ سے استغفار کرے تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ (احمد نے اسے حسن سند کے ساتھ روایت کیا ہے) [حسن]

## الترغيب في الاذان

## اذان دینے کی ترغیب

(۷۳) (( عن أبي هريرة رضی اللہ عنہ قالَ:قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ لو يعلمُ النَّاسُ ما في النِّداء، والصفِّ الاَولِ ، فَلَمْ يَجدُوا إلا أن يستهموا عليه لاَستَهَمُوا، الحديث))

[متفق عليه]

(۷۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر لوگوں کو یہ معلوم ہو کہ اذان اور پہلی صف میں کتنا اجر و ثواب ہے تو اگر انہیں اس کے لیے قرعہ اندازی بھی کرنا پڑتی تو اس کے (حصول کے لیے) قرعہ اندازی بھی کرتے۔ (بخاری و مسلم)

(۷۴) (( عن البَرَاءِ بنِ عازِبٍ أن نبيَّ اللّٰه ﷺ قال:المؤذّن يُغفَر لهُ مَدى صَوتِه۔ ويصدِّقُهُ مَن سَمِعهُ مِن رَطْب ويابسٍ، ولهُ مثل اجرُ مَن صلّٰى معهُ)) [رواه احمد و النسائي]

(۷۴) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ موذن کو اس کی آواز پہنچنے تک معاف کر دیا جاتا ہے' اسکی آواز سننے والی ہر تر اور خشک چیز اس کی تصدیق کرتی ہے اور جتنے لوگ اس کے ساتھ نماز پڑھیں' اس کا ثواب کی مانند اسے ملتا ہے۔ (احمد' نسائی) [صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغيب فی إجابة المؤذن وفیما یقول بعد الأذان

## مؤذن کا جواب دینے اور اذان کے بعد کی دُعا کی ترغیب

(۷۵) (( عن عبدِ اللّٰہ بن عمرو بن العاصِ رضی اللہ عنہما أنہ سمعَ النبی صلی اللہ علیہ وسلم : إذا سمعتُم المؤذِّنَ، فقولوا مثلَ ما یقولُ ثمَّ صلُّوا علیَّ، فإنَّہٗ من صَلّٰی علیَّ صلاۃ صلَّی اللّٰہُ علیہِ بِھا عشرًا، ثمَّ سلُوا اللّٰہَ لی الوَسیلَۃَ فإنھا منزلۃٌ فی الجنۃِ لا تَنْبَغِی الا لعبدٍ مِنْ عبادِ اللّٰہ، وأرجُو ان اکونَ أنا ھُوَ، فمنْ سأَلَ اللہ لی الوسیلۃَ حلَّتْ لَہُ الشَّفاعۃُ۔)) [رواہ مسلم والاربعۃ وھو فی السنن من حدیث ابی سعید لیس فیہ ثم صلوا الی آخرہ۔]

(۷۵) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم موذن کو اذان دیتے ہوئے سنو تو اسی طرح کہو جس طرح وہ کہتا ہے پھر مجھ پر درود بھیجو، جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلہ کا سوال کرو، وسیلہ جنت کا ایک ایسا مقام ہے، جو بندگانِ الٰہی میں سے صرف ایک ہی کو ملے گا اور مجھے اُمید ہے کہ وہ میں ہی ہوں گا جو شخص میرے لیے اللہ تعالیٰ سے وسیلہ کا سوال کرے گا، اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جائے گی (مسلم، سنن اربعہ، سنن میں یہ حدیث ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور اس میں ''پھر مجھ پر درود بھیجو'' سے آخر تک کے الفاظ نہیں ہیں)

(۷٦) (( وعن جابرِ بنِ عبدِ اللّٰہ رضی اللہ عنہما أنَّ رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: مَنْ قالَ حینَ یسمعُ النِّداءَ:اللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذہِ الدعوۃِ التَّامَّۃِ، والصَّلاۃِ القائمَۃِ، آتِ محمدًا الوسیلۃَ والفضِیلۃَ، وابعثْہُ مقامًا محمودًا الذی وَعَدْتَہُ حلت لَہُ شفاعتی یومَ القِیامۃِ)) [رواہ البخاری والأربعۃ۔]

(۷٦) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اذان سن کر یہ دُعا پڑھے: (جس کا ترجمہ یہ ہے کہ) ''اے اللہ اس مکمل دعوت اور کھڑی ہونے والی نماز کے ربّ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما اور انہیں اس مقامِ محمود پر فائز فرما جس کا تُو نے ان سے وعدہ فرمایا'' تو اس کے لیے قیامت کے دن میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔

(۷۷) (( وعن سعد بن أبی وقَّاصٍ رضی اللہ عنہ عن رسولِ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال:حینَ یسمعُ المؤذِّنَ، وأنا أشھدُ أن لا إلہَ الا اللّٰہُ وحدَہُ لا شریکَ لہُ وانَّ محمدًا عبدُہُ ورسولُہُ، رَضِیتُ باللّٰہِ ربًّا، وبالاسلام

(۷۷) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اذان سن کر یہ کہے: وَاَنَا اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَرَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا (اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



دِینًا، وبِمُحَمَّدٍ رَسولًا، غَفَرَ اللّٰہُ ذُنوبَہ۔)) مسلم والترمذی وھذا لفظہ وفی روایۃ مسلم غُفِرَ لَہٗ ما تقدَّمُ من ذنبِہٖ، وزاد ابوعوانۃ فی مستخرجہ وما تاخّر۔]

وہ یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں، میں اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہوں، تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ (یہ الفاظ ترمذی کی روایت کے ہیں جب کہ مسلم کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور مستخرج ابوعوانہ میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اس کے پچھلے گناہ بھی معاف کر دیئے جائیں گے )

## فصل فی الاقامۃ

### اقامت کا بیان

(۷۸) (( عن سھلِ بن سَعدٍ رضی اللہ عنہ قالَ:قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ :ساعتانِ لا تُرَدُّ عَلی داعٍ دَعوتُہ حینَ تقام الصَّلاۃ، وفی الصفِّ فی سبیلِ اللّٰہِ۔)) [رواہ ابن حبان]

(۷۸) حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دو گھڑیاں ایسی ہیں جن میں کسی دُعا کرنے والے کی دُعا مسترد نہیں ہوتی (۱) جب نماز کے لیے اقامت کہی جاتی ہے اور (۲) جب اللہ تعالیٰ کے راستہ میں (جہاد کے لیے) صف بندی کی جاتی ہے۔ (ابن حبان)[1] [منکر]

## الترغیب فی الدعاء بین الأذان والإقامۃ

### اذان واقامت کے درمیان دُعاء کی ترغیب

(۷۹) (( عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ عن رسولِ اللّٰہ ﷺ قال:الدُّعاءُ بینَ الاذانِ والإقامۃِ لا یُرَدُّ۔)) [رواہ اصحاب السنن وصححہ ابنُ حبان وزاد فادْعُوا۔ وفی روایۃ للترمذی قالوا ما نَقُولُ یا رسول اللّٰہِ؟ قال : سَلُوا اللّٰہَ العافیۃَ فی الدُّنیا والْاٰخرَۃِ۔]

(۷۹) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اذان واقامت کے درمیان دُعاء رد نہیں ہوتی۔ (اصحاب سنن، ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا اور ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ "پس تم دُعا کرو" ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ! ہم کیا دُعا کریں؟ فرمایا: "اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کی عافیت کا سوال کرو)" [صحیح لغیرہ]

---

(۱) اس روایت میں حین تقام الصلاۃ (یعنی جب اقامت ہوتی ہے) کا جملہ منکر ہے۔[ضعیف الترغیب للمحدث الالبانی]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغيب فی بناء المسجد

## مسجد بنانے کی ترغیب

(۸۰) (( عن عثمانَ رضی اللہ عنہ انّہٗ قال عندَ قولِ الناسِ فیہِ حینَ بناءِ مَسْجدِ رسولِ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم : اِنّکُم قد أکثرتم واِنی سمعت رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم یقولُ: مَن بَنَی مَسْجداً یَبْتغی بِہٖ وجْہَ اللّٰہِ بَنَی اللّٰہ لَہٗ بیتًا فی الجنّۃِ)) [متفق علیہ]

(۸۰) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے جب مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعمیرِ نو کی اور اس بارے میں لوگوں نے باتیں کیں تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ تم نے بہت باتیں کی ہیں (۱) لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے مسجد بنائے تو اللہ تعالیٰ جنّت میں اس کا گھر بنائے گا۔ (بخاری ومسلم)

## الترغیب فی المشی الی المساجد

## مسجدوں کی طرف چل کر جانے کی ترغیب

(۸۱) (( عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قالَ:قالَ رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم :من توضّا فاَحْسَنَ وُضوءَہ، ثمَّ خَرَجَ عامدًا إلی الصَّلاۃِ، فإنَّہٗ فی صلاۃٍ ما کانَ یَعمِدُ إلی الصلاۃِ، وإنَّہٗ

(۸۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اچھے طریقہ سے وضو کرے اور پھر نماز ادا کرنے کی نیت سے گھر سے نکل پڑے تو جب تک وہ نماز کی نیت رکھے گا نماز ہی کے حکم میں ہوگا اور اس کے ایک قدم چلنے کے بدلہ میں اس کے لیے

(۱) حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس سلسلہ میں باتیں اس لیے کیں کہ وہ اس بات کو پسند فرماتے تھے کہ مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی حالت میں رہنے دیا جائے جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں یہ کچی اینٹوں سے بنی ہوئی تھی، چھت کھجور کے پتوں کی تھی اور کھجور کے تنوں سے ستون بنائے گئے تھے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کچی اینٹوں کے بجائے منقش پتھر استعمال کیے جنہیں چونا گچ کیا گیا تھا اور چھتوں کے لیے ساگوان کی لکڑی استعمال کی جو ہندوستان سے آتی تھی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی جو تحسین کی اگرچہ یہ بہت زیادہ زینت وآرائش پر مبنی نہ تھی لیکن پھر بھی بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اسے پسند نہ فرمایا، سب سے پہلے جس نے مسجدوں کو مزین اور آراستہ کیا وہ ولید بن عبدالملک تھے، فتنہ کی وجہ سے اکثر اہلِ علم خاموش رہے جب کہ بعض کی رائے یہ تھی کہ مسجدوں کو مزین کرنا جائز ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب تعظیم کے لیے مسجدوں کو مزین کیا جائے اور اخراجات بیت المال سے نہ ہوں بلکہ دولت مند مسلمان اپنے پاس سے خرچ کریں تو جائز ہے، ابنِ منیر کا قول ہے کہ جب لوگوں نے اپنے گھروں کو مزین کرنا شروع کردیا ہے تو مسجدوں کو بے حرمتی سے بچانے کے لیے ایسا کرنا جائز ہے، علماء نے اس کا تعاقب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ممانعت ترکِ رفاہیت میں اتباعِ سلف پر برانگیختہ کرنے کے لیے ہے تو پھر ان کی بات درست ہے اور اگر ممانعت اس وجہ سے ہے کہ زیب وزینت سے نمازی کی نماز میں خلل پیدا ہوتا ہے تو پھر ان کی بات درست نہیں ہے کیونکہ یہ علت تو بدستور باقی ہے۔ (فتح الباری)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



تُكتبُ لَهُ بإِحْدى خَطْوَتَيْهِ حَسَنَةٌ، وتُمحى عَنهُ بالأخرى سَيِّئَةٌ، فإذا سَمِعَ أَحَدُكُمْ الإقامةَ فَلَا يُسْرِعْ فإنَّ اعظمَكُم أجْراً أبعدكُمْ داراً۔ قالوا لِمَ يا ابا هريرة قال مِن اجلِ كثرةِ الخُطى)) [اخرجه مالك]

ایک نیکی لکھ دی جائے گی اور دوسرے قدم کے بدلہ میں ایک بُرائی مٹا دی جائے گی اور تم میں سے جب کوئی اقامت سنے تو جلدی نہ کرے کیونکہ جس کا مسجد سے گھر زیادہ دور ہوگا' اسے اَجر وثواب بھی زیادہ ملے گا' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وہ کیوں؟ فرمایا: قدموں کی کثرت کی وجہ سے۔ (مالک)

(۸۲) (( وعنه رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم: اذا تَوضَّأَ أَحدُكم في بيتِه، ثمَّ أتى المسجدَ كانَ في صلاةٍ حتّى يَرجِعَ)) [الحديث أخرجه ابن خزيمة والحاكم]

(۸۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی اپنے گھر میں وضو کرے اور پھر مسجد میں آئے تو وہ واپسی تک نماز ہی میں ہوتا ہے۔ (ابنِ خزیمہ' حاکم) [صحيح]

(۸۳) (( وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم: وكلُّ خَطوةٍ يَخطُوها إلى الصَّلاةِ صَلاةٌ۔)) [اخرجه ابن خزيمة وللشيخين من حديث ابى هريرة وبكلِّ خَطوةٍ يَمشيها إلى الصَّلاةِ صدقةٌ]

(۸۳) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر وہ قدم جسے آدمی نماز کے لیے اُٹھاتا ہے وہ بھی نماز ہے (ابن خزیمہ' بخاری ومسلم میں بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یہ الفاظ ہیں کہ ہر قدم کے بدلے جسے آدمی نماز کے لیے اُٹھاتا ہے' صدقہ ہے) [ضعيف]

(۸۴) (( وعن سعيد بن المسيب عن رجل من الأنصار قَالَ: سمعت رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم يقول: إذا توضَّأ أحدُكم فاحسنَ الوضوءَ، ثمَّ خرَجَ إلى الصَّلاةِ لم يرفعْ قَدَمهُ اليُمنى إلا كَتبَ اللّٰهُ له حسنةً، ولَمْ يَضعْ قَدَمه اليُسرى الا حَطَّ اللّٰهُ عنه سيئةً، فَلْيقَرِّبْ احدُكُمْ أو لِيُبعِّدْ، فإن أتى المسجدَ فصلّى في جماعةٍ غُفِرَلَهُ، فإنْ أتى المسجدَ وقَد صَلَّوا بَعْضًا وبَقي بعضٌ صلّى ما أدرَكَ وأتمَّ ما بقيَ كانَ

(۸۴) سعید بن مسیب ایک انصاری صحابی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میں سے کوئی وضو کرے اور خوب اچھے طریقے سے کرے' پھر نماز کے لیے نکلے تو جب دائیں پاؤں کو اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ایک نیکی کو لکھ دیتا ہے اور جب بائیں پاؤں کو رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی ایک برائی کو مٹا دیتا ہے لہذا چاہو تو قدم قریب قریب رکھو اور چاہو تو دُور دُور رکھو' مسجد میں آ کر جب وہ نماز باجماعت ادا کرتا ہے تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں' اگر مسجد میں آئے اور لوگوں نے کچھ نماز پڑھ لی ہو اور کچھ باقی ہو تو جتنی نماز وہ پائے پڑھ لے اور جو باقی رہ گئی ہو اسے پورا کرے تو اس صورت میں بھی اس کو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



كذلِكَ فان أتى المسجدَ وقد صلّوا فاتمَّ الصلاة كانَ كذلِكَ))[رواه ابوداؤد]

اسی طرح اَجر وثواب ملے گا۔ (اُس کے قدم اُٹھانے پر نیکی ملے گی اور دوسرا قدم رکھنے پر برائی کو مٹا دیا جائے گا۔) اور اگر وہ مسجد میں آیا کہ لوگوں نے ساری نماز پڑھ لی ہے تو اس نے اپنی نماز کو پورا کیا تو اس صورت میں بھی اس کو اسی طرح ثواب ملے گا۔ (ابوداؤد) [حسن لغیرہ]

(۸۵) (( وعن جبير بن مطعم أن رجُلًا قَالَ: يارسول اللّٰهِ ایُّ البُلدانِ أحبُّ اِلی اللّٰهِ، وایُّ البُلدانِ أبغضُ اِلی اللّٰهِ؟ قَالَ: لا أدری حتی اسالَ جبریلَ، فأتاه جبریل فأخبَرَهُ : أنَّ أحبَّ البِقاعِ إلی اللّٰهِ المساجدُ، وأبغضَ البقاعِ إلی اللّٰه الاسواقُ)) [ رواه احمد والبزار واللفظ له، وصححه الحاكم واخرجه مسلم من حديث ابی هريرة بدون القصة]

(۸۵) حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ کو کون سے علاقے پسند اور کون سے ناپسند ہیں؟ فرمایا مجھے معلوم نہیں، میں جبریلؑ سے پوچھ کر بتاؤں گا، چنانچہ جبریلؑ آئے تو انہوں نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ پسندیدہ علاقے مسجدیں ہیں اور سب سے زیادہ ناپسند علاقے بازار ہیں۔ (احمد، یہ الفاظ بزار کی روایت کے ہیں، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور مسلم نے اسے آدمی کے سوال و جواب کے بغیر بروایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کیا ہے)۔ [حسن صحیح]

(۸۶) (( وعن أبی هريرة رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ: الا أدلُّكُم علی ما يَمْحُو اللّٰه بِهِ الخَطايا، ويَرفعُ به الدرجاتِ؟ قالوا: بَلٰی يا رسولَ اللّٰهِ۔ قَالَ إسْباغُ الوضوءِ علی المكارهِ، وكثرةُ الخُطی إلی المساجدِ، وانتظارُ الصَّلاةِ بعدَ الصَّلاةِ، فذٰلِكُمُ الرباط فذلكم الرِّباطُ)) [ رواه مالك و مسلم وغيرهما]

(۸۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ چیز نہ بتاؤں جس سے اللہ تعالیٰ گناہوں کو معاف کر دے اور درجات کو بلند کر دے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کیوں نہیں یارسول اللہ! فرمایا: ناپسندیدہ اوقات میں وضو مکمل طور پر کرنا، مسجدوں کی طرف قدموں کی کثرت اور نماز کے بعد نماز کا انتظار کرنا۔ یہی مورچہ بند ہونا ہے یہی مورچہ بند ہونا ہے۔ (مالک، مسلم وغیرہما)

(۸۷) (( وعن أبی أمامة رضی اللہ عنہ أنَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ: ثَلاثَةٌ كلُّهُم ضامنٌ علی اللّٰهِ، إن عاشَ رُزِقَ وكُفِيَ، وإن ماتَ أدخَلهُ اللّٰهُ الجنَّةَ۔ من دَخلَ بيتَهُ فسلَّم فهو

(۸۷) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین شخص ایسے ہیں کہ ان سب کا اللہ تعالیٰ ضامن ہے کہ اگر زندہ رہے تو اللہ تعالیٰ انہیں رزق بھی دے گا اور ان کے لیے کافی بھی ہو گا اور اگر فوت ہو گئے تو اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں داخل فرمائے گا:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ضامنٌ علی اللّٰهِ ومن خَرَجَ إلی المسجدِ فھو ضامنٌ علی اللّٰه، ومَن خرجَ فی سبیلِ اللّٰه فھو ضامنٌ علی اللّٰهِ۔)) [ اخرجه ابوداود وصححه ابن حبان وھذا لفظه۔]

(۱) جو شخص گھر میں داخل ہوتے ہوئے سلام کہے تو اس کا اللہ تعالیٰ ضامن ہے (۲) جو شخص گھر سے مسجد جانے کے لیے باہر نکلے تو اس کا اللہ تعالیٰ ضامن ہے اور (۳) جو شخص اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کی نیت سے گھر سے نکلے تو اس کا بھی اللہ تعالیٰ ضامن ہے۔ (ابوداؤد' ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور یہ الفاظ بھی ابنِ حبان کی روایت کے ہیں)۔ [صحیح]

## الترغیب فی لزوم المساجد والجلوس فیھا

## مسجدوں کے ساتھ وابستگی اور اُن میں بیٹھنے کی ترغیب

(۸۸) ((عن أبی ھریرة رضی اللہ عنہ قالَ: سمعت رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم یقول: سبعةٌ یُظلُّھم اللّٰهُ فی ظِلّه یومَ لا ظِلَّ إلا ظِلُّهُ الإمامُ العادلُ، و شابٌ نشأ فی عبادةِ اللّٰهِ، ورجلٌ قلبُهُ مُعلَّقٌ بالمساجِدِ۔)) [ الحدیث۔ متفق علیه]

(۸۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ سات قسم کے آدمی ایسے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اپنے سایہ تلے جگہ عطا فرمائے گا کہ اس دن اس کے سایہ کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا (۱) امام عادل (۲) وہ جوان جس نے اللہ تعالیٰ کی عبادت میں نشو ونما پائی (۳) وہ شخص جس کا دِل مسجدوں سے وابستہ ہو۔۔۔۔۔۔۔۔الحدیث (بخاری ومسلم)

(۸۹) ((وعن أبی سعید الخدری عنِ النبی صلی اللہ علیہ وسلم: إذا رأیتُم الرجلَ یَعتادُ المساجدَ فاشھَدوا لَهُ بالإیمانِ۔ قَالَ اللّٰه عزَّ وجلَّ: إنَّما یَعْمُرُ مساجِدَ اللّٰه مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ الایة۔)) [ رواہ ابن ماجه والترمذی واللفظ له وقال حسن غریب وصححه ابن خزیمة وابن حبان والحاکم]

(۸۹) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم کسی آدمی کو مسجدوں کی طرف آتے جاتے دیکھو تو اس کے ایمان کی گواہی دو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ﴿إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ﴾ (اللہ کی مسجدوں کو تو وہ لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ پر ایمان لاتے ہیں)۔ (ابن ماجہ' یہ الفاظ ترمذی کی روایت کے ہیں انہوں نے اسے حسن غریب کہا ہے۔ ابنِ خزیمہ' ابنِ حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۹۰) ((وعن أبی ھریرة رضی اللہ عنہ عنِ النبی صلی اللہ علیہ وسلم: ما توطَّن الرجلُ المساجدَ للصلاةِ، والذکرِ إلا تبشبشَ اللّٰه تعالیٰ

(۹۰) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص نماز اور ذکر کے لیے مسجدوں میں بیٹھا رہے تو اللہ تعالیٰ اس سے اسی طرح خوش ہوتا ہے جس طرح گھر والے اپنے کسی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اليه كما يتبشبش' أهلُ الغائبِ لغائِبهم اذا قَدِمَ عَليهِمْ۔)) [ رواه ابن ماجه وصححه ابن خزيمة وابن حبان والحاكم وفي رواية لابن خزيمة: ما مِن رَجلٍ كانَ تَوطّنَ المساجدَ فشغَلَهُ امرٌ او علة ثمَّ عادَ اِلى ما كانَ الا يتبشبشُ اللّٰه اليه كما يتبشبش اهلُ الغائب بغائِبهم اذا قَدِمَ]

غائب فرد کی آمد سے خوش ہوتے ہیں (ابن ماجہ، ابنِ خزیمہ، ابن حبان اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے، ابنِ خزیمہ کی ایک روایت میں ہے کہ جو شخص مسجدوں میں بیٹھے مگر پھر کسی کام میں مشغول ہوئے یا بیماری کی وجہ سے نہ آسکے اور پھر وہ (اس کے بعد) مسجد میں واپس لوٹ آئے تو اللہ تعالیٰ اس سے اس طرح خوش ہوتے ہیں جس طرح گھر والے اپنے کسی غائب فرد کی آمد سے خوش ہوتے ہیں) [صحیح]

## الترهيب من إتيان المسجد لمن أكل ثومًا أو بصلًا أو كراثًا أو فجلًا أو نحوه مما له رائحة كريهة

### لہسن، پیاز، گندنا، مولی یا دوسری بدبُو دار چیزیں کھا کر مسجد میں آنے کی ممانعت

(۹۱) (( عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ انه خطب يومَ الجمعةِ ثمَّ قال في خُطبتِهِ: ثُمَّ اِنَّكُمْ ايُّها الناسُ تأكُلونَ شَجَرتَينِ لا اَراهُما اِلَّا خَبيثَتَينِ: هذا البَصلَ والثُّومَ، لقد رايتُ النبيَّ صلی اللہ علیہ وسلم اذا وَجدَ ريحَهُما من الرجل في المسجدِ امَر به فأُخرِجَ اِلى البَقيعِ فمن اكَلَهُمَا فَلْيُمِتهُما طَبْخًا۔)) [رواه مسلم والنسائي وابن ماجه]

(۹۱) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک دن جمعہ کا خطبہ دیتے ہوئے فرمایا۔۔۔۔لوگو! تم ان پودوں کو کھاتے ہو میں انہیں گندا سمجھتا ہوں یعنی لہسن اور پیاز، میں نے دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اگر کسی شخص سے ان کی بُو محسوس کرتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اسے مسجد سے نکال کر بقیع کی طرف بھیج دیا جاتا لہذا کسی۔نے اگر انہیں کھانا ہو تو انہیں پکا کر ان کی بُو ختم کر لے۔ (مسلم، نسائی، ابنِ ماجہ)

(۹۲) (( وعن ابي سعيد الخدري رضی اللہ عنہ انَّهُ ذُكِرَ عند رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم: الثومُ، والبصلُ، والكرَّاثُ وقيل يا رسولَ اللّٰه. واشَدُّ ذلك كلّه الثومُ افتحرِّمُهُ؟ فقال: كُلُوهُ، مَنْ اكَلهُ منكم فلا يَقْرَبْ هذا المسجِدَ حتى يذهبَ ريحُهُ مِنهُ۔)) [اخرجه ابن خزيمة]

(۹۲)۔ ''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لہسن، پیاز اور گندنا کا ذکر ہوا اور آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کیا گیا کہ ان میں سے لہسن کی بو سب سے زیادہ تیز ہے تو کیا آپ اسے حرام قرار دیتے ہیں؟ فرمایا: تم اسے کھاؤ مگر تم میں سے جو شخص اسے کھائے ہوئے ہو وہ اس وقت تک مسجد میں نہ آئے جب تک اس کی بو ختم نہ ہو جائے''۔ (ابنِ خزیمہ) [صحیح لغیرہ]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی لزوم النساء بیوتھن وترھیبھن من الخروج منھا

## عورتوں کے لیے گھروں میں رہنے کی ترغیب اور باہر نکلنے پر وعید

(۹۳) (( وعن امِّ حُمَیْدٍ امراۃِ أبی حمیدٍ السَّاعِدی انھا جاءَ تْ إِلی النبی ﷺ فقالتْ: یا رسولَ اللّٰہ انی أحبُّ الصَّلاۃَ معکَ، قَالَ: قد علمتُ انکِ تُحبِّینَ الصَّلاۃَ معی ، وصلاتُکِ فی بیتکِ خیرٌ مِنْ صَلاتِکِ فی حُجرتِکِ، وصلاتُکِ فی حُجرتِکَ خیرٌ من صلاتِکِ فی دارِکِ، وصلاتُکِ فی دارِکِ خیرٌ من صلاتک فی مسجدِ قومِکِ، وصلاتُکِ فی مسجدِ قومِکِ خیرٌ من صلاتِکِ فی مسجِدِی، فاَمَرتْ فَبُنِیَ لھا مسجدٌ فی اقصی شی ءٍ فی بیت واظلمِہ فکانتْ تُصلی فیہِ حتی لقیتِ اللّٰہَ عزَّوجلَّ۔)) [ اخرجہ احمد وابن خزیمۃ وابن خبان واستدل بہ ابن خزیمہ علی انَّ تضعیفَ الصَّلاۃِ فی مسجد مختصٍ بالرجالِ دونَ النساء]

(۹۳) ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی بیوی اُمّ حمید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کرنے لگی یارسول اللہ! میں آپ کے ساتھ نماز (باجماعت) ادا کرنے کو بہت پسند کرتی ہوں؟ فرمایا مجھے معلوم ہے کہ تم میرے ساتھ نماز ادا کرنے کو بہت پسند کرتی ہو لیکن تمہارا اپنے گھر میں نماز ادا کرنا، حجرے میں نماز ادا کرنے سے بہتر ہے اور حجرے میں نماز ادا کرنا گھر میں نماز سے بہتر ہے اور گھر میں نماز ادا کرنا محلّہ کی مسجد میں نماز سے بہتر ہے اور محلّہ کی مسجد میں نماز میری مسجد میں نماز سے بہتر ہے تو (یہ سن کر) انہوں نے حکم دیا اور ان کے لیے ان کے گھر کے انتہائی کونے اور انتہائی تاریک گوشے میں جائے نماز بنائی گئی اور وہ اسی میں نماز ادا کرتی رہیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ سے جا ملیں۔'' (احمد، ابن خزیمہ، ابن حبان، امام ابن خزیمہ نے اسی حدیث سے استدلال کیا ہے کہ مسجد میں نماز ادا کرنے سے ثواب میں اضافہ مردوں کے لیے ہے عورتوں کے لیے نہیں)[حسن لغیرہ]

## الترغیب فی الصلوات الخمس والمحافظۃ علیھا والإیمان بوجوھا

## نماز پنج گانہ اور پابندی سے ان کی ادائیگی کی ترغیب اور ان کی فرضیت پر ایمان لانا

(۹۴) (( عن أبی ھریرۃ رضی اللہ عنہ سمعت رسولَ اللّٰہ ﷺ یقول : أرأیتُم لو أنَّ نَھراً بِبَابِ أحدکُم یَغْتَسلُ فیہِ کلَّ یومٍ خمسَ مراتٍ ھل یبقی مِنْ دَرَنِہ شَیءٌ؟ قالوا: لا۔

(۹۴)۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''ذرا یہ بتاؤ کہ اگر کسی کے دروازے پر نہر ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ بار غسل کرتا ہو تو کیا اس کا کچھ میل کچیل باقی رہے گا؟'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ نہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قَالَ فذلكَ مَثَلُ الصَّلواتِ الخمسِ يمحُو اللّٰهُ بهنَّ الخطايا۔)) [ متفق عليه، واخرجه ابن ماجه من حديث عثمان و مسلم ايضاً من حديث جابر بنحوه]

فرمایا کہ یہ تو پانچ نمازوں کی مثال ہے کہ ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹا دیتا ہے (بخاری و مسلم، ابن ماجہ میں یہ روایت اسی طرح عثمان رضی اللہ عنہ سے اور مسلم میں جابر رضی اللہ عنہ سے ہے)

(۹۵) (( وعن أبی هريرة رضی اللہ عنہ انَّ رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: الصَّلواتُ الخمسُ والجمعةُ اِلی الجمعةِ كفارةٌ لما بينهُنَّ ما لم يَغْشَ الكبائرَ)) [ رواه مسلم وغيره اخرجه البزار والطبرانی من حديث ابی سعيد دون آخره فی اثناء حديث عبد اللّٰه]

(۹۵)۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانچوں نمازیں اور جمعہ سے لے کر جمعہ تک درمیان کے عرصہ کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ بشرطیکہ آدمی کبیرہ گناہوں کا ارتکاب نہ کرے"۔ (مسلم، بزار، طبرانی بروایت ابوسعید)

(۹۶) (( وعن أنس بن مالك رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : إنَّ لله ملكًا يُنادی عندَ كل صلاةٍ: يا بنی آدم قومُوا اِلی نيرانِكُم التی اوْقَدْتُمُوها فاَطْفِئُوها۔)) [رواه الطبرانی فی الاوسط من رواية يحيی بن زهير ورواته رواة الصحيح سواه]

(۹۶) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ مقرر کر رکھا ہے جو ہر نماز کے وقت یہ اعلان کرتا ہے کہ اے انسانو! آؤ اس آگ کی طرف جو تم نے جلا رکھی ہے آؤ اس کو بجھا لو"۔ (طبرانی اوسط، بروایت یحییٰ بن زہیر اس کے سوا تمام راوہ صحیح کے رواۃ میں سے ہیں۔) [حسن لغیرہ]

(۹۷) (( وعن عمرو بنِ مُرَّة الجُهَنِّی رضی اللہ عنہ قَالَ: جاء رجل إلی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال: يا رسول اللّٰه أرأيتَ إن شَهِدتُ أن لا الٰهَ الا اللّٰهُ، وانَّكَ رسولُ اللّٰهِ وصلَّيْتُ الصلواتِ الخمسَ، وادَّيْتُ الزكاةَ، وصُمْتُ رمضانَ وقمتُه فمِمَّنْ أنا؟ قَالَ: من الصّديقينَ والشُّهداءِ)) [ رواه البزار وصححه ابن خزيمة وابن حبان واللفظ له وفی رواية غيره جاء رجل من قضاعة فقال انی ان شَهِدتُ وفی آخره فقال: من ماتَ

(۹۷) حضرت عمرو بن مرہ جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا: "یا رسول اللہ! اگر میں یہ گواہی دوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک آپ اللہ کے رسول ہیں، پانچوں نمازیں پڑھوں، زکوٰۃ ادا کروں، رمضان کے روزے رکھوں اور قیام بھی کروں تو میرا کن لوگوں میں شمار ہوگا؟" فرمایا: "صدیقوں اور شہیدوں میں"۔ (بزار، ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے، یہ الفاظ ابن حبان کی روایت کے ہیں، دوسری روایت میں یہ بھی ہے کہ خاندان قضاعہ کا ایک آدمی آیا اور اس نے کہا کہ اگر میں گواہی دوں۔۔۔۔اور اس کے آخر میں یہ ہے کہ جس شخص کا اس پر خاتمہ ہوا وہ صدیقوں اور شہیدوں میں ہو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



على هذا كان من الصديقين والشهداءِ]

(۹۸) (( وعن انس رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : اوَّلُ ما يُحاسَبُ العبدُ بِهِ يومَ القيامةِ الصَّلاةُ، فإن صَلَحَتْ صَلَحَ سائرُ عملِه، وان فَسَدتْ فَسَدَ سائرُ عملِه)) [ رواه الطبراني في الاوسط]

(۹۹) (( وعن أبي الدَّرداء رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : خمسٌ من جاء بِهِنَّ مع إيمانٍ دخلَ الجنةَ: من حافظَ على الصلَوٰتِ الخمسِ: على وضوئِهِنَّ، وركوعِهِنَّ وسجودِهِنَّ و مواقيتهن، وصامَ رمضانَ، وحجَّ البيتَ إن استطاعَ إليه سبيلًا، وأعطى الزَّكاةَ طيبةً بها نفسُه، وأدَّى الامانَةَ. قيل يا رسول اللّٰه: وما أداءُ الامانةِ؟ قَالَ: الغسلُ من الجَنابةِ، إنَّ اللّٰهَ لم يامَنِ ابنَ ادَمَ على شَيءٍ من دينِه غَيْرَها.)) [رواه الطبراني باسناد جيد]

(۱۰۰) (( وعن ابن عمر رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : لا ايمانَ لمنْ لا امانةَ لهُ، ولا صلاةَ لمنْ لا طُهُورَ له، ولا دينَ لمن لا صلاةَ لهُ، انما موضعُ الصَّلاةِ من الدِّينِ موضعِ الراسِ منَ الجسدِ.)) [ رواه

گا)[صحیح]

(۹۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت[1] ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن بندے سے سب سے پہلے جس چیز کا حساب لیا جائے گا وہ نماز ہے اگر نماز درست نکلی تو تمام اعمال درست ہوں گے اور اگر نماز خراب ہوئی تو تمام اعمال خراب ہوں گے"۔ (طبرانی اوسط)[صحیح لغیرہ]

(۹۹) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانچ چیزیں ہیں جو شخص ایمان کے ساتھ انہیں بجا لایا جنّت میں داخل ہو جائے گا جس نے پانچوں نمازوں، ان کے وضوء، رکوع اور سجدوں اور ان کے اوقات کی حفاظت کی، رمضان کے روزے رکھے، راستہ کی استطاعت کی صورت میں بیت اللہ کا حج کیا، خوش دلی سے زکوٰۃ ادا کی اور امانت کو ادا کیا، عرض کیا گیا: "یا رسول اللہ! امانت ادا کرنے سے کیا مُراد ہے؟ فرمایا: غسل جنابت کرنا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے سوا ابنِ آدم کے پاس دین کی اور کسی چیز کو بطور امانت نہیں رکھا"۔ (طبرانی نے اسے اسناد جید کے ساتھ روایت کیا ہے)[حسن]

(۱۰۰) حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص میں امانت نہیں اس میں ایمان نہیں، جو پاک نہیں اس کی نماز نہیں، جو نماز نہیں پڑھتا اس کا دین نہیں، دین میں نماز کا وہی مقام ہے جو جسم میں سر کا ہے"۔ (طبرانی نے اسے اوسط اور صغیر میں اسے روایت کیا اور کہا ہے کہ اس میں حسین بن حکم حبری[2] متفرد

(۱) الترغیب اور مختصر میں عبداللہ بن قرط ہے۔ جبکہ یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی مسند سے ہے[صحیح الترغیب والصحیحۃ للمحدث الالبانی رحمہ اللہ (ازھر)

(۲) اصل نسخہ میں حسن ہے جبکہ منذری میں حسین ہے اور یہی درست ہے اور اصل میں جبری ہے جبکہ صحیح حبری ہے ملاحظہ فرمائیے لسان المیزان ص ۲۰۰ ج ۲، والانساب للسمعانی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الطبرانی فی الاوسط والصغیر، وقال: تفرد به الحسین بن الحکم الحبری]

ہے)[ضعیف]

(۱۰۱) (( وعن عثمانَ رضی اللہ عنہ أنَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ: مَنْ عَلِمَ أن الصَّلاةَ حقٌّ مکتوبٌ واجبٌ دخلَ الجنةَ۔)) [ رواه ابویعلی، وعبدالله بن احمد فی زیاداته وصححه الحاکم ولیس عنده ولا عند عبد الله لفظة مکتوبة]

(۱۰۱) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے یہ جان لیا کہ نماز حق، فرض اور واجب ہے تو وہ جنّت میں داخل ہو گا''۔ (ابویعلیٰ، عبداللہ بن احمد نے اسے ''زیادات مسند'' میں روایت کیا اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے لیکن عبداللہ اور حاکم کی روایت میں فرض کا لفظ نہیں ہے)

(۱۰۲) (( وعن أبی أیوب رضی اللہ عنہ أن رجلًا قَالَ للنبی ﷺ : أخبِرْنی بِعملٍ یُدخِلنی الجنةَ قَالَ تعبدُ اللّٰه لا تُشرِك بِه شیئًا وتُقیمُ الصَّلاةَ وتودی الزکاةَ وتَصِلُ الرحِمَ))[متفق علیه]

(۱۰۲) حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھے کوئی ایسا عمل بتائیے جو مجھے جنّت میں لے جائے؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ، نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو اور صلہ رحمی کرو''۔ (بخاری ومسلم)

## الترغیب فی الصَّلاۃ فی اوّل وقتها

## نماز اوّل وقت ادا کرنے کی ترغیب

(۱۰۳) (( عن عبدِ اللّٰه بنِ مسعودٍ رضی اللہ عنہ قَالَ سالتُ رسولَ اللّٰه ﷺ : أیُّ العملِ أحبُّ اِلی اللّٰهِ تعالی؟ قَالَ: الصَّلاةُ علی وقْتِها قلتُ ، ثُمَّ أیّ؟ قَالَ برُّ الوالدیْنِ۔ قلتُ ، ثمَّ ایّ؟ قَالَ: الجهادُ فی سبیلِ اللّٰهِ۔ قَالَ: حدَّثَنی بهنَّ رسولُ اللّٰه ﷺ ، ولو استَزدْتُه لَزادَنی۔)) [ متفق علیه وصحح ابن خزیمه وابن حبان فی لفظ لهما قَالَ الصَّلاةُ فی اولِ وقْتِها ورواه احمد عن رجل من اصحاب النبی ﷺ نحوه ورواته محتج بهم فی الصحیح]

(۱۰۳) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ کونسا عمل اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے؟ فرمایا: نماز وقت پر ادا کرنا، میں نے عرض کیا پھر کون سا؟ فرمایا: ماں باپ سے حسن سلوک، میں نے عرض کیا پھر کون؟ فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ، عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ باتیں مجھ سے بیان فرمائیں، اگر میں آپ سے مزید سوال کرتا تو آپ بھی یقیناً اور باتیں ارشاد فرماتے''۔ (بخاری ومسلم، ابنِ خزیمہ اور ابنِ حبان نے ایک روایت کے ان الفاظ کو بھی صحیح قرار دیا ہے کہ نماز اوّل وقت میں ادا کرنا، امام احمد نے بھی ایک صحابی سے اس روایت کو اسی طرح بیان کیا ہے، اس روایت کے مسند احمد کے تمام راوی ایسے ہیں جن پر ''صحیح'' میں اعتماد کیا گیا ہے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی صلاۃ الجماعۃ و فضل من قصدها و ان لم یدرک

## نماز باجماعت ادا کرنے کی ترغیب اور جماعت کے قصد سے آنے والے کی فضیلت اگرچہ اسے نہ پاسکے

(۱۰۴) (( عن أبی هریرة ﷺ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰہ ﷺ : صلاةُ الرجل فی جماعةٍ تَضْعُفُ علی صلاتِه فی بَیتِه، وفی سُوقِه، خمسًا وعشرینَ ضِعفا؟ وذلك انَّهٗ اذا توضَّأ فاحسنَ الوُضوءَ، ثمَّ خرجَ إلی المسجدِ لا یُخرِجُه إلا الصَّلاةُ لم یَخْطُ خَطْوةً إلا رُفِعَتْ له بها دَرَجةٌ، وحُطَّ عنه بها خَطیئةٌ، فإذا صلّٰی لم تَزَلِ الملائکةُ تصلّی علیه ما دامَ فی مصلاهُ ما لم یحدِثْ: اللهمَّ صلِّ علیهِ، اللهمَّ ارْحَمْهُ، ولا یزالُ فی صلاةٍ ما انتظرَ الصَّلاة)) [متفق علیه وهذا لفظ البخاری]

(۱۰۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آدمی کا باجماعت نماز ادا کرنے کا گھر یا بازار میں نماز پڑھنے سے پچیس گنا زیادہ ثواب ہے، جب کوئی اچھی طرح سے وضو کرتا ہے، پھر مسجد کی طرف جاتا ہے اور صرف نماز ہی کی وجہ سے گھر سے نکلتا ہے تو ہر قدم کے عوض اس کے ایک درجہ کو بلند کر دیا جاتا ہے اور ایک گناہ کو مٹا دیا جاتا ہے، جب نماز پڑھتا ہے تو جب تک اپنی جائے نماز میں رہتا ہے، فرشتے اس کے لیے اس وقت تک رحمت کی دعائیں کرتے رہتے ہیں جب تک وہ بے وضو نہ ہو جائے، فرشتے کہتے ہیں: اے اللہ! اس پر رحمت نازل فرما، اس کے حال پر رحم فرما اور جب تک کوئی نماز کا انتظار کرتا رہتا ہے، وہ نماز ہی کے حکم میں ہوتا ہے"۔ (بخاری و مسلم، یہ الفاظ صحیح بخاری کی روایت کے ہیں)

(۱۰۵) (( وعن ابن عمر رضی اللہ عنہما أنَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ قَالَ: صلاةُ الجماعةِ افضلُ من صلاة الفذِّ بسبعٍ وعشرینَ درجةً)) [متفق علیه]

(۱۰۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: باجماعت نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے سے ستائیس درجہ زیادہ ثواب رکھتا ہے"۔ (بخاری و مسلم)

(۱۰۶) (( وعن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ عنِ النبی ﷺ انَّهٗ کان یقول: من صلّٰی فی مسجد جماعةٍ اربعینَ لیلةً لا یَفُوتُهُ الرَّکعةُ الاولی من صلاةِ العشاءِ کَتَبَ اللّٰہُ له بها عتقًا من النَّار)) [رواه ابن ماجه]

(۱۰۶) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس نے چالیس راتوں تک مسجد میں نماز باجماعت اس طرح ادا کی کہ عشاء کی نماز سے اس کی رکعت اولیٰ فوت نہ ہو تو اس کے بدلے اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم سے آزادی لکھ دیتا ہے"۔ (ابن ماجہ)[1] [ضعیف]

---

(۱) اس معنی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث ((من صلی للّٰہ اربعین یوما فی جماعة یدرك التکبیرة الأولی کتب له براء تان براء ة من النار و براء ة من النفاق)) [رواه الترمذی] جو شخص اللہ کے لیے چالیس روز تک اس طرح نماز پڑھے کہ تکبیر اولیٰ پائے اس کے لیے دو براءتیں لکھ دی جاتی ہیں۔ جہنم کی آگ سے براءت اور نفاق سے براءت، صحیح ہے۔ واللہ اعلم۔ (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۱۰۷) (( وعن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم : من توضّأَ فأحسنَ الوضوءَ، ثمَّ راحَ فوجَدَ النَّاسَ قد صلَّوْا أعطاهُ اللّٰهُ مثلَ اجرِ منْ صلّاها وحَضَرها لا يَنقُصُ ذلك من أُجورهم شيئًا)) [رواہ ابن داود والنسائی وصححه الحاكم]

(۱۰۷) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اچھے طریقے سے وضو کیا پھر مسجد کی طرف چل نکلا لیکن اس نے دیکھا کہ لوگ نماز پڑھ چکے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اسے بھی اتنا اجر وثواب عطا فرمائے گا جتنا کہ مسجد میں باجماعت نماز پڑھنے والوں اور حاضر ہونے والوں کو عطا کرے گا اور ان کے اجر وثواب میں بھی کوئی کمی نہ کی جائے گی''۔ (ابوداؤد' نسائی' حاکم نے اسے حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)۔ [حسن لغیرہ]

## الترغيب في الصَّلاة في الفلاة

## جنگل میں نماز ادا کرنے کی ترغیب

(۱۰۸) (( عن سلمانَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم : إذا كان الرجلُ بأرضٍ قِيٍ فحانَتْ الصَّلاةُ فلْيَتوضّأ، فإن لم يجد ماءً فلْيتيمَّمْ، فإن أقام صلّى معهُ مَلَكاه، وإن اذّنَ واقام صلّى خلفَه من جنودِ اللّٰهِ ما لا يُرٰى طَرَفاهُ)) [رواہ عبدالرزاق باسناد صحيح]

(۱۰۸) حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی شخص جنگل میں ہو اور نماز کا وقت ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وضو کرے' اگر پانی موجود نہ ہو تو تیمم کرے' اگر اقامت کہہ کر نماز پڑھے تو اس کے دونوں فرشتے (کراما کاتبین) بھی اس کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں اور اگر اذان واقامت کے بعد نماز پڑھے تو اس کے پیچھے اس قدر کثیر تعداد میں اللہ کے لشکر نماز پڑھتے ہیں کہ ان کے دونوں کناروں کو دیکھا نہیں جا سکتا''۔ (عبدالرزاق باسناد صحیح) [حسن]

## الترغيب في صَلاة الصبح والعشاء في جماعة والترهيب من تركهما

## صبح وعشاء کی نماز باجماعت ادا کرنے کی ترغیب اور ان کے ترک پر وعید

(۱۰۹) (( عن عثمان رضی اللہ عنہ قَالَ: سمعتُ رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم يقول: من صلّى العشاء في جماعةٍ فكأنما قام نصفَ الليلِ، ومن صلّى الصبحَ في جماعةٍ فكأنَّما صلّى الليلَ كلّه )) [رواہ مسلم واللفظ له۔

(۱۰۹) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے عشاء کی نماز باجماعت ادا کی اس نے گویا آدھی رات کا قیام کیا اور جس نے صبح کی نماز باجماعت ادا کی اس نے گویا ساری رات کا قیام کر لیا (یہ الفاظ مسلم کی روایت کے ہیں اور ابوداؤد کی روایت کے الفاظ یہ ہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وابو داوود ولفظه كانَ كقيامِ نصفِ ليلةٍ ومن صلَّى العشاءَ والفجرَ فى جماعةٍ كان كقيامِ ليلةٍ۔ وصححه الترمذى وابن خزيمة وذهب اِلى ظاهر رواية مسلم هو ان صلاةَ الصبحِ فى الجماعةِ تضعفُ على صلاةِ العشاءِ فى الجماعةِ' ولفظ ابى داوود يدفع ذلك]

کہ عشاء کی نماز باجماعت ادا کرنے کا ثواب نصف رات کے قیام کی طرح اور عشاء وصبح کی نماز باجماعت ادا کرنے کا ثواب ساری رات کے قیام کی طرح ہے''۔ (ترمذی وابن خزیمہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ مؤخر الذکر نے مسلم کی روایت کے الفاظ کے ظاہر کی بناء پر یہ مؤقف اختیار کیا ہے کہ صبح کی نماز باجماعت ادا کرنے کا ثواب عشاء کی نماز باجماعت ادا کرنے سے دُگنا ہے جبکہ ابوداؤد کے الفاظ اس کے منافی ہیں)

(۱۱۰) (( وعن ابى هريرة رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : إنّ أثقل صلاةٍ على المنافقينَ صلاةُ العشاءِ وصلاةُ الفجرِ' ولَو يعلمونَ ما فيهما لَاتَوْهما' ولَو حَبْواً ولقدْ هَممْتُ أن آمُرَ بالصَّلاةِ فتُقامُ' ثمَّ آمُرَ رجلًا فيُصلِّى بالناسِ' ثمَّ أنطلِقُ معى برجَالٍ معهم حَزْم من حَطبٍ إلى قومٍ لا يشهدونَ الصَّلاةَ فاُحَرِّقَ عليهم بيوتَهم بالنارِ۔))[متفق عليه]

(۱۱۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ منافقوں پر سب سے بھاری نماز صبح وعشاء کی ہے' اگر انہیں معلوم ہوتا کہ ان نمازوں میں کتنا اجر وثواب ہے تو وہ انہیں ضرور باجماعت ادا کرنے آتے خواہ اس کے لیے انہیں گھٹنوں کے بل چل کر آنا پڑتا' میں چاہتا ہوں کہ حکم دوں کہ نماز کھڑی کی جائے اور پھر کسی کو نماز پڑھانے کا حکم دے دوں اور میں خود اپنے ساتھ کچھ آدمیوں کو لے کر چل پڑوں' جن کے ساتھ ایندھن کے گٹھے ہوں اور ان لوگوں کے گھروں کو آگ سے جلا دوں جو نماز کے لیے نہیں آتے''۔ (بخاری ومسلم)

(۱۱۱) (( وعن أبى الدرداء رضی اللہ عنہ قَالَ: سمعت رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم يقول: اُعبُدِ اللّٰهَ كأنَّكَ تراهُ فإنْ لَمْ تكُنْ تَراهُ فإنَّهُ يراكَ' واعدُدْ نَفْسَكَ فى الموتَى' وإيَّاكَ ودعوةَ المظلومِ فإنَّهَا مُستجابةٌ ومنِ استطاعَ منكُمْ أن يشهَدَ الصَّلاتَينِ العشاءَ والصُّبحَ ولَو حَبْوًا فَلْيَفْعَل)) [رواه الطبرانى]

(۱۱۱) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کرو گویا اسے دیکھ رہے ہو اور اگر یہ کیفیت پیدا نہ ہو تو (یاد رکھو) وہ تمہیں دیکھ رہا ہے' اپنے آپ کو مردوں میں شمار کرو' مظلوم کی بددعا سے بچو' کیونکہ وہ ضرور قبول ہوتی ہے' جو شخص گھٹنوں کے بل چل کر بھی صبح وعشاء کی نمازوں کو باجماعت ادا کرسکتا ہو تو اسے ایسا ضرور کرنا چاہیے''۔ (طبرانی) [حسن لغيره]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترهيب من ترك حضور الجماعة لغير عذر

## عذر کے بغیر ترکِ جماعت پر وعید

(۱۱۲) (( عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم : مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يَمْنَعْهُ من اتِّبَاعِهِ عُذْرٌ۔ قالوا: ومَا العُذْرُ؟ قَالَ خَوفٌ، أو مَرَضٌ لم تُقْبَلْ مِنْهُ الصَّلاةُ التي صَلّٰى۔)) [رواه ابوداوود وابن ماجه بنحوه وصححه ابن حبان والحاكم]

(۱۱۲) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اذان سنے پھر کوئی عذر اس کی پیروی میں مانع نہ ہوا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: ''عذر کیا ہے؟'' فرمایا: خوف یا بیماری! تو اس کی وہ نماز قبول ہی نہیں ہوتی''۔ (ابوداوٗد' ابنِ ماجہ' ابنِ حبان وحاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف] [1]

(۱۱۳) (( وعن عمرو بنِ أُمِّ مكتوم رضی اللہ عنہ قَالَ: قلت يا رسول الله أنا ضَرِيرُ البصَرِ شاسعُ الدَّارِ، ولي قائد، لايلائمني فهلْ تجدُ لي رُخصةً أن أصلِّيَ في بَيتي؟ قَالَ تَسمعُ النِّداءِ؟ قَالَ: نَعم۔ قَالَ: ما اجدُ لكَ رُخْصةً۔)) [رواه احمد ابوداوود وابن ماجه وصححه ابن خزيمة والحاكم]

(۱۱۳) عمرو بن اُمّ مکتوم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! میں نابینا ہوں' گھر بھی دُور ہے اور میرا معاون بھی موزوں نہیں ہے لہٰذا کیا آپ میرے لیے رخصت پاتے ہیں کہ میں اپنے گھر میں نماز پڑھ لوں؟ فرمایا: ''کیا تم اذان سنتے ہو؟'' عرض کیا: ہاں فرمایا: ''میں تمہارے لیے کوئی رخصت نہیں پاتا''۔ (احمد' ابوداوٗد' ابنِ ماجہ' ابنِ خزیمہ اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)

## الترغيب في صَلاة النافلة في البيوت

## نفل نماز گھروں میں پڑھنے کی ترغیب

(۱۱۴) ((عن جابر رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم : إذا قضى أحدُكم الصَّلاةَ في مسجدِه فلْيجعل لبيتِه نَصيبًا من صَلاتِه فإنَّ اللّٰهَ جاعلٌ في بيتِه من صَلاتِه خيرًا)) [رواه مسلم و صححه ابن خزيمة من حديث ابي سعيد]

(۱۱۴) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی جب مسجد میں نماز ادا کرے تو اسے کچھ حصہ اپنے گھر کے لیے بھی پڑھنا چاہیے کیونکہ اللہ تعالیٰ گھر میں نماز پڑھنے سے خیر و برکت فرمائے گا''۔ (مسلم' ابنِ خزیمہ نے اسے بروایت ابوسعید صحیح قرار دیا ہے)

---

(۱) تاہم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی یہ حدیث صحیح ہے۔ ((من سمع النداء فَلم يجب فلا صلاة له الا من عذر)) [رواه ابن ماجه] ''جواز ... سنے اور (جماعت کے ساتھ نماز پڑھ کر) اس کا جواب نہ دے تو اس کی نماز نہیں الا یہ کہ کوئی عذر ہو''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۱۱۵) (( وعن أبی موسی رضی اللہ عنہ عنِ النبی ﷺ : قَالَ: مَثَلُ البیتِ الذی یُذکرَ اللّٰہُ فیہِ، والبیتُ الذی لا یُذکرُ اللّٰہُ فیہِ: مَثَلُ الحیِّ والمیتِ۔ ))[متفق علیه]

(۱۱۵) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس گھر میں اللہ کا ذکر ہوتا ہو اور جس گھر میں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ ہوتا ہو ان کی مثال زندہ اور مردوں کی سی ہے"۔ (بخاری ومسلم)

(۱۱۶) (( وعن زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ان النبی ﷺ قَالَ: صَلُّوا یاایُّها الناسُ فی بُیوتکُم فإنَّ افضلَ صلاةِ المرءِ فی بَیتِه إلا المکتوبَة)) [رواه النسائی بإسناد جید وصححه ابن خزیمه]

(۱۱۶) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا لوگو: اپنے گھروں میں بھی نماز پڑھو کیونکہ آدمی کی افضل نماز وہ ہے جو گھر میں پڑھی جائے۔ اِلّا یہ کہ وہ فرض نماز ہو"۔ (نسائی باسناد جید، ابنِ خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے)

[صحیح]

## الترغیب فی انتظار الصَّلاة بعد الصَّلاة

## ایک نماز کے بعد دوسری نماز کے انتظار کی ترغیب

(۱۱۷) (( عن عبدِ اللّٰه بن عمرٍو رضی اللہ عنہما قَالَ: صلَّینا مع رسول اللّٰه ﷺ المغربَ فرجَعَ من رجَعَ، وعَقَّبَ من عقب فجاءَ رسولُ اللّٰه ﷺ مسرعًا قد حَفَزَهُ النَّفَسُ قَد حَسَرَ عن رُکبتَیهِ فقال: أبْشروا، هذا ربُّکم قد فَتَحَ بابًا من أبوابِ السماءِ یُباهی بکُم الملائکةَ یقول: انظُرُوا إلی عبادی قَد قَضَوْا فریضةً وهُم یَنتظِرون اُخری۔ )) [رواه ابن ماجه من روایة ابی ایوب وابوایوب هو العتکی ما اراه سمع منه ورواته ثقات۔ قوله حفزه بفتح الحاء المهملة بعدها فاء ثمّ زای ای اتعبه من شدة سعیه وحسر بفتح المهملتین ای کشف]

(۱۱۷) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مغرب کی نماز ادا کی، کچھ لوگ نماز سے فراغت کے بعد واپس لوٹ گئے اور کچھ ذکر ودعا کے لیے وہیں رہ گئے (کچھ دیر بعد) رسول اللہ ﷺ جلدی سے تشریف لائے، آپ کا سانس پھولا ہوا تھا اور آپ نے گھٹنوں سے کپڑا اُٹھا رکھا تھا، آپ نے فرمایا: "تمہیں خوشخبری ہو، تمہارے ربّ نے آسمانوں سے ایک دروازہ کھولا ہے اور وہ تم پر فرشتوں کے سامنے فخر کر رہا ہے اور فرما رہا ہے، فرشتو! تم میرے ان بندوں کو تو دیکھو جنھوں نے ایک فرض ادا کیا ہے اور اب وہ دوسرے کا انتظار کر رہے ہیں (ابن ماجہ نے اسے بروایت ابوایوب بیان کیا ہے، ابوایوب سے مُراد عتکی ہے، میرے خیال میں ان کا سماع ثابت نہیں ہے، اس کے تمام راوی ثقہ ہیں)

[صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغيب في المحافظة على الصبح و العصر

## صُبح وعصر کی حفاظت کی ترغیب

(۱۱۸) (( عن أبي موسى رضی اللہ عنہ أَنَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ: مَن صلّٰى البَرْدَيْنِ دَخَل الجَنَّةَ ))[متفق عليه والبردان بفتح الموحدة وسكون الراء هما الصبح والعصر]

(۱۱۸) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے دوٹھنڈی نمازیں ادا کیں وہ جنّت میں داخل ہوگا۔ (بخاری و مسلم' دوٹھنڈی نمازوں سے مُراد صُبح وعصر کی نمازیں ہیں)

(۱۱۹) (( وعن عِمارَةَ بنِ رُوَيبَةَ رضی اللہ عنہ سمعت رسول اللّٰه ﷺ يقول: لَنْ يَلِجَ النَّارَ أحَدٌ صلّٰى قبلَ طُلوعِ الشَّمسِ وقبلَ غُروبِها' يعنى الفجر والعصر )) [رواه مسلم]

(۱۱۹) حضرت عمارہ بن رُوَیبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے طلوعِ آفتاب اورغروبِ آفتاب سے قبل یعنی فجر وعصر کی نمازیں پڑھیں تو وہ کبھی جہنم میں داخل نہ ہوگا''۔ آپ کی مراد فجر وعصر کی نمازوں سے تھی۔ (مسلم)

## الترغيب في جلوس المرءِ في مصلاه بعد الصبح وبعد العصر

## صُبح وعصر کے بعد جائے نماز میں بیٹھنے کی ترغیب

(۱۲۰) (( عن أنس بن مالك رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ من صلّٰى الفَجْرَ في جَماعةٍ ' ثمَّ قعدَ يَذكرُ اللّٰه تعالى حتّٰى تَطْلُعَ الشمسُ' ثمَّ صلّٰى رَكعتين كانتْ له كأجْرِ حَجةٍ وعُمرة ' قَالَ: رسول اللّٰه ﷺ : تامَّةٍ ' تامَّةٍ' تامَّةٍ۔)) [ رواه الترمذى وقال حسن غريب۔ وأخرجه الطبرانى من حديث أبى أمامة كذلك بمعناه وإسناده جيد۔ واخرج ابن ابى الدنيا من حديث ابى امامة بلفظ من صلّٰى الفَجْرَ ثمَّ ذَكرَ اللّٰه حتّٰى تَطْلُعَ الشَّمسُ'

(۱۲۰) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جوشخص فجر کی نماز باجماعت ادا کرے گا' پھر اسی جگہ بیٹھ کر طلوعِ آفتاب تک اللہ کا ذکر کرے' پھر دو رکعتیں پڑھے تو اسے حج وعمرہ کا ثواب ملے گا' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مکمل' مکمل' مکمل (یعنی حج وعمرہ کا پورا ثواب'')۔ (ترمذی نے اسے حسن غریب روایت کیا' طبرانی نے اس معنی میں اسے بروایت ابوامامہ بیان کیا ہے اوراس کی سند جید ہے' ابنِ ابی الدنیا نے اسے ابوامامہ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے کہ جس نے فجر کی نماز ادا کی' پھر اللہ تعالیٰ کا (طلوعِ آفتاب تک) ذکر کیا تو اس کی کھال کو جہنم کی آگ کبھی بھی نہ چھوئے گی۔ (بیہقی نے اسے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے اسی طرح روایت کیا ہے اوراس میں یہ اضافہ بھی ہے کہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لم يمسَّ جلْدَه النَّارُ ابدًا۔ واخرجه البيهقي من حديث الحسن بن علي قَالَ: سمعت رسول اللّٰه ﷺ فَذكره، وزاد ثمَّ صلّٰى رَكعتين، او اربعًا۔ وقال في اخره واخذَ الحسنُ بجِلْدِه فَمَدَّه۔]

پھر دو یا چار رکعات پڑھے' اس کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے اپنی جلد کو پکڑ کر کھینچا) [حسن لغیرہ]

(۱۲۱) (( وعن أنس رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ لَانْ اقعُدَ مع قومٍ يذكرونَ اللّٰهَ من صلاةِ الغَدَاةِ حتّٰى تَطْلعَ الشمسُ أحبُّ إِليَّ منْ ان أُعتِقَ أَربعةً مِن وَلَدِ إِسماعيلَ، ولان أقعدَ مع قومٍ يذكرونَ اللّٰهَ من صلاةِ العصرِ إلى أنْ تغرُبَ الشَّمسُ أحبُّ إِلَيَّ مِنْ أنْ أعتقَ أربعةً۔ ))

[رواه أبوداود وأبويعلٰى وزاد في الاخر من ولدأسماعيل دِيَةُ كلِ رجلٍ منهم اثنا عَشَر الفًا]

(۱۲۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایسے لوگوں کے ساتھ بیٹھو جو صبح کی نماز کے بعد طلوعِ آفتاب تک اللہ کا ذکر کرتے ہیں' مجھے اولادِ اسمٰعیل میں سے چار غلاموں کے آزاد کرنے سے بھی زیادہ محبوب ہے' اسی طرح نمازِ عصر سے لے کر غروبِ آفتاب تک ذکر کرنے والوں کے ساتھ بیٹھنا بھی چار غلاموں کے آزاد کرنے سے زیادہ محبوب ہے (ابوداوٗد' ابویعلٰی' اس کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اولادِ اسمٰعیل میں سے ان میں سے ہر مرد کی دیت بارہ ہزار ہے) [حسن]

(۱۲۲) (( وعن جابر بن سمرة رضی اللہ عنہ قَالَ: كان النبي ﷺ اذا صلّٰى الفجْرَ تربَّعَ في مجلِسِه حتّٰى تطلُعَ الشَّمْسُ حسناً ))

[رواه مسلم وابوداود وغيرهما۔ وفي رواية ابنْ خزيمة يقعدُ في مُصَلَّاهُ اذا صلّٰى الصبحَ حتّٰى تطلُعَ الشمسُ ورواه الطبراني وفي روايته يذكرُ اللّٰه]

(۱۲۲) حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نماز فجر ادا فرمانے کے بعد اپنی جگہ طلوعِ آفتاب تک چوکڑی مارے بیٹھے رہتے تھے حتی کہ سورج طلوع ہو کر خوب بلند ہو جاتا (مسلم' ابوداوٗد' ابنِ خزیمہ کی ایک روایت میں ہے کہ صبح کی نماز کے بعد اپنی جگہ بیٹھے رہتے حتی کہ سورج طلوع ہو جاتا۔ طبرانی کی ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ آپ بیٹھے اللہ تعالٰی کا ذکر کرتے رہتے)

## الترغيب في الامامة مع الاقام والإحسان والترهيب منها عند عدمهما

## مکمل واحسن طریقے سے نماز پڑھانے والے کیلئے امامت کی ترغیب اور ایسا نہ کرنے والے کے لیے وعید

(۱۲۳) (( عن أبي علي المصري قَالَ:

(۱۲۳) حضرت ابوعلی مصری [1] سے روایت ہے کہ ہم نے حضرت

(۱) اس کتاب کے دونوں اصل نسخوں میں یہ نام مضری ہے جبکہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ مصری ہے' ان کا نام ثمامہ بن شفی ہے ملاحظہ فرمائیے۔ ''التہذیب''

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



سافَرْنا مع عُقْبَةَ بنِ عامرٍ الجُهنيِّ فحضَرَتْنَا الصَّلاةُ فأرَدْناهُ أن يَتقدَّم ، فقال: إني سمعتُ رسول الله ﷺ يقول: مَنْ أمَّ قومًا، فإنْ أتمَّ فلَهُ التَّمامُ ولَهُمُ التَّمامُ، وإنْ لَّمْ يُتِمَّ فلهُمُ التَّمامُ وعَلَيْهِ الْإِثْمُ.)) [رواه احمد وهذا لفظه وابوداود، وابن ماجه وصححه ابن خزيمه وابن حبان والحاكم]

عقبہ بن عامر جہنی کے ساتھ سفر کیا' نماز کا وقت ہو گیا تو ہم نے چاہا کہ وہ ہمیں نماز پڑھائیں' انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص لوگوں کو نماز پڑھائے تو مکمل طور پر نماز پڑھائے تو اسے اجر وثواب بھی پورا پورا ملے گا اور نماز پڑھنے والوں کو بھی اجر وثواب پورا پورا ملے گا اور اگر امام نماز صحیح طور پر نہ پڑھائے تو پڑھنے والوں کو تو پوری نماز کا ثواب مل جائے گا مگر اس امام کو گناہ ہوگا (احمد' ابوداؤد' ابن ماجہ' ابن خزیمہ' ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن صحيح]

## الترهيب من إمامة من القوم له كارهون

## ایسے شخص کے لیے امامت پر وعید جسے لوگ پسند نہ کرتے ہوں

(۱۲۴) (( وعن أنس ؓ مُسنَدًا وعطاءِ بنِ دينارٍ الهُذَليِّ مُرسلًا واللفظُ له، انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ: ثلاثةٌ لا يقبلُ اللّٰه منهمْ صَلاةً، ولا تَصعَدُ اِلى السَّماءِ، ولا تُجاوزُ رُؤوسَهمْ: رجلٌ أمَّ قومًا وهُم لَهُ كارهونَ، ورَجلٌ صلّٰى على جَنازةٍ ولَمْ يُؤمَرْ، وامرأةٌ دعاها زوجُها مِنَ الليلِ فأبَتْ عليهِ))[رواه ابن خزيمة بالوجهين]

(۱۲۴) حضرت انس ؓ سے مسنداً اور عطاء بن دینار ہذلی سے مرسل روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تین شخص ایسے ہیں جن کی اللہ تعالیٰ نماز قبول ہی نہیں فرماتا' نہ ان کی نماز آسمان کی طرف چڑھتی ہے اور نہ سر ہی سے اونچی ہوتی ہے (۱) ایک وہ شخص جو لوگوں کو نماز پڑھائے جبکہ لوگ اسے ناپسند کرتے ہوں (۲) جو نمازِ جنازہ پڑھائے اور اسے کہا نہ گیا ہو (۳) وہ عورت جس کو اس کا شوہر رات کو بلائے اور وہ انکار کردے''۔ (ابن خزیمہ نے اسے مرسل ومرفوع دونوں طرح روایت کیا ہے۔) [حسن صحيح]

## الترغيب في الصف الاول للرجال وتسوية الصفوف والتراص فيها وفضل من وصلها وسد فرجها وفضل ميامنها إلا إذا تعطلت المياسر. وفضل من تأخر خشية ان يوذى لو تقدم

## صف اوّل (مردوں کے لئے) صفوں کی برابری اور خوب مل کر کھڑے ہونے کی ترغیب' صفوں کو ملانے والے' خالی جگہ پُر کرنے والے' دائیں جانب کھڑے ہونے والے (بشرطیکہ بائیں جانب معطل نہ ہوتی ہو) اور آگے کھڑے ہونے کی صورت میں دوسروں کی تکلیف کے خیال سے پیچھے کھڑا ہونے کی فضیلت۔

(۱۲۵) (( عنِ العِرباضِ بنِ ساريَةَ ؓ أنَّ

(۱۲۵) حضرت عرباض بن ساریہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رسولَ اللّٰه ﷺ كانَ يستغفرُ للصَّفِّ المقدَّم ثلاثًا، وللثاني مرةً۔ )) [ رواه النسائي وابن ماجه، وصححه ابن خزيمة والحاكم وابن حبان ولفظه كانَ يصلّي على الصفِّ المقدَّم ثلاثًا، وعلى الثاني واحدةً۔ وفي رواية النسائي على الصفِّ الاولِ مرَّتينِ۔]

اللہ ﷺ پہلی صف کے لیے تین بار اور دوسری کے لیے ایک بار مغفرت کی دُعا فرمایا کرتے تھے (نسائی، ابنِ ماجہ، ابنِ خزیمہ، حاکم اور ابنِ حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے، ابنِ حبان کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ ﷺ پہلی صفت کے لیے تین بار اور دوسری کے لیے ایک بار رحمت کی دُعا فرمایا کرتے تھے، نسائی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ ﷺ پہلی صف کے لیے دو بار رحمت کی دُعا فرماتے تھے) [صحیح]

(۱۲۶) (( وعنِ النُّعمان بنِ بشيرٍ ؓ قَالَ: سمعت رسولِ اللّٰه ﷺ يقول: انَّ اللّٰهَ وملائكتَهُ يُصلُّونَ على الصَّف الاوَّلِ اوِ الصُّفوفِ الْأُولىٰ۔ )) [رواه احمد باسناد جيد]

(۱۲۶) حضرت نعمان بن بشیر ؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اللہ تعالیٰ اس کے فرشتے پہلی صف یا یہ فرمایا کہ پہلی صفوں پر رحمت بھیجتے ہیں۔ (احمد، باسنادِ جید) [حسن]

(۱۲۷) (( وعن عائِشَةَ ؓ عن رسول اللّٰه ﷺ قَالَ: إنَّ اللّٰه وملائِكتَه يُصلُّونَ على الذين يَصِلُونَ الصُّفوفَ۔ )) [ رواه احمد وابن ماجه وصححه ابن خزيمه وابن حبان والحاكم۔ وزاد ابن ماجه (( ومَنْ سَدَّ فُرجةً رفعهُ اللّٰهُ بها دَرجةً )) واخرجه الطبراني في الاوسط هذه الزيادة وزاد (( وبَنَى لهُ بيتًا في الجنَّةِ))۔ واخرجه الاصبهاني بهذه الزيادة من حديث ابي هزيرة۔ واخرجه البزار من حديث ابي جحيفة بلفظ (( من سدَّ فُرجةً في الصَّف غُفِر له)) وإسناده حسن]

(۱۲۷) حضرت عائشہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ان لوگوں پر رحمت بھیجتے ہیں جو صفوں کو ملاتے ہیں (احمد، ابنِ ماجہ، ابنِ خزیمہ، ابنِ حبان اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ ابنِ ماجہ کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ جو صفوں میں کسی خلا کو پر کرے گا اللہ تعالیٰ اسے ایک درجہ بلند کر دے گا۔ طبرانی اوسط کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: ''اور اس کا جنت میں گھر بنائے گا'' اصبہانی نے انہی الفاظ کے ساتھ اس حدیث کو حضرت ابو ہریرہ ؓ سے بھی روایت کیا ہے اور بزار میں بروایت ابو جحیفہ یہ الفاظ بھی آئے ہیں: ''جو شخص صف کے خلا کو پُر کرے تو اس کے گناہوں کو معاف کر دیا جاتا ہے'' اس کی سند حسن ہے)

(۱۲۸) (( وعنِ البراءِ بنِ عازبٍ ؓ قَالَ: كان رسول اللّٰه ﷺ ياتِي ناحيةَ الصَّفِّ، ويُسَوِّي بينَ صُدورِ القومِ ومناكِبهِم۔

(۱۲۸) حضرت براء بن عازب ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ صف کے ایک کنارے سے تشریف لاتے، لوگوں کے سینوں اور کندھوں کو برابر کرتے اور فرماتے: ''اختلاف نہ کرو،

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ویقولُ: لا تَختلِفُوا فتختلفَ قُلُوبُکُمْ، قَالَ وکان یقول ان اللّٰه وملائِکتَهُ یصلُّونَ علی الّذِینَ یَصِلُونَ الصُّفوفَ الْأُولَ۔)) [رواه ابن خزیمة واخرجه ابوداوود ((وما مِن خَطْوةٍ احبَّ الیهِ من خَطوةٍ یَمشیها العبدُ یَصِلُ بِها صَفًّا]))

تمہارے دِل مختلف ہو جائیں گے'' نیز آپ ﷺ یہ بھی ارشاد فرماتے: ''بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے ان لوگوں پر رحمت بھیجتے ہیں جو پہلی صفوں کو ملاتے ہیں''۔ (ابن خزیمہ' ابوداؤد کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ وہ قدم اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب ہے جو صف ملانے کے لیے بندہ اُٹھاتا ہے)[صحیح]

(۱۲۹) ((وعن ابن عباس رضی اللہ عنہما أنَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قال: خِیارُکُمْ ألینکم مناکِبَ فی الصَّلاةِ۔))[رواه ابوداؤد]

(۱۲۹) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو نماز میں کندھوں کے نرم ہیں[1] (ابوداؤد) [صحیح لغیرہ]

(۱۳۰) ((وعَنْ مُعاذ بن جَبل رضی اللہ عنہ النبی ﷺ قَالَ: خَطْوتانِ إحداهُما: احبُّ الخُطی اِلی اللّٰهِ، والأُخری ابغضُ الخُطی اِلی اللّٰهِ۔ واما التی یُحبُّها اللّٰهُ: فَرَجُلٌ نَظَرَ إلی خَلَلٍ فی الصَّفِّ فَسَدَّهُ، وأما التی یُبغِضُها: فإذا أرادَ الرَّجُلُ أنْ یقومَ مدَّ رِجلَهُ الیُمنی، وَوضَعَ یَدَهُ علیها، وأثبتَ الیُسریٰ ثمَّ قامَ۔)) [رواه الحاکم وصححه علی شرط مسلم]

(۱۳۰) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا دو قدموں میں سے ایک تو اللہ تعالیٰ کو بہت ہی پسند ہے اور دوسرا انتہائی ناپسند' جس قدم کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے وہ ہے کہ بندہ صف میں کسی خلا کو دیکھ کر اسے پر کرنے کے لیے اُٹھاتا ہے اور جو قدم اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے وہ ہے کہ بندہ جب کھڑا ہونے کا ارادہ کرے تو دائیں پاؤں کو آگے بڑھا دے اور اس پر اپنے ہاتھ کو رکھے اور بائیں قدم کو اپنی جگہ پر رہنے دے اور اس طرح کھڑا ہو جائے۔ (حاکم نے اسے روایت کیا اور مسلم کی شرط کے مطابق صحیح قرار دیا ہے)[2] [ضعیف]

(۱۳۱) ((وروی عن ابن عباس قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ : مَن تَرَکَ الصَّفَّ الاوَّلَ مَخافةَ انْ یُؤْذِی احداً اضعفَ اللّٰهُ لَهُ اجرَ الصَّفِّ الاوَّلِ۔))[رواه الطبرانی فی الاوسط]

(۱۳۱) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی گئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس ــــ ی کی تکلیف کے خوف سے پہلی صف کو چھوڑ دیا اللہ تعالیٰ اسے پہلی صف کا دُگنا ثواب عطا فرمائے گا''۔ (طبرانی اوسط)[موضوع]

---

(۱) کندھوں کے نرم ہونے کے ایک معنی تو یہ ہیں کہ وہ نماز اطمینان وسکون کے ساتھ پڑھتے ہیں نہ تو اِدھر اُدھر جھانکتے ہیں اور نہ اپنے کندھے کو اپنے ساتھی کے کندھے کے ساتھ رگڑتے ہیں اور اس کے دوسرے معنی یہ ہیں کہ اگر کوئی شخص خلا کو پُر کرنے کے لیے یا جگہ کی تنگی کی وجہ سے صف میں داخل ہونا چاہے تو اسے منع نہیں کرتے بلکہ صف میں داخل ہونے کا موقع دیتے ہیں تا کہ صفیں مضبوط اور برابر ہو جائیں۔ (خطابی)

(۲) لیکن امام ذہبیؒ نے کہا ہے کہ حاکم کا یہ حکم درست نہیں' اس حدیث کی سند منقطع ہے۔ (تلخیص المستدرک ۲۷۲/۱)ازھر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۱۳۲) (( وعن عائِشَةَ رضی اللہ عنہا قالتْ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ : انَّ اللّٰهَ وملائكتَهُ يُصلُّونَ على مَيامِنِ الصُّفوفِ)) [رواه ابوداود وابن ماجه باسنادٍ حسنٍ]

(۱۳۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے صفوں کے دائیں حصوں پر رحمت بھیجتے ہیں''۔ (ابوداوُد'ابن ماجہ'باسنادِ حسن) [ضعیف]

## الترهيب من تاخر الرجالِ عنِ الصفوف الأول

## مَردوں کے لیے پہلی صفوں سے پیچھے رہنے پر وعید

(۱۳۳) (( عن عائِشَةَ رضی اللہ عنہا قالتْ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ : لا يَزالُ قومٌ يتَاَخَّرونَ عنِ الصفِّ الاوَّلِ حتّٰى يُوَخِّرَهُمُ اللّٰهُ فى النَّارِ)) [رواه ابوداود وصححه ابن خزيمة وابن حبان]

(۱۳۳) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کچھ لوگ ہمیشہ پہلی صف سے پیچھے رہتے رہیں گے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ انہیں جہنم میں بھی دیر تک رکھے گا''۔ (ابوداوُد' ابنِ خزیمہ وابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے)[1] [صحیح]

## الترغيب فى التامين خلف الامام ودعاء الافتتاح والاعتدال

## امام کے پیچھے آمین' دُعا افتتاح اور اعتدال کی ترغیب

(۱۳۴) (( عن ابى هريرةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ: اذا قَالَ (الامامُ) غَيرِالمغضوبِ عَليهمْ ولا الضَّالِّينَ' فقولُوا: آمِين۔ فاِنَّهٗ مَنْ وافقَ قولُهٗ قولَ الملائكةِ غُفِرَلَهٗ ما تقدَّمَ من ذَنبِهٖ۔ [متفق عليه واللفظ للبخارى وله ((اذا قَالَ احدُكم آمِينَ' وقالتِ الملائكةُ فى السماءِ آمِينَ' فَوافَقَتْ احداهما الاُخرى غُفِرَ لَهٗ ما تقدَّمَ من ذَنبه۔]))

(۱۳۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب امام ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ﴾ کہے تو تم آمین کہو کہ جس کی آواز فرشتوں کی آواز سے مل گئی' اسکے سابقہ تمام گناہوں کو معاف کر دیا جائے گا''۔ (بخاری ومسلم۔ یہ الفاظ بخاری کے ہیں اور بخاری ہی کی ایک دوسری روایت میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی آمین کہتا ہے تو فرشتے آسمانوں میں آمین کہتے ہیں اور جب ایک کی آمین دوسرے کی آمین سے مل جائے تو اسکے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں)

(۱۳۵) (( وعَن حَبيبِ بنِ سَلَمَة رضی اللہ عنہ

(۱۳۵) حضرت حبیب بن سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو کہ مستجاب

(۱) محدث البانی رحمہ اللہ نے [فى النار] کے اضافے کو ضعیف قرار دیا ہے۔ باقی صحیح ہے۔ (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


وكان مجابَ الدَّعوةِ قالَ: سَمِعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ يقولُ: لا يجتمعُ مَلَأٌ فَيدْعو بعضُهم ويُؤمِّنُ بعضُهم الا اجابَهُمُ اللّٰهُ)) [رواه الحاكم]

الدعوات تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب کچھ لوگ جمع ہو کر دُعا کریں اور دوسرے آمین کہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی دُعا کو قبول فرمالیتا ہے"۔ (حاکم) [ضعیف]

(۱۳۶) ((وعَن ابنِ عُمرَ رضی اللہ عنہ قالَ: بَينما نحنُ نُصلّي معَ رسولِ اللّٰه ﷺ : اذْ قالَ رجلٌ في القومِ: اللّٰهُ اكبرُ كَبيرًا والحمدُ لِلّٰه كثيراً، وَسُبحانَ اللّٰهِ بُكرةً واصيلًا، فقالَ رسول اللّٰه ﷺ : مَنِ القائلُ كلمةَ كَذا وَكَذا؟ قال رجُلٌ مِنَ القومِ: انا يارسولَ اللّٰه، قالَ: عَجبتُ لها فُتِحَتْ لها ابوابُ السَّماءِ: قالَ ابنُ عُمرَ: فما تَركتُهُنَّ منذُ سَمِعتُ مِن رسولِ اللّٰه ﷺ يقولُ ذلكَ)) [رواه مسلم]

(۱۳۶) حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک آدمی نے کہا: اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا (اللہ سب سے بڑا، بہت بڑا ہے، سب تعریف اللہ کے لیے ہے، بہت بہت تعریف، پاکی بیان کرتا ہوں اللہ کی صبح و شام) تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ کلمات کس نے کہے تھے، حاضرین میں سے ایک شخص نے کہا "میں نے یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا مجھے تعجب ہوا کہ ان کلمات کے لیے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے گئے، ابنِ عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ ارشاد سنا ہے، ان کلمات کو کبھی ترک نہیں کیا"۔ (مسلم)

(۱۳۷) ((وعَن رِفاعَةَ بنِ رافعِ الزُّرَقيِّ رضی اللہ عنہ قالَ: كُنا نُصلّي وراءَ النبيِّ ﷺ، فلمَّا رفعَ راسَه مِنَ الرَّكعةِ قالَ: سمِعَ اللّٰهُ لِمنْ حَمِدَه. قالَ رجلٌ مِنْ ورائِه: رَبَّنا وَلكَ الحمدُ حمدًا كثيرًا طيِّبًا مباركًا فيهِ، فلما انصرفَ قالَ: مَنِ المتكلِّمُ؟ قالَ انا. قالَ رايتُ بِضْعَةً وثلاثينَ مَلكًا يبتَدِرُونها ايُّهُمْ يكتُبها اوَّلُ؟)) [رواه مالك والبخاری و ابوداوود والنسائی]

(۱۳۷) حضرت رفاعہ بن رافع زرقی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم آنحضرت ﷺ کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے، جب آپ ﷺ نے رکوع سے سر اُٹھایا اور کہا سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ تو آپ ﷺ کے پیچھے ایک شخص نے کہا: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ (اے ہمارے پروردگار! میں تیری تعریف کرتا ہوں اور تیرے لیے بہت زیادہ پاکیزہ، برکت والی تعریفیں ہیں) جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ کلمات کس شخص نے کہے تھے؟ اُس نے کہا: "جی میں نے"۔ فرمایا: "میں نے تیس سے زیادہ فرشتے دیکھے جو اس کوشش میں تھے کہ ان کلمات کو سب سے پہلے کون لکھے"۔ (مالک، بخاری، ابوداؤد، نسائی)

(۱۳۸) ((وعن ابی هريرةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسول اللّٰه ﷺ قالَ: اذا قالَ الامامُ: سَمِعَ اللّٰهُ

(۱۳۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب امام سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ، کہے تو تم رَبَّنَا لَكَ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لِمَنْ حَمِدَهُ ، فقولوا: ربَّنا لَكَ الْحَمْدُ، فَإِنَّهُ مَنْ وافَقَ قولُه قولَ الملائِكَةِ غُفِرَ لَهُ ما تَقَدَّمَ مِنْ ذَنبِه۔)) [ متفق عليه، وفی رواية لهما ((ولك الحمد)) بالواو]

اَلْحَمْدُ کہو' جس کی بات فرشتوں کی بات سے مل گئی' اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے''۔ (بخاری و مسلم' بخاری و مسلم ہی کی ایک دوسری روایت میں رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ کے الفاظ ہیں)۔

## الترهيب من رفع المأموم راسه قبل الامام فی الركوع والسجود

## رکوع و سجود میں مقتدی کے امام سے پہلے سر اُٹھانے پر وعید

(۱۳۹) (( وعن أبی هريرةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم قالَ : امَا يَخشٰی احدُكُمْ اذا رَفَعَ رَاْسَه مِنْ رُكوعٍ او سجودٍ قَبْلَ الامامِ ان يجعلَ اللّٰه راسَه راسَ حِمارٍ او صورتَه صورةَ حمارٍ )) [ متفق عليه۔ وللطبرانی فی الاوسط۔ (( مَا يُؤمِنُ اَحَدُكُمْ اِذَا رَفَعَ رَاْسَه قَبْلَ الاِمَامِ اَنْ يُحوِّلَ اللّٰهُ رَاسَه رَاسَ كَلْبٍ)) وصححه ابن حبان ((بلفظ اما يخشی))۔ وللبزار والطبرانی بلفظ (( الذی يخفضُ ويرفعُ قبلَ الامامِ انما ناصيتُهُ بيدِ شيطانٍ)) واسناده حسن ووقفه مالك]

(۱۳۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے جو شخص رکوع یا سجود میں اپنے سر کو امام سے پہلے اُٹھائے تو کیا وہ اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتا کہ اللہ تعالیٰ اس کے سر کو گدھے کا سر بنا دے؟[1] (یا اس کی شکل و صورت کو گدھے کی شکل و صورت بنا دے) بخاری و مسلم' طبرانی اوسط میں یہ الفاظ ہیں کہ جب تم میں سے کوئی امام سے پہلے اپنا سر اُٹھاتا ہے تو اسے کیا چیز بے خوف کرتی ہے اس بات سے کہ اللہ تعالیٰ اس کے سر کو کتے کے سر میں بدل دے' ابن حبان نے ''اَمَا يَخْشٰی'' کے لفظ کے ساتھ اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے۔ بزار اور طبرانی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص امام سے پہلے اپنے سر کو جھکاتا یا اُٹھاتا ہے' اس کی پیشانی شیطان کے ہاتھ میں ہے' اس کی سند حسن ہے' امام مالک نے اسے موقوف روایت کیا ہے)۔

(۱) امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جمہور کا مذہب یہ ہے کہ امام سے پہلے سر اُٹھانا حرام ہے' ایسا کرنے والا گنہگار ہو گا مگر اس کی نماز ہو جائے گی۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس کی نماز باطل ہو جائے گی کیونکہ حدیث میں اس شدت سے وارد ممانعت کا تقاضا یہی ہے کہ ایسے شخص کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ ابن بزیزہ فرماتے ہیں کہ سر کے بدلنے سے مُراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ واقعی اس کی شکل کو مسخ کر دے یا اس کی حسی یا معنوی یا دونوں حالتوں ہی کو بدل دے' دیگر علماء نے اس حدیث کو ظاہر پر محمول کیا ہے کیونکہ ایسا وقوع پذیر ہونے میں کوئی اَمر مانع نہیں ہے۔ (فتح الباری)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترهيب من عدم اتمام الركوع والسجود واقامة الصلب بينهما و ما جاء في الخشوع

## رکوع وسجود پورا نہ کرنے‘ ان کے درمیان کمر سیدھی نہ کرنے پر وعید اور خشوع کے بارے میں کیا وارد ہوا ہے

(۱۴۰) (( عن ابی مسعودٍ البدريِّ ﷺ قالَ: قالَ رسول الله ﷺ : لا تُجزِیءُ صلاةُ الرجلِ حتی يُقيمَ ظهرَهٖ فی الركوعِ والسُّجودِ )) [ رواه احمد والنسائی وابوداوود واللفظ له وصححه الترمذی وابن خزيمة وابن حبان والدارقطنی]

(۱۴۰) حضرت ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آدمی کی اس وقت تک نماز نہیں ہوتی‘ جب تک وہ رکوع وسجود میں اپنی پشت کو کھڑا نہ کرے“۔ (احمد‘ نسائی۔ یہ الفاظ ابوداؤد کی روایت کے ہیں‘ ترمذی‘ ابنِ خزیمہ‘ ابنِ حبان اور دارقطنی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)۔ [صحیح]

(۱۴۱) (( وعن عبدِ الرحمن بنِ شِبْلٍ ﷺ قالَ: نَهَى رسولُ اللّٰه ﷺ عَن نقرة الغراب‘ وافْتراشِ السَّبُعِ‘ وان يُوَطِّنَ الرَّجُلُ المكانَ فی المسجدِ كما يُوطِنُ البَعِيرُ)) احمد و ابو داوود والنسائی وصححه ابن خزيمة وابن حبان]

(۱۴۱) حضرت عبدالرحمٰن بن شبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کوے کی طرح ٹھونگیں مارنے اور درندے کی طرح بچھ کر بیٹھنے سے منع فرمایا اور اس بات سے بھی منع فرمایا کہ آدمی مسجد میں کسی جگہ کو اس طرح مخصوص کرے جس طرح اونٹ مخصوص جگہ ہی پر بیٹھتا ہے۔[1] (احمد‘ ابوداؤد‘ نسائی‘ ابنِ خزیمہ وابنِ حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)۔ [حسن لغیرہ]

(۱۴۲) (( وعن عَلیِّ بنِ شَيْبانَ ﷺ قالَ: خَرَجنا حتّٰی قدِمنَا علی رسولِ الله ﷺ : فبايَعْناهُ وصلَّينا خلْفَهُ فلمَحَ بمؤخَّرِ عَينهٖ رجلًا لا يُقيمُ صلاتَهُ‘ يَعْنی صُلْبَهُ فی الركوعِ ‘ فلما قَضی النبیُّ ﷺ قالَ: يا معشرَ المسلمينَ: لا صلاةَ لِمن لا يُقيمُ صُلبَهُ فی الركوعِ والسُّجودِ))[رواه احمد وابن ماجه وصححه ابنُ خزيمة وابن حبان]

(۱۴۲) حضرت علی بن شیبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم اپنے گھروں سے نکلے حتی کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوگئے‘ ہم نے آپ ﷺ سے بیعت کی اور آپ کی اِقتداء میں نماز بھی ادا کی‘ آپ ﷺ نے گوشہ چشم سے ایک شخص کو دیکھا جو رکوع میں اپنی پشت کو سیدھا نہیں کر رہا تھا جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: ”مسلمانو! جو شخص رکوع وسجود میں اپنی کمر کو سیدھا نہیں کرتا‘ اس کی نماز نہیں ہوتی“۔ (احمد‘ ابنِ ماجہ‘ ابنِ خزیمہ وابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۱) کوے کی طرح ٹھونگیں مارنے سے مُراد بہت چھوٹا سجدہ کرنا ہے کہ آدمی صرف اتنی مدت سر سجدہ میں رکھے جتنی مدت کوا اپنی چونچ اس چیز پر رکھتا ہے جس کو وہ کھانا چاہتا ہو درندے کی طرح بیٹھنے سے مُراد یہ ہے کہ آدمی سجدہ کرتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھوں کو زمین پر پھیلا دے اور انہیں اوپر نہ اُٹھائے جس طرح کتا یا بھیڑیا اپنے ہاتھوں کو زمین پر پھیلا کر بیٹھتا ہے جگہ مخصوص کرنے سے مُراد یہ ہے کہ آدمی مسجد میں ایک معلوم ومخصوص جگہ پر ہی نماز پڑھے جس طرح اونٹ اپنے باڑے میں ہمیشہ ایک ہی مخصوص جگہ پر بیٹھتا ہے۔ (النہایہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۱۴۳) (( وعن عمّارِ بنِ یاسرٍ رضی اللہ عنہ سمعتُ رسولَ اللّٰہ ﷺ یقولُ: انَّ الرجلَ لَینصرِفُ ، وما کُتِبَ لهُ الّا عُشْرُ صلاته تُسْعُها، ثُمُنها سُبُعُها سُدُسُها خُمُسُها رُبُعُها ثُلُثُها نِصفُها۔)) [ رواہ ابوداود والنسائی وصححه ابنُ حبان واخرجه النسائی من حدیث ابی الیَسرِ بلفظ ((مِنکم مَن یُصلّی الصلاةَ کاملةً، ومنکُم مَن یُصلّی النِّصفَ، والثُّلُثَ، والرُّبُعَ حتی بلَغَ العُشْرَ )) واسنادہ حسن]

(۱۴۳) حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آدمی نماز سے فارغ ہوتا ہے اور اس کے لیے اس کی نماز کا صرف دسواں' نواں' آٹھواں' ساتواں' چھٹا' پانچواں' چوتھا' تیسرا یا نصف حصّہ لکھا جاتا ہے''۔ (ابوداؤد' نسائی' ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور نسائی میں ابوالیسر کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ تم میں سے کوئی شخص پوری نماز پڑھتا ہے' کوئی نصف' ثلث یا ربع پڑھتا ہے حتی کہ آپ نے دسویں حصّے تک کو شمار کیا' اس کی سند حسن ہے) [حسن]

(۱۴۴) ((وعن ابی ھریرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ الصلاةُ ثلاثةُ اثلاثٍ: الطُّھورُ ثُلُثٌ، الرکوعُ ثُلُثٌ، والسُّجودُ ثُلُثٌ۔ فمَنْ ادَّاھا بحقِّھا قُبِلَتْ مِنهُ ، وقُبِلَ منهُ سائرُ عمَلِه، ومن رُدَّتْ علَیهِ صلاتُهُ رُدَّ علَیهِ سائرُ عَمَلِه)) [رواہ البزار وقالَ: لا نعلمُه مرفوعًا الا من حدیث المغیرة ابنِ مسلم۔ قالَ المصنف واسنادہ حسن]

(۱۴۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نماز کی تین تہائیاں ہیں' طہارت ایک تہائی ہے' رکوع (دوسری) تہائی ہے اور سجدہ (تیسری) تہائی ہے' جس نے نماز کو اس طرح ادا کیا جس طرح حق ہے تو اس کی نماز قبول کی جائے گی اور دیگر تمام اعمال بھی مقبول ہوں گے اور جس کی نماز مردود ہوئی اس کے دیگر تمام اعمال بھی مردود قرار پائیں گے''۔ (بزار نے اسے روایت کیا اور فرمایا ہے کہ ہمارے علم کے مطابق یہ حدیث مرفوعا صرف مغیرہ بن مسلم سے مروی ہے' مصنف فرماتے ہیں کہ اس کی سند حسن ہے) [حسن صحیح]

(۱۴۵) (( وعن ابی الدّرداءِ رضی اللہ عنہ انَّ النبیَّ ﷺ: اوَّلُ شَیءٍ یُرفَعُ مِن ھذِہِ الاُمّةِ: الخشوعُ حتّی لا تَری فیھا خاشِعًا۔)) [رواہ الطبرانی باسناد حسن]

(۱۴۵) حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اس اُمت میں سے سب سے پہلے جس چیز کو اُٹھایا جائے گا وہ خشوع ہے حتی کہ خشوع کرنے والا ایک آدمی بھی نہ دیکھو گے''۔ (طبرانی باسناد حسن) [حسن صحیح]

(۱۴۶) (( وعن مطرِّفٍ عن ابیهِ ھو عبداللّٰہ بن الشِّخّیر قالَ رایتُ رسولَ اللّٰہ ﷺ یصلّی وفی صَدرِہ ازیزٌ کازیزِ

(۱۴۶) مطرف اپنے باپ یعنی عبداللہ بن شخیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس طرح نماز ادا فرماتے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز ... آپ ﷺ کے سینہ سے اس طرح

www.KitaboSunnat.com



المِرْجَلِ مِنَ البُکاءِ۔ )) [رواہ ابوداوود والنسائی ولفظہ ((ولِجَوفِہِ ازیزٌ کازیزِ المِرْجَلِ)) یعنی یبکی وصححہ ابن خزیمۃ وابن حبان۔ الازیز بزائین معجمتین الصوت والمرجل بکسر المیم وفتح الجیم القدر]

آواز آ رہی تھی جس طرح ہنڈیا کی آواز ہوتی ہے"۔ (ابوداؤد، نسائی کی روایت میں ہے کہ آپ ﷺ کے پیٹ سے ہنڈیا کی طرح آواز آ رہی تھی یعنی آپ ﷺ رو رہے تھے، ابن خزیمہ وابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے ازیز کے معنی آواز اور مرجل کے معنی ہنڈیا کے ہیں) [صحیح]

## الترھیب من رفع البصر الی السماء فی الصلاۃ

## نماز میں آسمان کی طرف نظر اُٹھانے پر وعید

(۱۴۷) ((عن انسِ بنِ مالكٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : ما بالُ اقوامٍ یرفعونَ ابصارَھُمْ الی السماءِ فی الصلاۃِ۔ فاشتدَّ قولُہٗ فی ذلکَ حتّٰی قالَ لَیَنْتَھُنَّ عَنْ ذٰلِکَ او لَتُخْطَفُنَّ ابصارُھُمْ)) [رواہ مسلم و النسائی]

(۱۴۷) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ان لوگوں کا کیا حال ہے جو نماز میں اپنی نظروں کو آسمان کی طرف اُٹھاتے ہیں؟ آپ ﷺ نے اس سلسلہ میں سخت بات فرمائی حتی کہ فرمایا کہ ان لوگوں کو اس سے باز آ جانا چاہیے یا ان کی نظریں اُچک لی جائیں گی۔[1] (مسلم، نسائی)

## الترھیب من الالتفات وغیر ذلک فی الصلاۃ من المنھیات

## نماز میں اِدھر اُدھر جھانکنے اور دیگر ممنوعہ اُمور سے وعید

(۱۴۸) ((عن ابی ذرٍّ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : لا یزالُ اللّٰہُ مقبلًا علی العبدِ فی الصَّلاۃِ ما لمْ یَلْتَفِتْ، فإذا صَرَفَ وَجْھَہٗ انصرَفَ عَنْہُ)) [رواہ ابوداوود والنسائی وصححہ ابن خزیمہ والحاکم]

(۱۴۸) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بندہ جب تک نماز میں اِدھر اُدھر نہ جھانکے اللہ تعالیٰ اس کی طرف متوجہ رہتا ہے اور جب بندہ اِدھر اُدھر جھانکتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے توجہ ہٹا لیتا ہے"۔ (ابوداؤد، نسائی، ابن خزیمہ وحاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن لغیرہ]

(۱۴۹) (( وعن ابی ھریرۃَ رضی اللہ عنہ قالَ:

(۱۴۹) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے دوست ﷺ

---

(۱) اس سے کیا مراد ہے، اس میں اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ یہ وعید ہے لہذا یہ کام نماز میں حرام ہے، ابن حزم نے کہا کہ اس سے نماز باطل ہو جاتی ہے"۔ (فتح الباری)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اوصَانى خَلِيلِى بثلاثٍ' (وَنَهانى) عَن ثلاثٍ: عَنْ نَقْرَةٍ كَنَقْرَةِ الدِّيكِ' واِقعاءٍ كاِقعاءِ الكلبِ' والتفاتٍ كالتفاتِ الثَّعلبِ)) [رواه احمد باِسناد حسن وابو يعلى وابن ابى شيبه لكن قالَ: كاقعاء القرد۔ قالَ ابوعبيد: الاقعاء ان يلزق اليتيه بالارض وينصب ساقيه' ويضع يديه بالارض]

نے مجھے تین باتوں کی وصیت فرمائی اور تین باتوں سے منع فرمایا' مرغ کی طرح ٹھونگیں مارنے' کتے کی طرح پنڈلیاں کھڑا کر کے بیٹھنے اور لومڑ کی طرح اِدھر اُدھر جھانکنے سے منع فرمایا۔ (احمد باسناد حسن' ابویعلیٰ' ابن ابی شیبہ' ابنِ ابی شیبہ کی روایت میں بندر کی طرح اقعاء کا لفظ ہے' اس کے معنی ہیں دونوں چوتڑوں کا زمین پر لگانا' دونوں پنڈلیوں کا کھڑا کرنا اور دونوں ہاتھوں کا زمین پر لگانا) [حسن لغیرہ]

## الترهيب من مسح الحصى وغيره فى موضع السجود

## مقام سجدہ میں کنکریوں وغیرہ کو چھونے پر وعید

(۱۵۰) ((عن مُعَيْقِيب ﷺ انَّ النبىَّ ﷺ قالَ: لا تَمسحِ الحَصَى وانتَ تُصلِّى' فاِنْ كُنتَ لا بدَّ فاعلًا فَوَاحِدةً)) [متفق عليه]

(۱۵۰) حضرت معیقیب ﷺ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''نماز پڑھتے ہوئے کنکریوں کو نہ چھوؤ اور اگر ضرور ایسا کرنا چاہو تو صرف ایک بار کرو۔''[1] (بخاری ومسلم)

## الترهيب من وضع اليد على الخاصرة فى الصلاة

## نماز میں کولہے پر ہاتھ رکھنے پر وعید

(۱۵۱) ((عن ابى هريرة ﷺ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قالَ: الاختِصارُ فى الصَّلاةِ راحةُ اهلِ النَّارِ۔)) [رواه ابن خزيمة وابن حبان' وهو فى المتفق عليه ((بلفظ نَهى عَنِ الخَصْرِ فى الصلاةِ)) وللترمذى ((نهى ان يصلى مختصرًا)) وللنسائى وابى داوود نحوه وزاد ابوداوود بمعنى يضع يده على خاصرته]

(۱۵۱) نماز میں ''اختصار'' (کولہے پر ہاتھ رکھنا) جہنمیوں کے آرام کرنے کا طریقہ ہے۔ (ابنِ خزیمہ' ابنِ حبان) بخاری ومسلم کی روایت ان الفاظ سے ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے ''خصر'' کرنے سے منع کیا ہے۔ ترمذی میں ہے کہ آپ ﷺ نے بحالتِ ''اختصار'' (کمر پر ہاتھ رکھ کر) نماز پڑھنے سے منع کیا ہے۔ نسائی اور ابوداؤد میں بھی اس کے قریب قریب الفاظ ہیں۔ ابوداؤد نے یہ اضافہ کیا ہے کہ اس کے معنی کولہے پر ہاتھ رکھنے کے ہیں۔ [صحیح]

---

(۱) یعنی کنکریوں کو ایک بار چھولو یا یہ کہ صرف ایک بار چھونا ہی کافی ہے' اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب نقصان یا ایذاء پہنچنے کا اندیشہ ہو تو بوقت ضرورت کنکریوں کو ایک بار چھونے کی اجازت ہے' امام نووی نے ''شرح مسلم'' میں لکھا ہے کہ اس پر علماء کا اتفاق ہے کہ نماز میں بلاضرورت کنکریوں وغیرہ کو ہاتھ لگانا مکروہ ہے' قاضی نے کہا ہے کہ سلف نے نماز میں پیشانی کے چھونے کو بھی مکروہ قرار دیا ہے [illegible]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# الترهيب من المرور بين يدی المصلی

## نمازی کے آگے سے گزرنے پر وعید

(۱۵۲) (( عن ابی الجَهْمِ الانصاریؓ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : لَو يَعْلمُ المارُّ بين يَدَيِ المصلِّی مَا ذَا علَيهِ لكَانَ ان يَقِفَ اربعينَ خَيرا لَهُ منْ ان يَمُرَّ بينَ يَديهِ۔ قالَ ابو النضر: لا ادرى: قالَ اربعينَ يوماً او شهراً او سنةً۔ )) [ متفق عليه واخرجه البزار فقالَ فيه: لان يقوم اربعين خريفًا]

(۱۵۲) حضرت ابوالجہم انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر نمازی کے آگے سے گزرنے والے کو یہ معلوم ہو کہ اس میں کتنا گناہ ہے تو چالیس تک ٹھہرے رہنا' اس کے لیے آگے گزرنے سے بہتر ہوگا (ابونصر کہتے ہیں کہ مجھے معلوم نہیں کہ چالیس دن کہا یا مہینے یا سال۔ بخاری و مسلم۔ بزار کی روایت میں چالیس سال کے الفاظ ہیں)۔

(۱۵۳)(( وعن ابی سعيدِ الخدریؓ رضی اللہ عنہ سمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ يقولُ: اذا صلّٰى اَحدُكم الی شیءٍ يستره منَ الناسِ فارادَ احدُكم ان يجتازَ فلْيدفَعْ فی نَحْرِهٖ' فاِنْ ابی فَلْيُقَاتِلْه فاِنَّمَا هو شَيْطَانٌ۔)) [ متفق عليه وفی رواية: وَلْيُدْرَاهُ ما استطَاعَ وقوله فَلْيُدْرَاهُ بدال مهملة ثم همزة ای يدفعه واخرجه ابن ماجه باِسناد صحيح من حديث ابنِ عُمر بلفظ ((فان ابی فليقاتله فاِن معه القرين ]))

(۱۵۳) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جب کوئی کسی چیز کو سترہ بنا کر نماز پڑھ رہا ہو پھر کوئی اس کے آگے سے گزرنا چاہے[1] تو اُسے چاہئے کہ اس کے سینہ پر مار کر اسے ہٹائے اور اگر وہ انکار کرے تو اس سے لڑائی کرے کیونکہ وہ شیطان ہے۔ (بخاری و مسلم) اور ایک روایت میں ہے کہ اسے مقدور بھر کوشش کر کے اپنے آگے سے ہٹا دے اور ابنِ ماجہ میں صحیح سند کے ساتھ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے مَروی حدیث میں ہے کہ اگر وہ انکار کرے تو اس سے لڑائی کرے کیونکہ اس کے ساتھ اس کا ساتھی (شیطان) بھی ہے) [صحیح]

(۱) یعنی جو امام کے آگے قریب سے گزرے' قرب کا اندازہ دو ہاتھ لگایا گیا ہے البتہ اس کی تحدید میں اختلاف ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ حکم اس وقت تک ہے جب وہ اس کے اور اس کے سجدہ والی جگہ کے درمیان سے گزرے' دوسرا قول یہ ہے کہ جب اس سے تین ہاتھ آگے سے گزرے' تیسرا قول یہ ہے کہ جب ایک پتھر پھینکنے کے فاصلہ سے گزرے' امام نووی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث دلیل ہے کہ نمازی کے آگے سے گزرنا حرام ہے کہ حدیث میں اس کی سخت ممانعت اور وعید ہے' حدیث سے بظاہر یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ وعید نمازی کے آگے سے گزرنے والے کے لیے خاص ہے' نمازی کے آگے عمداً کھڑا ہو جانے یا بیٹھ جانے یا سو جانے والے کے لیے نہیں۔ (فتح الباری)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترهيب من ترك الصلاة متعمدا او اخراجها عن وقتها تهاونًا

## جان بوجھ کرنماز ترک کرنے یا سستی سے بےوقت پڑھنے پر وعید

(۱۵۴) ((عن جابرِ بنِ عبدِ الله رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : بينَ الرَّجلِ وبينَ الشِّركِ او الكُفرِ تركُ الصَّلاةِ)) [اخرجه مسلم]

(۱۵۴) حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آدمی اور شرک یا کفر کے درمیان فرق ترکِ نماز کا ہے۔ (مسلم)

(۱۵۵) ((وعن بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ سَمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ يقولُ : العَهدُ الذی بَيننَا وبَينهُم الصَّلاةُ ، فمَنْ تَرَكَها فَقَدْ كفر)) [رواه احمد وابوداوود النسائی والترمذی وصححه هو وابن حبان والحاكم وقالَ: لا نَعرِفُ له علة۔ وقالَ المصنف: ذهب جماعة من الصحابة والتابعين الى كفر من ترك الصلاة وقالَ به من الفقهاء النخعی والحكم بن عتيبة وابن المبارك واحمد واسحق۔ واقول وبعض الشافعية]

(۱۵۵) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ہمارے اور ان کے درمیان عہد نماز ہے، جس نے نماز کو ترک کر دیا اس نے کفر کیا۔ (احمد، ابوداؤد، نسائی، ترمذی، ابنِ حبان اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہمیں اس حدیث میں کوئی علت نظر نہیں آتی، مصنف فرماتے ہیں کہ حضرات صحابہ و تابعین میں سے ایک جماعت کا یہی مذہب ہے کہ جو شخص نماز ترک کر دے وہ کافر ہے، فقہاء میں سے نخعی، حکم بن عتیبہ، ابنِ مبارک، احمد اور اسحاق میں کہتا ہوں کہ بعض فقہاء شافعیہ کا بھی یہی مذہب ہے)۔ [صحیح]

## الترغيب فی المحافظة على اثنتی عشرة ركعة نافلة فی اليوم والليلة

## دن رات میں باقاعدگی سے بارہ رکعت نفل پڑھنے کی ترغیب

(۱۵۶) ((عن أُمِّ حَبيبَةَ بنتِ ابی سُفيانَ رضی اللہ عنہما سمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ يقولُ: ما مِن عَبدٍ مُسلمٍ يُصلّی للّٰهِ تَعالی فی كُلِّ يومٍ ثِنتی عَشرةَ رَكعةً تَطوُّعًا غَيرَ فَرِيضَةٍ اِلَّا بَنی اللّٰهُ لَهُ بَيتًا فِی الجنَّةِ)) [رواه مسلم

(۱۵۶) حضرت اُم حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو مسلمان بھی ہر روز اللہ تعالیٰ کے لیے فرض کے علاوہ بارہ رکعت نفل نماز پڑھے گا تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ جنت میں گھر بنائے گا۔ (مسلم، اصحاب سنن، ترمذی کی روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ ظہر سے پہلے چار رکعت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



واصحاب السنن وزاد الترمذی اربعًا قَبلَ الظهرِ' ورَكعتينِ بَعدها ورَكعتينِ بعد المغرِبِ' وركعتينِ بعدَ العشاءِ' وركعتينِ قَبلَ صلاةِ الغَداةِ' وصححها ابن خزيمة وابن حبان والحاكم لكن لم يذكروا ركعتي العشاء وذكروا بدلهما ركعتين قبل العصر وكذا عند النسائی فی رواية' ورواه ابن ماجه كالترمذی الا انه قالَ: رَكعتين قبلَ الظُّهرِ ورَكعتينِ قَبلَ العصرِ]

اور بعد میں دو' مغرب کے بعد دو رکعت' عشاء کے بعد دو رکعت اور صبح کی نماز سے پہلے دو رکعت' ابن خزیمہ' ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے لیکن انہوں نے عشاء کی دو رکعتوں کا ذکر نہیں کیا اور ان کے بجائے عصر سے پہلے دو رکعتیں ذکر کی ہیں' نسائی کی ایک روایت میں بھی اسی طرح ہے' ابن ماجہ نے بھی ترمذی کی طرح روایت کیا ہے اور ظہر سے پہلے دو اور عصر سے پہلے بھی دو رکعتیں ذکر کی ہیں)

## الترغيب فی المحافظة علی ركعتی الفجر
## صبح کی دو رکعتوں پر باقاعدگی کی ترغیب

(١٥٧) ((عن عائشةَ رضی اللہ عنہا عن النبي ﷺ قالَ: رَكعتا الفَجرِ خيرٌ مِنَ الدُّنيا ومَا فِيها۔)) [ رواه مسلم وفی لفظ: لهُما احبُّ اليَّ مِنَ الدُّنيا جَميعًا۔ وفی لفظ: لَم يكنِ النبيُّ ﷺ عَلی شَیءٍ مِنَ النَّوافلِ اشدَّ تَعاهدًا مِنهُ عَلی رَكعتَی الفَجرِ۔ متفق عليه]

(١٥٧) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا صبح کی دو رکعتیں دنیا و مافیہا سے بہتر ہیں (مسلم' ایک روایت میں ہے کہ یہ دو رکعتیں مجھے ساری دنیا سے زیادہ پسند ہیں' ایک اور روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نوافل میں سے کسی اور کو اس قدر پابندی سے ادا نہیں فرماتے تھے جس طرح صبح کی دو رکعتوں کو ادا فرمایا کرتے تھے)(بخاری و مسلم)

## الترغيب فی الصلاة قبل الظهر وبعدها
## ظہر سے پہلے اور بعد نماز کی ترغیب

(١٥٨) ((عن أُمِّ حَبيبةَ رضی اللہ عنہا سَمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ يقولُ: مَنْ يُحَافِظُ علی اربعِ رَكعاتٍ قبلَ الظُّهرِ' واربعٍ بعدَها: حَرَّمَهُ اللّٰهُ علَی النَّارِ)) [ رواه احمد واصحاب السنن وصححه الترمذی]

(١٥٨) حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ظہر سے پہلے چار اور بعد میں بھی چار رکعتوں کو ہمیشہ پڑھے اسے اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ پر حرام کردے گا (احمد' اصحاب سنن' ترمذی نے اسے صحیح قرار دیا ہے)

[حسن صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(١٥٩) (( وعَن عبدِ الرحمن ابنِ حُمَيدٍ عن ابيهِ عن جَدِّهِ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قالَ: صلاةُ الهَجيرِ مثلُ صَلاةِ اللَّيلِ يَعنی اذا زَالتِ الشَّمسُ ))[رواه الطبرانی]

(١٥٩) عبدالرحمٰن بن حمید اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دوپہر کی نماز رات کی نماز کی طرح ہے یعنی جب سورج زوال پذیر ہو جائے۔ (طبرانی) [ضعیف]

## الترغيب فی الصلاۃ قبل العصر

## عصر سے پہلے نماز کی ترغیب

(١٦٠) (( رُوِیَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ ؓ عن النبی ﷺ : مَنْ صَلّٰی اربَعَ رَکَعاتٍ قَبلَ العصر حرَّمَ اللّٰه بَدَنَه عَلَی النَّارِ )) [رواہ الطبرانی واخرج فی الاوسط عن عبداللّٰهِ بن عمروٍ مثلَه بلفظه لم تمسَّهُ النَّارُ]

(١٦٠) حضرت اُم سلمہ ؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے گا' اللہ تعالیٰ اس کے بدن کو جہنم کی آگ پر حرام قرار دے دے گا۔ (طبرانی' طبرانی اوسط میں یہ حدیث عبداللہ بن عمرو ؓ سے ان الفاظ کے ساتھ ہے کہ اسے جہنم کی آگ نہیں چھوئے گی)[1] [ضعیف]

## الترغيب فی الصلاۃ بین المغرب والعشاء

## مغرب وعشاء کے درمیان نماز کی ترغیب

(١٦١) (( عن ابی هريرةَ ؓ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : مَنْ صلّٰی بعدَ المغربِ سِتَّ رَکَعاتٍ لَمْ یَتکلَّمْ فیما بَینَهُنَّ بِسُوءٍ عُدِلْنَ بِعبادَةِ ثِنتَیْ عَشَرَةَ سَنَةً )) [ رواہ ابن ماجه والترمذی وقالَ غریب وابن خزیمة]

(١٦١) حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص مغرب کے بعد چھ رکعتیں پڑھے اور ان کے درمیان کوئی بُری بات نہ کرے تو یہ بارہ سال کی عبادت کے برابر ہیں۔ (ابن ماجہ' ابنِ خزیمہ' امام ترمذی نے اس حدیث کو غریب قرار دیا ہے)[ضعیف جدا]

---

(١) حافظ ابنِ حجرؒ پر تعجب ہے کہ اس باب میں یہ حدیث ذکر نہیں کی جبکہ وہ صحیح ہے۔

عن ابن عمر ؓ عن النبی ﷺ قال رحمه اللّٰه امرأ صلی قبل العصر اربعا رواہ احمد و ابوداؤد والترمذی و حسنه و ابن خزیمه و ابن حبان فی صحیحهما

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ رحم فرمائے ایسے شخص پر جو عصر سے پہلے چار رکعت پڑھے۔'' (احمد' ابوداؤد' ترمذی' مؤخرالذکر نے اسے حسن کہا۔ نیز اسے ابنِ خزیمہ اور ابنِ حبان نے اپنی اپنی صحیح میں روایت کیا۔) (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# الترغیب فی صلاة الوتر وماجاء فیمن لم یوتر

## نمازِ وتر کی ترغیب اور وتر نہ پڑھنے والے کے بارے میں کیا وارد ہے؟

(۱۶۲) (( عن علیّ رضی اللہ عنہ الوِترُ لیسَ کَصَلاةِ المَكْتُوبَةِ۔ ولكِنْ سُنَّةٌ رسولِ اللّٰہ ﷺ قالَ: انّ اللّٰهَ وِترٌ يُحبُّ الوِترَ فأوْتِروا يا اهلَ القُرآنِ۔)) [رواه اصحاب السنن واللفظ للترمذی و حسنه وصححه ابن خزيمة واخرج ابوداوود اخره من حديث جابر]

(۱۶۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وتر فرض نماز کی طرح لازم نہیں ہے۔ لیکن رسول اللہ ﷺ کی سنّت ہے[۱] اور آپ ﷺ نے فرمایا ہے کہ بے شک اللہ وتر ہے' وتر کو پسند فرماتا ہے' لہٰذا اے قرآن والو! وتر پڑھا کرو (اصحاب سنن اور الفاظ ترمذی کی روایت کے ہیں' انہوں نے اسے حسن اور ابن خزیمہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا' ابوداؤد نے اس حدیث کے آخری حصّے کو بروایت جابر بیان کیا۔)[۲] [صحیح لغیرہ]

(۱۶۳) (( وعَن جابرٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : مَنْ خافَ ان لا يَقومَ مِنْ آخِرِ اللَّيلِ فَلْيوتِرْ اوَّلَهُ' وَمَن طَمِعَ انْ يَقومَ آخِرَهُ فَلْيوتِرْ آخِرَ اللَّيلِ۔ فإنَّ صَلاةَ آخِرِ اللَّيلِ مَشْهودَةٌ مَحضُورَةٌ' وذلك افضلُ۔))

(۱۶۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کو یہ ڈر ہو کہ وہ رات کے آخری حصّہ میں اُٹھ نہ سکے گا تو اسے وتر ابتدائی حصّہ میں پڑھ لینا چاہئے اور جسے آخری حصّہ میں اُٹھنے کی اُمید ہو تو اسے رات کے آخری حصّہ میں وتر پڑھنا چاہئیں' رات کے آخری پہر کی نماز میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور وہ افضل ہے۔ (مسلم)

(۱۶۴) (( وعن بُرَيْدَةَ رضی اللہ عنہ سَمعتُ رسولَ اللّٰہ ﷺ يقولُ : الوِترُ حق فمنْ لَمْ يُوتِرْ فَلَيسَ مِنَّا ثَلاثَ مراتٍ۔)) [رواه احمد وابوداوود وصححه الحاكم]

(۱۶۴) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ وتر حق ہے[۳] جو وتر نہ پڑھے' وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے یہ تین بار فرمایا۔ (احمد' ابوداؤد' حاکم نے اسے صحیح قرر دیا ہے) [ضعیف]

---

(۱) یعنی وتر فرض نہیں ہے اور نہ واجب ہے بلکہ سنتِ مؤکدہ ہے' امام ابوحنیفہ کے سوا ساری اُمت کا یہی مذہب ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ وتر واجب ہے' آپ سے ایک روایت یہ ہے کہ یہ فرض ہے' صاحبین اس مسئلہ میں آپ کے مخالف ہیں اور وہ فرماتے ہیں کہ وتر سنت ہے' ابوحامد فرماتے ہیں کہ ابن المنذر کا قول ہے کہ اس مسئلہ میں پوری اُمت میں سے امام ابوحنیفہ کا کوئی بھی ہم نوا نہیں ہے۔ (المجموع)

(۲) (سنن ابی داؤد میں یہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے' ملاحظہ ہو باب استحباب الوتر) ازھر

(۳) امام ابوحنیفہؒ نے اس حدیث کے ظاہر الفاظ کو لے کر وتر کو واجب قرار دیا ہے لیکن شافعیہ نے اسکا جواب یہ دیا ہے کہ حدیث کے یہ ظاہر الفاظ بھی امام صاحب کے قول کی دلیل نہیں بن سکتے کیونکہ سنت کیلئے بھی حق کا لفظ استعمال ہوتا ہے جیسا کہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ ہر مسلمان پر یہ حق ہے کہ وہ ہر سات دن بعد غسل کرے۔ (حدیث ضعیف ہے اس لیے کسی توجیہ کی ضرورت ہی نہیں ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی ان ینام الانسان طاھرًا ناویًا للقیام

## قیام کی نیّت سے باوضوء سونے کی ترغیب

(١٦٥)(( عَن ابنِ عُمر رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم : مَن باتَ طَاھرًا باتَ فی شِعَارِہٖ مَلکٌ فَلا یَستیقِظُ الا قالَ: اللھُمَّ اغفِرْ لِعبدِکَ فُلانٍ فإنّہ باتَ طاھرًا)) [رواہ ابنُ حبان واخرجہ الطبرانی فی الاوسط من حدیث ابنِ عباس وفی اولہ ((طَھِّروا ھذِہِ الاجسادَ طھَّرکُم اللّٰہُ فإنہ لیسَ مِن عَبدٍ یَبیتُ طَاھرًا الا باتَ)) ...... الحدیث

(١٦٥) حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بحالتِ طہارت رات گزارے...... الخ تو اس کی چادر میں ایک فرشتہ رات گزارتا ہے اور یہ شخص جب بھی بیدار ہوتا ہے تو فرشتہ کہتا ہے اے اللہ! اپنے اس بندے کو معاف فرما دے کیونکہ اس نے بحالتِ طہارت رات گزاری ہے (ابن حبان' طبرانی اوسط میں یہ حدیث حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اور اس کے شروع میں یہ الفاظ بھی ہیں: ان جسموں کو پاک رکھو! اللہ تعالیٰ تمہیں پاک کرے! جو شخص بھی بحالتِ طہارت رات گزارتا ہے...... الخ اس حدیث کی سند جید ہے) [حسن لغیرہ]

(١٦٦) (( وعن عائشۃَ رضی اللہ عنہا انَّ رسولَ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم (قالَ) : ما مِن امریءٍ یکون لَہٗ صلاۃٌ بلیلٍ فَیغلِبُہٗ عَلیھا نَومٌ اِلَّا کَتَبَ اللّٰہُ لَہٗ اجرَ صَلاتِہٖ، وکانَ نومُہٗ علَیہِ صَدقۃٌ )) [رواہ مالک وابوداوود والنسائی وابن ابی الدنیا فی کتاب التھجد بإسناد جید]

(١٦٦) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رات کو نماز پڑھتا ہو لیکن اس پر نیند غالب ہو اور وہ نماز نہ پڑھ سکا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس کی نماز کا اَجر وثواب لکھ دیتا ہے اور نینداس پر صدقہ ہوتی ہے۔ (مالک' ابوداوُد' نسائی' ابنِ ابی الدنیا (کتاب التہجد) باسناد جید) [صحیح]

## الترغیب فی قیام اللیل

## رات کے قیام کی ترغیب

(١٦٧) (( عن ابی ھریرۃَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم (قالَ) یَعقدُ الشَّیطانُ عَلی قافِیۃِ رَاْسِ احدِکُم اِذَا ھُوَ نَامَ ثَلاثَ عُقَدٍ

(١٦٧) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم جب سوتے ہو تو شیطان تم میں سے ہر ایک کے سر کی گدی پر تین گرہیں لگا دیتا ہے[1] اور ہر گرہ پر یہ ضرب لگاتا ہے کہ

(١) قافیۃ الرأس سر کے پچھے حصہ کو کہتے ہیں' مراد یہ ہے کہ شیطان اس کی نیند کو گہرا اور دراز کرنے کے لیے اسے باندھ دیتا اور تین گرہیں لگا دیتا ہے (نہایہ)
شیخ مصطفی عمارہ فرماتے ہیں کہ شیطان کے گرہ لگانے کے معنیٰ یہ ہیں کہ وہ حقیقی اشیاء لاتا' انہیں ثابت رکھتا اور ان پر جادو کرتا ہے تا کہ وہ انسان کو=

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يَضربُ عَلى كُلِّ عُقدَةٍ: عليكَ ليلٌ طويلٌ فَارقُدْ، فإن استَيقَظَ فذَكَرَ اللّٰهَ تَعَالى انحلَّتْ عُقدةٌ۔ فإنْ تَوَضَّا انحلَّتْ عُقَدَةٌ، فإنْ صَلّى انحلَّتْ عُقَدُهُ كُلُّها فاصْبَح نَشيطًا طَيِّبَ النَّفسِ، وإلا اصْبَح خَبيثَ النَّفسِ كَسْلانَ)) [متفق عليه]

''ابھی رات بہت لمبی ہے، سوئے رہو'' جب کوئی بیدار ہو کر اللہ کا ذکر کرے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے۔ اگر وضو کرے تو دوسری گرہ بھی کھل جاتی ہے اور اگر نماز بھی پڑھ لے تو تیسری گرہ بھی کھل جاتی ہے اور وہ ہشاش بشاش، خوش وخرم صبح کرتا ہے، ورنہ گندے نفس اور سستی کے ساتھ صبح کرتا ہے''۔ (بخاری ومسلم)

(۱۶۸) ((وعن ابی هُريرةَ ﷺ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ افضلُ الصِّيامِ بعدَ رَمضانَ شَهرُ اللّٰهِ المحرَّمُ، وافضلُ الصَّلاةِ بعدَ الفَريضةِ صَلاةُ اللَّيلِ)) [رواه مسلم واصحاب السنن]

(۱۶۸) حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رمضان کے بعد افضل روزہ اللہ تعالیٰ کے مہینے محرم کا روزہ ہے اور فرض نماز کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے۔ (مسلم و اصحاب سنن)

(۱۶۹) (( وعن عائشةَ ؓ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ كانَ يقومُ من اللَّيلِ حتّى تفطَّر قَدماهُ، فقلتُ لهُ: لِمَ تَصنعُ هذا يا رسولَ اللّٰهِ وقَدْ غُفِرَ لَكَ ما تَقدَّم من ذَنبكَ وما تَأخَّر؟ قالَ افَلا أُحِبُّ ان اكونَ عَبدًا شَكُورًا )) [متفق عليه]

(۱۶۹) حضرت عائشہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ رات کو اس قدر قیام فرمایا کرتے کہ آپ ﷺ کے پاؤں مبارک پھٹ جاتے، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ﷺ اس قدر قیام کیوں فرماتے ہیں حالانکہ آپ کے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں؟ فرمایا: کیا میں اس بات کو پسند نہ کروں کہ اللہ کا شکر گزار بندہ بن جاؤں؟ (بخاری ومسلم)

(۱۷۰) (( وعن عَبدِ الله بنِ عمرِو بنِ العاصِ ؓ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قالَ: احَبُّ الصلاةِ الى اللّٰهِ صلاةُ داودَ، واحبُّ الصَّومِ الى اللّٰهِ صِيامُ داودَ كانَ يَنامُ

(۱۷۰) حضرت عبداللہ بن عمرو ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند نماز حضرت داؤدؑ کی نماز ہے اور سب سے زیادہ پسند روزہ حضرت داؤدؑ کا روزہ ہے، وہ نصف رات سوتے، ثلث قیام فرماتے اور سدس آرام فرماتے، ایک

= اُٹھنے اور اپنے رب کی عبادت کرنے سے روکے، شیطان بھی اسی طرح گرہیں لگاتا ہے جس طرح جادوگر لگاتا ہے۔ علامہ عینی فرماتے ہیں کہ عورتیں اکثر اس طرح کا کام کرتی ہیں کہ وہ دھاگے لیتی ان پر گرہیں لگاتی اور کلمات پڑھتی ہیں جس سے وہ شخص متاثر ہوتا ہے جس پر جادو کیا جارہا ہو جیسا کہ قرآن مجید میں بھی ہے: ﴿وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ﴾ (اور گنڈھوں پر (پڑھ پڑھ) کر پھونکنے والیوں کے شر سے) جو شخص بے توفیق ہو اس پر جادو اثر کرتا ہے اور جس کو اللہ توفیق دے وہ اسکے شر سے محفوظ رہتا ہے، حقیقی ہونے کی دلیل ابن ماجہ میں ابو ہریرہ ؓ سے مروی یہ مرفوع روایت ہے علی قافية راس احدكم حبل فيه ثلاث عقد..... تم میں سے ایک کی گدی پر رسی ہوتی ہے جس میں تین گرہیں ہوتی ہیں..... اس سے اگلی حدیث ملاحظہ ہو۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



نِصفَ اللَّیلِ، ویقومُ ثُلُثَهُ، وَیَنامُ سُدُسَهُ، ویَصومُ یومًا ویُفطِرُ یَومًا۔)) [متفق علیه]

دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے تھے۔ (بخاری ومسلم)

(۱۷۱) (( وعن جابرٍ رضی اللہ عنہ سَمِعتُ رسولَ اللّٰہ ﷺ یقولُ : انَّ فی اللَّیلِ لساعةً لَا یُوافِقُها رَجُلٌ مُسلمٌ یَسالُ اللّٰہ تَعالٰی خَیرًا من امرِ الدُّنیَا والآخِرَةِ الَّا اعطاہُ اِیَّاہُ وذٰلِكَ كلَّ لیلةٍ۔)) [رواہ مسلم]

(۱۷۱) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ رات میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ اس میں مردِ مسلمان اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کی جس بھلائی کا بھی سوال کرے اللہ تعالیٰ اس کے سوال کو ضرور پورا فرماتا ہے اور یہ گھڑی ہر رات ہوتی ہے۔ (مسلم)

(۱۷۲) (( وعن ابی هریرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : رَحِمَ اللّٰہُ رَجُلًا قامَ مِنَ اللَّیلِ فصلّٰی، وایقظَ امراتَهُ فاِن ابتْ نَضَحَ فی وَجْهِها، ورَحِمَ اللّٰہُ امراۃً قامتْ مِنَ اللَّیلِ فصلَّتْ وایقظَتْ زَوجَها فاِن ابی نَضَحَتْ فی وَجْهِهِ الماءَ۔)) [رواہ ابوداود واللفظ له والنسائی وابن ماجه و صححه ابن خزیمة وابن حبان والحاکم واخرجه الطبرانی من حدیث أبی مالك الاشعری بمعناہ]

(۱۷۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس آدمی پر رحم فرمائے جو رات کو اُٹھ کر نماز پڑھتا ہے اور اپنی بیوی کو بھی بیدار کرتا ہے، اگر وہ نہ اُٹھے تو اس کے منہ پر پانی کے چھینٹے مارتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس عورت پر رحم فرمائے جو رات کو اُٹھ کر نماز پڑھتی ہے اور اپنے شوہر کو بھی بیدار کرتی ہے اگر وہ نہ اُٹھے تو اس کے مُنہ پر پانی کے چھینٹے مارتی ہے (ابوداوٗد یہ الفاظ انہی کی روایت کے ہیں، نسائی، ابنِ ماجہ، ابنِ خزیمہ، ابنِ حبان اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ اسی مفہوم میں طبرانی نے اسے ابو مالک اشعری سے روایت کیا ہے) [حسن]

(۱۷۳) (( وعن عبدِ اللّٰہ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : فَضلُ صَلاۃِ اللَّیلِ علی صَلاۃِ النهارِ کَفضلِ صَدقةِ السرِّ عَلی صدقةِ العلانِیَةِ۔)) [رواہ الطبرانی باِسناد حسن]

(۱۷۳) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رات کی نماز کی فضیلت دن کی نماز پر اس طرح ہے جس طرح مخفی صدقہ، علانیہ صدقہ سے افضل ہے۔ (طبرانی، باسناد حسن) [ضعیف]

(۱۷۴) (( وعنْ سهلِ بنِ سعدٍ رضی اللہ عنہ قالَ: جاءَ جِبریلُ الی رسولِ اللّٰہ ﷺ فقالَ:

(۱۷۴) حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جبریلؑ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا یا محمد ﷺ! [1] خوب

(۱) اس حدیث کے ابتدائی الفاظ یوں ہیں: اے محمد ﷺ! جتنا چاہو جی لو بالآخر مرنا ہے جو چاہو عمل کرو اس کا بدلہ ملے گا، جس سے چاہو محبت کرو بالآخر اسے چھوڑنا ہوگا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وَاعلَمْ انَّ شَرفَ المومنِ قیامُ اللَّیلِ، وعِزُّهُ استغناؤُهُ عن النَّاسِ)) [رواہ الطبرانی فی الاوسط بإسناد حسن]

جان لو کہ مومن کا شرف رات کے قیام میں ہے اور اس کی عزت لوگوں سے بے نیاز ہو جانے میں ہے۔ (طبرانی اوسط باسناد حسن) [حسن لغیرہ]

(۱۷۵)(( وعن عَمرِو بنِ عبسة رضی اللہ عنہ انَّهُ سَمِعَ النبیَّ ﷺ یقولُ: اقربُ ما یکونُ الرَّبُّ منَ العبدِ فی جَوفِ اللَّیلِ الآخِرِ، فإنِ استَطَعتَ ان تَکونَ ممَّنْ یَذکرُ اللّٰهَ فَکُنْ۔)) [رواہ الترمذی وصححه والنسائی وصححه ابن خزیمة]

(۱۷۵) حضرت عمرو بن عبسۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ بندہ اپنے ربّ کے قریب ترین رات کے آخری پہر میں ہوتا ہے، اگر تمہیں اس بات کی استطاعت ہو کہ ان لوگوں سے ہو جاؤ جو اس وقت اللہ کا ذکر کرتے ہیں تو ضرور ایسا کرو۔ (نسائی، ترمذی اور ابنِ خزیمہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۱۷۶) (( وعَن إیاسِ بنِ مُعاویةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰهِ ﷺ قالَ: لا بُدَّ مِن صَلاةٍ وَلو حَلْبَ شَاةٍ، وَما کانَ بعدَ صلاةِ العشاءِ فهُوَ منَ اللَّیلِ۔)) [رواہ الطبرانی]

(۱۷۶) حضرت ایاس بن معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز ضرور پڑھنی چاہئے خواہ اتنا وقت جتنا بکری کا دودھ دوہنے پر لگتا ہے اور جو عشاء کی نماز کے بعد پڑھی جائے وہ رات کی نماز ہے۔ (طبرانی) [ضعیف]

(۱۷۷) (( وعن عبدِ اللّٰهِ ابنِ قیسٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَت عائشةُ: لا تَدعِ قیامَ اللَّیلِ، فإنَّ رسولَ اللّٰهِ ﷺ کانَ لا یدعُهُ، وکانَ اذا مَرِضَ او کَسِلَ صلّٰی قَاعِدًا )) [رواہ ابوداود وصححه ابن خزیمة]

(۱۷۷) حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رات کے قیام کو ترک نہ کرو، رسول اللہ ﷺ اسے ترک نہیں فرمایا کرتے تھے، جب آپ بیمار ہوتے یا تھکے ہوتے تو بیٹھ کر پڑھ لیا کرتے تھے۔ (ابوداؤد، ابنِ خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۱۷۸) (( وعن عبدِ اللّٰه ابنِ عمر رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : لا حَسَدَ اِلَّا فی اثْنَتینِ رَجلٍ آتاهُ اللّٰهُ القرآنَ فَهُوَ یقومُ بهِ آنَاءَ اللَّیلِ وآناءَ النهارِ، ورجلٍ آتاهُ اللّٰه مالًا فهُوَ یُنفقهُ آناءَ اللَّیلِ وآنَاءَ النَّهارِ۔)) [رواہ مسلم]

(۱۷۸) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رشک دو آدمیوں پر کیا جا سکتا ہے: (۱) جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن دیا اور وہ دن رات کی گھڑیوں میں قرآن کے ساتھ قیام کرتا ہے۔ (۲) جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا فرمایا اور وہ اسے دن رات کی گھڑیوں میں خرچ کرتا ہے۔ (مسلم)

(۱۷۹) (( وعن عبدِ اللّٰهِ بنِ عمرِو بن

(۱۷۹) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



العاصِ رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: مَنْ قامَ بعشْرِ آياتٍ لَمْ يُكتَبْ منَ الغَافلينَ، ومَنْ قامَ بمائةِ آيةٍ كُتِبَ منَ القانِتينَ، ومَنْ قامَ بالفِ آيةٍ كُتِبَ منَ الْمُقَنْطِرينَ۔)) [رواه ابوداود وصححه ابنُ خزيمه واخرجه ابنُ حبان وعنده ((ومن قام بمائتى آيةٍ كُتِبَ من المقَنطِرينَ))۔ قالَ المصنف اى كتب له قنطار من الاجر، ومن اول تبارك الى آخر القرآن الف آية]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص دس آیتوں کے ساتھ قیام کرے اسے غافلوں میں سے نہیں لکھا جاتا اور جو سو آیتوں کے ساتھ قیام کرے اسے عبادت گزاروں میں سے لکھ لیا جاتا ہے اور جو ہزار آیت کے ساتھ قیام کرے اسے خزانے والوں میں سے لکھا جاتا ہے۔ (ابوداؤد' ابنِ خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے' ابنِ حبان کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ جس نے دو سو آیتوں کے ساتھ قیام کیا اسے خزانے والوں میں لکھا جاتا ہے۔ مصنف فرماتے ہیں: کہ کتب من المقنطرین کے معنی یہ ہیں کہ اسے ان لوگوں میں سے لکھا جاتا ہے' جنہیں اجر و ثواب کا ایک خزانہ دیا جائے گا۔ تبرک الذی سے لے کر قرآنِ مجید کے آخر تک ایک ہزار آیت ہے) [حسن صحیح]

## الترهيب من الصلاة والقراءة للناعس

## اُونگھنے والے کے لیے نماز اور تلاوت پر تنبیہ

(۱۸۰) ((عن عائشةَ رضی اللہ عنہا انَّ النبیَّ ﷺ قالَ: اذا نَعِسَ احدُكُم فِى الصَّلاةِ فلْيرقُدْ حتّٰى يذهبَ عنهُ النومُ، فإنَّ احدكُم اذا صلّٰى وَهُو نَاعِسٌ لعلَّهُ يذهبُ يستغفرُ فيُسُبُّ نفسَهُ۔)) [متفق عليه، وللنسائى ((اذا نعسَ احدُكم وهُو يُصلّى فلْينصرِفْ فلعلَّهُ يَدعُو على نَفسِه وهُو لا يَدرِى))۔ واخرجه البخارى من حديث انس بلفظ ((اذا نَعِسَ احدكُم فِى الصَّلاةِ فَلْيَنم حتّٰى يَعلمَ ما يَقرؤُهُ))۔ وللنسائى من هذا الوجه ((فلينصرفْ وليرقدْ)) ولمسلم من حديثِ ابى هريرة بلفظ ((اذا قامَ

(۱۸۰) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی نماز میں اُونگھنے لگے تو اسے چاہیے کہ سو جائے حتیٰ کہ اس کی نیند پوری ہو جائے' جب کوئی اُونگھتے ہوئے نماز پڑھے تو ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے لیے استغفار کے بجائے اپنے آپ کو گالیاں دینے لگ جائے (بخاری و مسلم' نسائی کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ جب کوئی نماز پڑھتے ہوئے اُونگھنے لگے تو اسے چاہیے کہ نماز چھوڑ دے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ نادانستہ طور پر وہ اپنے لیے بددعاء کرنے لگ جائے۔ بخاری میں بروایت حضرت انس رضی اللہ عنہ یہ الفاظ ہیں کہ جب کوئی نماز میں اُونگھنے لگے تو اسے سو جانا چاہیے حتیٰ کہ اسے معلوم ہو کہ وہ کیا پڑھ رہا ہے' نسائی کی اسی سند سے روایت میں ہے کہ وہ نماز چھوڑ دے اور سو جائے' مسلم میں بروایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یہ الفاظ ہیں کہ جب کوئی رات کو قیام کرے اور اس کی زبان پر قرآن نہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



احدُکم من اللیلِ فاستعجم القرآن علی لِسانِہٖ فلمْ یَدرِ ما یقولُ فلیضْطَجعْ]

پڑھے اور اسے معلوم نہ ہو کہ وہ کیا کہہ رہا ہے تو اسے سو جانا چاہئے)

## الترھیب من ترک قیام اللیل والنوم الی الصباح

## قیامِ لیل ترک کرنے اور صُبح تک سونے پر وعید

(۱۸۱) (( عن ابنِ مسعودٍ رضی اللہ عنہ قالَ: ذُکرَ عندَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم رجلٌ نامَ لیلَہُ حتّٰی اصبحَ قالَ: ذلکَ رجُلٌ بَالَ الشّیطانُ فی اُذُنِہٖ۔ ))

[ متفق علیہ واخرجہ احمد بسند صحیح عن ابی ھریرۃ و زاد ابن ماجہ فی آخرہ ((قالَ الحسن ای البصری: انَّ بولَہ واللّٰہ لَثقیل]))

(۱۸۱) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ایسے شخص کا ذکر ہوا جو رات بھر صبح تک سوتا رہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس شخص کے کان میں شیطان نے پیشاب کیا ہے (بخاری و مسلم' احمد بسند صحیح از ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' ابنِ ماجہ[1] کی روایت کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ حسن بصری کا قول ہے: اللہ کی قسم شیطان کا پیشاب بہت ثقیل ہے۔)

## الترغیب فی قضاء الانسان وردہ اذا فاتہ من اللیل

## انسان کا رات کا وظیفہ فوت ہو جائے تو اس کی قضا کی ترغیب

(۱۸۲) (( عن عمرَ بنِ الخطّابِ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم : منْ نامَ عن حِزبِہٖ ' او عنْ شَیْ ءٍ منہ' فَقَرأہُ فِیما بینَ صَلاۃِ الفَجرِ والظُّھرِ کُتِبَ لَہُ کانّما قَرَاَہٗ مِنَ اللّیلِ۔ ))[رواہ مسلم والاربعۃ]

(۱۸۲) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنے وظیفے یا اس کے کچھ حصے سے سو جائے اور اسے فجر و ظہر کے درمیان پڑھ لے تو وہ اس طرح لکھا جاتا ہے کہ گویا اس نے رات ہی کو پڑھا ہے۔ (مسلم' اصحاب سنن)

## الترغیب فی صلاۃ الضحی

## نمازِ ضُحیٰ کی ترغیب

(۱۸۳) (( عن ابی ھُریرۃَ رضی اللہ عنہ قالَ: اوْصانی خَلیلیْ صلی اللہ علیہ وسلم بصیامِ ثلاثۃِ ایامٍ مِنْ

(۱۸۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے دوست آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ہر مہینے تین روزے رکھنے' ضُحیٰ کے وقت دو

(۱) یہ اثر مسند امام احمد (۲/۴۲۷) میں ہے' ابنِ ماجہ میں نہیں۔ (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



كُلِّ شهرٍ ، وركعتي الضُّحى، وأن أُوتِرَ قبلَ ان ارقُدَ۔)) [متفق عليه وفي رواية ابن خزيمه ((لَستُ بتَارِكِهِنَّ)) وفيه ((وان لا ادعَ صلاةَ الضحى فإنهَّا صلاةُ الاوَّابين))۔ ورواه مسلم من حديث ابى الدرداء نحو الاول]

رکعتیں پڑھنے اور سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی وصیت فرمائی (بخاری ومسلم)۔ ابنِ خزیمہ کی روایت میں ہے کہ میں ان کو کبھی نہیں چھوڑوں گا اور اس میں یہ الفاظ ہیں (کہ مجھے وصیت فرمائی) کہ میں ضحٰی کی نماز کو نہ چھوڑوں کہ یہ اوّابین (اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والوں) کی نماز ہے۔ مسلم نے ابو الدرداء کے واسطے سے پہلی روایت کی مانند روایت کیا ہے۔

(۱۸۴) ((وعن ابى ذرٍّ رضی اللہ عنہ عنِ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قالَ: يُصبحُ على كُلِّ سلامى من احدكُم صَدقةٌ، فكلُّ تَسبيحةٍ صَدقةٌ، وكُلُّ تَحميدَةٍ صَدقةٌ، وكل تَكبيرَةٍ صَدقةٌ، وكل تَهليلَةٍ صَدقةٌ، وامر بالمعْروفِ صَدقةٌ، والنَّهى عنِ المُنكرِ صَدقةٌ، وتُجزى ءُ مِن ذٰلِكَ رَكعتينِ يَرْكَعُهما مِنَ الضُّحى)) [رواه مسلم]

(۱۸۴) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے ہر شخص کے ہر عضو[1] پر ہر صبح صدقہ لازم ہو جاتا ہے، ہر تسبیح صدقہ ہے ہر الحمدللہ کہنا صدقہ ہے، تکبیر کہنا صدقہ ہے، لا الٰہ الّا اللہ کہنا صدقہ ہے، نیکی کا حکم دینا بھی صدقہ ہے اور برائی سے منع کرنا بھی صدقہ ہے اور وہ دو رکعتیں ان تمام کاموں سے کفایت کرتی ہیں جنہیں آدمی ضحٰی کے وقت ادا کرتا ہے۔ (مسلم)

## الترغيب في صلاة التسبيح

## نمازِ تسبیح کی ترغیب

(۱۸۵) (( عن عباسٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : يا عمَّاهُ الا أُعطيك ، الا أَمنحُكَ ، الا احبُوكَ، الا افعلُ بكَ عشر خَصالٍ اذا انتَ فعلتَ ذلكَ غَفر اللّٰهُ لكَ ذنبكَ اوّلَهُ وآخرَهُ، وقَديمَهُ وحدِيثَهُ، وخَطاَهُ وعَمْدَهُ، وصَغِيرَهُ وكبيرَهُ، وسِرَّهُ وعَلانِيتَهُ، عَشْرُ خِصالٍ: ان تُصلىَ اربعَ

(۱۸۵) حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چچا جان! کیا میں آپ کو عطیہ نہ دوں، کیا میں آپ کو تحفہ نہ دوں کیا میں خاص آپ کو ہدیہ نہ دوں، کیا میں آپ کو دس باتوں کے انجام دینے کا حکم نہ دوں کہ جب آپ ان کو انجام دیں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کے پچھلے، نئے پرانے، غلطی سے کیے ہوئے اور جان بوجھ کر، چھوٹے اور بڑے، پوشیدہ اور ظاہر تمام گناہوں کو معاف فرما دے گا، وہ دس باتیں یہ ہیں کہ آپ چار رکعتیں اس طرح پڑھیں کہ ہر

(۱) حدیث میں یہاں جو السلامی کا لفظ ہے یہ سلامیہ کی جمع ہے، انگلی کے ہر پور کو سلامیہ کہتے ہیں ایک قول یہ ہے کہ السلامی کا واحد جمع ایک ہی ہے اور ایک قول یہ ہے کہ چھوٹی ہڈیوں میں سے ہر جوف دار ہڈی کو سلامی کہتے ہیں معنی یہ ہیں کہ ابن آدم کی ہر ہڈی کی طرف سے صدقہ کرنا واجب ہے۔ (النہایہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رَکعاتٍ تقرأُ في كلِّ ركعةٍ بفاتحةِ الكتاب وسُورةٍ، فإذا فَرَغْتَ من القراءةِ في اوّلِ رَكعةٍ فقلْ وانتَ قائمٌ: سُبْحَانَ اللّٰہِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ، وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ خمسَ عشْرَةَ مرَّةً، ثمَّ تركَعُ فتقولُ وانتَ راكعٌ عَشْرًا، ثمَّ ترفعُ راسَكَ مِنَ الركوعِ فتقولُها عَشْرًا، ثمَّ تَھوی ساجدًا فتقولُها وانتَ ساجدٌ عشْرًا، ثمَّ ترفعُ راسَكَ مِنَ السجودِ فتقولُها عشْرًا، ثمَّ تسجدُ فتقولُها عشْرًا، ثمَّ ترفعُ راسكَ منَ السجودِ فتقولُها عشْرًا، فذلكَ خمسٌ و سبعونَ فی کل رَکعةٍ تفعلُ ذلكَ فی اربعِ رَکعاتٍ ان استطعتَ ان تصلِّیھا فی كلِّ يومٍ مرةً فافعلْ، فاِنْ لمْ تَستطعْ ففِی كلِّ جُمُعةٍ مرةً، فاِنْ لمْ تفعلْ ففی كلِّ شھرٍ مرةً، فاِنْ لمْ تفعلْ ففی كلِّ سنةٍ مرةً، فاِن لمْ تفعلْ ففی عُمُركَ مرةً۔))

[رواہ ابوداوود وابن ماجه۔ قالَ المصنف روی هذا الحدیث من طرق کثیرة، وعن جماعة من الصحابة وامثلها هذا الطریق، وقد صححه جماعة۔ منهم ابوبکر الاٰجری، و شیخنا ابو محمّد المصری، و شیخنا الحافظ ابوالحسن، وقال ابوبکر بن ابی داوود: سمعت ابیْ یقول: لیس فی صلاة التسبیح حدیث صحیح غیر هذا، وقال مسلم: لا یروی فی هذا الحدیث اسناد احسن من هذا]

رکعت میں سورۂ فاتحہ اور کسی دوسری سورہ کی تلاوت کریں اور جب پہلی رکعت میں قراءت سے فارغ ہو جائیں تو کھڑے کھڑے پندرہ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھیں، پھر رکوع کریں اور رکوع میں دس بار یہ کلمات پڑھیں، پھر رکوع سے سر اُٹھائیں اور دس بار یہ کلمات پڑھیں، پھر سجدہ کریں اور سجدہ میں دس بار یہ کلمات پڑھیں، پھر سجدہ سے سر اُٹھائیں اور دس بار یہ کلمات، پڑھیں، ہر رکعت میں یہ کلمات پچھتر بار ہوئے اور چار رکعتوں کو اس طرح پڑھیں، اگر ہو سکے تو روزانہ ایک بار یہ نماز پڑھو، روزانہ ممکن نہ ہو تو ہر ہفتہ میں ایک بار پڑھ لو، اگر ہر ہفتہ میں بھی نہ پڑھ سکو تو ہر ماہ ایک بار پڑھ لو، اگر ہر ماہ بھی نہ پڑھ سکو تو سال میں ایک بار ضرور پڑھ لو، اگر ہر سال بھی نہ پڑھ سکو تو اپنی عمر میں ایک بار ضرور پڑھ لو۔ (ابوداوَد، ابن ماجہ، مصنف فرماتے ہیں کہ یہ حدیث بہت سی سندوں سے مروی ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت نے اسے روایت کیا ہے اور ان میں سب سے بہتر سند یہی ہے، علماء کرام کی ایک جماعت نے اسے صحیح قرار دیا ہے، ان میں سے ابوبکر آجری، ہمارے شیخ ابومحمد مصری اور ہمارے شیخ حافظ ابوالحسن قابل ذکر ہیں، ابوبکر بن ابی داوَد فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد صاحب کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ نمازِ تسبیح کے بارہ میں اس کے علاوہ اور کوئی صحیح حدیث نہیں ہے۔ امام مسلم فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی اس سے زیادہ بہتر اور کوئی سند نہیں ہے) [حسن لغیرہ]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغيب في صلاة التوبة

## نمازِ توبہ کی ترغیب

(١٨٦) (( عن ابی بکرٍ الصدیق رضی اللہ عنہ قالَ: سمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ یقولُ: ما مِن رَجلٍ یُذنبُ ذنبًا ، ثمَّ یقومُ فیتطهرُ ثمَّ یُصلي، ثُمَّ یَستغفرُ اللّٰهَ الا غفرَ اللّٰهُ لهُ، ثُمَّ قرأ هذهِ الْاٰیة: ﴿وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ﴾ الْاٰیة۔ )) [رواه اصحاب السنن وحسنه الترمذی وصححه ابنَ حبان وعنده (( ثمَّ یُصلّی رَكعتَینِ )) وكذا ذكره ابن خزیمة فی صحیحه]

(١٨٦) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جب کوئی بھی آدمی گناہ کرتا ہے، پھر اُٹھ کر وضو کرتا، نماز پڑھتا اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے معاف فرما دیتا ہے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ﴿وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ . . . .﴾ ''اور وہ کہ جب کوئی گناہ یا اپنے حق میں کوئی اور برائی کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کو یاد کرتے اور اپنے گناہوں کی بخشش مانگتے ہیں''۔ (اصحاب سنن، ترمذی نے اس حدیث کو حسن اور ابنِ حبان نے صحیح قرار دیا ہے، ابنِ حبان کی روایت میں ہے کہ پھر دو رکعت نماز پڑھے۔ ابنِ خزیمہ نے بھی اپنی صحیح میں اسی طرح ذکر فرمایا ہے) [صحیح]

## الترغیب في صلاة الحاجة و دُعائها

## نماز و دُعاء حاجت کی ترغیب

(١٨٧)(( عن عثمانَ بنِ حُنَیفٍ رضی اللہ عنہ انَّ اعمی اتی الی رَسولِ اللّٰه ﷺ فقالَ: یا رسولَ اللّٰه ادْعُ اللّٰه ان یَكشِفَ لی عنْ بَصری۔ قالَ: اَوْ اَدَعُكَ قالَ یا رسولَ اللّٰه: انَّهُ قَد یَشُقُّ علیَّ ذهابُ بَصری۔ قالَ فانطلقَ وتَوضَّأْ۔ ثمَّ صَلّی رَكعتینِ ثمَّ قالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ وَاَتوجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّی مُحمَّدٍ نَبیِّ الرَّحمةِ۔ یا مُحمَّدُ: اتوجَّهُ الی رَبِّی بكَ ان یَكشِفَ لی عَنْ بصری اللّٰهم

(١٨٧) حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک نابینا شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ ﷺ! میرے لیے دُعا فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ میری نظر کو درست فرما دے؟ فرمایا کیا میں تمہیں چھوڑ نہ دوں (یعنی اگر تم صبر کرو تو تمہارے لئے اچھا ہے) اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! نظر کے ختم ہو جانے کی وجہ سے مجھے بہت تکلیف ہے، راوی کہتا ہے کہ وہ شخص گیا، اس نے وضو کیا، دو رکعت نماز پڑھی اور پھر یہ دُعا کی اے اللہ! میں اپنے نبی، نبی رحمت محمد (ﷺ) کے ساتھ تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں، یا محمد (ﷺ) میں تیرے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



شَفِّعْهُ فِيَّ ، وشَفِّعني في نَفسي فَرَجعَ وقَد كَشَفَ اللّٰهُ عَن بَصَرِه۔ )) [رواه الترمذی وصححه والنسائی وهذا لفظه وابن ماجه وصححه ابن خزيمة والحاكم وفي رواية الترمذی ((فامره ان يتوضا فيحسن وضوء ه ثمَّ يدعو بهذا الدُّعاء)) ولم يذكر الصلاة۔ اخرجه في الدعوات]

ساتھ اپنے ربّ کی طرف توجہ کرتا ہوں کہ وہ میری نظر کو درست فرما دے' اے اللہ ان کی شفاعت میرے بارے میں قبول فرما اور میری شفاعت میرے لیے قبول فرما' وہ شخص جب واپس آیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کی نظر کو درست فرما دیا تھا (ترمذی نے اسے صحیح قرار دیا ہے' نسائی نے بھی روایت کیا اور یہ الفاظ نسائی کی روایت کے ہیں' ابنِ ماجہ' ابنِ خزیمہ اور حاکم نے بھی اسے صحیح قرار دیا ہے' ترمذی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ''آپ ﷺ نے اسے حکم دیا کہ وہ وضو کرے اور خوب اچھی طرح وضو کرے اور پھر یہ دُعا کرے'' اس روایت میں نماز کا ذکر نہیں ہے' ترمذی نے اسے ''الدعوات'' میں ذکر کیا ہے)[1] [صحیح]

(١٨٨) (( وعن ابنِ مسعودٍ رضی اللہ عنہ عنِ النبيِّ ﷺ قالَ: اثنتي عَشْرة رَكعةً تُصَلِّيهنَّ من لَيلٍ ونهارٍ ، وَتَتَشهَّدُ بينَ كلِّ رَكعتَينِ، فإذا تَشهَّدْتَ في آخرِ صلاتِكَ فاثْنِ على اللّٰهِ عزَّ و جلَّ، وصلِّ على النبيِّ ﷺ واقرأْ وانتَ ساجدٌ فاتحةَ الكتابِ سبعَ مرَّاتٍ، وآيةَ الكرسي سبعَ مرَّاتٍ، وقُلْ: لا الهَ الا اللّٰهُ وحدَهُ لا شَريكَ لهُ، لهُ الملكُ، ولهُ الحمدُ، وهُوَ على كلِّ شيءٍ قديرٌ عشْرَ مرَّاتٍ، ثمَّ قُلْ: اللّٰهمَّ اني اسئلكَ بمعاقدِ العِزِّ مِن عَرشِكَ، ومُنْتَهى الرَّحمةِ مِنْ

(١٨٨) حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ دن رات میں بارہ رکعت نماز پڑھو' ہر دو رکعتوں کے درمیان تشہد میں بیٹھو اور جب نماز کے آخر میں تشہد میں بیٹھو تو اللہ عزّ وجلّ کی ثناء بیان کرو' نبی ﷺ پر درود بھیجو اور پھر سجدہ کرو اور بحالت سجدہ سات بار سورۂ فاتحہ پڑھو' سات بار آیت الکرسی پڑھو اور پھر دس بار یہ پڑھو: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں' اس کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے) پھر یہ کہو: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِکَ، وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِکَ ، وَاِسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّکَ الْاَعْلٰى،

(١) علماء نے اس حدیث کو آنحضرت ﷺ کے معجزات' آپ ﷺ کی دُعا کے مستجاب ہونے اور آپ ﷺ کی دُعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے جو خرقِ عادات امور کا ظہور فرمایا اور مبتلائے آلام و مصائب لوگوں کو نجات دی' کے قبیل سے ذکر فرمایا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے اس نابینا شخص کے لیے دُعا فرمائی اور آپ ﷺ کی دُعا کو اللہ تعالیٰ نے شرفِ قبولیت سے نواز کر اس کی بصارت کو واپس لوٹا دیا تھا اس لیے امام بیہقی اور کئی دیگر مصنفین نے اسے دلائل النبوۃ میں ذکر کیا ہے' یہ اس بات کی دلیل ہے کہ نابینا شخص کا شفایاب ہونا آنحضرت ﷺ کی دُعا کی برکت سے تھا' مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیے ''وسیلہ کے انواع و احکام'' ص ۹۱ـ ۱۲۳ تصنیف علامہ محمد ناصر الدین البانی' ترجمہ: محمد خالد سیف نیز ملاحظہ فرمائیے تحفۃ الاحوذی' ج ۴' ص ۲۸۲ـ ۲۸۳

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


كِتابكَ، واسمِكَ الاعظمِ، ووجدك الاعلٰى، وكلماتِكَ التَّامَّةِ، ثمَّ سلْ حاجتَكَ، ثمَّ ارفعْ راسَكَ، ثم سلِّمْ يمينًا وشِمَالًا، و [لا تُعلِّمُوها السُّفهاء] فإنَّهُمْ يَدْعونَ بها فَيُجابونَ )) [رواه الحاكم وقال: قالَ احمد بن حرب: قد جربته فوجدته حقا۔ وقال ابراهيم بن على الديبلى: قد جربته فوجدته حقا، وقال ابو زكريا: قد جربته فوجدته حقا۔ قالَ الحاكم: قد جربته فوجدته حقا۔ تفرد به عامر بن خداش، وهو ثقة مامون۔ قالَ المصنف عامر هذا قالَ شيخنا ابو الحسن هونيسافورى صاحب مناكير، وقد تفرد به عن عمر بن هارون البلخى، وهو متروك متهم اثنى عليه ابنِ مهدى وحده فيما اعلم، والاعتماد فى هذا على التجربة لا على الاسناد]

وَكَلِمَاتِکَ التَّامَّةِ (اے ربِّ ذوالجلال والاکرام! میں تجھ سے ان صفات کے ساتھ جن سے تیرا عرشِ عزت کا مستحق ہوا، تیری کتاب کے منتہاءِ رحمت کے ساتھ، تیرے اسمِ اعظم کے ساتھ، تیرے بلند و بالا و جلال کے ساتھ اور تیرے مکمل کلمات کے ساتھ یہ سوال کرتا ہوں۔ پھر اپنی حاجت کا اللہ جل جلالہ سے سوال کرو، پھر سجدہ سے سر اُٹھاؤ اور دائیں بائیں سلام پھیر دو۔ اور بے وقوف لوگوں کو یہ دُعا نہ سکھاؤ کیونکہ وہ اس طرح (لوگوں کو ایذاء پہنچانے کے لئے) دُعا کریں گے اور ان کی دُعا قبول ہو گی۔ (حاکم، احمد بن حرب بیان کرتے ہیں میں نے اس کا تجربہ کیا تو اسے کامیاب پایا، ابراہیم بن علی دیبلی بیان کرتے ہیں کہ میں نے اس کا تجربہ کیا تو اسے کامیاب پایا، ابو زکریا بیان کرتے ہیں کہ میں نے اس کا تجربہ کیا تو اسے کامیاب پایا، امام حاکم فرماتے ہیں کہ میں نے اس کا تجربہ کیا تو اسے کامیاب پایا۔ اس حدیث کی سند میں عامر بن خداش متفرد ہے اور وہ ثقہ مامون ہے۔ مصنف فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ ابوالحسن نے فرمایا یہ عامر نیساپوری ہے اور اس کی بہت سی روایات منکر ہیں، یہ عمر بن ہارون بلخی سے اسے روایت کرنے میں متفرد ہے اور وہ متروک اور متہم ہے، میرے علم کی حد تک صرف ابنِ مہدی نے ان کی تعریف کی ہے اور کسی نے نہیں اور پھر اس سلسلہ میں اعتماد تجربہ پر ہے سند پر نہیں۔ (۱) [موضوع]

---

(۱) اس دُعا میں جو یہ کلمہ آیا ہے کہ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِکَ تو حافظ ابنِ اثیر فرماتے ہیں کہ اس جملے کے معنی یہ ہیں کہ اے اللہ! میں تجھ سے ان صفات کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں، جن کے باعث عرش عزت کا مستحق ہوا۔ یا معاقد سے مُراد عرش کے منعقد ہونے کے مواضع ہیں اور اس کا حقیقی معنی عزتِ عرش ہے گویا اس شرح کے پہلے معنی کے اعتبار سے وہ صفات مُراد ہیں جن کے باعث ایسی عزت کا مستحق ٹھہرا اور یہ صفات باری تعالیٰ میں سے ایک صفت کے ساتھ وسیلہ ہے اور یہ جائز ہے تاہم یہ حدیث صحیح نہیں ہے بلکہ باطل اور موضوع ہے ابنِ جوزی نے اپنی کتاب ''الموضوعات'' میں لکھا ہے کہ ''بلاشک وشبہ یہ حدیث موضوع ہے'' حافظ زیلعی نے نصب الرایہ میں اسے موضوع قرار دیا ہے ملاحظہ فرمایئے ۲۷۲/۵۔ تعجب ہے کہ حافظ ابنِ حجر نے اس حدیث کو حذف کیوں نہ کیا خصوصاً جب کہ وہ خود فرماتے ہیں کہ اس میں عامر بن خداش متفرد ہے اور آپ کے استاد ابوالحسن اسے صاحب مناکیر قرار دیتے ہیں اور ان کا استاد بلخی بھی متروک و متہم ہے۔ تعجب بالائے تعجب یہ کہ حافظ فرماتے ہیں کہ ''اس سلسلہ میں اعتماد تجربہ پر ہے سند پر نہیں'' جب یہ حدیث ہے ہی باطل اور موضوع تو اس کی بنیاد پر تجربہ کیسا؟ اور تجربہ سے جو موضوع روایات صحیح ثابت ہو جائیں کیا انہیں صحیح قرار دے دیا جائے؟ (مترجم) مزید =

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# الترغيب في صلاة الاستخارة

## نمازِ استخارہ کی ترغیب

(۱۸۹) (( عن جابرِ بنِ عبدِ اللّٰه رضی اللہ عنہ قالَ: كانَ رسولُ اللّٰه ﷺ يعلمنا الاستِخَارةَ في الْاُمُورِ كلِّها كما يُعلمنا السُّورةَ منَ القُرآنِ يقولُ: اذا همَّ احدُكُم بالامرِ فَلْيركعْ رَكعتَينِ من غَيْرِ الفَريضةِ، ثمَّ ليقل اللّٰهُمَّ انى استخيرُكَ بعِلمكَ، واستقدرُكَ بقُدرتِكَ، واسألُكَ مِنْ فَضلِكَ العَظِيم، فإنَّكَ تَقدرُ ولا اقدِرُ، وتَعلمُ ولا اعلمُ، وانتَ علّامُ الغُيوبِ۔ اللّٰهُمَّ ان كُنتَ تعلمُ انَّ هذا الامر خَيْرٌ لى فى دينى وَمَعاشى وعَاقبةِ امرى، او قَال: عَاجلِ امرى وآجله فاقْدُرْهُ لى، ويَسِّرهُ لى، ثمَّ بارِكْ لى فيهِ، وإن كُنتَ تَعلمُ انَّ هذا الامرَ شَرٌّ لى في دينى ومَعاشى، وعاقبةِ امرى، او قال: عاجِل امرى وآجله فاصرِفْهُ عَنّى واصرفنى عنهُ، واقدُرْ لِى الخَيْرَ حيثُ كانَ ثمَّ رَضِّنى بِهِ۔ قالَ: ويُسمِّى حاجَتَه۔)) [ رواه البخارى واصحاب السنن]

(۱۸۹) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ تمام امور میں ہمیں استخارہ کی اس طرح تعلیم دیا کرتے تھے جس طرح قرآنِ مجید کی کسی سورة کی تعلیم دیا کرتے تھے، آپ ارشاد فرماتے کہ تم میں سے کوئی جب کسی کام کا ارادہ کرے تو فرض کے علاوہ (یعنی دو رکعت نفل پڑھے) اور پھر یہ دُعاء پڑھے (ترجمہ) اے اللہ! میں آپ سے آپ کے علم کی بدولت خیر کا سوال کرتا ہوں اور آپ کی قدرت کی برکت سے طاقت طلب کرتا ہوں، اور آپ کے فضل عظیم کا آپ سے سوال کرتا ہوں کیونکہ آپ قدرت رکھتے ہیں اور میں قدرت نہیں رکھتا اور آپ جانتے ہیں میں نہیں جانتا، اور آپ تو غیبوں کو جاننے والے ہیں، اے اللہ! اگر تیرے علم میں یہ کام میرے لیے دین، دنیا اور انجام کار کے اعتبار سے ۔۔۔۔ یا یہ کہا ۔۔۔۔ میری دُنیوی زندگی کے اعتبار سے اور اُخروی زندگی کے اعتبار سے بہتر ہے تو اسے میرے مقدر میں کر دے، اسے میرے لئے آسان بنادے اور پھر اس میں میرے لیے برکت ڈال دے اور اگر تیرے علم میں یہ کام میرے لیے دین دنیا اور انجام کار ۔۔۔۔ یا یوں کہا ۔۔۔۔ میری دُنیوی زندگی کے اعتبار سے اور اُخروی زندگی کے اعتبار سے بُرا ہے تو اسے مجھ سے اور مجھے اس سے دور کر دے اور میرے مقدر میں خیر کر دے وہ جہاں کہیں بھی ہو اور پھر اس کے ساتھ مجھے راضی بھی کر دے ۔۔۔۔ یہ دُعا کرتے ہوئے آدمی اپنی حاجت کا نام لے۔ (بخاری واصحاب سنن)

= تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمایئے۔ ''وسیلہ کے انواع واحکام''۔ اس حدیث کے موضوع ہونے پر یہ دلیل ہی کافی ہے کہ اس میں سجدہ میں سورة فاتحہ اور دیگر آیاتِ قرآنیہ پڑھنے کو کہا گیا ہے جبکہ صحیح احادیث میں اس کی ممانعت وارد ہے۔ ازہر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# الترغیب فی سجود التلاوۃ

## سجودِ تلاوت کی ترغیب

(۱۹۰) (( عن ابی ھُریرۃَ ؓ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : اذا قَرأَ ابنُ آدمَ سجدۃً فسَجدَ اعتزَلَ الشَّیطانُ یَبکی یقولُ: یا ویلَہ اُمِرَ ابنُ آدمَ بالسجودِ فسجدَ فَلَہُ الجنۃُ' واُمرتُ بالسُّجودِ فابَیتُ فَلِیَ النارُ)) [رواہ مسلم]

(۱۹۰) حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب ابنِ آدم آیت سجدہ کو پڑھ کر سجدہ کرتا ہے تو شیطان الگ تھلگ ہو کر رونا شروع کر دیتا ہے اور کہتا ہے ہائے افسوس! ابن آدم کو سجدہ کا حکم ہوا تو اس نے سجدہ کیا اور وہ جنّت میں جائے گا اور مجھے سجدہ کا حکم ہوا اور میں نے انکار کر دیا تو میرے لیے جہنم ہے۔ (مسلم)

(۱۹۱) (( وعنہ عنِ النبیَّ ﷺ کُتِبَ عندَہ سورۃُ النَّجمِ فلما بَلغَ السجدۃَ سَجَدَ وسَجدْنا معَہُ وسجدَتِ الدَّواۃُ والقلمُ۔)) [رواہ البزار بسند جید]

(۱۹۱) حضرت ابوہریرہ ؓ ہی سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کے پاس سورۂ نجم لکھی گئی' جب آیت سجدہ آئی تو آپ ﷺ نے سجدہ کیا اور ہم نے بھی آپ ﷺ کے ساتھ سجدہ کیا اور دوات اور قلم نے بھی سجدہ کیا۔ (بزار/سند جید)

(۱۹۲)(( وعنْ ابنِ عباسٍ ؓ قالَ: جاءَ رجلٌ الی النبیِّ ﷺ فقالَ یا رسولَ اللّٰہ انّی رایتُ فی ھذِہِ اللیلۃِ فیما یَری النائمُ کانی اصلّی خَلْفَ شَجرۃٍ۔ فَرایتُ کانی قَدْ قرأتُ سجدۃً ' فرایتُ الشجرۃَ کانھا تَسجدُ بسُجودی' فَسمِعتُھا وھی ساجدۃٌ وھی تقولُ: اللّٰھم اکتبْ لی بھا عندَکَ اجرًا' واجعلْھا لی عندَکَ ذُخرًا' وضَعْ عنّی بھا وِزْرًا' وتقبلْھا منی کما تقبلْتَ من عبدِکَ داوودَ۔ قالَ ابنُ عباسٍ فرایتُ رسولَ اللّٰہ ﷺ قَرأَ السجدۃَ فسمعتُہُ وھُوَ ساجدٌ یقولُ: مثلَ ما قالَ الرجلُ عن کَلامِ الشَّجرۃِ۔ )) [ رواہ

(۱۹۲) حضرت ابنِ عباس ؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! میں نے آج رات یہ خواب دیکھا گویا ایک درخت کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہوں' میں نے دیکھا گویا میں نے آیت سجدہ کو پڑھا ہے تو میں نے دیکھا کہ درخت نے میرے سجدہ کرنے کے ساتھ خود بھی سجدہ کیا اور اس نے سجدہ کرتے ہوئے یہ دُعا پڑھی (ترجمہ) اے اللہ! اس سجدہ کی وجہ سے میرے لئے اپنے پاس اجر لکھ لے' اسے میرے لیے اپنے پاس ذخیرہ کر لے' اس کی وجہ سے میرے بوجھ کو مجھ سے دور کر دے اور میرے سجدہ کو اسی طرح قبول فرما جس طرح تو نے اپنے بندے داؤدؑ کے سجدہ کو قبول فرمایا تھا' ابنِ عباس ؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو آیت سجدہ پڑھ کر سجدہ کرتے ہوئے دیکھا تو اس سجدہ میں آپ یہی کلمات پڑھ رہے تھے جو اس آدمی نے درخت کے حوالے سے بیان کیے تھے (ترمذی ابن ماجہ۔ ابنِ حبان

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الترمذی وابن ماجه وصححه ابنُ حبان ووقع عند ابی یعلی والطبرانی (( ان الرائی ابوسعید الخدری اخرجه من حدیثه ]))

نے اسے صحیح قرار دیا ہے ابویعلیٰ اور طبرانی کی روایت میں ہے کہ یہ خواب دیکھنے والے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ تھے اور یہ حدیث بھی انہی کے واسطے سے روایت کی ہے۔)

# کتاب الجمعۃ وذکر ابوابہ

## الترغیب فی صلاۃ الجمعة والسعی الیها وما جاء فی فضل یومها وساعتها

### نمازِ جمعہ اور اس کی طرف کوشش کر کے جانے کی ترغیب اور جمعہ کے دن اور اس میں ایک مخصوص گھڑی کی فضیلت

(۱۹۳) (( عن ابی هُريرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : مَنْ تَوضأَ فأحْسَنَ الوُضوءَ ثُمَّ اتی الجمعةَ فاستمَعَ وانْصَتَ غُفِرَ لَهُ ما بينَه وبينَ الجُمعةِ و ومَنْ مسَّ الحَصَى فَقَدْ لَغَى۔)) [رواه مسلم وغيره واخرجه ابن خزيمه مطولاً ولفظه ((اذا كانَ يومُ الجمعةِ فاغتَسلَ وغَسَلَ رأسَه ثمَّ تَطيَّبَ من اطْيَبِ طِيبِه وَلبسَ مِن صالحِ ثِيابِه ثمَّ خَرجَ الى الصلاةِ ولمْ يُفرِّقْ بينَ اثنَينِ ثمَّ استمَعَ لِلامامِ غُفِرَ لَهُ مِنَ الْجُمعةِ الى الجُمعةِ وزيادةِ ثلاثةِ ايَّامٍ ))۔ قوله لغى قيل معناه خاب من الاجر وقيل اخطا وقيل صارت جمعته ظهرا وقيل غير ذلك]

(۱۹۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص وضو کرے اور خوب اچھی طرح وضو کر لے پھر جمعہ کے لیے آئے، خطبہ سنے اور خاموش بیٹھ کر سنے تو اس کے لیے ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک بلکہ مزید تین دن[1] کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور جس نے کنکریوں کو چھوا، اس نے لغو کام کیا (مسلم وغیرہ، ابنِ خزیمہ نے اس روایت کو قدرے طویل بیان کیا ہے، ان کے الفاظ یہ ہیں کہ جب جمعہ کا دن ہو اور وہ غسل کرے اور سر کو دھوئے، پھر اچھی خوشبو استعمال کرے، عمدہ کپڑے پہنے، پھر نماز کے لیے چلا جائے، دو آدمیوں کو الگ کر کے نہ بیٹھے اور امام کا خطبہ سنے تو اس کے ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک بلکہ تین دن زیادہ کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، لغی (اس نے لغو کام کیا) کے بارے میں ایک قول تو یہ ہے کہ وہ اَجر سے محروم ہوا، دوسرا یہ کہ اس نے غلطی کی اور تیسرا یہ کہ اس کا جمعہ ظہر بن جائے گا، علاوہ ازیں کئی اور اقوال بھی ہیں) [حسن]

(۱۹۴) (( وعن ابی سعيدٍ رضی اللہ عنہ انه سَمِعَ رسولَ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم يقولُ: خَمسٌ مَن عَمِلَهُنَّ

(۱۹۴) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ پانچ کام ایسے ہیں کہ جو

(۱) مزید تین دن کے، اس لیے تاکہ اسے ''الحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا'' اصول کے مطابق مکمل دس دنوں کا ثواب ملے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فی یومٍ کتبَهُ اللّٰه مِنْ اهلِ الجنَّةِ۔ مَنْ عادَ مَرِیضًا، وَشَھِدَ جنازَةً، وصَامَ یومًا، ورَاحَ الی الجُمعةِ، واعتقَ رقبةً۔))[اخرجه ابن حبان]

انہیں ایک دن سرانجام دے اللہ تعالیٰ اسے اہل جنت میں سے لکھ لیتا ہے یعنی (۱) جو مریض کی بیمار پرسی کرے (۲) جنازہ میں شرکت کرے (۳) روزہ رکھے (۴) جمعہ ادا کرنے کے لیے مسجد میں جلدی جائے اور (۵) ایک گردن کو آزاد کر دے۔ (ابن حبان) [صحیح]

(۱۹۵)(( وعن اوسِ ابنِ اوسٍ الثَّقفیّ رضی اللہ عنہ سمعتُ رسولَ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم یقولُ: مَن غَسَّلَ یومَ الجُمعةِ واغْتَسَلَ وبکَّرَ وابْتکَرَ ومشَی ولمْ یرکبْ وَدَنَا مِنَ الِامامِ واستمَعَ ولمْ یلغُ کانَ لَهُ بِکلِّ خَطوةٍ عملُ سنَةٍ اجرُ صیامِها وقیامِها۔ )) [رواه احمد واصحاب السنن وحسنه الترمذی وصححه ابن خزیمة وابن حبان والحاکم۔ قالَ الخطابی ما ملخصه۔ قوله غَسَّلَ واغتسل وبکر وابتکر قیل هو من التاکید اللفظی والمعنی واحد بدلیل قوله مشی ولمْ یرکب وهو قول الاثرم صاحب احمد]

(۱۹۵) حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص جمعہ کے دن نہائے دھوئے، جلدی (مسجد میں) جائے، پیدل جائے اور سوار نہ ہو، امام کے قریب بیٹھے، خطبہ سنے اور لغو کام نہ کرے تو اسے ہر قدم کے بدلہ میں ایک سال کے روزے اور قیام کا اجر و ثواب ملتا ہے۔ (احمد، اصحاب سنن۔ ترمذی نے اسے حسن اور ابنِ خزیمہ، ابنِ حبان اور حاکم نے صحیح قرار دیا ہے علامہ خطابی فرماتے ہیں کہ غسل اور اغتسل کے معنی نہانا اور بکر و ابتکر کے معنی جلدی جانا ہے دو لفظ تاکید کے لیے استعمال ہوئے ہیں دونوں کا معنی ایک ہی ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کے بعد فرمایا: پیدل جائے اور سوار نہ ہو۔ امام احمد کے شاگرد اثرم کا بھی یہی قول ہے)۔ [صحیح]

(۱۹۶) (( وعن انس ابنِ مالك رضی اللہ عنہ قالَ: عُرِضَتِ الجُمعةُ علی رسولِ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم جاء جبریلُ فی کفِّهِ کالمِرْآةِ البیضاءِ فی وسَطِها کالنُّکتة السَّوداءِ، قالَ: هذِهِ الجمعةُ یعرضُها علیكَ ربُّكَ لِتکونَ لكَ عیدًا، ولقرمِكَ مِنْ بَعدِكَ، ولکُم فِیها خَیْرٌ، تکونُ انتَ الاولَ وتکونُ الیهودُ والنصارٰی مِنْ بَعْدك۔ وفیها ساعةٌ لا یَدعُو احدٌ ربَّه فیها بخَیْرٍ هو لَهُ قُسِمَ

(۱۹۶) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جمعہ کو پیش کیا گیا، جبریل اسے اپنی ہتھیلی میں پکڑ کر اس طرح لائے جیسے کوئی سفید آئینہ ہو، جس کے درمیان میں ایک سیاہ نقطہ ہو اور کہا کہ یہ جمعہ ہے جسے اللہ تعالیٰ آپ کے پاس بھیج رہا ہے تاکہ یہ آپ کے لیے اور آپ کے بعد آپ کی اُمت کے لیے عید ہو، تمہارے لیے اس میں خیر و برکت ہے آپ پہلے ہوں گے اور یہود و نصاریٰ آپ کے بعد ہوں گے۔ اس میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ اس میں جو کوئی اپنے ربّ سے خیر کی دُعا مانگے اللہ اسے ضرور عطا فرماتا ہے یا شر سے وہ پناہ مانگے تو اس سے بھی بڑے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الا اعطاهُ، او يتعوَّذُ من شرٍّ الا دُفِعَ عنهُ ما هو اعظمُ منهُ۔ وَنَحنُ نَدعُوهُ فى الاٰخرةِ يومَ المَزِيد الحديث )) [ رواه الطبراني فى الاوسط باسناد جيد]

شر کو اس سے دُور کر دیا جاتا ہے' آخرت میں ہم اسے یوم المزید کے نام سے پکاریں گے''۔ (طبرانی اوسط' باسناد جید) [حسن صحیح]

(۱۹۷) (( وعَن ابى لُبَابة ابنِ عبدِ المُنذِرِ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم انَّ يومَ الجُمعةِ سيدُ الايامِ واعظمُها عندَ اللّٰهِ، وهُوَ اعظمُ عندَ اللّٰهِ منْ يومِ الاضحي، ويومِ الفطرِ، وفيهِ خمسُ خِلالٍ: خلقَ اللّٰهُ فيهِ آدمَ، واهبطَ اللّٰهُ فيهِ آدمَ الى الارضِ، وفيهِ توَفَّى اللّٰهُ آدمَ، وفيهِ ساعةٌ لا يَسالُ اللّٰهَ فيها العبدُ شيئًا الا اعطاهُ ما لَمْ يَسالُ حَرامًا۔ وفيه تقومُ الساعة ما مِنْ مَلَكٍ مقرَّبٍ، ولا سماءٍ ولا ارضٍ ولا رياحٍ۔ ولا جبالٍ، ولا شجرٍ الا وهُنَّ يُشفقن منْ يومِ الجُمعةِ )) [رواه احمد وابن ماجه واخرجه احمد من حديث سعد بنِ عبادة ورواته ثقات مشهورون]

(۱۹۷) حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ تمام دنوں کا سردار اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام دنوں سے عظیم ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ اضحی اور فطر کے دنوں سے بھی زیادہ عظیم تر ہے' اس دن کے پانچ امتیازات ہیں: (۱) اس دن میں اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو پیدا فرمایا (۲) اسی دن اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو زمین پر اُتارا (۳) اس دن اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو فوت کیا (۴) اس دن میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ بندہ اپنے ربّ سے جو بھی سوال کرے اللہ تعالیٰ اسے ضرور پورا فرماتا ہے بشرطیکہ وہ حرام کا سوال نہ کرے اور (۵) اس دن قیامت[1] ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ ہر ملک مقرب' آسمان' زمین' ہوائیں' پہاڑ اور درخت جمعہ کے دن سے ڈرتے ہیں[2] (احمد' ابنِ ماجہ' مسند احمد میں یہ حدیث سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور اس کی سند کے تمام راوی ثقہ اور مشہور ہیں) [ضعیف]

(۱۹۸) (( وَعن انسِ بنِ مالكٍ رضی اللہ عنہ قالَ: انَّ اللّٰهَ تباركَ وتعالىٰ لَيْسَ بتاركٍ احداً مِنَ المُسلمينَ يومَ الجمعةِ الا غفر لَهُ۔ )) [رواه الطبراني فى الاوسط فيما ارى

(۱۹۸) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ جمعہ کے دن کسی مسلمان کو بھی معاف کیے بغیر نہیں چھوڑتا۔ (طبرانی اوسط' میرے خیال میں یہ روایت حسن اسناد کے ساتھ مرفوع ہے) [موضوع]

---

(۱) یہاں ساعہ کا لفظ استعمال ہوا ہے اور یہ لفظ دو معنوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ایک تو یہ کہ دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں سے ایک جزء کو ساعت کہتے ہیں اور دوسرا یہ کہ رات یا دن کے چھوٹے سے جزء کو کہتے ہیں۔ جَلَسْتُ عِنْدَکَ سَاعَةً مِن نهار کے معنی ہوں گے کہ میں آپ کے پاس دن کو تھوڑی دیر کے لیے بیٹھا' پھر یہ لفظ قیامت کے لیے مستعار لیا گیا' زجاج فرماتے ہیں کہ قرآنِ مجید میں جہاں بھی ساعت کا لفظ آیا' قیامت کے معنی میں آیا ہے مُراد یہ ہے کہ یہ چھوٹی سی گھڑی ہوگی جس میں اَمرِ عظیم واقع ہوگا' قلیل وقت کی وجہ سے اسے ساعہ سے موسوم کیا گیا۔ (نہایہ)

(۲) یشفِقنَ ڈرتے ہیں اور بکثرت تسبیح و تحمید بیان کرتے ہیں اس لیے کہ اس دن قیامت قائم ہوگی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مرفوعًا بإسناد حسن]

(۱۹۹) (( وعن ابی هُریرةَ ﷺ انّ رسولَ اللّٰهِ ﷺ ذَکَرَ یومَ الجمعةِ فقالَ: فیها ساعةٌ لا یوافِقُها عبدٌ مُسْلِمٌ وَهُوَ قَائِمٌ یُصَلّی یَسالُ اللّٰه شیئًا الا اعطاهُ۔ واشار بیدِہٖ یُقَلِّلُها))[متفق علیه]

(۱۹۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کے دن کا ذکر کیا اور فرمایا کہ اس دن ایک ایسی گھڑی ہے کہ مسلمان آدمی اس میں نماز پڑھتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے جو بھی سوال کرے تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور قبول فرماتا ہے اور آپ نے ہاتھ کے اشارہ سے فرمایا کہ یہ گھڑی بہت قلیل سی ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۲۰۰) (( وعن ابی بُرْدَةَ بنِ ابی مُوسٰی قالَ: قالَ لی عبدُ اللّٰهِ بنُ عُمرَ اَسمِعْتَ اباكَ یُحدِّثُ عَنْ رسولِ اللّٰه ﷺ فی شانِ ساعة الجمعة؟ فقالَ نعمْ سَمعتُهُ یقولُ: سمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ یقولُ: هی ما بین ان یجلسَ الامامُ الی ان تُقضی الصلاةُ۔ )) [رواه مسلم ' وابوداوود' وقال: یعنی علی المنبر۔]

(۲۰۰) حضرت ابو بردة بن ابی موسیٰ سے روایت ہے کہ مجھ سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے پوچھا کہ کیا آپ نے اپنے والد سے سنا کہ انہوں نے آنحضرت ﷺ سے جمعہ کی گھڑی کے بارہ میں کچھ بیان کیا ہو؟[1] انہوں نے کہا ہاں میں نے اپنے والد صاحب سے سنا وہ بیان کرتے تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ یہ گھڑی امام کے بیٹھنے سے لے کر نماز ختم ہونے تک ہے۔ (مسلم' ابوداوُد' انہوں نے کہا کہ مُراد امام کا منبر پر بیٹھنا ہے)

(۲۰۱)(( وعن عبدِ اللّٰهِ بنِ سَلامٍ ﷺ قالَ: قلتُ ' و رَسولُ اللّٰهِ ﷺ جالسٌ: اِنَّا لَنجدُ فی کتابِ اللّٰهِ: فی یومِ الجمعة ساعةٌ لا یُوافِقُها عَبدٌ مُؤمنٌ یُصلِّی یَسالُ اللّٰهَ فیها شَیئًا الا قضی لهُ حاجَتَهُ۔ قالَ عبدُ اللّٰه: واشارَ اِلیَّ رسولُ اللّٰه ﷺ۔ أو بَعض ساعةٍ ' فقلتُ صَدقتَ' أو بعض ساعةٍ۔ قلتُ ایة ساعةٍ هیَ؟ قالَ: آخِرُ ساعاتِ النَّهارِ۔ قلتُ: انّها لَیست ساعةَ صلاةٍ؟ قالَ: بلی انَّ العبدَ اذا صَلّی' ثمَّ جَلسَ لمْ یُجلِسْهُ الا الصلاةُ فهوَ فی

(۲۰۱) حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کہا جب کہ رسول اللہ ﷺ بھی تشریف فرما تھے کہ ہم اللہ کی کتاب میں یہ پاتے ہیں کہ جمعہ کے دن ایک ایسی گھڑی ہے کہ اگر مرد مومن اسے اس حالت میں پائے کہ نماز پڑھ رہا ہو اور اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کا سوال کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت کو پورا فرما دیتا ہے' عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میری طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا یا گھڑی کا کچھ حصہ۔ میں نے عرض کیا آپ سچ فرماتے ہیں وہ گھڑی کا کچھ حصہ ہے' میں نے عرض کیا: وہ گھڑی کونسی ہے؟ فرمایا دن کی آخری گھڑی' میں نے عرض کیا: کہ یہ تو نماز کی گھڑی نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا کیوں نہیں بندہ جب نماز پڑھتا ہے پھر نماز ہی کی نیت سے وہاں بیٹھ جاتا ہے تو وہ نماز ہی میں ہوتا ہے (ابن ماجہ

(۱) یعنی جمعہ کی وہ گھڑی جس کا سابقہ حدیث میں ذکر گزر چکا ہے اور جس میں اللہ تعالیٰ دُعا کرنے والے کی دُعا کو شرف قبولیت سے نوازتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



صلاۃٍ۔)) [رواہ ابن ماجه باسناد علی شرط الصحیح]

نے اسے ایسی سند کے ساتھ روایت کیا ہے جو صحیح کی شرط کے مطابق ہے) [حسن صحیح]

## الترغیب فی الغسل یوم الجمعة

### جمعہ کے دن غسل کرنے کی ترغیب

(۲۰۲) (( عن ابی اُمامةَ رضی اللہ عنہ عنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قالَ: انَّ الغُسل یومَ الجمعةِ لَیستَلُّ الخَطایا منْ اصولِ الشَّعرِ اسْتِلالاً۔)) [رواہ الطبرانی ورواته ثقات]

(۲۰۲) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کے دن غسل گناہوں کو بالوں کی جڑوں سے کھینچ کر باہر نکال دیتا ہے۔ (طبرانی' اس کے راوی ثقہ ہیں) [ضعیف]

(۲۰۳) (( وعن ابی سعیدٍ الخدریِّ رضی اللہ عنہ عن رسولِ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم قالَ: غسلُ یومِ الجُمعةِ واجبٌ علی کُلِّ مُحتلِمٍ' وسِواکٌ' ویَمسُّ مِنَ الطِّیبِ ما قدرَ عَلَیهِ۔)) [رواہ مسلم وغیرہ]

(۲۰۳) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کے دن غسل ہر بالغ پر واجب ہے' نیز مسواک کرنا اور حسب استطاعت خوشبو بھی استعمال کرے۔ (مسلم اور دیگر)

(۲۰۴)(( وعنِ ابنِ عباسٍ رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم : انَّ هذا یَومُ عیدٍ جَعلَهُ اللّٰہُ للمسلمینَ' فمنْ جاءَ الجمعةَ فلْیغتسِلْ وإنْ کانَ عِندَہٖ طِیبٌ فلْیَمَسَّ منهُ' وعَلیکُم بالسِّواکِ۔ )) [رواہ ابن خزیمه بهذا اللفظ واسنادہ حسن]

(۲۰۴) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس دن کو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی عید بنا دیا ہے لہٰذا جو جمعہ کے لیے آئے وہ غسل کرے اور اگر اس کے پاس خوشبو ہو تو اسے استعمال کرے نیز مسواک بھی ضرور کرو۔ (ابن خزیمہ باسناد حسن) [حسن لغیرہ]

## الترغیب فی التبکیر الی الجمعة وما جاء فی من یتاخر عن التبکیر من غیر عذر

### جمعہ کے دن جلد مسجد جانے کی ترغیب اور بلا عذر تاخیر سے آنے والے کے متعلق کیا وارد ہے؟

(۲۰۵) (( عن ابی هُریرةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم قالَ: مَنِ اغْتَسَلَ یومَ الجمعةِ غسلَ الجَنابةِ' ثمَّ راحَ فی السَّاعةِ الاولی

(۲۰۵) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے جمعہ کے دن غسل جنابت کی طرح غسل کیا اور پھر چل پڑا تو گویا اس نے اُونٹ کی قربانی دی اور جو دوسری ساعت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَكَأَنَّمَا قَرَّب بَدَنةً، ومنْ رَاحَ فی السَّاعةِ الثانيةِ: فكانَّما قرَّبَ بقرَةً، ومن رَاحَ فی الساعةِ الثالثةِ: فكانَّما قرَّب كبْشًا اقْرَنَ، ومن رَاحَ فی الساعةِ الرابعةِ: فكانَّما قرَّبَ دَجاجةً، ومن رَاحَ فی الساعةِ الخامسةِ: فكانَّما قرَّبَ بَيضةً، فإذا خَرجَ الإمامُ حضَرتِ الملائكةُ يستَمعُونَ الذِّكر)) [متفق عليه]

میں روانہ ہوا تو اس نے گویا گائے کی قربانی سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا اور جو تیسری گھڑی میں چلا تو اس نے سینگوں والے مینڈھے کی قربانی دی اور جو چوتھی ساعت میں چلا تو اس نے گویا مرغی کی قربانی دی اور جو پانچویں گھڑی میں چلا تو اس نے گویا ایک انڈہ قربان کیا اور جب امام نکلتا ہے تو فرشتے ذکر الٰہی سننے کے لیے حاضر ہو جاتے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

## الترهيب من تخطي الرقاب يوم الجمعة

## جمعہ کے دن گردنیں پھلانگتے ہوئے آنے کی ممانعت

(۲۰۶) ((عن عبدِ اللّٰهِ بُسْرٍ رضی اللہ عنہ قالَ: جاءَ رجلٌ يَتخطّٰى رِقابَ الناسِ يومَ الجمعةِ، والنبيُّ ﷺ يَخطبُ، فقالَ النبيُّ ﷺ: اجلسْ فقدْ آذيتَ۔)) [رواه احمد وابوداود والنسائی وابن خزيمة وابن حبان وزاد وآنيت وهی بِمَدّثمَّ نون اخرت المجی ء واخرجه ابن ماجه من حديث جابر]

(۲۰۶) حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص جمعہ کے دن لوگوں کی گردنیں پھلانگتے ہوئے آیا جب کہ نبی ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے' آپ نے فرمایا بیٹھ جاؤ تم نے (لوگوں کو) تکلیف دی ہے (احمد' ابوداؤد' نسائی' ابنِ خزیمہ۔ ابنِ حبان کی روایت میں آنیت (مدّ اور نون کے ساتھ) کا لفظ بھی ہے' جس کے معنٰی یہ ہیں کہ تم تاخیر سے آئے ہو' ابنِ ماجہ نے اس حدیث کو بروایت حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کیا ہے) [صحيح]

## الترهيب من الكلام والامام يخطب والترغيب فيالانصات

## امام کے خطبہ کے دوران بات کرنے پر وعید اور خاموشی کی ترغیب

(۲۰۷) ((عن ابی هُريرةَ رضی اللہ عنہ انَّ النبيَّ ﷺ قالَ: اذا قُلتَ لصاحِبكَ: انصِتْ والإمامُ يخطبُ فقدْ لَغَوتَ۔)) [متفق عليه]

(۲۰۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جب امام خطبہ دے رہا ہو اور تم اپنے بھائی سے یہ کہو کہ خاموش ہو جاؤ تو تم نے بھی لغو کام کیا۔ (بخاری و مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۲۰۸) (( وعن عبدِ اللّٰہ بنِ عمرو رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ: ومن لَغی وتَخطّی رِقابَ الناسِ کانتْ لهُ ظُهرًا۔)) ابو داوود وصححه ابن خزيمه واخرجه ايضا من حديث ابی هُريرةَ]

(۲۰۸) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اور جس شخص نے لغو کام کیا اور لوگوں کی گردنیں پھلانگیں تو اس کے لیے یہ ظہر کی نماز ہو گی۔ (ابوداؤد' ابنِ خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا اور اسے بروایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی بیان کیا ہے)[صحیح]

## الترهيب من ترک الجمعة بغير عذر

### بلاعذر جمعہ ترک کرنے پر وعید

(۲۰۹)(( عن ابنِ مسعودٍ رضی اللہ عنہ انَّ النبیَّ ﷺ قالَ: لِقَومٍ یَتخلّفون عنِ الجُمعةِ: لَقدْ هَمَمْتُ انْ آمُرَ رجُلًا يُصلّی بالناسِ۔ ثمَّ اُحَرِّقَ علی رِجالٍ یَتخلّفونَ عنِ الجمعةِ بُیوتَهُم ))[رواه مسلم]

(۲۰۹) حضرت ابنِ مسعودؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ان لوگوں سے کہا کہ جو جمعہ سے پیچھے رہ جاتے ہیں کہ میں چاہتا ہوں کہ کسی آدمی کو حکم دوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے اور میں جا کر ان لوگوں کے گھروں کو آگ لگا دوں جو جمعہ کیلئے آنے کے بجائے اپنے گھروں میں بیٹھے رہتے ہیں۔ (مسلم)

(۲۱۰)(( وعن ابی الجَعْدِ الضّمریِّ رضی اللہ عنہ۔ وکانتْ لهُ صُحبةٌ۔ عنِ النبیِّ ﷺ: قالَ: من تَرَكَ ثلاثَ جُمعٍ تَهاوُنًا طَبَعَ اللّٰه علی قَلبِه۔)) [رواه احمد واصحاب السنن وصححه ابن خزيمة وابن حبان والحاكم وفی رواية لابن خزيمة ((ثلاثًا من غيرِ عُذرٍ فهو مُنافق))۔ وذكره رزين فزاد: هو بریء من اللّٰه۔ واخرجه احمد وصححه الحاكم من حديث ابی قتادة نحو الاول واخرجه ابن ماجه من حديث جابر۔]

(۲۱۰) حضرت ابوالجعد ضمری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے (اور یہ صحابی رضی اللہ عنہ تھے) آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص سستی کی وجہ سے تین جمعے چھوڑ دے تو اللہ تعالیٰ اس کے دِل پر مُہر لگا دیتا ہے (احمد' اصحاب سنن' ابن خزیمہ' ابنِ حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ ابنِ خزیمہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص بلاعذر تین جمعے چھوڑ دیتا ہے' وہ منافق ہے' رزین نے بھی اسے ذکر کیا ہے اور ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے: کہ وہ اللہ سے لاتعلق اور بری ہے' احمد اور حاکم نے پہلی روایت کے الفاظ کی طرح اسے بیان کیا اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے' ابنِ ماجہ میں یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے)[حسن صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فیما یقرأ یوم الجمعة

### جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھنے کی ترغیب

(۲۱۱) (( عن ابی سعیدٍ الخدریؓ ﷛ انَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ قالَ: مَن قَرأ سورةَ الکهفِ فی یومِ الجُمعةِ اضَاءَ لَه مِنَ النُّورِ ما بینَ الجُمعَتینِ )) [رواہ النسائی والبیهقی مرفوعًا وصححه الحاکم]

(۲۱۱) حضرت ابوسعید خدری ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف کی تلاوت کرے تو اس کے لیے دو جمعوں کے درمیان نور جگمگا تا رہے گا۔ (نسائی و بیہقی نے اسے مرفوعًا روایت کیا اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

# کتاب الصدقات وذکر ابوابه

## الترغیب فی اداء الزکاة وتاکید وجوبها

### زکوٰۃ ادا کرنے کی ترغیب اور اس کے وجوب کی تاکید

(۲۱۲) (( عن جابرٍ ﷛ قالَ: قالَ رجلٌ یا رسولَ اللّٰہ: ارایتَ ان ادّی الرجلُ زَکاةَ مالِه؟ فقالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : من ادّی زَکاةَ مالِه، فَقَدْ ذَهبَ عنهُ شَرُّه)) [ رواہ الطبرانی فی الاوسط واللفظ له وصححه ابن خزیمة والحاکم مختصراً: اذا ادَّیتَ زَکاةَ مالِكَ فقد اذهبتَ عنكَ شرَّہ۔ واخرج ابن خزیمة وابن حبان والحاکم فی صحاحهم عن ابی هُریرةَ ان رسول اللّٰہ ﷺ قالَ: اذا ادَّیتَ الزکاةَ فقد قضیتَ ما علیكَ، ومن جمعَ مالاً حرامًا، ثم تصدَّق بِهٖ لم یکن لهُ فیهِ اجرٌ، وکانَ اصْرُهٗ علیه۔]

(۲۱۲) حضرت جابر ﷛ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے کہا یارسول اللہ ﷺ! اگر آدمی اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کر دے تو؟ فرمایا ''جس نے اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کر دی تو اس کے مال کا شر اس سے دُور ہو گیا[1] (طبرانی اوسط اور یہ الفاظ طبرانی ہی کی روایت کے ہیں۔ ابنِ خزیمہ و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا اور بایں الفاظ مختصر روایت کیا ہے کہ جب تم اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کر دو تو تم نے اس کے شر کو خود سے دور کر دیا' ابنِ خزیمہ' ابنِ حبان اور حاکم نے اپنی اپنی صحیح میں حضرت ابوہریرہ ﷛ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم نے زکوٰۃ ادا کر دی تو اپنا ذمہ ادا کر دیا اور جس نے مال حرام جمع کیا پھر اسے صدقہ کیا تو اس کے لیے اس میں کوئی اجر نہ ہو گا اور اس کا بوجھ اس پر ہو گا) [حسن لغیرہ]

---

(۱) یعنی اس میں برکت ہو گی' نیک کاموں میں استعمال ہو گا اور اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت میں خرچ ہو گا اور قبر میں اس مال کی وجہ سے نہ عذاب ہو گا اور نہ اسے سانپ کی صورت دی جائے گی کہ وہ اسے ڈسے اور عذاب دینے لگے' جیسا کہ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں کے متعلق حدیث میں آ رہا ہے۔ (عمارہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۲۱۳) (( وعن الحسن قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ: حَصِّنوا اموالَکُمْ بالزکاۃِ، وداوُوا مرضاکُم بالصَّدقۃِ، واستَقبلوا امواجَ البلاءِ بالدعاءِ والتَّضرعِ۔ )) [رواہ ابوداوود فی المراسیل واخرجہ الطبرانی والبیھقی عن جماعۃ من الصحابۃ مرفوعًا متصلًا۔ والمرسل اشبہ]

(۲۱۳) حضرت حسنؒ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ زکوٰۃ ادا کر کے اپنے مالوں کو محفوظ کرو، صدقہ کے ساتھ اپنے مریضوں کا علاج کرو اور دُعا و گریہ زاری کے ساتھ بلا کی موجوں کا استقبال کرو (ابوداؤد نے اسے ''المراسیل'' میں روایت کیا ہے اور طبرانی و بیہقی نے صحابہ ﷺ کی ایک جماعت سے اسے مرفوع و متصل روایت کیا ہے لیکن زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ حدیث مرسل ہے) [ضعیف]

## الترھیب من منع الزکاۃ حتی الحلی

### زیورات اور دیگر اشیاء سے زکوٰۃ نہ دینے کی شدید وعید

(۲۱۴) (( عن عبدِ اللّٰہ بنِ مسعودٍ رضی اللہ عنہ عن رسولِ اللّٰہ ﷺ قالَ: ما مِنْ احدٍ لا یُودِّی زَکاۃَ مالِہِ الا مُثِّلَ لہُ یومَ القِیامۃِ شجاعاً اقرع حتّٰی یُطوَّقَ بِہِ عُنُقُہٗ، ثُمَّ قرا علینا النبیُّ ﷺ مِصداقَہٗ من کِتابِ اللّٰہِ: وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ۔ الْآیہ۔ رواہ ابن ماجہ وھذا لفظہ والنسائی وصححہ ابن خزیمہ واخرجہ البزار والطبرانی وصححہ ابن خزیمہ وابن حبان من حدیث ثوبان بلفظ (( مَنْ تَرَکَ کَنزًا مثِّلَ لہُ یومَ القیامۃِ شجاعًا اقرعَ لہ زَبِیبتَانِ یتبعہ فیقول من انت فیقولُ: انا

(۲۱۴) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا تو اس کے مال کو قیامت کے دن ایک گنجے سانپ[1] کی شکل دے کر اس کی گردن میں طوق ڈال دیا جائے گا، پھر آنحضرت ﷺ نے اس کے مصداق کتاب اللہ سے یہ آیت پڑھی: ﴿وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ بِمَا اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ . . ﴾ (جو لوگ مال میں جو اللہ نے اپنے فضل سے ان کو عطا فرمایا ہے بخل کرتے ہیں وہ اس بخل کو اپنے حق میں اچھا نہ سمجھیں)۔ (ابن ماجہ، یہ الفاظ انہی کی روایت کے ہیں، نسائی۔ ابنِ خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ بزار و طبرانی نے اسے روایت کیا ہے۔ ابن خزیمہ و ابنِ حبان نے اسے بروایت ثوبان ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا اور اسے صحیح قرار دیا ہے کہ جس نے اپنے پیچھے خزانہ چھوڑا تو اسے ایک گنجے سانپ کی شکل دے دی

(۱) شجاع کے معنی سانپ یا نر سانپ کے ہیں اور نہایہ میں اقرع کے معنی یہ بیان کیے گئے کہ جس کے سر پر بال نہ ہوں، یعنی کہ وہ سانپ ایسا ہوگا گویا کثرتِ زہر اور طولِ عمر کے باعث اسکا سر گنجا ہوگا، زبیبہ سانپ کی آنکھ کے اوپر سیاہ نقطے کو کہتے ہیں، ایک قول یہ ہے کہ یہ دو ایسے نقطے ہوں گے جو اسکے مُنہ کو کھولے ہوئے ہوں گے اور حدیث کا آخری حصہ اس طرح ہے جیسا کہ ثوبان رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ وہ کہے گا کہ میں تمہارا وہ خزانہ ہوں جسے تم پیچھے چھوڑ کر آئے تھے، وہ اسکا پیچھا کرتا رہے گا حتی کہ اسکے ہاتھ کو اور پھر اسکے سارے جسم کو نگل جائے گا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



كَنزُكَ ...... الحديث))

جائے گی' جس کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے ہوں گے اور وہ اس کا پیچھا کرے گا' وہ کہے گا تُو کون ہے؟ تو وہ کہے گا کہ میں تمہارا خزانہ ہوں.......... الحدیث) [صحیح]

(۲۱۵) (( وعن عليٍّ رضي الله عنه قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلى الله عليه وسلم : انَّ اللّٰهَ فَرضَ على اغنياءِ المُسلمينَ في أموالِهِم بِقَدْرِ الذى يَسعُ فُقراءَ هُم ولَن يُجهِدَ الفُقَراءَ اذا جَاعُوا وَعَرُوا الا ما يصنعُ اغنياؤُهُم' الا وإنَّ اللّٰه يُحاسِبُهم حِساباً شَديدًا' ويُعذِّبُهم عذابًا اليمًا۔ )) [ رواه الطبراني في الاوسط والصغير وتفرد به ثابت بن محمد الزاهد۔ قالَ المصنف وهو صدوق روى عنهُ البخارى وغيره]

(۲۱۵) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمان دولت مندوں کے مال پر اس قدر فرض کیا ہے جو ان کے فقراء کی ضرورتوں کے لیے کافی ہو اور فقراء جب بھوکے اور ننگے ہوں گے تو ان کے اس مشقت میں پڑنے کا سبب اغنیاء کا ان کے ساتھ سلوک ہی ہوگا۔ خبردار! اللہ تعالیٰ دولت مندوں سے سخت حساب لے گا اور انہیں دردناک عذاب سے دوچار کرے گا (طبرانی اوسط وصغیر' اس کا راوی ثابت بن محمد زاہد متفرد ہے مصنف فرماتے ہیں کہ وہ صدوق ہے' امام بخاری اور کئی دیگر ائمہ نے اس کی روایت کو لیا ہے) [ضعیف]

(۲۱۶) (( وعن انسِ بنِ مالكٍ رضي الله عنه قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلى الله عليه وسلم : مانعُ الزكاةِ يومَ القيامةِ في النَّارِ )) [رواه الطبراني في الصغير]

(۲۱۶) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''زکوۃ نہ دینے والا قیامت کے دن جہنم میں جائے گا''۔ (طبرانی صغیر) [حسن صحیح]

## فصل في زكاة الحلى وما جاء في ذم التحلى بالذهب

### زیورات کی زکوۃ کا بیان اور سونے کے زیورات پہننے کی مذمت میں کیا وارد ہوا ہے۔

(۲۱۷) (( عن عقبةَ بنِ عامرٍ رضي الله عنه انَّ رسولَ اللّٰه صلى الله عليه وسلم كانَ يمنعُ اهلَهُ الحِليةَ والحريرَ' ويقولُ انْ كُنتُم تُحِبونَ حليةَ الجنَّةِ وحَريرَها فلا تَلبَسُوهُما في الدُّنيا )) [رواه النسائى وصححه الحاكم۔ قالَ المصنف' الاحاديث التى ورد فيها الوعيد على تحلى النساء بالذهب تحتمل وجوها

(۲۱۷) حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل کو زیور اور ریشم پہننے سے منع فرماتے تھے اور ارشاد فرماتے کہ اگر تم جنت کے زیور اور ریشم کو پسند کرتے ہو تو انہیں دُنیا میں نہ پہنو (نسائی' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ مصنف فرماتے ہیں کہ جن احادیث میں عورتوں کے لیے زیور پہننے کی وعید آئی ہے' ان کی کئی تفسیریں ممکن ہیں (۱) یہ احادیث منسوخ ہیں کیونکہ عورتوں کے لیے سونے کے زیور پہننے کا جواز بھی ثابت ہے (۲) یہ وعید اس کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



من التاویل۔ احدها النسخ لثبوت اباحة تحلی النساء بالذهب۔ وثانیها فی حق من لا یودی الزکاۃ۔ وثالثها فی حق من اظهرت الزینة به۔ ورابعها الممنوع غلظ ذلك وعظمه۔]

لیے ہے جو زکوٰۃ ادا نہ کرے (۳) یہ وعید اس کے لیے ہے جو زیورات پہن کر زینت کا اظہار کرے اور (۴) ممانعت کا تعلق بڑے بڑے اور موٹے موٹے زیورات سے ہے) [صحیح]

## الترغیب فی العمل علی الصدقة بالتقوی والترهیب من التعدی فیها والخیانة وما جاء فی المکّاسین والعشارین والعرفاء

## فراہمی صدقات کے لیے تقویٰ کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب اور اس میں ظلم و خیانت پر وعید اور ناحق محصول، عشر وصول کرنے والوں اور سرداروں کے متعلق کیا وارد ہوا ہے

(۲۱۸) (( وعن رافعِ بنِ خَدیجٍ ﷺ سمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ یقولُ: العاملُ علی الصَّدقةِ بالحقِّ لِوجهِ اللّٰهِ کالغازی فی سبیلِ اللّٰهِ حتّٰی یَرجِعَ الی اهلِه۔)) [رواه احمد واللفظ له وابوداود والترمذی وحسنه وابن ماجه وصححه ابن خزیمة]

(۲۱۸) حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ حق کے ساتھ لوجہ اللہ صدقہ کی فراہمی کیلئے کام کرنے والا کارکن اللہ کے راستہ میں جہاد کرنے والے غازی کی طرح ہے حتیٰ کہ وہ اپنے گھر واپس لوٹ آئے۔ (یہ روایت احمد کے الفاظ ہیں، ابوداؤد و ابن ماجہ نے بھی اسے روایت کیا، ترمذی نے حسن اور ابن خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن صحیح]

(۲۱۹) (( وعن ابی هُریرةَ رضی اللہ عنہ عن النبیِّ ﷺ قال: خیرُ الکسبِ کسبُ العاملِ اذا نَصَحَ۔)) [رواه احمد]

(۲۱۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا بہترین کمائی عامل کی کمائی ہے بشرطیکہ وہ خیر خواہی اور اخلاص سے کام لے۔ (احمد) [حسن]

(۲۲۰) (( وعن عبدِ اللّٰه ابنِ بُرَیدة عن ابیه عنِ النبیِّ ﷺ قالَ : منْ استعملناهُ علی عَملٍ فَرَزقناهُ رِزقًا فما اخذَ بعدَ ذلكَ فهوَ غلول)) [رواه ابوداؤد]

(۲۲۰) حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس شخص کی ہم کام کے لیے ڈیوٹی لگائیں اور اسے اس کی اجرت دیں تو اس کے بعد اگر وہ کچھ لیتا ہے تو یہ خیانت ہے۔[1] (ابوداؤد) [صحیح]

(۱) 'غلول' کے معنی غنیمت میں خیانت اور مالِ غنیمت کی تقسیم سے قبل اس کے چوری کرنے کے ہیں، جو بھی کسی خفیہ چیز میں خیانت کرے تو وہ غلول ہے 'غل' چمڑے یا لوہے کے طوق کو کہتے ہیں جس میں باندھ کر ہاتھوں کو گردن کے ساتھ جکڑ دیا جاتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


# فصل

(۲۲۱) (( عن عُقبةَ بنِ عامرٍ رضی اللہ عنہ سمعتُ رسولَ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم يقولُ: لا يَدخُلُ صاحب مكس الجنَّةَ يعنى العشّار۔ )) [ رواه ابوداود وصححه ابن خزيمه والحاكم وقال على شرط مسلم كذا قال]

(۲۲۱) حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ زبردستی ٹیکس (۱) وصول کرنے والا جنّت میں داخل نہ ہوگا۔ (ابوداؤد' ابن خزیمہ و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا اور حاکم نے اسے شرط مسلم کے مطابق قرار دیا ہے) [ضعیف] ☆

(۲۲۲) (( و عنِ المقدامِ بنِ مَعْدِى كَرِبَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم ضَرَبَ عَلى مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ قالَ: افلَحْتَ يا قُدَيْمُ انْ مُتَّ ولَمْ تَكُنْ اميرًا وَلَا كاتبًا' ولاعريفا)) [رواه ابوداؤد]

(۲۲۲) حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے کندھوں پر مارا اور فرمایا کہ قدیم اگر تم اس حالت میں فوت ہوئے کہ نہ امیر بنے' نہ سیکرٹری اور نہ نمبردار (۲) تو نجات پا جاؤ گے۔ (ابوداؤد) [ضعیف]

## الترهيب من المسالة وتحريمها مع الغنى وما جاء فى ذم الطمع و الترغيب فى التعفف و القناعة و الاكل من كسب اليد

## ضرورت کے نہ ہوتے ہوئے گداگری پر وعید اور ضرورت کے بغیر مانگنے کی حرمت' لالچ کی مذمت اور عفت' قناعت اور ہاتھ کی کمائی سے کھانے کی ترغیب

(۲۲۳) (( عنِ ابنِ عُمرَ رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ النبيُّ صلی اللہ علیہ وسلم : لا تَزالُ المسالةُ باحدِكُم حتّٰى يلقَى اللّٰهَ عزَّوجلَّ' وليْسَ فى وَجْهِهٖ مُزْعَةُ

(۲۲۳) حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کسی کو مانگنے کی عادت رہے گی حتیٰ کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اس طرح ملاقات کرے گا کہ اس کے چہرے پر گوشت کا ایک

(۱) مکس کے معنی ٹیکس کے ہیں یعنی وہ ٹیکس جسے ظلم اور زیادتی کے طور پر لگایا جائے اور صاحب مکس سے مراد وہ عشر وصول کرنے والا ہے جو ناحق عشر وصول کرتا ہے۔

(۲) عریف قبیلہ یا جماعت کے اُمور کے نگران کو کہتے ہیں' جس کے ذریعے حاکم اعلیٰ ان لوگوں کے حالات سے باخبر رہتا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سرداری و سربراہی سے بچنا چاہیے کیونکہ یہ ایک آزمائش ہے۔

☆ تاہم رویفع بن ثابت رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ یہ حدیث صحیح ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان صاحب مكس فى النار ''بھتہ لینے والا جہنمی ہے۔'' (مسند احمد) (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لَحمٍ۔)) [ متفق عليه ۔ والمزعة بضم الميم وسكون الزاى بعدها مهملة: القطعة]

ٹکڑا تک نہ ہوگا۔ (بخاری ومسلم)
مُزْعَة ٹکڑے کو کہتے ہیں۔

(۲۲۴) (( وعنِ ابنِ عباسٍ رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : منْ سَألَ الناسَ فی غیرِ فَاقةٍ نَزلَت بهٖ او عِيالٍ لا يُطيقُهم جاءَ يومَ القيامةِ بوَجهٍ ليسَ عليهِ لَحمٌ وقالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : مَنْ فَتحَ على نَفسهٖ بابَ مسالةٍ منْ غيرِ فَاقةٍ نزلت بِهٖ۔ او عيالٍ لا يُطيقُهم فَتحَ اللّٰهُ عليه بابَ فَاقةٍ مِن حَيثُ لا يَحتَسِبُ۔)) [ رواه البيهقى وهو جيد فى الشواهد]

(۲۲۴) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کسی ایسی ضرورت جس سے وہ دوچار ہو یا ایسی عیالداری جس کا بوجھ اُٹھانے سے عاجز ہو' کے بغیر لوگوں سے سوال کرے گا تو وہ قیامت کے دن ایسے چہرے کے ساتھ آئے گا کہ اس پر گوشت نہ ہوگا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ جس نے ایسے فاقہ کے بغیر جس سے وہ دوچار ہوا یا ایسی عیالداری کے بغیر جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا سوال کا دروازہ کھول لیا تو اس پر اللہ تعالیٰ حاجت مندی کا دروازہ ایسی جگہ سے کھول دے گا جو اس کے وہم وگمان میں بھی نہ ہوگا۔ (بیہقی' شواہد کے لیے یہ سند جید ہے) [حسن لغیرہ]

(۲۲۵) ((وعن عائِذِ بنِ عمرو رضی اللہ عنہ انَّ رجلًا اتى النبىَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَسالهُ فاعطاهُ' فلمَّا وَضَع رِجلَهٗ على اسكفة الباب قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : لَو يَعلمُونَ ما فى المَسالةِ ما مَشى أحدٌ الى احدٍ يَسالُه۔)) [ رواه النسائى وللطبرانى من حديث ابنِ عباس لو يعلم صاحبُ المسالة ما لَهٗ فيها لم يسال۔]

(۲۲۵) حضرت عائذ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' اس نے سوال کیا اور آپ نے اسے دے دیا' جب اس نے دروازے کی دہلیز پر قدم رکھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر لوگوں کو معلوم ہو کہ سوال کرنا کتنا بڑا گناہ ہے تو کوئی کسی کے پاس سوال کے لیے نہ جائے۔ (نسائی' طبرانی میں ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے کہ اگر سوال کرنے والے کو یہ معلوم ہوتا کہ اس میں اس کیلئے کتنا بڑا گناہ ہے تو وہ سوال نہ کرتا) [حسن لغیرہ]

(۲۲۶)(( وعن علیٍّ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : منْ سَالَ مسالةً عن ظَهرِ غِنًى استكثَر بها مِن رَضفِ جَهنَّمَ قالوا ومَا ظَهرُ غِنًى قالَ عَشاءُ لَيلةٍ۔)) [ رواه عبدالله ابنِ احمد فى زيادات المسند والطبرانى فى الاوسط وسنده جيد]

(۲۲۶) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے بلاضرورت سوال کیا تو اس نے اپنے لیے جہنم کے گرم پتھروں کو بکثرت جمع کیا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا غیر ضرورت مند سے کیا مراد ہے؟ فرمایا ایک رات کا کھانا ہونا۔ (عبداللہ نے اسے ''زیادات مسند'' میں اور طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے اور اس کی سند جید ہے) [حسن لغیرہ]

(۲۲۷) (( وعنِ ابى اُمامةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ

(۲۲۷) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رسولُ اللّٰه ﷺ : مَن يُبايِعُ؟ فقالَ ثَوبانُ مَولى رَسولِ اللّٰه ﷺ بَايِعْنَا يَا رَسولَ اللّٰهِ۔ قالَ عَلى ان لَا تَسالوا احَدًا شَيئًا قالَ ثَوبانُ: فَما لَهٗ يا رسولَ اللّٰهِ؟ قالَ: الجنةُ: قالَ فبايعه ثَوبانُ۔ قالَ ابو اُمامَة فلقَد رَايتُه بِمكَّةَ فى أجْمَعِ ما يكُونُ النَّاسُ، يَسقُطُ سَوطُه وَهُو راكبٌ۔ فَرُبَّما وَقَع على عَاتِقِ رَجلٍ فَياخُذُه الرَّجُل فَيُنَاوِلُه فَما ياخُذُه منهُ حتّٰى يكونَ هُو يَنزِلُ فياخُذُه)) [رواه الطبرانى من طريق على ابنِ زيد عن القاسم عنه، واخرجه احمد وابوداوود والنسائى من حديث ثوبان نفسه بلفظ: من يتكفَّل لى ان لا يسالَ الناسَ شيئًا اتكفَّلُ له بالجنةِ، فقلتُ: أنَا، فكانَ لا يسالُ احدًا شيئًا۔ وسنده صحيح زاد ابنُ ماجه: فكان ثوبان يقع سوطه وهو راكب فلا يقول لاحد ناولنيه حتّٰى ينزلَ فياخذه]

فرمایا کہ کون ہے جو بیعت کرے؟ ثوبان مولیٰ رسول اللہ ﷺ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم سے بیعت لے لیجئے' فرمایا تم یہ بیعت کرو کہ کسی سے کوئی سوال نہ کرو گے' ثوبان نے عرض کیا: یارسول اللہ اسے کیا ملے گا؟ فرمایا جنت' تو ثوبان نے آپ سے بیعت کر لی' ابوامامہ بیان کرتے ہیں' میں نے انہیں مکہ میں لوگوں کے مجمع میں بھی دیکھا کہ وہ سواری پر سوار تھے' ان سے کوڑا گر جاتا اور بسا اوقات وہ کسی آدمی کے کندھے پر گرتا اور وہ آدمی اسے انہیں پکڑاتا تو اس سے نہ لیتے بلکہ اپنی سواری سے نیچے اُتر کر خود اسے پکڑتے۔ (طبرانی نے اسے بطریق علی بن زید از قاسم از ابوامامہ روایت کیا ہے جب کہ احمد' ابوداوود اور نسائی میں یہ روایت خود حضرت ثوبان ہی سے ان الفاظ میں مروی ہے کہ جو شخص مجھے یہ ضمانت دے کہ وہ لوگوں سے کچھ نہ مانگے گا تو میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں میں نے عرض کیا: میں یہ ضمانت دیتا ہوں تو اس کے بعد وہ واقعی کسی سے کوئی سوال نہ کرتے تھے' اس کی سند صحیح ہے' ابنِ ماجہ میں ان الفاظ کا اضافہ بھی ہے کہ ثوبان سے سواری کے اوپر سے کوڑا گر جاتا تو وہ کسی سے یہ نہ کہتے کہ یہ مجھے پکڑا دو بلکہ خود سواری سے نیچے اُترتے اور اسے پکڑتے تھے) [ضعیف] [1]

(۲۲۸)(( وعن حَكيمِ بنِ حِزامٍ رضی اللہ عنہ قالَ: سالتُ رسولَ اللّٰه ﷺ فاَعطانى، ثُمَّ

(۲۲۸) حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا۔ آپ ﷺ نے مجھے عطا فرمایا۔ میں نے پھر

(۱) طبرانی کی سند ضعیف ہے تاہم ابوداوٗد' نسائی اور ابن ماجہ کی سند صحیح ہے۔ (ازھر)

www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



سالته فاعطانی، ثُمَّ قالَ: یَا حکیمُ: انَّ هذا المالَ خَضِرٌ حُلْوٌ فَمنْ اخذَهُ بِسخاوةِ نَفسٍ بُورِکَ لهُ فیهِ، ومن اخذهُ بِاشراف نَفسٍ لم یُبارَکْ لهُ فیهِ۔ وکانَ کالذی یاکُل وَلَا یَشْبَعُ، والیدُ العُلیا خَیْرٌ مِنَ السُّفلی۔ قالَ حَکیم: فقلتُ: یا رسولَ اللّٰهِ والذی بَعثكَ بالحق لا اَرْزَأُ احدًا بَعدكَ شَیئًا حتّٰی اُفارِق الدُّنیا، فکانَ ابوبکرٍ یدعُو حَکیمًا لِیعطیه العَطاءَ، فَیأبٰی ان یَقبلَ منه شیئًا، ثُمَّ انَّ عُمرَ دَعاهُ لیعطیه فابی ان یَقبلَه، فقالَ یا معشرَ المُسلمینَ: اُشهِدُکُم علی حَکیمٍ انّی اعرِضُ عَلیهِ حقَّهُ الذی قَسَمَ اللّٰه له فی هذا الفَیءِ))، فیأبی أن یَأخُذَهُ، فَلم یرْزَأْ حَکیمٌ أحدًا منَ الناسِ بعدَ النبیِّ ﷺ حتّٰی توفی [ متفق علیه قوله یرزا براء ساکنة ثُمَّ زایِ مهموز معناه یاخذ واشراف النفس بالمعجمة هو تطلعها طامعة للشیء والسخاوة ضد ذلك]

سوال کیا تو آپ ﷺ نے پھر عطا فرما دیا، پھر فرمایا: حکیم یہ مال سرسبز و میٹھا ہے، جو اسے سخاوت نفس کے ساتھ لے اس کے لیے اس میں برکت ڈال دی جاتی ہے اور جو نفس کے طمع و لالچ کے ساتھ اسے لے تو اس کے لیے اس میں برکت نہیں ہوتی اور وہ اس شخص کے مانند ہوتا ہے جو کھاتا تو ہے مگر سیر نہیں ہوتا اور اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔ حکیم بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے، میں آپ ﷺ کے بعد کسی سے کچھ نہ لوں گا حتی کہ دُنیا چھوڑ جاؤں گا، ابوبکر رضی اللہ عنہ حکیم کو بلاتے تاکہ انہیں کوئی عطیہ دیں مگر آپ اسے قبول کرنے سے انکار کر دیتے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی حضرت حکیم کو بلایا تاکہ انہیں کچھ دیں مگر انہوں نے قبول کرنے سے انکار کر دیا، اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا مسلمانو! میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے حکیم کے سامنے مالِ غنیمت میں سے ان کا حصہ پیش کیا مگر انہوں نے اسے قبول کرنے سے انکار فرما دیا۔ چنانچہ حضرت حکیم نے آنحضرت ﷺ کے بعد اپنی وفات تک کسی کو بھی تکلیف نہ دی۔ (بخاری و مسلم) یرزا کے معنی یاخذ یعنی لینے کے ہیں، اشراف النفس کے معنی کسی چیز کی طرف للچائی ہوئی نظروں سے دیکھنے کے ہیں اور سخاوت نفس کے معنی اس کے برعکس ہیں۔

(۲۲۹)(( وفی روایةٍ جَیِّدةٍ لابی یَعْلی عن ابی سعیدٍ الخدْریِّ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: وإن احَدَکُمْ لَیَخرُجُ بِصدَقةٍ مِنْ عِندی مُتَاَبِّطَها، انما هی نار۔ قلتُ: کیفَ تُعطِیهِ وقدْ عَلِمتَ انَّها نار لَهُ؟ فقالَ فما

(۲۲۹) جید سند کے ساتھ ابویعلی میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک شخص [1] میرے پاس سے صدقہ کو بغل میں لیے ہوئے نکلتا ہے یہ آگ کے سوا کچھ نہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ اسے کیوں دیتے ہیں جب کہ آپ یہ جانتے ہیں کہ یہ اس کے لیے آگ ہے؟ فرمایا میں

(۱) اس حدیث کا ابتدائی حصہ اس طرح ہے جسے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! میں نے فلاں فلاں شخص کو سنا کہ وہ آپ ﷺ کی اچھی تعریف کر رہے تھے اور ذکر کر رہے تھے کہ آپ ﷺ نے انہیں دو دینار دیئے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا لیکن فلاں تو ایسا نہیں ہے جس کو میں نے دس سے لے کر سو کے درمیان دیئے ہیں، لیکن پھر بھی وہ ایسا نہیں کہتا۔ اللہ کی قسم! تم میں سے ایک شخص نکلتا ہے۔۔۔۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



أصنع يَأْبَوْنَ الا مَسالَتى ويَابى اللّٰهُ لِيَ البُخلَ))

کیا کروں لوگ یہ مجھ سے مانگنے سے باز آنے سے انکاری ہیں اور اللہ تعالیٰ کو میری طرف بخل کی نسبت منظور نہیں۔ [صحیح]

(٢٣٠) (( وعن جابرٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : اِنَّ الرَّجُلَ لياتِينى فَيسألُنى فأعطِيهِ فَينطلِقُ، وما يَحملُ فى حِضْنِهِ الا النارَ۔)) [رواه ابن حبان]

(٢٣٠) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک آدمی میرے پاس آتا ہے، مجھ سے مانگتا ہے، میں اُسے دے دیتا ہوں اور جب وہ واپس جاتا ہے تو اپنی گود میں وہ آگ اُٹھائے ہوئے ہوتا ہے۔ (ابن حبان)

(٢٣١) (( وعن أبى بِشرٍ قَبِيصَةَ بنِ المُخارِقِ قالَ: تَحَمَّلْتُ حَمَالةً، فأتيتُ رسولَ اللّٰه ﷺ اسالُهُ فيها فقالَ: اَقِمْ حتّٰى تاتِيَنَا الصَّدقةُ فنامُرَ لكَ بِها، ثُمَّ قالَ يا قَبِيصَةُ: اِن المسالَةَ لا تَحِلُّ الا لاحدِ ثلاثةٍ: رَجُلٍ تَحمَّلَ بِحَمالةٍ فحلّتْ لهُ المسالةُ حتّٰى يُصيبَها ثُمَّ يُمسِكُ، ورجُلٍ اصابَتْهُ جَائِحَة اجْتاحَتْ مَالَهُ فَحَلّتْ لَهُ المَسالَةُ حتّٰى يُصيبَ قِوَامًا مِنْ عَيشٍ، او سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ، ورَجُلٍ اصابتهُ فاقَةٌ حتّٰى يقولَ ثَلاثَةٌ من ذَوِى الحِجَى من قَومِهِ : لقد اصَابَتْ فُلانًا فاقةٌ، فحلّتْ لهُ المسالةُ حتّٰى يُصيبَ قِوامًا من عيشٍ، او سِدادًا من عَيشٍ، فما سِواهُنَّ من المسالةِ، حَرامٌ يا قبيصَة سُحتٌ ياكُلها صَاحِبُها سُحتًا۔)) [رواه مسلم وابوداود والنسائى

والحمالة بفتح المهملة هى الدية يتحملها قوم عن قوم۔ وقيل هو ما يتحمله المصلح بين فئتين فى ماله ليرفع بينهم القتال۔ الجائحة الآفة۔ والقوام

(٢٣١) حضرت ابوبشر قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ایک بوجھ اُٹھالیا تھا تو اس کے لیے رسول اللہ ﷺ کے پاس سوال کرنے کے لیے حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھہریئے جب ہمارے پاس صدقہ کا مال آئے گا تو ہم حکم دیں گے کہ اس میں سے تمہیں دیا جائے، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: قبیصہ! سوال کرنا صرف تین آدمیوں کے لیے حلال ہے (١) جس نے کوئی بوجھ اُٹھالیا تو اس کے لیے سوال کرنا حلال ہے حتی کہ وہ اس بوجھ کو اُتار دے اور پھر سوال سے رک جائے (٢) جس پر کوئی ایسی آفت آئے جو اس کے سارے مال کو تباہ کر دے تو اس کے لیے سوال کرنا حلال ہے حتی کہ اسے اس قدر مل جائے کہ جس سے اس کی معیشت درست ہو جائے یا فرمایا کہ اس کی معاشی ضرورت پوری ہو جائے (٣) وہ شخص جسے فاقہ پہنچے اور اس کی قوم کے تین عقلمند آدمی یہ گواہی دیں کہ فلاں شخص فاقہ سے دوچار ہے تو اس کے لیے سوال کرنا حلال ہے حتی کہ اسے اس قدر مل جائے جس سے اس کی معیشت درست ہو جائے یا اس کی معاشی ضرورت پوری ہو جائے۔ اس کے سوا قبیصہ! سوال کرنا حرام ہے، سوال کرنے والا حرام کھاتا ہے (مسلم، ابوداؤد، نسائی)

حمالہ کے معنی دیت کے ہیں جسے کچھ لوگ دوسروں کے بجائے اپنے ذمہ لے لیتے ہیں، یا اس کے معنی اس مالی ذمہ داری کے ہیں جسے دو جماعتوں میں صلح کرانے والا شخص اپنے ذمہ لے لیتا ہے، جائحہ کے معنی آفت کے ہیں، قوام سے مراد وہ مالی حالت ہے جس سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بفتح القاف والكسر افصح: ما يقوم به حال الانسان والسداد بكسر المهملة هو ما يسد حاجته والحجى بكسر المهملة بعدها جيم مقصور: العقل]

انسان کا حال درست ہو جائے' سداد سے مراد وہ مال ہے جس سے انسان کی ضرورت پوری ہو جائے' حجی کے معنی عقل کے ہیں)

(۲۳۲) ((وعن ابنِ عباسٍ رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: استَغنُوا عنِ النَّاسِ، ولو بشوصِ السّواكِ۔)) [رواه الطبراني باسناد جيد]

(۲۳۲) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں سے بے نیاز ہو جاؤ خواہ مسواک صاف کرنے یا اسے توڑنے کا معاملہ ہی کیوں نہ ہو۔ (بزار' طبرانی باسناد جید) [صحیح]

(۲۳۳) (( وعن ابی هُريرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ انَّ اللّٰهَ يُحبُّ الغَنِيَّ الحَليمَ المُتعفِّفَ۔ ويُبغِضُ البَذى الفاجَر السَّائلَ المُلحَّ۔)) [رواه البزار فى حديث اطول]

(۲۳۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ غنی' بُرد بار اور دست سوال دراز نہ کرنے والے شخص کو پسند کرتا ہے اور فحش گو' فاجر' اصرار کے ساتھ سوال کرنے والے کو ناپسند کرتا ہے۔ (بزار نے اسے طویل تر حدیث میں ذکر فرمایا ہے) [صحیح لغیرہ]

(۲۳۴) ((وعن ابنِ عُمر رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: وهُو علي المِنبرَ، وذكرَ الصَّدقَةَ، والتَّعفُّفِ عن المسألةِ: اليدُ العُليا خَيرٌ مِنَ اليَدِ السُّفلى، والعُليا هىَ المُتعفِّفةُ والسُّفلى: هىَ السَّائلةُ۔)) [متفق عليه۔ وحكى ابوداود: ان اصحاب ايوب فى روايته عن نافع: اختلفوا فمنهُم من قالَ المُنفقة ومنهم من قالَ المُتعَففة قالَ الخطابى: هذا الثانى اشبه لان اوّل الحديث انه ذكر التعفف عن المسالة۔ فعطف الكلام على شبه الذى خرج عليه اولى، ومن توهم ان العليا هى المعطية اخذا من الاستعلاء

(۲۳۴) حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منبر پر صدقہ کرنے اور سوال سے بچنے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ اوپر والے ہاتھ سے مراد سوال نہ کرنے والا اور نیچے والے ہاتھ سے مراد سوال کرنے والا ہے (بخاری و مسلم۔ امام ابوداؤد بیان کرتے ہیں کہ نافع سے روایت کرنے والے اصحاب ایوب کا ان الفاظ کے معنی میں اختلاف ہے' بعض نے کہا ہے کہ اوپر والے ہاتھ سے مراد خرچ کرنے والا ہے' بعض نے کہا ہے کہ اس سے مراد سوال سے بچنے والا ہے۔ خطابی فرماتے ہیں کہ یہ دوسرے معنی زیادہ مناسب ہیں کیونکہ اس حدیث کے ابتداء میں یہ ہے کہ آپ نے سوال سے اجتناب کا ذکر فرمایا لہذا اس پر عطف کلام زیادہ موزوں ہوگا' جس شخص کا یہ خیال ہے کہ علیا کا لفظ استعلا سے ہے اور اس کے معنی ہیں دینے والا تو یہ کوئی مناسب توجیہ نہیں ہے کیونکہ اس سے مراد مجد و شرف کی بلندی ہے۔ (خطابی کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فلیس عندی بالوجہ وانما ھو من علاء المجد والکرم۔ انتھی کلامہ۔ وھو حسن]

۔کلام ختم ہوا اور ان کی یہ بات خوب ہے۔)

(۲۳۵) ((وعن حَکیمِ بنِ حزامٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ: الیدُ العُلیا خیرٌ منَ الیدِ السُّفلی، وابدأ بمنْ تَعُولُ، وخیرُ الصَّدقۃِ ما کانَ عن ظھرِ غنی، ومَن یَستعِفَّ یُعِفَّہُ اللّٰہ، ومن یستغنِ یغنِہِ اللّٰہ))، [متفق علیہ واللفظ للبخاری]

(۲۳۵) حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اُوپر کا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور اس سے شروع کرو جس کا نان ونفقہ تمہارے ذمہ ہو اور بہترین صدقہ وہ ہے جس کے بعد استغنا قائم رہے[1] اور جو سوال سے بچتا ہے اللہ تعالیٰ اسے سوال سے بچا لیتا ہے اور جو استغنا اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو غنی کر دیتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۲۳۶) ((وعن ابی ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ لی رسولُ اللّٰہ ﷺ یا ابا ذرٍّ أتری کثرۃَ المالِ ھُو الغِنَی؟ قلتُ نعمْ یا رسولَ اللّٰہِ. قالَ: أفتری قِلَّۃ المالِ ھُو الفقرُ؟ قلت نعمْ یا رسولَ اللّٰہِ. قالَ: انما الغِنَی غِنَی القَلبِ والفَقرُ فَقرُ القَلبِ۔)) [رواہ ابن حبان]

(۲۳۶) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ: ''ابوذر! کیا تم کثرتِ مال کو دولت سمجھتے ہو؟ میں نے کہا جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ! آپ نے فرمایا کیا تم قلت مال کو فقر سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا ہاں! یا رسول اللہ ﷺ! فرمایا استغناء دل کے غنی ہونے اور فقیری دل کے فقر کا نام ہے۔ (ابن حبان) [صحیح]

(۲۳۷) ((وعن سَھلِ بنِ سَعدٍ رضی اللہ عنہ قالَ: جاءَ جبریلُ الی النبیِّ ﷺ فقالَ یا مُحمدُ. عِشْ مَا شِئتَ فانَّکَ میِّتٌ، واعمَلْ ما شِئتَ فانَّکَ مَجزِیٌّ بہ، وأحبِبْ مَن شِئتَ فانکَ مُفارِقُہ، واعلَمْ ان شرَفَ المُومنِ قیامُہ باللَّیل، وعِزَّہُ استغناؤُہُ عنِ الناسِ۔)) [رواہ الطبرانی فی الاوسط]

(۲۳۷) حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جبریل آنحضرت ﷺ کے پاس آئے اور کہا یا محمد ﷺ! جتنا عرصہ چاہے زندہ رہو بالآخر فوت ہو جاؤ گے' جو چاہے عمل کرو' اس کا بدلہ ملے گا' جس سے چاہے محبت کرو بالآخر اسے چھوڑ جاؤ گے اور خوب جان لو کہ مومن کے لیے شرف رات کے قیام میں ہے اور اس کی عزت لوگوں سے بے نیاز ہو جانے میں ہے۔ (طبرانی اوسط) [حسن لغیرہ]

(۲۳۸) (الف) ((وعن عبدِ اللّٰہ بنِ عَمرو

(۲۳۸) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

(۱) (عن ظھر غنی) علامہ خطابی فرماتے ہیں کہ اس قسم کے موقعہ پر ظہر کا لفظ اشباع کلام کے لیے استعمال ہوتا ہے معنی یہ ہیں کہ افضل صدقہ وہ ہے کہ جسے انسان جب اپنے مال سے ادا کرے تو اس کے بعد بھی انسان کے پاس بقدر ضرورت باقی بچ جائے اسی لیے اس کے بعد فرمایا کہ اس سے شروع کرو جس کا نان ونفقہ تمہارے ذمہ ہو' بغوی فرماتے ہیں کہ مراد وہ دولت ہے جس سے انسان مصائب ومشکلات پر قابو پا سکے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بن العاص ؓ انّ رسولَ اللّٰہ ﷺ قالَ: قَد افلَحَ مَنْ اسلَمَ وَرُزِق [کَفَافًا] وقَنَّعَہُ اللّٰہُ بِما آتاہُ)) [رواہ مسلم والترمذی وغیرھما]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کامیاب ہو گیا وہ شخص جو مسلمان ہوا اور اسے بقدرِ ضرورت رزق دیا گیا[1] اور اللہ تعالیٰ نے اسے جو دیا اس پر قناعت عطا فرما دی۔ (مسلم' ترمذی اور کئی دیگر)

(۲۳۸) (ب) و عن جابر بن عبداللہ ؓ قال قال رسول اللہ ﷺ: ایاکم والطمعَ فانہ ھو الفقر و ایاکم وما یعتذر منہ۔ [رواہ الطبرانی فی الاوسط]

(۲۳۸) (ب) حضرت جابر بن عبداللہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: طمع سے بچو اس لیے کہ طمع ہی اصل فقیری ہے اور ایسے کام سے بچو جس سے معذرت کرنا پڑے۔ (طبرانی اوسط)[2] [ضعیف]

(۲۳۹) ((وعن سَعدِ بنِ ابی وَقّاصٍ ؓ قالَ: اتی النبی ﷺ رَجُلٌ، فَقالَ یا رسولَ اللّٰہِ: اوْصِنی وَاَوْجِزْ، فقالَ: علیکَ بالایاس مما فی ایدی النَّاس، مثل حدیث جابر لکن بالافراد بلفظ ایاک۔)) [رواہ الحاکم وصححہ والبیھقی فی الزھد واللفظ لہ]

(۲۳۹) حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! مجھے وصیت فرمائیے اور مختصر ہو فرمایا ''جو کچھ لوگوں کے ہاتھوں میں ہے اس سے مایوس ہو جاؤ'' اس کے بعد سعد نے اسے حدیث جابر ہی کی طرح[3] ایاکم کی بجائے ایاک کے لفظ کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ حاکم نے اسے روایت کیا اور صحیح قرار دیا اور بیہقی نے اسے ''الزہد'' میں روایت کیا ہے اور یہ الفاظ بھی بیہقی کی روایت کے ہیں۔ [حسن لغیرہ]

(۲۴۰) ((وعن انسٍ ؓ انَّ رَجُلًا مِنَ الانصارِ اتی النبیَّ ﷺ فَسالَہُ فقالَ: امَا فی بَیتِكَ شَیءٌ؟ قالَ: بَلٰی: حِلْسٌ نَلبَسُ بَعْضَہُ، ونَبسُطُ بَعْضَہُ، وقَعْبٌ نَشربُ فیہِ مِنَ الماءِ۔ قالَ: ائْتِنی بِھِما، فاَتاہُ بِھِما فاَخَذَھُما بیدِہِ، فَقالَ مَن یَشتری ھذینِ؟

(۲۴۰) حضرت انس ؓ سے روایت ہے کہ ایک انصاری آدمی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے آپ ﷺ سے سوال کیا' آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمہارے گھر میں کچھ نہیں ہے؟ اس نے عرض کیا کہ ایک کمبل ہے جس کا کچھ حصہ پہن لیتے ہیں اور کچھ حصہ بچھا لیتے ہیں اور ایک پیالہ ہے جس سے ہم پانی پیتے ہیں' فرمایا ان دونوں کو میرے پاس لے آؤ وہ لے آیا' آپ ﷺ نے ان

(۱) یعنی جو کم ہو نہ زیادہ بلکہ ضرورت و حاجت کے عین مطابق ہو۔

(۲) ملاحظہ: حافظ ابن حجر نے حدیث ۲۳۹ میں اس حدیث کی جانب اشارہ کیا ہے لیکن ''مختصر'' سے حذف کر دیا ہے۔ اسے اصل کتاب سے نقل کیا گیا ہے تاکہ ان کا اشارہ سمجھنے میں آسانی ہو۔ ازہر

(۳) سعد بن ابی وقاص ؓ کی روایت کا تتمہ بھی یہی الفاظ ہیں اس میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا طمع و لالچ سے بچو کہ یہ مستقل محتاجی ہے اور ایسے کام سے بچو جس سے معذرت کرنا پڑے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فقالَ رجل انا آخذُهما بِدرْهَمٍ۔ قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : من يَزيدُ على دِرهمٍ مَرَّتين، او ثلاثًا۔ قالَ رجلٌ: انا آخذُهما بدرهَمينِ فاعطاهما اِيَّاهُ، واخذَ الدّرهمَينِ فاعطاهُما الانصاريَّ فقالَ: اشتَرِ باحدِهما طعامًا فانبُذْه الى اهلِكَ. واشتَرِ بالْاٰخَرِ قدومًا فائتنى بهِ، فاتاهُ به فَشدَّ فيهِ رسولُ اللّٰه ﷺ عُودًا بيدِه، وقالَ اذهبْ فاحتَطبْ وبعْ، ولَا اَرينَّكَ خمسةَ عَشرَ يومًا، فَفعل وجاءَ وقَدْ اصابَ عَشرةَ دَرَاهِمَ فَاشتَرى بِبعْضِها ثوبًا وبِبَعْضِها طعامًا فقالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ : هٰذا خَيرٌ لَكَ مِن ان تَجى ءَ وَالمسالةُ نُكتةٌ فى وَجهِكَ يومَ القِيامَةِ، انَّ المسالةَ لا تصلحُ الا لِثلاثٍ: لذى فَقرٍ مُدْقعٍ، او لِذى غُرمٍ مُفْظعٍ او لذى دَمٍ موجِعٍ۔)) [رواه ابوداود واللفظ له واخرج الترمذى والنسائىٌ طرفا منه قالَ الترمذى حسن۔ الحلس بكسر الحاء والمهلة وسكون اللام بعدها سين مهملة: كساء غليظ يكون على ظهر البعير۔ وقوله مدقع بضم اوله وسكون الدال وكسر القاف: الذى يلصق صاحبه بالدقعاء اى الارض التى لا نبات بها والغرم بضم المعجمة: ما يلزم اداؤه تكلفًا لا فى عوض والمفظع بفاء وظاء مهملة الشديد الشنيع۔ وذى دم موجع

دونوں چیزوں کو اپنے ہاتھ میں پکڑا اور فرمایا کون ہے جو ان دونوں کو خریدے؟ ایک آدمی نے کہا میں ان دونوں کا ایک درہم دیتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا دو یا تین بار فرمایا کون ہے جو ایک درہم سے زیادہ دے؟ ایک آدمی نے کہا میں ان کو دو درہم سے لیتا ہوں، آپ ﷺ نے وہ دونوں چیزیں اسے دے دیں اور دو درہم لے کر انصاری کو دے دیئے اور فرمایا ایک درہم کا کھانا خرید کر گھر والوں کو دے آؤ اور دوسرے سے کلہاڑا خرید کر میرے پاس آ جاؤ، چنانچہ وہ کلہاڑا لے کر آپ ﷺ کے پاس آیا تو آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اس میں دستہ ڈال دیا اور فرمایا جاؤ اس کے ساتھ ایندھن کاٹو، بیچو اور پندرہ دن تک میں تمہیں نہ دیکھوں، چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا اور اس عرصہ میں دس درہم کما لئے جن میں سے کچھ کے اس نے کپڑے خرید لیے اور کچھ کے ساتھ کھانے پینے کی چیزیں خرید لیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ اس سے بہتر ہے کہ تم قیامت کے دن اس طرح آؤ کہ تمہارے سوال کرنے کی وجہ سے تمہارے چہرے پر نشان ہو، سوال کرنا تو صرف ان شخصوں کے لیے جائز ہے (۱) جو بہت زیادہ فقیر ہو (۲) یا جسے شدید تاوان ادا کرنے پڑ جائے (۳) یا جسے کسی قریبی کی دیت ادا کرنا پڑ جائے (ابوداؤد، ترمذی ونسائی نے اس حدیث کا صرف ایک حصہ بیان کیا ہے۔ ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے، حلس اس کھردرے کپڑے کو کہتے ہیں جو اونٹ کی پشت پر ہوتا ہے، مدقع ایسا فقر جو بے گیاہ زمین کے ساتھ لٹا دینے والا ہو، غرم غین پر پیش کے ساتھ وہ رقم جو کسی چیز کے عوض میں نہیں بلکہ محض کسی ضمانت کے سبب دینا لازم ہو، مفظع کے معنی بہت سخت اور ذی دم موجع کے معنی ہیں وہ شخص جو اپنے کسی قریبی قاتل کی طرف سے دیت کا ذمہ اٹھا لے تاکہ اسے مقتول کے وارثوں کو ادا کر سکے)

[ضعيف]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الذی یتحمل دیة قریبه القاتل یدفعها الی اولیاء المقتول]

(۲۴۱) ((وعن المِقدام بنِ معدِی کرب رضی اللہ عنہ عنِ النبیّ ﷺ: قالَ ما اکلَ احدٌ طعامًا خیرًا من انْ یاکُلَ منْ عمِلَ یَدهٗ، وانَّ نبیَّ اللّٰهِ داوود کانَ یَاکُلُ مِنْ عَمِلَ یَدِہٖ))[رواہ البخاری]

(۲۴۱) حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کسی نے اپنے ہاتھ کی کمائی سے بہتر کھانا نہیں کھایا اور اللہ کے نبی داؤد علیہ السّلام اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھایا کرتے تھے۔ (بخاری)

## الترغیب لمن نزلت به فاقة او حاجة ان ینزلها باللّٰه تعالیٰ

## فاقہ یا حاجت میں مبتلا ہونے والے کو اسے اللہ کے سامنے پیش کرنے کی ترغیب

(۲۴۲) ((عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: مَنْ نَزَلتْ بِهٖ فَاقَةٌ، فانزلَهَا بالناسِ لَمْ تُسَدَّ فاقَتُه، ومَنْ نَزَلتْ بِهٖ فَاقَةٌ، فانزلها باللّٰهِ، فیُوشِكَ اللّٰهُ له بِرزْقٍ عاجلٍ او آجلٍ۔)) [رواہ ابوداوود والترمذی وصححه هو والحاکم الا انه قالَ: الا اوشك اللّٰهُ له بالغِنَی اما بموت عاجلٍ او غِنَی أجلٍ۔ وقوله یوشك ای یسرع وزنا ومعنی]

(۲۴۲) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس کو فاقہ پیش آئے اور وہ اسے لوگوں کے سپرد کر دے تو اس کا فاقہ دور نہ ہوگا اور جسے فاقہ پیش آئے اور وہ اسے اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے جلد یا بدیر رزق عطا فرما دے (ابوداؤد، ترمذی و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا، حاکم کی روایت میں ہے کہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے جلد موت یا دولت سے نواز دے) [صحیح]

(۲۴۳) ((ورُوِیَ عن ابی هُریرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ مَنْ جَاعَ اوْ احْتاجَ فَکتَمَهُ الناسَ، وافضٰی بِهٖ الی اللّٰهِ کان حَقًّا علی اللّٰهِ ان یَفتحَ له قوتَ سنةٍ من حَلالٍ)) [رواہ الطبرنی فی الاوسط]

(۲۴۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بھوک یا کسی ضرورت سے دوچار ہوا اسے لوگوں سے چھپائے اور اسے اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے تو اللہ تعالیٰ پر فرض ہے کہ حلال ذریعہ سے اس کے لیے ایک سال کی روزی کا دروازہ کھول دے۔ (طبرانی اوسط) [ضعیف جدا]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترهيب مما اخذ من غير طيب نفس المعطى

### ترہیب اس چیز کے لینے پر جسے دینے والا خوشدلی سے نہ دے رہا ہو

(۲۴۴) (( عن معاوية بن ابى سفيان قال: قالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ : لَا تُلحِفُوا فى المسالةِ. فَو اللّٰهِ لَا يَسألُنى احدٌ مِنكُم شَيئًا فَتُخرِجُ لَهُ مَسالتُه منى شيئًا، وانَا لَهُ كَارهٌ فَيُبارَكُ لَهُ فِيما اَعطَيتُهُ.)) [ رواه مسلم والنسائى، وفى رواية: انما انا خازنٌ، فَمن اعطيتُهُ عَن طِيبِ نفسٍ فَيُبارِكُ لهُ فِيهِ ومن اعطيتُه عن مسالةٍ، وشَرَهٍ كانَ كالذى ياكلُ ولا يشبعُ]

(۲۴۴) حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سوال کرنے میں اصرار نہ کرو' اللہ کی قسم! اگر تم میں سے کوئی مجھ سے سوال کرتا ہے اور اس کا سوال مجھ سے کچھ نکلوا لیتا ہے حالانکہ میں اسے ناپسند کرتا ہوں تو جو کچھ میں اس کو دیتا ہوں تو اس میں اس کے لیے قطعاً برکت نہیں ہوتی (مسلم' نسائی' ایک روایت میں ہے کہ میں تو خازن ہوں' جسے میں خوش دلی سے دوں' اس کے لیے اس میں برکت ہوگی' اور جسے میں سوال کرنے کی وجہ سے اور اس کی طمع کے سبب دوں تو وہ اس شخص کی طرح ہے جو کھاتا تو ہے لیکن سیر نہیں ہوتا)۔

## الترغيب لمن جاءه شيء من غير مسالة ولا اشراف نفس فى قبوله

### جسے کوئی چیز سوال اور نفسانی طمع و لالچ کے بغیر ملے اسے قبول کرنے کی ترغیب

(۲۴۵) (( عن ابنِ عُمر رضی اللہ عنہما انَّ عُمر قالَ: كانَ رسولُ اللّٰه ﷺ : يُعطِينى العَطاءَ، فاقولُ اعطِهِ مَن هُوَ افقرُ اليهِ منِّى. قالَ فقالَ: خُذهُ اذا جاءَكَ مِن هذا المالِ شَئٌ، وانتَ غيرُ مُشرفٍ ولا سائلٍ، فَخُذهُ وَتَموَّلْهُ، وإنْ شِئتَ فَكُلْه، وإن شِئت فَتَصدَّقْ به، وما لا فَلا تُتبِعه نَفسكَ. قالَ سَالمٌ فَلذكَ كانَ ابنُ عُمرَ لا يسالُ احدًا شيئًا وَلا يَرُدُّ شيئًا اُعطِيهُ)) [متفق عليه]

(۲۴۵) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ مجھے عطیہ فرماتے تو میں عرض کرتا کہ اسے دیجئے جو مجھ سے زیادہ ضرورت مند ہے تو آپ ﷺ فرماتے کہ جب تمہارے پاس یہ مال اس طرح آئے گا کہ نہ تمہیں طمع و لالچ ہو اور نہ تم سوال کرو تو لے لو اور اسے اپنے مال میں شامل کر لو' اگر چاہو تو اسے کھا لو اور اگر چاہو تو اسے صدقہ کر دو اور جو مال اس طرح نہ ہو تو اس کے پیچھے اپنے نفس کو نہ لگاؤ۔ سالم بیان کرتے ہیں کہ یہی وجہ ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کسی سے کچھ نہ مانگتے تھے اور جو کچھ انہیں دیا جاتا اُسے رد نہ کرتے تھے۔ (بخاری و مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترھیب السائل ان یسال السائل بوجہ اللّٰہ غیر الجنۃ وترھیب المسؤول باللّٰہ أو بوجہ اللّٰہ ان یمنع

سائل کے لیے وجہ اللہ کا واسطہ دے کر جنّت کے سوا کچھ اور مانگنے اور مسئول کے لیے اللہ اور وجہ اللہ کا واسطہ دیئے جانے کے باوجود نہ دینے پر وعید

(۲۴۶) (( عن ابی موسیٰ الاشعریؓ انَّه سَمِعَ رسولَ اللّٰه ﷺ يقولُ: مَلعونٌ مَن سَاَلَ بوجهِ اللّٰه، ومَلْعُونٌ مَن سُئِلَ بوجهِ اللّٰهِ ثُمَّ مَنَعَ سَائِلَه مَالَمْ يَسالْ هُجْرًا)) [رواه الطبرانی ورجاله رجال الصحيح الا شيخه يحيٰی بن عثمان بن صالح وهو ثقة لكن فيه مقال۔ وقوله هجرًا بضم الهاء وسكون الجيم اى امرًا قبيحًا]

(۲۴۶) حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو لوجہ اللہ مانگے وہ ملعون ہے اور جس سے لوجہ اللہ مانگا گیا اور پھر اس نے مانگنے والے کو نہ دیا تو وہ بھی ملعون ہے بشرطیکہ وہ کسی بُری بات کا سوال نہ کرے (طبرانی' اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں سوائے طبرانی کے شیخ یحییٰ بن عثمان بن صالح کے جو اگرچہ ثقہ ہیں مگر ان میں کلام ہے' ھجراً کے معنی بُری بات کے ہیں) [حسن]

(۲۴۷) (( ورُوِیَ عن ابی عُبَيدةَ مَولی رِفَاعةَ بنِ رَافِعٍ عنِ النبیِّ ﷺ نَحوهُ ولم يذكر الاستثناء ))

(۲۴۷) ابوعبیدہ مولیٰ رفاعہ بن رافع سے بھی روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اسی طرح فرمایا (لیکن اس میں استثنا نہیں ہے۔[1] [حسن لغیرہ]

(۲۴۸) (( وعن جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : لا يُسالُ بِوجْه اللّٰه الا الجَنَّة۔)) [رواه ابوداؤد]

(۲۴۸) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ وجہ اللہ کا واسطہ دے کر جنّت کے سوا کسی چیز کا سوال نہ کیا جائے۔ (ابوداؤد) [ضعیف]

(۲۴۹) (( وعن ابنِ عُمر رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : منِ استعاذَ باللّٰهِ فاعِيذُوهُ، ومَن سَالَ باللّٰهِ فاَعطُوهُ، ومَن دَعاكُم فاجيبُوهُ، ومَن صَنعَ اليكُم مَعروفًا

(۲۴۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو اللہ کے ساتھ پناہ طلب کرے' اسے پناہ دے دو' جو اللہ کے نام سے مانگے اسے دے دو' جو تمہیں دعوت دے' اس کی دعوت قبول کرلو' جو تم سے نیکی کرے' اسے اس کا بدلہ دو' اگر بدلہ دینے کے لیے

(۱) یعنی اس میں حدیث کا آخری جملہ ''بشرطیکہ وہ کسی بُری بات کا سوال نہ کرے'' نہیں ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَكافِئُوهُ فاِنْ لَم تَجدُوا مَا تُكَافِئُونَهُ فَادْعُوا لَهُ حتّٰى تَرَوْا انْ قَدْ كَافَأتُمُوهُ)) [رواه ابوداود والنسائى وصححه ابنُ حبان والحاكم]

کچھ نہ پاؤ تو اس کے لیے اس قدر دُعا کرو کہ تم یہ خیال کرنے لگو کہ تم نے اس کا بدلہ چکا دیا ہے (ابوداؤد' نسائی' ابنِ حبان و حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

## الترغيب فى الحث على الصدقة وما جاء فى جهد المقل

### صدقہ کرنے کی ترغیب اور قلیل آمدنی والے کی کوشش کا بیان

(۲۵۰) ((عن ابى هُريرةَ ؓ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: مَن تصدَّقَ بعِدلِ تَمرةٍ مِنْ كَسبٍ طَيِّبٍ، ولاَ يَقبلُ اللّٰهُ الا الطَّيِّبَ، فاِنَّ اللّٰهَ يقبلُها بيمينِهٖ، ويُربِّيها لِصَاحِبهَا كَما يُربِّى احدُكُم فلوه حتّٰى تكونَ مِثلَ الجَبَلِ)) [متفق عليه]

(۲۵۰) حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص پاک کمائی سے ایک کھجور کے برابر صدقہ کرے اور اللہ تعالیٰ صرف پاک مال ہی قبول فرماتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے دائیں ہاتھ سے قبول فرما لیتا ہے' اور اس کے لیے اس کی اس طرح تربیت کرتا ہے جس طرح تم اپنے گھوڑے کے چھوٹے سے بچے یا اپنے شیر خوار بچے کو(۱) پالتے پوستے ہو حتیٰ کہ وہ صدقہ پہاڑ کے برابر ہو جاتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۲۵۱) (( وعنْ عائشةَ ؓ انّهم ذَبحُوا شاةً فقالَ النبيُّ ﷺ: مَا بَقِيَ مِنهَا؟ قَالتْ: مَا بقى الا كَتِفُها۔ قَالَ: بَقى كُلُّها غَيْرَ كَتِفِها۔)) [رواه الترمذى وقال حسن صحيح۔ ومعناه انهم تصدقوا بها الا كتفها]

(۲۵۱) حضرت عائشہ ؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک بکری ذبح کی تھی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا باقی رہ گیا ہے؟ حضرت عائشہ ؓ نے جواب دیا کہ صرف شانہ باقی رہ گیا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا شانے کے سوا باقی سب کچھ بچ گیا ہے۔ (ترمذی نے اسے حسن صحیح قرار دیا ہے' معنی یہ ہے کہ بکری کے شانے کے سوا باقی سارا گوشت صدقہ کر دیا ہے) [صحیح]

(۲۵۲) (( وعنْ ابى هُريرةَ ؓ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ: مَا نَقصَتْ صَدقةٌ مِن مَالٍ وَما زَادَ اللّٰهُ عبدًا بِعفوٍ الا عِزًّا ومَا تواضَعَ احدٌ لِلّٰهِ الاّ رَفعَهُ اللّٰهُ۔)) [رواه

(۲۵۲) حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ صدقہ مال کم نہیں کرتا' معاف کر دینے سے اللہ تعالیٰ انسان کی عزت میں اضافہ ہی کرتا ہے' اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی و انکساری اختیار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے سر بلند کر دیتا ہے۔

(۱) فلو کے معنی گھوڑے کے بچے یا شیر خوار بچے کے ہیں فل کے معنی الگ ہونے کے ہیں تو وہ بھی چونکہ اپنی ماں سے الگ ہو چکا ہوتا ہے اس لیے اس کو فلو کہتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مسلم والترمذی]

(مسلم، ترمذی)

(۲۵۳)(( وعَنْ ابن مسعودٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ: ایُّکُم مالُ وَارِثه احبُّ الیهِ منْ مَالِهِ؟ قالُوا یا رسولَ اللّٰہ: مَا مِنَّا احدٌ الا مالُه احبُّ الیهِ منْ مَالِ وَارِثه قَالَ: فاِنَّ مَالَه ما قدم ومَالُ وَارِثِهِ مَا اخَّرَ۔)) [رواه البخاری والنسائی]

(۲۵۳) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کس کو اپنے وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ پسند ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم میں سے ہر شخص کو اپنا مال اپنے وارث کے مال سے زیادہ پسند ہے، تو آپ ﷺ نے فرمایا انسان کا مال وہ ہے جو اس نے آگے بھیج دیا اور اس کے وارث کا مال وہ ہے جو اس نے اپنے پیچھے چھوڑا۔ (بخاری و نسائی)

(۲۵۴) (( وعَنْهُ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ: لِيَقِ احدُكُم وَجهَهُ النَّارَ، ولَوْ بِشِقِّ تَمَرةٍ)) [رواه احمد باسناد صحیح]

(۲۵۴) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک کو اپنا چہرہ جہنم کی آگ سے بچانا چاہیے خواہ کھجور ہی کے ذریعہ۔ (احمد باسناد صحیح) [صحیح لغیرہ]

(۲۵۵) (( وعنْ انسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ: انَّ الصَّدَقةُ لَتطفِيءُ غَضَبَ الرَّبِّ وتدفَعُ مِيتَةَ السُّوءِ۔)) [رواه الترمذی وحسنه وصححه ابن حبان]

(۲۵۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک صدقہ اللہ تعالیٰ کے غصے کو مٹا دیتا اور بُری موت کو دور ہٹا دیتا ہے۔ (ترمذی نے اسے حسن اور ابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۲۵۶)(( وعنْ ابی هُريرةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ قال: قَالَ رجل: لَاتَصدَّقَنَّ بِصَدَقةٍ، فَوَضَعَها فی يَدِ سَارِقٍ فَاَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلی سَارِقٍ، فقالَ: اللّٰهُمَّ [لَكَ الحمدُ] عَلٰی سَارِقٍ۔ لَاتَصدَّقَنَّ بِصَدَقةٍ، فَخرجَ بِصَدَقةٍ

(۲۵۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک آدمی نے کہا کہ میں ضرور صدقہ کروں گا، چنانچہ اس نے اپنا صدقہ ایک چور کے ہاتھ پر رکھ دیا، صبح ہوئی تو لوگ باتیں کرنے لگ گئے کہ آج تو ایک چور کو صدقہ دیا گیا ہے تو اس آدمی نے کہا اے اللہ چور کے پاس صدقہ جانے پر بھی تیری تعریف ہے[1] پھر اس نے کہا کہ میں ضرور صدقہ کروں گا، وہ اپنے صدقہ کو

(۱) یعنی یااللہ تعریف تیری ہے میرے لیے نہیں ہے کہ غیر مستحق کے ہاتھ میں اگر صدقہ چلا گیا ہے تو تعریف تیری ہے کہ یہ تیرے ارادے سے ہوا میرے ارادے سے نہیں اور اللہ تعالیٰ کے تمام ارادے خوبصورت ہیں۔ طیبی فرماتے ہیں کہ جب اس نے ارادہ تو یہ کیا کہ مستحق کو صدقہ دے مگر اس نے اسے ایک زانیہ کے ہاتھ پر رکھ دیا تو اللہ تعالیٰ کی اس نے تعریف اس لیے کی کہ وہ اس سے زیادہ بدترین شخص کے ہاتھ میں نہ گیا لیکن پہلے معنی زیادہ واضح ہیں کیونکہ اس نے اللہ تعالیٰ کی مشیت کے سامنے سراطاعت جھکا دیا اور اس پر اللہ تعالیٰ کی تعریف کی کیونکہ وہ ہر حال میں لائق تعریف ہے ناپسندیدہ حالات میں بھی اس کے سوا کسی کی تعریف نہیں کی جاسکتی۔ حدیث سے ثابت ہے کہ آنحضرت ﷺ جب کسی ناپسندیدہ چیز کو دیکھتے تو فرماتے اللّٰھم لک الحمد علی کل حال (اے اللہ! تیری ہر حال میں تعریف ہے)(فتح الباری)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَوَضَعَها فی یَدِ زَانِیَۃٍ فَاَصْبَحُوا یَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّیْلَۃَ عَلٰی زَانِیَۃٍ۔ قَالَ: اللّٰھُمَّ لَكَ الحَمدُ عَلٰی زَانِیَۃٍ، لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَۃٍ، فَخرجَ بِصَدَقَۃٍ فَوَضَعَھا فی یَدِ غَنِیٍّ فَاَصْبَحُوا یَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّیْلَۃَ عَلٰی غَنِیٍّ۔ قَالَ: اللّٰھُمَّ لَكَ الحَمدُ عَلٰی سَارِقٍ وَ زَانِیَۃٍ و غَنِیٍّ فَقِیلَ لَہٗ: اَمَّا صَدَقَتُكَ عَلٰی سَارِقٍ: فَلَعَلَّہٗ ان یَستَعْفِفَ عَنْ سَرِقَتِہٖ، وَاما الزَّانیۃُ: فلعلَّھا ان تَستَعفِفَ عَن زِنَاھا، واَمَّا الغنیُّ: فَلعلَّہٗ ان یَعتبِرَ فَیُنفِقَ مما اعطاہُ اللّٰہُ۔)) [ متفق علیہ واللفظ للبخاری وفی روایۃ مسلم: اَمَّا صَدَقَتُكَ فَقد تُقِبِّلَتْ۔]

لے کر نکلا تو اس نے اسے ایک زانیہ عورت کے ہاتھ پر رکھ دیا صبح ہوئی تو لوگ باتیں کرنے لگے کہ آج رات ایک زانیہ عورت پر صدقہ کیا گیا ہے' اس نے کہا! زانیہ کے پاس صدقہ جانے پر بھی تیری تعریف ہے' اس نے کہا کہ میں آج ضرور صدقہ کروں گا' چنانچہ اپنے صدقہ کو لے کر باہر نکلا تو اس نے ایک دولت مند آدمی کے ہاتھ پر صدقہ رکھ دیا' صبح ہوئی تو لوگ باتیں کرنے لگے کہ آج رات ایک دولت مند آدمی کے ہاتھ پر صدقہ دیا گیا ہے' اس نے کہا اے اللہ! چور' زانی عورت اور دولت مند شخص کے ہاتھ میں صدقہ جانے پر بھی تیری تعریف ہے اس سے (خواب میں) کہا گیا کہ چور کے ہاتھ میں تیرا صدقہ جو چلا گیا تو ہوسکتا ہے کہ وہ چوری سے باز آجائے' ہوسکتا ہے کہ زانی عورت بدکاری سے باز آجائے اور ہوسکتا ہے کہ دولت مند شخص عبرت حاصل کرے اور اللہ تعالیٰ نے اسے جو مال عطا فرمایا ہے وہ بھی اس میں سے خرچ کرے (بخاری و مسلم' یہ الفاظ صحیح بخاری کی روایت کے ہیں اور مسلم کی روایت میں یہ بھی ہے کہ تیرا صدقہ قبول ہوگیا)(۱)

(۲۵۷) (( وعنْ انسِ بنِ مالكٍ ﷛ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : تَصدَّقُوا، فاِنَّ الصدَقَۃَ فِکاکُکُم مِنَ النَّارِ۔)) [رواہ البیھقی]

(۲۵۷) حضرت انس بن مالک ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صدقہ کیا کرو بے شک صدقہ جہنم کی آگ سے بچنے کا ذریعہ ثابت ہوگا۔ (بیہقی) [ضعیف]

(۲۵۸) (( وعنْ عمرو بن عوف ﷛ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : ان صدَقَۃَ المُسلِمِ تَزیدُ فی العُمُرِ، وتَمنعُ مِیتَۃَ السُّوءِ، ویُذھِبُ اللّٰہُ بِھا الکِبْرَ وَالفَخْرَ۔)) [رواہ الطبرانی]

(۲۵۸) حضرت عمرو بن عوف ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مسلمان کا صدقہ عمر میں اضافہ کرتا ہے' بری موت کو روکتا اور تکبر اور فخر کو دور کرتا ہے۔ (طبرانی) [ضعیف جدا]

(۱) طبرانی کی روایت میں ہے کہ اسے خواب میں یہ برا محسوس ہوا اس لیے کرمانی فرماتے ہیں کہ خواب میں اس سے یہ کہا گیا' ایک قول یہ ہے کہ اس نے کسی فرشتہ یا ہاتف وغیرہ کو یہ کہتے ہوئے سنا یا اسے نبی نے یہ بتایا یا اس دور کے کسی عالم نے یہ فتویٰ دیا۔ (فتح الباری)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(٢٥٩) (( وعنْ ابی هُریرةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : سَبقَ دِرهَمٌ مائةَ الفِ فقالَ رجلٌ: وكيفَ ذٰلكَ يا رَسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ: رَجُلٌ لَهُ مَالٌ كَثيرٌ اخذَ مِن عُرضِه مائةَ الفِ دِرهمٍ تَصدَّقَ بِها، وَرَجلٌ لَيسَ لَهُ الا دِرْهَمانِ فاخَذَ احدَهُما فَتصدَّقَ بِهِ)) [ رواه النسائی وصححه ابن خزيمة وابن حبان والحاكم]

(٢٥٩) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک درہم ایک لاکھ درہم سے سبقت لے گیا' ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ یہ کس طرح؟ فرمایا: ''ایک آدمی کے پاس بہت زیادہ مال تھا تو اس نے اپنے مال سے ایک لاکھ درہم لیا اور صدقہ کر دیا اور دوسرے آدمی کے پاس صرف دو درہم تھے اس نے ایک کو صدقہ کر دیا۔'' (نسائی' ابن خزیمہ' ابن حبان اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [حسن]

(٢٦٠) (( وعنْ اُمِّ بُجَيدٍ رضی اللہ عنہا انَّها قالتْ: يا رسولَ اللّٰه انَّ المِسكينَ لَيَقُومُ عَلى بابى فَما اَجِدُ لَهُ شَيئًا اُعطِيهِ اياهُ، فقالَ لَها رسولُ اللّٰه ﷺ : ان لَمْ تَجدى الا ظِلْفًا مُحرَقًا فادْفعيهِ اليه فى يده)) [رواه الترمذى وصححه هو وابن خزيمة وابن حبان وفى رواية لابن خزيمة : لا تردى سائلك ولو بظلف۔ والظلف بكسر المعجمة وفتح اللام ثُمَّ فاء للبقر والغنم بمنزلة الحافر]

(٢٦٠) حضرت ام بجید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! مسکین میرے دروازے پر آکر کھڑا ہو جاتا ہے مگر میرے پاس اسے دینے کو کچھ نہیں ہوتا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر تمہارے پاس جلا ہوا کھر ہو تو وہی اسے دو۔ (ترمذی' ابن خزیمہ و ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ ابن خزیمہ کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ سائل کو خالی ہاتھ نہ لوٹاؤ خواہ اسے کھر ہی دو)۔ [صحیح]

## الترغيب فى صدقة السر

## مخفی صدقہ کرنے کی ترغیب

فيه حديث ابى هُريرةَ فى السَّبعةِ الذينَ

اس مسئلہ میں وہ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہے[1] جس میں ہے کہ سات

(۱) پوری حدیث اس طرح ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ سات شخص ایسے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنے عرش کے سایہ تلے جگہ عطا فرمائے گا کہ اس دن اس کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا۔ (۱) امام عادل (۲) وہ نوجوان جس نے اللہ تعالیٰ کی عبادت میں نشوونما پائی (۳) وہ آدمی جس کا دل مسجدوں میں اٹکا رہتا ہے (۴) وہ دو آدمی جو اللہ تعالیٰ کے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں' اس پر ہی وہ جمع ہوتے اور اسی پر وہ الگ ہوتے ہیں (۵) وہ آدمی جسے کوئی صاحب منصب و جمال عورت دعوت گناہ دے اور وہ کہے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں' (۶) وہ آدمی جو صدقہ کرتا ہے اور اس قدر چھپا کر کرتا ہے کہ بائیں ہاتھ کو علم نہیں ہوتا کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا ہے۔ (۷) وہ شخص جس نے خلوت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا اور اس کی آنکھیں اشکبار ہو گئیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يُظِلُّهُم اللّٰه فِی ظِلِ عَرشِهِ: ورجلٌ تَصدَّق بِصَدَقةٍ فاخفاها حتّٰی لا تعلمَ شِمالُه ما تُنفِقُ يَمينُه))[متفق عليه]

قسم کے لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنے عرش کے سایہ میں جگہ عطا فرمائے گا' ان میں ایک وہ شخص بھی ہے جو صدقہ کرتا ہے تو اسے اس قدر چھپا کر کرتا ہے کہ بائیں ہاتھ کو علم نہیں ہوتا کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا ہے۔(بخاری ومسلم)

(۲۶۱) ((عن ابی اُمامة رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: صَنائع المَعروفِ: تَنفی مَصارِعَ السُّوءِ وصَدقةُ السِّرِّ: تُطفئُ غَضَبَ الرَّبِّ۔ وَصِلَةُ الرَّحِمِ: تَزيدُ فی العُمُرِ۔))[رواه الطبراني بسند حسن]

(۲۶۱) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اچھے کام بُری اموات سے بچاتے ہیں۔اور پوشیدہ صدقہ رب تعالیٰ کے غضب (کی آگ) کو بجھا دیتا ہے اور صلہ رحمی عمر میں اضافہ کا سبب بنتی ہے۔(طبرانی نے اسے حسن سند کے ساتھ روایت کیا)[حسن لغیرہ]

## الترغيب فی الصدقة علی الزوج والاقارب وتقديمهم علی غيرهم والترهيب من ان يسأل الانسان مولاه أو قريبه من فضل ماله فيبخل عليه

## خاوند اور قریبی رشتہ داروں پر صدقہ کرنے اور انہیں دوسروں پر ترجیح دینے کی ترغیب اور اس بات پر وعید کہ انسان سے اس کا چچازاد قریبی رشتہ دار سوال کرے اور وہ اس پر بخل کرے

(۲۶۲) ((عن سَلمانَ بنِ عامرٍ عنِ النبیِّ ﷺ قَالَ: الصَّدقةُ عَلی المسكينِ صَدقةٌ' وعَلی ذی الرَّحِمِ ثِنتانِ: صَدقةٌ وَصِلَةٌ۔)) [رواه النسائی والترمذی وحسنه' وصححه ابن خزيمة وابن حبان والحاكم' ولفظ ابن خزيمه: وعَلی القريبِ صَدَقتانِ صَدَقة وصِلَة۔]

(۲۶۲) حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مسکین پر صدقہ ایک صدقہ ہے مگر قریبی رشتہ داروں پر دو صدقے (۱) ایک صدقہ اور (۲) صلہ رحمی (نسائی' ترمذی' نے اسے حسن اور ابن خزیمہ' ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے' ابن خزیمہ کی روایت میں ''ذی الرحم'' کے بجائے القریب کا لفظ ہے)[حسن صحیح]

(۲۶۳) ((وعنْ حَكيمِ بنِ حِزامٍ انَّ رَجلًا سالَ رسولَ اللّٰه ﷺ: عن الصَّدقاتِ ايُّها افضلُ؟ قَالَ: عَلی ذِی الرَّحِمِ الكَاشِحِ۔)) [ رواه احمد والطبرانی احمد بسند

(۲۶۳) حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا: ''اس قریبی رشتہ دار پر جو اپنے پہلو میں دشمنی چھپائے ہوئے ہو (احمد' طبرانی' بسند حسن' کاشح اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنے پہلو میں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



حسن والكاشح بالشين المعجمة: هو الذى يضم عداوته فى كشحه]

دشمنی چھپائے ہوئے ہو) [صحیح لغیرہ]

(۲۶۴) (( وعنْ بَهْزِ بْنِ حكيمٍ عن ابيهِ عن جدّهِ قَالَ: قلتُ يا رسولَ اللّٰه مَن ابرُّ؟ قَالَ: اُمَّكَ، ثُمَّ اُمَّكَ ثُمَّ اُمَّكَ، ثُمَّ أباكَ، ثُمَّ الاقربَ فَالاقربَ۔ قَالَ: وَقالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: لا يسالُ رَجلٌ مَولاهُ مِن فَضلٍ هُوَ عِندَهُ فَيمنعهُ الا دُعِيَ لَهُ يَومَ القِيَامَةِ فَضلُهُ الذى مَنَعَهُ شُجاعًا اقرَعَ۔)) [رواه ابوداود واللفظ له والنسائى والترمذى وحسنه قَالَ ابوداود: الاقرع الذى ذهب شعر راسه من الكبر]

(۲۶۴) حضرت بہز بن حکیم اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! میں کس سے نیکی کروں؟ فرمایا: اپنی ماں سے، اپنی ماں سے، پھر اپنی ماں سے پھر اپنے باپ سے پھر جو جس قدر قریبی ہو، راوی بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے آقا سے اس کے زائد مال کا سوال کرے اور وہ انکار کر دے تو اس زائد مال کو روز قیامت گنجے سانپ کی شکل میں بلایا جائے گا (ابوداؤد، نسائی، ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے، ابوداود فرماتے ہیں کہ اقرع اسے کہتے ہیں کہ بڑھاپے کے باعث جس کے سر کے بال ختم ہو گئے ہوں) [حسن]

## الترغيب فى القرض وما جاء فى فضله

## قرض دینے کی ترغیب وفضیلت

(۲۶۵) (( عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ ؓ عنِ النبیِّ ﷺ: كُلُّ قَرضٍ صَدَقَةٌ)) [رواه الطبرانى بسند حسن والبيهقى]

(۲۶۵) حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ہر قرض صدقہ ہے (طبرانی نے بسند حسن اور بیہقی نے اسے روایت کیا ہے) [صحیح لغیرہ]

(۲۶۶) (( وعنه انَّ النبیَّ ﷺ قَالَ: ما مِن مُسلمٍ يُقرِضُ مُسلمًا قَرضًا مرَّتين الا كانَ كصَدَقَتِهِ مَرَّةً)) [رواه ابن ماجه وصححه ابن حبان واخرجه البيهقى مرفوعًا وموقوفًا]

(۲۶۶) انہی (حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ) سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو مسلمان کسی مسلمان کو دو بار قرض دیتا ہے تو اسے ایک بار صدقہ کرنے کا ثواب ملتا ہے (ابن ماجہ، ابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے، بیہقی نے اسے مرفوع وموقوف دونوں طرح روایت کیا ہے)

## الترغيب فى التيسير على المعسر وانظاره والوضع عنه

## تنگ دست کیلئے آسانی پیدا کرنے، مہلت دینے اور معاف کر دینے کی ترغیب

(۲۶۷) (( عن ابى هُريرةَ ؓ قَالَ: قَالَ

(۲۶۷) حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رسولُ اللّٰہ ﷺ : مَن یسَّر علی مُعسِرٍ (فی الدنیا) یَسَّر اللّٰہ علیہ فی الدُّنیا والآخِرَۃِ۔ )) [ رواہ مسلم فی حدیث، واخرجہ ابن حبان ھکذا مختصراً واخرجہ الطبرانی ولفظہ: اشھد علی رسول اللّٰہ ﷺ لسمعتہ ﷺ یقول: انَّ اولَ الناسِ یَستظِلُّ فی ظِلِّ اللّٰہ یومَ القِیامَۃِ لرجلٌ اَنظَرَ مُعسِرًا حتی یَجِدَ شَیئًا، او تصدَّق علیہ بما یَطلُبُہُ یقولُ: مَالی عَلیکَ صَدقۃٌ ابتغاء وَجہِ اللّٰہِ ویَحرِقُ صَحیفَتَہُ۔ ای یقطع العھدۃ التی علیہ واخرجہ البغوی فی شرح السنۃ بلفظ: من نَفَّسَ عَنْ غریمِہٖ، أو مَحی عنہُ کانَ فی ظِلِّ العَرشِ یومَ القِیامۃِ۔ ولعبد اللّٰہ بن احمد فی زیادات المسند: أظلَّ اللّٰہ عبدًا فی ظِلِّہٖ یومَ لا ظِلَّ الا ظِلّہ انظرَ مُعسِراً، او ترَکَ لِغارِمٍ۔ واخرجہ الطبرانی فی الکبیر من حدیث اسعد بن زرارۃ وفی الاوسط من حدیث شداد بن اوس۔]

نے فرمایا کہ جو شخص دنیا میں کسی تنگ دست پر آسانی کرے' اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اس پر آسانی فرمائے گا (مسلم نے اسے ایک حدیث کے ضمن میں روایت کیا' ابن حبان نے اس طرح اسے مختصر روایت کیا اور طبرانی نے اسے ان الفاظ میں بیان کیا ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ روزِ قیامت سب سے پہلا شخص جو اللہ تعالیٰ کے عرش کے سایہ میں جگہ حاصل کرے گا' وہ ہوگا جس نے کسی تنگ دست کو مہلت دی حتیٰ کہ وہ کچھ پالے یا اپنے قرض کو اس پر صدقہ کرتے ہوئے کہے کہ میرا مال اللہ کی رضا کے لیے تجھ پر صدقہ ہے اور پھر وہ دستاویز کو آگ میں جلا دے یعنی اسے معاف کر دے' بغوی نے ''شرح السنہ'' میں اسے ان الفاظ میں روایت کیا ہے کہ جس نے اپنے مقروض پر آسانی کی یا اسے معاف کر دیا تو وہ روزِ قیامت عرشِ الٰہی کے سایہ تلے ہوگا' عبداللہ بن احمد کے ''زیادات المسند'' میں اس طرح اللہ تعالیٰ اس بندے کو اپنے عرش کے سایہ میں جگہ دے گا جس دن اس کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا' جس نے کسی تنگدست کو مہلت دی یا مقروض کے قرض کو معاف کر دیا' طبرانی کبیر میں یہ اسعد بن زرارہ سے اور اوسط میں شداد بن اوس سے ہے)

(۲۶۸) ((وعنْ ابی ھُریرۃَ انَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ قَالَ: کانَ رَجُلٌ یُدایِنُ النَّاسَ، وکانَ یقولُ لِفتاہُ: اذا اتیتَ مُعسِرًا، فَتجاوَزْ عنہُ لَعلَّ اللّٰہ یَتجاوَزُ عنَّا، فَلقی اللّٰہ فَتجاوزَ عَنہُ۔)) [متفق علیہ]

(۲۶۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک شخص لوگوں کو قرض دیا کرتا اور اپنے غلام سے کہا کرتا تھا کہ جب تم کسی تنگ دست کے پاس جاؤ تو اس سے درگزر کرو' ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سے درگزر فرمائے' چنانچہ جب وہ اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہوا تو اللہ تعالیٰ نے اس سے درگزر فرمائی۔ (بخاری و مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی الانفاق فی وجوہ الخیر کرما والترهیب من الامساک فی الادخار شحا

### نیکی کے کاموں میں فراخ دلی کے ساتھ خرچ کرنے کی ترغیب اور بخل و کنجوسی پر وعید

(۲۶۹) (( عن ابی هُریرةَ ﷛ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : ما مِنْ یومٍ یُصبحُ العِبادُ فیهِ الا مَلَکانِ یَنزلانِ مِنَ السَّماء فیقولُ احدُهُما اللّٰهُمَّ اعطِ مُنْفقًا خَلَفًا وَیقولُ الآخَرُ: اللّٰهُمَّ اعطِ مُمْسکًا تَلَفًا۔)) [متفق علیه]

(۲۶۹) حضرت ابوہریرہ ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر روز صبح کے وقت آسمان سے دو فرشتے نازل ہوتے ہیں جن میں سے ایک یہ کہتا ہے کہ اے اللہ! خرچ کرنے والے کو اس کا بدل عطا فرما اور دوسرا کہتا ہے کہ اے اللہ! بخل سے کام لینے والے کو تباہی سے دوچار کر۔ (بخاری و مسلم)

(۲۷۰) (( وعنْ ابن مسعودٍ ﷛ قَالَ: دَخلَ النبیُّ ﷺ : عَلی بِلالٍ وعِنْدَهُ صُبَر مِن تَمْرٍ۔ فقالَ: مَا هذا یَا بِلالُ؟ قَالَ اعتَدْتُ لاضیافِکَ۔ قَالَ: اما تَخشی ان تکونَ لَکَ دُخانٌ فی نَارِ جَهنَّم، انْفِقْ بِلالُ، ولَا تَخش مِن ذی العَرشِ اقْلالًا۔)) [رواه البزار باسناد حسن والطبرانی نحوه]

(۲۷۰) حضرت ابن مسعود ﷛ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ حضرت بلال ﷛ کے پاس گئے تو ان کے پاس کھجوروں کے ڈھیر تھے، فرمایا: بلال یہ کیا ہے؟ عرض کیا: یہ میں نے آپ کے مہمانوں کے لیے تیار کیا ہے، فرمایا: کیا تم ڈرتے نہیں کہ جہنم کی آگ کا دھواں تمہیں لگے، بلال خرچ کر دو، عرش والے سے کمی کا اندیشہ نہ رکھو۔ (بزار، باسناد حسن، طبرانی) [صحیح لغیره]

(۲۷۱) (( وعنْ اسماءَ بنتِ ابی بکرٍ ﷞ قالتْ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : لا تُوکی فَیُوکی عَلیکِ۔ وفی روایة: انفِقی او انفَحی او ارضَخی ولا تُحصِی فیُحصِی اللّٰهُ علیکِ، وَلا تُوعی فیُوعی اللّٰهُ علیکِ۔)) [ متفق علیه قوله انفحی بالفاء والحاء المهملة وارضخی بالضاد والخاء المعجمتین وانفقی الثلاثة بمعنی واحد وقوله لا توکی ای لا تسدی، الوعاء

(۲۷۱) حضرت اسماء بنت ابی بکر ﷞ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا باندھ کر نہ رکھو، وہ وگرنہ تجھ سے باندھ کر رکھے گا، ایک روایت میں ہے کہ خرچ کرو اور گن گن کر نہ رکھو اللہ تعالیٰ تمہیں بھی گن کر دے گا، جمع کر کے نہ رکھو اللہ تعالیٰ تم سے جمع کر کے رکھے گا۔ (بخاری و مسلم، انفحی، ارضخی اور انفقی کے ایک ہی معنی ہیں (یعنی خرچ کرو) اور یہ جو فرمایا لا توکی تو اس کا معنی ہے کہ برتن پر رسی باندھ کر نہ رکھو۔ وکاء رسی کو کہتے ہیں جو باندھ دی جاتی ہے۔ مراد یہ ہے کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے، اسے ازراہِ بخل روک کر نہ رکھو۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الوکاء وھو الرباط الذی یربط به' یقول: لا تمنعی ما فی یدك]

(۲۷۲) (( وعنْ بلالٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ لی رسولُ اللّٰه ﷺ یا بلالُ: مُت فَقیرًا وَلَا تَمُتْ غنیًا۔ قلتُ وَکیفَ لی بذلِكَ؟ قال ما رزقت فلا تخبأ وما سئلت فلا تمنع فقلت یا رسول اللّٰه وکیف لی بذلك هُوَ ذلكَ او النارُ۔)) [ رواه الطبرانی وابو الشیخ فی کتاب الثواب وصححه الحاکم ولفظه: الْقَ اللّٰه فقیرًا ولا تَلْقَهُ غَنیًا' والباقی بنحوه]

(۲۷۲) حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا بلال! فقیر بن کر مرو' دولت مند کی حیثیت سے نہ مرو' میں نے عرض کیا یہ کیسے ممکن ہے؟ فرمایا جو رزق تمہیں میسر ہو اسے نہ چھپاؤ اور جو تم سے مانگا جائے اُسے نہ روکو۔ میں نے عرض کیا یہ کیسے ممکن ہے؟ (فرمایا) بات اسی طرح ہے یا پھر جہنم ہے (طبرانی' ابوالشیخ' کتاب الثواب' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں اللہ تعالیٰ سے فقیر کی حالت میں ملو' دولت مند کی حیثیت سے نہ ملو' باقی روایت اسی طرح ہے)[ضعیف]

(۲۷۳) (( وعنْ انسِ بنِ مالكٍ رضی اللہ عنہ اُهدِیَتْ للنبیِّ ﷺ ثَلاثُ طَوائِرُ فاطْعَم خَادِمَهُ طَائرًا: فلما کانَ مِنَ الغَدِ اتتْ بِها۔ فقالَ لها رسولُ اللّٰه ﷺ : اَلَمْ اَنْهكِ ان تَرفَعی شَیئًا لغَدٍ: فاِنَّ اللّٰهَ یَاتی بِرِزقِ غَدٍ)) [ رواه ابویعلٰی ورواته ثقات]

(۲۷۳) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں تین پرندے بطور تحفہ پیش کیے گئے' آپ نے ایک پرندہ خادمہ کو کھانے کے لیے دے دیا اگلا دن ہوا تو وہ اسے آپ ﷺ کی خدمت میں لائی تو آپ ﷺ نے فرمایا کیا میں نے تمہیں کل کے لیے کچھ بچا کر رکھنے سے منع نہیں کیا تھا کل کے لیے کچھ بچا کر نہ رکھنا' کل بھی اللہ تعالیٰ رزق دے گا۔ (ابویعلیٰ' اس کے راوی ثقہ ہیں)[ضعیف]

(۲۷۴) (( واخرج ابن حبان عن انسٍ ان النبیَّ ﷺ کانَ لا یدَّخرُ شیئًا لغدٍ۔))

(۲۷۴) ابن حبان نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کل کے لیے کچھ بچا کر نہیں رکھتے تھے۔[صحیح]

(۲۷۵) ((واخرج احمد و ابو یعلی من حدیث ابی ذرٍّ ان النبیَّ ﷺ التَفتَ الی اُحُدٍ' فقالَ والذی نفسی بیدِهِ : ما یَسُّرنی انَّ اُحُدًا تَحَوَّل لی ذَهبًا اُنفقُه فی سبیل اللّٰه واموتُ یومَ اموتُ ادعُ منهُ دِینارَین الا دِینارَین اُعدُّهما للدَّین ان کانَ۔))[و

(۲۷۵) احمد و ابو یعلی میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ احد پہاڑ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میرے لیے اُحد پہاڑ سونے کا بن جائے جسے میں اللہ کی راہ میں خرچ کروں اور جس دن مجھے موت آئے تو یہ حال ہو کہ میں ان میں سے دو دینار چھوڑ مروں سوائے اس کے کہ میں انہیں قرض کی ادائیگی کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


سند احمد جید قوی]

لیے رکھ لوں، اگر قرض ہو۔ (مسند احمد کی سند جید قوی ہے) [حسن صحیح]

(۲۷۶) ((وعنْ عبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: تُوفّي رجلٌ منْ اهلِ الصُّفّةِ فوجدُوا في شَملتِه دِينَارينِ، فذكروا ذلكَ للنبيّ ﷺ فقالَ: كَيَّتانِ)) [ رواه احمد وصححه ابن حبان]

(۲۷۶) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اہلِ صفہ میں سے ایک شخص فوت ہوا تو اس کی چادر سے دو دینار ملے، صحابہ نے اس کا آنحضرت ﷺ سے ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ دو داغ ہیں۔ (احمد، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا) [حسن صحیح]

(۲۷۷) ((وعنْ ابی هريرة رضی اللہ عنہ عنِ[1] النبيّ ﷺ انه أُتيَ بِرجلٍ يُصلي عَليهِ فقالَ كَمْ ترَكَ؟ قَالُوا دِينارَينِ او ثَلاثةً، قَالَ: تركَ كَيَّتينِ او ثَلاثَ كَيَّاتٍ۔ فلقيت عبد اللّٰه ابن القسم مولى ابى بكر فقالَ: ذاك رجل كان يسال الناس تكثّرا )) [رواه البيهقى من رواته يحيى بن عبد الحميد الحمانى]

(۲۷۷) حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ ایک شخص کا جنازہ پڑھنے لگے تو فرمایا کہ اس نے کتنا مال چھوڑا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا دو یا تین دینار، فرمایا اس نے دو یا تین داغ چھوڑے ہیں، راوی بیان کرتے ہیں کہ میں عبداللہ بن قاسم مولیٰ ابی بکر سے ملا تو انہوں نے بتایا کہ وہ شخص مال زیادہ کرنے کے لیے لوگوں سے سوال کیا کرتا تھا۔ (بیہقی کے راویوں میں یحییٰ بن عبدالحمید حمانی بھی شامل ہے)

## الترغيب فى صدقة المراة من مال زوجها وترهيبها منها اذا لم ياذن

### عورت کے لیے اپنے شوہر کے مال سے صدقہ کرنے کی ترغیب اور اسکے اجازت نہ دینے کی صورت پر وعید

(۲۷۸) ((عائشه رضی اللہ عنہا عن جَدّهِ (عنِ النبيّ ﷺ) قال: اذا تَصدّقت المَراةُ من بيتِ زَوجِها كانَ لَها اجرٌ وَلِلزَوجِ مثلُ ذلِكَ، وللخازن مثل ذلك لا ينقُصُ كلُّ واحدٍ مِنهم مِن اجرِ صَاحِبه شَيئًا، لَهُ بِما كَسَبَ، ولها بِما انفقَتْ۔)) [ رواه

(۲۷۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا[2] سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب عورت اپنے شوہر کے گھر سے صدقہ کرے تو اسے اس کا اجر ملے گا اور شوہر کو بھی اس کے برابر ثواب ملے گا، اور خازن کو بھی اس کی مانند ملے گا دوسرے کے اجر و ثواب کو کم نہ کرے گا، شوہر کو کمانے کا ثواب ملتا ہے اور بیوی کو خرچ کرنے کا۔ (ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے) [صحیح]

(۱) مطبوعہ نسخہ میں مسعود بن عمر ہے۔ تصحیح شعب الایمان سے کی گئی ہے۔ (ازھر)

(۲) مطبوعہ نسخہ میں اور الترغیب میں عمرو بن شعیب ہے اور متن بھی ناقص ہے جامع الترمذی سے تصحیح کی گئی ہے۔ (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الترمذی وقال حدیث حسن]

(۲۷۹) (( وعنْ ابی امامةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ يقولَ فی خُطبَتِه عامَ حَجَّةِ الوَدَاع: لا تُنفِقْ امراةٌ شَيئًا مِنْ بيت زوجِها الا باِذْنِ زَوْجِها۔ قِيل يا رسولَ اللّٰهِ: وَلَا الطعامَ؟ قَالَ ذلكَ افضَلُ اموالِنا۔ )) [ رواه االترمذی وقال: حديث حسن]

(۲۷۹) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع کے خطبہ میں یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر سے کچھ بھی اس کی اجازت کے بغیر خرچ نہ کرے، عرض کیا گیا یارسول اللہ! کیا وہ کھانا بھی خرچ نہ کرے؟ فرمایا یہ تو ہمارا افضل مال ہے۔ (ترمذی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے) [حسن]

## الترغيب فی اطعام الطعام وسقی الماء والترهيب من متعه

### کھانا کھلانے اور پانی پلانے کی ترغیب اور اسے روکنے پر وعید

(۲۸۰) (( عن عبدِ اللّٰه بنِ عمرٍو ان رَجلًا سالَ رسولَ اللّٰهِ ﷺ اىُّ الِاسلامِ خَيرٌ؟ قَالَ: تُطعِمُ الطَّعامَ، وتَقرأُ السَّلامَ عَلی مَن عَرفْتَ ومَنْ لَمْ تَعرِفْ۔ ))[متفق عليه]

(۲۸۰) عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ کونسا اسلام بہتر ہے؟ فرمایا یہ کہ تو کھانا کھلائے اور ہر شخص کو خواہ تو اسے جانتا ہو یا نہ جانتا ہو سلام کرے۔ (بخاری و مسلم)

(۲۸۱) (( وعنْ عبدِ اللّٰهِ بنِ عمرٍو قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: مَن اطعمَ اخاهُ حَتّٰی يُشبِعَهُ، وسَقَاهُ مِنَ الماءِ حتّٰی يُروِيَهُ باعدَهُ اللّٰه مِنَ النارِ سَبعَ خَنادِقَ ما بينَ كُلِّ خَندَقينِ مَسيرةُ خمسِ مائةِ عامٍ۔ )) [رواه الطبرانی وابو الشيخ فی الثواب والبيهقی وصححه الحاكم]

(۲۸۱) عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو اپنے بھائی کو کھانا کھلائے حتی کہ وہ سیر ہو جائے اور پانی پلائے حتی کہ وہ سیر ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسے جہنم کی آگ سے سات خندق دور کر دے گا اور ہر دو خندقوں کے درمیان پانچ سو سال کی مسافت کا فاصلہ ہوگا۔ (طبرانی، ابوالشیخ، الثواب، بیہقی، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [موضوع]

(۲۸۲) (( وعنْ ابن مسعودٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: يُحشَرُ النَّاسُ يومَ القيامةِ اعرَی مَا كانوا قَطُّ، واجوَعَ ما كانوا قَطُّ، واظماَ مَا كانوا قَطُّ، وانصبَ ما كانوا قَطُّ، فمنْ كَسی لِلّٰه عزَّوجلَّ كَساهُ اللّٰه، ومَن اطعمَ

(۲۸۲) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لوگ قیامت کے دن اس قدر ننگے اٹھائے جائیں گے کہ کبھی ایسے عریاں نہ ہوئے ہوں گے، اس قدر بھوکے اٹھائے جائیں گے کہ کبھی ایسے بھوکے نہ ہوں گے، اس قدر پیاسے اٹھائے جائیں گے کہ کبھی ایسے پیاسے نہ ہوئے ہوں گے اور اس قدر تھکے ہوں گے کہ انہیں کبھی ایسی تکان نہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لِلّٰهِ عزّوجلّ اطعمَهُ اللّٰهُ، ومَن سَقى لِلّٰهِ عزَّ و جلَّ سَقاهُ اللّٰهُ، ومَن عَمِلَ لِلّٰهِ عزَّ و جلَّ اغناهُ اللّٰه، ومَن عَفى لِلّٰهِ اَعفاهُ اللّٰهُ۔))
[رواه ابن ابی الدنیا موقوفًا (و) روی مرفوعًا بهذا اللفظ ایضاً]

ہوئی ہوگی تو جس نے دنیا میں اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے پہنایا اللہ تعالیٰ اسے لباس پہنادے گا' جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کھانا کھلایا اللہ تعالیٰ اسے کھانا کھلا دے گا' جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے پلایا' اللہ تعالیٰ اُسے پلا دے گا' جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے عمل کیا' اللہ تعالیٰ اسے بے نیاز کر دے گا اور جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے معاف کیا' اللہ تعالیٰ اسے معاف کر دے گا (ابن ابی الدنیا نے اسے موقوف روایت کیا ہے نیز انہی الفاظ کے ساتھ یہ روایت مرفوع بھی مروی ہے) [ضعیف]

(۲۸۳) ((وعنْ ابی هُریرةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: انَّ اللّٰهَ عزَّ و جلَّ یقولُ یومَ القیامةِ یا ابنَ آدمَ: مرضت فلم تَعُدنی۔ قَالَ یا ربِّ: کَیفَ اعودُك وانتَ ربُّ العالَمینَ؟ قَالَ: اما عَلِمت انَّ عَبدی فُلانًا مَرِضَ فَلم تَعُدْهُ، اما عَلِمتَ انكَ لَوْ عُدتَهُ لَوجدتَنی عِندَهُ۔ یا ابنَ آدمَ: استَطعمتُكَ فلم تُطعِمنی۔ قَالَ: یا ربِّ کیفَ اُطعمُكَ، وانتَ ربُّ العَالمینَ؟ قَالَ: اما علِمتَ انهُ استَطعَمَكَ عَبدی فُلانٌ فلمْ تُطعِمْهُ، اما عَلِمتَ انكَ لو اطعمَتَهُ لوجدتَ ذلكَ عِندی۔ یا ابنَ آدمَ: اسْتَسْقَیْتُكَ، فلَم تَسقِنی۔ قَالَ: یا ربِّ کیفَ اسقِیكَ، وانتَ ربُّ العَالَمین۔ قَالَ: اِسْتَسْقاكَ عبدی فلانٌ فلم تَسْقِهِ، اما انك

(۲۸۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا' اے ابن آدم! میں بیمار ہوا[1] لیکن تُو نے میری بیمار پُرسی نہ کی' بندہ کہے گا اے اللہ میں تیری کیسے عیادت کرتا تو تو ربّ العالمین ہے؟ اللہ فرمائے گا کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرا فلاں بندہ بیمار ہوا تھا تو نے اس کی عیادت نہ کی' کیا تجھے معلوم نہ تھا کہ اگر تو اس کی عیادت کرتا تو مجھے بھی اس کے پاس پاتا' اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا مانگا مگر تو نے مجھے کھانا نہ کھلایا' عرض کرے گا اے اللہ! میں تجھے کیسے کھانا کھلاتا تو تو ربّ العالمین ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرے فلاں بندے نے تجھ سے کھانا مانگا تھا مگر تو نے اسے نہ کھلایا کیا تجھے معلوم نہیں کہ اگر تو اسے کھانا کھلاتا تو اس کا ثواب ہمارے پاس پاتا' اے ابن آدم! میں نے تجھ سے پانی مانگا مگر تو نے مجھے پانی نہ پلایا' بندہ عرض کرے گا اے اللہ میں تجھ سے کس طرح پانی پلاتا تو تو ربّ العالمین ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میرے فلاں بندے نے تجھ سے پانی مانگا مگر تو نے اسے پانی نہ پلایا اگر تو اسے

(۱) امام نووی فرماتے ہیں کہ مرض کی اضافت اگرچہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف کی گئی مگر شرف اور تقرب کی وجہ سے' اس سے مراد بندہ ہے اور "تو مجھے اس کے پاس پاتا" کے معنی یہ ہیں کہ میری طرف سے ثواب اور عزت کو اس کے پاس پاتا اور اس کی دلیل حدیث کے یہ الفاظ ہیں کہ اگر تو اسے کھانا کھلاتا تو اس کا ثواب میرے پاس پاتا' واللہ اعلم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لَوْ سَقَیتَهُ لَوجَدْتَ ذٰلِكَ عِندی)) [رواہ مسلم]

پانی پلاتا تو اس کا ثواب میرے پاس پاتا۔ (مسلم)

(۲۸۴) (( ورُوِیَ عن عُمر بنِ الخطاب رضی اللہ عنہ قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰه ﷺ ایُّ الأعمالِ افضلُ؟ قَالَ ادخالُكَ السُّرورَ علی مُؤْمِنٍ اشبعْتَ جُوعَتَهُ، او کسوتَ عَورَتَهُ، او قَضیْتَ حَاجَتَهُ۔)) [ رواہ الطبرانی فی الاوسط واخرجه ابو الشیخ فی الثواب من حدیث ابن عمرو فی روایة له: احب الاعمالِ الی اللّٰهِ سُرورٌ تُدخِلُهُ علی مُسلمٍ او تکشِفُ عنهُ کربةً، او تطرُدُ عنهُ جُوعًا، او تَقضی عنهُ دینًا]

(۲۸۴) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ کونسا عمل سب سے افضل ہے؟ فرمایا: تمہارا اپنے مومن بھائی کو خوشی و مسرت پہنچانا کہ تو اسے سیر کر کے اس کی بھوک کو مٹا دے یا اسے لباس پہنا دے یا اس کی کسی حاجت کو پورا کر دے۔ (طبرانی اوسط) ابوالشیخ کی کتاب الثواب میں ابن عمرو رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے یہ الفاظ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے افضل عمل یہ ہے کہ تو کسی مسلمان کو خوشی و مسرت سے دوچار کر دے یا اس کی کسی مصیبت کو دور کر دے یا اس کی بھوک مٹا دے یا اس کے قرض کو ادا کر دے) [حسن لغیرہ]

(۲۸۵) (( وعنْ ابی هُریرةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قال : بَینما رَجُل یَمشی بطریقٍ اشتَدَّ عَلیهِ الحرُّ فَوَجَد بِئرًا۔ فنزَلَ فیها فَشَرِبَ، ثُمَّ خرَجَ۔ فإذا کَلبٌ یَلهثُ یاکُلُ الثَّری منَ العَطَشِ، فقالَ الرجلُ: لقَدْ بَلَغ هذا الکلبَ من العَطشِ۔ مثلُ الذی کانَ بَلغَ منِّی، فنزَلَ الیهِ فَملَأ خُفَّهُ مَاءً، ثُمَّ امسکَهُ بِفیهِ حتّٰی رَقی فَسقَی الکَلب فَغَفرَ لَهُ۔ قالوا: یا رسولَ اللّٰهِ اِن لَنا فی البَهائِمِ اجرًا؟ فقالَ فی کُلِّ کبدٍ رَطْبةٍ اجرٌ۔)) [ متفق علیه وفی روایة

(۲۸۵) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک آدمی راستہ پر چل رہا تھا کہ اسے سخت گرمی لگی، اس نے ایک کنواں دیکھا تو اس میں اتر گیا اور پانی پیا۔ پھر جب وہ کنویں سے باہر نکلا تو اس نے دیکھا کہ ایک کتا ہانپ رہا ہے اور پیاس کی وجہ سے وہ گیلی مٹی کو کھا رہا ہے، آدمی نے سوچا کہ اس کتے کو بھی اس طرح پیاس لگی ہوئی ہے جس طرح مجھے پیاس لگی تھی وہ دوبارہ کنویں میں اترا، اس نے اپنے موزے کو پانی سے بھرا اور اسے کتے کے منہ سے لگا دیا، اس طرح کتے نے پانی پی لیا تو اس طرح اللہ تعالیٰ نے اس کے اس عمل کی قدر کی[1] اور اسے معاف فرما دیا، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ہمارے لیے کیا جانوروں میں بھی اجر ہے؟ فرمایا ہر زندہ چیز میں اجر ہے (بخاری و مسلم، ابن

(۱) ابن اثیر "النہایہ" میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک "الشکور" بھی ہے، جس کے معنی ہیں: وہ جس کے پاس بندوں کے چھوٹے اعمال بھی بڑھتے رہتے ہیں اور وہ ان کا کئی گنا زیادہ اجر و ثواب دیتا ہے تو اس کا بندوں کا شکر کرنے کا معنی انہیں معاف کر دینا ہے، شکرت لک او شکر تک کے محاورے استعمال ہوتے ہیں لیکن ان میں پہلا زیادہ فصیح ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لابن حبان: فشكر الله له فادخله الجنة۔]

حبان کی روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس اس کی قدر افزائی فرمائی اور جنت میں داخل فرمادیا)

(۲۸۶) (( وروی عن ابی هُريرة قَالَ: ليسَ صَدَقةٌ اعظمَ اجراً منْ ماءٍ۔)) [رواه البيهقي]

(۲۸۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ پانی سے بڑھ کر زیادہ اجر و ثواب والا اور کوئی صدقہ نہیں ہے۔ (بیہقی) [حسن لغیرہ]

(۲۸۷) (( وعنْ أنسٍ رضی اللہ عنہ إن سعدَ بنَ عبادةَ اتى النبيَّ صلی اللہ علیہ وسلم فقالَ: يارسولَ اللّٰه: إنَّ امى ماتَتْ ولَم تُوصِ افَيَنفعُها ان اتصدَّقَ عَنها؟ قالَ: نَعمَ، وعليكَ بِالماءِ۔)) [ رواه الطبرانى فى الاوسط ورواته ثقات۔ واخرجه ابوداوود من حديث سعد بن عبادة نفسه قَالَ: قلتُ يا رسولَ اللّٰه ان امى ماتَت، فاى الصَّدقةِ افضلُ؟: قَالَ: الماء فحفرَ بئرًا وقالَ: هذهٖ لِاُمِّ سعدٍ۔ واخرجه ابن خزيمة وابن ماجه]

(۲۸۷) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ! میری ماں کا انتقال ہو گیا ہے انہوں نے کوئی وصیت تو نہیں کی لیکن میں ان کی طرف سے اگر کوئی صدقہ کروں تو کیا اس کا انہیں فائدہ ہوگا؟ فرمایا ہاں' لہٰذا پانی کا صدقہ کرو۔ (طبرانی اوسط' اس کے راوی ثقہ ہیں' ابوداؤد میں یہ حدیث خود حضرت سعد بن عبادہ ہی سے مروی ہے کہ یارسول اللہ! میری ماں فوت ہوگئی ہیں تو ان کی طرف سے کون سا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا پانی تو حضرت سعد نے کنواں کھودا اور کہا کہ یہ کنواں اُمّ سعد کا ہے۔ (ابن خزیمہ' ابن ماجہ) [صحیح]

# فصل

(۲۸۸) ((وعنْ ابى هُريرةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : ثَلاثةٌ لا يُكلِّمُهم اللّٰه وَلا يَنظرُ اليهم يومَ القِيامَةِ، وَلا يُزكِّيهِم، ولَهُم عذابٌ اليمٌ: رَجلٌ على فَضلِ ماءٍ بفلاةٍ فَمنعهُ ابنَ السَّبيلِ۔)) [الحديث متفق عليه]

(۲۸۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان سے نہ کلام فرمائے گا' نہ ان کی طرف (نظر رحمت سے) دیکھے گا اور نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا' ان میں سے ایک وہ آدمی ہے جس کے پاس جنگل میں ضرورت سے زیادہ پانی ہو مگر وہ اس سے مسافر کو روکے۔۔۔۔۔ الحدیث (بخاری و مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغيب فى شكر المعروف ومكافاة فاعله والدعاء له والترهيب من جحده وعدم شكره

## نیکی کا شکریہ ادا کرنے' محسن کا بدلہ دینے اور اسکے حق میں دُعا کرنے کی ترغیب اور نیکی کے انکار و عدمِ تشکر پر وعید

(۲۸۹) ((عن اُسامةَ بنِ زَيدٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : مَن صُنِعَ اليه معروفٌ فقالَ لِفاعِلِه: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيرًا' فَقد ابلَغَ فى الثَّناء- وفى رواية: مَنْ اُولى مَعروفًا' او اُسْدىَ اليهِ مَعروفٌ نحوه)) [رواه الترمذى وقال: حسن غريب وسقط من بعض النسخ' ورواه الطبرانى فى الصغير مختصراً: اذا قَالَ الرجل جزاك اللّٰه خيراً فقد ابلغ فى الثناء]

(۲۸۹) حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس کے ساتھ کوئی نیکی کی گئی اور اس نے نیکی کرنے والے سے یہ کہہ دیا کہ جزاک اللہ خیر (اللہ تعالیٰ تجھے اچھا بدلہ دے) تو اس نے تعریف کا حق ادا کر دیا' ایک روایت میں "مَن اُوْلی مَعروفًا یا اُسْدِیَ الیہِ مَعروف" کے الفاظ ہیں (معنی ایک ہی ہیں) ترمذی نے اسے حسن غریب قرار دیا ہے اور بعض نسخوں میں یہ حدیث نہیں ہے' طبرانی صغیر میں یہ روایت مختصراً اس طرح بیان کی گئی ہے کہ جب آدمی جزاك اللّٰه خیرا تو اس نے تعریف کا حق ادا کر دیا) [صحیح]

(۲۹۰) (( وعنْ الاشعثِ بنِ قيسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : انَّ اشكرَ النَّاسِ للّٰه اشكرُهُم للنَّاسِ وفى رواية: لَا يَشكُرُ اللّٰهَ مَن لا يَشكرُ النَّاسَ)) [ رواه احمد ورواته ثقات]

(۲۹۰) حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو اللہ تعالیٰ کے لیے لوگوں کا شکر گزار رہے تو وہ لوگوں کے لیے بھی سب سے بڑا شکر گزار ہے' ایک روایت میں ہے کہ جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکریہ ادا نہیں کرتا۔ (احمد' اس کے راوی ثقہ ہیں) [صحیح]

# كتاب الصوم وذكر ابوابه

## الترغيب فى صوم رمضان وتاكيد وجوبه

## رمضان کے روزے کی ترغیب اور وجوب کی تاکید

(۲۹۱)((عن ابى هُريرةَ رضی اللہ عنہ عنِ النبىِّ ﷺ قَالَ: مَن صَامَ رَمضانَ ايمانا و احتسابا

(۲۹۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ایمان کے ساتھ اور حصولِ ثواب[1] کی نیت سے

(۱) علامہ خطابی فرماتے ہیں کہ ایمانا واحتسابا کے معنی یہ ہیں کہ وہ نیت وعزیمت کے ساتھ روزہ رکھے یعنی تصدیق کے ساتھ روزہ رکھے' ثواب کی رغبت ہو اور دل کی خوشی کے ساتھ روزہ رکھے یہ نہ ہو کہ بادل نخواستہ اور اسے بوجھ سمجھتے ہوئے روزہ رکھے' دنوں کو لمبا بھی نہ سمجھے۔ ہاں البتہ لمبے دنوں کو غنیمت ضرور جانے کہ ان میں ثواب بھی زیادہ ملے گا' بغوی فرماتے ہیں کہ احتسابا کے معنی ہیں اللہ تعالیٰ کی رضا اور ثواب کے حصول کے لیے

اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِه۔)) [متفق عليه وفي رواية للنسائي عن قتيبة عن سفيان: وما تاخر۔ قَالَ المصنف تفرد بها قتيبة]

رمضان کے روزے رکھے اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے (بخاری و مسلم۔ نسائی کی روایت قتیبہ از سفیان میں ہے کہ پچھلے گناہ بھی معاف کر دیئے جائیں گے مصنف فرماتے ہیں کہ ان الفاظ کے روایت کرنے میں قتیبہ متفرد ہے)

(۲۹۲) (( وروى البيهقيُّ في حديث ابن مسعود في آخره: ولِلّٰهِ عندَ كلِّ فِطرٍ من شَهرِ رَمضانَ كلَّ لَيلةٍ عتقاء مِنَ النَّارِ ستُّون الفًا، فإذا كانَ يوَمِ الفِطرِ اعتقَ اللّٰهُ مِثلَ ما اعتقَ في جَميعِ الشَّهرِ ثلاثينَ مَرَّةً ستين الفا ستين الفا))

(۲۹۲) بیہقی نے حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے آخر میں یہ روایت کیا ہے کہ رمضان کے مہینے میں ہر رات افطار کے وقت اللہ ساٹھ ہزار لوگوں کو جہنم کی آگ سے آزاد کرتا ہے اور جب یوم فطر ہوتا ہے تو اللہ اتنے لوگوں کو آزاد کرتا ہے جتنے اس نے سارے مہینے میں آزاد کئے تھے یعنی تیس مرتبہ ساٹھ ساٹھ ہزار)[1] [ضعیف]

(۲۹۳) (( وعنْ ابي هُريرةَ رضي الله عنه انَّ رسولَ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم قالَ : اذا جاءَ رمضانُ فُتِّحَت ابوابُ الجنَّةِ وغُلِّقتْ ابوابُ النَّارِ و صفدت الشياطين))[متفق عليه]

(۲۹۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان آتا ہے تو جنّت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیطانوں کو جکڑ دیا جاتا ہے۔[2] (بخاری و مسلم)

(۲۹۴) (( وعنهُ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : ثلاثةٌ لا تُرَدُّ دَعوتُهُم: الصَّائمُ حتّٰى يُفطِرَ، والِامامُ العادلُ، ودعوةُ المظلوم يَرفعُها اللّٰهُ فوقَ الغَمامِ، ويُفتحُ لها ابوابُ السَّماءِ، ويقولُ الربُّ عزَّ و جلَّ : وعِزَّتي

(۲۹۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین آدمیوں کی دُعا رد نہیں ہوتی: (۱) روزہ دار کی حتی کہ وہ افطار کرے (۲) امام عادل اور (۳) مظلوم کی دُعا کو اللہ تعالیٰ بادلوں کے اوپر اُٹھا لیتا ہے اس کے لیے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے کہ مجھے اپنی

(۱) حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ مکمل اس طرح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب ماہ رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے جنتوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور ان میں سے سارا مہینہ ایک دروازہ بھی بند نہیں کیا جاتا' سرکش جنوں کو جکڑ دیا جاتا ہے اور ہر رات صبح کے وقت ایک منادی کرنے والا یہ اعلان کرتا ہے کہ اے نیکی کے طالب! قصد کر اور خوش ہو جا اور اے برائی کے طالب! رک جا اور آنکھیں کھول ہے کوئی جو اپنے گناہوں کی معافی چاہنے والا ہو اور اسے معاف کر دیا جائے ہے کوئی توبہ کرنے والا کہ اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائے' ہے کوئی دُعا کرنے والا اس کی دُعا کو قبولیت سے نواز اجائے' ہے کوئی سائل کہ اس کا سوال پورا کر دیا جائے'......الخ۔

(۲) اس کے معنی یہ ہیں کہ شیاطین لوگوں کو خراب کرنے کے مقصد تک اس طرح رسائی حاصل نہیں کر سکتے جس طرح وہ عام دنوں میں رسائی حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ لوگ روزے' قرأت قرآن وغیرہ عبادات میں مشغول ہوتے ہیں' اس لیے وہ خواہشات نفس کی تکمیل سے باز رہتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



في حديث. والترمذي وحسنه ولفظه: الصائم حين يفطر۔ وابن ماجه وصححه ابن خزيمة وابن حبان۔ وفي رواية البزار: ثلاثةٌ حقٌّ على اللّٰهِ ان لا يَرُدُّ لَهُم دعوةً: الصَّائمُ حتّٰى يُفطرَ، والمسافرُ حتّٰى يَرجعَ، والمظلومُ حتّٰى يَنْتصِرَ۔]

عزت کی قسم! میں تیری ضرور مدد کروں گا خواہ ایک مدت کے بعد (احمد' ترمذی نے اسے حسن کہا اور اس میں لفظ یہ ہے کہ: ''روزہ دار کی جب وہ افطار کرے'' ابن ماجہ' ابن خزیمہ و ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے' بزار کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ تین آدمی ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہے کہ وہ ان کی دُعا کر رَد نہ کرے (۱): روزہ دار حتیٰ کہ وہ افطار کرے (۲) مسافر حتیٰ کہ واپس لوٹ آئے اور (۳) مظلوم حتیٰ کہ بدلہ لے لے۔[1] [ضعیف]

## الترهيب من افطار شيءٍ من رمضان عن غير عذر

## عذر کے بغیر رمضان کا روزہ چھوڑنے پر وعید

(۲۹۵) ((عن ابي هُريرةَ ﷺ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ (قالَ:) مَن افطرَ يومًا مِن رمَضانَ مِن غيرِ رُخصةٍ، ولا مرضٍ، لم يقضه صَومُ الدَّهرِ كُلِّه، وَان صَامَهُ۔)) [رواه الأربعة وصححه ابن خزيمة واخرجه البيهقي]

(۲۹۵) حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص رخصت یا مرض کے بغیر رمضان کے ایک دن کا روزہ چھوڑتا ہے تو زمانہ بھر کے روزے بھی اس کی قضا نہ بن سکیں گے[2] اگر وہ (عملی طور پر) رکھ بھی لے (اربعہ' ابن خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ بیہقی) [ضعیف]

## الترغيب في الصوم مطلقًا وما جاء في فضله

## مطلقاً روزے کی ترغیب وفضیلت

(۲۹۶) ((عن ابي هُريرةَ ؓ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: قالَ اللّٰه عزَّ و جلَّ: كلُّ عَمِلِ ابن ادمَ لَهُ، الا الصِّيامَ فِانَّه لي، وانا

(۲۹۶) حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ ابن آدم کا ہر عمل اس کے لئے ہے لیکن روزہ میرے لیے ہے اور اس کی جزا بھی میں خود ہی دوں گا'

(۱) یہ حدیث ضعیف ہے' اس کی سند میں ابو مدلہ ضعیف ہے جس کے بارہ میں ابن مدینی فرماتے ہیں کہ اس کا نام معلوم نہیں' یہ مجہول ہے اور اس سے ابومجاہد کے علاوہ اور کسی نے روایت نہیں کیا ہے لہٰذا امام ترمذی کا اس حدیث کو حسن قرار دینا درست نہیں ہے' سلسلہ ضعیفہ ج ۳ ص ۵۳۴۔۵۳۵ (مترجم)

(۲) اس حدیث میں رمضان کا ایک بھی روزہ چھوڑنے پر وعید ہے کیونکہ جان بوجھ کر ایسا کرنے والے کا ثواب کم اور اَجر ضائع ہوجائے گا اور آدمی اس اَجر و ثواب کو دوبارہ حاصل نہیں کر سکے گا خواہ وہ ساری زندگی نفل روزے رکھتا ہے یعنی ساری زندگی کے نفل روزے بھی رمضان کے ایک دن کے روزے کے قائم مقام نہیں ہو سکتے۔ (عمارہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اجزی به ، والصِّیامُ جُنَّةٌ، فاِذا کانَ یومُ صومِ احدِکُم فَلا یَرفُثْ، وَلَا یَصخَبْ، فاِنْ سابَّهٗ احدٌ، او قاتَلَهُ فلْیقلْ: انّی صَائِمٌ انی صَائِمٌ، والذی نَفسُ مُحمدٍ بِیدِهٖ لَخَلُوفُ فَمِ الصَّائمِ اطیبُ عندَ اللّٰهِ من رِیحِ المِسکِ، للصَّائِم فَرحتانِ یَفرحُهُمَا: اذا افطرَ فَرِحَ بِفطرِهٖ واذا لَقِیَ رَبَّهٗ فَرِحَ بِصَومِهٖ۔)) [متفق علیه واللفظ للبخاری]

روزہ ڈھال ہے لہذا جب تم میں سے کسی کے روزہ کا دن ہو تو وہ فحش گفتگو نہ کرے اور نہ شور و غوغا کرے اگر کوئی اسے گالی دے یا اس سے لڑائی کرے تو کہہ دے کہ میں روزہ دار ہوں میں روزہ دار ہوں اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے! روزہ دار کے منہ کی بُو اللہ تعالیٰ کے نزدیک کستوری کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہوگی روزہ دار کے لیے دو خوشیاں ہیں جن سے وہ خوش ہوتا ہے (۱) جب وہ افطار کرتا ہے تو افطار سے خوش ہوتا ہے اور (۲) جب وہ اپنے ربّ سے ملاقات کرے گا تو اپنے روزے سے خوش ہوگا۔ (بخاری و مسلم یہ الفاظ صحیح بخاری کی روایت کے ہیں)

(۲۹۷) (( وعَن معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ عن النبیِّ ﷺ قالَ: الصومُ جنة)) [ رواه الترمذی فی حدیث طویل صححه]

(۲۹۷) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ[1] سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ روزہ ڈھال ہے[2] (ترمذی نے اسے ایک طویل حدیث کے ضمن میں بیان کیا اور اسے صحیح قرار دیا ہے)

[صحیح لغیرہ]

(۲۹۸) (( وعَن عبداللهِ بنِ عَمرو رضی اللہ عنہما انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قالَ: القرآنُ والصیامُ یَشفعانِ للعبدِ یومَ القیامةِ یقولُ الصِّیامُ: ای رَبِّ مَنَعتُهُ الطَّعامَ والشَّهوةَ فَشفِّعنی فیه: ویَقولُ القُرآنُ: مَنعتُهُ النَّومَ باللیلِ فشفِّعنی فیهِ۔ قالَ فَیُشفَّعَانِ۔)) [رواه الطبرانی ورجاله رجال الصحیح وصححه الحاکم واخرجه ابن ابی الدنیا فی کتاب الجوع باسناد حسن]

(۲۹۸) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قرآن اور روزہ قیامت کے دن بندے کی شفاعت کریں گے روزہ کہے گا اے اللہ میں نے اسے کھانے اور شہوت سے روکا لہذا اس کے بارہ میں میری شفاعت قبول فرما لے اور قرآن کہے گا اے اللہ! میں نے اسے رات کو سونے سے روکا لہذا اس کے بارہ میں میری شفاعت قبول فرما لے تو ان دونوں کی شفاعت قبول کر لی جائے گی۔ (طبرانی اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور ابن ابی الدنیا نے ''کتاب الجوع'' میں اسے باسناد حسن بیان کیا ہے) [حسن صحیح]

---

(۱) حدیثِ معاذ کا ابتدائی حصہ اس طرح ہے جیسا کہ ''الترغیب والترھیب'' میں ان سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں نیکی کے دروازے نہ بتاؤں؟ میں نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیے یارسول اللہ ﷺ! فرمایا روزہ ڈھال ہے اور صدقہ گناہوں کو اس طرح مٹا دیتا ہے جس طرح پانی آگ کو بجھا دیتا ہے۔

(۲) الجُنّۃ کے معنی بچاؤ اور پردہ کے ہیں مفہوم یہ ہے کہ روزے دار کو گناہوں میں مبتلا ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۲۹۹) (( وعن سلمة بن قیصر رضی اللہ عنہ انّ رسولَ اللّٰه ﷺ قالَ: مَن صامَ یومًا ابتغاءَ وَجهِ اللّٰهِ بَاعدَهُ اللّٰهُ منْ جهنَّمَ كَبُعدِ غُرابٍ طارَ وهُوَ فرخٌ، حتّٰى مات هَرَمًا۔)) [رواہ ابو یعلٰی و البیھقی]

(۲۹۹) حضرت سلمہ بن قیصر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ایک دن کا روزہ رکھا تو اللہ تعالیٰ اسے جہنم سے اتنا دور کر دیتا ہے جتنا فاصلہ وہ کوا طے کرتا ہے جو پیدا ہوتے ہی اُڑنا شروع کر دے اور بوڑھا ہو کر فوت ہو۔ (ابویعلٰی، بیہقی) [ضعیف]

(۳۰۰) (( وعن أبي سعيد رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: ما مِن عَبدٍ یَصومُ یَومًا فی سَبیلِ اللّٰهِ الا باعَدَ اللّٰهُ بذلكَ الیومِ وَجهَهُ عَنِ النّارِ سَبعینَ خَریفًا۔)) [متفق علیہ]

(۳۰۰) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو بندہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک دن کا روزہ رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس دن کی وجہ سے اس کے چہرے کو جہنم سے ستر خریف دور کر دیتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

# باب فی صیام التطوع

## نفل روزوں کا بیان

### الترغیب فی صوم ست من شوال

### شوال کے چھ روزوں کی ترغیب

(۳۰۱) ((عَن ثَوبانَ رضی اللہ عنہ عن رسولِ اللّٰهِ ﷺ قالَ: مَن صامَ ستّةَ ایّامٍ بَعْدَ الفِطرِ كانَ تمامَ السنةِ، مَن جاءَ بالحسنةِ فلَهُ عَشرُ امثالِها۔)) [رواہ النسائی وابن ماجه وھذا لفظه وزاد النسائی فَشَهرٌ بعشرةِ أشهرٍ بعدَ الفطرِ تمامُ السنةِ۔ ولابن خزیمة نحوه، واخرجه ابن حبان بلفظ: من صام رمضان، وستًّا من شوال، فقد صام السنة۔ رواہ احمد والبزار

(۳۰۱) حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے عید الفطر کے بعد چھ روزے رکھے تو یہ سارے سال کے روزے رکھنے کی طرح ہوگا کہ جو نیکی کرے اسے اس کا دس گنا اجر و ثواب ملتا ہے۔ (نسائی، ابن ماجہ، اور یہ لفظ ابن ماجہ کے ہیں نسائی کی روایت میں یہ الفاظ زائد بھی ہیں کہ مہینے کا ثواب دس مہینوں کے بقدر اور عید الفطر کے بعد چھ دنوں کے روزے (ملا لیے جائیں) تو ان کا ثواب سال بھر کے روزوں کے بقدر ہے' (ابن خزیمہ' ابن حبان میں یہ الفاظ ہیں کہ جس نے رمضان کے اور چھ شوال کے روزے رکھے تو اس نے گویا سارا سال روزے رکھے' احمد' بزار'

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


والطبرانی والبیھقی من حدیث جابر۔] طبرانی' بیہقی بروایت جابر) [صحیح]

## الترغیب فی صوم یوم عرفۃ لمن لَم یکن بھا

## جو شخص عرفہ میں نہ ہو اس کے لیے عرفہ کے دن کے روزے کی ترغیب

(۳۰۲) (( وعَن ابی قَتادَۃ رضی اللہ عنہ قالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰہ ﷺ عن صَومِ یَومِ عَرفۃَ قالَ: یُکفِّرُ السَّنۃَ الماضِیَۃَ والباقِیَۃ۔)) [ رواہ مسلم والاربعۃ ولفظ الترمذی: صیامُ یومِ عرفۃ انّی احتسِبُ علی اللّٰہِ ان یُکَفِّرَ السَّنَۃَ التی بَعدَہٗ' والسَّنۃَ التی قَبلَہٗ]

(۳۰۲) حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے عرفہ کے دن کے روزے کے بارہ میں پوچھا گیا تو فرمایا یہ گزشتہ اور آئندہ سال کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ (مسلم' اربعہ' ترمذی کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ عرفہ کے دن کے روزے کے بارہ میں مجھے اللہ تعالیٰ سے یہ اُمید ہے کہ وہ اس سے ایک سال پہلے اور ایک سال بعد کے گناہ معاف فرما دے گا)

## فصل

(۳۰۳) (( عن ابی ھُریرۃَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ نھی عَن صومِ یومِ عَرفۃَ بِعَرفۃ۔)) [ رواہ ابوداود والنسائی وصححہ ابن خزیمۃ واخرجہ الطبرانی فی الاوسط من حدیث عائشۃ۔ قالَ المصنف اختلف العلماء فی صوم یوم عرفۃ فقالَ ابن عمر لم یصمہ النبی ﷺ ' ولا ابو بکر' ولا عمر' ولا عثمان' وانا لا اصومہ وکان مالك والثوری: یختاران الفطر' وکان ابن الزبیر وعائشۃ: یصومان (یوم عرفۃ) ورُوِیَ ذلك عن عثمانَ بنِ ابی العاص ' وکانَ اسحٰقُ: یَمیل الی الصوم ' وقالَ: عطاء: اصوم فی الشتاء لا فی الصیف' وقالَ قتادۃ: لا باس

(۳۰۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عرفہ میں یوم عرفہ کے روزے سے منع فرمایا (ابوداؤد' نسائی' ابن خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے' طبرانی اوسط بروایت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مصنف فرماتے ہیں کہ علماء کا یومِ عرفہ کے روزے میں اختلاف ہے' ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے یہ روزہ نہیں رکھا' نہ ابوبکر رضی اللہ عنہ' نے' نہ عمر رضی اللہ عنہ' نے' نہ عثمان رضی اللہ عنہ نے اور میں بھی نہیں رکھتا' امام مالک اور ثوری بھی روزہ نہ رکھنے کو پسند کرتے تھے لیکن ابن زبیر رضی اللہ عنہما اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا عرفہ کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔ عثمان بن ابی العاص سے بھی یہی روایت ہے' اسحاق کا میلان روزہ کی طرف تھا' عطا فرماتے ہیں کہ میں سردیوں میں روزہ رکھتا ہوں اور گرمیوں میں نہیں' قتادہ فرماتے ہیں کوئی حرج نہیں اگر آدمی دُعا کے لیے کمزور نہ ہو جائے' امام شافعی فرماتے ہیں کہ غیر حاجی کے لیے مستحب ہے لیکن حاجی کے لیے میں یہ پسند کرتا ہوں کہ روزہ نہ رکھے تا کہ دُعا کے لیے اسے تقویت حاصل ہو۔ امام احمد

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



به اذا لم يضعف عن الدعاء' وقالَ الشافعي: يستحب لغير الحاج ' واما الحاج فاحب الى ان يفطر ليقويه على الدعاء وقالَ احمد: ان قدر على ان يصوم صام والا افطر فهو يوم يحتاج فيه الى القوة]

فرماتے ہیں کہ اگر روزے کی طاقت ہو تو روزہ رکھ لے ورنہ نہ رکھے کیونکہ اس دن قوت وطاقت کی ضرورت ہے) [ضعیف]

## الترغيب فى صيام شهر الله المحرم

## اللہ کے مہینے محرم کے روزے کی ترغیب

(۳۰۴) ((عن ابى هُريرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : افضلُ الصِّيامِ بعدَ رَمضانَ شهرُ اللّٰهِ المحرَّمُ۔)) [رواه مسلم فى حديث واخرجه النسائى والطبرانى من حديث جُندبِ بنِ سفيان ولفظه: شهرُ اللّٰه الذى تدعونه المحرم]

(۳۰۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رمضان کے بعد افضل روزہ اللہ تعالیٰ کے مہینے محرم کا ہے (مسلم' نسائی وطبرانی نے اسے بروایت جندب بن سفیان بیان کیا ہے اور الفاظ یہ ہے کہ اللہ کا یہ مہینہ جسے تم محرم کہتے ہو)

## الترغيب فى صوم يوم عاشوراء والتوسع فيه على العيال

## یومِ عاشورہ کے روزے اور اہل وعیال پر کشادگی کی ترغیب

(۳۰۵) ((عن ابى قَتادةَ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ سُئِلَ عن صِيامِ يومِ عَاشوراء فقالَ: يُكفِّرُ السَّنةَ الماضيةَ۔)) [رواه مسلم وابن ماجه ولفظه: قالَ صيام يومِ عاشوراء انى احتَسِبُ على اللّٰهِ ان يكفِّر السَّنةَ التى بَعْدَها]

(۳۰۵) حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے یومِ عاشورہ کے روزے کے بارہ میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس سے گزشتہ سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ (مسلم' ابن ماجہ کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ یوم عاشورا کے روزے کے بارہ میں اللہ تعالیٰ سے اُمید ہے کہ وہ اس سے بعد میں آنے والے سال کے گناہ معاف فرمادے گا)

(۳۰۶) ((وعَنِ ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ صامَ عَاشوراءَ وَامرَ بِصيامِهِ۔))

(۳۰۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عاشوراء کا روزہ رکھا اور اس کا روزہ رکھنے کا حکم بھی دیا (بخاری و

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



[متفق علیه، وعَند مسلم: ما علمتُ انَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ صامَ یومًا یَطلبُ فَضلَهُ علی الایّامِ الا هذا الیَومَ، یعنی عاشُوراء ولا شهرًا یطلبُ فَضلَهُ علی الشُّهورِ الا هذا الشَّهرَ یعنی رَمضانَ۔ وللطبرانی فی الاوسط: لم یکُنْ یتوخّی فضلَ یومٍ علی یومٍ بعدَ رمضَانَ الا عاشُوراءَ۔ وله فی الکبیر لیسَ لیومٍ علی یومٍ فضل فی الصیامِ الا شهرَ رمضانَ، ویومَ عاشوراءَ]

مسلم، مسلم کی روایت میں ہے کہ مجھے نہیں معلوم کہ رسول اللہ ﷺ نے کسی ایسے دن کا روزہ رکھا ہو جس کی دوسرے دنوں پر فضیلت کے طالب ہوں، سوائے اس دن یعنی عاشوراء کے اور نہ آپ ﷺ نے کسی مہینے کے روزے رکھے ہوں کہ اس کی دوسرے مہینوں پر فضیلت کے طالب ہوں، سوائے اس مہینے یعنی رمضان کے "طبرانی اوسط" میں ہے کہ رمضان کے بعد آپ ﷺ کسی دن کی دوسرے دن پر فضیلت قرار نہیں دیتے تھے سوائے عاشوراء اور "معجم کبیر" میں ہے کہ روزہ کے اعتبار سے ماہ رمضان اور یوم عاشوراء کے علاوہ کسی دن کو دوسرے دن پر فضیلت حاصل نہیں ہے)

(۳۰۷) (( وعَن ابی سعیدٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ: مَن صامَ عاشُوراء غُفِرَ لَهُ سنةٌ)) [رواه الطبرانی فی الاوسط]

(۳۰۷) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے عاشوراء کا روزہ رکھا اس کے ایک سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ (طبرانی اوسط) [صحیح لغیرہ]

# فصل

(۳۰۸) (( عن ابی هُریرةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ قالَ: من اَوسعَ علٰی عِیالِه وَاَهلِه یومَ عَاشوراء، اَوْسَعَ اللّٰہ علیه سائِرَ سَنةٍ)) [ رواه البیهقی وغیره من طرق، وقالَ: هی وان کانت ضعیفة لکن اذا ضم بعضها الی بعض احدث قوة]

(۳۰۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے اپنے اہل وعیال پر عاشوراء کے دن توسیع کی اللہ تعالیٰ اس پر سارا سال رزق میں فراخی کرے گا (بیہقی وغیرہ نے اسے کئی طرق سے روایت کیا ہے اگرچہ یہ طرق ضعیف ہے لیکن جب انہیں آپس میں ملایا جائے تو قوی ہو جاتے ہیں) (۱) [ضعیف]

(۱) اس حدیث کے تمام طرق ہی ضعیف ہیں جیسا کہ امام بیہقی نے خود اس کی صراحت فرمائی ہے، اسی طرح ملا علی قاری نے حافظ ابن قیم کے حوالہ سے لکھا ہے کہ عاشوراء کے دن سرمہ، تیل اور خوشبو وغیرہ استعمال کرنے کے بارہ میں جو احادیث مروی ہیں، یہ سب کذاب لوگوں کی وضع کردہ ہیں اور ان کے مقابلہ میں کچھ لوگوں نے اسے غم وحزن کا دن قرار دے رکھا ہے تو یہ دونوں گروہ بدعتی اور اہلسنت سے خارج ہیں۔ سچے اہلسنت اس دن صرف وہی کام کرتے ہیں جس کا آنحضرت ﷺ نے حکم دیا ہے اور وہ ہے روزہ رکھنا اور شیطان نے اس دن جن بدعات کے ارتکاب کا حکم دیا ہے، یہ ان سے سخت اجتناب کرتے ہیں)۔ (موضوعات ص ۱۲۲ مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیبُ فی صومِ شعبان وفضل لیلة نصفه

## شعبان کے روزے کی ترغیب اور اس کی پندرھویں رات کی فضیلت

(۳۰۹) (( عن عائشةَ ﷞ انَّ النبیَّ ﷺ کانَ یصومُ شعبانَ کلَّهُ قالَت قُلتُ: یا رسولَ اللّٰهِ احبُّ الشُّهورِ الیكَ انْ تَصومَ شَعبانَ؟ قالَ: ان اللّٰه یکتبُ فیهِ علی کُلِّ نَفسٍ مَیِّتةٍ تِلكَ السَّنةَ ، فاُحِبُّ ان یاتینی اجلی وانَا صائِم۔)) [رواہ ابویعلٰی وفی روایة لابی ابوداود قالَت: کان احبَّ الشُّهور الی رسولِ اللّٰه ﷺ ان یصومَهُ شَعبانُ ، ثمَّ یصلُهُ بِرمَضانَ۔]

(۳۰۹) حضرت عائشہ ﷞ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ سارے شعبان کے روزے رکھا کرتے تھے، میں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا سارے مہینوں میں سے آپ کو یہ پسند ہے کہ آپ شعبان کے روزے رکھیں؟ فرمایا کہ اس سال جس جس جاندار نے فوت ہونا ہوتا ہے اسے اللہ تعالیٰ اس مہینے میں لکھ لیتے ہیں لہذا میں پسند کرتا ہوں کہ میری موت اس حال میں آئے کہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہو[1] (ابویعلیٰ، ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو مہینوں میں سب سے زیادہ پسند یہ بات تھی کہ آپ شعبان کے روزے رکھیں پھر آپ اسے رمضان کے ساتھ ملا دیتے تھے) [ضعیف]

## فصل

(۳۱۰) (( عن معاذِ بنِ جبلٍ ﷛ عن النبیِّ ﷺ قالَ: یَطَّلعُ اللّٰهُ إلی جَمیعِ خلقِه لیلةَ النِّصفِ من شَعبانَ فَیغفِرُ لَجمیعِ خَلقِه الَّا لمشركٍ او مُشاحِنٍ)) [رواہ الطبرانی وصححه ابن حبان]

(۳۱۰) حضرت معاذ بن جبل ﷛ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ شعبان کی پندرھویں رات کو اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور مشرک یا کینہ پرور کے سوا ساری مخلوق کو معاف فرما دیتا ہے۔[2] (طبرانی، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن]

## الترغیبُ فی صومِ ثلاثةِ ایَّام من کل شهر سیما الایَّام البیض

## ہر ماہ تین دن خصوصاً ایامِ بیض کے روزوں کی ترغیب

---

(۱) اس حدیث کی سند انتہائی ضعیف ہے علاوہ ازیں قرآن حکیم کی متعدد آیات (سورۃ الدخان اور سورۃ القدر) نیز صحیح احادیث اس باب میں صریح ہیں کہ تمام اُمور کے فیصلے لیلۃ القدر میں کئے جاتے ہیں نہ کہ ماہِ شعبان کی کسی مخصوص رات میں۔ قاضی ابوبکر ابن العربی لکھتے ہیں کہ شعبان کی پندرھویں رات سے متعلق کوئی روایت قابل اعتماد نہیں ہے۔ نہ اس کی فضیلت کے بارے میں نہ اس بارے میں کہ اس رات قسمتوں کے فیصلے ہوتے ہیں۔ (احکام القرآن)

(۲) اس کی سند ضعیف ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۳۱۱) (( عن عبدِ اللّٰہ بنِ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم : صومُ ثلاثةِ ایّامٍ من کُلِّ شھرٍ صومُ الدھرِ کلّہٖ))[متفق علیه]

(۳۱۱) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ماہ تین دن کے روزے رکھنا گویا زندگی بھر کے روزے رکھنا ہے۔ (بخاری ومسلم)

(۳۱۲) (( وعَنهُ رضی اللہ عنہ انَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قالَ لَهُ: بَلَغنی انَّكَ تَصومُ النَّهارَ۔ وتَقومُ اللَّیل فَلا تَفعلْ، فإنَّ لِجسَدِكَ عَلیكَ حَقًّا ولَعینِكَ عَلیكَ حَقًّا، وان لزوجكَ عَلیكَ حَقًّا صُمْ وافْطِرْ، صُمْ مِنْ كُلِّ شهرٍ ثَلاثةَ ایّامٍ، فَذلكَ صَومُ الدَّهرِ۔ قلتُ: یَا رسولَ اللّٰہ انَّ لی قُوةً قالَ: فَصمْ صَومَ داوُد: صُم یَومًا وافطِرْ یَومًا: فَكانَ یَقولُ: یَا لیتنی اخذتُ بالرخصَة))[متفق علیه]

(۳۱۲) حضرت عبداللہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا مجھے یہ خبر ملی ہے کہ تم دن کو روزہ رکھتے اور رات بھر قیام کرتے ہو' ایسا نہ کرو کیونکہ تمہارے جسم کا بھی تم پر حق ہے' تمہاری آنکھوں کا بھی تم پر حق ہے' تمہاری بیوی کا بھی تم پر حق ہے' لہذا روزہ رکھو بھی اور نہ بھی رکھو' ہر ماہ تین روزے رکھ لو یہ زندگی بھر کے روزے ہوں گے' میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے طاقت حاصل ہے' فرمایا حضرت داؤد کی طرح روزہ رکھو' یعنی ایک دن روزہ رکھو اور ایک دن نہ رکھو۔ عبداللہ کہا کرتے تھے اے کاش میں رخصت کو قبول کر لیتا۔[1] (بخاری ومسلم)

(۳۱۳) (( وعَن ابی ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم : مَن صَامَ من كُلِّ شَهرٍ ثَلاثَةَ ایّامٍ، فَذلكَ صِیَامُ الدَّهرِ، وانزَلَ اللّٰہُ تَصدیقَ ذٰلكَ فِی كِتابِهٖ: مَن جاءَ بالحسنةِ فلهُ عَشرُ امثالِها۔ الیومُ بِعَشرةِ ایّامٍ۔)) [ رواه احمد والترمذی واللفظ لَهُ وقالَ: حسن۔ والنسائی وصححه ابن خزیمة۔ وفی روایة للنسائی: من صَامَ ثلاثة ایّامٍ من كُلِّ شهرٍ۔ فَقَد تَمَّ صومُ الشَّهر، او

(۳۱۳) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر ماہ تین دن روزے رکھ لے تو یہ زندگی بھر کے روزے ہیں' اللہ تعالیٰ نے اس کی تصدیق قرآن مجید میں اس طرح نازل فرمائی ہے کہ "جو شخص نیکی کرے گا تو اسے اس سے دس گنا ثواب ملے گا" یعنی ایک دن کا دس دنوں کے بقدر ثواب ہو گا (احمد' نسائی' ترمذی نے اسے حسن اور ابن خزیمہ نے صحیح قرار دیا ہے) نسائی کی ایک روایت میں ہے کہ جس نے ہر ماہ تین روزے رکھے اس نے پورے مہینے کے روزے رکھے یا اسے پورے مہینے کے روزوں کا ثواب ملے گا' ان کی ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اگر تم مہینے

(۱) عبداللہ نے یہ اس وقت کہا جب ان کی عمر زیادہ ہو گئی اور وہ اس کی محافظت سے عاجز آ گئے تھے جس کا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عہد کیا تھا اور اب اسے توڑنا بھی ممکن نہ تھا کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا اے عبداللہ! فلاں شخص کی طرح نہ بنو کہ وہ رات کو قیام کرتا تھا لیکن پھر اس نے قیام لیل کو ترک کر دیا' اس حدیث اور ابن عمرو رضی اللہ عنہ کی اس بات سے معلوم ہوا کہ نیکی کی جو عادت بن جائے اس پر دوام کرنا چاہئے اور اس میں کمی نہیں آنے دینا چاہیے۔ (نووی ص ۱۰۵)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فله صومُ الشَّهرِ۔ وفی روایة لهم: اذا صمتَ من الشَّهرِ ثلاثةً فَصُم ثلاثَ عَشْرةَ واربعَ عَشْرةَ وخَمس عَشْرَةَ]

میں تین روزے رکھنا چاہو تو ہر ماہ کی تیرہ' چودہ اور پندرہ تاریخ کے روزے رکھ لو)۔[صحیح]

(۳۱۴) (( وعَن ابن عُمر ﷺ ان رجُلًا سالَ النبیَّ ﷺ عن الصِّیامِ؟ فقالَ: عَلیكَ بالبِیضِ: ثَلاثةَ ایَّامٍ من کُلِّ شهرٍ۔)) [رواہ الطبرانی فی الاوسط' رواته ثقات]

(۳۱۴) حضرت ابن عمر ﷺ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے آنحضرت ﷺ سے روزہ کے بارہ میں پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ (ایامِ بیض کا التزام کرلو یعنی ہر ماہ ایامِ بیض کے تین روزے رکھ لو۔ (طبرانی اوسط' اس کے راوی ثقہ ہیں)[موضوع] [1]

## الترغیب فی صوم یوم الاثنین والخمیس

### سوموار اور جمعرات کے روزے کی ترغیب

(۳۱۵) ((عن ابی هُریرةَ ﷺ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ کانَ یصومُ الاثنین والخَمیس' فقیلَ یا رسولَ اللّٰه: انَّكَ تَصومُ الاثنَینَ والخَمیسَ' فقالَ انَّ یومَ الاثنینِ والخَمیسِ یَغفِرُ اللّٰهُ فیهما لکلِّ مُسلمٍ الا مُهتَجِرینَ یقول: دعْهما حتّٰی یَصطَلِحا۔)) [ رواہ ابن ماجه ورواته ثقات وهو عند مسلم وابی داوود والترمذی باختصار ذکر الصوم]

(۳۱۵) حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھا کرتے تھے' عرض کیا گیا یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھتے ہیں؟ فرمایا سوموار اور جمعرات کو اللہ تعالیٰ مسلمان کو معاف فرما دیتے ہیں' سوائے ان دو کے جنہوں نے آپس میں قطع تعلق کر رکھا ہو' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کو چھوڑ دو حتی کہ یہ آپس میں صلح کریں (ابن ماجہ' اس کے راوی ثقہ ہیں' مسلم' ابوداؤد اور ترمذی کی روایت میں روزے کا ذکر نہیں ہے)[صحیح لغیرہ]

## الترغیب فی صوم الاربعاء والخمیس والجمعة والسبت وما جاء فی النهی عن تخصیص الجمعة بالصوم والسبت

### بدھ' جمعرات' جمعہ اور ہفتہ کے روزہ کی ترغیب اور خاص جمعہ و ہفتہ کے روزے کی ممانعت

(۳۱۶) (( عن جُوَیْرِیةَ بنتِ الحارِثِ ﷺ انَّ النبیَّ ﷺ دَخلَ علیها یومَ الجُمعةِ '

(۳۱۶) حضرت جویریہ بنت حارث ﷺ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ جمعہ کے دن ان کے پاس گئے تو وہ روزے سے

(۱) ایامِ بیض کا روزہ رکھنے کی فضیلت میں صحیح احادیث اس موضوع روایت سے مستغنی کرتی ہیں۔ (محدث البانی ﷫)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وهِيَ صَائِمَةٌ۔ فقالَ: اصُمْتِ امسِ؟ قالَت: لَا۔ قالَ: اتُرِيدِينَ ان تَصُومي غَدًا؟ قالَتْ: لَا۔ قَالَ: فافطِرى)) [رواه البخارى و ابوداؤد]

تھیں، آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم نے کل بھی روزہ رکھا تھا؟ انہوں نے جواب دیا نہیں، فرمایا کیا تمہارا کل بھی روزہ رکھنے کا ارادہ ہے؟ انہوں نے جواب دیا نہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا پھر آج کے روزے کو بھی توڑ دو۔ (بخاری وابوداؤد)

(۳۱۷) (( وعَن ابى هُريرةَ ؓ قالَ: سمعتُ رسولَ الله ﷺ يقولُ: لَا يَصومَنَّ احدكُمْ يومَ الجُمعةِ الا ان يَصُومَ يَومًا قَبلَه او يَومًا بَعْدَهُ۔))[متفق عليه] وفى رواية لابن خزيمة: انَّ يومَ الجُمعة يومُ عيدٍ فَلا تَجعلُوا يومَ عِيدِكُم يومَ صِيامِكُم الا ان تَصُوموا قَبلَهُ او بَعدهُ۔

(۳۱۷) حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے کوئی (خاص) جمعہ کے دن کا روزہ نہ رکھے اِلّا یہ کہ اس سے ایک دن پہلے یا ایک دن بعد کا بھی روزہ رکھے۔ (بخاری ومسلم) ابن خزیمہ کی ایک روایت میں ہے کہ جمعہ کا دن عید کا دن ہے لہٰذا عید کے دن کو روزے کا دن نہ بناؤ اِلّا یہ کہ تم اس سے ایک دن پہلے یا بعد کا بھی روزہ رکھو۔

## الترهيب من ان تصوم المراة تطوعًا إلا بإذن زوجها

## خاوند کی اجازت کے بغیر عورت کے لیے نفل روزے کی ممانعت

(۳۱۸) (( عَن ابى هُريرةَ ؓ انَّ رسولَ الله ﷺ قالَ: لَا يَحلُّ لامرَاةٍ ان تصومَ ، وزَوجُها شَاهِدٌ الا بإذنِهِ)) [ متفق عليه وفى رواية لاحمد وابى داوود وغيرهما: غَيرَ رَمَضانَ۔]

(۳۱۸) حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کسی عورت کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ اس کا شوہر موجود ہو اور وہ اس کی اجازت کے بغیر روزہ رکھے (بخاری ومسلم، احمد، ابوداؤد اور دیگر کی روایت میں ہے غیر رمضان (رمضان کے علاوہ)

## الترهيب من الصوم فى السفر لمن يشق عليه

## جسے تکلیف ہوتی ہو اس کے لیے سفر میں روزے کی ممانعت

(۳۱۹) (( عن جابرٍ ؓ انَّ رسولَ الله ﷺ خَرجَ عامَ الفَتحِ الى مكّةَ فى رَمضانَ حتّٰى بلغَ كراعَ الغميم فَصامَ وصَامَ

(۳۱۹) حضرت جابر ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے سال رمضان میں مکہ کی طرف روانہ ہوئے اور جب کراع الغمیم (۱) میں پہنچے تو آپ ﷺ نے روزہ رکھا اور دوسرے لوگوں نے

(۱) غمیم 'غسفان سے آٹھ میل آگے ایک وادی کا نام ہے اور کراع اس سے متصل ایک کالا پہاڑ ہے' یہ مقام مدینہ سے سات مراحل کے فاصلہ پر ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الناسُ ، ثُمَّ دَعا بِقَدَحٍ من ماءٍ فرفعهُ حتّٰى نَظَرَ الناسُ اِليهِ، ثُمَّ شَرِبَ ، فقيلَ لَهٗ: بعدَ ذٰلِكَ انَّ بَعضَ النَّاسِ قَد صَامَ فَقالَ: اولئك العصاة، اولئك العصاة وفي رواية فقيل لَهٗ: ان بعضَ الناسِ قَد شَقَّ عليهِم الصِّيامُ، وانما يَنظُرونَ فيما فَعلتَ، فَدعا بِقَدحٍ من ماءٍ بعدَ العَصرِ فَشرِبَ)) [رواه مسلم] قوله كراع بضم الكاف والغميم بفتح المعجمة موضع قريب من عسفان]

بھی روزہ رکھا' پھر آپ ﷺ نے پانی کا پیالہ منگوایا' اسے اُٹھایا حتی کہ لوگوں نے دیکھا تو آپ ﷺ نے پانی نوش فرمالیا' اس کے بعد آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ بعض لوگوں نے روزہ رکھا ہوا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا ''یہ نافرمان ہیں''۔[1] ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ لوگوں کو روزہ بہت گراں محسوس ہو رہا ہے اور وہ آپ ﷺ کی طرف دیکھ رہے ہیں تو آپ ﷺ نے عصر کے بعد پانی کا ایک پیالہ منگوایا اور اسے نوش فرمالیا (مسلم) کراع کاف کے ضمہ کے ساتھ اور الغمیم غین کے فتحہ کے ساتھ ہے اور یہ عسفان کے قریب ایک جگہ کا نام ہے۔

(۳۲۰) (( وعَن جابرٍ ؓ قالَ: كان رسولُ اللّٰهِ ﷺ في سَفرٍ فَراٰى رَجلًا قد اجتَمع عليهِ الناسُ وقَد ظُلِّل عليهِ ، فقالَ ما بَالُه؟ قَالُوا: رَجُلٌ صَائمٌ، فَقالَ: لَيسَ البِرُّ ان تَصومُوا في السَّفرِ۔)) [ متفق عليه وفي رواية: عليكُم برُخصَةِ اللّٰهِ التي ارخَصَ لكُم وفي رواية للنسائي: يُرَشُّ عليهِ الماءُ ، وزاد في آخره: عليكم برخصة الله التي رخّصَ لكم فاقبَلُوها]

(۳۲۰) حضرت جابر ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سفر میں تھے کہ آپ ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا جس پر لوگ جمع تھے اور اس پر سایہ کیا گیا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: کیا ماجرا ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ ایک روزے دار آدمی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا نیکی یہ نہیں ہے کہ تم سفر میں روزہ رکھو۔ (بخاری و مسلم' ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اس رخصت کو قبول کرو جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں عطا فرمائی ہے۔ نسائی کی روایت میں ہے کہ اس پر پانی کے چھینٹے مارے جا رہے تھے اور آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی اس رخصت کو قبول کرو جو اس نے تمہیں عطا فرمائی ہے )

(۳۲۱) (( وعَن كَعبِ بن عاصم الاشعريِّ ؓ قالَ: سمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ يقولُ: لَيس مِن البِرِّ الصِّيامُ في السَّفرِ)) [رواه النسائي وابن ماجه وسنده صحيح وهو عند احمد بلفظ: ليسَ مِنَ امْبِرا

(۳۲۱) حضرت کعب بن عاصم اشعری ؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ سفر میں روزہ نیکی نہیں ہے۔ (نسائی' ابن ماجہ' اس کی سند صحیح ہے۔ مسند احمد کی روایت میں الفاظ اس طرح ہیں: لیس من امبر امصیام فی امسفر (یہ بعض اہل یمن کی لغت ہے ) [صحیح]

(۱) یہ ان لوگوں کے بارہ میں ہے جنہیں روزے سے تکلیف پہنچی ہو یا اس سے مراد وہ لوگ ہیں جنہیں بیان جواز کی مصلحت کی وجہ سے روزہ نہ رکھنے کا تاکیدی حکم دیا گیا ہو اور پھر انہوں نے اس کی مخالفت کی ہو۔ بہر حال ان دونوں معنوں کے مطابق سفر میں روزہ رکھنے والا عاصی نہ ہوگا جب کہ اسے روزے سے تکلیف نہ ہوتی ہو تو پہلی تاویل کی تائید دوسری روایت کے ان الفاظ سے بھی ہوتی ہے کہ لوگوں کو روزہ بہت گراں محسوس ہوا۔ (نووی ۱۰۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مصيامُ في امْسَفرِ بدل اللام ميم في المواضع كلها' وهي لغة لبعض اهل اليمن]

(٣٢٢) ((وعَن ابى عُمرَ رضی اللہ عنہ انَّ النبيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قالَ: انَّ اللّٰهَ تَبارَكَ وتَعالٰى يُحِبُّ ان تُوتى رُخَصُهُ كَما يكْرَهُ ان تُوتى مَعصيَتُهُ)) [رواه احمد والبزار والطبراني في الاوسط' وصححه ابن خزيمة وابن حبان' وفي رواية لابن خزيمه: كما يحب ان تُترك معصيتُه۔ واخرجه البزار والطبراني وصححه ابن حبان من حديث ابن عباس كالاول]

(۳۲۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ اس بات کو پسند فرماتا ہے کہ اس کی رخصتوں کو قبول کیا جائے جس طرح کہ وہ اس بات کو ناپسند فرماتا ہے کہ اس کی نافرمانی کی جائے۔(احمد' بزار' طبرانی اوسط۔ ابن خزیمہ و ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور ابن خزیمہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ جس طرح وہ یہ پسند کرتا ہے کہ اس کی نافرمانی کو ترک کر دیا جائے' بزار' طبرانی' ابن حبان میں یہ بروایت ابن عباس رضی اللہ عنہما ہے اور اسے بھی انہوں نے پہلی روایت کی طرح صحیح قرار دیا ہے)[حسن صحيح]

(٣٢٣) (( وعَن عبد الله بنِ يزيدِ ابن آدمَ حدثني ابو الدَّرداءِ وواثلة وابو امامة وانس انَّ رسولَ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم قالَ: انَّ اللّٰهَ يُحبُّ ان تُقبلَ رُخَصُه كما يُحِبُّ العبدُ مغفرةَ ربِّه۔)) [ رواه الطبراني في الكبير والاوسط]

(۳۲۳) عبداللہ بن یزید بن آدم سے روایت ہے کہ مجھے ابوالدرداء' واثلہ' ابوامامہ اور انس نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند فرماتا ہے کہ اس کی رخصتوں کو قبول کر لیا جائے جس طرح بندہ اپنے رب کی مغفرت کو پسند کرتا ہے۔ (طبرانی' کبیر و اوسط)[موضوع]

(٣٢٤) (( وعَن انسٍ رضی اللہ عنہ قالَ: كُنَّا معَ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم في سَفرٍ فَمِنَّا الصَّائمُ' ومِنا المُفطِرُ۔ قالَ فَنزلْنا مَنزِلًا في يومٍ حارٍّ ' واكثرُنا ظِلًّا صاحبُ الكِسَاءِ' فَمِنا مَن يتَّقي الشَّمسَ بيدِه۔ قالَ: فَسقطَ الصُّوَّامُ' وقامَ المُفطرونَ: فضَربوا الابنيةَ وَسَقَوُا الرِّكابَ' فقالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : ذهبَ المُفطرونَ اليومَ بالاَجرِ۔)) [رواه ومسلم] لكهى

(۳۲۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے ہم میں سے کچھ لوگوں نے روزہ رکھا ہوا تھا اور کچھ نے روزہ نہیں رکھا ہوا تھا' سخت گرم دن تھا ہم نے ایک جگہ پڑاؤ ڈالا اور جس کے پاس چادر تھی اس کے پاس گویا سب سے زیادہ سایہ تھا' کچھ لوگ اپنے ہاتھ ہی سے سورج کی گرمی سے اپنے آپ کو بچا رہے تھے لیکن ہوا یہ کہ (گرمی کی تاب نہ لاتے ہوئے) روزہ دار گرنے لگے اور جنہوں نے روزہ نہیں رکھا ہوا تھا وہ اُٹھے' انہوں نے خیمے لگائے اور سواریوں کو پانی پلایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

www.KitaboSunnat.com



آج روزہ نہ رکھنے والے زیادہ اَجر لے گئے۔ (مسلم)

(۳۲۵) (( عن ابی سعیدٍ الخدریّ رضی اللہ عنہ قالَ: غزونا مع رسولِ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم لِستَّ عَشَرةَ مضَتْ مِنْ رَمضانَ، فَمِنا مَن صَامَ ومِنا مَن افطَرَ، فلَمْ يَعبِ الصَّائِمُ عَلى المُفْطِرِ وَلا المُفطِرُ على الصَّائِم۔ وفى رواية: يَرَون انَّ من وَجَد قُوَّةً فصامَ فإنَّ ذلكَ حَسنٌ، ويَرونَ مَن وَجَد ضَعفًا فافطرَ فإنَّ ذلكَ حسنٌ۔)) [ رواه مسلم وغيره۔ وقالَ المصنف اختلف العلماء فى الصوم فى السفر والفطر فقالَ انس: الصوم افضل، ويحكى عن عثمان ابن ابى العاصى واليه ذهب النخعى وسعيد بن جبير والثورى وابو ثور واصحاب الراى وقالَ مالك، والشافعى، وفضيل ابن عياض: الصوم افضل لمن قوى عليه۔ وقالَ ابن عمر، وابن عباس، و سعيد بن المسيب، والاوزاعى، والشعبى، واحمد واسحق: الفطر افضل، وروى عن عمر بن عبد العزيز، وَقتادة ومجاهد: افضلهما ايسرهما على المرء، قالَ ابن المنذر فبه اقول۔ قالَ المصنف وهو حسن]

(۳۲۵) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سولہ رمضان کو ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا' ہم میں سے کچھ لوگوں نے روزہ رکھا ہوا تھا اور کچھ نے روزہ نہیں رکھا ہوا تھا' روزہ رکھنے والے نے نہ رکھنے والے کو اور نہ رکھنے والے نے رکھنے والے کو کوئی الزام نہ دیا' اور ایک روایت میں ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا خیال تھا کہ جس میں قوت تھی اور اس نے روزہ رکھ لیا تو یہ اچھا ہے اور جس میں کمزوری تھی اور اس نے روزہ نہ رکھا تو یہ بھی اچھا ہے (مسلم اور دیگر۔ مصنف فرماتے ہیں کہ علماء کا سفر میں روزہ رکھنے اور نہ رکھنے میں اختلاف ہے' حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ روزہ افضل ہے' عثمان بن ابی العاصی' نخعی' سعید بن جبیر' ثوری' ابوثور' اصحاب رائے' مالک' شافعی اور فضیل بن عیاض کا مذہب ہے کہ جس میں طاقت ہو اس کے لیے روزہ افضل ہے' ابن عمر' ابن عباس' سعید بن میتب' اوزاعی' شعبی' احمد اور اسحاق کا مذہب یہ ہے کہ سفر میں روزہ نہ رکھنا افضل ہے' عمر بن عبدالعزیز' قتادہ اور مجاہد سے روایت ہے کہ افضل وہ ہے جو آدمی پر آسان ہو۔ ابن منذر کہتے ہیں میں بھی اسی کا قائل ہوں اور مصنف فرماتے ہیں کہ یہ رائے خوب ہے)

## باب آداب الصوم الترغيب فى السحور لا سيما بالتمر والترغيب فى الفطر على التمر

## روزے کے آداب' سحری کھانے اور خصوصاً سحر و افطار میں کھجور استعمال کرنے کی ترغیب

(۳۲۶) (( عن انسِ بنِ مالكٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : تَسحَّروا، فإنَّ فى

(۳۲۶) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سحری کھاؤ' سحری کھانے میں برکت ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



السُّحور بَركة۔)) [متفق عليه]

(بخاری ومسلم)

(۳۲۷) (( وعَن عمرو بنِ العاص قالَ: فصلُ ما بينَ صِيامِنا، وصِيامِ اهلِ الكتابِ اكلةُ السّحورِ)) [رواه مسلم واصحاب السنن]

(۳۲۷) حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمارے اور اہل کتاب کے روزوں میں فرق سحری کا کھانا ہے۔[۱] (مسلم و اصحاب سنن)

(۳۲۸) (( وعَن ابن عُمرَ رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : انَّ اللّٰه ومَلائِكتَه يُصلُّونَ عَلى المُتَسحِّرينَ۔)) [ رواه الطبراني وصححه ابن حبان]

(۳۲۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے سحری کھانے والوں پر درود بھیجتے ہیں۔ (طبرانی' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے)

[حسن صحيح]

(۳۲۹) (( وعَن عبدِ اللّٰه بنِ عبّاسٍ رضی اللہ عنہما انَّ النبیَّ ﷺ قالَ: ثَلاثة ليسَ عليهم حِسابٌ فيما طَعِموا ان شاءَ اللّٰهُ اذا كانَ حلالاً: الصَّائمُ، والمتَسحِّرُ، والمُرابطُ فی سَبيلِ اللّٰه۔)) [رواه البزار والطبرانی]

(۳۲۹) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ تین آدمیوں سے ان شاءاللہ کوئی حساب نہ ہوگا۔[۲] وہ جو چاہیں کھائیں بشرطیکہ حلال ہو (۱) روزہ دار (۲) سحری کھانے والا اور (۳) اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنے والا۔ (بزار' طبرانی)

[موضوع]

(۳۳۰) (( وعَن ابی سعیدٍ الخُدریِّ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : السُّحورُ كلُّهُ بركةٌ فَلا تَدعُوهُ ولَو ان يجرع احدُكُم جَرعةً من ماءٍ، فاِنَّ اللّٰه ومَلائِكتَهُ يُصلُّونَ عَلى المتَسحِّرينَ۔)) رواه احمد بسند قوی واخرجه ابن حبان من حديث ابن عمر مختصراً بلفظ: تسحروا ولو بجرعة من ماء۔]

(۳۳۰) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سحری کھانا سراپا برکت ہے لہٰذا اسے نہ چھوڑو خواہ تم پانی کا ایک گھونٹ ہی پی لو کیونکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے سحری کھانے والوں پر درود بھیجتے ہیں۔ (احمد بسند قوی' ابن حبان نے اسے بروایت ابن عمر مختصراً ان الفاظ میں روایت کیا ہے کہ سحری کھاؤ خواہ پانی کا ایک گھونٹ ہی سہی) [حسن لغيره]

---

(۱) یعنی ہمارے اور ان کے روزوں کے مابین فرق وامتیاز سحری ہے وہ سحری نہیں کھاتے جب کہ ہم سحری کھانے کو مستحب سمجھتے ہیں۔ (نووی)

(۲) کیونکہ قیامت کے دن حساب اور سوال تو ضروری ہے خواہ حلال ہی ہو جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ﴿ثم لتسئلن یومئذ عن النعیم﴾ ہاں جن کو اللہ تعالیٰ بلاحساب جنت میں داخل کرنا چاہے گا ان کا حساب نہ ہوگا' اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں بھی ان لوگوں میں سے بنا دیں جو بلاحساب جنت میں جائیں گے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۳۳۱) (( وعَن سلمانَ بنِ عامرٍ الضَّبِّی عنِ النبیِّ ﷺ قالَ: مَن وَجَد تمرا فَلْيُفطِرْ عَليهِ، ومَن لَمْ يَجِدْ التَّمرَ فَلْيُفْطِرْ عَلى المَاءِ، فإنَّ المَاءَ طَهُورٌ۔)) [رواه الترمذی وصححه ابوداود وابن ماجه وصححه ابن حبان وفی رواية: اذا افطر احدكم فليفطر علی تمر فإنّه بركة والباقی نحوه ، وعند ابن خزيمة وابن حبان والحاكم من حديث انس نحو الاول]

(۳۳۱) حضرت سلمان بن عامر ضبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص کھجور پائے وہ کھجور پر افطار کرے اور جو کھجور نہ پائے وہ پانی سے افطار کرے کیونکہ پانی پاک کرنے والا ہے (ترمذی' ابوداؤد' ابن ماجہ اور ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ تم میں سے کوئی جب افطار کرے تو اسے کھجور سے افطار کرنا چاہئے کہ یہ بابرکت ہے' باقی حدیث اسی طرح ہے' ابن خزیمہ' ابن حبان اور حاکم میں بروایت انس پہلی حدیث ہی کی طرح الفاظ ہیں)[ضعیف] (۱)

(۳۳۲) ((وعَن انسٍ رضی اللہ عنہ قالَ: كانَ رسولُ اللّٰه ﷺ : يُفطرُ قَبل ان يُصلِّيَ عَلى رُطَبَاتٍ ، فإن لَمْ يكُن رُطَبَاتٌ فَتَمراتٍ ، فإنْ لم تكُن تَمراتٌ، حساحَسَوات من مَاءٍ۔ )) [رواه ابوداود والترمذی وحسنه واخرجه ابويعلٰی بلفظ: كانَ يُفطرُ على ثلاثِ تَمَراتٍ او شیءٍ لم تُصبه النارُ]

(۳۳۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نماز پڑھنے سے پہلے تر کھجوروں سے روزہ افطار کیا کرتے تھے' اگر تر نہ ہوتیں تو خشک کھجوروں سے اور اگر خشک کھجوریں بھی نہ ہوتیں تو چند گھونٹ پانی نوش فرمالیا کرتے تھے (ابوداؤد' ترمذی نے اسے حسن قرار دیا اور ابویعلٰی نے اسے ان الفاظ میں بیان کیا ہے کہ آپ ﷺ تین کھجوروں یا کسی ایسی چیز سے جسے آگ نے نہ چھوا ہو روزہ افطار فرمایا کرتے تھے)(۲) [ضعیف جدا]

## الترغيب فی تعجيل الفِطر وتاخير السحور

## افطار میں جلدی اور سحری میں تاخیر کی ترغیب

(۳۳۳) (( عن سهلِ بنِ سعدٍ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قالَ : لا يزالُ الناسُ بخيرٍ

(۳۳۳) حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگ خیر کے ساتھ رہیں گے جب تک افطار

(۱) محدث البانی رحمہ اللہ نے پہلے اسے صحیح الجامع الصغیر میں رکھا تھا۔ آخر میں ان کی تحقیق یہ تھی (ازھر)

(۲) یہ حدیث سخت ضعیف ہے' اس کی سند میں ایک راوی عبدالواحد بن ثابت ہے جسے امام بخاری نے ''منکر الحدیث''، عقیلی نے لا یتابع علی ھذا الحدیث اور ہیثمی نے ضعیف قرار دیا ہے۔ اوشی ءلم تصبہ النار (یا آپ ایسی چیز سے افطار کرنا پسند فرماتے جو آگ کی پکی نہ ہوتی) کے الفاظ بیان کرنے میں یہ ضعیف راوی منفرد اور ثقہ راویوں کے مخالف ہے۔ سلسلہ ضعیفہ ج ۲ ص ۴۲۵' ارواء الغلیل حدیث ۹۰۴۔ مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ما عجّلوا الفِطْرَ۔ )) [متفق علیه وفی روایة ابن حبان: لا تزال امتی علی سبیلی مَا لم تَنْتظِرْ بِفِطرها النُّجومَ۔ واخرجه ابن ماجه عن ابی هُریرةَ مثل الاول' واخرجه ابوداود وابن ماجه وصححه ابن خزیمة وابن حبان بلفظ: لا یَزالُ الدِّینُ ظاهرًا ما عجّلَ الناسُ الفطرَ لانَّ الیهودَ والنَّصاری یُؤَخِّرونَه]

میں جلدی کرتے رہیں گے۔ (بخاری و مسلم' ابن حبان کی ایک روایت میں ہے کہ میری امت اس وقت تک میرے راستہ پر رہے گی جب تک وہ افطار کے لیے ستاروں کا انتظار نہ کرے گی' ابن ماجہ نے بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پہلی حدیث ہی کی طرح روایت کیا ہے نیز ابوداؤد ابن ماجہ نے روایت کیا اور ابن خزیمہ وابن حبان نے ان الفاظ کے ساتھ روایت کو صحیح قرار دیا ہے کہ دین ہمیشہ غالب رہے گا جب تک لوگ افطار میں جلدی کرتے رہیں گے کیونکہ یہود و نصاریٰ افطار میں تاخیر کرتے ہیں)

(۳۳۴) (( وعَن ابی هُریرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : قالَ اللّٰه عزَّ و جلَّ: ان احبَّ عبادی الیَّ اعجلُهُم فِطراً۔)) [رواہ احمد والترمذی وحسنه وابن خزیمة و ابن حبان]

(۳۳۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے کہ بندوں میں سے مجھے سب سے زیادہ محبوب افطار میں بہت جلدی کرنے والا ہے۔ (احمد' ابن خزیمہ' ابن حبان' ترمذی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۳۳۵) (( وروی عن یَعلی بنِ مُرَّةَ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : ثَلاثةٌ یُحبُّها اللّٰهُ: تَعجیلُ الافطارِ ' وتاخیرُ السُّحورِ ' وضَربُ الیَدَینِ احداهُما عَلی الْاُخری فی الصلاة)) الطبرانی فی الاوسط]

(۳۳۵) یعلیٰ بن مرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین اُمور ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے (۱) افطار میں جلدی کرنا (۲) سحری میں تاخیر کرنا اور (۳) نماز میں ایک ہاتھ کو دوسرے پر باندھنا۔ (طبرانی اوسط) [ضعیف]

(۳۳۶) (( وعَن انسِ بنِ مالكٍ رضی اللہ عنہ قالَ: ما رایت رسولَ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم قَطُّ صَلّی صَلاةَ المغربِ حتّٰی یُفطِرَ' وَلَوْ عَلٰی شَربةٍ مِن ماءٍ۔)) [رواہ ابویعلی وصححه ابن خزیمه وابن حبان]

(۳۳۶) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے افطار سے پہلے کبھی نمازِ مغرب کو ادا فرمایا ہو خواہ پانی کے ایک گھونٹ سے افطار کرتے۔ (ابویعلیٰ' ابن خزیمہ وابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی اطعام الصائم

### روزہ دار کو کھانا کھلانے کی ترغیب

(۳۳۷) ((عن زَيدِ بنِ خَالِدٍ الجُهَنيّ ﷺ عنِ النبيّ ﷺ قالَ: مَن فطَّرَ صَائمًا كان لَهُ مثلُ اجرِهِ غيرَ انَّه لا يَنقُصُ مِن اجرِ الصَّائم شَيءٌ۔)) [رواه الاربعة وصححه الترمذی وابن خزیمة وابن حبان]

(۳۳۷) حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرائے تو اسے بھی روزہ دار جتنا ہی اَجر و ثواب ملتا ہے اور اس سے روزہ دار کے اجر میں کچھ کمی نہیں ہوتی۔ (اربعہ، ترمذی، ابن ماجہ اور ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

## الترھیب من الغیبة والفحش والکذب ونحو ذلک للصائم

### روزہ رکھ کر غیبت، فحش گفتگو اور جھوٹ وغیرہ پر وعید

(۳۳۸) ((عَن ابی عُبیدةَ بنِ الجرَّاحِ ﷺ سمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ يقول: الصيامُ جُنَّةٌ ما لَم يَخرِقْهاـ)) [رواه النسائی وصححه ابن خزیمة واخرجه الطبرانی فی الاوسط من حدیث ابی هُريرةَ وزاد: قيل وبِمَ يَخرِقُها؟ قالَ بِكِذبٍ او غيبةٍ۔]

(۳۳۸) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ روزہ ڈھال ہے بشرطیکہ اس میں سوراخ نہ کیا جائے (نسائی، ابن خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے، "طبرانی اوسط" میں بروایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ان الفاظ کا اضافہ بھی ہے کہ آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ اس ڈھال میں سوراخ کس طرح ہوتا ہے؟ فرمایا جھوٹ یا غیبت سے)[1] [ضعیف]

(۳۳۹) ((عن ابی هُريرةَ ﷺ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: رُبَّ صَائمٍ ليسَ لَهُ مِن صِيامِهِ الَّا الجُوعُ، ورُبَّ قائمٍ ليسَ لَهُ من قِيامِهِ الا السَّهرُ۔)) [رواه ابن ماجه واللفظ لَهُ وصححه ابن خزیمة والحاکم

(۳۳۹) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کئی روزے دار ایسے ہیں کہ انہیں اپنے روزے سے سوائے بھوک کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا اور کئی قیام کرنے والے ایسے ہیں کہ انہیں اپنے قیام سے سوائے بیداری کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا (یہ الفاظ ابن ماجہ کی روایت کے ہیں۔ ابن خزیمہ و حاکم

---

(۱) یہ حدیث سخت ضعیف ہے اس کی سند میں ربیع بن بدر ہے، جس کے بارہ میں امام ابن عدی فرماتے ہیں کہ: وعامة حدیثه مما لایتابعہ احد علیہ۔ علامہ ذہبی نے "الضعفاء والمتروکین" میں لکھا ہے کہ امام دارقطنی اور دیگر محدثین نے اسے متروک قرار دیا ہے، حافظ ابن حجر نے بھی "تقریب" میں اسے متروک قرار دیا ہے۔ سلسلہ ضعیفہ ج ۳ ص ۲۳۱ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ولفظهما: رُبَّ صائم حظُّهُ مِن صِيامِهِ الجُوعُ والعطشُ ، ورُبَّ قائمٍ حَظُّه مِن قِيامِهِ السَّهرُ۔ واخرجه النسائی ایضاً والبیهقی نحوه واخرجه الطبرانی من حدیث ابن عُمرَ بسند لا باس به]

نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور ان کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ بہت سے روزہ دار ایسے ہیں کہ روزہ سے ان کا نصیب صرف بھوک اور پیاس ہے اور بہت سے قیام کرنے والے ایسے ہیں کہ قیام سے ان کا حصہ صرف بیداری ہے' نسائی' بیہقی نے اس کے قریب قریب روایت کیا اور طبرانی نے اسے ابن عمر سے بسند لا باس بہ روایت کیا ہے) [حسن صحیح]

## الترغیب فی قیام لیلة القدر

## لیلۃ القدر کے قیام کی ترغیب

(۳۴۰) ((وعَن ابی هُريرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم مَن قَامَ لَيلةَ القدرِ اِيماناً وَاحتساباً غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنْبِه۔)) [متفق علیه وفی روایة للنسائی: وَمَا تَاَخَّرَ۔]

(۳۴۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے بحالت ایمان اور حصولِ ثواب کی نیت سے لیلۃ القدر کا قیام کیا اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے (بخاری و مسلم' نسائی کی ایک روایت میں ہے کہ بعد کے تمام گناہ بھی معاف کر دیئے جائیں گے)

## الترغیب فی الاعتکاف

## اعتکاف کی ترغیب

(۳۴۱) ((عن عَلیِّ بنِ الحُسَینِ عن ابیهِ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : مَن اعتكفَ عَشْرًا فی رَمَضانَ كانَ كَحَجَّتین وعُمرتین)) [رواه البیهقی]

(۳۴۱) حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے رمضان کے دس دنوں کا اعتکاف کیا تو یہ دو حجوں اور دو عمروں کی مانند ہے۔ (بیہقی) [موضوع]

## الترغیب فی صدقة الفطر وتاکید وجوبها

## صدقہ فطر کی ترغیب اور وجوب کی تاکید

(۳۴۲) (( عن ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : صدقةُ الفِطر طُهرةٌ

(۳۴۲) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدقہ فطر لغو و بے ہودہ باتوں سے روزہ دار کو پاک کرتا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



للصّائم مِنَ اللّغوِ والرَّفثِ وطُعمةٌ لِلمساکینِ، مَن ادّاھا قبل الصلاۃ فھِیَ زَکاۃٌ مَقبولۃٌ، ومَنْ ادّاھا بَعْدَ الصَّلاۃ، فھِیَ صدَقۃٌ مِنَ الصَّدقاتِ)) [رواہ ابوداوود وابن ماجه والحاکم]

اور مسکینوں کو کھانا فراہم کرتا ہے، جس نے نماز سے قبل ادا کیا(۱) تو یہ مقبول زکوٰۃ ہے اور جس نے نماز کے بعد ادا کیا تو یہ عام صدقات میں سے ایک صدقہ ہوگا۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ، حاکم) [حسن]

(۳۴۳) ((وعَن جَریرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : صومُ شَھرِ رَمضانَ مُعلّقٌ بَیْنَ السماءِ والارض ، وَلَا یُرفَعُ الا بزکاۃِ الفِطرِ۔)) [رواہ ابو حفص ابن شاھین فی فضل رمضان وقَالَ: حدیث جید بھذا الإسناد غریب]

(۳۴۳) حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ماہِ رمضان کا روزہ آسمان وزمین کے درمیان معلق رہتا ہے اور زکوٰۃ فطر ادا کرنے کے بعد اُوپر جاتا ہے (ابوحفص بن شاہین نے اسے ''فضائل'' میں روایت کیا اور کہا ہے کہ یہ حدیث جید ہے تاہم اس سند سے غریب ہے) [ضعیف]

# کتاب العیدین والاضاحی وذکر ابوابه

# عیدین اور قربانی کا بیان اور اس کے متعلقہ ابواب

## الترغیب فی الاضحیة وما جاء فیمن لم یضح مع القدرة ومن باع جلد اضحیته

## قربانی کرنے کی ترغیب اور قدرت کے باوجود قربانی نہ کرنے اور اپنی قربانی کی کھال بیچنے والے کے بارے میں کیا وارد ہے؟

(۳۴۴) ((عن ابی ھُریرۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم : مَن وَجَدَ سَعةً لَان یُضحّی فَلم یُضَحّ: فَلا یَحضُرَنْ مَعنا مُصلّانَا۔)) [رواہ الحاکم مرفوعًا وموقوفًا ولعله اشبه۔]

(۳۴۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص قربانی کرنے کی طاقت ہوتے ہوئے قربانی نہ کرے وہ ہمارے ساتھ عیدگاہ میں نہ آئے۔ (حاکم نے اسے مرفوع وموقوف روایت کیا ہے اور شاید یہی قرین صواب ہے) [حسن]

---

(۱) یعنی اگر اس نے نمازِ عید سے قبل ادا کر دیا تو اس نے فریضہ زکوٰۃ فطر ادا کر دیا اور اگر اس نے نماز کے بعد ادا کیا تو فرض ادا نہ ہوا، وہ گناہگار ہوگا لہٰذا اس صورت میں توبہ لازم ہے اور نماز کے بعد ادا کرنا اس کا عام صدقہ ہو جائے گا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۳۴۵) (( وعنه قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ : مَن بَاعَ جِلدَ الاضحيةِ فَلا اُضحيَةَ لَهُ))[رواه الحاكم]

(۳۴۵) حضرت ابو ہریرہؓ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جوشخص اپنی قربانی کی کھال کوفروخت کردے اسکی قربانی نہیں ہوتی۔(حاکم)[حسن]

## الترهيب من المثلة بالحيوان ومن قتله لغير الاكل وما جاء فى تحسين القتلة والذبحة

## جانور کا مثلہ کرنے' نہ کھانا ہوتو ذبح کرنے پر وعید اوراحسن انداز میں ذبح کرنے کا حکم

(۳۴۶) (( وعَن شَدَّادِ بنِ اوسٍ ﷛ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : انَّ اللّٰه كتبَ الاحسانَ على كلِّ شيءٍ ' فاِذا قَتلتُم فاحسِنُوا القِتلَةَ' واِذا ذَبَحتُم فاحسِنُوا الذَّبحة ' ولْيُحِدَّ احدُكم شَفرتَهُ ' ولْيُرِحْ ذَبيحَتَهُ۔))[رواه مسلم و الاربعة]

(۳۴۶) حضرت شداد بن اوس ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو احسن انداز میں کرنے کو فرض قرار دیا ہے لہذا قتل کروتو احسن طریقے سے کرو اور جب ذبح کروتو اچھے طریقے سے کرو' چھری تیز کرلو اور جانور کوراحت پہنچاؤ۔(مسلم' اربعہ)

(۳۴۷) (( وعَن ابن عباسٍ ﷛ قَالَ: مرَّ رسولُ اللّٰه ﷺ عَلى رجُلٍ واضعٍ رِجلَهُ عَلى صَفْحَةِ شاةٍ ' وَهُو يُحِدُّ شَفرتهُ' وَهى تَلحظُ اليهِ ببصرِهَا۔ قَالَ افَلا قَبلَ هذا؟ او تُريدُ ان تُميتها موتات۔)) [رواه الطبرانى فى الكبير والاوسط ورجاله رجال الصحيح]

(۳۴۷) حضرت ابن عباس ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا گزر ایک ایسے شخص کے پاس سے ہوا' جس نے اپنے پاؤں کو بکری کے پہلو پر رکھا ہوا تھا اور وہ چھری کو تیز کر رہا تھا جب کہ بکری اپنی آنکھوں سے یہ منظر دیکھ رہی تھی' آنحضرت ﷺ نے یہ دیکھ کر فرمایا یہ کام اس سے پہلے کیوں نہ کرلیا؟ کیا تو اسے کئی بار مارنا چاہتا ہے۔(طبرانی' کبیر واوسط' اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں)[صحیح]

(۳۴۸) (( وعَن ابن عَمرو ﷛ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ : مَا مِن انسانٍ يَقتُلُ عُصفُوراً' فَما فَوقَها بِغير حَقِّها الا سالَه اللّٰه عزَّ و جلَّ عَنها۔ قيلَ يا رسولَ اللّٰهِ وَما حقُّها؟ قَالَ: تَذبحُها فَتَاكُلَها ' وَلا تَقطَعُ راسها' فترمي بها۔)) [ زواه النسائى وصححه الحاكم]

(۳۴۸) حضرت ابن عمرو ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو انسان چڑیا یا اس سے بھی زیادہ چھوٹے جانور کو ناحق قتل کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے بارہ میں ضرور پوچھے گا' عرض کیا گیا یا رسول اللہ! اس کا حق کیا ہے؟ فرمایا ذبح کر کے کھالو اور یہ نہ کرو کہ سر کاٹو اور پھینک دو۔(نسائی' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے)[حسن لغیرہ]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۳۴۹) (( وعَن ابی صَالحِ الحنفیؒ عن رَجلٍ من اصحاب النبیؐ ﷺ ۔ اراہ ابنَ عُمر ۔ سَمعتُ رسولَ اللّٰہ ﷺ یقولُ: مَن مَثَّلَ بذی رُوحٍ: ثُمَّ لَم یَتُبْ مَثَّلَ اللّٰہ بہِ یومَ القِیامَۃِ۔)) [ رواہ احمد ورواتہ ثقات مشھورون]

(۳۴۹) ابوصالح حنفی ایک صحابی سے جو میرے خیال میں ابن عمر رضی اللہ عنہما ہیں روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے کسی بھی ذی روح کا مثلہ کیا اور پھر توبہ نہ کی تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا مثلہ کرے گا۔ (احمد اس کے رواۃ ثقہ اور مشہور ہیں) [ضعیف]

# کتاب الحج وذکر ابوابہ

## الترغیب فی الحج والعمرۃ وتاکید وجوبھا وما جاء فیمن خرج بقصد النسک فمات

## حج وعمرہ کی ترغیب اور ان کے موکد وجوب کا ذکر اور اس شخص کا بیان جو مناسک ادا کرنے کے ارادہ سے نکلا اور فوت ہوگیا

(۳۵۰) ((عن ابی ھُریرۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰہ ﷺ ایُّ العملِ افضلُ؟ قَالَ: ایمانٌ باللّٰہِ ورسولہ ، قَالَ: ثُمَّ ماذَا؟ قَالَ: الجھادُ فی سَبیلِ اللّٰہ۔ قَالَ ثُمَّ ماذا؟ قَالَ: حَجٌّ مَبْرُوْرٌ۔)) [متفق علیہ ولابن حبان: افضلُ الاعمال عندَ اللّٰہِ ایمانٌ لا شَکَّ فیہِ ، وغَزْوٌ لَا غلولَ فیہِ، وحجٌّ مبرورٌ۔ قَالَ ابوھُریرۃَ حجۃ مَبرورۃ تُکفِّر خطایا سنۃٍ]

(۳۵۰) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: کون سا عمل افضل ہے؟ فرمایا: اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ ایمان، پوچھا پھر کونسا؟ فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ، پوچھا پھر کونسا؟ فرمایا حج مبرور (بخاری و مسلم، ابن حبان میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے افضل عمل ایسا ایمان ہے جس میں شک نہ ہو، ایسا جہاد جس (کے مال غنیمت) میں خیانت نہ ہو اور حج مبرور۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بھی کہا کہ حج مبرور ایک سال کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے)[1]

(۳۵۱) ((وعنہ سمعتُ رسولَ اللّٰہ ﷺ یقولُ: مَن حَجَّ ، فَلم یَرفُثْ ، وَلَمْ یَفسُقْ رَجعَ من ذُنوبِہِ کیومَ ولدتہ اُمُّہ۔)) [متفق علیہ وفی روایۃ الترمذی۔ غُفِرَ لَہٗ

(۳۵۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے حج کیا اور اس میں نہ کوئی فحش بات کی اور نہ کوئی گناہ کیا تو وہ اپنے گناہوں سے اس طرح پاک ہوکر لوٹے گا جس طرح وہ اس دن پاک تھا جب اسے

(۱) غلول کے معنی تقسیم سے قبل مال غنیمت میں چوری اور خیانت ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ما تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ۔ وقد تقدم تفسیر الرفث فی کتاب الصیام]

اُس کی ماں نے اُسے جنم دیا تھا۔ (بخاری و مسلم، ترمذی کی روایت میں ہے کہ اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ رفث کی تفسیر کتاب الصیام میں گزر چکی ہے)

(۳۵۲) (( وعَنْہُ انَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ قَالَ: العُمرۃُ الی العُمرَۃِ کَفَّارَۃٌ لِما بَینھُما وَالحَج المَبرورُ لَیسَ لَہ جَزاءٌ الا الجنۃَ۔ ))[متفق علیه]

(۳۵۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک کے گناہوں کا کفارہ ہے اور حج مبرور کا صلہ جنّت ہی ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۳۵۳) (( وعَن عَمرو بنِ العاص رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسولُ اللّٰہ ﷺ : اَما عَلِمتَ ان الاسْلامَ یَھدمُ ما کانَ قَبلَہٗ ، وانَّ الھِجرَۃَ تَھدِمُ ما کَانَ قَبلھا، وانَّ الحَجَّ یَھدِمُ مَا کانَ قَبلہ۔ )) [رواہ ابن خزیمۃ مختصراً واخرجہ مسلم مطولاً]

(۳۵۳) حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں معلوم نہیں کہ اسلام پہلے کے تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور ہجرت پہلے کے تمام گناہوں کو مٹا دیتی ہے اور حج بھی پہلے کے تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے (ابن خزیمہ نے اسے مختصر اور مسلم نے مفصل روایت کیا ہے)

(۳۵۴) (( وعَن عَائِشۃَ رضی اللہ عنہا قَالَت: یا رسولَ اللّٰہ نَری الجھادَ افضلَ الاعمالِ افلا نُجاھِدُ؟ قَالَ: لکنَّ افضَلَ الجِھادِ حَجٌّ مَبرورٌ)) [ رواہ البخاری وفی روایۃ لابن خزیمۃ، قلت یا رسولَ اللّٰہ ھل علی النِّساءِ مِنْ جِھادٍ قَالَ: عَلیھِنَّ جِھادٌ لا قِتال فیہِ ، الحَجُّ والعُمرَۃُ]

(۳۵۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہم دیکھتے ہیں کہ جہاد افضل ترین عمل ہے تو کیا ہم بھی جہاد نہ کریں؟ فرمایا: لیکن افضل جہاد حج مبرور ہے (بخاری، ابن خزیمہ کی ایک روایت میں ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کیا عورتوں پر بھی جہاد فرض ہے، فرمایا ہاں ان پر وہ جہاد فرض ہے، جس میں قتال نہیں ہے یعنی حج و عمرہ)

(۳۵۵) (( وعَن عبدِ اللّٰہ یعنی ابن مسعودٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : تابِعُوا بَیْنَ الحجِّ والعُمرۃِ ، فاِنَّھما یَنفیانِ الفَقرَ والذُّنوبَ کَما یَنفی الکِیرُ خبثَ الحدیدِ والذَّھبِ وَالفِضَّۃِ ، ولَیسَ للحجَّۃِ

(۳۵۵) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پے بہ پے حج و عمرہ کرتے رہو یہ دونوں فقر اور گناہوں کو اس طرح مٹا دیتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے، سونے اور چاندی کے میل کچیل کو دور کر دیتی ہے اور حج مبرور کا ثواب جنت کے بغیر اور کچھ ہے ہی نہیں۔ (ترمذی، ابن خزیمہ و ابن حبان نے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


المَبرورَةِ ثوابٌ الا الجنةَ)) [رواه الترمذی وصححه ابن خزیمة وابن حبان]

اسے صحیح قرار دیا ہے)[صحیح]

(۳۵۶) (( وعَن ابنِ عُمرَ رضی اللہ عنہما سمعتُ النبیَّ ﷺ یقولُ : ما تَرْفَعُ ابلُ الحَاجِّ رِجْلًا ولا تَضَعُ یدًا الا کَتبَ اللّٰهُ لَهٗ بِها حَسنةً ، او مَحا عنهُ سَیِّئةً ، او رَفَعَه بها درجةً)) [ رواه البیهقی وابن حبان فی حدیث]

(۳۵۶) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ حاجی کا اونٹ جب بھی قدم اُٹھاتا اور ہاتھ (اگلا پاؤں) رکھتا ہے تو اس کے بدلہ میں اللہ تعالیٰ ایک نیکی لکھ دیتا ہے' یا ایک بُرائی مٹا دیتا ہے یا ایک درجہ بلند کر دیتا ہے (بیہقی و ابن حبان نے ایک حدیث کے ضمن میں اسے بیان کیا ہے)[حسن ترفع]

(۳۵۷) (( عنِ ابن عمرَ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ : استَمتِعُوا بِهذا البَیْتِ فقدْ هُدِمَ مَرَّتَینِ ، ویُرفَعُ فی الثَّالثَةِ)) [رواه البزار والطبرانی وصححه ابن خزیمة وابن حبان والحاکم قَالَ ابن خزیمة : قوله: یرفع فی الثالثة ' یرید ' بعد الثالثة]

(۳۵۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس گھر سے فائدہ اُٹھالو کیونکہ اسے دو بار منہدم کیا جا چکا ہے اور تیسری بار کے بعد اسے اوپر اُٹھا لیا جائے گا (بزار' طبرانی' ابن خزیمہ' ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے)[صحیح]

(۳۵۸) (( وروی عن عبدِاللّٰه بن عباسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ : تَعجَّلوا الحَجَّ ، فإن احدکُم لا یدری مَا یعرِضُ لَهٗ ))[رواه الاصفهانی]

(۳۵۸) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حج جلد ادا کرو کیونکہ تم میں سے کوئی نہیں جانتا کہ (آئندہ اسے کیا صورتحال) پیش آ جائے۔(اصفہانی)(1) [حسن لغیرہ]

(۳۵۹) (( وعَن ابن عمرَ رضی اللہ عنہما قَالَ: کنتُ جالسًا معَ النبیِّ ﷺ فی مَسجدِ مِنیٰ ، فأتاهُ رجلٌ منَ الانصارِ ، ورَجُلٌ من ثَقِیفٍ ، فسلَّما ثُمَّ قَالَا: یا رَسولَ اللّٰهِ جِئنا نَسالُكَ ، فقَالَ: ان شِئتما اخبَرْتُکُما بِما

(۳۵۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں مسجد منیٰ میں آنحضرت ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ آپ ﷺ کے پاس ایک انصار سے اور ایک ثقیف سے آدمی آیا' انہوں نے سلام کیا اور پھر کہا یارسول اللہ ﷺ ! ہم آپ ﷺ سے کچھ پوچھنے آئے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم چاہو تو میں تمہیں یہ بتا دیتا ہوں کہ تم کیا

(1) اسے احمد' ابوداؤد وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ ملاحظہ ہو الارواء (۹۷۲) للمحدث البانی رحمہ اللہ (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز .

www.KitaboSunnat.com



جِئتُما تَسالانی عَنهُ، فَعلتُ، وانْ شِئتُما انْ اُمسِكَ وَتسالانی فعلتُ؟ فقَالَا: اخبِرْنا یا رسولَ اللّٰہِ، فقَالَ الثقفیُّ للانصاری سَلْ۔ فقَالَ: اخبِرْنی یا رسولَ اللّٰہِ، قَالَ: جِئتَنی تَسالُنی عَن مَخرجِكَ من بَیتِكَ تَوُمُّ البیتَ الحَرامَ، وَمَا لَكَ فیهِ، وعَن رَكْعتیكَ بعدَ الطوَّافِ وَما لَكَ فِیهِما، وعَن طَوافِكَ بینَ الصَّفا وَالمَروةِ وَما لكَ فِیهِ، وعَن وُقوفِكَ عَشیةَ عَرفةِ وَما لَكَ فِیهِ، وعَن رَمْیكَ الجِمارَ ومَا لَكَ فِیهِ، وَعَن نَحرِكَ وَمَا لَكَ فِیهِ معَ الافَاضةِ، فقَالَ: وَالذی بَعثَك بالحقِّ لعَنْ هذا جِئتُ اسالُكَ۔ قَالَ فَانَّكَ اذا خَرجتَ مِن بَیتِكَ تَوُمُّ المَسجدَ الحَرامَ لا تَضعُ نَاقَتُكَ خُفًّا، وَلا تَرفعُهُ الا كَتَبَ اللّٰہُ لَكَ بہ حسنةً، وَمَحی عَنكَ بِہ خَطیئةً، واَما رَكْعتاكَ بعدَ الطَّوافِ فَهُوَ كَعِتقِ رقَبةٍ من بَنی اِسماعیلَ، واما طَوافُكَ بینَ الصَّفا والمَروةِ فَهُوَ كَعِتقِ سَبعینَ رَقبةً، واما وُقُوفُكَ عَشیّةَ عَرفةَ فَانَّ اللّٰہَ تعالیٰ یَهبطُ الی السَّماءِ الدُّنیا فَیُباهی بِكُم المَلائِكةَ یقولُ: عِبادی جَاؤنی شُعثًا غُبرًا مِن كُلِّ فَجٍّ عَمیقٍ یَرجُونَ جَنَّتی، فَلو كانَتْ ذُنُوبهم كَعدَدِ الرَّملِ، او كَقَطْرِ المَطرِ او كَزَبَدِ البَحرِ لَغفرتُها، اَفیضوا عِبادی مَغفُورًا لَكُم، ولِمَنْ شَفَعْتم لَهُ۔ واما

پوچھنے آئے ہو اور اگر تم چاہو تو تم پوچھو اور میں جواب دے دیتا ہوں؟ دونوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ ارشاد فرمائیے، ثقفی نے انصاری سے کہا پہلے آپ پوچھیے تو اس نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ مجھے بتایئے (میں کیا پوچھنا چاہتا ہوں؟) آپ ﷺ نے فرمایا تم یہ پوچھنے آئے ہو کہ تم جب بیت الحرام کے قصد وارادہ سے اپنے گھر سے نکلتے ہو تو اس کا کتنا ثواب ہے؟ طواف کے بعد جب دو رکعتیں پڑھتے ہو تو اس کا کتنا ثواب ہے؟ صفا و مروہ کے طواف میں کتنا ثواب ہے؟ وقوف عرفہ میں کتنا ثواب ہے؟ رمی جمار میں کتنا ثواب ہے؟ قربانی و افاضہ میں کتنا ثواب ہے؟ یہ سن کر اس نے عرض کیا: اس ذات کی قسم! جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے، میں آپ ﷺ سے یہی پوچھنے آیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جب تم بیت الحرام کے قصد و ارادہ سے گھر سے نکلتے ہو تو تمہاری ناقہ جب بھی قدم رکھتی اور اُٹھاتی ہے تو اس کے بدلہ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے ایک نیکی لکھ دیتا اور ایک بُرائی مٹا دیتا ہے، طواف کے بعد دو رکعتیں ادا کرنے کا ثواب بنی اسماعیل میں سے ایک گردن آزاد کرنے کے برابر ہے، صفا و مروہ کے طواف کا ثواب ستر گردنیں آزاد کرنے کے برابر ہے، وقوف عرفہ کے وقت اللہ تعالیٰ آسمان دُنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے (جس طرح اس کی ذات اقدس کے شایان شان ہے) اور تم پر فرشتوں کے سامنے فخر کرتا ہے اور فرماتا ہے کہ میرے بندے اطراف و اکناف عالم سے پراگندہ حال و غبار آلود آئے ہیں جو کہ میری جنت کے اُمیدوار ہیں، ان کے گناہ اگر ریت کے ذرّوں، بارش کے قطروں اور سمندر کی جھاگ کے بقدر ہوں تو میں ان سب کو معاف کر دوں گا میرے بندو! تم واپس لوٹ جاؤ میں نے تمہیں بھی معاف کر دیا اور ان کو بھی جن کی تم نے شفاعت کی ہے۔ رمی جمار کا ثواب یہ ہے کہ ایک ایک کنکری کے بدلے تباہ و برباد کر دینے والے ایک ایک کبیرہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رَمْيُكَ الجمارَ فلَكَ بِكلِّ حَصاةٍ رَمَيتها يُكفِّر كَبيرةً مِنَ المُوبقات ، وَاما نَحرُكَ فَهُوَ مَذخورٌ لكَ عندَ ربِّكَ، واما حِلاقُكَ راسكَ فلَكَ بِكُلِّ شَعرةٍ حَلقتَها حَسنةٌ ويُمحى عنكَ بها خَطيئَةٌ واما طَوافُكَ بالبيتِ بعدَ ذلكَ، فاِنَّكَ تَطوفُ وَلا ذَنبَ لَكَ ، ياتي مَلكٌ حتّٰى يضع يَديهِ بينَ كتِفيك فيقولُ: اعملْ فيما تَستقبلُ فقدْ غُفِرَ لَكَ ما مضَى۔)) [رواہ الطبرانی]

گناہ کو معاف کر دیا جاتا ہے' تمہاری قربانی تمہارے رب کے ہاں تمہارا ذخیرہ ہے' سر منڈانے کا ثواب یہ ہے کہ ہر ہر بال کے بدلے ایک نیکی حاصل ہوتی اور ایک بُرائی مٹادی جاتی ہے اور اس کے بعد بیت اللہ کا جب تم طواف کرتے ہو تو اس حالت میں کرتے ہو کہ تمہارا کوئی گناہ (باقی) نہیں ہوتا اور ایک فرشتہ آتا ہے جو اپنے دونوں ہاتھوں کو تمہارے دونوں کندھوں کے درمیان رکھ کر یہ کہتا ہے مستقبل میں (اچھے) عمل کرو' ماضی کے تو سارے گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں۔(طبرانی) [حسن لغیرہ]

## فصل

(۳۶۰) (( عن ابی سعیدٍ الخدریِّ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: انَّ عبدًا صحَّحتُ لَهُ جِسمَهُ ، وَوَسَّعتُ عليهِ فی المعيشةِ ، تَمضی عليهِ خَمسةُ اعوامٍ لا يفِدُ الیَّ مَحرومٌ۔)) [رواہ ابن حبان والبیهقی وکان الحسن بن صالح بن حیی کذا یعجبه هذا الحدیث وبه یاخذ، ویحب للرجل الموسر الصحیح ان لا یترك الحج خمس سنین]

(۳۶۰) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ بندہ جسے میں جسمانی صحت سے نوازوں اور رزق میں اسے فراخی عطا کروں پانچ سال گزر جائیں اور وہ میرے پاس نہ آئے تو وہ محروم ہے۔(ابن حبان' بیہقی' حسن بن صالح بن حی کو یہ روایت بہت پسند تھی وہ اسی پر عمل کرتے تھے اور وہ خوشحال اور تندرست آدمی کے لیے یہ پسند کرتے تھے کہ وہ پانچ سال سے زیادہ عرصہ کے لیے حج کو نہ چھوڑے)۔ [صحیح لغیرہ]

## فصل

(۳۶۱) (( عن ابی هُريرةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم : من خَرَجَ حَاجًا فَماتَ كُتِبَ لَهُ اجرُ الحاجِّ الی يَومِ القيامَةِ ، وَمَن خَرجَ مُعتَمِرًا فماتَ كُتِبَ لَهُ اجرُ المعتمرِ

(۳۶۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص حج کے لیے نکلا اور وہ فوت ہو گیا تو اس کے لیے قیامت کے دن تک حج کرنے والے کا اجر و ثواب لکھا جائے گا اور جو شخص عمرہ کے لیے نکلا اور فوت ہو گیا تو اس کے لیے قیامت کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الى يَوم القِيامةِ ، مَن خَرجَ غَازِيًا فَماتَ كُتبَ لهُ اجرُ الغازى الى يَومَ القيامة)) [رواه ابويعلى ورواته ثقات]

دن تک عمرہ کرنے والے کا اُجر وثواب لکھا جائے گا اور جو شخص جہاد کے لیے نکلا اور فوت ہوگیا تو اس کے لیے قیامت کے دن تک جہاد کرنے والے کا اُجر وثواب لکھا جائے گا۔ (ابویعلیٰ' اس کے راوی ثقہ ہیں) [صحيح لغيره]

## ترهيب من قدر على الحج فلم يحج

## طاقت کے باوجود حج نہ کرنے پر وعید

(۳۶۲) (( روى البهيقى من حديث ابى امامة بلفظ: مَن لم تَحبِسْهُ حاجةٌ ظاهرةٌ او مَرضٌ حابسٌ او سُلطانٌ جَائرٌ ولم يَحُجَّ فليَمتْ إن شاء يهوديًا او نصرانيًا))

(۳۶۲) بیہقی نے ابوامامہ کی حدیث ان الفاظ میں روایت کی ہے کہ جس کو کسی واضح ضرورت یا سخت بیماری یا ظالم بادشاہ نے نہ روکا ہو اور وہ حج نہ کرے تو وہ خواہ یہودی ہو کر فوت ہو جائے یا عیسائی ہو کر! [ضعيف]

## ترهيب المراة من الخروج من بيتها وامرها بعد قضاء الفرض ان تلازم بيتها

## عورت کے لیے گھر سے نکلنے پر وعید اور فرض ادا کرنے کے بعد گھر ہی میں رہنے کا حکم

(۳۶۳) (( عن ابى هُريرةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ لِنسائِهِ عامَ حَجةِ الوَداعِ: هذِهِ ، ثُمَّ ظُهورُ الحُصرِ۔ قَالَ وكان

(۳۶۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے سال ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن سے فرمایا یہ حج کر لو اور پھر چٹائیوں کی پشتیں لازم پکڑ لو [(۱)] حضرت

(۱) شیخ عمارہ آنحضرت ﷺ کے اس حکیمانہ ارشاد کے بارے میں کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ازواجِ مطہرات کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ فرض حج ادا کریں اور صرف فرض حج کی ادائیگی کے لیے گھروں سے نکلیں پھر اپنے گھروں ہی میں رہیں اور چٹائیوں پر بیٹھی رہیں' یہ ایک معاشرتی وعمرانی مسئلہ ہے کہ رسولِ رحمت اور انسانی دلوں کے طبیب ﷺ نے ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کو صرف فریضہ حج کے لیے گھروں سے باہر نکلنے کی اجازت عطا فرمائی اور فرمایا اس فرض کی ادائیگی کے بعد فتنہ کے خوف اور اختلاط کے ڈر سے بچنے کے لیے اپنے گھروں ہی میں رہو تاکہ میاں بیوی محبت واُلفت کے ساتھ سعادت مندی کی زندگی بسر کر سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ دونوں پاکباز خواتین سیدہ زینب اور سیدہ سودہ فرماتی ہیں کہ واللہ! رسول اللہ ﷺ کے اس ارشاد کے بعد وہ کبھی جانور پر سوار نہ ہوں گی' ہمیں یہ ادب نبوی اور کمال فطری ہی کافی ہے جس کی طرف رسول اللہ ﷺ نے دعوت دی کہ عورت اپنے گھر کے اندر رہے' اپنی عزت کی حفاظت کرے' سیرت کو پاک رکھے اور اپنے آپ کو حجاب میں مستور رکھے تاکہ جب وہ حج کے لیے نکلے تو اس کی ہیبت نے اس کا احاطہ کیا ہو' عزت واجلال نے اسے ڈھانپ رکھا ہو اور اللہ تعالیٰ کا احسان ورعایت اس کے شامل حال ہو' اب سوال یہ ہے کہ کیا میری قوم رسول اللہ ﷺ کی ان احادیث کو اس دور میں پڑھتی اور ان پر عمل کرتی ہے؟ کیا وہ عورتوں کو گھر سے نکلنے اور اپنی زیب وزینت کے اظہار کرنے سے منع کرتی ہے! مگر آہ! آج ہمارے معاشرے میں مرد وزن کا کس قدر اختلاط ہے جس کی وجہ سے معاشرہ اخلاقی انارکی کا شکار ہو گیا ہے' پردہ کو اُتار کر درحقیقت حرماتِ الٰہی کی پردہ دری کی گئی ہے' آنحضرت ﷺ کے مذکورہ ارشاد کا یہ مطلب بھی ہے کہ جو خواتین اپنے دلوں میں اللہ کا خوف رکھتی' اس کے عذاب سے ڈرتی اور اس کے ثواب کی اُمیدوار ہیں انہیں اپنے ==

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



كلهن يحججن الا زينبَ بنتَ جحشٍ وسودةَ بنتَ زَمْعة فكانتا تقولانِ لا واللّٰه لا تُحرِّكُنا دابةٌ بعد قولِ رسولِ اللّٰه ﷺ۔)) [رواه احمد]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ تمام ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن حج کرتی رہیں مگر سوائے زینب بنت جحش اور سودہ بنت زمعہ کے وہ فرمایا کرتی تھیں کہ واللہ! رسول اللہ ﷺ کے اس فرمان کے بعد وہ کبھی جانور پر سوار نہ ہوں گی۔ (احمد) [حسن صحیح]

## الترغيب في النفقة في الحج والعمرة وما جاء فيمن انفق من مال حرام؟

## حج وعمرہ پر خرچ کرنے کی ترغیب نیز مالِ حرام خرچ کرنے والے کے بارے میں کیا وارد ہے؟

(۳۶۴) (( وعَن عائشةَ رضي الله عنها انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ لَها في عمرتِها: انَّ لَكِ مِنَ الاجرِ عَلى قَدْرِ نَصَبِكِ وَنفقَتِكِ۔)) [رواه الحاكم وفي رواية لَهُ انما اجرُكِ في عُمرَتِكِ على قَدْرِ نَفَقتِكِ۔ قوله نصبك: هو تعبك۔ وزنًا ومعنى۔]

(۳۶۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ وہ عمرہ ادا کر رہی تھیں کہ عمرہ کا تمہیں اپنی مشقت اور اپنے خرچ کے بقدر ثواب ملے گا۔ (حاکم' ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ تمہارے عمرہ کا ثواب تمہارے خرچ کے مطابق ملے گا۔ نصب تعب کے وزن پر ہے اور اس کے ہم معنی بھی ہے یعنی اس کے معنی مشقت کے ہیں) [صحیح]

(۳۶۵) ((وروى عن بريدة رضي الله عنه قَالَ: رسول اللّٰه ﷺ: النفقة في الحج كالنفقة في سبيل اللّٰه: الدرهم بسبع مائة۔)) [رواه احمد والطبراني في الاوسط والبيهقي]

(۳۶۵) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حج میں خرچ کرنا' اللہ کی راہ (جہاد) میں خرچ کرنے کی طرح ہے یعنی ایک درہم کا ثواب سات سو درہم خرچ کرنے کے برابر ہوگا۔ [ضعیف]

(۳۶۶) (( وعَن جابرٍ رضي الله عنه ۔ رَفَعَهُ ۔ قَالَ: ما اَمْعَرَ حَاجٌّ قَطُّ۔ قِيلَ لجابرٍ مَا الامعارُ: قَالَ ما افتقرَ۔)) [رواه البزار والطبراني في الاوسط الرجال رجال الصحيح]

(۳۶۶) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہے کہ حج کرنے والا کبھی فقیر نہ ہوگا۔ حضرت جابرؓ سے "امعار" کے معنی پوچھے گئے تو انہوں نے فرمایا کہ اس کے معنی ہیں کہ وہ فقر میں مبتلا نہیں ہوتا۔ (بزار' طبرانی اوسط۔ اس حدیث کے رجال' صحیح کے رجال ہیں)[1] [ضعیف]

= گھروں ہی میں رہنا اور اظہار زیب وزینت سے کوسوں دور رہنا چاہئے' بخدا! یہی زندگی کی سعادت وکامرانی کا دستور اور نیک خواتین کا طریقہ ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے ﴿ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ﴾ (اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور جس طرح (پہلے) جاہلیت (کے دنوں) میں اظہار تجمل کرتی تھیں' اس طرح زینت نہ دکھاؤ اور نماز پڑھتی رہو اور زکوٰۃ دیتی رہو اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی فرمانبرداری کرتی رہو۔ (احزاب:۳۳)

(۱) یہ حدیث ضعیف ہے اس کی سند میں ایک راوی شریک بن عبداللہ قاضی سوءِ حفظ کی وجہ سے ضعیف ہے۔ علی بن احمد تمیمی ثقہ نہیں اور بھی کئی راوی غیر معروف ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے "سلسلہ الاحادیث الضعیفہ" البانی ص ۳۶۲۔۳۶۳ ج ۳ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۳۶۷) ((ورُوی عن ابی هُریرۃ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : اذا خَرجَ الرَّجلُ حَاجًّا بِنفقةٍ طَيِّبةٍ ، وَوَضَعَ رِجلَه فى الغَرزِ فَنادَى: لَبَّيكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيكَ۔ نَاداهُ مُنادٍ مِنَ السَّماءِ لَبَّيكَ وَسَعديكَ، زَادُكَ حَلالٌ، ورَاحلتُكَ حلالٌ، وحجُّك مبرورٌ غيرُ مازورٍ، واذا خرجَ بالنَّفقةِ الخَبيثةِ فَوَضَعَ رِجله فى الغَرزِ، فَنادَى: لَبَّيكَ ، نَاداهُ مُنادٍ مِنَ السماءِ لَا لَبَّيكَ وَلَا سَعديكَ زادُكَ حرَامٌ، ونفقتُكَ حَرَامٌ، وحَجُّكَ مازورٌ غيرُ مَبْرورٍ۔)) [رواه الطبرانى فى الاوسط و أخرجه الاصفهانى من حديث سلمة مولى عمر ابن الخطاب مرسلا مختصراً۔ قوله الغرز بفتح الغين المعجمة وسكون الراء بعدها زاى هو الركاب من جلود۔]

(۳۶۷) حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب کوئی شخص پاک نفقہ کے ساتھ حج کے لیے نکلے رکاب میں پاؤں رکھے اور کہے لَبَّیکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیکَ (حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں)! تو آسمان سے ایک منادی کرنے والا یہ اعلان کرتا ہے میں حاضر ہوں، سعادت مندی تیرے لیے تیرا زادِراہ حلال ہے، تیری سواری حلال ہے، تیرا حج مبرور ہے، اس میں گناہ نہیں ہے اور جب کوئی حرام مال سے حج کے لیے نکلے، رکاب میں پاؤں رکھے اور کہے لبیک تو آسمان سے ایک منادی کرنے والا یہ اعلان کرتا ہے نہ تیرا لبیک قبول اور نہ تو سعادت مند ہے، تیرا زادِراہ حرام ہے، تیرا نفقہ حرام ہے، تیرا حج مقبول نہیں ہے بلکہ مردود ہے (طبرانی اوسط۔ اصفہانی نے اسے بروایت سلمہ مولیٰ عمر بن خطاب مرسل و مختصر بیان کیا ہے[1] غرز غین کے فتحہ اور ر کے سکون کے ساتھ۔ چمڑے کی رکاب کو کہتے ہیں۔ [ضعیف جداً]

## الترغيب فى العمرة فى رمضان

## رمضان میں عمرہ کی ترغیب

(۳۶۸) (( عن ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: ارادَ رسولَ اللّٰه ﷺ الحجَّ۔ فَقالَت امراةٌ لزَوجِها: اَحْجِجْنی معَ رسولِ اللّٰه ﷺ قَالَ: ما عِندِی ما احِجُّكِ عليهِ ، فقالتْ۔

(۳۶۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حج کا ارادہ فرمایا تو ایک عورت نے اپنے شوہر سے کہا کہ مجھے بھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج پر بھیج دیجیے، اس نے کہا کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں جس پر میں تمہیں بھیجوں۔ عورت نے کہا مجھے اپنے

(۱) یہ حدیث سخت ضعیف ہے، اس کی سند میں ایک راوی سلیمان بن داؤد یمانی ہے جسے ابن معین نے "لیس بشیء" اور امام بخاری نے اسے منکر الحدیث قرار دیا ہے۔ امام بخاری فرماتے ہیں کہ میں جسے منکر الحدیث کہوں اس کی حدیث کو بیان کرنا حلال نہیں۔ امام ابن حبان نے اسے ضعیف اور کئی دیگر ائمہ نے اسے متروک قرار دیا ہے۔ سلسلہ ضعیفہ ص ۲۱۲، ج ۳ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



احجُجْنی عَلی جَمَلِك فُلانٍ؟ قَالَ: ذلك فی سبیلِ اللّٰهِ ' فاتی رسولَ اللّٰه ﷺ فَذکرَ ذلكَ لَهُ فقَالَ: امَا انَّكَ لَوْ احجَجْتَها علیهِ لکانَ فی سَبیلِ اللّٰهِ۔ قَالَ: وإنَّها امرَتْنی ان اسالكَ ما یَعدِلُ حَجةً مَعكَ؟ قَالَ اقرأها السلامَ ورَحمةَ اللّٰه وبَرکاتِهِ واخبرْها انها تَعدِلُ حَجَّةً مَعی عُمرةٌ فی رَمضانَ۔)) [رواه ابوداود' واللفظ لهُ وصححه ابن خزیمة واصله فی المتفق علیه' ولفظ البخاری عمرةٌ فی رَمضانَ تَعدلُ حُجَّةً۔ او قَالَ: حَجةٌ معی ولفظ مسلم قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : لامراةٍ مِنَ الانصارِ ' یُقَالُ لَها امُّ سنانٍ: ما مَنَعكِ ان تَحُجِّی مَعنا؟ فَذکرَ نَحوه۔ ورواه ابن حبان بلفظ۔ جاءت امُّ سُلَیمٍ فقَالَتْ حَجَّ ابوطلحةَ وابنُه وترَکانی؟ فقَالَ: یا امَّ سُلیمٍ عُمرةٌ فی رَمضانَ تَعدلُ حَجةً مَعی۔]

فلاں اونٹ پر بھیج دو؟ اس نے کہا کہ یہ تو وقف فی سبیل اللہ ہے' چنانچہ اس کے بعد اس آدمی نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اس کا تذکرہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم اسے اس اونٹ پر حج کے لیے بھیج دو تو یہ بھی فی سبیل اللہ ہوگا' آدمی نے عرض کیا میری بیوی نے کہا تھا کہ میں آپ سے یہ بھی پوچھوں کہ آپ کے ساتھ حج کرنے کے برابر کونسا عمل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا اسے میری طرف سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہنا اور یہ بتانا کہ رمضان میں عمرہ کرنا میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے (ابوداوٗد' ابن خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور اس کا اصل متفق علیہ ہے' بخاری کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ رمضان میں عمرہ (کا ثواب) حج کے بقدر ہے یا فرمایا کہ میرے ساتھ حج کے بقدر ہے' مسلم کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک انصاری عورت سے فرمایا جس کا نام اُم سنان تھا: آپ ہمارے ساتھ حج کیوں نہیں کرتیں پھر تقریباً یہی بات ذکر کی۔۔۔۔۔۔۔ ابن حبان میں الفاظ یہ ہیں کہ اُمّ سلیم آئیں اور انہوں نے کہا کہ ابوطلحہ اور ان کا بیٹا حج کے لیے چلے گئے ہیں مگر مجھے چھوڑ گئے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: اُمّ سلیم! رمضان میں عمرہ میرے ساتھ حج کے برابر ہے) [حسن]

## الترغیب فی التواضع فی الحج والتبذل ولبس الدون من الثیاب اقتداء بالانبیاء علیهم السلام

## حج میں عجز وانکساری اور انبیاء کرامؑ کی اقتداء کرتے ہوئے سادہ لباس پہننے کی ترغیب

(۳٦۹) ((عنِ ابن عمرَ ؓ ان رجُلًا قَالَ: لرسولِ اللّٰهِ ﷺ : من الحاجُّ؟ قَالَ: الشَّعِثُ التَّفِلُ۔ قَالَ: فایُّ الحجِّ افضلُ؟ قَالَ: العَجُّ وَالثَّجُّ۔ قَالَ: ومَا السَّبیلُ؟ قَالَ:

(۳٦۹) حضرت ابن عمر ؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ حاجی کون ہے؟ فرمایا جس کے بال پراگندہ اور (میل کچیل کی وجہ سے) اس سے بدبو آتی ہو۔ اس نے عرض کیا کون سا حج افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا بلند

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الزَّادُ، وَالرَّاحلةُ۔)) [رواه ابن ماجه وعند الترمذی عنه: جاءَ رجلٌ فقَالَ: یا رسولَ اللّٰهِ ما یوجِبُ الحَجَّ: قَالَ: الزادُ والرَّاحلةُ۔ وقَالَ: حسن ۔ وسیاتی فی الوقوف بعرفة من طرق یقولُ اللّٰه انظروا الی عبادی اتونی شُعثًا غُبرًا، والشعث بفتح المعجمة وکسر العین المهملة : البعید العهد بتسریح شعره، وغسله۔ والتفل بفتح المثناة وکسر الفاء: وهو الذی ترك الطیب والتنظیف حتّٰی تغیرت رائحته۔ والعج بمهملة ، وتشدید ثقیلة : رفع الصوت بالتلبیة ، او بالتکبیر۔ والثج بالمثلثة۔ ثمَّ جیم نحر البُدُن۔]

آواز سے (لبیک) پکارنا اور (قربانی کے جانوروں کا) خون بہانا‘ اس نے عرض کیا ’’سبیل‘‘ سے کیا مراد ہے؟ فرمایا زادِراہ اور سواری (ابن ماجہ‘ ترمذی میں بھی انہی سے روایت ہے کہ ایک آدمی آیا اور اس نے عرض کیا یارسول اللہ! کونسی چیز ہے جو حج کو واجب کر دیتی ہے؟ فرمایا زادِراہ اور سواری! ترمذی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے ’’وقوفِ عرفہ‘‘ میں کئی طرق سے یہ حدیث آگے آئے گی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ’’میرے بندوں کو دیکھو وہ میرے پاس پراگندہ بال اور غبار آلود آئے ہیں۔۔۔) شعث۔ شین کے فتحہ اور عین کے کسرہ کے ساتھ وہ شخص جسے کنگھی کیے دیر ہو جائے اور تفل تاء کے فتحہ اور ف کے کسرہ کے ساتھ وہ شخص جو خوشبو اور صفائی چھوڑے رکھے یہاں تک کہ اس کی بُو بدل جائے۔ عج عین اور جیم مشددہ کے ساتھ اللہ اکبر اور لبیک کے ساتھ آواز بلند کرنا اور الثج ث اور جیم کے ساتھ اُونٹ قربان کرنا۔ [ضعیف]

## الترغیب فی الاحرام والتلبیة ورفع الصوت بها

### احرام اور بلند آواز سے تلبیہ کی ترغیب

(۳۷۰) ((عن خلَّادِ بنِ السَّائبِ عن ابیهِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : اتانی جِبریلُ فامَرنی ان آمرَ اصحابی ان یَرفَعوا اَصْواتَهم بالِاهلالِ وَالتَّلبیةِ۔)) [رواه اصحاب السنن، وصححه الترمذی وابن خزیمة وزاد ابن ماجه فی روایته فانها شعار الحج۔ واخرجه ابن ماجه: ایضاً: وابن خزیمة وابن حبان والحاکم من حدیث زید بن خالد الجهنی بالزیادة۔]

(۳۷۰) خلاد بن سائب اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے پاس جبریلؑ آئے اور انہوں نے کہا کہ میں اپنے ساتھیوں کو حکم دوں کہ وہ لبیک بلند آواز سے پکاریں (اصحاب سنن‘ ترمذی اور ابن خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا اور ابن ماجہ نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ یہ حج کا شعار ہے نیز ابن ماجہ‘ ابن خزیمہ‘ ابن حبان اور حاکم نے اس حدیث کو کچھ زیادہ الفاظ کے ساتھ زید بن خالد جہنی سے بھی روایت کیا ہے) [صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی الاحرام من المسجد الاقصی

### مسجد اقصٰی سے احرام باندھنے کی ترغیب

(۳۷۱) (( عن اُمِّ حَکیمِ بنتِ امیةَ بنِ الاخنَسِ عن اُم سَلمةَ ﷞ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ: مَن اھلَّ بعُمرةٍ من بَیتِ المَقدسِ غُفِرَ لَہ۔ )) [رواہ ابن ماجه۔ وفی روایة لَہُ کَانت کَفارةً لما قَبلها مِنَ الذُّنوبِ، قَالتُ: فخرجتُ مع ابی من بَیتِ المقدسِ بعُمرةٍ۔ واخرجه ابن حبان بلفظ غُفر لَہُ ما تقدَّم من ذَنبِه۔ قَالَ: فَرکبتُ اُم حکیم۔ واخرجه ابوداوود والبیهقی، بلفظ من اھل بحجة، او عمرة من المسجد الاقصی مثله۔ وزاد، ما تاخَّرَ اَوْوَجَبَتْ لَہُ الجنةُ۔ وفی روایته للبیهقی وَوَجَبت لَہُ الجنةُ بالواو بدل اَووجبت۔]

(۳۷۱) اُم حکیم بنت امیہ بن اخنس، حضرت اُم سلمہ ﷞ سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بیت المقدس سے عمرہ کا احرام باندھے، اسے معاف کر دیا جاتا ہے (ابن ماجہ، ایک روایت میں ہے کہ یہ اس کے تمام سابقہ گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے، یہ بیان کرتی ہیں کہ چنانچہ میں عمرہ کی نیت سے اپنے باپ کے ساتھ بیت المقدس سے روانہ ہوئی، ابن حبان کی روایت میں ہے کہ اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، اس وجہ سے اُم حکیم بیت المقدس سے سفر کر کے آئیں، ابوداؤد اور بیہقی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ جو شخص حج یا عمرہ کا مسجد اقصٰی سے احرام باندھے تو اسکے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف ہو جاتے یا اس کیلئے جنت واجب ہو جاتی ہے، بیہقی کی روایت میں اَوْوَجبت کے بجائے وَوَجَبَتْ کا لفظ ہے۔[1] یعنی اس کے پہلے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ [ضعیف]

## الترغیب فی الطواف واستلام الحجر الاسود والرکن الیمانی وما جاء فی فضلهما وفضل المقام ودخول البیت

### طواف، حجر اسود اور رُکن یمانی کو ہاتھ لگانے کی ترغیب، نیز یہ بیان کہ ان دونوں مقام کی فضیلت اور بیت اللہ میں داخل ہونے کے بارے میں کیا وارد ہے؟

(۳۷۲) (( عن عبدِاللّٰه بنِ عُبیدِ بنِ عُمیرٍ انه سَمعَ اباہُ یقولُ لابنِ عمرَ: مالی لا

(۳۷۲) عبداللہ بن عبید بن عمیر سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے والد سے سنا، عبداللہ بن عمر سے کہہ رہے تھے کیا بات ہے میں نے

---

(۱) امام منذری نے "مختصر السنن" میں لکھا ہے کہ راویوں کا اس کے متن اور سند میں بہت اختلاف ہے، اس کی سند میں حکیم ضعیف ہے اور پھر اس کے سند و متن میں اضطراب بھی ہے سلسلہ ضعیفہ ج ۱ ص ۲۴۸۔۲۴۹" (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اراكَ تستلِمُ الا هذين الرُّكنَينِ الحَجرِ الاسودَ ، والرُّكنَ اليَمانيَّ؟ فقَالَ ابنُ عمرَ: انْ افعلْ فقد سَمعتُ رسولَ اللّٰهِ ﷺ : يقولُ: انَّ استلامَهما يَحُطُّ الخطايا۔ قَالَ وسمعتُه يقولُ: مَن طَافَ اُسبوعًا يُحصيهِ، وصَلّٰي رَكعَتينِ كانَ كعدلِ رَقبةٍ۔ قَالَ: وسَمعتُه يقولُ: ما رَفَع رَجلٌ قَدماهُ وَلا وَضَعهُما الَّا كُتِبَ لَهُ ، عَشرُ حَسنناتٍ ، وحُطَّ عنهُ عَشرُ سيئات، وَرُفِعَ لَهُ عَشرُ دَرجاتٍ۔)) [رواه احمد و هذا لفظه]

آپ کو دیکھا ہے کہ آپ صرف رکنین یعنی حجر اسود اور رکن یمانی ہی کو ہاتھ لگاتے ہیں؟ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جواب دیا کہ یہ میں اس لیے کرتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ان کو ہاتھ لگانا، گناہوں کو مٹا دیتا ہے نیز میں نے آپ ﷺ کو یہ بھی ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو طواف کے سات چکر پورے کرے اور پھر دو رکعت نماز پڑھے تو اس کا ثواب گردن آزاد کرنے کے برابر ہے۔ میں نے آپ ﷺ کو یہ بھی ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آدمی جب بھی اپنے دونوں پاؤں اُٹھاتا اور انہیں رکھتا ہے تو اس۔۔۔۔۔ کے بدلہ میں اسکے لیے دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں، دس بُرائیاں مٹا دی جاتی ہیں اور دس درجے بلند کر دیئے جاتے ہیں (یہ الفاظ مسند احمد کی روایت کے ہیں) [صحیح لغیرہ لابن عمر]

(۳۷۳) (( وعَن محمَّدِ بنِ المُنكدرِ عن ابيهِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ :مَن طَافَ بِالبيتِ اسبوعًا لا يَلغو فِيهِ كانَ كَعِدْلِ رَقبةٍ يُعتِقُها۔)) [رواه الطبرانی ، ورجاله ثقات]

(۳۷۳) محمد بن منکدر اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے سات چکر لگائے اور اس میں کوئی لغو کام نہ کرے تو اس کا ثواب گردن آزاد کرنے کے برابر ہے۔ (طبرانی، اس کے رجال ثقہ ہیں) [صحیح لغیرہ]

(۳۷۴) (( وعَن ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما انَّ النبيَّ ﷺ قَالَ الطَّوافُ حولَ البيتِ صَلاةٌ الا انَّكم تَتكلَّمون فِيهِ ، فمن تكلَّم فَلا يَتكلَّمْ الا بِخيرٍ۔)) [ رواه الترمذی، واللفظ له، وابن حبان]

(۳۷۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بیت اللہ کے اردگرد طواف کرنا بھی نماز ہے لیکن اس میں تم کلام کر سکتے ہو لہذا جو شخص کلام کرے وہ اچھی بات ہی کرے۔ (ابن حبان، ترمذی اور الفاظ انہی کی روایت کے ہیں) [صحیح]

## فصل

(۳۷۵) (( عن ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : فی الحجَر ، واللّٰه لَيَبْعَثَنَّهُ اللّٰه يومَ القِيامةِ، لَهُ عَينان يُبصِرُ

(۳۷۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حجر اسود کے بارہ میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن اُٹھائے گا اس کی دو آنکھیں ہوں گی جن سے دیکھتا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بِهما۔ وِلسان يَنطِقُ بِه۔ يَشهدُ على مَن استلمه بحق)) [رواه الترمذی وحسنه' وصححه ابن خزيمه وابن حبان ' واخرجه الطبرانی' ولفظه يبعث الله الحجرَ الاسود' والركنَ اليمانيَّ يومَ القِيامةِ ' ولَهما عَينانِ' وَلِسانٌ وَشَفتانِ يَشهدانِ لِمن استلَمهُما بِالوفاءِ۔]

ہوگا' زبان ہوگی جس سے بات کرتا ہوگا اور جو حق کے ساتھ اسے بوسہ دے گا اس کے بارہ میں گواہی دے گا (ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے۔ ابن خزیمہ وابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ طبرانی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن حجر اسود اور رکن یمانی کو اُٹھائے گا' ان کی دو آنکھیں' زبان اور دو ہونٹ ہوں گے جس نے وفا کے ساتھ انہیں چھوا ہوگا اس کے بارہ میں گواہی دیں گے) [صحیح]

(۳۷۶) (( وعَن عبدِ اللّٰهِ بنِ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما قَالَ : قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : ياتی الرُّكنُ اليَمانيُّ يومَ القِيامةِ اعظَمَ من ابی قُبَيسٍ لَهُ لِسَانٌ وشَفَتانِ۔)) [ رواه احمد بسند حسن' والطبرانی فی الاوسط' وزاد: يَشهدُ لِمنِ استلمه بِالحقِّ' وَهُوَ يَمينُ اللّٰهِ' التی يُصافِحُ بها خَلقَهُ۔]

(۳۷۶) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رکن یمانی جب قیامت کے دن آئے گا تو یہ ابوقبیس (پہاڑ) سے بھی بڑا ہوگا' اس کی زبان بھی ہوگی اور دو ہونٹ بھی! (احمد بسند حسن' "طبرانی اوسط" کی روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ جو شخص حق [1] کے ساتھ اسے چھوئے اس کے بارہ میں گواہی دے گا' یہ اللہ تعالیٰ کا وہ دایاں ہاتھ ہے جس کے ساتھ وہ اپنی مخلوق سے مصافحہ کرتا ہے) [حسن لغیرہ]

(۳۷۷) (( وعَن ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ : نَزلَ الحَجَرُ الاسودُ مِنَ الجنَّةِ ' وَهُوَ اشدُّ بَياضًا مِنَ اللَّبنِ فَسَوَّدَتهُ خَطايا بَنی آدمَ۔)) [رواه الترمذی وصححه هو وابن خزيمة الا أنه قال' اشدُّ بَياضًا مِنَ الثَّلجِ۔ ورواه الطبرانی فی لاوسط والكبير بسند حسن۔ ولفظه: حجارةِ الجنَّةِ ' وما فی الارضِ مِنَ

(۳۷۷) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب حجر اسود جنت سے نازل ہوا تو یہ دودھ سے بھی زیادہ سفید تھا مگر اسے بنی آدم کی خطاؤں نے سیاہ کر دیا (ترمذی نے اسے روایت کیا اور ابن خزیمہ نے صحیح قرار دیا مگر ابن خزیمہ کی روایت میں ہے کہ یہ برف سے زیادہ سفید تھا طبرانی نے اسے "اوسط کبیر" میں بسند حسن روایت کیا ہے اور الفاظ یہ ہیں کہ یہ جنت کا پتھر ہے اور زمین میں اس کے علاوہ جنت کی اور کوئی چیز نہیں ہے اور یہ بلوریں [2] شیشے کی مانند سفید تھا' اگر اسے زمانہ جاہلیت کی ناپاکی نہ

---

[1] حق کے ساتھ کے معنی یہ ہیں کہ کامل طہارت کے ساتھ اور ذکر و دعا کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرتے ہوئے اسے چھوئے اور ریا کاری و شہرت سے بچے۔

[2] "المہا" کے معنی بلور کے ہیں' اس کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے ہر صاف شفاف چیز کو بھی مہا کہا جاتا ہے' ستارہ کو بھی مہا کہا جاتا ہے' نیز دانتوں کو بھی جب کہ وہ بہت خوبصورت سفید اور چمکدار ہوں۔ (النہایہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الجنَّةِ غيرُهُ ، وكان ابيضَ كالمها ولولَا ما مسَّهُ من رجس الجاهِلِيَّة ما مسَّهُ ذو عاهةٍ الا بَرَاَ۔ وفي رواية لابن خزيمة: ياقوتة بَيضاءُ من يَواقيتِ الجَنَّةِ ، وانما سوَّدْته خَطايا المُشرِكينَ يُبعثُ يومَ القِيامةِ مِثلَ اُحدٍ ، يَشهدُ لِمنِ استَلَمهُ وَقبَّلَهُ من اهلِ الدُّنيا۔]

چھوتی تو یہ اسی طرح سفید رہتا' اسے جب بھی کوئی بیماری میں مبتلا شخص ہاتھ لگاتا' تو وہ صحت یاب ہو جاتا تھا۔ ابن خزیمہ کی ایک روایت میں ہے کہ یہ جنت کے یواقیت میں سے ایک سفید یاقوت تھا' مشرکوں کے گناہوں نے اسے کالا سیاہ بنا دیا قیامت کے دن اسے اُحد پہاڑ کی طرح اُٹھایا جائے گا' اہل دُنیا میں سے جس نے بھی اسے چھوا اور بوسہ دیا' اس کے بارہ میں یہ گواہی دے گا) [صحیح لغیرہ]

(۳۷۸) (( وعَن عبدِ اللّٰہِ بنِ عمرٍو رضی اللہ عنہما قَالَ: سمعتُ رسولَ اللّٰہ ﷺ : یقولُ وھُوَ مُسنِدٌ ظَھرَہُ الی الکَعْبَۃِ یقولُ: الرکنُ والمَقامُ یَاقُوتَتَانِ مِنْ یَواقِیتِ الجنَّۃِ، وَلَوْ لا انَّ اللّٰہَ طَمَسَ نُورَھُما لَاضاءَ تَا مَا بَینَ المَشرقِ وَالمَغربِ۔)) [ رواہ الترمذی وصححہ ابن حبان، والحاکم ، وفی روایۃ للبیھقی ، ولَو لا ما مسَّہ من خطایا بنی آدم لاضاءَ بینَ المشرقِ والمَغربِ، وما مسَّھما من ذی عَاھۃٍ ، ولا سَقیمٌ الا شُفِیَ۔ وفی اخری: لَو لا ما مسَّہ من انجاسِ الجاھلیۃِ ما مسَّہ ذُو عاھۃ ، الا شُفی ، ومَا علی الارضِ شیٔ غیرُہُ۔ یعنی مِنَ الجنۃ۔]

(۳۷۸) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا' آپ کعبہ کے ساتھ ٹیک لگائے فرما رہے تھے کہ رکن و مقام جنت کے یواقیت میں سے دو یاقوت ہیں' اگر اللہ تعالیٰ نے ان کے نور کو ختم نہ کیا ہوتا تو مشرق و مغرب ان سے روشن ہو ہو جاتے (ترمذی' ابن حبان و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ بیہقی کی ایک روایت میں ہے اگر بنو آدم کے گناہ ان سے مس نہ کرتے تو مشرق و مغرب روشن ہو ہو جاتا' اسے جب بھی کوئی تکلیف یا بیماری میں مبتلا شخص ہاتھ لگاتا تو صحت یاب ہو جاتا تھا ایک دوسری روایت میں ہے کہ اگر جاہلیت کی ناپاکیاں اسے نہ چھوتیں تو اسے چھونے سے ہر مصیبت میں مبتلا شخص شفایاب ہو جاتا اور روئے زمین پر اس کے علاوہ اور کوئی چیز جنت کی نہیں ہے) [صحیح لغیرہ]

(۳۷۹) (( وعَن جابرِ بنِ عبدِ اللّٰہ رضی اللہ عنہما قَالَ: فَدخلنا مکۃ ارتفاعَ الضُّحی فَاَتَی، یعنی النبیَّ ﷺ المسجدَ فاناخَ بِراحِلَتِہِ، ثُمَّ دَخَل المسجدَ فَبدَا بالحجرِ فاستَلَمَہُ، وفَاضَت عَیناہُ بِالبُکَاءِ۔ الحدیث۔ فَلَما

(۳۷۹) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم چاشت کے وقت مکہ میں داخل ہوئے' آنحضرت ﷺ مسجد (حرام) میں تشریف لائے آپ ﷺ نے سواری کو بٹھایا' پھر مسجد میں داخل ہوئے' حجر اسود سے (طواف) شروع کیا' اسے بوسہ دیا اور آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے۔۔۔۔ جب فارغ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَرَغَ قَبَّلَ الحجرَ ، وَوَضَعَ يَدَيهِ عليهِ ، ثُمَّ مَسَحَ بِهِما وَجهَهٗ۔ )) [رواہ ابن خزیمہ واللفظ لہ' وَالحاکم]

ہوئے تو حجراسود کو بوسہ دیا' اپنے دونوں ہاتھ اس پر رکھ دیئے اور پھر اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے پر پھیر لیا۔(ابن خزیمہ' الفاظ انہی کے ہیں۔حاکم)[منکر]

## الترغیب فی العمل الصالح فی عشر ذی الحجة وفضله

## عشرہ ذی الحجہ کی فضیلت اور اس میں عمل صالح کی ترغیب

(۳۸۰) (( عن ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : مَا مِن ایَّامٍ العَملُ الصَّالِحُ فِیها احبُّ الی اللّٰہِ عزَّ و جلَّ مِن هٰذِہِ الایَّامِ۔ یعنی قَالُوا یَارسولَ اللّٰہِ: وَلا الجِهادُ فی سبیلِ اللّٰہِ؟ قَالَ: وَلا الجِهادُ فی سبیلِ اللّٰہِ الا رجل خَرج بِنفسِہٖ وَمالِہٖ' ثُمَّ لم یرجِعْ مِن ذٰلِكَ بشی ءٍ۔)) [رواہ البخاری وابوداود' والترمذی وابن ماجہ' واخرجہ الطبرانی بلفظ: اعظمُ عندَ اللّٰہِ ' ولا احبُّ الی اللّٰہِ العَمَلُ فِیهِنَّ من ایَّامِ العَشرِ فاکثِرُوا فِیهِنَّ مِنَ التَّسبیحِ ' وَالتَّحمیدِ وَالتَّهلِیلِ ' وَالتَّکبِیرِ۔ وفی روایة للبیهقی: مِنَ التَّهلیلِ والتکبیرِ وذِکرِ اللّٰہِ فإن صِیَامَ یَومٍ منها یَعدِلُ صیامَ سَنةٍ' والعَمَلُ فِیها یُضاعَفُ بِسبعِ مائةِ ضِعفٍ۔ وفی اخری لَهٗ: ما من عَمَلٍ ازکی عندَ اللّٰہِ' ولا اعظَمُ اجرًا من خَیرٍ یعملُ فی عشرِ الاضحی۔ وزاد فی آخرہ: فکانَ سَعیدُ بنُ جبیرٍ اذا دخلَ ایَّامُ العَشرِ اجتهدَ اجتهادًا شدیدًا

(۳۸۰) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ان ایام سے بڑھ کر اور کوئی دن نہیں جن میں اللہ تعالیٰ کو عمل صالح زیادہ محبوب ہو۔ یعنی ایامِ عشر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کیا دوسرے دنوں میں جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں؟ فرمایا جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں اِلاّ یہ کہ کوئی شخص اپنی جان اور اپنے مال کے ساتھ گھر سے نکلا اور پھر وہ کسی چیز کے ساتھ بھی واپس نہ آیا۔(بخاری' ابوداؤد' ترمذی' ابن ماجہ' طبرانی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ ان دس دنوں کے علاوہ اور کوئی دن ایسے نہیں جن میں اللہ تعالیٰ کے ہاں عمل صالح عظیم اور محبوب ہو لہٰذا ان دنوں میں کثرت کے ساتھ تسبیح' تحمید' تہلیل اور تکبیر پڑھو۔ بیہقی کی روایت میں ہے کہ کثرت کے ساتھ تہلیل اور تکبیر ذکر الٰہی کرو۔ ان میں سے ایک دن کا روزہ ایک سال کے روزوں کے برابر ہے اور ان میں عمل کا ثواب سات سو گنا تک بڑھا دیا جاتا ہے' بیہقی کی ایک دوسری روایت میں ہے کہ اضحٰی کے ان دس دنوں سے بڑھ کر کسی دن کا عمل اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ پاک اور اُجر و ثواب کے اعتبار سے بڑھ کر نہیں ہے' اس روایت کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ جب یہ دس دن شروع ہو جاتے تو حضرت سعید بن جبیر اس قدر سخت محنت کرتے تھے کہ یوں محسوس ہوتا کہ اس قدر محنت کی انہیں طاقت نہیں ہے' میں کہتا ہوں یہ روایت صحیح ابوعوانہ اور دارمی میں بھی ہے )

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



حتّٰی ما يكادُ يقدرُ عليهِ۔ اقول واخرج هذه الرواية ايضاً ابوعوانة فی صحيحه والدارمی۔]

## الترغيب فی الوقوف بعرفة والمزدلفة وفضل يوم عرفة

## عرفہ ومزدلفہ میں وقوف کی ترغیب اور یومِ عرفہ کی فضیلت

(۳۸۱) ((عن جابرِ بنِ عبدِاللّٰه رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: مَا مِن ايَّامٍ عندَ اللّٰهِ افْضَلُ مِن عَشْرِ ذِی الحِجَّةِ ' وفيه: ومَا مِن يَومٍ افْضلُ عِندَ اللّٰهِ مِن يَومِ عَرفَةَ يَنزلُ اللّٰه تَبارَكَ وَتَعالٰی الی السَّماءِ الدُّنيا فَيُبَاهِی بِاَهلِ الارضِ اهلَ السَّماءِ۔ فَيقولُ: انظُرُوا الی عِبادی جَاؤُونی شُعثًا غُبرًا ضَاحِينَ جَاؤُوا مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ يَرجونَ رَحمتی وَلَمْ يَرَوْا عَذَابی فَلم يُرَ يَومٌ اكثرُ عِتقًا من النَّارِ من يَومِ عَرَفَةَ۔)) [رواه ابويعلٰی والبزار' وصححه ابن حبان' وهذا لفظه۔ وفی رواية لابن خزيمه والبيهقی بعد قوله عميق: اُشهِدُكم انی غَفَرتُ لَهم' فيقولُ المَلائِكةُ: انَّ فيهم فُلانًا مُرهَّقًا وفلانًا۔ قالَ: يقولُ اللّٰهُ عزَّوجلَّ قَدْ غَفَرتُ لَهم۔ قوله ضاحين بضاد۔ معجمة ومهملة خفيفة او جيم' جمع ضاح ای بارز للشمس غير مستتر۔ والمرهَّق: الذی يغشی المحارم۔]

(۳۸۱) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عشر ذی الحجہ سے بڑھ کر اور کوئی دن اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ افضل نہیں ہے۔۔۔۔الحدیث [1] اور اس میں ہے کہ عرفہ کے دن سے بڑھ کر اور کوئی دن اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ افضل نہیں ہے' اس دن اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا پر نزول فرماتا' آسمان والوں کے سامنے اہل دنیا پر فخر کرتا اور فرماتا ہے کہ میرے بندوں کو دیکھو میرے پاس پریشان بال' غبار آلود' دھوپ میں کھڑے ہیں' تمام اطراف واکناف سے آئے ہیں' میری رحمت کے اُمیدوار ہیں' انہوں نے میرے عذاب کو نہیں دیکھا' کوئی دن ایسا نہیں دیکھا گیا جس میں عرفہ کے دن سے بڑھ کر لوگوں کو جہنم کی آگ سے آزاد کیا گیا ہو۔ (ابویعلیٰ' بزار' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور یہ الفاظ انہی کی روایت کے ہیں' ابن خزیمہ اور بیہقی کی ایک روایت میں ''عمیق'' کے بعد یہ لفظ بھی ہیں کہ میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے انہیں معاف کر دیا ہے' فرشتے عرض کرتے ہیں اے اللہ ان میں تو فلاں فلاں شخص بھی جو محرمات کا ارتکاب کرتا تھا لیکن اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے کہ میں نے ان سب کو معاف کر دیا ہے' ''ضاحین'' کے معنی ہیں دھوپ میں کھڑے ہوئے اور ''مرھق'' اس شخص کو کہتے ہیں جو محرمات کا ارتکاب کرتا ہو) [ضعیف]

(۱) پوری حدیث اس طرح ہے جیسا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! یہ دن زیادہ افضل ہیں یا اتنے دنوں کی گنتی کے برابر جہاد فی سبیل اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا اتنے دنوں کی گنتی کے برابر جہاد کرنے سے یہ دن ہی زیادہ افضل ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۳۸۲) (( وعن عباسٍ [بن مرداس] رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ دَعی لأُمَّتِه عَشيَّةَ عَرفَةَ فأُجيبَ إنِّي قَدْ غفرتُ لَهُم مَا خَلَا المَظالمَ، فإنِّي آخذٌ لِلمَظلومِ مِنَ الظَّالم۔ قالَ: ای رَبِّ ان شِئتَ اَعطيتَ المَظلومَ الجنَّةَ۔ وَغفرتَ الظَّالمَ فَلَمْ يُجَبْ عَشيةَ عَرفة۔ فلما اَصبحَ بالمُزدَلفةِ اعادَ الدُّعاءَ، فأُجيبَ الى مَا سُئِلَ۔ فَضَحكَ رَسولُ اللّٰهِ ﷺ او قَالَ تَبسَّمَ۔ فقالَ لَهُ ابوبكرٍ وعُمرَ: بابی انتَ و اُمی اِنَّ هذِهِ السَّاعةَ ما كُنتَ تَضحكُ فِيها۔ فَما الَّذی اَضحكَكَ؟ اضحكَ اللّٰهُ سِنَّكَ۔ قالَ: انَّ عدوَّ اللّٰهِ اِبليسَ لَمَّا علمَ انَّ اللّٰهَ قَد استَجابَ دُعائی، وغَفرَ لأُمَّتی اخَذَ التُّرابَ فَجعلَ يَحثُوهُ عَلی راسهِ، وَيَدْعو بالوَيلِ و الثبورِ وَاَضحكنی مَا رأيتُ مِن جَزَعِهِ۔ )) [اخرجه ابن ماجة والبيهقي، وفی رواية: بالمغفرة والرَّحمةِ فأكثرَ الدعاء وقالَ: يا رَبِّ انك قادرٌ على ان تُثيبَ هذا المَظلومَ خيراً من مَظلمَتِهِ۔ قالَ البيهقي هذا الحديث له شواهد كثيرة، ذكرناها في كتاب البعث، فان صح ففيه الحجة وان لم يصح فيشهد له قوله تعالىٰ ﴿يغفر ما دون ذلك لمن يشاء۔]

(۳۸۲) حضرت عباس بن مرداس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عرفہ کی شام اپنی اُمت کے لیے دُعا فرمائی تو آپ ﷺ سے کہا گیا کہ میں نے مظالم کے علاوہ آپ ﷺ کی اُمت کے تمام گناہ معاف کر دیئے ہیں، میں مظلوم کو حق دلانے کے لیے ظالم سے حق لوں گا، آپ ﷺ نے عرض کیا اے میرے پروردگار! اگر تو چاہے تو مظلوم کو جنّت عطا کرے اور ظالم کو معاف فرما دے، اس شام آپ ﷺ کی دُعا قبول نہ ہوئی (اگلے دن) مزدلفہ میں آپ ﷺ نے دوبارہ دُعا کی تو آپ ﷺ کی دعا قبول کر لی گئی تو اس پر آپ ﷺ ہنس پڑے یا مسکرا دیئے، چنانچہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے کہا میرے ماں آپ پر نثار ہوں، آپ ﷺ اس وقت ہنسا نہیں کرتے، آپ ﷺ کے ہنسنے کا سبب کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ آپ کو ہنستا رکھے، آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے دشمن ابلیس کو جب یہ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے میری دُعا کو شرفِ قبولیت سے نوازا ہے اور میری اُمت کو معاف فرما دیا ہے تو اس نے اپنے سر پر مٹی ڈالنا شروع کر دی اور ہلاکت و بربادی کی دُعا شروع کر دی تو اس کی یہ پریشانی اور گھبراہٹ دیکھ کر مجھے ہنسی آ گئی۔ (ابن ماجہ، بیہقی، ایک روایت میں ہے کہ آپ نے اپنی اُمت کے لیے مغفرت و رحمت کی بکثرت دُعا فرمائی۔ اور ''اے میرے پروردگار! تو اس بات پر قادر ہے کہ اس مظلوم کو اس سے ازراہِ ظلم چھینی گئی چیز سے بہتر اجر و ثواب عطا فرما دے'' بیہقی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے بہت سے شواہد ہیں، جنہیں ہم نے کتاب ''البعث'' میں ذکر کیا ہے، اگر یہ حدیث صحیح ہو تو اسی میں حجت ہے اور اگر صحیح نہ ہو تو اس کے لیے شاہد ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہے ﴿یغفر ما دون ذلک لمن یشاء﴾ (اور اس کے سوا (اور گناہ) جس کو چاہے گا بخش دے گا) [ضعیف]

(۳۸۳) (( وعن ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما قالَ: كانَ فلانٌ رِدْفَ رسولِ اللّٰهِ ﷺ يَوْمَ عَرفةَ

(۳۸۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ فلاں شخص رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عرفہ کے دن سواری پر سوار تھا اور اس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فجعَلَ الفتی یُلاحِظُ النّساءَ وَیَنظرُ الیهِنَّ، فقالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: ابن اخی، انَّ هذا یَومٌ مَن مَلَكَ فیهِ سَمعَهُ وَبَصَرهُ وَلسانَهُ غُفِرَ لَهُ)) [ رواه احمد بسند صحیح، والطبرانی وابن ابی الدنیا والبیهقی، وصححه ابن خزیمة، وفی روایة لهم: كانَ الفضل بن عباس رَدیفَ رسولِ اللّٰه ﷺ، واخرجه ابو الشیخ فی الثواب والبیهقی عن الفضل بن عباس مختصراً، بلفظ: مَن حَفِظَ لِسانَهُ وَسَمْعهُ وَبَصرَهُ یَوْمَ عَرفةَ غُفِرَ لَهُ مِن عَرفةَ الی عَرَفة۔]

نوجوان نے عورتوں کی طرف دیکھنا شروع کر دیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے بھتیجے! یہ وہ دن ہے جو شخص اس میں اپنے کان، آنکھ اور زبان کو قابو میں کر لے تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ (احمد بسند صحیح، طبرانی، ابن ابی الدنیا، بیہقی، ابن خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور ان کی ایک روایت میں ہے کہ فضل بن عباس رسول اللہ ﷺ کے پیچھے سواری پر تھے، ابوالشیخ نے اسے "کتاب الثواب" میں اور بیہقی نے فضل بن عباس سے مختصراً روایت کیا ہے ان الفاظ کے ساتھ کہ جو شخص عرفہ کے دن اپنی زبان، کان اور آنکھ کی حفاظت کرے تو اس کے لیے عرفہ سے عرفہ تک کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں) [ضعیف]

(۳۸۴) ((ورُوی عن ابن عباسٍ سمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ یَقولُ: لَو یَعلَمُ الجَمعُ بِمَنْ حَلُّوا لاستَبشرُوا بالفضْلِ بعدَ المغفرَةِ۔)) [ رواه الطبرانی والبیهقی]

(۳۸۴) ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی گئی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ یہاں جمع ہونے والوں کو اگر یہ معلوم ہو جائے کہ جس کے دربار میں وہ حاضر ہوئے ہیں اس کے فضل و کرم کا عالم کیا ہے تو مغفرت کے بعد وہ اس کے فضل سے اور بھی خوش ہو جائیں۔ (طبرانی و بیہقی) [ضعیف جدا]

## الترغیب فی رمی الجمار

## رمی جمار کی ترغیب

(۳۸۵) ((عن ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما رَفعه الی النبی ﷺ، قالَ: لمَّا اتی ابراهیمُ خَلیلُ اللّٰهِ المَناسِكَ عَرَضَ لَهُ الشَّیطانُ عندَ جَمرةِ العَقبةِ، فرَمَاهُ بِسَبعِ حَصَیاتٍ حتّٰی ساخَ فی الارضِ، ثُمَّ عَرضَ لَهُ عِندَ الجَمرةِ الثانیةِ، فَرَماهُ بِسَبعِ حَصَیاتٍ حتّٰی سَاخَ فی الارضِ، ثُمَّ عَرضَ لَهُ عندَ

(۳۸۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب مغفرت ابراہیم خلیل اللہ مناسک حج کے لیے تشریف لائے تو جمرہ عقبہ کے پاس شیطان ان کے سامنے آیا تو آپ نے اسے سات کنکریاں ماریں جس سے وہ زمین میں دھنس گیا، پھر وہ جمرہ ثانیہ کے پاس آپ کے سامنے آیا تو آپ نے پھر اسے سات کنکریاں ماریں۔ حتی کہ وہ زمین میں دھنس گیا پھر وہ جمرۂ ثالث کے پاس آپ کے سامنے آیا تو آپ نے اسے پھر سات کنکریاں ماریں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الجَمرۃِ الثَّالثۃِ، فَرماہُ بِسبعِ حَصَیاتٍ حتّٰی سَاخَ فِی الارضِ۔ قالَ ابنُ عباسٍ: الشَّیطانَ تَرجمونَ، وَمِلّۃَ ابیکُم ابراھیمَ تَتَّبعونَ۔)) [رواہ ابن خزیمہ، والحاکم واللفظ لہ]

حتی کہ وہ زمین میں دھنس گیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تم شیطان کو رجم کرتے ہو اور اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی ملت کی پیروی کرتے ہو۔ (ابن خزیمہ، یہ الفاظ حاکم کی روایت کے ہیں) [صحیح]

## الترغیب فی حلق الراس

## سر منڈانے کی ترغیب

(۳۸۶) ((عَن ابی ھریرۃَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: اللّٰھُمَّ اغْفِر لِلمُحلِّقینَ۔ قالُوا: یَا رسولَ اللّٰہِ وللمُقصِّرینَ، قالَ: اللّٰھُمَّ اغفرْ لِلمحلِّقین قالُوا: یَا رَسولَ اللّٰہ وللمقصِّرینَ، قالَ: اللّٰھُمَّ اغفِرْ لِلمحلِّقینَ، قالُوا: یا رسولَ اللّٰہ وللمقصِّرینَ؟ قالَ وللمقصِّرینَ۔)) [متفق علیہ]

(۳۸۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ! سر منڈانے والوں کو معاف فرما دے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سر کے بال کٹوانے والوں کے لیے بھی دُعا فرمائیے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اللہ سر منڈانے والوں کو معاف فرما دے! صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سر کے بال کٹوانے والوں کے لیے بھی دُعا فرمائیے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اے اللہ! سر کے بال کٹوانے والوں کو بھی معاف فرما دے۔ (بخاری و مسلم)

(۳۸۷) ((وعن اُمِّ الحُصَینِ انّھا سَمِعتُ رسولَ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم فی حَجَّۃِ الوِداعِ دَعا ثَلاثًا، ولِلمقَصِّرینَ مرَّۃً واحِدۃً۔)) [رواہ مسلم]

(۳۸۷) حضرت ام حصین رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع کے دن بال منڈانے والوں کے لئے تین بار اور بال کٹوانے والوں کے لیے ایک بار دُعا کرتے ہوئے سنا[1] (مسلم)

## الترغیب فی شرب ماء زمزم وما جاء فی فضلہ

## آبِ زمزم پینے کی ترغیب وفضیلت

(۳۸۸) ((عَن ابی ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ

(۳۸۸) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

(۱) بال منڈانے کی کٹوانے پر فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ یہ عبادت کی تکمیل اور اللہ تعالیٰ کے سامنے عجز و انکساری کی نیت کی سچائی کی دلیل ہے کیونکہ بال کٹوانے والا کچھ بال باقی رکھتا ہے جو کہ زینت ہے جبکہ حاجی کو ترکِ زینت کا حکم ہے بلکہ وہ تو پراگندہ بال اور غبار آلود ہوتا ہے۔ واللہ اعلم (نووی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رسولُ اللّٰه ﷺ : زَمزَمُ طعامُ ' طعم' وشِفاءُ سُقْمٍ۔))[رواه البزار بسند صحیح]

فرمایا زمزم کھانے والے کا کھانا(۱) اور بیمار کے لیے شفاء ہے۔ (بزار بسند صحیح) [صحیح]

## الترغیب فی الصلاة فی المسجد الحرام ومسجد المدینة وبیت المقدس و قباء

## مسجدِ حرام مسجدِ نبوی بیت المقدس اور قباء میں نماز کی ترغیب

(۳۸۹) ((عن عبدِ اللّٰه ابن الزُّبَیر رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : صَلاةٌ فی مَسجِدی هٰذا افضلُ من صَلاةٍ فیما سِواهُ مِنَ المساجِدِ الا المَسجدَ الحَرامَ' وصلاةٌ فی المسجدِ الحَرامِ افضَلُ مِن مائةِ صَلاةٍ فی هذا۔)) [رواه احمد وصححه ابن خزیمة و ابن حبان' وزاد: یعنی مسجد المدینة]

(۳۸۹) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری اس مسجد میں نماز دیگر مساجد (سوائے مسجدِ حرام کے) کی ایک ہزار نمازوں سے افضل ہے۔ اور مسجدِ حرام میں نماز اس مسجد کی سو نماز سے افضل ہے (احمد' ابن خزیمہ وابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے اور ان الفاظ کا اضافہ بھی کیا ہے یعنی مسجد مدینہ کی سو نماز سے افضل ہے) [صحیح] (۲)

(۳۹۰) (( وعن عائشةَ رضی اللہ عنہا قالَت: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : انا خاتَمُ الانبیاءِ' ومَسجِدی خَاتَمُ مَساجِدِ الانبیاءِ۔ اَحَقُّ المَسَاجِدِ ان یُزارَ' وتُشَدَّ الیهِ الرَّواحِلُ

(۳۹۰) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں خاتم الانبیاء ہوں اور میری مسجد خاتم مساجد انبیاء ہے' جو مسجدیں اس بات کی سب سے زیادہ حق دار ہیں کہ ان کی زیارت کی جائے اور ان کی طرف شدرحال کیا جائے' وہ مسجدِ حرام اور میری مسجد

(۱) یعنی زمزم پینے سے آدمی اس طرح سیر ہو جاتا ہے جس طرح آدمی کھانے سے سیر ہوتا ہے۔

(۲) کتاب الترغیب والترہیب میں اس حدیث کے حاشیہ میں شیخ مصطفی محمد عمارہ نے لکھا ہے کہ اس حدیث کے معنی یہ ہیں کہ مسجدِ نبوی میں ایک رکعت کا ثواب دیگر مسجدوں میں ادا کی جانے والی ہزار رکعتوں سے زیادہ ہے لیکن پھر آپ ﷺ نے مسجدِ حرام کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا کہ اسے اللہ تعالیٰ کے ہاں فضیلت اور عظیم درجہ حاصل ہے اور اس میں عبادت کا ثواب بھی بہت زیادہ ہے۔ نووی فرماتے ہیں کہ امام شافعی اور جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ مکہ مدینہ سے افضل ہے اور مسجدِ مکہ مسجدِ مدینہ سے زیادہ افضل ہے لیکن امام مالک اور ایک جماعت کا مذہب اس کے برعکس ہے تو امام شافعی اور جمہور کے نزدیک حدیث کے معنی یہ ہیں کہ مسجدِ حرام میں نماز میری مسجد میں نماز پڑھنے سے افضل ہے اور امام مالک اور ان کے ہمنوا حضرات کے نزدیک اس کے معنی یہ ہیں کہ مگر مسجدِ حرام یعنی میری مسجد میں نماز اس سے ہزار گنا سے کم افضل ہے۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ امت کا اجماع ہے کہ آنحضرت ﷺ کی قبر مبارک کی جگہ تمام روئے زمین سے افضل ہے اور مکہ ومدینہ تمام شہروں سے افضل ہیں آنحضرت ﷺ کی قبر مبارک کی جگہ کے علاوہ باقی میں اختلاف ہے کہ ان میں کون افضل ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم' امام مالک اور اکثر اہل مدینہ کا قول ہے کہ مدینہ افضل ہے جبکہ اہل مکہ وکوفہ' امام شافعی' ابن وہب' ابن حبیب' یہ دونوں مالکی علماء ہیں' کا قول ہے کہ مکہ افضل ہے اور یہ افضلیت فرض ونفل سب کو شامل ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الْمَسجِدُ الْحرامُ، وَمَسجِدی، وَصلاۃٌ فی مَسجِدی افضلُ من الفِ صلاۃٍ فیما سِواہُ مِنَ المساجِدِ الا المسجِدَ الحَرامَ۔)) [رواہ البزار]

ہے میری مسجد میں نماز مسجد حرام کے علاوہ دیگر مسجدوں میں ایک ہزار نمازوں سے افضل ہے۔ (بزار) [صحیح لغیرہ]

(۳۹۱) (( وعَن ابی سعید رضی اللہ عنہ قالَ: دَخلتُ علی رسولِ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم فی بیتِ بَعضِ نِسائِہ: فقلتُ: یَا رَسولَ اللّٰہِ ایُّ المَسجِدِ الذی اُسِّسَ علی التَّقوی؟ فاخَذَ کفًّا مِن حَصَی، فضَرَبَ بِہِ الارضَ، ثُمَّ قالَ: ھُوَ مَسجِدُکُم ھٰذَا، مَسجِدُ المَدینۃِ۔)) [ اخرجہ مسلم والترمذی والنسائی ولفظہ: تَماری رجُلانِ فی المسجِدِ الَّذی اُسِّسَ علی التَّقوی مِن اوَّلِ یَومٍ، فقالَ رَجلٌ: ھُوَ مَسجِدُ قُباء، وَقالَ: الآخَرُ ھُو مَسجِدُ رَسولِ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقالَ رسولُ اللّٰہِ: ھُوَ مَسْجِدی ھٰذَا۔ واخرجہ ابن حبان من حدیث سھل بن سعد نحوہ وفیہ: فَاتَوا رَسولَ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالَ ھُوَ مَسجِدِی ھذا۔]

(۳۹۱) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جب کہ آپ بعض ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے گھر میں تھے، میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کونسی مسجد ہے، جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے؟[1] آپ نے کنکریوں کی ایک مٹھی پکڑی اور اسے زمین پر دے مارا اور فرمایا وہ تمہاری یہ مسجد ہے، مسجد مدینہ! (مسلم، ترمذی، نسائی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ دو آدمیوں نے اس بارہ میں اختلاف کیا کہ وہ کونسی مسجد ہے، روزِ اوّل ہی سے جس کی تقویٰ پر بنیاد رکھی گئی ہے، ایک آدمی نے کہا کہ وہ مسجد قبا اور دوسرے نے کہا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ میری یہ مسجد ہے (ابن حبان نے بروایت سہل بن سعد اسی طرح بیان کیا ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ یہ دونوں آدمی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ میری یہ مسجد ہے) [صحیح]

www.qlrf.net

## فصل

(۳۹۲) ((عن اُسَیدِ بنِ ظُھَیرِ الانصاریِّ رضی اللہ عنہ وکانَ من اصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم یُحدِّثُ عنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم انہُ قالَ: صَلاۃٌ فی مَسجِدِ قُبَاء کَعُمرَۃٍ۔)) [رواہ الترمذی،

(۳۹۲) حضرت اُسید بن ظہیر انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسجد قبا میں نماز عمرہ کی طرح ہے۔ (ترمذی، ابن ماجہ، بیہقی، امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن غریب ہے اور مصنف فرماتے ہیں کہ

(۱) یعنی سورۃ توبہ کی آیت ۱۰۸ میں جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


و ابن ماجه' والبيهقى' قالَ الترمذى: حسن غريب قالَ المصنف لا نعلم لاسيد حديثًا صحيحًا غير هذا۔]

ہمیں اُسید کی اس کے علاوہ اور کسی صحیح حدیث کا علم نہیں ہے)
[صحيح لغيره]

(۳۹۳) ((وعن ابن عُمرَ رضی اللہ عنہما كانَ رسولُ الله ﷺ يَزورُ قُباءً' رَاكبا و مَاشِيًا۔ وفى رواية: فَيُصلّى فيهِ رَكْعَتينِ۔)) [متفق عليه وفى رواية للبخارى والنسائى: كانَ يَأتى قُباءَ كُلَّ سَبتٍ' وكانَ عبدُ اللّٰه يَفعلُهُ]

(۳۹۳) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ قباء کی زیارت کے لیے پیدل اور سواری پر تشریف لایا کرتے تھے۔ ایک روایت میں ہے' آپ یہاں دو رکعت نماز ادا فرماتے (بخاری و مسلم' بخاری اور نسائی کی ایک روایت میں ہے کہ آپ ہر ہفتہ کے دن قبا تشریف لایا کرتے تھے اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا بھی یہی معمول تھا)

## الترغيب فى سكنى المدينة الى الممات والدعاء لها والترغيب فى زيارة القبر النبوى وما جاء فى فضلها وفضل اُحد ووادى العقيق

## وفات تک مدینہ میں رہنے' اس کی دُعا کرتے رہنے اور روضۂ اقدس کی زیارت کی ترغیب' مدینہ' اُحد اور وادیٔ عقیق کی فضیلت

(۳۹۴) ((عَن ابى هُريرةَ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ لا يَصبِرُ علَى لأواء المدينةِ وَسَقَمِها احدٌ من اُمّتى الّا كُنتُ لَهُ شَفيعًا' اَو شَهيدًا۔)) [رواه مسلم والترمذى]

(۳۹۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری اُمت میں سے جو شخص بھی مدینہ میں شدت' تنگی معیشت اور بیماری پر صبر کرے گا تو میں اس کی شفاعت کروں گا یا میں اس کے بارہ میں گواہی دوں گا۔ (مسلم' ترمذی)

(۳۹۵) ((وعن سَعدٍ رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قال انى اُحرِّمُ ما بَيْنَ لابتى المدينةِ: ان يُقطَعَ عضاهها وَيُقتَلَ صَيدُهَا' وقالَ: المَدينةُ خَيرٌ لَهُم لَوْ كَانُوا يَعملونَ لَا يَدَعُها احدٌ رَغبةً عَنها الا ابدَلَها اللّٰهُ فِيها مَن هُوَ خَيرٌ مِنهُ' وَلا يَثبتُ احدٌ عَلَى لاوائِها وجَهْدِها الا كُنتُ لَهُ شَفيعًا' او

(۳۹۵) حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان کے علاقے کو حرام قرار دیتا ہوں کہ اس کی خار دار جھاڑیوں کو کاٹا جائے اور اس کے شکار کو قتل کیا جائے' آپ ﷺ نے فرمایا مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ اس بات کو جانتے' جو شخص بھی مدینہ سے بے رغبتی کی وجہ سے اسے چھوڑے گا' تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلہ میں اس سے بھی بہتر شخص کو یہاں لا بسائے گا اور جو شخص بھی یہاں کی سختی' معیشت کی تنگی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



شَهِيدًا يَوم القيامةِ وزاد في رواية: وَلا يَكيدُ احدٌ اهلَ المدينةِ بسوءٍ اِلَّا أذابَهُ اللّٰهُ في النارِ ذَوْبَ الرَّصاصِ، او ذَوبَ المِلحِ في الماءِ۔))[رواه مسلم]

اور محنت پر صبر کرے گا میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا یا اس کے بارہ میں شہادت دوں گا' ایک روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ جو شخص بھی اہل مدینہ کے بارہ میں کوئی بُری چال چلے تو اللہ تعالیٰ اسے آگ میں اس طرح پگھلا دے گا جس طرح قلعی آگ میں پگھل جاتی ہے یا جس طرح نمک پانی میں گھل جاتا ہے۔[1] (مسلم)

(۳۹۶) (( وعَن عُمرَ رضی اللہ عنہ: غَلا السِّعرُ بالمدِينةِ فاشتد الجُهدُ، فقالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ : اصبِروا وابشِروا، فإني قَد بَارَكتُ عَلى صَاعِكُم وَمُدِّكُمْ، فَكُلوا وَلَا تفرَّقُوا، فإِنَّ طعامَ الوَاحدِ يكفي الاثنينِ، وطعامَ الاثْنَين يَكفي الاربَعَة، وَطعَام الاربعَةِ يكفي الخمسَةَ وَالستةَ فإنَّ البرَكَةَ في الجَمَاعةِ، فَمن صَبَرَ عَلى لاوَائِها وشِدَّتِها كُنْتُ لَهُ شَفيعًا وَشهيدًا يَوْمَ القِيامَةِ، وَمَن خَرَجَ عَنها رَغبةً عَما فِيها ابدَلَ اللّٰهُ بهِ مَن هُوَ خيرٌ مِنهُ فِيها، وَمَنْ ارَادَهَا بِسُوءٍ اذابَهُ اللّٰهُ كَما يَذُوبُ المِلحُ في المَاءِ)) [رواه البزار بسند جيدٍ]

(۳۹۶) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ میں مہنگائی ہو جانے کی وجہ سے جب بہت دشواری ہوگئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: صبر کرو اور خوش ہو جاؤ کہ میں نے تمہارے صاع اور مد کے لیے برکت کی دُعا کردی ہے' کھاؤ اور علیحدگی اختیار نہ کرو کہ ایک کا کھانا دو کے لیے کافی ہوتا ہے اور دو کا چار کے لیے اور چار کا کھانا پانچ چھ آدمیوں کے لیے کافی ہوتا ہے کیونکہ برکت جماعت میں ہے جو شخص مدینہ کی سختیوں اور شدتوں پر صبر کرے گا تو قیامت کے دن اس کے بارہ میں شفاعت کروں گا اور گواہی دوں گا اور جو شخص یہاں سے بے رغبتی کا اظہار کرتے ہوئے نکل جائے' اللہ تعالیٰ اس کے بدلہ میں یہاں اس سے بہتر شخص کو لا بسائے گا اور جو شخص اس کے بارہ میں بُرا ارادہ رکھے اللہ تعالیٰ اسے اس طرح پگھلا دے گا جس طرح پانی میں نمک گھل جاتا ہے۔ (بزار' سند جید)[منکر]

---

(۱) امام نووی نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے کہ قاضی فرماتے ہیں کہ ان زائد الفاظ نے ان احادیث کا اشکال دُور کر دیا جن میں یہ الفاظ نہیں ہیں تو اس سے معلوم ہوا کہ اس حکم کا تعلق آخرت سے ہے اور اس سے مُراد وہ لوگ ہو سکتے ہیں جو کہ آنحضرت ﷺ کی حیات میں اہل مدینہ کے بارہ میں بُرا ارادہ رکھیں تو ان کے مقابلہ میں مسلمان کافی ہوں گے۔ ان کا مکر وفریب مضمحل ہو جائے گا جس طرح قلعی آگ میں پگھل جاتی۔ یہ الفاظ میں تقدیم وتاخیر بھی ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے اس طرح پگھلا دے گا جس طرح قلعی آگ میں پگھل جاتی ہے اور یہ انجام اس شخص کا ہوگا جو دنیا میں اہل مدینہ کے بارہ میں بُرا سوچے اللہ تعالیٰ اسے یہ مہلت نہ دے گا' نہ اسے غلبہ حاصل ہوگا بلکہ بہت جلد ہی اسے مدینہ سے دُور ہٹا دیا جائے گا جیسا کہ ایامِ بنی اُمیہ میں مدینہ سے جنگ کرنے والے مسلم بن عقبہ کا حال ہوا کہ وہ مدینہ سے واپس جانے کے فوراً بعد ہلاک ہو گیا' پھر اس کے بعد جلد ہی بعد اسے بھیجنے والا یزید بن معاویہ بھی فوت ہو گیا' اس طرح جو بھی بُرے ارادے سے مدینہ آیا اس کا انجام یہی ہوا۔ اس سلسلہ میں ایک قول یہ بھی ہے کہ اس سے مُراد وہ شخص ہے جو اہل مدینہ کی غفلت سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اپنے لیے عزت کو طلب کرے اور اہل مدینہ پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے مکر وفریب سے کام لے تو یہ شخص بھی اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتا چہ جائیکہ وہ شخص کامیاب ہو جو کھلم کھلا مدینہ منورہ پر حملہ آور ہو' چنانچہ ان حکمرانوں کی مثال سامنے ہے جو مدینہ پر حملہ آور ہوئے تھے۔ (شرح صحیح مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۳۹۷) (( وعن ابن عُمرَ رضی اللہ عنہما قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ مَنِ استَطَاعَ ان يَموتَ بالمَدينةِ فَلْيَمُتْ بِها، فإني اشفَعُ لِمَنْ يَمُوتُ بِها۔)) [ رواه الترمذى و ابن ماجه ولفظه: ان يَموتَ مِنكُم، وَقالَ: اشهد بدل اشفع وصححه ابن حبان۔]

(۳۹۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس سے یہ ہو سکے کہ مدینہ میں مرے وہ ایسا کرے، کیونکہ جو شخص یہاں فوت ہوگا میں اس کی شفاعت کروں گا۔ (ترمذی، ابن ماجہ ابن ماجہ کی روایت کے الفاظ یوں ہیں: ان یموت منکم یعنی میں تم میں سے جو یہاں فوت ہو سکے اور اس میں ہے کہ فرمایا کہ میں اس کے لیے گواہی دوں گا، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحيح]

(۳۹۸) (( وعن عُبادَةَ بنِ الصامت رضی اللہ عنہ عن رسولِ اللّٰهِ ﷺ قالَ: اللّٰهُمَّ منْ ظَلَمَ اهلَ المَدينةِ وَاَخافَهُم فَاَخِفْهُ، وَعَليْهِ لَعنةُ اللّٰهِ وَالملائِكةِ وَالنَّاسِ اجمعينَ، لا يُقبَلُ مِنهُ صرف ولا عدل)) [رواه الطبرانى فى الكبير والاوسط بسند جيد۔ واخرجه النسائى من حديث السائب بن خلاد نحوه، والطبرانى ايضاً وفى رواية لَهُ: اخافَهُ اللّٰهُ يَومَ القيامةِ وَغضبَ عَليهِ۔ واخرجه فى الكبير من حديث عبد اللّٰه بن عمرو بلفظ: من آذى اهلَ المدينةِ آذاهُ اللّٰهُ۔ والباقى نحو حديث عبادة۔]

(۳۹۸) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! جو اہل مدینہ پر ظلم کرے اور انہیں ڈرائے تو تو بھی اس پر خوف طاری کر دے۔ اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہو، اس کی نہ فرض عبادت قبول ہوگی اور نہ نفل (۱) (طبرانی کبیر و اوسط، سند جید، نسائی بروایت سائب بن خلاد، طبرانی ایضاً اور اس کی ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن ڈرائے گا اور اس پر غضب نازل فرمائے گا، طبرانی نے "کبیر" میں بروایت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ یہ الفاظ بھی بیان کیے ہیں کہ جو اہل مدینہ کو ایذا پہنچائے گا، اللہ تعالیٰ بھی اسے تکلیف دے گا، باقی الفاظ حدیث عبادہ کی طرح ہیں) [صحيح]

# فصل

(۳۹۹) (( عَن حاطِبٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : مَن زَارَني بَعدَ مَوتي فَكَأنَّما زَارَني في حَياتي وَمَنْ مَاتَ باحَدِ الحَرَمينِ بُعِثَ مِنَ الْآمِنِينَ يومَ القِيامَةِ)):

(۳۹۹) حضرت حاطب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص میری موت کے بعد میری (قبر کی) زیارت کرے تو اس نے گویا میری حیات میں میری زیارت کی اور جو شخص حرمین میں سے کسی ایک جگہ فوت ہوا اسے قیامت کے دن ان لوگوں کے ساتھ

(۱) صرف سے مراد فرض اور عدل سے نفل عبادت مراد ہے، ان الفاظ کے معنی کے بارہ میں اور بھی ان کے علاوہ بہت سے اقوال ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



[رواہ البیھقی من طریق رجل من آل حاطب لم یسمه عن حاطب، واخرجه ایضاً من طریق رجل من آل عمر لم یسمه۔]

اُٹھایا جائے گا جو امن میں ہوں گے (بیہقی نے اسے آلِ حاطب کے ایک آدمی کے حوالے سے حاطب سے روایت کیا ہے مگر اس آدمی کا نام نہیں لیا گیا نیز آلِ عمر کے ایک آدمی کے حوالہ سے بھی اسے روایت کیا ہے اور اس کا نام بھی ذکر نہیں کیا۔(1) [ضعیف]

(۴۰۰) (( وَ رُوِیَ عن انسِ بنِ مالکٍ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ مَنْ مَاتَ فی احدِ الحَرَمینِ بُعِثَ مِنَ الآمِنِینَ یومَ القِیامَۃِ، وَمَنْ زَارَنی مُحتَسِبًا الی المَدِینَۃِ کَانَ فی جِوَاری یَوْم القِیامَۃِ۔)) [رواہ البیھقی]

(۴۰۰) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص حرمین میں سے کسی ایک میں فوت ہوا، اسے قیامت کے دن ان لوگوں میں اُٹھایا جائے گا جو امن میں ہوں گے اور جس نے مدینہ کی طرف قصد کرتے ہوئے میری زیارت کی، وہ قیامت کے دن میرے پڑوس میں ہوگا۔ (بیہقی)(2) [ضعیف]

(۴۰۱) (( وعن عَائِشَۃَ رضی اللہ عنہا انَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ اللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَینا المَدِینَۃَ کَحُبِّنا مَکَّۃَ او اشد، وَصَحِّحْھا لَنا، وبَارِكْ لنا فی صَاعِھا وَمُدِّھا، وَانقُلْ حماھا واجْعَلْھا بالجحفۃ)) [رواہ مسلم]

(۴۰۱) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دُعا فرمائی: ''اے اللہ مدینہ ہمیں اس طرح محبوب بنا دے جس طرح مکّہ سے ہمیں محبّت ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ محبوب بنا دے، مدینہ کو ہمارے لیے صحت افزاء بنا دے، مدینہ کے صاع اور مد میں ہمارے لئے برکت فرما دے اور اس کے بخار کو جحفہ کی طرف منتقل فرما دے۔(3) (مسلم)

(۴۰۲) (( وعن انسٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہِ ﷺ : اللّٰھُمَّ اجْعَلْ بالمَدِینَۃِ ضِعْفَی مَا جَعَلْتَ بِمکَّۃَ مِنَ البَرَکَۃِ)) [متفق علیه]

(۴۰۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ جس قدر برکت سے تو نے مکّہ کو نوازا ہے، اس سے دوگنی برکت سے مدینہ کو سرفراز فرما۔ (بخاری و مسلم)

---

(1) یہ حدیث باطل ہے، اس کی سند میں ایک راوی تو مجہول ہے، جس کا نام مذکور نہیں ہے اور پھر ''ہارون ابی قزعہ'' ضعیف ہے، یعقوب بن شیبہ، عقیلی، ساجی، ابن الجارود اور امام بخاری نے اسے ضعیف قرار دیا ہے، اس حدیث کی سند اور متن دونوں میں اختلاف واضطراب بھی ہے، تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیے حافظ ابن عبدالہادی کی کتاب ''الصارم المنکی'' ص۱۰۰ اور علامہ البانی کی سلسلۃ الاحادیث الضعیفہ ج۳ ص۸۹۔۹۰۔ (مترجم)

(2) بیہقی رحمہ اللہ نے کہا ہٰذا اسند مجہول از ہر

(3) جحفہ مکّہ و مدینہ کے درمیان رابغ کے قریب ایک جگہ کا نام ہے، اسکا نام مہیعہ بیان کیا جاتا ہے، اسکا نام جحفہ اس لیے پڑا کہ سیلاب نے یہاں کے باشندوں کو نقل مکانی پر مجبور کر دیا، بعض محققین یہ کہتے ہیں کہ جب سے رسول اللہ ﷺ نے یہ دُعا فرمائی یہ علاقہ متروک ہو کر رہ گیا ہے اور جو شخص بھی یہاں کا پانی پیتا ہے، وہ بیمار پڑ جاتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۴۰۳) (( وعنهُ قَالَ: اشرفَ يَعني النبيُّ ﷺ علَى المَدينةِ قالَ: اللّٰهُمَّ انّي احرِّمُ ما بينَ جَبَلَيها مِثلَ مَا حَرَّمَ بِهِ ابراهيمُ مكّةَ ثُمَّ قالَ: اللّٰهُمَّ باركْ لَهم في صَاعِهِم وَفي مُدِّهِم)) [متفق عليه]

(۴۰۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے مدینہ پر نگاہ ڈالی اور یہ دُعا فرمائی: اے اللہ! میں مدینہ کے دونوں پہاڑوں کے درمیان کے علاقہ کو حرم قرار دیتا ہوں' جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکّہ کو حرم قرار دیا تھا' پھر آپ نے یہ دُعا فرمائی: اے اللہ اہلِ مدینہ کے صاع اور مد میں برکت پیدا فرما۔ (بخاری ومسلم)

(۴۰۴) (( وعن ابن عباسٍ رضی اللہ عنہما قالَ: دعا نبيُّ اللّٰهِ ﷺ فقالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنا فِي صَاعِنا وَمُدِّنا' وَبَارِكْ لَنا في شَامِنَا وَيَمننا' فَقالَ رَجلٌ مِنَ القَومِ: يَا نَبيَّ اللّٰه وَفي عِرَاقِنا؟ قالَ: انَّ بها قَرنَ الشَّيطانَ' وتَهيُّجَ الفِتَنِ' وانَّ الجَفاءَ بالمَشرِقِ)) [رواه الطبراني' ورواته ثقات قوله قرن الشَّيطان قيل: المُراد به اتباعه' وقيل: شدته وقوته۔ وقيل: محل ملكه وتصريفه' وهي متقاربة]

(۴۰۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے یہ دُعا فرمائی: اے اللہ! ہمارے صاع اور مد میں برکت پیدا فرما' ہمارے شام اور یمن میں برکت پیدا فرما' صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک آدمی نے یہ عرض کیا: اے اللہ کے نبی ہمارے عراق کے لیے بھی دُعا کیجیے؟ آپ ﷺ نے فرمایا وہاں شیطان کا سینگ اور فتنوں کا سرچشمہ ہوگا اور جفا مشرق میں ہے۔ (طبرانی' اس حدیث کے راوی ثقہ ہیں' شیطان کے سینگ سے مُراد شیطان کے متبعین ہیں' ایک قول یہ ہے کہ اس سے مُراد شیطان کی شدت وقوت ہے اور ایک قول یہ بھی ہے کہ اس کے ملک وتصرف کی جگہ ہے اور یہ سب اقوال قریب قریب ہیں) [صحيح لغيره]

(۴۰۵) (( وعَن أبي عبس بن جبر رضی اللہ عنہ انَّ النبيَّ ﷺ قالَ لاُحُدٍ: هَذا جَبلٌ يُحبُّنا وَنُحبُّهُ' عَلى بَابٍ من ابوابِ الجَنَّةِ' وَهذا عَيرٌ: جَبلٌ يُبغِضُنا وَنُبغِضُهُ' عَلى بَابٍ مِنْ ابوابِ النَّارِ۔)) [رواه البزار والطبراني في الكبير والاوسط۔ قالَ الخطابي: قوله: هذا جبل يُحبنا ونُحبه' اراد به اهل المدينة وسكانها' وهو كما قال تعالىٰ: واسئل القرية۔ وقالَ البغوي: الاولى اجراؤه على ظاهره ولا ينكر حب

(۴۰۵) ابوعبس بن جبر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے اُحد کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ پہاڑ ہم سے محبّت کرتا ہے اور ہمیں اس سے محبّت ہے' یہ پہاڑ جنّت کے ایک دروازے پر ہے اور یہ عیر پہاڑ ہم سے بغض رکھتا اور ہم اس سے بغض رکھتے ہیں' یہ پہاڑ جہنم کے ایک دروازے پر ہے (بزار' طبرانی کبیر واوسط۔ خطابی فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد کہ "یہ پہاڑ ہم سے محبّت کرتا ہے اور ہمیں اس سے محبّت ہے" سے مُراد اہل مدینہ وساکنان مدینہ ہیں اور یہ ایسے ہی ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے کہ واسئل القریۃ (بستی سے پوچھو یعنی بستی کے رہنے والوں سے پوچھو) بغوی فرماتے ہیں کہ زیادہ بہتر یہ ہے کہ اسے ظاہر ہی پر محمول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الجماد والانبياء والآولياء كما حنت الاسطوانة على مفارقته ﷺ، حتّٰى سمع القوم حنينها، وكما اخبر ان حجرا بمكة كان يسلم عليه، فلا ينكر ان يكون اُحد وجميع اجزاء المدينة يحبه، يحن الى لقائه اذا فارقها۔ وهذا الذى قالَ البغوى حسن۔]

کیا جائے کیونکہ انبیاء واولیاء کے لئے جمادات کی محبت کا انکار نہیں کیا جا سکتا جیسا کہ ستون آنحضرت ﷺ کے فراق پر ہچکیاں لینے لگا تھا حتی کہ صحابہ کرام ؓ نے اس کے رونے کی آواز کو سنا اور جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''مکہ کا ایک پتھر آپ کو سلام کیا کرتا تھا'' لہٰذا اس بات کا بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اُحد اور مدینہ کے تمام اجزاء کو آنحضرت ﷺ کی ذاتِ گرامی سے محبت ہو' فراق کی صورت میں ان کے دِلوں میں آپ ﷺ کی ملاقات کے لیے اشتیاق ہو اور بغوی نے یہ جو فرمایا یہ بہت خوب ہے) [ضعیف]

(۴۰۶) ((وقد روى الترمذى من حديث علىٍّ ؓ قالَ: كُنتُ معَ النبىِّ ﷺ بمكّةَ فَخرجْنا الى بَعضِ نَواحِيها فَما استَقْبلَهُ جَبلٌ وَلا شَجَرٌ الا وَهُوَ يَقولُ السَّلامُ عَليكَ يَا رَسولَ اللّٰهِ۔)) [قالَ الترمذى: حديث حسن غريب].

(۴۰۶) ترمذی نے حضرت علی ؓ کی یہ حدیث بیان کی ہے کہ میں مَکّہ میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھا' ہم مَکّہ سے باہر ایک طرف کو نکلے تو جو پہاڑ یا درخت بھی سامنے آیا اس نے عرض کیا السلام علیک یارسول اللہ ﷺ (امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن غریب ہے) [صحیح لغیرہ]

(۴۰۷) ((ورُوِىَ عن سهلِ بنِ سعدٍ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: اُحدٌ رُكنٌ مِن اَركانِ الجَنّةِ)) [رواه ابو يعلٰى والطبرانى]

(۴۰۷) سہل بن سعد سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اُحد جنّت کے ارکان میں سے ایک رکن ہے) (ابویعلیٰ' طبرانی) [ضعیف]

(۴۰۸) (( وعن عُمر بنِ الخطّابِ ؓ حدَّثنى رسولُ اللّٰهِ ﷺ: اتانى اللّيلةَ آتٍ مِنْ رَبّى وانا بالعقيق: ان صَلِّ فى هٰذا الوادى المُبارَكِ))[رواه ابن خزيمة]

(۴۰۸) حضرت عمر بن خطاب ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے پاس میرے ربّ کی طرف سے ایک آنے والا آیا جب کہ میں عقیق[1] میں تھا اور اس نے کہا کہ اس مبارک وادی میں نماز پڑھو۔ (ابن خزیمہ) [صحیح]

❀❀❀❀

(۱) عقیق مدینہ منورہ کی ایک وادی کا نام ہے۔ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# كتاب الجهاد وذكر ابوابه

## الترغيب فى الجهاد وتاكيد وجوبه

## جہاد کی ترغیب اور اس کے وجوب کی تاکید

(۴۰۹) ((عن انسِ بنِ مالكٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : لَغَدْوَةٌ فى سَبيلِ اللّٰهِ، اَوْ رَوحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنيا وَمَا فِيها۔)) [متفق عليه، ولهما من حديث سهل ابن سعد نحوه، ولمسلم والنسائى من حديث ابى ايوب مثله، لكن قالَ: خَيْرٌ مِمَّا طَلَعتْ عَليهِ الشَّمسُ، وَغَرَبَتْ]

(۴۰۹) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے راستہ میں ایک صبح یا ایک شام لگانا دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اس سے بہتر ہے۔ (بخاری ومسلم) بخاری میں یہ روایت سہل بن سعد اور مسلم ونسائی میں ابوایوب سے بھی انہی الفاظ کے ساتھ مروی ہے ہاں البتہ موخر الذکر روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ یہ ہر اس چیز سے بہتر ہے جس پر سورج طلوع اور غروب ہوا)

(۴۱۰) ((وعَن ابى هُريرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : يضمنُ اللّٰهُ لِمنْ خَرَجَ فى سَبيلِهِ لَا يُخرِجُهُ الا جِهادٌ فِى سَبيلى، وَإيمانٌ بى، وَتَصْديقٌ بِرُسلى فَهُوَ ضَامِنٌ ان اُدْخِلَهُ الجَنَّةَ أو أرجعه الى مَنزِلِه الذى خَرجَ مِنه نائلًا ما نَالَ مِن اجرٍ، او غَنيمةٍ، والذى نَفسُ مُحمدٍ بِيدِهِ: ما كلم يكلم فى سبيل الله الاجاء يوم القيمة كهيئة يوم كلم لونه لون الدم و ريحه ريح مسك والذى نفس محمد بيده لولا ان اشق على المسلمين ما قعدت خلاف سرية تغزو فى سبيل الله ابدا ولكن لا اجد سعة فاحملهم ولا يجدون سعة و يشق عليهم ان يتخلفوا عنى والذى نفس محمد بيده

(۴۱۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص کا ضامن ہے جو اس کے راستہ میں نکلتا ہے (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ) وہ صرف اس لیے نکلتا ہے کہ میری راہ میں جہاد کرے اور اس لیے کہ وہ مجھ پر ایمان رکھتا ہے اور میرے رسولوں کی تصدیق کرتا ہے پس اس کو اس بات کی ضمانت دیجاتی ہے کہ میں اس کو جنت میں داخل کروں گا یا اس کو اس کے گھر کی طرف جہاں سے وہ چلا تھا لوٹا دوں گا اجر اور غنیمت کے ساتھ، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے! اللہ کی راہ میں اسے جو زخم بھی لگے گا وہ قیامت کے دن اسی حالت میں آئے گا جو حالت زخم لگنے کے دن تھی، اس کا رنگ خون جیسا ہوگا اور خوشبو کستوری جیسی! اور اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے اگر یہ بات مسلمانوں کے لیے باعث مشقت نہ ہوتی تو میں کبھی ایسے لشکر سے پیچھے نہ رہتا جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتا ہے لیکن نہ میرے پاس اتنے وسائل ہیں کہ تمام مسلمانوں کو سواری مہیا کروں اور نہ ہی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لوددت ان اغزو في سبيل الله فاقتل ثم اغزو فاقتل' ثم اغزوا فاقتل)) [متفق عليه' و هذا لفظ مسلم]

سب مسلمانوں میں اتنی استطاعت ہے کہ (وہ سواری کا بندوبست کر سکیں) اور اگر (میں جہاد میں شرکت کروں) تو ان کا مجھ سے پیچھے رہ جانا ان کے لیے باعث تکلیف ہے اور اس ذاتِ اقدس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے! مجھے یہ بات پسند ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کروں اور شہید ہو جاؤں' پھر جہاد کروں اور شہید کردیا جاؤں' پھر جہاد کروں اور شہید ہو جاؤں! (بخاری و مسلم' یہ الفاظ صحیح مسلم کی روایت کے ہیں)

(۴۱۱) (( وعَن ابى مالك الاشعرى رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قالَ: مَن فَصَلَ فى سَبيلِ اللّٰهِ فَماتَ او قُتِلَ فَهُوَ شَهيدٌ' اَوْ وَقَصَهُ فَرَسُهُ' اَوْ بَعيرُهُ' او لَدَغتهُ هَامَّةٌ' اَو مَاتَ عَلى فِرَاشِهٖ بِاىِّ حَتفٍ شَاءَ اللّٰهُ فَاِنَّهٗ شَهيدٌ' وَاَنَّ لَهُ الجَنَّةَ۔)) [ رواه ابوداود' قوله فصل بفتح الفاء والمهملة اى خرج' وقصه : بالقاف والصاد المهملة محركًا اى رماه فكسر عنقه۔ والحتف بفتح المهملة وسكون المثناة الموت۔]

(۴۱۱) حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے راستہ میں نکلا اور فوت ہو گیا یا قتل ہو گیا تو وہ شہید ہے' یا اس کے اونٹ یا گھوڑے نے اسے گرا کر اس کی گردن توڑ دی یا اسے کوئی موذی جانور ڈس گیا یا وہ جس موت سے بھی اپنے بستر پر فوت ہوا تو وہ شہید ہے اور اس کے لیے جنت ہے (ابوداؤد' فصل کے معنی گھر سے نکلنے (وقصہ'' کے معنی نیچے گرا کر گردن توڑ دینے اور ''حتف'' کے معنی موت کے ہیں)

[حسن]

(۴۱۲) (( وعن ابن عُمَرَ رَضى اللّٰه عنهُ عن النبىِّ ﷺ فِيما يَحكى عَنْ رَبِّهٖ قالَ: ايُّما عَبدٍ مِن عِبادى خَرجَ مُجاهِدًا فى سَبيلِ اللّٰهِ ابتِغاء مَرضَاتى ضَمِنتُ لَهُ اِنْ رَجَعْتُهُ اَرْجِعْهُ بما اصابَ مِنْ اَجْرٍ اَو غَنِيمَةٍ' وَاِنْ قَبضْتُهُ غَفَرْتُ لَهُ۔)) [رواه النسائى]

(۴۱۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے ربّ تبارک وتعالیٰ سے روایت کیا ہے کہ (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) کہ میرا جو بندہ بھی میرے راستہ میں جہاد کے لیے میری خوشنودی کو حاصل کرنے کے لیے نکلتا ہے تو میں اس کے لیے ضامن ہوں کہ اگر میں نے اسے واپس لوٹایا تو اجر وثواب یا غنیمت کے ساتھ لوٹاؤں گا اور اگر میں نے اس کی روح کو قبض کرلیا تو اسے معاف کردوں گا۔ (نسائی) [ضعیف]

(۴۱۳) (( وعَن ابى عَبْسِ بْنِ جَبْرٍ رَضى اللّٰه عنهُ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ : مَا

(۴۱۳) حضرت ابوعبس بن جبر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ کسی بندے کے اللہ تعالیٰ کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ۔)) [ رواہ البخاری، وعند الترمذی فھما حرام علی النار]

راستہ میں قدم غبار آلود ہوں اور پھر اسے (جہنم کی) آگ چھوئے۔ (بخاری، ترمذی کی روایت میں ہے کہ وہ (جہنم کی) آگ پر حرام ہیں)

(۴۱۴) (( وعن عائشۃَ رَضِیَ اللّٰہ عنھا سَمِعتُ رسولَ اللّٰہِ ﷺ یقولُ: مَا خَالَطَ قَلْبَ امْرِیءٍ رَهَجٌ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ الا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلیهِ النَّارَ)) [ رواہ احمد، ورواته ثقات۔ والرھج بفتح الراء والھاء وقد تسکن ثُمَّ جیم ما تداخل بطن الانسان من الخوف والجزع]

(۴۱۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جس آدمی کے دِل میں اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خوف وگھبراہٹ پیدا ہو تو اس پر اللہ تعالیٰ (جہنم کی) آگ کو حرام قرار دے دیتا ہے۔(احمد،اس کے راوی ثقہ ہیں، ''رَہج'' کے معنی خوف وگھبراہٹ کے سبب پیٹ سکڑنے کے ہیں)[صحیح]

(۴۱۵) (( وعَن ابی سَعِیدٍ الخُدرِیِّ رَضِیَ اللّٰہ عنهُ: قالَ: اَتی رَجلٌ النبیَّ ﷺ : فقالَ: اَیُّ النَّاسِ افضَلُ؟ قالَ مُومِنٌ یُجاھِدُ بنفسِهٖ ومَالِهٖ فی سَبیلِ اللّٰهِ تَعَالٰی، قالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ: مُؤمِنٌ فی شِعْبٍ مِنَ الشِّعابِ یَعبدُ اللّٰهَ، وَیَدَعُ النَّاسَ مِن شَرِّهٖ۔)) [متفق علیه، واخرجه الحاکم بلفظ ایُّ المومِنینَ اکمَلُ ایمانًا؟ قالَ: الذی یُجاھِدُ نحوہ، وقالَ فی اخرہ: وقد کفی الناس شرہ]

(۴۱۵) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں ایک آدمی نے عرض کیا کہ سب سے افضل کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''وہ مؤمن جو اپنی جان اور مال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرتا ہے'' اس نے عرض کیا پھر کون؟ فرمایا وہ مؤمن جو کسی گھاٹی میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھتا ہے۔(بخاری و مسلم، حاکم کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ ''مومنوں میں سب سے زیادہ کامل ایمان والا کون ہے؟'' فرمایا ''وہ جو جہاد کرتا ہے۔۔۔'' الحدیث[1] اس کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھتا ہے)

(۱) حدیث کا تتمہ اس طرح ہے جیسا کہ امام حاکم نے روایت کیا ہے کہ جو شخص اپنی جان اور اپنے مال کے ساتھ جہاد کرتا ہے اور جو شخص گھاٹیوں میں سے کسی گھاٹی میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے اور لوگ اس کے شر سے محفوظ ہوں۔۔۔ابن عبدالبر فرماتے ہیں کہ ان احادیث میں گھاٹی اور پہاڑ کا ذکر اس لیے ہے کہ عموماً یہ مقامات لوگوں سے الگ تھلگ ہوتے ہیں لہٰذا ہر وہ جگہ اس میں داخل ہے جس میں لوگوں سے علیحدگی اختیار کر کے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جائے۔ اس حدیث سے خلوت کی فضیلت بھی معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ خلوت میں آدمی غیبت اور لغو باتوں سے محفوظ ہو جاتا ہے، باقی رہا مسئلہ لوگوں سے خلوت اختیار کرنے کا تو جمہور علماء فرماتے ہیں کہ اس کا موقع ومحل فتنوں کا دور ہے اس کی تائید حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی اس مرفوع روایت سے بھی ہوتی ہے کہ قریب ہے کہ ایک ایسا دور آئے جس میں مقام ومرتبہ کے اعتبار سے سب سے بہتر وہ ہوگا جو اپنے گھوڑے کی لگام کو پکڑ کر اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کے لیے نکل کھڑا ہو اور موت کو اس کے متوقع مقامات میں تلاش کرے اور پھر وہ شخص بہتر ہوگا جو ان گھاٹیوں میں سے کسی گھاٹی میں نماز قائم کرتا اور زکوٰۃ ادا کرتا ہے اور لوگوں کو چھوڑے رکھتا ہے سوائے خیر وبھلائی کے کاموں کے۔۔۔(فتح الباری)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۴۱۶) (( وعن ابی هُریرةَ رضی اللہ عنہ قالَ: قِیلَ یا رسولَ اللّٰهِ مَا یَعدِلُ الجهادَ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا تَستطِیعُونَهُ فاعادَ عَلیهِ مَرَّتینِ او ثَلاثًا ، کُلُّ ذلِكَ یَقُولُ: لَا تَستطِیعُونَهُ ، ثُمَّ قَالَ: مَثَلُ المُجاهِدِ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ کَمَثَلِ الصَّائِمِ القَانِتِ بِآیاتِ اللّٰهِ لَا یَفتُرُ مِنْ صَلاةٍ وَلا صِیامٍ حتّٰی یَرجِعَ المُجاهِدُ فِی سَبیلِ اللّٰهِ))[متفق علیه]

(۴۱۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عرض کیا گیا کہ ''یارسول اللہ ﷺ! جہاد فی سبیل اللہ کے برابر کون سا عمل ہے؟ فرمایا تم اس کی طاقت نہیں رکھتے۔ آپ ﷺ کی خدمت میں یہ سوال دو یا تین بار پیش کیا گیا تو ہر دفعہ آپ ﷺ یہی فرماتے کہ تمہیں اس کی طاقت نہیں ہے' پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجاہد فی سبیل اللہ کی مثال اس روزہ دار کی طرح ہے جو آیات اللہ کے ساتھ قیام کرتا ہے اور نماز وروزہ سے اُکتا تا نہیں ہے' اللہ کی راہ کے مجاہد کے واپس آنے تک وہ ایسا ہی کرتا رہے۔ (بخاری ومسلم)

(۴۱۷) (( وعَن ابی هُریرةَ رَضی اللّٰه عنهُ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ : انَّ فی الجنَّةِ مائةَ دَرجةٍ اَعدَّها اللّٰهُ لِلمُجاهِدینَ فی سَبیلِ اللّٰهِ، ما بَینَ الدَّرَجَتینِ کَمَا بَیْنَ السَّماءِ وَالارْضِ))[رواه البخاری]

(۴۱۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جنّت میں سو درجات ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے مجاہدین فی سبیل اللہ کے لیے تیار فرمایا ہے اور ہر دو درجوں کے درمیان اس طرح فاصلہ ہے جس طرح آسمان وزمین کے درمیان فاصلہ ہے۔ (بخاری)

(۴۱۸) (( وعن ابی سعیدٍ رَضی اللّٰه عنهُ انَّ رسولَ اللّٰه ﷺ قَالَ : مَن رَضیَ باللّٰهِ رَبًّا ، وَبالِاسلامِ دِینًا ، وَبِمحمَّدٍ رَسُولًا ، وَجَبَتْ لَهُ الجنَّةُ۔ فَعجِبَ لَها ابو سَعیدٍ، فَقالَ: اعِدها عَلیَّ یا رَسولَ اللّٰه فاعادَها، ثُمَّ قالَ: وَاُخری یَرفعُ اللّٰهُ بِها العبدَ مائةَ دَرَجةٍ فی الجنَّةِ ما بَیْنَ کُلِّ دَرَجَتینِ کما بَیْنَ السَّماءِ وَالارْضِ قَالَ: وَما هی یَا رَسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الجِهادُ فی سَبیلِ اللّٰهِ))

[رواه مسلم وابوداوٗد والنسائی]

(۴۱۸) حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو اللہ تعالیٰ کے ربّ ہونے پر' اسلام کے دین ہونے پر اور حضرت محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہوگیا اس کے لیے جنّت واجب ہوگئی' ابوسعید نے تعجب کرتے ہوئے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! اس بات کو پھر ارشاد فرمایئے' آپ ﷺ نے اسے پھر دوبارہ فرمایا اور ساتھ ہی یہ بھی ارشاد فرمایا کہ دوسری بات وہ ہے' جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ جنّت میں اس کا سو درجہ بلند فرمادے گا اور ہر دو درجوں کے درمیان اس طرح فاصلہ ہوگا جس طرح آسمان وزمین کے درمیان فاصلہ ہے عرض کیا گیا یارسول اللہ! یہ دوسری بات کیا ہے؟ فرمایا ''جہاد فی سبیل اللہ''۔ (مسلم' ابوداوٗد' نسائی)

(۴۱۹) ((ورُوِیَ عَن عمرِ بنِ عَبْسَةَ عن النبیِّ ﷺ قَالَ: مَن قَاتَلَ فِی سَبیلِ اللّٰهِ

(۴۱۹) حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اونٹنی کا دودھ دوہنے کے وقت کے بقدر اللہ تعالیٰ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فواق ناقةٍ حرَّمَ اللّٰهُ علی وجهِهِ النَّارَ۔)) [رواہ احمد]

کے راستہ میں جہاد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے چہرہ پر بھی (جہنم کی) آگ کو حرام قرار دے دیتا ہے۔[1] [ضعیف]

(۴۲۰) (( وعن ابی بَکرِ بنِ ابی مُوسٰی الاشعَریِّ سَمعتُ ابی یَقولُ وَھُوَ بَحضرَةِ العَدُوِّ قَالَ رَسولُ اللّٰہِ ﷺ انَّ ابوابَ الجنَّةِ تَحتَ ظِلالِ السُّیوفِ، فَقالَ رَجُلٌ رَثُّ الھَیئةِ ، فَقالَ: یا ابا مُوسٰی انتَ سَمعتَ رسولَ اللّٰہ ﷺ یَقولُ ھذا؟ قَالَ: نَعمْ ، فَرَجَعَ الی اصحابِہٖ فَقالَ: اقرأُ عَلیکُمُ السَّلامَ ثُمَّ کَسَر جفن سَیفِہ والْقاہُ، ثُمَّ مَشی بِسَیفِہٖ الی العَدُوِّ فَضرَبَ حتّٰی قُتِلَ۔)) [رواہ مسلم والترمذی وغیرھما]

(۴۲۰) حضرت ابوبکر بن ابی موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے باپ سے دشمن کے مقابلہ کے وقت یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بے شک جنت کے دروازے تلواروں کے سایوں کے نیچے ہیں' ایک پراگندہ حال شخص نے کہا کہ اے ابا موسیٰ! آپ نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے خود سنا ہے؟ ابوموسیٰ نے جواب دیا کہ ہاں تو وہ شخص اپنے ساتھیوں کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ میں تمہیں سلام کہتا ہوں' پھر اس نے اپنی تلوار کی نیام کو توڑ کر پھینک دیا اور تلوار کے ساتھ دشمن کی طرف آگے بڑھا اور خوب شمشیر زنی کی حتی کہ خود بھی شہید ہو گیا۔ (مسلم' ترمذی اور دیگر)

(۴۲۱) (( وعن سَھلِ بنِ سَعدٍ رَضی اللّٰہ عنہُ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہِ ﷺ : سَاعَتان تُفتَحُ فِیھِما ابوابُ السماء ، وَ قلما تُرَدُّ عَلی دَاعٍ دَعوتُہٗ عِندَ حُضورِ النِّداءِ، والصَّفِّ فی سَبیلِ اللّٰہِ، وفی لفظٍ ثِنتانِ لَا یُرَدَّانِ، أو قلما یردان الدعاءُ عندَ النِّداءِ، وعندَ الباسِ حِینَ یلحم بعضُ بَعْضًا۔)) [رواہ ابوداود، وصححہ ابن حبان، وفی روایة لَہٗ: ساعتان لَا یُرَدُّ علی دَاعٍ دعوتُہٗ

(۴۲۱) حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''دو گھڑیاں ایسی ہیں جن میں آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' اور دعا کرنے والے کی دعا کم کم ہی رد کی جاتی ہے اذان کے وقت اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں صف بندی کے وقت۔ ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ دو دعائیں ایسی ہیں کہ مسترد نہیں ہوتیں یا کم کم ہی رد ہوتی ہیں۔ (۱) اذان کے وقت کی دعا اور (۲) جنگ کے وقت جب بعض جماعتیں بعض کے ساتھ گتھم گتھا ہوتی ہیں۔ (ابوداؤد' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور ابن حبان کی ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں دو گھڑیاں ایسی ہیں جن میں کسی بھی دعا

---

(۱) اس معنی میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے سنن اربعہ میں مروی حدیث صحیح ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں۔ من قاتل فی سبیل اللہ من رجل مسلم فواق ناقة وجبت لہ الجنة ومن جرح جرحا فی سبیل اللہ او نکب نکبة فانھا تجیٔ یوم القیمة کاغزر ما کانت لونھا لون الزعفران و ریحھا ریح المسك جو مسلمان شخص اللہ کی راہ میں اونٹنی کو دو دفعہ دوہنے کے درمیانی وقفہ کے بقدر قتال کرتا ہے اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے اور جسے اللہ کی راہ میں کوئی زخم لگتا ہے یا چوٹ آتی ہے تو قیامت کے دن وہ وسیع ترین شکل میں ظاہر ہوگا۔ رنگ زعفران کا ہوگا اور خوشبو کستوری کی۔ (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



حینَ تُقام الصَّلاۃُ، وفی الصَّفّ فی سَبیلِ اللّٰہِ]

کرنے والے کی دعا مسترد نہیں کی جاتی (۲) جب نماز کھڑی ہوتی ہے اور جب اللہ تعالیٰ کے راستہ میں (جہاد کے لئے) صف بندی کی جاتی ہے) [صحیح]

## الترغیب فی اخلاص النیة فی الجهاد وما جاء فیمن یرید الاجر والغنیمة وماجاء فیمن یرید الذکر وفضل الغزاة اذا لم یغنموا

## جہاد میں اخلاص نیت کی ترغیب' اس کا ذکر جو اجر اور غنیمت دونوں کا اُمیدوار ہو اور جو شہرت کا طلبگار ہو نیز مالِ غنیمت حاصل نہ ہونے کی صورت میں مجاہدین کی فضیلت

(۴۲۲) ((وعن ابی هُریرۃَ رَضی اللّٰہ عنهُ انَّ رجلًا قَالَ: یَا رَسولَ اللّٰہِ ﷺ رَجلٌ یُریدُ الجِهادَ، وَهوَ یَبتغی عرَضًا مِنَ الدُّنیا؟ فَقالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ: لَا اجرَ لَهُ فاعظَمَ النَّاسُ ذٰلِکَ، وَقالُوا لِلرَّجُلِ: اعِدْ لِرسولِ اللّٰہِ فَلعلَّکَ لَم تُفهِمْهُ، فَعادَ الرجلُ: فَاَعادَ کَلامهٖ فَقالَ: لَا اجرَ لَه۔ حتّٰی فَعلُوا ذٰلِکَ ثلاث مَرَّاتٍ۔)) [رواہ ابوداود، وصححه ابن حبان]

(۴۲۲) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ! ایک شخص جہاد کا ارادہ رکھتا ہے لیکن اس کا مقصود دنیوی مال کا حصول ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسے کوئی اَجر نہ ملے گا لوگوں نے اس بات کو بہت بڑا سمجھا اور وہ اس آدمی سے کہنے لگے اپنی بات دوبارہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کرو' شاید تم اپنی بات سمجھا نہیں سکے ہو' چنانچہ اس آدمی نے اپنی بات دوبارہ کہی تو پھر بھی آپ ﷺ نے یہی فرمایا کہ اسے کوئی اَجر نہ ملے گا حتی کہ تین بار لوگوں نے اس طرح کیا۔ (ابوداوَد' ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا) [حسن لغیرہ]

(۴۲۳) ((وعن ابی مُوسٰی الاشعَریِّ انَّ اعرابیًّا اتی النبیَّ ﷺ فَقالَ: یَا رَسولَ اللّٰہ الرَّجلُ یُقاتِلُ لِلمغنَمِ، وَالرَّجُلُ یُقاتِلُ لِیُذکَرَ، والرَّجُلُ یُقاتِلُ لِیُرَی مکانُهٗ۔ فَمنْ فی سَبیلِ اللّٰہِ۔ فَقالَ رسولُ اللّٰہِ ﷺ: مَنْ قاتَلَ لِتکونَ کَلمۃُ اللّٰہِ هی العُلْیا فَهُوَ فی سَبیلِ اللّٰہِ)) [متفق علیه]

(۴۲۳) حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! آدمی مالِ غنیمت کے لیے لڑتا ہے' آدمی اس لیے لڑتا ہے تاکہ اس کا ذکر ہو' آدمی اس لیے بھی لڑتا ہے تاکہ اس کی شجاعت و بہادری کو دیکھا جائے تو ان میں سے کون فی سبیل اللہ ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو اس لیے لڑائی کرے تاکہ اللہ تعالیٰ کے کلمہ کو سربلندی حاصل ہو وہ فی سبیل اللہ ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۴۲۴) ((وعن عمرَ بنِ الخطابِ قَالَ:

(۴۲۴) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



سَمعتُ رسولَ اللّٰهِ ﷺ يقولُ: انَّما الاعمالُ بالنِّيَّةِ۔ وانَّما لِكُلِّ امْرِىءٍ ما نَوَى فَمنْ كَانَتْ هِجرَتُهُ اِلى اللّٰهِ وَرَسولِهِ ، فَهِجْرَتُهُ الى اللّٰهِ وَرَسولِه ، وَمَنْ كانَتْ هِجرَتُهُ الى دُنْيا يُصيبُها، اوِ امْرأةٍ يَنكِحُها فَهِجْرَتُهُ الى مَا هَاجَر اليهِ۔)) [متفق عليه]

رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ اعمال کا دار و مدار نیت پر ہے اور ہر آدمی کے لیے صرف وہی ہے جس کی وہ نیت کرے، جس شخص نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف ہجرت کی ہو تو اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ ہی کے لیے ہے اور جس شخص نے ہجرت دُنیا کے حصول کے لیے کی ہو یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لیے تو اس کی ہجرت اسی چیز کی طرف ہے جس کی خاطر اُس نے ہجرت کی ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۴۲۵) (( وعَن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرو بنِ العاص قَالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: مَا مِنْ غَازِيَةٍ ، او سَرِيَّةٍ تَغزُو فى سَبيلِ اللّٰهِ فَيَسْلمون ، وَيصُيبُونَ الا كانوا قد تَعجَّلوا ثُلُثَى اجرِهِمْ ، وَما مِنْ غَازِيَةٍ ، او سَرِيَّةٍ تُخْفِقُ [وَتُخَوَّفُ][1] وَتُصابُ الا تَمَّ اجرُهُم۔ وفى رواية ومَا من غَازيةٍ ، او سريَّة تَغزو فى سَبيلِ اللّٰهِ فَيصيبُونَ غنيمةً الا تَعجَّلوا ثُلُثَى اجرِهم مِنَ الآخِرةِ، وَيبقى لَهم الثُّلثُ۔ فاِن لَمْ يُصِيبوا غَنيمةً تَمَّ لَهُمْ اجرُهُم۔)) [رواه مسلم، وروى ابوداوود والنسائى وابن ماجه الثانية۔ وتخفق اى لَا تغنم ولا تظفر۔]

(۴۲۵) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو غزوہ یا سریہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرے اور وہ سلامت بھی رہے اور شہید بھی ہو جائے تو وہ دو تہائی اَجر و ثواب جلد حاصل کر لیتا ہے اور جو غزوہ یا سریہ نہ غنیمت حاصل کرے اور نہ کامیابی (بلکہ وہ خوف میں مبتلا ہو) اور شہید بھی ہو تو اس کا اَجر و ثواب پورا ہو جاتا ہے۔ ایک اور روایت میں ہے الفاظ یہ ہیں کہ جو غزوہ یا سریہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرے اور وہ مالِ غنیمت حاصل کر لے تو وہ آخرت کے اَجر و ثواب میں سے دو تہائی جلد حاصل کر لیتا ہے اور اس کا ایک ثلث باقی رہ جاتا ہے اور اگر وہ مالِ غنیمت حاصل نہ کرے تو پورا اجر و ثواب ملتا ہے۔ (مسلم، ابوداوٗد، نسائی اور ابن ماجہ نے دوسری روایت کے الفاظ بیان کیے ہیں، ''تخفق'' کے معنی ہیں کہ وہ نہ غنیمت حاصل کرتا ہے اور نہ کامیاب ہوتا ہے)

❀❀❀

www.qlrf.net

(۱) یہ الفاظ صحیح مسلم میں نہیں ہیں۔ (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی النفقة فی سَبیلِ اللّٰہِ وفی عَمل الخیر کله وفضل تجھیز الغزاة وخلفھم فی اھلھم الخیر

## اللہ کے راستہ میں اور تمام نیک کاموں میں خرچ کرنے کی ترغیب اور غازیوں کی تیاری میں مدد کرنے اور (انکے بعد) انکے اہل وعیال کی خیر و بھلائی کے ساتھ نگرانی کی فضیلت

(۴۲۶) ((وعن خُرَیم بنِ فَاتِكٍ رَضی اللّٰہ عنهُ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰہ ﷺ : مَنْ اَنْفَقَ نَفَقةً فی سَبیلِ اللّٰہِ کُتِبَ بِسبعِ مِائةِ ضِعْفٍ)) [ رواہ الترمذی وحسنه والنسائی وصححه ابن حبان والحاکم]

(۴۲۶) حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے راستہ میں کچھ کرے تو اس کا سات سو گنا اجر و ثواب لکھا جاتا ہے (ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے' نسائی نے اسے روایت کیا اور ابن حبان و حاکم نے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

## فصل

(۴۲۷) (( عن زَیدِ بنِ خالِد الجُھَنیِّ رَضی اللّٰہ عنهُ انَّ رسولَ اللّٰہ ﷺ قَالَ: مَنْ جَھَّزَ غَازِیًا فِی سَبیلِ اللّٰہِ فَقدْ غَزی' وَمَنْ خَلَفَ غَازِیًا فی اھلِہ بِخَیرٍ فَقَدْ غَزی)): [متفق علیه ولابن حبان کُتِبَ لَهُ مِثْلُ اجرِہ حتّٰی لَا یَنقُصُ مِنْ أَجرِ الغَازی شَیءٌ۔ واخرجه الطبرانی فی الاوسط من حدیث زید بن ثابت کالاول لکن قَالَ فله مثل اجرہ فی الموضعین۔]

(۴۲۷) حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنے والے غازی کو تیار کرے' اس نے بھی جہاد کیا' جو شخص کسی غازی کے بعد اس کے اہل خانہ کی خیر و بھلائی کے ساتھ نگہداشت کرے[1] تو اس نے بھی جہاد کیا۔ (بخاری و مسلم' ابن حبان کی روایت میں ہے کہ اس کے لیے بھی غازی جتنا اجر و ثواب لکھ دیا جاتا ہے اور غازی کے اجر و ثواب میں بھی کوئی کمی نہیں کی جاتی' طبرانی نے اوسط میں بروایت زید بن ثابت پہلی روایت ہی کی طرح بیان کیا ہے لیکن دونوں جگہ یہ کہا ہے کہ اسے بھی غازی جتنا اجر ملے گا)

## الترغیب فی الرباط فی سبیل اللّٰہ

## اللہ تعالیٰ کے راستہ میں پہرہ دینے کی فضیلت

(۴۲۸) (( عن سَھلِ بنِ سَعدِ السَّاعِدیِّ

(۴۲۸) حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول

(۱) یعنی غازی کی عدم موجودگی میں اس کے اہل وعیال اور اولاد کی نگہداشت کرے۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں یہ ترغیب دی گئی ہے کہ جو شخص مسلمانوں کی مصلحت کا کوئی کام کرے یا مسلمانوں کے کسی اہم کام کو سرانجام دے تو اس سے احسان و حسن سلوک کا معاملہ کرنا چاہیے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رضی اللہ عنہ انَّ رسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: رباط يَومٍ فی سَبيلِ اللّٰهِ خَيرٌ مِنَ الدُّنيا، وَمَا عَلَيها)) [متفق عليه فی حديث طويل]

اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک دن سرحد کی حفاظت کرنا[1] دُنیا اور دُنیا کی ہر چیز سے بہتر ہے۔ (بخاری و مسلم نے اسے ایک طویل حدیث میں بیان کیا ہے)[2]

(۴۲۹) (( وعَنْ سَلمانَ رضی اللہ عنہ سَمعتُ رسولَ اللّٰهِ ﷺ: يَقولُ: رِباط يَومٍ وَلَيلةٍ خَيرٌ مِن صيامِ شَهرٍ وَقيامِهِ، إن مَاتَ فِيهِ جَرى عَملُهُ الذی كانَ يَعْمَلُ، وأُجْرِىَ عَلَيهِ رِزْقُهُ، وأمِنَ من الفُتّان)) [رواه مسلم وزاد الطبرانی فی رواية: وبُعِثَ يَوْمَ القِيَامَةِ شَهيدًا۔]

(۴۲۹) حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ایک دن اور رات سرحد پر پہرہ دینا ایک مہینے کے قیام کے روزوں سے بہتر ہے اور اگر وہ اس حالت میں فوت ہو جائے تو وہ عمل جو وہ کیا کرتا تھا وہ اس کے لیے جاری رہتا ہے اور اس کا رزق بھی اس پر جاری رہتا ہے اور وہ فتنہ انگیز سے محفوظ رہتا ہے[3] (مسلم، طبرانی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ قیامت کے دن اسے شہید اُٹھایا جائے گا)

(۴۳۰) (( وعن فضَالَة بنِ عُبَيدٍ رَضي اللّٰه عنهُ انَّ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: كُلُّ مَيِّتٍ يُختَمُ عَلى عَمِلهِ إلّا المُرابِطَ فی سَبيلِ اللّٰهِ، فإنَّهُ يُنمّى لَهُ عَملُهُ الى يَومِ القِيَامَةِ ويُؤمَنُ فِتنةَ القُبورِ۔)) [ رواه ابوداود والترمذی، وقال حسن صحيح، وصححه ابن حبان والحاكم وفی رواية ابن حبان وبعض نسخ الترمذی من الزيادة فيه وَالْمُجاهِدُ مَنْ جاهَدَ نَفْسَهُ۔ واخرجه الطبرانی من حديث العرباض بن سارية نحوه باسنادين، رواه احدهما ثقات۔]

(۴۳۰) حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر میت کے عمل پر مُہر لگا دی جاتی ہے سوائے اللہ تعالیٰ کی راہ میں سرحد پر پہرہ دینے والے کے کیونکہ اس کے لیے اس کے عمل کو قیامت تک بڑھا دیا جاتا ہے اور وہ قبر کے فتنہ سے محفوظ رہتا ہے۔ (اسے ابوداؤد و ترمذی نے روایت کیا اور کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے، ابن حبان و حاکم نے بھی اسے صحیح قرار دیا ہے، ابن حبان کی ایک روایت اور ترمذی کے بعض نسخوں میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس سے جہاد کرے، طبرانی نے بھی اسے اسی طرح دو سندوں سے روایت کیا ہے، جن میں سے ایک کے راوی ثقہ ہیں) [صحیح]

---

(۱) حدیث میں یہاں لفظ ''رباط'' ہے جس کے معنی مسلمانوں کو کافروں سے محفوظ رکھنے کے لیے مسلمانوں اور کافروں کے درمیان کسی مخصوص جگہ پر قیام کرنا۔ ابن قتیبہ نے ومن رباط الخیل ۔۔۔ آیت کے پیش نظر اس کے معنی یہ بیان کیے ہیں کہ لڑائی کی تیاری کے لیے مسلمانوں اور کافروں کا اپنے اپنے گھوڑوں کو باندھ کر رکھنا۔

(۲) حدیث کے باقی الفاظ یہ ہیں کہ تم میں سے کسی شخص کو کوڑے کی مقدار میں جنت میں جگہ مل جائے تو یہ دُنیا اور دُنیا کی ہر چیز سے بہتر ہے اور شام کے وقت کا چلنا جو کہ بندہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں چلتا ہے یا صبح کا چلنا دُنیا اور دُنیا کی ہر چیز سے بہتر ہے۔

(۳) سنن ابی داؤد میں ہے أومن من فتانی القبر۔ قبر میں امتحان لینے والوں سے محفوظ رہتا ہے۔ ملاحظہ ہو نووی کی شرح مسلم (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی الحراسة فی سبیل اللّٰہ

## اللہ تعالیٰ کے راستہ میں چوکیداری کی ترغیب

(۴۳۱) ((عن عَبدِ اللّٰہِ بنِ عُمرَ رَضی اللّٰہ عنہُ انَّ رسولَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: الا انبِّئُکم بلَیلةٍ افضلَ مِن لَیلةِ القَدْرِ۔ حَارِسٍ حَرَس فی ارضِ خَوفٍ لَعلَّہٗ ان لَا یَرْجِعَ الی اھلِہ))[رواہ الحاکم]

(۴۳۱) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں ایک ایسی رات کے بارہ میں نہ بتاؤں جو لیلۃ القدر سے بھی افضل ہے وہ چوکیدار جو خوف والی زمین میں چوکیداری کرتا ہے کہ شاید وہ اپنے گھر والوں کے پاس لوٹ کر دوبارہ نہ آسکے۔ (حاکم) [صحیح]

(۴۳۲) ((وعَن عُثمانَ رَضی اللّٰہ عنہُ قَالَ: سَمعتُ رسولَ اللّٰہِ ﷺ یَقولُ: حَرَسُ لَیلةٍ فی سَبیلِ اللّٰہِ افضلُ مِنْ اَلفِ لَیْلَةٍ یُقامُ لَیلُھا ' وَیُصامُ نَھارُھا۔)) [رواہ الحاکم]

(۴۳۲) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں ایک رات کی چوکیداری ایسی ہزار راتوں سے افضل ہے جن میں رات کو قیام اور دن کو روزہ رکھا جاتا ہو۔ (حاکم) [ضعیف]

## الترغیب فی احتباس الخیل للجهاد لا ریاء ولا سمعة وما جاء فی فضلها والترغیب فی ما یذکر منها والنهی عن قص نواصیها لما فیها من الخیر والبرکة

## ریاء وشہرت کے بغیر جہاد کیلئے گھوڑے وقف کرنے کی ترغیب وفضیلت اور انکے پیشانی کے بال کاٹنے کی ممانعت کہ ان میں خیر و برکت ہے

(۴۳۳) ((عنِ ابنِ عُمرَ رَضی اللّٰہ عنہُ انَّ رَسولَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: الخَیلُ مَعقودٌ فی نَواصِیھا الخَیْرُ الی یَومِ القِیَامَةِ۔)) [متفق علیہ]

(۴۳۳) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ گھوڑوں میں ان کے بالوں کے ساتھ قیامت کے دن تک بھلائی باندھ دی گئی ہے۔ (بخاری ومسلم)

(۴۳۴) ((وعَنْ عُروَةَ بْنِ ابی الجَعْدِ رَضی اللّٰہ عنہُ انَّ النبیَّ ﷺ قَالَ: الخَیلُ

(۴۳۴) حضرت عروہ بن ابی الجعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ گھوڑوں کی پیشانی کے بالوں کے ساتھ[1] قیامت کے

---

(۱) یہاں پیشانی کے بال مراد ہیں پیشانی کا یہاں خاص طور پر ذکر اس کی رفعت وعظمت کی وجہ سے ہے ایک قول میں اس احتمال کا ذکر بھی کیا گیا ہے کہ اس سے مراد سارا گھوڑا ہو جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص مبارک پیشانی والا ہے اس بات کا بھی احتمال ہے کہ سامنے ہونے کی وجہ سے پیشانی کا بطور خاص =

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مَعقودٌ فی نواصیها الخَیرُ: الاجر والمَغنَمُ الی یَومِ القِیامَةِ))[متفق علیه]

دن تک بھلائی۔۔۔اَجر وغنیمت باندھ دی گئی ہے۔(بخاری ومسلم)

(۴۳۵) ((وعن انسٍ رضی اللہ عنہ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه ﷺ البَرَکةُ فی نَواصی الخَیلِ۔)) [متفق علیه]

(۴۳۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ برکت گھوڑوں کی پیشانیوں میں ہے۔(بخاری ومسلم)

(۴۳۶) ((وعن عُقبَةَ بنِ عامِرٍ رَضی اللّٰه عنهُ عَن النبیِّ ﷺ قَالَ: اذا اردتَ ان تَغزُوَ فَاشتر فَرسًا اغرَّ مُحَجَّلًا طلق الیمین فاِنَّك تَغنَمُ وَتَسلَمُ))[رواه الحاکم]

(۴۳۶) حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' نبی ﷺ نے فرمایا کہ جب آپ جہاد کا ارادہ کریں تو ایسا گھوڑا خریدیں جس کی پیشانی اور پاؤں سفید ہوں اور سوائے دائیں پاؤں کے[1] تو آپ غنیمت بھی حاصل کریں گے اور سلامت بھی رہیں گے۔(حاکم)[حسن لغیره]

(۴۳۷) ((وعَن ابی وهْبٍ رَضی اللّٰه عنهُ انَّ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ عَلیکُم مِنَ الخَیلِ بِکُلِّ کمیت اَغرَّ مُحجَّلٍ' او اَشقَرَ مُحجَّلٍ او ادهَم اَغرَّ مُحجَّلٍ۔)) [رواه ابوداؤد و اللفظ لَهُ' والنسائی مطولاً]

(۴۳۷) حضرت ابووھب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایسے گھوڑے استعمال کرو جو سیاہ سرخی مائل رنگ کے سفید پیشانیوں اور پاؤں والے ہوں یا چمکدار بالوں اور سفید پیشانیوں اور پاؤں والے ہوں یا سیاہ رنگ اور سفید پیشانیوں اور پاؤں والے ہوں۔(ابوداؤد' یہ لفظ بھی انہی کے ہیں اور نسائی نے اس روایت کو مطول بیان کیا ہے)

## الترغیب فی الشهادة و ما جاء فی فضل الشهداء

## شہادت کی ترغیب اور شہداء کی فضیلت

(۴۳۸) ((عَن انسٍ رَضی اللّٰه عنهُ انَّ النبیَّ ﷺ قَالَ: مَا اَحد یَدخلُ الجَنَّةَ یُحِبُّ ان یَرجعَ الی الدُّنیا' وَاِنَّ لَهُ ما عَلَی الاَرْضِ مِن شَیءٍ الا الشَّهیدَ فاِنَّهُ یَتمنّٰی ان یَرجعَ

(۴۳۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں داخل ہونے والا ایک شخص بھی نہیں جو دنیا کی طرف لوٹنا پسند کرلے خواہ اسے زمین بھر کی تمام اشیاء دے دی جائیں سوائے شہید کے کہ وہ تمنا کرتا ہے کہ دنیا کی طرف لوٹے اور دس مرتبہ قتل

== ذکر کیا گیا ہے اور اس طرح اشارہ مقصود ہو کہ فضیلت دشمن پر حملہ کرتے ہوئے مقدم اعضاء میں ہے نہ کہ موخر میں کیونکہ ان میں ادبار کی طرف اشارہ ہے۔ (فتح الباری)

(۱) جس گھوڑے کے دائیں ہاتھ یعنی اگلے پاؤں میں سفیدی نہ ہو باقی پاؤں سفید ہوں تو اسے طلق الیمنی کہتے ہیں۔(از ہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الی الدُّنیا فَیُقتلَ عَشَر مَرَّاتٍ لِما یَری مِنَ الکَرامَۃِ۔)) [متفق علیه وفی روایة: لما یری من فضل الشهادة۔]

ہو۔ کیونکہ اس نے (شہید کا) اعزاز و اکرام دیکھ لیا ہے اور ایک روایت میں ہے "اِس وجہ سے کہ اُس نے شہادت کی فضیلت کا مشاہدہ کر لیا ہے۔" (بخاری و مسلم' ایک روایت میں ہے کہ وہ شہادت کی فضیلت دیکھ کر یہ خواہش کرے گا)

(۴۳۹) ((وعن عَبدِ اللّٰه بنِ عمرِو بنِ العاص ؓ انَّ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: یُغفَرُ لِلشَّهیدِ کُلُّ ذَنب الا الدَّینَ۔)) [رواه مسلم]

(۴۳۹) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص ؓ سے یہ روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا کہ قرض کے سوا شہید کا ہر گناہ معاف کر دیا جاتا ہے۔ (مسلم)

(۴۴۰) ((وعن انس رَضِی اللّٰه عنهُ قَالَ: غَابَ عَمّی انسُ بنُ النَّضرِ عن قِتالِ بَدرٍ فَقالَ: یَا رَسولَ اللّٰه غِبتُ عَن اوَّلِ قِتالٍ قَاتَلتَ المشرکین لَئِنِ اللّٰهُ اشهدنی قِتالَ المُشرکینَ لَیَرَینَّ اللّٰهُ ما اصنَعُ. فَلَمَّا کَانَ یومُ اُحُدٍ وَانکشَفَ المُسلِمُونَ فَقالَ: اعتذِرُ الیکَ اللّٰهُمَّ مِمَّا صَنَعَ هؤلاءِ: یَعنی اصحابَهٗ' وابرأُ الیکَ مِمَّا صَنَعَ هولاءِ: یَعنی المُشرِکینَ: ثُمَّ تَقَدَّمَ فاستَقبلَهٗ سعدُ بنُ مُعاذٍ قَالَ: یَا سعدُ الجنةَ وَرَبِّ النَضرِ انّی اجدُ رِیحَها دُونَ اُحُدٍ۔ قَالَ سَعدُ: فَما استَطعتُ یَا رَسولَ اللّٰهِ أن اَصنع مَا صَنَعَ قَالَ: انسٌ: فَوَجدنا بِهِ بِضعًا وثَمَانِین ضَربةً بِالسَّیفِ' اَوْ طَعنةً بالرُّمحِ اَوْ رَمیَۃً بِالسَّهمِ وَوَجَدناهُ قَدْ قُتلَ' وَمَثَّلَ بِهِ المُشرِکُونَ فَما عَرَفَهُ احد الا اختُهٗ بِبنَانِهِ' قَالَ انسٌ: کُنَّا نَظُنُّ انَّ هذِهِ الآیۃ نَزَلَتْ فِیهِ وَفِی اشباهِهِ ﴿مِنَ المُؤمِنِینَ

(۴۴۰) حضرت انس ؓ سے روایت ہے کہ میرے چچا انس بن نضر ؓ جنگ بدر میں حصہ نہ لے سکے تو انہوں نے عرض کیا کہ "یارسول اللہ ﷺ! میں اس پہلی جنگ سے غیر حاضر رہا ہوں جو آپ ﷺ نے مشرکین کے خلاف لڑی ہے' اگر اللہ تعالیٰ نے اب مجھے مشرکین کے خلاف جنگ میں شریک ہونے کا موقعہ عطا فرمایا تو اللہ تعالیٰ ضرور دیکھ لے گا کہ میں کیا کرتا ہوں۔ جب اُحد کی جنگ کا دن تھا اور مسلمان بکھر گئے تو انہوں نے کہا اے اللہ! جو کچھ ان لوگوں (صحابہ کرام ؓ) نے کیا ہے میں اس کی معذرت کرتا ہوں۔۔۔۔ اور جو کچھ انہوں نے یعنی مشرکین نے کیا ہے' اس سے برأت کا اظہار کرتا ہوں پھر وہ آگے بڑھے تو حضرت سعد بن معاذ ؓ ان کے سامنے آئے تو انہوں نے فرمایا: اے سعد بن معاذ! نضر کے رب کی قسم جنّت کی خوشبو مجھے اُحد پہاڑ کے پیچھے سے آ رہی ہے' حضرت سعد ؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! جو کچھ انہوں نے کیا ہے' میں وہ نہ کر سکا۔ حضرت انس ؓ فرماتے ہیں کہ ہم نے ان کے جسم پر تلواروں' نیزوں اور تیروں کے اسی سے زیادہ زخم دیکھے' ہم نے انہیں اس حالت میں دیکھا کہ وہ شہید ہو چکے تھے اور مشرکوں نے ان کی شکل بدل کر رکھ دی تھی ان کی بہن کے سوا انہیں اور کوئی نہ پہچان سکا' بہن نے انہیں ان کی اُنگلیوں کے پوروں سے پہچانا۔ حضرت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ـ))

[متفق علیه]

انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم یہ خیال کیا کرتے تھے کہ یہ آیت کریمہ ان کے متعلق یا ان جیسے لوگوں کے بارہ میں نازل ہوئی ہے (جس کا ترجمہ یہ ہے کہ) "مومنوں میں کتنے ہی ایسے شخص ہیں جو وعدہ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا تھا' اسے سچ ثابت کر دکھایا"۔ احزاب ۲۳ (بخاری ومسلم)

(۴۴۱) (( وعَن جَابرٍ رَضی اللّٰه عنهُ قَالَ: جِی ءَ بأَبی الی النَّبی ﷺ قَد مُثِّلَ بِهٖ فَوُضِعَ بيْنَ يَديهِ فَذهبْتُ اكشِفُ عَنْ وَجهِهٖ فَنَهانی قَومی فَسمِعَ صوتَ صَائِحَةٍ ' فَقيلَ: ابنةُ عَمرٍو' او اُختُ عَمرٍو؟ فَقالَ: لِم تَبكی؟ اَو قَالَ لا تَبْكی' فَما زَالتِ الملائِكَةُ تُظِلُّهُ بِاَجنِحَتِها۔))[متفق علیه]

(۴۴۱) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے والد گرامی کو آنحضرت ﷺ کی خدمت اقدس میں لایا گیا کہ ان کا مثلہ کر دیا گیا تھا' انہیں آپ ﷺ کے سامنے رکھ دیا گیا' میں ان کے چہرے سے کپڑا اُٹھانے کے لیے آگے بڑھا تو لوگوں نے مجھے منع کر دیا۔ آنحضرت ﷺ نے ایک رونے والی کی آواز سنی تو بتایا گیا کہ یہ بنت عمرو یا اخت عمرو ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا یہ کیوں روتی ہے؟ یا آپ ﷺ نے فرمایا نہ رو کیونکہ فرشتے اس پر مسلسل اپنے پروں سے سایہ کیے ہوئے ہیں۔ (بخاری ومسلم)

(۴۴۲) (( وعنه رَضی اللّٰه عنهُ: انَّ النبیَّ ﷺ قَالَ لَهُ لَمَّا جِی ءَ بِاَبِيهِ' يَا جَابِرُ الا اخبرُكَ مَا قَالَ اللّٰه لابيكَ؟ قُلْتُ: بَلى۔ قَالَ: مَا كَلَّمَ اللّٰهُ احدًا اِلَّا مِن وَرَاءِ حِجَابٍ ' وَكَلَّمَ اباكَ كِفَاحًا' فَقالَ: يَا عَبدَ اللّٰهِ: تَمَنَّ عَلَىَّ اعطِكَ۔ قَالَ يَا رَبِّ: تُحْيِينی فَاُقتَلُ فِيكَ ثَانيةً۔ قَالَ: اِنَّهٗ سَبَقَ مِنِّی انَّهم اليها لَا يرجِعونَ۔ قَالَ: يا ربِّ فَابْلِغْ مَنْ وَرَائی' فَانزَلَ اللّٰهَ هذِهِ الآيَة: ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذينَ قُتِلوا فِی سَبيلِ اللّٰهِ اَمْواتًا﴾۔ الآية كلها۔)) [رواه الترمذی وحسنه' وصححه الحاكم]

(۴۴۲) حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ جب انکے والد ماجد کو آنحضرت ﷺ کی خدمت میں لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا "جابر! کیا میں تمہیں بتاؤں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد سے کیا کہا ہے؟ میں نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیے' فرمایا ہر شخص سے اللہ تعالیٰ نے پس پردہ کلام فرمایا ہے مگر تمہارے والد سے اس نے بے حجاب کلام فرمایا ہے اور فرمایا کہ عبداللہ! کوئی خواہش ہو تو بتاؤ تاکہ میں اسے پورا کر دوں؟ انہوں نے عرض کیا' اے اللہ! مجھے دوبارہ زندہ کر دے تاکہ تیری راہ مین دوبارہ شہید ہو جاؤں' فرمایا یہ بات میں نے پہلے سے طے کر دی ہے کہ وہ دوبارہ دُنیا کی طرف نہیں لوٹائے جائیں گے! عرض کیا: اے اللہ! میرے پیچھے جو لوگ ہیں ان تک ان حالات کو پہنچا دے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی (ترجمہ) "اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ان کو مرے ہوئے نہ سمجھنا بلکہ اللہ کے نزدیک زندہ ہیں اور ان کو رزق مل رہا ہے"۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(ترمذی نے اسے حسن اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن صحیح]

(۴۴۳) (( عن عَبدِ اللّٰهِ بنِ جَعفرٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسول اللّٰه ﷺ هنيئًا لَكَ يَا عَبدَ اللّٰهِ ابُوكَ يَطيرُ مَعَ المَلَائِكَةِ فِي السَّماءِ۔)) [ رواه الطبرانی باسناد حسن]

(۴۴۳) حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "عبداللہ تمہیں مبارک ہو' تمہارا والد آسمان میں فرشتوں کے ساتھ اُڑتا ہے"۔ (طبرانی' باسناد حسن) [ضعیف]

(۴۴۴) (( عَن جابرٍ رَضی اللّٰه عنهُ قالَ: قالَ رَجل يَا رَسولَ اللّٰهِ ﷺ ایُّ الجِهادِ افضلُ؟ قَالَ: ان يُعقَرَ جَوادُكَ ويُهراقَ دَمُكَ۔))[رواه ابن حبان]

(۴۴۴) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! کون سا جہاد افضل ہے؟ فرمایا یہ کہ تمہارے گھوڑے کی کونچیں کاٹ دی جائیں اور تمہارا خون بھی بہا دیا جائے۔ (ابن حبان) [صحیح]

(۴۴۵) (( عنِ ابنِ عباسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ: الشُّهداءُ علی بَارِقِ نَهرٍ بِبابِ الجَنَّةِ فی قُبَّةٍ خَضراءَ يَخرُجُ عَلَيهِم رِزقُهُم مِنَ الجَنَّةِ بُكرَةً وَعَشِيًّا۔)) [ رواه احمد' وصححه ابن حبان والحاكم]

(۴۴۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ شہداء جنّت کے دروازے پر ایک نہر کے کنارے سبز رنگ کے قبہ میں ہیں اور جنّت سے صبح و شام انہیں رزق ملتا ہے۔ (احمد' ابن حبان و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن]

(۴۴۶) (( وعنِ كعب بن مالكٍ رَضی اللّٰه عنهُ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ: انَّ ارواحَ الشُّهداءِ فی اجْوافِ طَيرٍ خُضرٍ تَعْلُقُ مِن ثَمَرِ الجنَّةِ ' اوْ شَجرِ الجنَّةِ۔)) [رواه الترمذی' وقال حسن صحيح۔ قوله تعلق بفتح اوله وسكون المهملة وضم اللام ای ترعى من اعاليها۔]

(۴۴۶) حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ شہداء کی روحیں سبز رنگ کے پرندوں کی پیٹوں میں ہیں جو جنّت کے پھلوں یا جنّت کے درختوں کی بلند شاخوں (کے پھلوں) کو چرتے چگتے ہیں۔ (امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو حسن صحیح قرار دیا ہے' "تَعْلُقُ" کے معنی ہیں کہ وہ بلند شاخوں کے پھلوں کو کھائیں گی)۔ [صحیح]

(۴۴۷) (( وعن مسروقٍ قَالَ: سَالنا عَبدَ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ مسعودٍ عن هذهِ الآيةِ: وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلوا فی سَبِيلِ اللّٰهِ امواتًا

(۴۴۷) حضرت مسروق سے روایت ہے کہ ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت کریمہ کے بارہ میں پوچھا (جس کا ترجمہ یہ ہے کہ) "اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے' ان کو مرے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بَلْ اَحیاءٌ عِندَ رَبِّهم یُرزَقُونَ؟ فَقالَ: اَما اَنَّا قَد سَاَلنا عَنْ ذٰلِكَ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ ، فَقالَ: اَرواحُهُم فِی جَوفِ طَیرٍ خُضْرٍ لَها قَنادِیلُ مُعلَّقَةٌ بِالعَرشِ تَسرَحُ مِنَ الجَنَّةِ حَیثُ شَاءَ تْ، ثُمَّ تَاوِی الی تِلكَ القَنادِیلِ، فاطَّلعَ الیهِمْ رَبُّهُم اطِّلاعَةً۔ فَقالَ هَلْ تَشتَهُونَ شَیئًا قَالُوا: اَیُّ شَیءٍ نَشتَهی ، وَنَحنُ نَسرَحُ مِنَ الجَنَّةِ حَیثُ شِئْنا فَیقولُ ذٰلِكَ ثَلاثَ مَرَّاتٍ ، فَلَمَّا رَاَوْا اَنَّهُم لَنْ یُتْرَكُوا مِنْ ان یَسالوا شَیئًا۔ قَالوا: یَا رَبِّ نُرِیدُ ان تُرَدَّ اَرواحُنا فِی اجسادِنا حتّٰی نُقتَلَ فِی سَبیلِكَ مَرَّةً اخری ، فَلَمَّا رَای ان لَیسَ لَهُم حَاجَةٌ تُرِكُوا۔)) [رواه مسلم واللفظ له، والترمذی]

ہوئے نہ سمجھنا بلکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ زندہ ہیں اور ان کو رزق مل رہا ہے؟'' تو انہوں نے جواب دیا کہ ہم نے بھی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سے اس آیت کے بارہ میں سوال کیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ شہداء کی روحیں سبز رنگ کے پرندوں کے پیٹوں میں ہیں، ان کی قندیلیں عرش کے ساتھ معلق ہیں، جنت میں وہ جہاں چاہتی ہیں آتی جاتی ہیں اور پھر ان قندیلوں کے پاس آتی ہیں، ان کا ربّ ان کی طرف نظر کرم سے دیکھتا ہے اور فرماتا ہے کیا تمہاری کوئی خواہش ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں کہ ہم کیا خواہش کریں، ہم تو جہاں چاہتے ہیں جنت میں آتے جاتے ہیں، اللہ تعالیٰ تین بار یہ ارشاد فرماتا ہے، جب انہوں نے دیکھا کہ وہ سوال کے بغیر چھوڑے نہیں جائیں گے تو عرض کیا: ''اے ہمارے پروردگار! ہم یہ چاہتے ہیں کہ تو ہماری روحوں کو ہمارے جسموں میں لوٹا دے تاکہ تیرے راستہ میں ایک بار پھر شہید ہوں، اللہ تعالیٰ نے دیکھا کہ ان کی اب کوئی حاجت ایسی نہیں ہے جو پوری نہ کر دی گئی ہو تو انہیں چھوڑ دیا۔ (یہ الفاظ مسلم کی روایت کے ہیں جب کہ ترمذی نے بھی اسے روایت کیا ہے)

(۴۴۸) ((عن ابی الدَّرداء رَضی اللّٰه عنهُ قالَ: سَمعتُ رسولَ اللّٰه ﷺ الشَّهیدُ یشفع فِی سَبعینَ مِن اهلِ بَیتِه۔)) [رواه ابوداود وصححه ابن حبان]

(۴۴۸) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ شہید اپنے اہل بیت میں سے ستر آدمیوں کے بارہ میں شفاعت کرے گا۔ (ابوداؤد، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح لغیرہ]

(۴۴۹) (( عَن عُتبَةَ بنِ عَبدٍ السُّلَمیِّ وکانَ من اصحابِ النَّبیِّ ﷺ : انَّ رَسولَ اللّٰه ﷺ : قَالَ: القَتلی ثَلَاثَةٌ : رَجُلٌ مُؤمِنٌ جَاهَدَ بِنفسِهٖ وَمالِه فِی سَبیلِ اللّٰهِ حتّٰی اذا لَقِیَ العَدوَّ ، قَاتَلَهُم حتّٰی قُتِلَ ، فَذٰلكِ الشَّهیدُ المُمْتَحَنُ فِی جَنَّةِ اللّٰهِ تحتَ عَرشِه لَا یَفضُلُه النَّبیُّونَ الا بفضلِ دَرَجةِ

(۴۴۹) حضرت عتبہ بن عبدالسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے تھے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مقتول تین قسم کے ہیں: (۱) وہ مردِ مؤمن جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اپنی جان اور مال کے ساتھ جہاد کرتا ہے حتّٰی کہ جب دشمن سے مڈبھیڑ ہوئی تو اس سے جنگ کرتا ہے اور قتل ہو جاتا ہے، یہ وہ شہید ہے، جس کا امتحان ہوا، یہ اللہ تعالیٰ کی جنت میں اس کے عرش کے نیچے ہوگا اور انبیاء کرام صرف درجہ نبوت ہی میں اس سے افضل ہوں گے (۲) وہ آدمی جس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



النُّبوۃِ، ورَجُلٌ فَرِق عَلٰی نَفسِہٖ مِنَ الذُّنوبِ وَالخَطایا جَاھَدَ بِنفسِہٖ وَمَالِہٖ فی سَبیلِ اللّٰہِ حتّٰی اذا لَقِیَ العدُوَّ قَاتَلَ حتّٰی یُقتلَ فَتِلكَ مُمَصْمِصَۃٌ مَحَتْ ذُنوبَہٗ وَخَطَایَاہُ، انّ السیفَ مَحّاءٌ لِلخَطایا، وأُدْخِلَ مِن ایِّ ابوابِ الجَنّۃِ شَاءَ، فاِنَّ لَھا ثَمانیۃَ ابوابٍ، وَلِجھنَّم سَبعۃُ ابوابٍ، وَبَعضُھا اَفضَلُ مِن بَعضٍ، وَرَجلٌ مُنافِقٌ جَاھَد بِنفسِہٖ وَمالِہٖ حتّٰی اذا لَقِیَ العدُوَّ قَاتَلَ فی سَبیلِ اللّٰہِ حتّٰی یُقتلَ فذٰلكَ فی النَّارِ، انَّ السَّیفَ لَا یَمحُو النِّفاقَ۔)) [رواہ احمد بسند جید والطبرانی، وصححہ ابن حبان، واللفظ لہ]

پر اپنے بارے میں گناہوں اور غلطیوں کا خوف طاری تھا اس نے اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اپنے جان و مال سے جہاد کیا حتیٰ کہ جب دشمن سے آمنا سامنا ہوا تو اس سے جنگ کرتا ہوا قتل ہو جاتا ہے، یہ آزمائش اس کے گناہوں کے میل کچیل کو پاک صاف کرنے والی ہے، اس نے اس کے گناہوں اور غلطیوں کو مٹا ڈالا کیونکہ تلوار گناہوں کو مٹا دیتی ہے، یہ جنّت کے جس دروازے میں سے چاہے گا داخل ہوگا، جنّت کے آٹھ اور جہنم کے سات دروازے ہیں اور بعض، بعض سے بڑھ کر ہیں (۳) وہ منافق آدمی جس نے اپنے جان و مال سے جہاد کیا اور دشمن سے مڈبھیڑ ہوئی تو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کیا حتیٰ کہ قتل ہوگیا تو یہ شخص جہنم رسید ہوگا کیونکہ تلوار نفاق کو نہیں مٹا سکتی۔ (احمد، بسند جید، طبرانی، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور یہ الفاظ ابن حبان ہی کی روایت کے ہیں) [حسن]

(۴۵۰) ((عَن نُعیمِ بنِ ھمَّارٍ رَضی اللّٰہ عنہُ انَّ رَجلًا سَألَ رَسولَ اللّٰہِ ﷺ ایُّ الشُّھداءِ افضلُ؟ قَالَ: الّذینَ انْ یَلْقَوْا فی الصَّفِّ لَا یَلفِتُونَ وُجُوھَھُم حتّٰی یُقتَلوا اولٰئِكَ یَنطَلِقُونَ فی الغُرَفِ العُلٰی مِنَ الجَنَّۃِ، وَیضْحَكُ الیھِمْ رَبُّھم، واذا ضَحِكَ رَبُّكَ الی عَبدٍ فی الدُّنیا، فَلَا حسابَ عَلَیہِ۔)) [رواہ احمد وابویعلی، ورواتھما ثقات]

(۴۵۰) حضرت نعیم بن همار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے یہ پوچھا کہ کون سے شہید افضل ہیں؟ فرمایا وہ کہ اگر صف میں کھڑے کیے جائیں تو اپنے چہروں کو وہاں سے دور نہیں ہٹاتے حتیٰ کہ شہید ہو جاتے ہیں، یہ وہ ہیں جو جنّت کے بلند و بالا بالا خانوں میں ہوں گے، ان کا ربّ ان سے ہنسے گا اور جب تیرا ربّ دُنیا میں کسی بندے سے ہنسے تو اس سے کوئی حساب نہ ہوگا۔ (احمد، ابویعلیٰ، دونوں کی سندوں کے راوی ثقہ ہیں) [صحیح]

(۴۵۱) ((وعن انس رَضی اللّٰہ عنہُ قالَ: جاءَ اُناسٌ اِلی النَّبیِ ﷺ فَقالُوا ابْعَثْ مَعَنا رِجالًا یُعلّمونا القُرآنَ وَالسُّنۃَ، فَبعثَ الیھِم سَبعینَ رَجُلًا مِنَ الانصارِ یُقالُ لَھُم

(۴۵۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کچھ لوگ آنحضرت ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہمارے ساتھ کچھ آدمی بھیجئے جو ہمیں قرآن و سنّت کی تعلیم دیں، آپ ﷺ نے ان انصار میں سے ستر آدمیوں کو بھیج دیا جنہیں قراء

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



القُرَّاءُ۔ فِيهم خَالي حَرام بْنُ مِلْحَان كَانُوا يقرَؤُونَ القران ويَتدارَسُونَهُ بالليلِ وَيَتعلَّمون، وَكانوا بالنَّهار يَجيئونَ بالماءِ فَيضعونَهُ في المَسجِدِ و يحتطبون فَيبيعونَهُ وَيَشترون بِهِ الطَّعامَ لاهل الصُّفَّةِ وَلِلفُقَراءِ فَبعثَهُم النَّبيُّ ﷺ إلَيهم ، فَعرضُوا لَهُم ، فَقتلوهُم قَبْلَ ان يبلغوا المَكانَ ، فَقالُوا: اللّٰهُمَّ بَلِّغْ عَنا نَبيَّنا انَّا قَدْ لَقينَاكَ فَرَضينَا عَنْكَ، وَرَضِيتَ عَنَّا ، قَالَ: وَاتى رَجُلٌ حَرامًا خالَ انسٍ مِن خَلفِه فَطعنَهُ برُمْحٍ حتَّى انفذَهُ فَقالَ حَرامٌ: فُزْتُ وربِّ الكعبةِ ، فَقالَ رسولُ اللّٰه ﷺ لأصحابه : انَّ اخوانكُم قدْ قُتِلُوا ، وَإنَّهم قَالوا: اللّٰهُمَّ بَلِّغْ عنَّا نَبينا انا قد لَقِيناكَ فَرَضِينا عَنْكَ ، وَرَضيتَ عَنَّا۔)) [ متفق عليه واللفظ لمسلم]

کہا جاتا تھا' ان میں میرے ماموں حرام بن ملحان بھی تھے' وہ قرآن پڑھتے اور اس کا دور کرتے' دن کے وقت پانی لا کر مسجد میں رکھتے' لکڑیاں اکٹھی کرتے' انہیں بیچتے اور اس سے اصحابِ صفہ اور فقراء کے لیے کھانا خریدتے تھے آنحضرت ﷺ نے انہیں بھیج دیا لیکن وہ لوگ جب ان کے سامنے آئے تو انہیں قتل کر دیا قبل اس کے یہ منزلِ مقصود تک پہنچتے' تو انہوں نے کہا: ''اے اللہ! ہماری طرف سے ہمارے نبی ﷺ تک یہ بات پہنچا دے کہ ہم نے تجھ سے ملاقات کی ہے' ہم تجھ سے راضی ہیں اور تو ہم سے راضی ہے۔ ایک آدمی حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ماموں حرام کی طرف پیچھے سے آیا اور انہیں نیزہ مارا حتیٰ کہ نیزہ ان کے جسم سے پار کر دیا تو حضرت حرام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''رب کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا ہوں'' آنحضرت ﷺ نے صحابہ سے فرمایا: بے شک تمہارے بھائی شہید ہو گئے ہیں اور انہوں نے کہا ہے: اے اللہ! ہماری طرف سے ہمارے نبی ﷺ تک یہ بات پہنچا دے کہ ہم نے تجھ سے ملاقات کی ہے' ہم تجھ سے راضی ہیں اور تو ہم سے راضی۔ (بخاری ومسلم یہ الفاظ مسلم کی روایت کے ہیں)

(۴۵۲) (( وعن ابن عُمرَ رضی اللہ عنہما انَّ النَّبيَّ ﷺ مَرَّ بِخِباءِ اعرابيٍّ وَهُوَ في اَصحابه يُرِيدُونَ الغَزو، فَرفَعَ الاَعْرابيُّ جانبَ الخِباءِ فَقالَ: مَن هولاءِ؟ قِيلَ: هذا النَّبيُّ ﷺ ، واصحابُهُ يُريدونَ الغَزوَ، فَقالَ: هَلْ مِن عَرَضِ الدُّنيا يُصيبونَ؟ قَالوا نعمْ يُصيبونَ الغَنائِمَ، ثُمَّ تُقسمُ بينَ المُسلمينَ، فَعمدَ الى بَكرٍ لَهُ فَاَعقلَه وسَارَ مَعهُم، فَجعلَ يَدنُو بِبَكرِهِ الى رَسولِ اللّٰه ﷺ ، وَجَعَلَ اصحابُه

(۴۵۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کا ایک اعرابی کے خیمے کے پاس سے گزرا ہوا' جب کہ آپ کا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا جہاد کا ارادہ تھا' اعرابی نے خیمے کے ایک کونے کو اُٹھایا اور پوچھا یہ کون لوگ ہیں؟ اسے بتایا گیا کہ یہ نبی ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہیں جو کہ جہاد کا ارادہ رکھتے ہیں' اعرابی نے پوچھا کیا یہ لوگ دنیوی سامان بھی حاصل کر لیں گے؟ لوگوں نے بتایا ہاں یہ غنیمتیں حاصل کریں گے اور پھر انہیں مسلمانوں میں تقسیم کر دیا جائے گا' اس نے اپنے اونٹ کی طرف قصد کیا اور اس کی رسّی کو کھولا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ چل دیا اس نے اپنے اونٹ کو نبی ﷺ کے قریب کرنا شروع کر دیا جب کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس کے اونٹ کو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يَذودونَ، فَقالَ رَسولُ اللّٰه ﷺ: دَعُوا لِيَ النَّجديَّ فَوَ الذى نَفسى بيدِهٖ انه لَمِن مُلوكِ الجَنَّةِ۔ قَالَ: فَلَقُوا العَدُوَّ فاستُشهِد فأُخبرَ بِذاكَ النَّبيُّ ﷺ فَاتاهُ فَقعدَ عِندَ رَاسِه مُستبشرًا، او قَالَ، مَسرورًا يَضحكُ، ثُمَّ اعرَضَ عَنهُ، فَقُلنا: يَا رَسولَ اللّٰهِ رايناكَ مُستَبشرًا تَضحكُ، ثُمَّ اعرَضتَ عَنهُ، فَقالَ: امَّا ما رايتُم مِن اسْتِبشارِى، او قَالَ: سُرورِى، فَلِما رَايتُ مِن كَرامةِ رُوحِه علَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وامَّا اِعْراضى عَنهُ، فاِنَّ زَوْجَتَهُ مِنَ الحُوْرِ الْعينِ الآنَ عِندَ رَاْسِهٖ۔)) [رواه البيهقى بسند حسن]

آپ ﷺ سے دور ہٹانا چاہتے تھے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس نجدی کو میرے پاس آنے دو کہ اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے یہ تو جنّت کے بادشاہوں میں سے ہے' راوی بیان کرتا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا جب دشمن سے مقابلہ ہوا تو یہ شہید ہو گیا' آنحضرت ﷺ کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپ ﷺ تشریف لائے اور اس کے سر کے پاس خوش خوش بیٹھ گئے یا راوی نے یہ کہا کہ خوشی سے ہنستے ہوئے آپ ﷺ اس کے پاس بیٹھ گئے لیکن پھر آپ ﷺ نے اس سے اعراض فرمایا۔ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہم نے دیکھا کہ آپ خوشی سے مسکرا رہے تھے لیکن پھر آپ ﷺ نے اس نے رُخِ انور پھیر لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم نے جو مجھے خوش دیکھا تو وہ اس وجہ سے تھا کہ میں نے دیکھا کہ ان کی روح کو اللہ تعالیٰ کے ہاں کس قدر کرامت نصیب ہوئی ہے اور جہاں تک میرے مُنہ موڑنے کا تعلق ہے تو وہ اس وجہ سے کہ حور عین میں سے اس کی بیوی اُس کے سر کے پاس بیٹھی ہے۔ (بیہقی بسند حسن) [صحیح]

(۴۵۳) ((وَعَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَن اَبيهِ انَّ رَجُلًا جاءَ الى الصلاةِ والنَّبيُّ ﷺ يُصَلِّى، فَقالَ حِينَ انْتهى الى الصَّفِّ: اللّٰهُمَّ آتِنِى افْضَلَ ما تُؤتِى عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ، فَلَمَّا قَضى النَّبيُّ ﷺ الصَّلاةَ قَالَ: مَنِ المُتَكَلِّمَ آنِفًا؟ قَالَ الرَّجُل انا يَا رَسولَ اللّٰه۔ قَالَ: اِذًا يُعْقَرُ جَوَادُكَ وتُسْتَشْهِدُ۔)) [رواه ابويعلى والبزار، وصححه ابن حبان والحاكم]

(۴۵۳) حضرت عامر بن سعد اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نماز کے لیے آیا جب کہ آپ ﷺ نماز پڑھا رہے تھے' جب وہ صف کے پاس پہنچا تو اس نے کہا: ''اے اللہ! مجھے وہ بہتر چیز عطا فرما جو تو اپنے نیک بندوں کو عطا فرماتا ہے'' آنحضرت ﷺ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: ''ابھی یہ کون بات کر رہا تھا؟'' اس آدمی نے کہا: میں یا رسول اللہ ﷺ! فرمایا پھر تو تمہارا گھوڑا بھی قتل کر دیا جائے گا اور تم بھی شہید کیے جاؤ گے۔ (ابویعلیٰ' بزار۔ ابن حبان و حاکم نے کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے) [ضعیف]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## فصل فی ذکر انواع من الموت یلحق من وقعت له بالشهداء وفیه الترهیب من الفرار اذا وقع الطاعون

## موت کی بعض اقسام کا تذکرہ جن میں مبتلا شہداء سے جا ملتے ہیں اور طاعون زدہ علاقے سے فرار کی ممانعت

(۴۵۴) (( عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : الشُّهَدَاءُ خَمسَةٌ: المَبْطُونُ، وَالمَطْعُونُ، وَالغَرِیقُ، وَصَاحِبُ الهَدْمِ وَالشَّهِیدُ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ۔)) [رواه مالك والبخاری ومسلم والترمذی۔]

(۴۵۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''شہداء پانچ قسم کے ہیں: (۱) جو پیٹ کی بیماری سے فوت ہو (۲) جو طاعون کے مرض سے فوت ہو (۳) جو پانی میں غرق ہو کر فوت ہو (۴) جو دیوار وغیرہ کے نیچے دب کر فوت ہو اور (۵) جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں شہید ہو۔ (مالک' بخاری' مسلم' ترمذی)

(۴۵۵) (( وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَتِیكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ جَاءَ یَعُودُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ ثَابِتٍ فَوَجَدَهُ قَدْ غُلِبَ فَصَاحَ بِهِ فَلَمْ یُجِبْهُ فَاسْتَرْجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ، وَقَالَ غُلِبْنَا عَلَیْكَ یَا اَبَا الرَّبِیعِ فَصَاحَتِ النِّسَاءُ وَبَكَیْنَ، وَجَعَلَ ابْنُ عتیك یُسَكِّتُهُنَّ فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ دَعْهُنَّ فَاِذا وَجَبَ فَلا تَبْكِیَنَّ بَاكِیَةٌ۔ قالوا: وَما الوُجُوبُ یَا رَسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اذا ماتَ۔ قالتِ ابْنَتُهُ۔ وَاللّٰهِ اِنِّی لَارْجُو انْ تَكُونَ شَهِیدًا، فَاِنَّكَ كُنتَ قَدْ قَضَیْتَ جِهازَكَ، فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ : اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَوقَعَ اَجْرَهُ عَلٰی قَدْرِ نِیَّتِهِ۔ وما تَعُدُّون الشَّهادَةَ؟ قَالوا: القَتْلُ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ، فَقالَ النبیُّ ﷺ : الشَّهادَةُ سَبْعٌ سِوی القَتْلِ فِی سَبِیلِ

(۴۵۵) حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عبداللہ بن ثابت کی بیمار پرسی کرنے آئے تو آپ ﷺ نے دیکھا کہ وہ مغلوب ہو چکے ہیں۔ آپ ﷺ نے انہیں آواز دی مگر انہوں نے جواب نہ دیا تو رسول اللہ ﷺ نے إنا للہ وإنا إلیہ راجعون پڑھا اور فرمایا ابوالربیع! تیرے بارے میں ہم مغلوب ہو گئے ہیں' یہ سن کر عورتوں نے رونا دھونا شروع کر دیا' ابن عتیک نے انہیں خاموش کرانا شروع کیا' نبی ﷺ نے فرمایا کہ انہیں چھوڑ دو اور جب بات واجب ہو جائے تو پھر کوئی رونے والی نہ روئے' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! واجب ہونے سے کیا مراد ہے؟ فرمایا فوت ہو جانا' جابر رضی اللہ عنہ کی بیٹی نے کہا: ''اللہ کی قسم مجھے اُمید ہے کہ تم شہید ہو گے کیونکہ آپ نے تو اپنی تیاری مکمل کر لی تھی'' نبی ﷺ نے فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی نیت کے بقدر ان کو اَجر و ثواب عطا فرمایا ہے اور بتاؤ کہ تمہارے نزدیک شہادت کیا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: ''اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل ہونا'' نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے راستہ میں قتل ہونے کے علاوہ سات قسم کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اللّٰہِ۔ المَبْطُونَ شَھِیدٌ۔ وَالغَرِیقُ شَھِیدٌ، وَصَاحِبُ ذات الجنب شَھِیدٌ۔ وَالمَطْعُونُ شَھِیدٌ، وَصَاحِبُ الحَرِیقِ شَھِیدٌ، والَّذی یَمُوتُ تَحْتَ الهَدْمِ شَھِیدٌ۔ والمَرْاَۃُ تَمُوتُ بِجَمْعٍ شَھِیدٌ۔)) [رواه ابوداود والنسائی، وابن ماجه، وابن حبان فی صحیحه]

موت شہادت ہے (۱) پیٹ کی بیماری سے فوت ہونے والا شہید ہے (۲) پانی میں غرق ہونے والا شہید ہے (۳) نمونیہ کی بیماری سے فوت ہونے والا شہید ہے۔[1] (۴) طاعون کی بیماری سے فوت ہونے والا شہید ہے (۵) آگ سے جل کر مرنے والا شہید ہے (۶) دیوار وغیرہ کے نیچے دب کر فوت ہونے والا شہید ہے (۷) وہ عورت جو زچگی سے فوت ہو وہ بھی شہید ہے۔ (ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، صحیح ابن حبان) [صحیح لغیرہ]

## فصل فی الطاعون

### طاعون کے بارے میں

(۴۵۶) ((عَنْ اَنَسٍ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ یَقُولُ: الطَّاعونُ شَھادَۃٌ لِکُلِّ مُسْلِمٍ)) [متفق علیه]

(۴۵۶) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ طاعون کا مرض ہر مسلم کے لیے شہادت ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۴۵۷) ((وَعَنْ عائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَ سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ عَنِ الطَّاعُونِ "فَقالَ: کَانَ عَذَابًا یَبْعَثُه اللّٰه عَلٰی مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ، فَجَعَلَهُ اللّٰه رَحْمَۃً لِلْمُؤْمِنِینَ۔ ما مِنْ عَبْدٍ یکون فی بَلَدٍ یَکُونُ فِیهِ ویمکث لَا یَخْرُجُ صَابِرًا مُحْتَسِبًا یَعْلَم اَنَّهٗ لَا یُصِیبُهٗ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَهٗ اِلَّا کانَ لَهٗ مِثْلُ اجْرِ شَھِیدٍ۔)) [رواه البخاری]

(۴۵۷) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے طاعون کے بارہ میں پوچھا کہ آپ ﷺ نے فرمایا یہ عذاب تھا جسے اللہ تعالیٰ تم سے پہلے لوگوں پر بھیجا کرتا تھا مگر اس نے اسے مومنوں کے لیے رحمت بنا دیا ہے، جو مومن بھی کسی ایسے شہر میں ہو جس میں یہ مرض پھیلا ہو مگر وہ صبر کرتے ہوئے وہیں ٹھہرا رہے اور حصولِ ثواب کی نیت کرتے ہوئے اس سے باہر نہ نکلے اور وہ جانتا ہو کہ اسے صرف وہی مصیبت پہنچے گی جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے لکھ دی ہے تو اسے شہید جتنا اجر و ثواب ملے گا۔ (بخاری)

(۴۵۸) ((وَعَنْ ابی مُوسٰی الْاَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ فَنَاءُ اُمَّتِی بالطَّعْنِ وَالطَّاعونِ۔ فَقِیلَ: یَا رَسُولَ اللّٰہِ هٰذا

(۴۵۸) حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میری اُمت طعن و طاعون سے فنا ہو گی، عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ! یہ طعن (نیزہ بازی) تو ہم جانتے ہیں لیکن طاعون کیا ہے؟ فرمایا یہ تمہارے

(۱) یہاں حدیث میں "ذات الجنب" کا لفظ ہے، جس کے معنی نمونیہ کے بھی ہیں اور ذات الجنب اس بڑے پھوڑے کو بھی کہتے ہیں جو پہلو کے اندر نکلتا اور اندر ہی پھٹ جاتا ہے، اس پھوڑے میں مبتلا کم لوگ ہی زندہ سلامت بچتے ہیں۔ (نسأل اللہ السلامہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الطَّعْنُ قَدْ عَرَفْنَاهُ فَمَا الطَّاعونُ؟ قَالَ : وَخْزُ اَعدائِكُم الجنّ وَفي كُلٍّ شَهادةٌ۔)) [ رواه احمد باسانيد احدها صحيح۔ وابويعلٰى والبزار والطبراني ۔ والوَخْز بفتح الواو وسكون المعجمة بعده زاى هو الطعن]

دشمن جنوں کی نیزہ بازی ہے اور ان میں سے ہر ایک کے لیے شہادت ہے۔(احمد نے اسے کئی سندوں سے روایت کیا ہے، جن میں سے ایک صحیح ہے، ابویعلٰی، بزار، طبرانی۔ "وخز" کے معنی نیزہ بازی کے ہیں)[صحیح]

(۴۵۹) (( وَعَنْ جابرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يقولُ: فِي الطَّاعونِ الْفارُّ مِنْهُ كَالْفَارِّ مِنَ الزَّحْفِ، وَمَنْ صَبَرَ فِيهِ كَانَ لَهُ اَجْرُ شَهِيدٍ۔)) [ رواه احمد والبزار والطبراني وسند احمد حسن]

(۴۵۹) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ طاعون سے بھاگنے والا میدانِ جنگ سے بھاگنے والے کی طرح ہے اور جو طاعون میں صبر کرلے اسے شہید کی طرح اَجر وثواب ملتا ہے۔(احمد، بزار، طبرانی، مسند احمد کی سند حسن)[صحیح لغیرہ]

(۴۶۰) (( وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يقولُ: مَنْ قُتِلَ دونَ مالِهِ فَهُوَ شَهيدٌ، وَمَنْ قُتِلَ دُونَ دَمِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ۔ وَمَنْ قُتِلَ دُونَ دِينِه فَهُوَ شَهِيدٌ۔ وَمَنْ قُتِلَ دُونَ اهلِهِ فَهُوَ شَهِيدٌ۔)) [ رواه الاربعة وصححه الترمذى]

(۴۶۰) حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو اپنے مال کی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ شہید ہے، جو اپنے خون کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے، جو اپنے دین کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے اور جو اپنے اہل وعیال کی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ بھی شہید ہے۔(اربعہ، ترمذی نے اسے صحیح کہا ہے)۔ [صحیح]

(۴۶۱) (( وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: جاءَ رَجُلٌ الى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ۔ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ جاءَ رَجُلٌ يَاْخُذُ مالي قَالَ: فلا تُعْطِهِ مَالَكَ۔ قَالَ: اَرَاَيْتَ اِنْ قَاتَلني؟ قَالَ: قَاتِلْهُ قَالَ اَرَاَيْتَ انْ قَتَلَني؟ قَالَ فَاَنْتَ شَهِيدٌ۔ قَالَ: اَرَاَيْتَ اِنْ قَتَلْتُهُ، قَالَ هُوَ فِي النَّارِ)) [رواه مسلم]

(۴۶۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کرنے لگا یا رسول اللہ ﷺ! اگر کوئی شخص آئے اور وہ مجھ سے میرا مال چھیننا چاہیے تو فرمایا اسے اپنا مال نہ دو، عرض کیا اگر وہ مجھ سے لڑائی کرے؟ فرمایا: "تم اس سے لڑو" عرض کیا: "اگر وہ مجھے قتل کردے؟" فرمایا "تم شہید ہوگئے" عرض کیا: "اگر میں اسے قتل کردوں؟" فرمایا: "وہ جہنم رسید ہوگا"۔

کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی الرمی وتعلمه وترهیب من تعلمه ثم ترکه

## تیراندازی سیکھنے کی ترغیب اور سیکھ کر ترک کرنے پر وعید

(۴۶۲) (( عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: وَاَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ۔ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ، اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ، اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ۔)) [رواه مسلم]

(۴۶۲) حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر ارشاد فرماتے ہوئے سنا ''اور جہاں تک تمہارا بس چلے زیادہ سے زیادہ قوت ان کے مقابلہ کے لیے مہیا رکھو خبردار قوت تیراندازی ہے! خبردار قوت تیراندازی ہے! خبردار قوت تیراندازی ہے!!!!

(مسلم)

(۴۶۳) (( وَعَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمْ اَرَضُونَ ، وَيَكْفِيكُمُ اللّٰهُ فَلَا يَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَلْهُوَ بِاَسْهُمِهٖ۔))

[رواه مسلم]

(۴۶۳) حضرت عقبہ ہی سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب تمہیں بہت سے علاقوں پر فتح نصیب ہوگی اور اللہ تعالیٰ تمہارے لیے کافی ہوگا' تم میں سے کوئی شخص تیروں سے کھیلنے (مشق کرنے) میں کوتاہی نہ کرے۔ (مسلم)

(۴۶۴) (( وَعَنْهُ: اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ الْجَنَّةَ صَانِعَهُ يَحْتَسِبُ فِي صَنْعَتِهِ الْخَيْرَ، وَالرَّامِي بِهٖ وَمُنْبِلَهُ ، وَارْمُوا وَارْكَبُوا۔ وَاَنْ تَرْمُوا اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ تَرْكَبُوا۔ وَمَنْ تَرَكَ الرَّمْيَ بَعْدَ مَا عَلِمَهُ رَغْبَةً عَنْهُ۔ فَاِنَّهَا نِعْمَةٌ تَرَكَهَا' اَوْ قَالَ كَفَرَهَا۔)) [رواه ابوداود واللفظ لہ والنسائی' والحاکم۔ وقوله مُنْبِلَهُ بضم الميم' وفتح النون وتشديد الموحدة المكسورة اى الذى يناول النبل للرامى: بان يقوم بجنب الرامى او خلفه يناوله واحدًا بعد واحد ويرد عليه النبل الذى

(۴۶۴) حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا) بے شک اللہ تعالیٰ ایک تیر کی وجہ سے تین آدمیوں کو جنت میں داخل فرمائے گا۔ایک تیر بنانے والا جو تیر بنانے میں بھلائی (ثواب) کی اُمید رکھتا ہے' دوسرا تیر چلانے والا اور تیسرا تیر پکڑانے والا۔ تیراندازی کیا کرو اور شہسواری بھی کیا کرو' تمہارا تیراندازی کرنا مجھے تمہاری شہسواری سے زیادہ پسند ہے اور جس نے تیراندازی سیکھنے کے بعد اس سے بے رغبتی کرتے ہوئے اسے چھوڑ دیا تو گویا اس نے ایک نعمت کو ترک کردیا یا آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ اس نے اس نعمت کی ناشکری کی (یہ الفاظ ابوداؤد کی روایت کے ہیں نسائی' حاکم' نبلہ کے معنی ہیں تیرانداز کو تیر پکڑانے والا کہ وہ تیرانداز کے ساتھ یا اس کے پیچھے کھڑا ہوجائے اور لے ایک ایک کرکے پھینکنے کے لئے تیر پکڑاتا جائے یا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يرمى به' زاد البغوى قَالَ وفى رواية والممد به۔ قَالَ المصنف ويحتمل ان يكون المُراد الذى يعطيه للمجاهد' فيجهز به من ماله ' ويدل عليه فى رواية للبيهقى بدل الثلاثة والذى يجهز به فى سبيل الله]

وہ شخص جو چلائے ہوئے تیروں کو واپس لا کر دے بغوی نے کہا کہ بعض راویوں نے اسے ''والممد بہ'' روایت کیا ہے' مصنف فرماتے ہیں کہ اس بات کا احتمال ہے کہ اس سے مُراد وہ شخص ہو جو اپنے مال سے تیر خرید کر مجاہد کو دیتا ہے' اس کی دلیل بیہقی کی یہ روایت ہے جس میں ''الثلاثۃ'' کے بجائے یہ الفاظ ہیں اور جو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اسے تیار کرتا ہے) [ضعیف]

(۴۶۵) (( وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِى وَقَّاصٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالرمىِ فِانَّهٗ مِنْ خَيْرِ لهْوِكُمْ۔ )) [رواه البزار والطبرانى فى الاوسط وَقَالَ: من خير لعبكم وسنده جيد]

(۴۶۵) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تیر اندازی کو اختیار کرو کیونکہ یہ تمہاری بہترین دِل لگی ہے۔ (بزار' طبرانی اوسط' اس کی سند جید ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں: یہ تمہارا بہترین کھیل ہے) [صحیح]

(۴۶۶) (( ورُوِىَ عَنْ اَبِى الدَّرْداءِ' عَنِ النَّبِىِّ ﷺ قَالَ مَنْ مَشٰى بَيْنَ غَرَضَيْنِ كَانَ لَهٗ بِكُلِّ خَطْوَةٍ حَسَنَةٌ۔ )) [رواه الطبرانى]

(۴۶۶) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص دونشانوں کے درمیان چلے' اسے ہر قدم کے بدلے ایک نیکی ملتی ہے۔ (طبرانی) [ضعیف]

(۴۶۷) (( وَعَنْ اَبِى نَجِيحٍ عَمْرِو بْنِ عَبْسَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ مَنْ بَلَغَ بِسَهْمٍ ' فَهُوَ لَهٗ دَرَجَةٌ فِى الجَنَّةِ قَالَ فَبَلَغْت يَوْمَئِذٍ سِتَّةَ عَشَرَ سَهْمًا: )) [رواه النسائى وصححه ابن حبان]

(۴۶۷) حضرت ابونجیح عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ایک تیر نشانہ تک پہنچا دے تو یہ جنت میں اس کے لیے ایک درجہ بنتا ہے' راوی بیان کرتا ہے کہ میں نے اس دن سولہ تیر نشانے پر لگائے تھے۔ (نسائی' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۴۶۸) (( وَعَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدٍ السُّلَمِىِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ انَّ النَّبِىَّ ﷺ قَالَ لِاَصْحابِهِ : قُومُوا فَقاتِلُوا ' قَالَ: فَرَمى رَجُلٌ بِسَهْمٍ ' فَقَالَ النَّبِىُّ ﷺ : اوجب هذا)) [رواه احمد بسند حسن]

(۴۶۸) حضرت عتبہ بن عبدالسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا اُٹھو! جہاد کرو تو ایک آدمی نے تیر پھینکا' نبی ﷺ نے فرمایا اس نے واجب کر لیا ہے (احمد' بسند حسن) [حسن]

www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترھیب من ترک الغزو

## ترکِ جہاد پر وعید

(۴۶۹) (( عَنْ اَبِي بكر رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰه ﷺ ما تَرَكَ قَوْم الْجِهادَ اِلَّا عَمَّهُمُ اللّٰهُ بِالعَذَابِ۔)) [رواه الطبرانی بسند حسن]

(۴۶۹) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو قوم جہاد کو ترک کر دے' اللہ تعالیٰ اسے عمومی عذاب سے دوچار کر دیتا ہے۔(طبرانی' سند حسن) [حسن]

(۴۷۰) (( وَعَنْ اَبِي عِمرانَ قَالَ كُنَّا بِمَدِينَةِ الرُّومِ' فَاَخْرَجوا صَفًّا عَظيمًا مِنَ الرُّومِ' فَخَرَجَ اِلَيهِمْ مِنَ الْمُسْلِمينَ مِثْلُهُمْ اَوْ اَكْثَرُ وَعَلٰى اهْلِ مِصْرَ عُقْبَةُ بْنُ عامِرٍ' وَعَلَى الْجَمَاعَةِ فَضَالَةُ بْنُ عُبَيدٍ۔ فَحَمَلَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمينَ عَلَى الرُّومِ حتّٰى دَخَلَ فيهِمْ فَصَاحَ النَّاسُ۔ وَقَالُوا سُبْحَانَ اللّٰهِ يُلْقِي بِيَدِهِ اِلَى التَّهْلُكَةِ۔ فقَامَ ابو اَيُّوب فَقَالَ اَيُّها النَّاسُ اِنَّكُمْ لَتَاَوَّلونَ هٰذَا التَّاْوِيلَ' وَاِنَّما نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِينا مَعْشَرَ الانْصارِ' لما اعَزَّ اللّٰهُ الاِسْلامَ وَكَثُرَ نَاصِرُوهُ' قَالَ بَعْضٌ لِبَعْضٍ سِرًّا دُونَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ : اِنَّ امْوالَنا قَدْضاعَتْ' وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَعَزَّ الاِسْلَامَ وَكَثُرَ نَاصِرُوهُ' فَلَوْ اقَمْنا في امْوالِنا وَاَصْلَحْنا ما ضاعَ مِنْها' فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى نَبِيِّهٖ ما يَرُدُّ عَلَيْنا مَا قُلْنا' ﴿وَاَنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ولا تُلْقُوا بِاَيْدِيكُمْ اِلَى التَّهْلُكَة﴾۔ وَكَانَتِ التَّهْلُكَةُ الاِقَامَةُ عَلَى الامْوَالِ'

(۴۷۰) حضرت ابوعمران سے روایت ہے کہ ہم روم کے شہر میں تھے کہ انہوں نے رومیوں کی ایک بہت بڑی جماعت باہر نکالی' مسلمان بھی ان کے مقابلہ میں اسی تعداد میں یا اس سے زیادہ تھے' اہل مصر کے حاکم عقبہ بن عامر تھے' جب کہ مسلمانوں کی اس جماعت کے قائد فضالہ بن عبید تھے۔ مسلمانوں میں سے ایک آدمی نے رومیوں پر حملہ کر دیا اور وہ ان کی فوجوں میں گھس گیا تو لوگوں نے شور مچایا کہ سبحان اللہ! یہ شخص خود کو ہلاکت میں ڈال رہا ہے' ابوایوب نے کھڑے ہو کر کہا لوگو! تم اس آیت کا یہ مفہوم سمجھتے ہو حالانکہ یہ آیت ہم گروہ انصار کے بارہ میں نازل ہوئی تھی' جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت بخشی' اسلام کے معاونین کی تعداد زیادہ ہو گئی تو کچھ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے علم میں لائے بغیر آپس میں رازداری سے یہ بات کی کہ ہمارے مال ضائع ہو گئے ہیں اور اب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت بخشی اور اسلام کے معاونین میں اضافہ فرما دیا ہے لہذا اب ہم اگر اپنے مال کی طرف توجہ دیں اور جو ضائع ہو چکا ہے' اسے درست کریں تو اللہ تعالیٰ نے ہماری اس بات کی تردید کرتے ہوئے اپنے نبی پر یہ آیت نازل فرما دی (ترجمہ) ''اور اللہ کی راہ میں (مال وجان) خرچ کرو اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو'' ہلاکت سے گویا اقامت اموال' ان کی بہتری کے لیے کوشش اور ترک جہاد مراد ہے' راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ ہی کی راہ میں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وَاِصْلَاحُها۔ وَتَرَكْنا الغَزْوَ، وَقَالَ فَلَمْ يَزَلْ ابو اَيُّوبِ شَاخِصًا فی سَبيلِ اللّٰهِ حتّٰى دُفِنَ بِاَرْضِ الرُّومِ۔)) [رواه الترمذی۔ وَقَالَ صحيح غريب]

سرگرمِ عمل رہے حتیٰ کہ ارضِ روم ہی میں دفن ہوئے۔ (ترمذی نے اس حدیث کو حسن غریب قرار دیا ہے) [صحیح]

## الترغيب فی الغزو فی البحر

## بحری جہاد کی ترغیب

(۴۷۱) (( عن اَنسِ بْنِ مالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: انَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ كانَ يَدْخُلُ علی اُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ فَتُطْعِمُهُ، وَكانَتْ اُمُّ حَرَامٍ تَحْتَ عُبادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فَاَطْعَمَتْهُ، ثُمَّ جَلَسَتْ تَفْلِی رَاْسَهُ، فَنَامَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَت فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يُضْحِكُكَ؟ قَالَ: نَاسٌ مِنْ اُمَّتِی عُرِضوا عَلَیَّ غُزاةً فِی سَبيلِ اللّٰهِ يَرْكَبُونَ ثَبَجَ هذا البَحْرِ مُلوكًا عَلَى الاسِرَّةِ۔ قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادعُ اللّٰهَ انْ يَجْعَلَنی مِنْهُمْ قَالَ فَدَعا لَها، ثُمَّ وَضَعَ رَاسَهُ فَنَامَ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَت: فَقُلْتُ: مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَاسٌ مِنْ اُمَّتی عُرِضُوا عَلَیَّ غُزاةً فی سَبيلِ اللّٰهِ كما قَالَ فی الاَولٰی، قَالَت: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: ادعُ اللّٰهَ انْ يَجْعَلَنی مِنهُم؟ قَالَ: انتِ مِنَ الاَوَّلِينَ فَرَكِبَتْ اُمُّ حَرامٍ بِنْتُ مِلْحانَ

(۴۷۱) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اُمّ حرام بنت ملحان کے پاس تشریف لے جایا کرتے تھے، وہ آپ ﷺ کی خدمت میں کھانا پیش کیا کرتی تھیں، اُمّ حرام رضی اللہ عنہا حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی بیوی تھیں، آنحضرت ﷺ ایک باران کے ہاں تشریف لے گئے، انہوں نے آپ ﷺ کی خدمت میں کھانا پیش کیا، پھر آپ کے سرمبارک کو صاف کرنا شروع کر دیا تو رسول اللہ ﷺ سو گئے پھر آپ ہنستے ہوئے بیدار ہوئے۔ اُمّ حرام رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! آپ کیوں ہنس رہے ہیں؟ فرمایا: میری امت کے کچھ لوگ مجھ پر پیش کئے گئے جو کہ مجاہدین فی سبیل اللہ ہیں، جو کہ سمندر کے وسط میں اس طرح سوار ہوں گے جس طرح بادشاہ تختوں پر ہوتے ہیں، انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! دُعا فرمایئے اللہ تعالیٰ مجھے بھی ان مجاہدوں میں سے بنا دے تو آپ ﷺ نے ان کے لیے دُعا فرمائی، پھر سرمبارک رکھا اور آپ سو گئے اور پھر ہنستے ہوئے بیدار ہو گئے میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کیوں ہنس رہے ہیں؟ فرمایا: میری اُمت کے کچھ لوگ مجھ پر پیش کئے گئے جو کہ مجاہدین فی سبیل اللہ ہیں۔ جس طرح آپ نے پہلی بار فرمایا تھا، انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! دُعا فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی ان مجاہدوں میں سے بنا دے؟ آپ ﷺ نے فرمایا تو پہلے مجاہدوں میں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



البحر فی زَمَنِ مُعَاوِيَةَ فَصُرِعَتْ عَنْ دابَّتِهَا حين خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ فَهَلَكَتْ۔)) [متفق عليه ثَبَج بفتح المثلثة ' والموحدة ثُمَّ جيم: هو وسطه ومعظمه۔ وكان معاوية قد اغزى عبادة فركب البحر غازيًا وركبت معه زوجته اُمّ حرام۔ اقول انما غزى معاوية بنفسه فی زمن عثمان وكان فی الجيش عبادة۔]

سے ہے' اُمّ حرام بنت ملحان' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں سمندر میں سوار ہوئی تھیں سے نکلیں تو اپنی سواری سے گر پڑیں اور فوت ہوگئی تھیں۔ (بخاری ومسلم' ثبج کے معنی سمندر کا وسط یا اکثر حصہ ہے' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبادہ کو جہاد کے لیے بھیجا تھا' انہوں نے جہاد کے لیے بحری سفر اختیار کیا اور ان کی بیوی اُمّ حرام بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ میں کہتا ہوں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے خود بھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں جہاد کیا تھا اور اسی لشکر میں حضرت عبادہ بھی تھے)

(۴۷۲) (( وَعَنْ اُمِّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ المائد فی الْبَحْرِ الَّذی يُصيبُهُ القَیءُ لَهُ اجْرُ شَهِيدٍ' والْغَرِيقُ لَهُ اَجْرُ شَهِيدٍ۔)) [رواه ابوداؤد]

(۴۷۲) حضرت ام حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سمندر کا سفر کرتے ہوئے جس شخص کا سر چکراتا ہے اور اسے قے آتی ہے تو اس کو ایک شہید کا ثواب ملتا ہے اور جو شخص سمندر میں ڈوب جاتا ہے تو اسے بھی ایک شہید کا ثواب ملتا ہے۔ [حسن]

## الترهيب من الفرار من الزحف

## میدانِ جنگ سے فرار پر وعید

(۴۷۳) (( عَنْ اَبی هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبیِّ ﷺ قَالَ: اجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوبِقاتِ۔ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَما هُنَّ قَالَ: الشِّرْكُ بِاللّٰهِ' وَالسِّحْرُ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتی حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالحَقِّ' وَاَكْلُ الرِّبَا' وَاَكْلُ مالِ الْيَتِيمِ' وَالتَّوَلّی يَوْمَ الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَناتِ الغَافِلاتِ الْمُؤْمِناتِ۔)) [ متفق عليه۔ وفی رواية البزار' الكبار سبع: فذكرها بالمعنى لكن ذكر بدل السحر الانتقَالَ الى بعد الهجرة۔]

(۴۷۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ سات ہلاک کر دینے والے گناہوں سے بچو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! وہ کیا ہیں؟ (۱) اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا (۲) جادو کرنا (۳) جس نفس کے قتل کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے اسے ناحق قتل کرنا (۴) سود کھانا (۵) یتیم کا مال کھانا (۶) لڑائی کے دن بھاگ جانا اور (۷) پاکباز مومن غافل عورتوں پر تہمت لگانا۔ (بخاری ومسلم' بزار کی ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ کبیرہ گناہ سات ہیں' انہوں نے اس روایت کو بالمعنی ذکر کیا ہے اور جادو کرنے کے بجائے ہجرت کے بعد کا فر بدوؤں کی طرف منتقل ہو جانا ذکر کیا ہے)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترهیب من الغلول والتشدید فیه وما جاء فیمن ستر علی غال

## مالِ غنیمت میں خیانت پر سخت وعید اور خیانت کرنے والے پر پردہ ڈالنے والے کا بیان

(۴۷۴) (( عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمرو بْنِ العَاص رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : کانَ عَلی ثقل رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ رجلٌ یُقَالُ لَهُ کَرْکَرَةُ فَمَاتَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ هُوَ فی النَّارِ فَذَهبُوا یَنْظُرُونَ اِلَیْهِ فَوَجَدوا عَباءَةً قَدْ غَلَّهَا۔)) [رواه البخاری۔ وحکی فی ضبط کاف کرکرة الفتح والکسر۔ والغلول ما یاخذه احد الغزاة مختصًا۔ سواء قل او کثر اذا کان بغیر قسم من له القسم۔ وهذا فیما عدا الطعام والعلف ونحوه فاِنّ فیه اختلافًا کثیرًا بین العلماء۔]

(۴۷۴) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے سامان کی حفاظت کے لیے ایک شخص مقرر تھا جسے کرکرہ کہا جاتا تھا' وہ فوت ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ جہنم میں گیا ہے' لوگوں نے اس کا جائزہ لینا شروع کیا تو ایک چادر کو پایا جسے اس نے مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے چرا لیا تھا۔ (بخاری' امام بخاری نے اس نام کو کَرکَرَۃ اور کِرکِرَۃ دونوں طرح بیان فرمایا ہے' غلول کے معنی یہ ہیں کہ مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے کوئی غازی کسی چیز کو خواہ وہ تھوڑی ہو یا زیادہ دوسروں کے بجائے اپنے لیے مخصوص کر لے' البتہ کھانا اور جانوروں کا چارہ وغیرہ اس سے مستثنیٰ ہیں اور اس مسئلہ میں علماء کے ہاں بہت اختلاف ہے)

(۴۷۵) (( عَنْ زَیْدِ بْنِ خَالِدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحابِ النَّبِیِّ ﷺ تُوفِّی یَوْمَ خَیْبَر ، فَذَکروا لِرَسولِ اللّٰهِ ﷺ ، فَقَالَ: صَلُّوْا عَلی صَاحِبکم، فَتَغَیَّرَتْ وُجُوهُ النَّاسِ لِذٰلِكَ ، فَقَالَ: اِنَّ صَاحِبَکُمْ غَلَّ فی سَبیلِ اللّٰهِ، فَفَتَّشْنا مَتاعَهُ، فَوَجَدْنا خَرَزًا مِنْ خَرَزِ یَهودَ لا یُساوِی دِرْهَمَیْنِ۔)) [ رواه احمد وابو داود' والنسائی وغیرهم]

(۴۷۵) حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خیبر کے دن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص فوت ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ کے پاس ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اپنے ساتھی کی نماز جنازہ تم خود پڑھ لو' یہ سن کے لوگوں کے چہرے بدل گئے (ا) آپ ﷺ نے فرمایا تمہارے اس ساتھی نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خیانت کی ہے' ہم نے اس کے سامان کا جائزہ لیا تو ہم نے یہودیوں کے منکوں میں سے ایک منکا پایا' جن کی قیمت دو درہم بھی نہ تھی۔ (احمد' ابوداؤد' نسائی) [ضعیف]

(۴۷۶) (ا) (( وَعَنْ ثَوْبَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۴۷۶) (ا) حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَرِيئًا مِنْ ثَلَاثٍ دَخَلَ الْجَنَّةَ: الْكِبْرِ وَالْغُلُولِ ، وَالدَّيْنِ۔)) [رواه الترمذی، وصححه هو وابن حبان، واللفظ له]

نے فرمایا جو شخص قیامت کے دن تین باتوں (۱) تکبر (۲) خیانت اور (۳) قرض سے بری ہوا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ (ترمذی نے اسے روایت کیا، نیز انہوں نے اور ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا اور الفاظ بھی انہی کے ہیں) [صحیح]

(۴۷۶) (ب) عن سمرة بن جندب رضی اللہ عنہ قال: أمّا بعد! فكان رسول الله ﷺ يقول من يكتم غالا فانه مثله۔ [رواه ابوداؤد]

(۴۷۶) (ب) حضرت سمرة بن جندب سے روایت ہے کہ انہوں نے (خطبہ دیتے ہوئے) کہا کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے جو خائن کی پردہ داری کرتا ہے تو وہ بھی اسی کی مانند ہے۔[2] [ضعیف]

www.qlrf.net

# کتاب الذکر

## الترغيب في الاكثار من ذكر الله سرًا وجهرًا والمداومة عليه وما جاء في من لم يكثر من ذكر الله تعالى

## سری و جہری طور پر کثرت سے اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کی ترغیب اور کثرت سے ذکر الٰہی نہ کرنے والے کا بیان

(۴۷۷) ((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ انا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي۔ وَأَنَا مَعَهُ اذا ذَكَرَنِي فَإِنْ ذَكَرَنِي فِي نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِي نَفْسِي ، وَإِنْ ذَكَرَنِي فِي مَلَإٍ ذَكَرْتُهُ فِي مَلَإٍ

(۴۷۷) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے[3] میں اپنے بندہ کے گمان کے ساتھ ہوں (یعنی جیسا وہ میرے متعلق گمان رکھتا ہے میں اس کے ساتھ ویسا معاملہ کرتا ہوں)[4] اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے، چنانچہ اگر وہ اپنے دل میں (تنہائی میں)

(۱) لوگوں کے چہرے اس لیے بدل گئے کیونکہ آنحضرت ﷺ کی عادت تھی کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے جب کوئی فوت ہو جاتا تو آپ ﷺ خود اس کی نمازِ جنازہ پڑھایا کرتے تھے جب آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نماز پڑھنے کا حکم دیا اور خود ارادہ نہ فرمایا تو اس سے انہیں بے پناہ تشویش ہوئی۔

(۲) یہ حدیث حافظ نے ذکر نہیں کی تاہم باب کا عنوان اس کا متقاضی ہے (ازھر)

(۳) یہ حدیثِ قدسی ہے، قدسی اس حدیث کو کہتے ہیں جس میں رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی قول یا فعل کو روایت کریں۔ (مترجم)

(۴) اس لیے بندہ کو ہمیشہ اپنے رب سے اچھا گمان اور خیر کی توقع رکھنی چاہئے، اللہ تعالیٰ کا اپنا ارشادِ گرامی بھی یہی ہے کہ میری رحمت میرے غضب سے پہلے ہے۔ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



خَيْرٍ مِنْهُمْ۔ وَإِنْ تَقَرَّبَ الِيَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ اِلَيْهِ ذِرَاعًا' وَإِنْ تَقَرَّبَ اِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ اِلَيْهِ باعا وَإِنْ اَتَانِى يَمْشِى اَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً۔)) اخرجاه ولأحمد في آخره قَالَ قتادة' واللّٰهُ أَسْرَعُ بِالْمَغْفِرَةِ۔ قلت وعلقها البخارى واخرجه البزار من حديث ابن عباس بلفظ: قَالَ اللّٰه تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى: يا ابْنَ آدَمَ إِذَا ذَكَرْتَنِي خَالِيًا' ذَكَرْتُكَ خَالِيًا' وَإِذَا ذَكَرْتَنِي فِي مَلا ذَكَرْتُكَ فِى مَلَا خَيْرٍ مِنَ الَّذِيْنَ تَذْكُرُنِى فِيهِمْ۔ وسنده صحيح]

میرا ذکر کرتا ہے تو میں بھی اپنی تنہائی میں اسے یاد کرتا ہوں اور اگر وہ کسی مجمع میں میرا ذکر کرتا ہے میں اس کے مجمع سے بہتر مجمع میں اس کا ذکر کرتا ہوں' اگر وہ ایک بالشت میرے قریب آئے تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہو جاتا ہوں اور اگر وہ ایک ہاتھ قریب آئے تو میں چار ہاتھوں کے بقدر اس کے قریب ہو جاتا ہوں[1] اور اگر وہ میری طرف چلتے ہوئے آئے تو میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں (بخاری' مسلم' احمد کی روایت کے آخر میں ہے کہ قتادہ نے کہا: اللہ تعالیٰ بڑی سرعت سے اپنے بندوں کو معاف فرماتا ہے۔ امام بخاری تعلیقاً اور بزار نے بروایت ابن عباس یہ الفاظ بھی بیان کیے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ اے ابن آدم! اگر تو مجھے خلوت میں یاد کرے گا تو میں بھی تجھے خلوت میں یاد کروں گا اور اگر تو کسی مجمع میں میرا ذکر کرے گا تو میں ان سے بہتر (فرشتوں کے) مجمع میں تیرا ذکر کروں گا۔ اس حدیث کی سند صحیح ہے) [صحیح لغیرہ]

(۴۷۸) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ انَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ شَرَائِعَ الإِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ وَاَخْبِرْنِى بِشَىْءٍ اَتَشَبَّثُ بِهِ؟ قَالَ: لَا يَزَالُ لِسانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔)) [ رواه الترمذى' وحسنه وابن ماجه۔ وصححه ابن حبان والحاكم۔ وقوله اَتَشَبَّثُ بشين معجمة ثُمَّ موحدة ثُمَّ مثلثة اى أتعلق۔]

(۴۷۸) حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! اسلام کے احکام تو بوجہ کثرت کے مجھ پر غالب آ گئے ہیں (یعنی میں ضعف بشری کے سبب ان پر عمل کرنے سے قاصر ہوں) لہذا مجھے ایک ایسی چیز بتا دیجئے جسے میں مضبوطی سے تھام لوں؟ فرمایا: تمہاری زبان ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر رہے (ترمذی نے اسے حسن اور ابن حبان و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ ابن ماجہ "اَتشبث" کے معنی مضبوطی سے تھامنے کے ہیں) [صحیح]

(۴۷۹) (( عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَلا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ اَعْمَالِكُمْ وَاَزْكَاهَا عِنْدَ مَلِيكِكُمْ'

(۴۷۹) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں وہ عمل نہ بتاؤں جو تمہارے اعمال میں سب سے بہتر ہے اور تمہارے مالک (پروردگار) کے نزدیک سب سے زیادہ

(۱) حدیث میں یہاں "باع" کا لفظ ہے' جس کے معنی دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کے بقدر ہیں یہ درحقیقت ایک مثال ہے الطاف وعنایاتِ الٰہی کے تقرب کی جب بندہ اخلاص وطاعت کے ساتھ تقربِ الٰہی کا حصول چاہتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


وَاَرْفَعِها فِی دَرَجَاتِکُمْ، وَخَیْرٍ لَکُمْ مِنْ اِنْفَاقِ الذَّھَبِ وَالْوَرِقِ، وَخَیْرٍ لَکُمْ مِنْ اَنْ تَلْقَوا عَدُوَّکُمْ فَتَضْرِبُوا اَعْنَاقَھُمْ، وَیَضْرِبُوا اَعْنَاقَکُمْ۔ قَالُوا: بَلٰی قَالَ، ذِکْرُ اللّٰہِ قَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: مَا شَیْءٌ اَنْجٰی مِنْ عَذَابِ اللّٰہِ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ)) [رواہ احمد وابن ابی الدنیا والترمذی، وابن ماجہ وصححہ الحاکم، واخرجہ احمد ایضاً من حدیث معاذ بسند جید اِلَّا ان فیہ انقطاعًا]

پاکیزہ ہے اور تمہارے درجات کو سب سے زیادہ بلند کرنے والا ہے اور سونے چاندی کے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرنے سے بھی بہتر ہے اور اس سے بھی بہتر ہے کہ تم اپنے دشمن سے (میدان جہاد میں) مقابلہ کرو اور پھر تم ان کی گردنیں کاٹو اور وہ تمہاری گردنیں کاٹیں' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کیوں نہیں۔ یارسول اللہ ﷺ! ضرور ارشاد فرمائیے! آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ عمل اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں عذاب الٰہی سے اللہ تعالیٰ کے ذکر سے بڑھ کر نجات دلانے والی اور کوئی چیز نہیں (احمد نے اسے بروایت معاذ بسند جید بھی بیان کیا ہے مگر اس سند میں انقطاع ہے)[1] [صحیح]

(۴۸۰) ((وَعَنْ اَبِی سَعِیدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ: قَالَ لَیَذْکُرَنَّ اللّٰہَ اَقْوَامٌ فِی الدُّنْیَا عَلَی الْفُرُشِ الْمُمَھَّدَۃِ یُدْخِلُھُمُ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی۔)) [اخرجہ ابن حبان من روایۃ دراج عَنْ اَبِی الھیثم عنہ]

(۴۸۰) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا دُنیا میں کچھ لوگ نرم و گداز بستروں پر بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کریں گے' انہیں اللہ تعالیٰ جنّت کے اعلیٰ درجات میں داخل فرمائے گا۔ (ابن حبان بروایت دراج از ابوالہیثم) [ضعیف]

(۴۸۱) ((وَعَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: اَکْثِرُوا ذِکْرَ اللّٰہِ حَتّٰی یَقُولُوا مَجْنُونٌ۔)) [رواہ احمد وابویعلٰی وصححہ ابن حبان والحاکم]

(۴۸۱) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر اس قدر کثرت سے کرو کہ لوگ کہنے لگ جائیں کہ یہ مجنون ہے۔ (احمد' ابویعلیٰ' ابن حبان و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے)[2] [ضعیف]

(۴۸۲) ((وَعَنْ اَبِی مُوسٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ: لَوْ اَنَّ رَجُلًا فِی حِجْرِہٖ دَرَاھِمُ یَقْسِمُھَا۔ وَآخَرَ یَذْکُرُ اللّٰہَ کَانَ الذَّاکِرُ لِلّٰہِ اَفْضَلَ۔ وفی لفظ ما

(۴۸۲) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر ایک آدمی کی گود میں درہم ہوں اور وہ انہیں تقسیم کر رہا ہو اور دوسرا اللہ کا ذکر کر رہا ہو تو اللہ کا ذکر کرنے والا افضل ہے۔ ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ اللہ کے ذکر سے افضل کوئی اور صدقہ نہیں

(۱) سند میں جب صحابی سے پہلے کسی ایک جگہ یا متعدد جگہوں سے ایک راوی ساقط ہو جائے تو اسے انقطاع کہتے ہیں۔ (مترجم)
(۲) نہیں بلکہ یہ حدیث ضعیف ہے' اس کی سند میں دراج ابوالسمح ہے جو کہ ضعیف بلکہ منکر الحدیث ہے سلسلہ ضعیفہ ج ۲' ص ۹۔ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



صَدَقَةٌ افْضَلُ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔)) [رواه الطبرانی' من وجهين بسندين حسنين۔]

ہے (طبرانی نے اسے دو مختلف حسن سندوں سے روایت کیا ہے) [ضعیف]

(۴۸۳) ((وَعنْ اُمِّ انسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا۔ انَّها قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اوْصِني قَالَ: اهْجُرِى المعاصى ' فَاِنَّها افْضَلُ الجهادِ' واكْثِرِى مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ۔ فاِنَّكِ لا تَأْتِينَ اللّٰهَ بِشَيْءٍ احَبَّ اِلَيْهِ مِنْ كَثْرَةِ ذِكْرِهٖ۔)) [رواه الطبرانی بسند جيد۔ وفی رواية: واذْكُرِى اللّٰهَ كَثِيرًا ' فَاِنَّهٗ احَبُّ الاعْمالِ الى اللّٰهِ انْ تَلْقيهِ بِها۔ قَالَ الطبرانی: اُمُّ انس ' ليست اُمُّ اَنَسِ بْنِ مالِكٍ۔]

(۴۸۳) حضرت اُمّ انس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے وصیت فرمائیے' آپ ﷺ نے فرمایا کہ گناہوں کو چھوڑ دو کہ یہ افضل جہاد ہے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر بکثرت کرو کیونکہ تم اللہ تعالیٰ کے پاس کسی ایسی چیز کو لے کر نہیں آ سکتیں جو کثرت ذکر سے اسے زیادہ محبوب ہو (طبرانی بسند جید۔ ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرو' اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے محبوب عمل یہ ہے کہ ذکر الٰہی کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرو' طبرانی فرماتے ہیں کہ یہ اُمّ انس' حضرت انس بن مالک کی والدہ نہیں بلکہ ایک اور خاتون ہیں) [ضعیف]

## الترغيب فى حضور مجالس الذكر والاجتماع على ذكر الله

### مجالس ذکر میں حاضری کی ترغیب اور ذکر الٰہی کے لیے اجتماع

(۴۸۴) ((عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : انَّ للهِ مَلَائِكَةً يَطوفُونَ فى الطُّرُقِ يَلْتَمِسونَ اَهْلَ الذِّكْرِ' فاِذا وَجَدُوا قَوْمًا يَذْكُرونَ اللّٰهَ تَنادَوْا هَلُمُّوا الى حاجَتِكُمْ فَيَحُفُّونَهُمْ بِاَجْنِحَتِهِمْ اِلَى السَّماءِ الدنيا۔ قَالَ فَيَسْأَلُهُمْ رَبُّهُمْ' وَهُوَ اعْلَمُ بِهِمْ: ما يَقُولُ عِبادى؟ قَالَ

(۴۸۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے (اس پر مامور) ہیں کہ راستوں میں گھوم پھر کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے والوں کو تلاش کرتے رہتے ہیں پس جب وہ کسی جماعت کو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے پاتے ہیں تو آپس میں ایک دوسرے کو آواز دیتے ہیں کہ آؤ اپنے مقصود (مجلس ذکر) کی طرف آ جاؤ تو وہ سب فرشتے مل کر آسمانِ دُنیا تک ان ذکر کرنے والوں کو اپنے بازوؤں کے سایہ میں لے لیتے ہیں' اللہ تعالیٰ

QURAN LEARNING & RESEARCH FOUNDATION • HYD. INDIA •
www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يُسَبِّحونَكَ وَيُكَبِّرُونَكَ وَيَحْمَدونَكَ وَيُمَجِّدونَكَ۔ قَالَ فَيَقُولُ: هَلْ رَاَوْني؟ قَالَ فَيَقُولُونَ: لَا وَاللّٰهِ مَا رَاَوْكَ قَالَ فَيَقُولُ: كَيْفَ لَوْ رَاَوْني؟ قَالَ يَقُولُونَ: لَوْ رَاَوْكَ كَانُوا اشَدَّ لَكَ عِبادَةً، وَاَشَدَّ لَكَ تَمْجيدًا، وَاَكْثَرَ لَكَ تَسْبيحًا، قَالَ فَيَقُولُ: فَمَا يَسْاَلُوني؟ قَالَ يَسْاَلونَكَ الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ: وَهَلْ رَاَوْهَا؟ فَيَقُولُونَ: لَا وَاللّٰهِ مَا رَاَوْهَا، قَالَ يَقُولُ: كَيْفَ لَو رَاَوْها، قَالَ: يَقُولُونَ، لَوْ اَنَّهُمْ رَاَوْها كَانُوا اَشَدَّ عَلَيْها حِرْصًا، واَشَدَّ لَها طَلَبًا، واَعْظَم فِيها رَغْبَةً۔ قَالَ: فَمِمَّ يَتَعَوَّذونَ؟ قَالَ: يَتعوَّذون مِنَ النَّارِ۔ يَقُولُونَ: قَالَ فَيَقُولُ: وَهَلْ رَاَوْها؟ قَالَ يَقُولُونَ: لَا وَاللّٰهِ ما رَاَوْهَا۔ قَالَ يَقُولُ: كَيْفَ لَو رَاَوْهَا؟ قَالَ يَقُولُونَ: لَوْ اَنَّهُمْ رَاَوْهَا كَانُوا اَشَدَّ مِنْها فِرَارًا، واَشَدَّ لَها مَخَافَةً۔ قَالَ فَيَقُولُ: اُشْهِدُكُمْ اَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ ، قَالَ يَقُولُ مَلَك مِنَ المَلَائِكَةِ: فِيهِمْ فُلَانٌ لَيْسَ مِنْهُمْ اِنَّمَا جَاءَ لِحاجَةٍ۔ قَالَ ، هُمُ الْقَوْمُ لا يَشْقى بِهِمْ جَليسُهُمْ۔)) [رواہ البخاری ھکذا]

ان سے پوچھتا ہے حالانکہ وہ ان سے زیادہ بہتر جانتا ہے۔ میرے بندے کیا کہتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ وہ تیری تسبیح، تکبیر، تحمید اور تمجید بیان کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں واللہ! انہوں نے آپ کو نہیں دیکھا' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر وہ مجھے دیکھ لیں تو پھر کیا حال ہو؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ آپ کو دیکھ لیں تو وہ آپ کی اور بھی زیادہ عبادت کریں' زیادہ بزرگی بیان کریں اور زیادہ تسبیح بیان کریں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''وہ مجھ سے کیا مانگتے ہیں؟'' فرشتے عرض کرتے ہیں کہ وہ تجھ سے جنت کا سوال کرتے ہیں' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں واللہ! انہوں نے اسے نہیں دیکھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر وہ اسے دیکھ لیں تو پھر کیا حال ہو؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ اسے دیکھ لیں تو اس کے اور زیادہ شدید حریص ہوں' اس کے شدید طلب گار رہوں اور اس میں مزید رغبت رکھیں' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ''وہ کس سے پناہ مانگتے ہیں؟'' فرشتے جواب دیتے ہیں کہ وہ جہنم کی آگ سے پناہ مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کیا انہوں نے جہنم کی آگ کو دیکھا ہے' فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں واللہ! انہوں نے اسے نہیں دیکھا' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر وہ اسے دیکھ لیں تو پھر کیا حال ہو؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ اسے دیکھ لیں تو اس سے اور زیادہ شدت سے فرار اختیار کریں اور اس سے اور زیادہ ڈریں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اے میرے فرشتو! میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے اپنے ان بندوں کو معاف کر دیا ہے' ایک فرشتہ عرض کرتا ہے یا اللہ! ان میں ایک ایسا آدمی بھی تھا جو ان میں سے نہیں تھا' وہ تو کسی ضرورت سے آیا تھا' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کی بدولت ان کا ہم نشین بھی بد بخت (محروم) نہیں ہو سکتا۔

www.KitaboSunnat.com



(امام بخاری رحمہ اللہ نے اس حدیث کو اسی طرح روایت فرمایا ہے)(۱)

(۴۸۵) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عمرو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهما قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا غَنيمَةُ مَجالِسِ الذِّكْرِ؟ قَالَ: غَنيمةُ مَجالِسِ الذِّكْرِ الْجَنَّةُ۔)) [رواه احمد بسند حسن]

(۴۸۵) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! مجالس ذکر کی غنیمت کیا ہے؟ فرمایا مجالس ذکر کی غنیمت جنت ہے۔(احمد'سند حسن) [حسن لغیرہ]

(۴۸۶) (( عَنْ انَسِ بْنِ مالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ انَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اذا مَرَرْتُم بِرِياضِ الجَنَّةِ فَارْتعوا۔ قَالُوا: وما رِيَاضُ الجَنَّةِ؟ قَالَ: حِلَقُ الذِّكْرِ۔)) [رواه الترمذی وَقَالَ حسن غريب' والرتع الاكل والشرب فی خصب وسعة]

(۴۸۶) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم جنت کے سبزہ زاروں میں سے گزرو تو سیر ہو کر چرلیا کرو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا جنت کے باغات سے کیا مُراد ہے؟ فرمایا ذکر الٰہی کے حلقے (ترمذی نے اسے حسن غریب قرار دیا ہے۔ رتع کے معنی ہیں سرسبزی وشادابی اور وسعت کے ساتھ کھانا پینا)[حسن لغیرہ]

(۴۸۷) (( وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: عَنْ يَمينِ الرَّحْمٰنِ' وَكِلْتا يَدَيْهِ يَمِينٌ: رِجالٌ لَيْسوا بِانبياءَ' وَلَا شُهَدَاءَ يَغْشَى بياضُ وُجُوهِهِمْ نَظَرَ النَّاظِرِينَ يَغْبطُهُم النَّبِيُّونَ وَالشُّهَداءُ۔ بِمقْعَدِهِمْ وَقُرْبِهِمْ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ و جَلَّ۔ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ هُمْ؟ قَالَ جُمَّاعٌ مِنْ نَوَازِع القَبائِلِ يَجْتمِعونَ عَلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ فَيَنْتقونَ اطائِبَ الْكَلامِ كَما يَنْتَقِي آكِلُ التَّمْرِ اطائِبَهُ۔)) [رواه الطبرانی' وسنده مقارب۔

(۴۸۷) حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ رحمٰن کے دائیں جانب اور اس کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں' کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو نہ تو انبیاء ہوں گے اور نہ شہداء مگر ان کے چہروں کا حسن و جمال دیکھنے والوں کی آنکھوں کو چندھیا دے گا' اللہ تعالیٰ کے ساتھ نشست اور تقرب کی وجہ سے انبیاء اور شہداء بھی ان پر رشک کریں گے' عرض کیا گیا: یارسول اللہ ﷺ! یہ کون لوگ ہوں گے؟ فرمایا یہ مختلف قبیلوں کے متفرق لوگ ہوں گے جو ذکر الٰہی کے لیے اکٹھے ہوا کرتے ہیں' یہ لوگ پاکیزہ کلام کو اسطرح منتخب کر لیتے تھے جس طرح کھجور کھانے والا عمدہ کھجوروں کو منتخب کر لیتا ہے۔(طبرانی اس کی سند مقارب ہے جماع کے معنی مختلف قبائل و مقامات کے متفرق لوگ

(۱) کہا گیا ہے کہ اس سوال میں حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نیک انسانوں پر فرشتوں کو گواہ بنانا چاہتا ہے اور ان کی زبانی وہ الفاظ کہلوانا چاہتا ہے کہ جس کا تقاضا بنی آدم پر شفقت ہو اور فرشتوں کے قول ﴿اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا﴾ الآیۃ کے مقابلہ میں بنی نوع انسان کی تخلیق میں جو حکمت تھی' اس کا اظہار فرمانا چاہتا ہے کہ تمہاری شہادت کے مطابق انسانوں میں بھی ایسے لوگ ہیں جو تمہاری طرح تسبیح و تقدیس بیان کرتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



والجُمَّاع بضم الجيم' وتشديد الميم: اخلاط من قبائل شتى ' ومواضع مختلفة ' وقوله نوازع: هو جمع نازع۔ وَهُوَ الغريب' ومعناه انهم لم يجتمعوا لقرابة بينهم' ولا نسب' ولا معرفة' وإنما اجتمعوا لذكر الله لا غير۔]

نوازع' نازع کی جمع ہے اس کے معنی ہیں اجنبی یعنی وہ کسی قرابت داری' یا نسب یا جان پہچان کی وجہ سے جمع نہیں ہوتے تھے بلکہ صرف اور صرف ذکر الٰہی کے جمع ہوا کرتے تھے ) [حسن لغیرہ]

## الترهيب من أن يجلس الإنسان مجلسًا لا يذكر الله فيه ولا يصلى على نبيه محمد ﷺ

### ایسی مجلس اختیار کرنے پر وعید جس میں اللہ کا ذکر اور اس کے نبی محمد ﷺ پر درود نہ ہو

(۴۸۸) (( عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُروا اللّٰهَ فِيهِ وَلَمْ يُصَلُّوا عَلٰى نَبِيِّهِمْ اِلَّا كانَ عَلَيْهِمْ ترة فإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ' وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ۔)) [رواه ابوداود والترمذى وحسنه واللفظ له۔ وابن ابى الدنيا والبيهقى ۔ وفى رواية ابى داود۔ وَمَنْ قَعَدَ مَقْعَدًا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ فِيه ' كانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةٌ وَمَا مَشى احَدٌ مَمْشىً لَا يَذْكُرُ اللّٰه فِيهِ اِلَّا كانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةٌ۔]

(۴۸۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی جماعت ایسی مجلس میں (بیٹھے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر اور نہ اپنے نبی ﷺ پر درود پڑھا) تو ان کی یہ مجلس ان کے لیے حسرت وافسوس کا موجب ہوگی' اللہ تعالیٰ اگر چاہے تو انہیں عذاب دے اور اگر چاہے تو انہیں معاف فرما دے (ابوداؤد' ترمذی۔ انہوں نے اسے حسن قرار دیا ہے اور یہ الفاظ بھی انہی کی روایت کے ہیں ابن ابی الدنیا' بیہقی' ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے۔ ابوداؤد کی ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں جو کسی ایسی مجلس میں بیٹھا جس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کیا تو مجلس اس کے لیے حسرت وافسوس کا موجب ہو گی اور جو شخص بھی کسی راستہ پر (کسی کام کے لئے) چلا اور اس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کیا تو یہ (غفلت) اس کے لیے حسرت وحرمان کا نصیب ہوگی) [صحیح لغیرہ]

## الترغيب فى كلمات تكفر لغط المجلس

### مجلس کی لغو باتوں کا کفارہ بن جانے والے کلمات پڑھنے کی ترغیب

(۴۸۹) (( عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ رَضِيَ

(۴۸۹) حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب صحابہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ بِاٰخِرِهٖ اِذَا اجْتَمَعَ اِلَيْهِ اَصْحَابُهٗ، فَاَرَادَ اَنْ يَّنْهَضَ، قَالَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ۔ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔ عَمِلْتُ سُوْءًا وَظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔ قَالَ قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذِهٖ كَلِمَاتٍ اَحْدَثْتَهُنَّ؟ قَالَ: اَجَلْ، جَاءَنِيْ جِبْرَائِيْلُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ هُنَّ كَفَّارَاتُ الْمَجْلِسِ۔)) [رواه النسائی واللفظ له، وصححه الحاكم، واخرجه الطبرانی فی المعاجم الثلاثة مختصرًا بسند جيد۔ وقوله باخره بفتح الهمزة۔ والخاء المعجمة غير ممدود، ای بآخر امره۔]

کرام رضی اللہ عنہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو آپ کا آخر عمر میں یہ معمول تھا کہ آپ جب مجلس سے اُٹھنا چاہتے تو یہ دُعا پڑھتے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ . . . اِلَّا اَنْتَ (پاکی بیان کرتا ہوں تیری اے اللہ! تیری ہی تعریف کے ساتھ میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، میں تجھ ہی سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں (توبہ کرتا ہوں)! اے اللہ) میں نے برے کام کیے اور اپنے اوپر ظلم کیا پس تو مجھے بخش دے اس لیے کہ بے شک تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخش سکتا) ہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! یہ کلمات آپ نے ابھی کہنا شروع فرمائے ہیں؟ فرمایا ہاں میرے پاس جبریل آئے اور انہوں نے کہا اے محمد ﷺ یہ کلمات مجلس کا کفارہ ہیں (یہ الفاظ نسائی کی روایت کے ہیں،[1] حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے، طبرانی نے اسے ''معاجم ثلاثہ'' میں مختصر بسند جید بیان کیا ہے) [منکر]

(۴۹۰) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ: كَلِمَاتٌ لَا يَتَكَلَّمُ بِهِنَّ اَحَدٌ فِيْ مَجْلِسِ خَيْرٍ وَمَجْلِسِ ذِكْرٍ اِلَّا خَتَمَ اللّٰهُ لَهٗ بِهِنَّ كَمَا يُخْتَمُ بِالْخَاتَمِ عَلَى الصَّحِيْفَةِ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ)) [رواه ابوداود، وابن حبان فی صحيحه]

(۴۹۰) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ کچھ کلمات ایسے ہیں کہ انہیں اگر کوئی مجلس خیر اور مجلس ذکر کے آخر میں کہے تو ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ اس طرح مُہر لگا دیتا ہے جس طرح مُہر کے ساتھ خط پر مُہر لگا دی جاتی ہے کلمات یہ ہیں سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ . . . . اِلَیْکَ (پاکی بیان کرتا ہوں تیری اے اللہ! تیری ہی تعریف کے ساتھ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، میں تجھ ہی سے مغفرت چاہتا ہوں اور تیری ہی طرف رجوع کرتا ہوں (توبہ کرتا ہوں)(ابوداؤد، صحیح ابن حبان)[منکر][2]

(۱) عمل الیوم واللیلہ حدیث ۴۲۷۔ (ازھر) (۲) کفارۂ مجلس کے بارے میں متعدد صحیح احادیث وارد ہیں۔ مثلاً: عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ قال من جلس مجلسا کثر فیہ لغطہ فقال قبل ان یقوم من مجلسہ ذلک سبحنک اللھم وبحمدک اشھد ان لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک۔ [ابوداؤد۔ الترمذی۔ النسائی۔ الاغفر اللہ لہ ما کان فی مجلسہ ذلک] ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کسی مجلس میں بیٹھا اور وہاں اس نے بہت سی الٹی سیدھی باتیں کیں۔ پھر اس مجلس سے اٹھنے سے پہلے یہ کلمات کہے تو اللہ تعالیٰ ان کو اس مجلس میں کی گئی باتیں معاف کر دیتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# الترغیب فی قول لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه وما جاء فی فضلها

## لا اِلٰہ اِلاَّ اللہ پڑھنے کی ترغیب وفضیلت

(۴۹۱) (( عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْتُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ مَنْ اَسْعَدُ النَّاسِ بِشفاعَتِكَ یَوْمَ القِیَامَةِ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ لَقَدْ ظَنَنْتُ انْ لَا یَسْاَلنی عَنْ هٰذا الحدیثِ احَدٌ اوَّلَ مِنك لِمَا رَاَیْتُ مِنْ حِرْصِكَ عَلَی الْحَدیثِ: اسْعَدُ النَّاسِ بِشَفاعَتی یَوْمَ الْقِیَامَةِ مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مِنْ قَلْبِهٖ)) [رواه البخاری]

(۴۹۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا: ''یارسول اللہ! قیامت کے دن آپ کی شفاعت سے سب سے زیادہ بہرہ ورکون ہوگا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حدیث کے بارہ میں تمہارے حرص وشوق کی وجہ سے میرا گمان بھی یہی تھا کہ تم سے پہلے مجھ سے اس حدیث کے بارہ میں کوئی اور سوال نہیں کرے گا قیامت کے دن میری شفاعت سے سب سے زیادہ بہرہ ورشخص وہ ہوگا جس نے خلوص قلب کے ساتھ لا اِلٰہ اِلاَّ اللہ کہا ہوگا۔ (بخاری)

(۴۹۲) (( وَعَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبیِّ ﷺ قَالَ: اَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ: وَاَفْضَلُ الدُّعاءِ، الحَمْدُ لِلّٰهِ۔)) [رواه النسائی، وابن ماجه، وصححه ابن حبان والحاکم]

(۴۹۲) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا سب سے افضل ذکر لا اِلٰہ اِلاَّ اللہ اور سب سے افضل دُعا الحمد للہ ہے۔ (نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان وحاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [حسن]

(۴۹۳) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اَكْثِروا مِنْ شَهَادَةِ انْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَبْلَ انْ یُحالَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهَا۔)) [رواه ابویعلی بسند جید]

(۴۹۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لا اِلٰہ اِلاَّ اللہ کی شہادت کثرت سے دیتے رہو قبل اس کے کہ تمہارے اور (کلمۂ شہادت کے) درمیان (موت) حائل ہو جائے۔ (ابویعلیٰ بسند جید) [حسن]

(۴۹۴) (( وَعَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: جَدِّدُوا اِیمانَكُمْ۔ قِیلَ یَا رَسُولَ اللّٰهِ كَیْفَ نُجَدِّدُ اِیمانَنا قَالَ: اَكْثِروا مِنْ قَوْلِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔)) [رواه احمد وسنده حسن والطبرانی]

(۴۹۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے ایمان کی تجدید کرتے رہو، عرض کیا گیا یارسول اللہ! ہم اپنے ایمان کی کس طرح تجدید کریں؟ فرمایا: لا اِلٰہ اِلاَّ اللہ کثرت سے پڑھتے رہو۔ (احمد بسند حسن، طبرانی) [ضعیف]

(۴۹۵) (( وَعَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۴۹۵) حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ یَقُولُ اِنِّی لَاعْلَمُ کَلِمَةً لا یَقُولُهَا عَبْدٌ حَقًّا مِنْ قَلْبِهِ فَیَمُوْتُ عَلٰی ذٰلِکَ اِلَّا حُرِّمَ عَلَی النَّارِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه۔)) [رواه الحاکم و صححه]

کو اِرشاد فرماتے ہوئے سنا کہ میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں جسے کوئی بندہ بھی اگر صدق دِل سے کہے اور پھر وہ اسی پر فوت ہو جائے تو اسے جہنم کی آگ کے لیے حرام قرار دیا جاتا ہے' وہ کلمہ ہے لا اِلٰہ اِلاّ اللہ (حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

## الترغیب فی قول لا الهَ اِلَّا اللّٰه وحدهٗ لا شریک لهٗ

### لا اِلٰہ الاّ اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ پڑھنے کی ترغیب

(۴۹۶) (( عَنْ اَبِی اَیُّوبَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْکُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ کَانَ کَمَنْ اَعْتَقَ اَرْبَعَةَ اَنْفُسٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِیلَ)) [متفق علیه]

(۴۹۶) حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یہ کلمہ لَا اِلٰہَ ۔۔۔ قَدِیر (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں' وہ اکیلا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں' اسی کا سب ملک ہے اور اس کی تمام تر تعریف ہے اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے) دس مرتبہ پڑھے گا تو وہ اس شخص کے مانند ہوگا جس نے حضرت اسماعیلؑ کی اولاد میں سے چار آدمی آزاد کیے ہوں (بخاری و مسلم)

(۴۹۷) (( وَعَنْ یَعْقُوبَ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ رَجُلَیْنِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ ﷺ اَنَّهُمَا سمِعا النَّبِیَّ ﷺ یَقُولُ: ما قَالَ عَبْدٌ قَطُّ: لا اِلٰه اِلا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ۔ لَهُ الْمُلْکُ ، وَلَهُ الْحَمْدُ ، وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٍ۔ مُخْلِصًا بِها رُوحُهُ، مُصَدِّقًا بِها قَلْبُهٗ نَاطِقًا بِها لِسَانُهٗ اِلَّا فَتَقَ اللّٰهُ لَهُ السَّماءَ فَتْقًا حتّٰی یَنْظُرَ الی قَائِلِهَا مِنَ الْاَرضِ ، وَحَقٌّ لِعَبْدٍ نَظَرَ اللّٰهُ اِلَیْهِ اَنْ یُعْطِیَهُ سُؤْلَهٗ۔)) [رواه النسائی]

(۴۹۷) یعقوب بن عاصمؒ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے دو آدمیوں سے روایت کرتے ہیں' ان دونوں نے نبی ﷺ کو یہ اِرشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص بھی یہ کلمہ لَا اِلٰہَ ۔۔۔ قَدِیرِ اخلاصِ روح' تصدیق قلب اور نطق زبان کے ساتھ کہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے آسمان کو کھول کر زمین پر اس کلمہ کے کہنے والے کو دیکھتا ہے[1] اور جس بندے کی طرف اللہ تعالیٰ نظر رحمت سے دیکھے اس کا یہ حق ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی مانگی ہوئی چیز اسے عطا فرمائے۔ (نسائی)[2] [منکر]

(۱) یعنی اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت وشفقت سے دیکھتا ہے' اس کی توحید قبول فرماتا ہے اسے اچھا بدلہ دیتا' اس کی دُعا کو شرف قبولیت سے نوازتا اور اس کی حاجت وضرورت کو پورا فرماتا ہے ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ اس کے لیے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔

(۲) یہ روایت سنن میں نہیں امام نسائی کی ''عمل الیوم واللیلة'' میں ہے ملاحظہ ہو ضعیف الترغیب والترھیب للمحدث الالبانیؒ۔ (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# الترغيب في التسبيح والتكبير والتهليل والتحميد على اختلاف انواعه

## تسبیح وتکبیر وتہلیل وتحمید کے مختلف کلمات پڑھنے کی ترغیب

(۴۹۸) (( عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : كَلِمتانِ خَفِيفَتانِ عَلَى اللِّسانِ ثَقِيلَتَانِ فِی الْمِيزانِ حَبِيْبَتَانِ اِلَى الرَّحْمٰنِ : سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔)) [متفق عليه]

(۴۹۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دو کلمے ہیں جو زبان پر نہایت ہلکے (عمل کے) ترازو میں نہایت وزنی ہیں اور رحم کرنے والے پروردگار کو بہت محبوب ہیں یعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ . . . . الْعَظِيْم (پاکی بیان کرتا ہوں اللہ کی اور اس کی ہی تعریف ہے' پاکی بیان کرتا ہوں بزرگ وبرتر اللہ کی۔ (بخاری ومسلم)

(۴۹۹) (( وَعَنْ اَبِی اُمَامَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ هَالَهُ اللَّيْلُ اَنْ يُكَابِدَهُ ' اَوْ بَخِلَ بِالْمالِ اَنْ يُنْفِقَهُ' او جَبُنَ عَنِ الْعَدُوِّ اَنْ يُقَاتِلَهُ فَلْيُكْثِرْ: مِنْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ' فَاِنَّها اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِن جَبَلِ ذَهَبٍ يُنْفِقُهُ فِی سَبِيلِ اللّٰهِ۔)) [رواه الطبرانی۔ لا بأس بسنده ان شاء اللّٰه]

(۴۹۹) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص پر شب بیداری گراں ہو یا مال خرچ کرنے میں بخل آڑے آتا ہو یا جو دشمن سے لڑنے سے ڈرتا ہو تو اسے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ کثرت سے پڑھنا چاہیے کہ یہ کلمات اللہ تعالیٰ کو سونے کے پہاڑ سے بھی زیادہ پسند ہیں جسے تم اس کی راہ میں خرچ کرو۔ (طبرانی۔ اس کی سند ان شاء الله لَا بَأسَ بِهِ ہے) [صحيح لغيره]

(۵۰۰) (( وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰه ﷺ : قَالَ: مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ' فِی يَوْمٍ مائَةَ مَرَّةٍ غُفِرَتْ لَهُ ذُنُوبُه' وَاِنْ كانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ)) [ رواه مسلم والترمذی' والنسائی وفی رواية له من قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ ذُنُوبَهُ۔ وَاِنْ كَانَتْ اَكْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ ولم يقل فی يوم ولا مائة مرة' ورواتها ثقات]

(۵۰۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ایک دن میں سو بار سبحان اللہ وبحمدہ کہے' اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں خواہ وہ سمندر کی جھاگ جتنے ہی کیوں نہ ہو (مسلم' ترمذی' نسائی کی ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ جس نے سبحان اللہ وبحمدہ کہا اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرما دے گا خواہ وہ سمندر کی جھاگ سے بھی زیادہ ہوں' اس روایت میں دن کا اور سو بار کہنے کا ذکر نہیں ہے اور اس کے راوی بھی ثقہ ہیں)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵۰۱) (( عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی قَالَ: کُنَّا عِنْدَ النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ: اَیَعجزُ اَحدُکُم ان یَکسبَ کُلَّ یومٍ الفَ حَسنةٍ؟ فَسأله سَائِلٌ مِنْ جُلَسائِه کَیْفَ یَکْسَبُ احدُنا الفَ حَسنةٍ' قَالَ یُسبح مائَةَ تَسبیحةٍ فَیُکْتَبُ۔ لَهُ اَلْفُ حَسَنَةٍ اَوْ یُحَطُّ عَنْهُ اَلْفُ خَطِیئَةٍ۔)) [رواه مسلم والنسائی وصححه الترمذی۔ قَالَ البرقانی: وقع فی روایة مسلم' او یحط بلفظ او' وروی شعبه وجماعة عن موسی الجهنی الذی رواه مسلم من جهته' فَقَالُوا: وَیُحَطُّ بالواو بغیر الفٍ وکذا هو فی روایة الترمذی والنسائی۔]

(۵۰۱) مصعب بن سعد سے روایت ہے کہ میرے والد صاحب نے مجھ سے یہ بیان کیا کہ ہم آنحضرت ﷺ کے پاس تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی اس بات سے عاجز ہے کہ وہ ہر روز ایک ہزار نیکی کمائے؟ شرکاءِ مجلس میں سے ایک سائل نے پوچھا کہ ہم میں سے ہر شخص ایک ہزار نیکی کیسے کما سکتا ہے فرمایا ایک سو بار تسبیح پڑھ لے' اس کے لیے ایک ہزار نیکی لکھ دی جائے گی یا اس کے ایک ہزار گناہ کو معاف کر دیا جائے گا (مسلم' نسائی' ترمذی نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے' برقانی کہتے ہیں کہ مسلم کی ایک روایت میں ''اَوْ'' وارد ہوا ہے جبکہ موسیٰ الجہنی سے کہ جن کے واسطے سے مسلم نے اس حدیث کو روایت کیا ہے' شعبہ اور ایک جماعت نے ان سے اسی حدیث کو روایت کرتے ہوئے ویحط یعنی صرف ''وْ'' کے ساتھ' الف کے بغیر ذکر کیا ہے۔

(۵۰۲) (( وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عنهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اَحبُّ الْکَلامِ اِلَی اللّٰهِ اَرْبَعٌ: سُبْحَانَ اللّٰهِ' وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ' ولَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ' وَاللّٰهُ اَکْبَرُ' لَا یَضُرُّكَ بِاَیِّهِنَّ بَدَاْتَ۔)) [رواه مسلم والنسائی' وزاد: وَهُنَّ مِنَ الْقُرْآنِ واخرجه النسائی ایضاً' وصححه من حدیث ابی هُرَیْرَةَ ۔ واخرج احمد من روایة رجل مِنَ الصحابة غیر مسمی قَالَ: اَفْضَلُ الْکَلامِ سُبْحَانَ اللّٰهِ' والْحَمْدُ لِلّٰهِ' ولَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ' وَاللّٰهُ اَکْبَرُ۔ ورواته ثقات۔]

(۵۰۲) حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوب ترین چار کلمات ہیں: (۱) سبحان اللہ (۲) الحمد للہ (۳) لا إلٰہ إلا اللہ اور (۴) اللہ اکبر ان میں سے جس کلمہ سے بھی شروع کرو کوئی حرج نہیں۔ (مسلم ونسائی نے اتنا اضافہ کیا ہے کہ یہ کلمات قرآنی میں سے ہیں' نسائی نے اسے بروایت ابو ہریرہ بیان کیا اور اسے صحیح قرار دیا ہے' امام احمد نے اسے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص سے روایت کیا ہے اور اس کا نام ذکر نہیں کیا کہ سب سے افضل کلام سبحان اللہ والحمد للہ ولا إلٰہ إلا اللہ واللہ اکبر ہے۔ اس کے راوی ثقہ ہیں)

(۵۰۳) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النبیَّ ﷺ مَرَّ بِهِ وَهُوَ یَغْرِسُ غَرْسًا

(۵۰۳)۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کا ان کے پاس سے گزر ہوا جب کہ وہ پودا لگا رہے تھے فرمایا:

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



، فَقَالَ يَا ابا هُرَيْرَةَ ، ما الَّذِى تَغْرِسُ؟ قُلْتُ غِراسًا قَالَ: اَلا اَدُلُّكَ عَلٰى غِراسٍ خَيْرٍ مِنْ هٰذا؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ، ولَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، يُغْرَسُ لَكَ بِكُلِّ وَاحِدةٍ شَجَرةٌ فى الجَنَّةِ)) [رواه ابن ماجه بسند حسن وصححه الحاكم]

''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تم کیا لگا رہے ہو؟ میں نے عرض کیا پودا لگا رہا ہوں' فرمایا: ''کیا اس سے بہتر پودے کے بارہ میں تمہیں نہ بتاؤں؟'' سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر لا الٰہ اِلّا اللہ میں سے ہر کلمہ کے عوض جنت میں تمہارے لیے ایک درخت لگا دیا جائے گا۔ (ابن ماجہ بسند حسن۔ حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن لغیرہ]

(۵۰۴) ((وعن اُمِّ هَانِيءٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْها قَالَتْ: مَرَّ بِى رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ذاتَ يَوْمٍ ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ كَبِرْتُ وَضَعُفْتُ ، او كما قَالَتْ: فَمُرْنى بعَمَلٍ اَعْمَلُهُ وَاَنا جالِسَةٌ؟ قَالَ: سَبِّحِي اللّٰهَ مائَةَ تَسْبِيحَةٍ، فَاِنَّهَا تَعْدِلُ لَكِ مائَةَ رَقَبة تُعتِقينَها مِنْ وَلد اسْمَاعيل۔ وَاحْمَدى اللّٰه مائَةَ تَحْمِيدَةٍ، فَاِنَّهَا تَعْدِلُ مائَةَ فَرَسٍ مُسْرَجَةٍ مُلْجَمَةٍ تَحْمِلينَ عَلَيْها فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَكَبِّرى اللّٰهَ مائَةَ تَكْبِيرَةٍ، فَاِنَّهَا تَعْدِلُ لَكِ مائَةَ بَدَنةٍ مُقَلَّدَةٍ مُتَقَبَّلَةٍ، وَهَلِّلى اللّٰهَ مائَةَ تَهْلِيلَةٍ: اَحْسِبُهُ قَالَ تَمْلَا مَا بَيْنَ السَّماءِ والاَرْضِ، وَلا يُرْفَعُ يَوْمَئِذٍ لِاَحَدٍ عَمَلٌ افْضَلُ بِمَا يُرْفَعُ لَكِ اِلَّا أن يَاْتى بِمِثْلِ ما اتيتِ۔)) [رواه احمد بسند حسن۔ واللفظ له والطبرانى والبيهقى]

(۵۰۴) حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ کا میرے پاس سے گزر ہوا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میری عمر زیادہ ہو چکی اور میں کمزور ہو گئی ہوں لہٰذا مجھے کسی ایسے عمل کے بارہ میں بتایئے جو میں بیٹھے بیٹھے کر لوں فرمایا: ''سو بار سبحان اللہ پڑھو' یہ اولاد اسماعیل میں سے ایک سو گردن آزاد کرنے کے برابر ہو گا' ایک سو بار الحمد اللہ پڑھو یہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں سو زین و لگام والے گھوڑے دینے کے برابر ہو گا' ایک سو بار اللہ اکبر پڑھو' یہ گردنوں میں پٹے ڈالے ہوئے پیش کیے گئے ایک سو اونٹوں کے برابر ہو گا' ایک سو بار لا الٰہ الا اللہ پڑھو' میرے خیال میں اس کے بارہ میں آپ نے یہ فرمایا کہ یہ کلمہ آسمان و زمین کے درمیان کو ثواب سے بھر دیتا ہے اور اس دن کسی کا عمل نہیں اُٹھایا جائے گا جو آپ کے عمل سے افضل ہو سوائے اس کے جو آپ کی طرح عمل کرے۔ (احمد بسند حسن' یہ الفاظ احمد ہی کی روایت کے ہیں' طبرانی و بیہقی) [حسن]

(۵۰۵) (( وَعَنْ اَبى ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ انَّ ناسًا مِنْ اصْحابِ النَّبِىِّ ﷺ : قَالوا لِلنَّبِىِّ ﷺ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ذَهَبَ اهْلُ الدُّثُورِ بِالْاُجورِ يُصَلُّونَ كما نُصَلِّى، وَيَصومُونَ

(۵۰۵) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: یا رسول اللہ! مالدار لوگ زیادہ اجر و ثواب لے گئے' وہ ہماری طرح نماز پڑھتے ہیں' ہماری طرح روزے رکھتے ہیں لیکن وہ اپنے زائد اموال کو صدقہ بھی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



كما نَصومُ، وَيَتَصدَّقُونَ بِفُضولِ اَموالِهِمْ، قَالَ: اَوَلَيْسَ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ ما تَصَدَّقُونَ بِهِ؟ اِنَّ بِكُلِّ تَسْبِيحَةٍ صَدَقَةٌ۔ وَكُلُّ تَكْبِيرَةٍ صَدَقَةٌ۔ وَكُلُّ تَحْمِيدَةٍ صَدَقَةٌ۔ وَكُلُّ تَهْلِيلَةٍ صَدَقَةٌ، وَاَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ صَدَقَةٌ، وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ۔ )) [رواه مسلم وابن ماجه والدثور بضم المهملة والمثلثة المال الكثير واحدها دثر بفتح اوله وسكون ثانية۔]

کر دیتے ہیں، فرمایا: ''کیا اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے بھی وہ چیز نہیں بنا دی جسے تم صدقہ کر سکتے ہو؟ ہر تسبیح صدقہ ہے، ہر تکبیر صدقہ ہے، ہر تحمید صدقہ ہے، ہر تہلیل صدقہ ہے، امر بالمعروف صدقہ ہے اور نہی عن المنکر صدقہ ہے۔۔۔الحدیث[1] (مسلم، ابن ماجہ، دثور کے معنی مال کثیر ہے)

(۵۰۶) (( وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: خُذوا جُنَّتَكُمْ۔ قالوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَمِنْ عَدُوٍّ قدحَضَرَ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ جُنَّتَكُم مِنَ النَّارِ۔ قُولوا: سُبْحَانَ اللّٰهِ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، ولَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، فَاِنَّهُنَّ يَاْتِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُجَنَّبَاتٍ وَمُعَقِّبَاتٍ وَهُنَّ الْبَاقِيَاتُ الصَّالِحاتُ۔)) [ رواه النسائي واللفظ له، والبيهقي وصححه على شرط مسلم۔ والجُنَّة بضم الجيم وتشديد النون ما يستر ويقي، وَمُعَقِّباتٍ بكسر القاف المشددة: اي يعقبكم، وياتي من ورائكم ومُجَنَّبَاتٍ بفتح النون اي مقدمات آمامكم: وفي رواية الحاكم

(۵۰۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اپنی ڈھال کو سنبھال لو، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا کوئی دشمن حاضر ہے؟ فرمایا نہیں بلکہ جہنم کی آگ سے بچاؤ کے لیے ڈھال سنبھال لو اور کہو سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ، واللہ اکبر یہ کلمات پڑھنے والے کے دائیں بائیں سے اور آگے پیچھے سے بچانے کے لیے آئیں گے اور یہی باقی رہنے والی نیکیاں ہیں (یہ الفاظ نسائی کی روایت کے ہیں، بیہقی نے اسے شرط مسلم کے مطابق صحیح قرار دیا ہے، الجنۃ کے معنی ڈھال، معقبات کے معنی پیچھے سے آنے والے اور مجنبات کے معنی آگے سے آنے والے کلمات کے ہیں۔ حاکم کی ایک روایت میں منجیات ہے جس کے معنی نجات دینے والے کلمات کے ہیں۔ ''طبرانی اوسط'' میں وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ بھی ہے اور طبرانی صغیر میں منجیات اور مجنبات دونوں الفاظ ہیں اور اس کی سند حسن ہے) [حسن]

(۱) حدیث کا بقیہ حصہ اس طرح ہے کہ مباشرت کرنا بھی صدقہ ہے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہم میں سے ایک شخص اپنی خواہش نفس کو پورا کرتا ہے اور اس میں اجر ہے فرمایا ہاں اگر وہ حرام طریقے سے اسے کرتا تو اسے گناہ ہوتا تو حلال طریقے سے اسے اجر و ثواب کیوں نہ ہو؟

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



منجیات بتقدیم النون علی الجیم واخرجه الطبرانی فی الاوسط، وزاد فیه: وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ، واخرجه فی الصغیر من حدیث ابی هُرَیْرَةَ فجمع بین منجیات ومجنبات وسنده حسن]

(۵۰۷) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَنْ ضَنَّ بِالْمَالِ اَنْ یُنْفِقَهُ، وَهابَ الْعَدُوَّ اَنْ یُجَاهِدَهُ، وَاللَّیْلَ اَنْ یُکَابِدَهُ، فَلْیُکْثِرْ مِنْ قَوْلِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَکْبَرُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وسُبْحَانَ اللّٰهِ۔)) ورواته ثقات۔ وقوله ضن بالضاد والمعجمة ای بخل۔]

(۵۰۷) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو مال کے ساتھ بخیل ہو کہ خرچ نہ کر سکے۔ دشمن سے خوف کی وجہ سے جہاد نہ کر سکے اور شب بیداری بھی اس پر گراں ہو تو اسے لا اله الا الله، والله اکبر، والحمد لله و سبحان الله کثرت سے پڑھنا چاہئے۔ (طبرانی، اس کے راوی ثقہ ہیں اور ضنّ کے معنی مال خرچ کرنے میں بخل سے کام لینا ہے) [صحیح]

(۵۰۸) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: کُلُّ کَلَامٍ لا یُبْدأُ فِیهِ بِالْحَمْدِ فهوا جذم)) [رواه ابوداود، واللفظ له والنسائی وابن ماجة وصححه ابن حبان، ولفظه: کُلُّ اَمْرٍ ذِی بَالٍ لَا یُبْدَأُ فِیهِ بِحَمْدِ اللّٰهِ، فَهُوَ اَقْطَعُ۔ وکذا للنسائی۔]

(۵۰۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر وہ کلام جسے حمد سے نہ شروع کیا جائے وہ جذام زدہ (ناکارہ) ہے۔ (یہ الفاظ ابوداؤد کی روایت کے ہیں، نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں کہ ہر وہ اچھا کام جسے اللہ تعالیٰ کی حمد سے شروع نہ کیا جائے تو وہ بے برکت ہے، نسائی کی روایت میں بھی اسی طرح ہے) [ضعیف]

## الترغیب فی جوامع من التسبیح والتحمید والتهلیل والتکبیر

## تسبیح وتحمید وتہلیل وتکبیر کے جامع کلمات پڑھنے کی ترغیب

(۵۰۹) (( عَنْ جُوَیْرِیَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِینَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا: اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ خَرَجَ مِنْ عِنْدِها، ثُمَّ رَجَعَ بَعْدَ اَنْ اَضْحٰی وَهِیَ جَالِسَةٌ، فَقَالَ: ما زِلْتِ عَلَی الْحَالِ الَّتی

(۵۰۹) حضرت جویریہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ (ایک دن) رسول اللہ ﷺ ان کے پاس سے (صبح سویرے ہی) باہر تشریف لے گئے، پھر آپ سورج طلوع ہونے کے بعد واپس تشریف لائے تو وہ وہیں بیٹھی ہوئی تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فارَقْتُكِ عَلَيْها؟ قَالَتْ، نَعَمْ۔ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ : لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ اَرْبَعَ كَلِماتٍ ثَلاثَ مَرَّاتٍ لَو وُزِنَتْ بما قُلْتِ مُنْذُ الْيَوْمِ لَو زَنَتهُنَّ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ، وَرِضا نَفْسِهٖ، وَزِنَةَ عَرْشِهٖ، وَمِدادَ كَلِماتِهٖ۔)) [رواه مسلم والاربعة]

اسی طرح بیٹھی ہوئی تسبیح پڑھ رہی ہو جس طرح میں تمہیں چھوڑ کر گیا ہوں۔ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں' آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمہارے پاس سے جانے کے بعد میں نے صرف چار کلمات تین مرتبہ کہے ہیں جو اگر اس تمام (تسبیح وتہلیل) کے ساتھ وزن کئے جائیں جسے تم نے اب تک پڑھا ہے' تو وہ اس سب سے وزن میں بڑھ جائیں اور وہ کلمات یہ ہیں سُبْحَانَ اللّٰهِ . . . . كَلِمَاتِهٖ (اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اسی کی تعریف کے ساتھ' اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر اور اس کی اپنی رضا کے مطابق اور اس کے عرش کے وزن کے بقدر اور اس کے کلمات کی سیاہی کے بقدر)۔ (مسلم وسنن اربعہ)

(۵۱۰) (( وَعَنْ عَائِشَةَ بِنتِ سَعْدِ بْنِ ابی وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيها اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ عَلَى امْرَاَةٍ وَبَيْنَ يَدَيْها نَوًى، اَوْ حَصىً تُسَبِّحُ بِهٖ، فَقَالَ: اُخْبِرُكِ بما هُوَ اَيْسَرُ عَلَيْكِ مِنْ هٰذا۔ اَوْ اَفْضَلُ؟ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی السَّماءِ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی الاَرْضِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ ما بَيْنَ ذٰلِكَ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ ما هُو خالِقٌ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ۔)) [رواه ابوداود والترمذی، وحسنه والنسائی وصححه ابن حبان والحاكم]

(۵۱۰) حضرت عائشہ بنت سعد بن ابی وقاص اپنے باپ سے روایت کرتی ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک صحابیہ کے ہاں تشریف لے گئے' انہوں نے اپنے سامنے گٹھلیاں یا کنکریاں رکھی ہوئی تھیں اور ان پر وہ تسبیح پڑھ رہی تھی' آپ ﷺ نے فرمایا میں تمہیں اس سے آسان (یا فرمایا) افضل طریقہ نہ بتلاؤں اور وہ یہ ہے کہ تم اس طرح پڑھا کرو سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی السَّماءِ. سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِی الاَرْضِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ ما بَيْنَ ذٰلِکَ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ ما هُوَ خَالِقٌ اسی طرح اللہ اکبر کے ساتھ چاروں کلمات' اسی طرح الحمد للہ کے ساتھ' اسی طرح لا الٰہ الا اللہ کے ساتھ اسی طرح وَلا حول وَلا قوۃ اِلا باللہ کے ساتھ (یہ چاروں کلمات پڑھیں)۔ (ابوداؤد' ترمذی' حسن' نسائی' ابن ماجہ و ابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے)

[ضعیف]

❀❀❀

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی قول لا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ

### لاحول ولاقوۃ الّا باللہ پڑھنے کی ترغیب

(۵۱۱) (( عَنْ اَبِی مُوسٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ لَہٗ: قُلْ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، فَاِنَّھَا کَنْزٌ مِنْ کُنُوزِ الجَنَّۃِ۔)) [متفق علیہ وفی روایۃ النسائی من قَالَ: لا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کانَ دَوَاءً مِنْ تِسْعَۃٍ وَتِسْعِینَ داءً اَیْسَرُھا الْھَمُّ۔]

(۵۱۱) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ان سے فرمایا لاحول ولاقوۃ الا باللہ (اللہ کی حفاظت کے بغیر کسی شخص کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی (اور گناہ) سے بچنے کی قدرت نہیں اور اللہ تعالیٰ کی مدد (اور توفیق) کے بغیر کسی شخص کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی طاقت نہیں) پڑھا کرو اس لیے کہ یہ کلمہ جنّت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ (بخاری ومسلم) نسائی کی ایک روایت میں ہے کہ جو شخص لا حول ولاقوۃ الا باللہ پڑھے تو یہ کلمہ ننانوے بیماریوں کی دوا ہے جن میں سے سب سے ہلکی بیماری رنج وغم اور فکر و پریشانی ہے۔ (جس کو یہ کلمہ دُور کرتا ہے)

## الترغیب فی اذکار یقولھا اذا اصبح واذا امسی

### صُبح وشام کے اذکار پڑھنے کی ترغیب

(۵۱۲) (( عَنْ مُعاذ بنِ عبدِ اللّٰہِ بنِ خُبیب عَنْ اَبِیہِ انہ قَالَ: خَرَجْنا فی لَیلَۃِ مَطرٍ وَظُلمۃٍ شَدِیدۃٍ نَطلبُ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ : لِیُصلّی بِنا فَاَدرَکْناہُ فَقَالَ: قُلْ: فَلَمْ اَقُلْ شَیئًا: ثُمَّ قَالَ: قُلْ: فلم اقل شیئًا: ثُمَّ قَالَ: قُلْ: قُلتُ یَا رَسُولَ اللّٰہِ ما اقولُ؟ قَالَ: قُلْ: ھُوَ اللّٰہ احَد والمعُوذَّتین، حینَ تُمسی، وَحِینَ تُصبحُ، ثَلاثَ مرّاتٍ یکفیکَ مِن کُلِّ شَیءٍ۔)) [رواہ ابوداود واللفظ لہ والترمذی، وحسنہ رواہ النسائی، مسندًا ومرسلًا ورجالہ ثقات۔]

(۵۱۲) معاذ بن عبداللہ بن خبیب اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم بارش اور سخت اندھیری رات میں رسول اللہ ﷺ کی تلاش میں نکلے تاکہ آپ ﷺ ہمیں نماز پڑھائیں، ہم نے آپ ﷺ کو تلاش کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہو لیکن میں نے کچھ نہ کہا، پھر فرمایا کہو، میں نے کچھ نہ کہا، پھر فرمایا کہو، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! میں کیا کہوں؟ فرمایا صبح وشام تین تین بار قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَد اور معوذتین کہو، یہ تمہیں ہر چیز سے کافی ہوں گی۔ (یہ الفاظ ابوداؤد کی روایت کے ہیں، ترمذی نے اسے حسن قرار دیا اور نسائی نے مسند ومرسل روایت کیا ہے، اس کے رجال ثقہ ہیں) [حسن صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵۱۳) (( وعن شَدَّاد بنِ اوسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عَنِ النَّبیّ ﷺ قَالَ : سَيِّدُ الاسْتِغفارِ: اللّٰهُمَّ أَنتَ رَبِّی لَا اِلٰهَ اِلَّا انتَ خَلَقْتَنِی وَ اَنَا عَبْدُكَ۔ وَاَنَا عَلَى عَهْدِكَ، وَوَعْدِكَ، مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ ما صَنَعْتُ، وَ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعمَتِكَ عَلَيَّ، وَ اَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِی فَاغْفِرْلِی، فَاِنَّهٗ لا یَغفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنتَ۔ مَنْ قَالَ مُوقِنًا بها حِینَ یُمسِی فَماتَ مِن لَیلتِهِ دَخلَ الجنَّةَ۔ ومَنْ قَالها مُوقنًا بها حِینَ یُصبحُ، فَماتَ مِن یَومِهِ دَخَلَ الجنَّةَ۔)) [رواه البخاری والنسائی، والترمذی؛ وعنده: لا یقولُها احدٌ حَینَ یُمسی فیاتی علیه قدرٌ قبل ان یُصبحَ الا وَجَبتْ لهُ الجنَّة۔ ولا یَقولُها حِینَ یُصبحُ فیاتی علیهِ قدرٌ قبل ان یُمسیَ الا وَجَبَتْ لَهُ الجنَّةُ۔]

(۵۱۳) حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا سیّد الاستغفار یہ ہے: اللّٰهُمَّ أنتَ رَبّی........ الخ (اے اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، تو نے ہی مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا ہی بندہ ہوں، میں تیرے وعدہ اور عہد پر قائم ہو جتنا مجھ سے ہو سکا میں پناہ مانگتا ہوں ان تمام کاموں کے شر سے جو میں نے کئے اور میرے اوپر جو تیری نعمتیں ہیں، ان کا اعتراف کرتا ہوں اور میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں پس تو میرے گناہوں کو بخش دے، اس لیے کہ تیرے سوا اور کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا) جو شخص یقین کے ساتھ اسے شام کے وقت پڑھے اور رات کو فوت ہو جائے تو وہ جنت میں داخل ہوگا اور جو شخص یقین کے ساتھ صبح کے وقت پڑھے اور دن کو فوت ہو جائے تو وہ بھی جنت میں داخل ہوگا (بخاری، نسائی، ترمذی، ترمذی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ جو شخص شام کو اسے پڑھے اور صبح ہونے سے پہلے تقدیر آ جائے تو اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی اور جو شخص صبح پڑھے اور شام سے پہلے تقدیر آ جائے تو اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی)

(۵۱۴) (( وَعَنْ اَبی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلی النَّبیِّ ﷺ : فَقَالَ یَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا لَقِیتُ مِن عَقربٍ لَدَغتنی البارِحَةَ۔ قَالَ: اما لَوْ قُلتَ۔ حَینَ امسیتَ اعوذُ بِكلماتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ من شَرِّ ما خَلَقَ: لَمْ یَضرَّكَ۔)) [رواه مسلم۔ والاربعة۔ ولفظ الترمذی، مَن قَالَ حینَ یُمسی ثَلاثَ مرَّاتٍ : وفِیهِ لم تَضُرَّهُ حِمَة تِلكَ اللَّیلةِ۔ وفیه قال سهل ((سهیل)) فكانَ اهلنا یعلمونَها، فكانوا یَقولُونها،

(۵۱۴) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! رات مجھے بچھو نے ڈس لیا اور اس سے مجھے بہت تکلیف ہوئی فرمایا اگر شام کو تم یہ پڑھ لیتے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کی پناہ لیتا ہوں، اس کی ہر مخلوق کے شر سے) تو تمہیں کوئی تکلیف نہ پہنچتی (مسلم، سنن اربعہ۔ ترمذی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ جو شخص شام کو یہ تین بار پڑھ لے تو اس رات کو کسی موذی جانور کا زہر اسے تکلیف نہیں دے گا۔ اس کے راوی سہل بن سہیل بیان کرتے ہیں کہ ہمارے گھر والے ہمیں یہ کلمات سکھا دیا کرتے تھے اور وہ کہا کرتے تھے کہ ان کی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فلُدغت جاريةٌ منهم فلم تجد لها وَجَعًا۔ ولابن خزيمة نحو هذا السياق۔ والحِمة بضم المهملة وتخفيف الميم هو لدغة كل ذي سم۔ وقيل هو السم نفسه۔ والله اعلم۔]

ایک بچی کو بچھو نے ڈس لیا مگر ان کلمات کے پڑھنے کی وجہ سے اسے کوئی درد نہ ہوا۔ ابن خزیمہ نے بھی اُسے اسی طرح بیان کیا ہے' حمہ ہر زہر یلے جانور کے ڈسنے یا زہر کو کہتے ہیں واللہ اعلم)

(۵۱۵) ((عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ' اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : مَنْ قَالَ حِینَ یُصْبِحُ وَحِینَ یُمْسِی۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ مِائَةَ مَرَّةٍ' لَمْ یَاْتِ اَحَدٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهِ' اِلَّا اَحَدٌ قَالَ: مِثْلَ ما قَالَ۔ اَوْ زَادَ عَلَیْهِ۔)) [رواه مسلم' واصحاب السنن الثلاثة' وابن ابی الدنيا۔ وعند ابی داوود: سُبْحَانَ اللّٰهِ العظيم۔ واخرجه الحاكم بلفظ: مَنْ قَالَ اذا اَصْبَحَ مِائَةَ مَرَّةٍ' وَاِذا اَمْسى مِائَةَ مَرَّةٍ' سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ غُفِرتْ ذُنُوبُه وان كَانَتْ اَكْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحرِ۔]

(۵۱۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح وشام سو بار پڑھے سبحان اللہ وبحمدہ تو قیامت کے دن اس سے افضل عمل کوئی نہ لائے گا سوائے اس کے جس نے یہ کلمہ اتنی بار یا اس سے زیادہ مرتبہ پڑھا (مسلم' سنن ثلاثہ' ابن ابی الدنیا۔ ابوداؤد میں الفاظ ہیں سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیمِ حاکم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جو شخص صبح وشام کے وقت' سو بار یہ کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے خواہ وہ سمندر کی جھاگ سے بھی زیادہ ہوں)۔

(۵۱۶) ((وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ۔ فی یَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ۔ كانتْ لَهُ عَدلُ عشرِ رِقابٍ' وَكُتبَ لَهُ مِائَةُ حَسنةٍ' ومُحيَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَيِّئةٍ۔ وكانتْ لَهُ حِرزًا مِنَ الشَّيطانِ يومَهُ ذٰلِكَ۔ حتّٰى يمسى ' ولم يات احد بافضل مما جاء به الا رجل

(۵۱۶) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ایک دن میں سو بار یہ کہے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیکَ لَهُ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ۔ (اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں' اس کا سارا ملک ہے اور اسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں اور وہی ہر چیز پر قادر ہے) تو یہ دس گردنیں آزاد کرنے کے برابر ہوگا اور اس کے لیے ایک سو نیکی لکھ دی جائے گی اور ایک سو برائی مٹا دی جائے گی اور وہ شام تک سارا دن شیطان سے محفوظ رہے گا اور اس سے زیادہ افضل عمل کسی کا نہ ہوگا سوائے اس کے جس

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



عمل اکثر منه)) [متفق علیه]

نے اس سے زیادہ مرتبہ پڑھا۔ (بخاری ومسلم)

(٥١٧) ((وعن ابانَ بنِ عُثمانَ: سَمعتُ عُثمانَ بن عَفانَ۔ یقولُ: قَالَ: رسولُ اللّٰه ﷺ: ما مِن عَبدٍ یقولُ فی صَباحِ کلِّ یومٍ۔ ومَساءِ کلِّ لیلةٍ: بِسمِ اللّٰهِ الذی لا یضرُّ مَعَ اسمِه شَیءٌ فی الارضِ وَلا فی السَّماءِ وَهُوَ السَّمیعُ العَلیمُ، ثلاثَ مَرَّاتٍ فیَضرَّهُ شَیءٌ۔ وکانَ ابانُ قد اصابَه طَرفُ فالجٍ، فسُئِلَ؟ فَقَالَ: لَمْ اَقُلْهُ یَومئذٍ، لیُمضی اللّٰهُ قَدَرَهُ۔)) [رواه الاربعة، وصححه ابن حبان، والحاکم]

(٥١٧) ابان بن عثمان سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ہر روز صبح وشام تین بار یہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (اس اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز ضرر نہیں پہنچاتی نہ زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہ سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے) تو اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ ابان کو فالج ہو چکا تھا، ان سے اس بارہ میں پوچھا گیا تو انہوں نے بتایا کہ اس روز یہ کلمات نہ پڑھ سکا تھا تاکہ اللہ تعالیٰ اپنی تقدیر کو جاری کر دے۔ (اربعہ، ابن حبان وحاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(٥١٨) ((وَعَنْ اَبی الدَّرداءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: من قَالَ اذا اصبحَ واذا اَمسی حَسبیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلیهِ تَوکَّلتُ، وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظیمِ، سبعَ مرَّاتٍ، کَفاهُ اللّٰهُ ما اهمَّهُ صَادقًا کانَ اَوْ کَاذبًا۔)) [رواه ابوداود موقوفًا، وابن السنی مرفوعًا، ومثله لا یقال بالرّای فحکمه حکم المرفوع]

(٥١٨) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص صبح وشام سات بار یہ پڑھ لے: حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (اللہ مجھے کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی پر میرا بھروسا ہے اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے) تو اللہ تعالیٰ اسے اس چیز سے کافی ہوگا جس نے اسے فکرمند کر رکھا ہے خواہ وہ سچا ہو یا جھوٹا[1] (ابوداؤد نے اسے موقوف اور ابن السنی نے اسے مرفوع قرار دیا ہے اس طرح کی بات چونکہ اپنی رائے سے نہیں کہی جا سکتی لہٰذا اس حدیث کا حکم مرفوع کا ہوگا)۔ [ضعیف موقوف]

(٥١٩) ((وعن انس بنِ مالكٍ رضی اللہ عنہ انَّ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَن قَالَ حینَ یُصبحُ او حینَ یُمسی: اللّٰهم انی

(٥١٩) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح یا شام یہ کہے: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ...... الخ (اے اللہ! میں نے صبح کی میں تجھے گواہ

---

(١) سچا ہونے سے شاید مُراد وہ ہے جو یہ کلمات کہتے ہوئے ان کے مدلول یعنی توکل سے متصف ہو اور جھوٹے سے شاید وہ مُراد ہے جو اسباب کو بھی تلاش کرتا اور توکل میں اخلاص سے کام نہ لیتا ہو۔ (ابن علان)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اصبحتُ اُشهِدُكَ، وَاُشهِدُ حَملةَ عرشِكَ، وملائكتكَ وجميعَ خَلقكَ، اَنَّكَ اَنتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ الا اَنتَ واَنَّ مُحمَّدًا عبدُكَ ورَسُولُكَ اعتقَ اللّٰهُ رُبُعَهُ مِنَ النَّارِ۔ فَمن قالَها مَرَّتينِ اعتقَ اللّٰهُ نِصفَه مِنَ النَّارِ، وَمن قالها ثَلاثًا اعتقَ ثلاثةَ اربعاعِه مِنَ النَّارِ، فاِن قالَها اربعًا اعتقَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ۔)) [رواه ابوداود، واللفظ له۔ والترمذی بنحوه وحسنه، والنسائی، وزاد فيه بعد الا أنتَ وَحدكَ لا شريكَ لكَ۔ وفی رواية للطبرانی فی الاوسط: غَفر اللّٰهُ لهُ ما اصابَ من ذنبٍ فی يومِه ذلكَ۔ والباقی كذلك وكذا هو فی رواية الترمذی۔]

بنا تا ہوں اور تیرے حاملین عرش کو اور تیرے تمام فرشتوں کو اور تیری تمام مخلوق کو گواہ بناتا ہوں اس بات پر کہ تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اس بات پر کہ حضرت محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول اللہ ﷺ ہیں) تو اللہ تعالیٰ اس کا ایک چوتھائی حصہ جہنم کی آگ سے آزاد کردیتا ہے اور جو شخص دو بار کہے تو اللہ تعالیٰ اس کا نصف اور جو تین بار کہے تو اس کا تین چوتھائی اور جو چار بار کہے تو اللہ تعالیٰ اسے مکمل طور پر جہنم کی آگ سے آزاد کردیتا ہے (یہ الفاظ ابوداؤد کی روایت کے ہیں، ترمذی نے بھی اسی طرح روایت کیا ہے اور اسے حسن قرار دیا ہے، نسائی کی روایت میں اِلَّا اَنتَ کے بعد وَحدَهُ لَا شَرِيكَ لَكَ کے الفاظ بھی ہیں، طبرانی اوسط میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کے اس سارے دن کے گناہ معاف فرمادے گا، باقی الفاظ اس طرح ہیں، ترمذی کی روایت میں بھی اسی طرح ہے۔[1] [ضعیف]

(۵۲۰) ((وعن المنيذر صاحبِ رَسولِ اللّٰه ﷺ: وَكان يكون بافريقيه، سمعتُ رسولَ اللّٰه يقولُ: مَن قَالَ: اذا اصبحَ رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَ بِالْإِسْلَامِ دِينًا۔ وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، فانا الزَّعيمُ لآخُذَنَّ بيدِهِ حتّٰی اُدخِلَهُ الجنَّةَ۔)) [رواه الطبرانی۔]

(۵۲۰) صحابی رسول حضرت منیذر سے روایت ہے جو کہ افریقہ میں تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کہے: رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا (میں نے اللہ کو رب، اسلام کو دین اور محمد ﷺ کو نبی تسلیم کرلیا اور میں اس پر راضی ہوں) تو میں اس بات کا ضامن ہوں کہ اسکے ہاتھ کو پکڑ کر اسے جنت میں داخل کردوں گا۔ (طبرانی بسند حسن) [حسن لغیرہ]

---

(۱) یہ حدیث ضعیف ہے ایک تو اس کی سند میں عبدالرحمن بن عبدالمجید ہے جسے حافظ نے ''تقریب'' میں مجہول کہا دوسرے مکحول کے حضرت انس سے سماع کے بارہ میں اختلاف ہے ابومسہر نے اس کا اثبات اور امام بخاری نے اس کی نفی کی ہے اگر سماع ثابت بھی ہو تو یہاں ایک اور علت یعنی مکحول کا عنعنہ بھی ہے اور یاد رہے امام ابن حبان نے مکحول کو مدلس قرار دیا ہے اس حدیث کے باقی تمام طرق بھی ضعیف ہیں۔ منذری نے جو یہ کہا ہے کہ امام ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے تو یہ ان کا وہم ہے کیونکہ ترمذی نے اس حدیث کو غریب قرار دیا ہے یا ممکن ہے کہ کسی نسخہ میں اسے حسن بھی قرار دیا گیا ہو لیکن عجیب وغریب بات یہ ہے کہ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے ''الکلم الطیب'' (ص ۱۱) میں امام ترمذی کے حوالہ سے اسے حسن صحیح قرار دیا ہے۔ (سلسلہ ضعیفہ ج ۳ ص ۱۴۳۔۱۴۵) (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵۲۱) (( وعنْ عبدِ اللّٰهِ بنِ غنَّام البَياضي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ انَّ رسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: منْ قَالَ حينَ يُصبحُ: اللّٰهُمَّ ما اصبحَ بي مِن نِعمةٍ، أو باَحَدٍ مِنْ خَلقِكَ، فَمنكَ وَحدكَ، لا شَريكَ لَك. فلَكَ الحمدُ، وَلَكَ الشُّكرُ، فَقدْ ادَّى شُكرَ يَومِه، وَمَنْ قَالَ مِثلَ ذلِكَ حينَ يُمسي، فَقد ادَّى شُكرَ لَيلتِه۔)) [رواه ابوداود والنسائي، واللفظ له]

(۵۲۱) حضرت عبداللہ بن غنام بیاضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کہے: اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِعْمَةٍ، اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ، فَمِنْکَ وَحْدَکَ، لَا شَرِیْکَ لَکَ. فَلَکَ الْحَمْدُ، وَلَکَ الشُّکْرُ (اے اللہ! جو بھی کوئی نعمت مجھے یا تیری مخلوق میں سے کسی کو بھی آج ملی ہے، وہ صرف تیری ہی طرف سے ہے تو یکتا و یگانہ ہے تیرا کوئی بھی شریک نہیں ہے لہذا تیری ہی تمام تعریف ہے اور تیرا ہی تمام شکر ہے) تو اس نے اس دن کا شکر ادا کر دیا اور جو شام کے وقت یہ کلمات کہے تو اس نے رات کا شکر ادا کر دیا۔ (ابوداود یہ الفاظ نسائی کی روایت کے ہیں) [ضعیف]

(۵۲۲) (( وعنِ ابن عُمرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا قَالَ: لَم يكُن رسولُ اللّٰهِ ﷺ: يَدعُ هؤلاءِ الكلماتِ، حينَ يُمسي، وَحينَ يُصبحُ، اللّٰهُمَّ اني أسالكَ العَفوَ والعافِيةَ في الدُّنيا وَالْآخِرةِ۔ اللّٰهُمَّ اني أسالكَ العَفوَ والعافيةَ فِي دِيني، وَدُنيايَ، وَأهلي، وَ مَالِي، اللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ، وَآمِنْ رَوْعَاتِيْ، اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنَ يدَيَّ، وَمِنْ خَلْفِيْ، وَعَنْ يَمِيْنِيْ، وَعَنْ شِمَالِيْ، وَ مِنْ فَوْقِيْ، وَاَعُوْذُ بِعَظمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ۔)) [رواه ابوداود، واللفظ له، والنسائي وابن ماجه، واصححه الحاكم]

(۵۲۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ صبح و شام ان کلمات کو پڑھنا کبھی بھی ترک نہیں فرمایا کرتے تھے: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ...... الخ (اے اللہ! میں تجھ سے دنیا و آخرت میں خیر و عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میں تجھ سے معافی چاہتا ہوں اور اپنے دین میں اور دنیا میں، اپنے اہل و عیال اور مال و منال میں عافیت و سلامتی چاہتا ہوں، اے اللہ! تو میرے تمام عیوب کی پردہ پوشی فرما اور میرے خوف و پریشانی کو امن و امان سے بدل دے۔ اے اللہ! تو میری حفاظت فرما میرے آگے سے بھی اور پیچھے سے بھی اور میرے دائیں سے بھی اور بائیں سے بھی اور میرے اوپر سے بھی اور میں تیری عظمت کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ میں کسی اچانک ہلاکت میں ڈال دیا جاؤں نیچے کی طرف سے) (یہ الفاظ ابوداود کی روایت کے ہیں، نسائی، ابن ماجہ، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۵۲۳) (( وعن انسِ بنِ مالكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰه ﷺ: لِفاطمةَ ما يمنعُكِ ان تَسمعي ما اُوصيكِ بهِ؟ ان

(۵۲۳) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا میں تمہیں جو وصیت کرتا ہوں اسے سننے سے تمہیں کیا امر مانع ہے؟ صبح شام یہ کہو: یَا حَیُّ یَا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



تَقولی اذا اصبحتِ، واِذا اَمسیتِ، یَا حیُّ یا قَیُّومُ، بِرحمتِكَ استَغیثُ، اَصلحْ لی شأنی کُلَّهُ، وَلا تَکِلْنِی الی نَفسی طَرفَةَ عَینٍ۔)) [رواه النسائی بسند صحیح، والبزار، وصححه الحاکم]

قَیُّومُ......، الخ (اے ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والے! زمین و آسمان اور تمام مخلوق کو قائم رکھنے والے! تیری رحمت کی دہائی ہے تو میرے کام درست فرما دے اور مجھے ایک لحہ کے لیے بھی تو میرے نفس کے حوالے نہ کر) (نسائی بسند صحیح، بزار، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن]

(۵۲۴) (( وعنِ الحسنِ قَالَ: قَالَ سَمرةُ بنُ جُندبٍ: الا اُحدِّثُكَ حَدیثًا سَمعتُه من رَسولِ اللّٰهِ ﷺ مِرارًا، ومَن ابی بکرٍ مِرارًا، ومَن عُمرَ مِرارًا، قلتُ: بلٰی۔ قَالَ: مَن قَالَ اذا اصبحَ وَاِذا امسی: اَللّٰهُمَّ انتَ خَلقتَنی، وانتَ تَهدینی، وانتَ تُطعِمُنی، وانتَ تَسقِینی، وانتَ تُمیتُنی، وانتَ تُحیینی، لمْ یسالْ شَیئًا الا أعطاهُ إیاهُ قَالَ: فَلقیتُ عبدَ اللّٰهِ بنِ سلامٍ فَقَالَ: اَلا اُحدِّثكَ بحدیثٍ سَمعتُه مِنْ رسولِ اللّٰهِ ﷺ مِرارًا۔ ومَن ابی بکرٍ مِرارًا، ومَن عُمر مِرارًا، قَالَ: بَلٰی فَحدَّث بهذا الحدیث فَقَالَ بَابی وامی قَالَ رسولُ اللّٰهِ ﷺ هولاءِ الکلماتِ کانَ اللّٰهُ عزَّ و جلَّ قد اعطاهُنَّ مُوسی علیهِ السلامِ۔ فکانَ یَدعُو بِهنَّ۔ فی کلِّ یومٍ سَبْعَ مرَّاتٍ فلا یسالُ اللّٰهَ شیئًا الا اعطاهُ ایاهُ۔)) [رواه الطبرانی باسناد حسن]

(۵۲۴) حضرت حسن سے روایت ہے کہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کیا میں تمہیں وہ حدیث نہ بیان کروں جسے میں نے رسول اللہ ﷺ سے کئی بار سنا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بھی کئی بار سنا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی کئی بار سنا۔ میں نے عرض کیا، ضرور بیان فرمایئے، فرمایا جو شخص صبح و شام یہ کہے: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ......، الخ (اے اللہ! تُو نے مجھے پیدا فرمایا، تُو نے مجھے ہدایت عطا فرمائی، تُو مجھے کھلاتا ہے، تُو ہی پلاتا ہے، تُو مجھے فوت کرے گا اور تُو ہی مجھے زندہ رکھتا ہے) تو وہ بھی جو سوال کرے گا اللہ تعالیٰ اسے ضرور عطا فرمائے گا، میں عبداللہ بن سلام سے ملا اور انہوں نے بھی یہی کہا کیا میں تمہیں وہ حدیث بیان نہ کروں جسے میں نے رسول اللہ ﷺ سے بھی کئی بار سنا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بھی کئی بار سنا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی کئی بار سنا کہا ضرور بیان فرمایئے تو انہوں نے یہ حدیث بیان فرمائی اور کہا کہ میرے ماں باپ نثار ہوں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ کلمات موسیٰ کو عطا فرمائے تھے اور وہ ان کے ساتھ ہر روز سات بار دعاء کیا کرتے تھے۔ اور اللہ تعالیٰ سے جو دُعا بھی مانگتے وہ ضرور عطا فرما دیتا تھا۔ (طبرانی باسناد حسن) [ضعیف]

(۵۲۵) (( وَعَنْ اَبی الدَّرداءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ حِینَ یُصبحُ عَشرًا، وحِینَ

(۵۲۵) حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص مجھ پر دس بار صبح اور دس بار شام درود بھیجے گا اسے قیامت کے دن میری شفاعت نصیب ہوگی۔ (طبرانی نے اسے دو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يُمسى عَشْرًا، ادركَتْهُ شفاعَتى يومَ القِيامَةِ۔)) [رواه الطبرانی باسنادین احدھما جید۔]

سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے، جن میں سے ایک جید ہے)

[ضعیف]

(۵۲۶) (( وعَن زَيدِ بنِ ثابتٍ انَّ رسولَ اللهِ ﷺ: عَلَّمَهُ دُعاءً، وامرهُ ، ان يَتعاهَدَهُ وَأَنْ يَتعاهَدَ بهِ اهلهُ فى كُلِّ يَومٍ ، قَالَ: يَقولُ حينَ يُصبحُ: اللّٰهُمَّ لَبَّيكَ، وَسَعديكَ، وَالخيرُ فى يَديكَ، ومِنكَ وَاِليكَ، اللّٰهُمَّ ما قُلتُ مِن قَولٍ۔ وحَلفتُ مِن حَلْفٍ، او نَذَرْتُ مِن نَذْرٍ، فمشيئتكَ بين يديه ، ما شِئتَ كانَ وما لم تشأْ لم يكن، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بكَ، انَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَديرٍ۔ اللّٰهُمَّ ما صلَّيتُ مِن صلاةٍ فَعلى مَن صَلَّيت، ومَا لعنتُ مِن لَعنةٍ فَعلى مَنْ لَعنتَ۔ انَّكَ ولى فى الدُّنيا والآخِرةِ، تَوفَّنى مُسلمًا، والحقنى بالصَّالحينَ، اللّٰهُمَّ انى اسالكَ الرِّضَا بالقضاء، وبرد العيشِ بعدَ الموتِ، وَلَذَّةِ النَّظرِ الى وَجْهِكَ، وَشَوقًا الى لِقائِكَ، فى غيرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ، ولا فِتنةٍ مُضلَّةٍ۔ واعوذُ بكَ اللّٰهُمَّ انْ اظلِمَ او اُظْلَمَ او اعتدىَ، او يُعتدى علىَّ او اكسِبَ خَطيئةً او ذَنبًا لا تَغفِرُهُ۔ اللّٰهُمَّ فاطِرَ السَّمواتِ والارضِ عالم الغيبِ والشَّهادةِ۔ ذوالجَلالِ والاِكرامِ، فانّى اعهدُ اليكَ فى هذِهِ الحياةِ الدُّنيا، واُشهِدُكَ وكفى

(۵۲۶) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں یہ دُعا سکھائی اور حکم دیا کہ وہ خود بھی اور ان کے گھر والے بھی ہر روز صبح کے وقت اہتمام کے ساتھ یہ دُعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ لبیک وسعدیک ...... انک انت التواب الرحیم (اے اللہ! میں تیرے پاس حاضر ہوں اور تیری فرمانبرداری کے لیے تیار ہوں، اور بھلائی تمام تر تیرے ہی ہاتھ میں ہے اور تیری ہی طرف سے ہے اے اللہ! جو بات میں نے کہی، جو بھی قسم میں نے کھائی، جو بھی نذر میں نے مانی، تیری مشیت اس سب سے پہلے ہے جو تو نے نہ چاہا وہی ہوا اور جو تو نے نہ چاہا نہ ہوا اور نہ کوئی طاقت ہے اور نہ قوت بجز تیرے (سہارے کے) بے شک تو ہی ہر چیز پر قادر ہے اے اللہ) جو بھی میں نے کسی کے لیے رحمت کی دُعا مانگی وہ اس پر ہو جس پر تو نے رحمت فرمائی ہے اور جو بھی میں نے کسی پر لعنت بھیجی وہ اس پر ہو جس پر تو نے لعنت فرمائی ہے، تو ہی دنیا و آخرت میں میرا کارساز ہے تو مجھے دنیا سے مسلمان کی حیثیت سے فوت کیجیو اور نیکوں میں مجھے شامل فرما دیجئو! اے اللہ! میں تجھ سے (تقدیر کے) فیصلہ کے بعد اس پر راضی ہونے کا اور مرنے کے بعد زندگی کی آسائش کا اور تیرے دیدار کی لذت کا اور بغیر کسی ضرر رساں بدحالی کے اور گمراہ کن فتنہ میں گرفتار ہوئے تیری ملاقات کے شوق کا سوال کرتا ہوں اور میں تیری پناہ لیتا ہوں اس سے کہ میں کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے اور اس سے کہ میں کسی پر زیادتی کروں یا مجھ پر زیادتی کی جائے اور میں کسی ایسی خطا یا گناہ کا ارتکاب کروں جسے تو معاف نہ فرمائے، اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، حاضر و غائب کا علم رکھنے والے، عظمت و جلال والے! میں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



باللّٰهِ شَهِيدًا' انى اشهد ان لَا اِلٰهَ الا انتَ وَحْدَكَ لَا شَريكَ لكَ' لَكَ الْمُلكُ۔ ولَكَ الحمدُ' وانتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قديرٌ ' واشهد انَّ مُحمدًا عَبْدُكَ وَرسولُكَ' واشهدُ انَّ وَعدكَ حَقٌّ' وَلقاء كَ حَقٌّ' وَالجنَّةَ حقٌّ' والنَّارَ حَقٌّ' والساعةَ حقٌّ' آتيةٌ لا ريبَ فيها۔ وانَّكَ تبعثُ مَنْ فى القُبورِ' وانَّكَ ان تَكِلنى الى نفسى تَكلْنى الى ضَعفٍ' وَعورَةٍ وَذنبٍ وَخطيئةٍ' وانى لا أثقُ الا برحمَتكَ ' فاغفِر لى ذُنوبى كلَّها' انه لا يغفرُ الذُّنوبَ الا انتَ۔ وتُبْ علىَّ إنَّكَ انتَ التَّوابُ الرَّحيمُ۔ )) [ رواه احمد والطبرانى' وصححه الحاكم' واخرجه ابن عاصم مختصرًا]

اس دنیا کی زندگی میں تجھ سے عہد کرتا ہوں اور تجھ کو گواہ بناتا ہوں اور تیری گواہی بہت کافی ہے کہ میں شہادت دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ اور کوئی لائق عبادت نہیں تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں' تیرا ہی سارا ملک ہے اور تیرے ہی لیے سب تعریف ہے اور تو ہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور اس بات کی بھی شہادت دیتا ہوں کہ تیرا وعدہ سچا ہے' تجھ سے ملنا برحق ہے اور قیامت ضرور آنے والی ہے اور اس میں کوئی شک وشبہ نہیں اور یہ کہ تو اہل قبور کو ضرور ان کی قبروں سے اُٹھائے گا اور یہ کہ تو اگر مجھ کو میرے نفس کے حوالہ کر دے گا تو یقیناً کمزوری' عیب' گناہ اور خطا کاری کے سپرد کر دے گا اور میں تیری رحمت کے سوا کسی چیز پر بھروسہ نہیں کرتا پس تو میرے تمام گناہ معاف فرما دے کیونکہ تیرے سوا اور کوئی گناہوں کو معاف کرنے والا نہیں ہے اور میری توبہ قبول فرما لے بے شک تو تو بڑا قبول کرنے اور بہت رحم فرمانے والا ہے۔ (احمد' طبرانی' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا اور ابن عاصم نے مختصر روایت کیا ہے) [ضعیف]

## الترغيب فى كلمات يقولهن حينَ ياوى الى فراشه وما جاء فيمن قام ولم يذكر اللّٰه

## بستر پر لیٹتے وقت دعائیں پڑھنے کی ترغیب اور اس شخص کا بیان جو اُٹھ کھڑا ہوا اور اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرے

(۵۲۷) ((عنِ البراءِ بنِ عَازبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النَّبىُّ ﷺ : اِذَا اَتيتَ مَضْجعكَ فَتَوَضَّأْ وُضوءَ كَ لِلصَّلَاةِ' ثمَّ اضطجعْ على شِقِّكَ الْايمنِ' ثُمَّ قُلْ: اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِىْ اِليكَ' وَوَجَّهتُ وَجْهِى اليكَ' وَفَوَّضْتُ امرى اليكَ' وَالجاْتُ ظَهرى رَغبةً وَرَهبةً مِنكَ وَاليكَ' لا مَلْجأَ وَلا مَنجا مِنكَ اِلا اليكَ آمنتُ بِكتابِكَ الذى انزلتَ وَبِنبيِّكَ الذى

(۵۲۷) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا جب بستر پر سونے کے لیے آؤ تو نماز کے وضو کی طرح پورا وضو کرو' پھر دائیں پہلو پر لیٹ کر یہ دُعا پڑھو: اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِىْ ...... وَبِنَبِيِّكَ الَّذِىْ اَرْسَلْتَ (اے اللہ! میں نے اپنی جان تیرے سپرد کر دی اور میں نے اپنا چہرہ تیری طرف کر دیا اور اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا اور میں نے تجھے اپنا پشت پناہ بنا لیا تیری (رحمت کی) رغبت اور تیرے (عذاب کے) خوف کی وجہ سے اور تیری پکڑ سے بچنے کا تیری رحمت کے سوا کوئی ٹھکانہ اور جائے پناہ نہیں ہے اور جو کتاب تو نے اُتاری ہے اس پر میں ایمان لے آیا اور

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ارسلتَ، فإنْ مُتَّ من لَيلتِكَ فأنتَ على الفِطرةِ واجْعَلْهُنَّ آخرَ ما تتكلّم بِه۔ قَالَ: فَرَدَّدْتُها على النَّبِي ﷺ ، فلمّا بَلغتُ بِكتابِكَ الذي انزلتَ، قُلتُ ورَسولِكَ قَالَ: لَا ونَبِيِّكَ الذي ارسلتَ۔)) [ متفق عليه وفي رواية البخاري والترمذي فإنك ان متَّ لَيلتك مُتَّ على الفِطرة، وإن اصبحت اصبتَ خيرًا]

جو نبی ﷺ تو نے بھیجا ہے اس پر بھی میں ایمان لے آیا ہوں) یہ پڑھنے کے بعد اگر رات کو موت آ گئی تو فطرت پر موت آئے گی اور ان کلمات کو سب سے آخر میں پڑھو' میں نے جب یہ کلمات نبی ﷺ کو سنائے تو بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ کے بعد میں نے ورسولک کہہ دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا نہیں ونبیک الذی ارسلت پڑھو (بخاری و مسلم' بخاری و ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ اگر رات کو فوت ہو گئے تو تمہاری موت فطرت پر ہو گی اور اگر صبح کو پا لیا تو خیر و بھلائی کو حاصل کرو گے) ۔

(۵۲۸) (( وعن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرو بنِ العاص عَنِ النَّبيِّ ﷺ : قال: خَصلتانِ او خلّتانِ لَا يُحافِظُ عَليهِما عَبدٌ مُسلمٌ الا دَخَلَ الجَنّةَ۔ هُما يَسيرٌ وَمَنْ يعملُ بِهما قَليلٌ۔ يُسبّحُ فى دُبرِ كُلِّ صَلاةٍ عشرًا، وَيَحمدُ عَشرًا، ويُكبّرُ عشرًا، فَذلكَ خمسونَ ومائةٌ بِاللسانِ، والفٌ وَخمسُ مائةٍ فى المِيزانِ وَيُكبّرُ اربعًا وثَلاثينَ اذا اخذَ مَضْجَعَهُ، وَيَحمد ثَلاثًا وثَلاثينَ، ويُسبحُ ثلاثًا وَثلاثينَ، فَذلكَ مائةٌ بِاللسانِ، والفٌ فى الميزانِ۔ وَلقد رَايتُ رَسولَ اللّٰه ﷺ : ، قَالوا۔ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ هُما يَسيرٌ ومَن يَعملَ بهما قَليلٌ؟ قَالَ: يَاتي احدُكُم يَعنى الشَّيطان فى مَنامِهِ فَينوّمُه قَبلَ ان يقولَهُ، وياتيه فى صلاتِهٖ فَيُذَكّره حاجَتَهٗ قبلَ ان يقولها۔)) [رواه ابوداود، واللفظ له، والترمذى وصححه۔]

(۵۲۸) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ دو خصلتیں یا دو خوبیاں ایسی ہیں کہ جو مسلمان بندہ بھی ان کی حفاظت کرے گا وہ جنت میں داخل ہو گا' یہ دونوں بہت آسان ہیں مگر ان کے مطابق عمل کرنے والے بہت تھوڑے ہیں اور وہ یہ کہ ہر نماز کے بعد دس بار سبحان اللہ پڑھو' دس بار الحمد للہ پڑھو' دس بار اللہ اکبر پڑھو' یہ زبان کے ساتھ ایک سو پچاس کلمات مگر میزان میں ایک ہزار پانچ سو نیکیاں ہوں گی اور رات کو سوتے وقت چونتیس مرتبہ اللہ اکبر پڑھو' تینتیس مرتبہ الحمد للہ پڑھو اور تینتیس مرتبہ سبحان اللہ پڑھو' یہ زبان کے ساتھ ایک سو کلمات مگر میزان میں ایک ہزار نیکیاں ہوں گی میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ ہاتھ کی اُنگلیوں کے ساتھ گرہ باندھا کرتے تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ کلمات آسان اور ان پر عمل کرنے والے تھوڑے کیوں ہیں؟ فرمایا: سوتے وقت شیطان آ جاتا ہے اور وہ انہیں پڑھنے سے پہلے سلا دیتا ہے اور نماز میں شیطان آتا ہے اور انہیں پڑھنے سے پہلے کوئی کام یاد دلاتا ہے (یہ الفاظ ابوداود کی روایت کے ہیں اور ترمذی نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵۲۹) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: مَنْ قَالَ: حِینَ یَأْوِی اِلَی فِرَاشِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیكَ لَهٗ ـ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ ـ وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، غُفِرَتْ لَهٗ ذُنُوبُهٗ اَوْ خَطَایَاهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ـ شك مسعر احد رواته ـ )) [رواه النسائی، وصححه ابن حبان، واللفظ له، وعند النسائی۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ وقال فی آخره ذُنُوبُهٗ غفرت له وَلَوْ كَانَتْ اَكْثَرَ۔]

(۵۲۹) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے بستر پر لیٹتے وقت یہ پڑھے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ........' الخ (اللہ کے سوا اور کوئی لائق عبادت نہیں' وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں' اسی کا ملک ہے اور اسی کی سب تعریف وستائش ہے اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے' نہ کسی میں طاقت ہے نہ قدرت مگر اللہ کی دی ہوئی اللہ ہر عیب اور برائی سے پاک ہے اور اللہ کے لئے ہی تعریف وستائش ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ ہی سب سے بڑا ہے) تو اس کے گناہ یا خطائیں معاف کر دی جائیں گی خواہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں' اس کے ایک راوی مسعر کو شک ہے کہ آپ نے ذنوب کا لفظ استعمال فرمایا یا خطایا کا (نسائی۔ یہ الفاظ ابن حبان کی روایت کے ہیں اور انہوں نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ نسائی کی روایت میں سبحان اللہ وبحمدہ ہے اور اس کے آخر میں کہا اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے خواہ وہ (سمندر کی جھاگ سے) زیادہ ہوں۔ [صحیح]

## الترغیب فی کلمات یقولهن اذا استیقظ من اللیل

## رات کو بیدار ہونے کے وقت کلمات پڑھنے کی ترغیب

(۵۳۰) (( عن عبادة بن الصَّامتِ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّیْلِ فَقَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیكَ لَهٗ ـ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ ـ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، وسُبْحَانَ اللّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِی او دَعَا استجیبُ لَهٗ۔ فَاِن توضَّا ثُمَّ صَلّٰی قُبِلَتْ صَلَاتُهٗ۔)) [رواه البخاری والاربعة۔

(۵۳۰) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص رات کو بیدار ہوا اور وہ یہ کہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ . . . اِلَّا بِاللّٰهِ (اللہ کے سوا اور کوئی لائق عبادت نہیں' وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں' اسی کا ملک ہے اور اسی کی سب تعریف وستائش ہے اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے' اللہ کے لیے ہی تعریف وستائش ہے اللہ تعالیٰ ہر عیب اور برائی سے پاک ہے' اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور اللہ ہی سب سے بڑا ہے نہ کسی میں طاقت ہے اور نہ قوت مگر اللہ کی دی ہوئی) پھر کہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ (اے اللہ! میرے گناہوں کو معاف فرما دے) یا جو دُعا بھی کرے تو اللہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قوله تعارَ بتشدید الراء ای استیقظ۔]

تعالیٰ اسے قبول فرمالیتا ہے اور اگر وضو کرے اور نماز پڑھے تو اس کی نماز کو قبول کرلیا جاتا ہے (بخاری' سنن اربعہ' تعار کے معنی ہیں بیدار ہونا)

## الترغیب فی اذکار یقولها بعد الصبح والعصر والمغرب

## صبح' عصر اور مغرب کے بعد اذکار کی ترغیب

(۵۳۱) (( عَنْ اَبِی ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَالَ: فی دُبرِ صلاةِ الفَجرِ وَهُوَ ثانٍ رِجلیهِ قبلَ انْ یَتکلَّمَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیكَ لَهٗ۔ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ عَشرَ مرّاتٍ' كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ عَشرَ حَسناتٍ' ومَحَی عَنْهُ عَشرَ سیئاتٍ' وَرَفعَ لَهُ عشرَ دَرجاتٍ' وَكانَ یَومَهُ ذٰلِكَ فی حِرزٍ مِن كُلِّ مَكروهٍ' وَحُرِسَ مِنَ الشَّیطانِ' وَلم یَنبغ لِذنبٍ ان یُدرِكَهُ فی ذٰلكَ الیومَ الا الشِّركَ بِاللّٰهِ۔)) [رواه الترمذی واللفظ له۔ وقال حسن صحیح۔ وزاد النسائی بیده الخیر وفیه: كانَ لهُ بِكلِّ وَاحدةٍ قَالها عِتقُ رقبةٍ' واخرجه النسائی من حدیث معاذ' وزاد فیه: ومن قَالَهُنَّ حینَ یَنصرِفُ من صلاة المغرب اُعطیَ مِثلَ ذٰلكَ فی لَیلتِهِ۔ وسنده حسن۔]

(۵۳۱) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص فجر کی نماز کے بعد' پاؤں کھڑا رکھنے کی حالت میں' کلام کرنے سے پہلے دس بار یہ پڑھے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ......' الخ (اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں ہے' وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں' اس کا سب ملک ہے اور اسی کی سب تعریف ہے' وہ جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے' اسی کے ہاتھ میں تمام تر خیر و بھلائی ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے) تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دے گا' دس برائیاں مٹا دے گا' دس درجات بلند فرما دے گا' اس کا دن ہر مکروہ بات سے محفوظ رہے گا' شیطان سے بھی اسے محفوظ کر دیا جائے گا اور شرک باللہ کے سوا اور کوئی گناہ اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا (یہ الفاظ ترمذی کی روایت کے ہیں اور ترمذی نے اسے حسن صحیح قرار دیا ہے' نسائی کی روایت میں بِیَدِہِ الْخَیْرُ کے لفظ بھی ہیں اور یہ بھی ہے کہ ہر دفعہ یہ کلمہ کہنے کا ثواب ایک گردن آزاد کرنے کے برابر ہے' نسائی نے اسے معاذ کے واسطے سے روایت کیا ہے کہ جو شخص نمازِ مغرب سے فارغ ہونے کے بعد یہ کلمات پڑھے تو اسے رات بھر یہ فوائد حاصل رہیں گے' اس کی سند حسن ہے) [حسن لغیرہ]

(۵۳۲) ((وعن الحارثِ بنِ مُسلمٍ التَّمیمی رضی اللہ عنہ قَالَ: قال لی النبیُّ ﷺ اذا

(۵۳۲) حضرت حارث بن مسلم تمیمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھ سے آنحضرت ﷺ نے یہ فرمایا کہ جب صبح کی نماز پڑھ لو تو بات

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



صلّيتَ الصُّبحَ فقُلْ: قبْلَ ان تتكلّمَ: اللّٰهُمَّ اَجرني مِنَ النّارِ سَبْعَ مرّاتٍ، فَاِنَّكَ اِن مُتَّ مِنْ يومِكَ كتب اللّٰه لك جوارًا مِنَ النّارِ۔ واذا صَلَّيتَ المغرِبَ فقلْ قَبْل اَنْ تَتَكلّمَ: اللّٰهُمَّ اَجْرني مِنَ النّارِ سَبْع مَرّاتٍ، فَاِنَّك اِنْ متَّ مِن لَيلتِكَ كَتَبَ اللّٰهُ لَكَ جَوارًا مِنَ النّارِ۔)) [رواه النسائي، وهٰذا لفظهٗ، وابوداوٗد، عن الحارث بن مسلم عَنْ اَبيه مسلم بن الحارث قَالَ المصنف وهو الصواب لان الحارث بن مسلم تابعي قاله ابو زرعة وابو حاتم الرازيان]

کرنے سے پہلے سات بار یہ کہو اللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ (اے اللہ! تو مجھے جہنم کی آگ سے بچا) اگر دن کو فوت ہو گئے تو اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ سے نجات لکھ دے گا اور جب مغرب کی نماز پڑھ لو تو پھر بھی بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھو اللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ اگر رات کو فوت ہو گئے تو اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ سے نجات عطا فرما دے گا (یہ الفاظ نسائی کی روایت کے ہیں۔ ابوداؤد نے اسے ''حارث بن مسلم سے اور انہوں نے اپنے باپ مسلم بن حارث سے روایت کیا ہے مصنف فرماتے ہیں کہ یہی بات درست معلوم ہوتی ہے کیونکہ حارث بن مسلم تابعی ہیں جیسا کہ ابوزرعہ اور حاتم رازی نے کہا ہے) [ضعیف]

## الترغيب في ما يقوله ويفعله من راى في منامه ما يكره

## اس بات کی ترغیب کہ ناپسندیدہ خواب دیکھ کر کیا پڑھے اور کیا کرے

(۵۳۳) ((عن جابر رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عن رسول اللّٰه ﷺ قَالَ: اذا رَاى اَحَدُكُمُ الرُّؤيا يَكْرَهُها فَلْيَبْصُقْ عَنْ يسَارِهٖ ثَلَاثًا وَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطانِ الرَّجيمِ ثَلَاثًا وَلْيَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِهِ الَّذِي كَانَ عَلَيْهِ)) [رواه مسلم، وابوداوود والنسائي]

(۵۳۳) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی برا خواب دیکھے تو اپنے بائیں جانب تین مرتبہ تھتکار دے اور تین مرتبہ اعوذ باللّٰه من الشيطان الرجيم پڑھے اور جس کروٹ پر سو رہا تھا اس کو بدل دے۔ (مسلم، ابوداؤد، نسائی)

(۵۳۴) ((وَعَنْ اَبي قتادة رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: الرُّؤيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰه، وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطانِ، فَمَنْ رَأى شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلْيَنفُثْ عَنْ شِمالِهٖ ثَلَاثًا۔ وَلْيَتعوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطانِ، فَاِنَّهَا لَا

(۵۳۴) حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے لہٰذا اگر کوئی خواب میں ناپسندیدہ چیز دیکھے تو اپنے بائیں جانب تین بار پھونک مار دے اور اعوذ باللّٰه من الشيطن الرجيم پڑھ لے اسے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ (بخاری و مسلم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



تَضُرُّهُ)) [ متفق عليه۔ و رواه الاربعة وفي رواية إِذَا رَأَى مَا يَكْرَهُه فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا وَ مِنَ الشَّيْطَانِ، وَلْيَتْفُلْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثًا، وَلَا يُحَدِّثْ بِهَا أَحَدًا۔ وَ عندهما عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ نحوه وفيه: شَيْئًا يَكْرَهُهُ فَلَا يَقُصُّهُ عَلَى أَحَدٍ وَ لْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ۔ قَالَ المصنف الحلم بضم المهملة واللام وتسكن هو الرؤيا۔ وبضم ثُمَّ سكون: رِطوبة الجماع في النوم قال وهو المُراد ههنا قوله فَلْيَتْفُلْ بضم الفاء وبكسر اى ليبزق وقيل التفل اقل من البزاق والنفث اقل مِنَ التفل۔]

اربعہ۔ ایک روایت میں ہے کہ جب کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اس کے اور شیطان کے شر سے اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگے' بائیں جانب تین بار تھوک دے اور کسی سے اس کا ذکر نہ کرے' بخاری و مسلم کی حدیث ابوہریرہ بھی اسی طرح ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ ناپسندیدہ چیز دیکھے تو اس کا کسی سے ذکر نہ کرے اور اُٹھ کر تہجد کی نماز پڑھے' مصنف فرماتے ہیں کہ حاء اور لام کے ضمہ کے ساتھ (اور لام کو ساکن بھی پڑھتے ہیں) حلم کے معنی خواب ہیں اور (حاء کے ضمہ اور لام کے سکون کے ساتھ) حلم کے معنی خواب میں احتلام کے ہیں اور یہاں یہی معنی مُراد ہیں' فلیتفل کے معنی ہیں تھوک دے' کہا گیا ہے کہ تفل' بزاق سے کم کو اور نفث' تفل سے کم کو کہتے ہیں)

## الترغيب في اذكار بعد الصلوات المكتوبات

## فرض نمازوں کے بعد اذکار کی ترغیب

(۵۳۵) ((عَنْ سُمَيّ عَنْ اَبِي صالح عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ انَّ فُقَراءَ الْمُهاجِرِينَ اَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالوا: ذَهَبَ اهلُ الدُّثورِ بِالدَّرجاتِ الْعُلٰى، وَالنَّعِيمِ الْمُقِيم۔ قَالَ: وَمَا ذاكَ؟ قَالَ: يُصَلُّونَ كما نُصَلِّي، وَيَصومونَ كما نَصومُ، وَيَتَصدَّقُونَ وَلَا نَتصدَّقُ وَيُعْتِقونَ وَلَا نُعْتِقُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : افَلا اُعَلِّمُكُمْ شَيْئًا تُدْرِكونَ بِهِ مَنْ سَبَقَكُمْ وَتَسْبِقُونَ بِهِ مَنْ بَعْدَكُمْ، وَلَا يَكُونُ احَدٌ افْضَلَ مِنْكُمْ اِلَّا مَنْ صَنَعَ مِثْلَ ما صَنَعْتُمْ؟

(۵۳۵) سمی' ابُو صالح سے اور وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ فقیر مہاجرین آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ مالدار لوگ بلند مراتب اور ابدی نعمتیں لے گئے' آپ ﷺ نے فرمایا وہ کیسے؟ عرض کیا وہ ہماری طرح نماز پڑھتے ہیں اور ہماری طرح روزے رکھتے ہیں لیکن وہ صدقہ کرتے ہیں اور ہم نہیں کرتے' وہ (غلاموں کو) آزاد کرتے ہیں اور ہم نہیں کرتے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جس کے ذریعہ تم ان لوگوں کے ساتھ مل جاؤ جو تم سے آگے ہیں اور ان پر سبقت لے جاؤ جو تم سے پیچھے ہیں اور کوئی بھی تم سے افضل نہ ہو سوائے اس کے کہ جو تمہاری طرح عمل کرے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! ضرور ارشاد فرمائیے! فرمایا تم ہر نماز کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز:

www.KitaboSunnat.com



قَالُوا: بَلٰی یا رَسُولَ اللّٰهِ۔ قَالَ: تُسَبِّحُونَ وَتُكَبِّرُونَ وَتَحْمَدُونَ دُبُرَ كُلِّ صَلاةٍ ثَلاثِين مَرَّةً ، قَالَ ابو صالح: فَرَجَعَ فُقَرَاءُ المُهاجِرِينَ الٰى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالُوا: سَمِعَ اِخْوانُنا اَهْلُ الاَمْوالِ بِما فَعَلْنا فَفَعَلُوا مِثْلَهُ۔ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشاءُ۔ قَالَ سُمَيٌّ: فَحَدَّثْتُ بَعْضَ اَهْلِي بِهذا الحديثِ، فَقَالَ: وَهِمْتَ۔ اِنَّما قَالَ لَكَ۔ تُسَبِّحُ ثَلاثًا وثَلاثِينَ۔ وَتَحْمَدُ ثَلاثًا وثَلاثِينَ ، وَتُكَبِّرُ اَرْبعًا وثَلاثِينَ۔ قَالَ ، فَرَجَعْتُ الٰى أبى صالحٍ ، فَقُلْتُ لَهُ ذٰلِكَ فَاَخَذَ بِيَدِى فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ ، وَسُبْحانَ اللّٰهِ ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، حَتّٰى بَلَغَ مِنْ جَمِيعِهِنَّ ثَلاثًا وثَلاثِينَ))

[متفق عليه واللفظ لمسلم وفي رواية له: مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ دُبُرَ كُلِّ صَلاةٍ ثَلاثًا وثَلاثِينَ، وَحَمِدَ اللّٰهَ ثَلاثًا وَثَلاثِينَ ، وَكَبَّرَ اللّٰهَ ثَلاثًا وثَلاثِينَ، فَتِلْكَ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ ، ثُمَّ قَالَ فِي تَمامِ المائَةِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ۔ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيءٍ قَدِيرٌ، غُفِرَتْ لَهُ خَطاياهُ، وَاِنْ كانَتْ مِثْلَ زَبَدِ البَحْرِ۔ واخرجه مالك وابن خزيمه اِلَّا اَنَّ مالكًا قَالَ: غُفِرَتْ له ذُنُوبُهُ وَلَوْ كانَتْ مِثْلَ زَبَدِ البَحْرِ۔ واخرجه ابوداود بلفظ قَالَ ابو ذَرٍّ: يا رَسُولَ اللّٰهِ۔ ذَهَبَ اَصْحابُ الدُّثُورِ

بعد تیس تیس بار سبحان اللہ الحمدللہ اور اللہ اکبر پڑھا کرو' ابوصالح بیان کرتے ہیں کہ فقیر مہاجرین دوبارہ پھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کرنے لگے کہ ہم نے جو عمل کیا اس کے بارہ میں ہمارے مالدار بھائیوں نے بھی سن لیا اور انہوں نے بھی اسی طرح عمل شروع کر دیا ہے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے وہ چاہتا ہے' اس سے نواز دیتا ہے' سمی بیان کرتے ہیں کہ جب میں نے اپنے بعض اہل خانہ سے یہ حدیث بیان کی تو انہوں نے کہا کہ تجھے وہم ہو گیا ہے' آنحضرت ﷺ نے تجھ سے یہ فرمایا تھا کہ ۳۳ مرتبہ تسبیح' ۳۳ مرتبہ تحمید اور ۳۴ مرتبہ تکبیر کہو' سمی کہتے ہیں کہ میں ابوصالح کے پاس گیا اور ان سے یہ کہا تو انہوں نے میرے ہاتھ کو پکڑا اور کہا اللہ اکبر' سبحان اللہ اور الحمدللہ حتیٰ کہ ان سب کو انہوں نے ۳۳ بار شمار کیا (بخاری و مسلم' یہ الفاظ مسلم کے ہیں اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ' ۳۳ مرتبہ الحمدللہ اور ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر پڑھے تو یہ ننانوے مرتبہ ہو گیا اور پھر اسے مکمل سو کرنے کے بعد ایک بار یہ پڑھ لے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيءٍ قَدِيرٌ تو اس کی خطائیں معاف کر دی جائیں گی خواہ وہ سمندر کی جھاگ جتنی ہوں۔ اسے امام مالک اور ابن خزیمہ نے بیان کیا ہے' امام مالک نے یہ الفاظ روایت کیے ہیں کہ اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ جتنے ہوں' ابوداؤد نے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے کہ ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا یارسول اللہ ﷺ! مالدار لوگ اجر و ثواب لے گئے کیونکہ یہ اپنے زائد اموال کو صدقہ کر دیتے ہیں جبکہ ہمارے پاس مال نہیں ہے جسے ہم صدقہ کریں' آپ ﷺ نے فرمایا! ابوذر کیا میں تمہیں کچھ ایسے کلمات نہ سکھا دوں جن کے ساتھ تم ان لوگوں سے مل جاؤ جو تم سے آگے ہیں۔۔۔۔ اس روایت میں یہ ہے کہ ہر نماز کے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بِالْاُجُورِ۔ وقَالَ فيه وَلَهُمْ فُضُولُ اموالٍ يَتصدّقونَ بها۔ وَلَيْسَ لَنا مَالٌ نَتصَدَّقُ بِهِ، فَقَالَ: يا ابا ذَرٍّ، أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِماتٍ تُدْرِكُ بها مَنْ سَبَقَكَ، وَقَالَ فيه: تُكَبِّرُ اللّٰهَ دُبُرَ كُلِّ صَلاةٍ ثَلاثًا وثَلاثينَ، وقَالَ فيه: وَتَخْتِمُها بِلا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ ورواه الترمذى والنسائى۔ وقوله الدُّثُور بضم اوله وتخفيف المثلثة هو المال الكثير۔]

بعد ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر پڑھو اور اسے لا الٰہ الا اللہ کے ساتھ ختم کرو۔ (ترمذی ونسائی' دثور کے معنی مال کثیر کے ہیں)

QURAN LEARNING & RESEARCH FOUNDATION • HYD. INDIA •

(۵۳۶) (( وَعَنْ مُعاذِ بنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ أخَذَ بِيَدِهِ يَوْمًا۔ ثُمَّ قَالَ ۔ يَا مُعاذُ۔ وَاللّٰهِ اِنِّي اُحِبُّكَ، فَقَالَ مُعاذٌ: بابى انتَ وَاُمِّي يا رَسُولَ اللّٰهِ، انا وَاللّٰهِ اُحِبُّكَ۔ قَالَ: وَاُوصيكَ يا مُعاذُ لا تَدَعَنَّ فى دُبُرِ كُلِّ صَلاةٍ انْ تَقولَ: اللّٰهُمَّ اعِنِّى عَلٰى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبادَتِكَ، وَاَوْصى بِذٰلِكَ مُعاذٌ الصنابحى)) [رواه ابوداود والنسائى، واللفظ له، وصححه ابن خزيمه وابن حبان، والحاكم]

(۵۳۶) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن ان کے ہاتھ کو پکڑا اور فرمایا: ''یا معاذ رضی اللہ عنہ واللہ میں تم سے محبت کرتا ہوں' حضرت معاذ نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں واللہ! میں بھی آپ سے محبت کرتا ہوں' فرمایا: معاذ میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ ہر نماز کے بعد ان کلمات کو پڑھنا کبھی بھی ترک نہ کرو: اللّٰهُمَّ اعِنِّى عَلٰى ذِكْرِكَ، وَشُكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ''اے اللہ! تو اپنا ذکر کرنے پر اور اپنا شکر ادا کرنے پر اور اپنی بہترین عبادت کرنے پر میری مدد فرما۔ حضرت معاذ نے صنابحی (۱) کو بھی یہ کلمات پڑھنے کی وصیت کی تھی (ابوداؤد' نسائی۔ یہ الفاظ نسائی کی روایت کے ہیں' ابن خزیمہ' ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

## الترغيب فى كلمات يقولهن من يفزع بالليل

## رات کو ڈر جانے والے کے لیے کلمات پڑھنے کی ترغیب

(۵۳۷) (( عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبيهِ عَنْ جَدِّهِ انَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ : اذا فَزِعَ

(۵۳۷) حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے

(۱) ابوعبید صنابحی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے مگر ان کی آمد سے پانچ یا چھ راتیں پہلے آپ انتقال فرما چکے تھے' یہ شام میں سکونت پذیر ہوئے' ابن سعد کہتے ہیں کہ یہ ثقہ مگر قلیل الحدیث ہیں۔ (ص ۱۸۷)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



احَدُكُمْ فِى النَّوْمِ، فَلْيَقُلْ۔ اَعوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ، وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ، وَمِنْ هَمَزاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَحْضُرُونِ فَاِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهٗ [وكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَمروٍ يُلَقِّنُهَا مَنْ عَقَلَ مِنْ وَلَدِهٖ وَمَنْ لَمْ يَعْقِلْ كَتَبَهَا فِى صَكٍّ، ثُمَّ عَلَّقَهَا فِى عُنُقِهٖ۔)) [رواه الثلاثة۔ وحسنهُ الترمذيُّ، واللفظ له، وصححهُ الحاكم۔ وليس عنده ولا عند النسائى ذكر النوم۔]

کوئی نیند سے ڈر جائے تو یہ پڑھے: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ، وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ، وَمِنْ هَمَزاتِ الشَّيَاطِينِ وَاَنْ يَحْضُرونِ (میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کی پناہ لیتا ہوں اور اس کے غضب سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیاطین کے وسوسوں اور اس سے کہ وہ (شیطان) میرے پاس بھی آ ئیں) اس سے اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ یہ تعوذ اپنے سمجھدار بچوں کو یاد کرا دیا کرتے تھے اور ناسمجھ بچوں کے لیے تختی پر لکھ کر گلے میں لٹکا دیتے تھے (ثلاثہ' یہ الفاظ ترمذی کے ہیں' انہوں نے اسے حسن قرار دیا ہے' حاکم نے اسے صحیح کہا ہے' حاکم اور نسائی کی روایت میں نیند کا ذکر نہیں ہے) [حسن لغیرہ]

(٥٣٨) (( وَعَنْ اَبِى التَّيَّاحِ قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ خَنْبَشٍ التَّمِيمِيِّ وَكَانَ كَبِيرًا، اَدْرَكْتَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ؟ قَالَ: نَعَمْ قُلْتُ: كَيْفَ صَنَعَ لَيْلَةَ كَادَتْهُ الجِنُّ الشَّيَاطِينُ قَالَ: اِنَّ الشَّيَاطِينَ تَحَدَّرَتْ تِلْكَ اللَّيْلَةَ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ مِنَ الاَوْدِيَةِ والشِّعَابِ۔ وَفِيهِمْ شَيْطَانٌ بِيَدِهٖ شُعْلَةٌ مِنْ نَارٍ يُرِيدُ أنْ يَحْرِقَ وَجْهَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ، فَهَبَطَ اِلَيْهِ جِبْرِيلُ فَقَالَ: يا مُحَمَّدُ قُلْ، قَالَ: ما أقولُ؟ قَالَ قُلْ أعُوذُ بِكلماتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرأَ وَبَرَأَ، وَمِنْ شَرِّ ما يَنْزِلُ مِنَ السَّماءِ، وَمِنْ شَرِّ ما يَعْرُجُ فِيها، وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهارِ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طارِقٍ اِلَّا طارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يا رَحْمٰنُ، قَالَ فَطُفِئَتْ

(٥٣٨) ابوالتیاح سے روایت ہے کہ میں نے عبدالرحمن بن خنبش تمیمی سے کہا جو کہ بہت بڑی عمر کے تھے کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی ہے؟ انہوں نے کہا جی ہاں! میں نے پوچھا آپ ﷺ نے اس رات کیا کیا جب جن شیطانوں نے آپ کے خلاف تدبیر کی تھی؟ انہوں نے بتایا کہ اس رات وادیوں اور گھاٹیوں سے اُتر کر شیاطین رسول اللہ ﷺ کے پاس جمع ہو گئے' ان میں سے ایک شیطان کے ہاتھ میں آگ کا شعلہ تھا اور وہ رسول اللہ ﷺ کے رُخِ انور کو جلا دینا چاہتا تھا کہ جبریل نازل ہو گئے اور انہوں نے کہا یا محمد ﷺ کہیے' فرمایا کیا کہوں؟ جبریل نے کہا یہ کہو اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ . . . . يا رَحْمٰنُ (میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کی پناہ لیتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا فرمائی' جو اس نے زمین کے اندر پیدا فرمائی اور جو زمین سے پھوٹ کر نکلتی ہے اور اس چیز کے شر سے جو آسمان سے اُترتی ہے اور جو آسمان پر چڑھتی ہے اور رات دن کے فتنوں کے شر سے اور رات دن کے واقعات و حادثات کے شر سے بجز اس واقعہ کے جو خیر کو لائے اے بے حد رحم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



نارُھُم۔ وَھَزمَھُمُ اللّٰہُ تَبارَکَ وَتَعَالی۔)) [رواہ احمد وابویعلیٰ بسندین جیدین محتج بھما۔ ورواہ مالك في الموطا عن یحییٰ بن سعید مرسلا' واخرجه النسائی من حدیث ابن مسعود بنحوہ۔ وخنبش بفتح الخاء وسکون النون وفتح الموحدۃ بعدہ معجمۃ۔]

کرنے والے) اس سے ان کی آگ گل ہوگئی اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے انہیں شکست دے دی (احمد وابویعلیٰ نے اسے دو جید سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے جو قابل استدلال ہیں' امام مالک نے اسے موطا میں یحییٰ بن سعید سے مرسلاً روایت کیا ہے' نسائی نے اسے بروایت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرمایا ہے)[حسن]

## الترغیب فیما یقول اذا خرج من بیته الی المسجد وغیرہ واذا دخلھما

### گھر سے مسجد وغیرہ میں جاتے اور ان میں داخل ہوتے وقت دُعا پڑھنے کی ترغیب

(۵۳۹) ((عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: اذا خَرَجَ الرَّجُلُ مِنْ بَیْتِهِ فَقَالَ بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ یُقَالُ لَهُ حَسْبُكَ ھُدِیتَ وَکُفِیتَ وَوُقِیتَ۔ وَتَنَحّٰی عَنْهُ الشَّیْطَانُ۔)) [رواہ الترمذی وحسنه۔ والنسائی وصححه ابن حبان' واخرجه ابوداود وزاد فی آخرہ فیقول له شیطان آخر کیف لك برجل ھدی وکفی ووقی۔]

(۵۳۹) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آدمی اپنے گھر سے نکلتے ہوئے یہ پڑھ لے: بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ. وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ (اللہ کے نام کے ساتھ' میں نے تو اللہ پر بھروسہ کیا ہے اللہ (کی مدد) کے بغیر نہ کوئی طاقت میسر ہے اور نہ قوت!) تو اس سے کہا جاتا ہے ''تجھے کافی ہے' تو ہدایت دیا گیا' کفایت کیا گیا اور بچالیا گیا ہے اور شیطان اس سے دور ہو جاتا ہے (نسائی' ترمذی نے اسے حسن اور ابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے' ابوداؤد کی روایت کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں' ایک دوسرا شیطان اس سے کہتا ہے کہ اس آدمی پر تمہارا داؤ کیسے چلے گا جو ہدایت دیا گیا' کفایت کیا گیا اور بچالیا گیا ہے) [صحیح]

(۵۴۰) ((وَعَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ سَمِعَ رَسُولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقولُ: اذا دَخَلَ الرَّجُلُ بَیْتَهُ۔ فَذَکَرَ اللّٰہَ عِندَ دُخولِه' وَعِندَ طَعامِه قال الشیطان لا مَبیتَ لکم' وَلا عشاءَ' وَاِذا دَخلَ فلم یذکُرِ اللّٰہَ عِندَ دُخولِه۔ قَالَ

(۵۴۰) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت اور کھانا کھاتے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے تو شیطان کہتا ہے کہ تمہارے لیے یہاں شب بسر کرنے کی جگہ نہیں ہے اور نہ کھانا ہے اور جب گھر میں داخل ہوتے وقت آدمی اللہ تعالیٰ کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الشَّيطانُ: ادرکتُم المَبيتَ، واِذا لَم يَذکُرِ اللّٰهَ عندَ طَعامِه قَالَ الشَّيطانُ ادرکتُم المَبِيْتَ والعشاءَ۔ )) [رواه مسلم والاربعة]

ذکر نہ کرے تو شیطان کہتا ہے کہ تم نے شب بسر کرنے کی جگہ پالی ہے اور جب وہ کھانا کھاتے ہوئے بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرے تو شیطان کہتا ہے کہ تم نے شب بسر کرنے کی جگہ اور کھانا کھانے کی جگہ پالیا ہے۔ (مسلم، اربعہ)

## الترغيب فيما يَقولُ من حصلت له وسوسة فى الصلاة وغيرها

### نماز وغیرہ میں وسوسہ کا شکار ہونے والے کے لیے دُعا پڑھنے کی ترغیب

(۵۴۱) (( عَنْ عُثْمانَ بنِ ابى العاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ انَّهُ اَتَى النَّبىَّ ﷺ فَقالَ يا رَسُولَ اللّٰهِ انَّ الشَّيْطانَ قَدْ حالَ بَيْنى وَبَيْنَ صَلاتى وَقِراءَتى يُلَبِّسُ عَلَيَّ، فَقَالَ ذٰلِكَ شَيْطانٌ يُقَالَ لَهُ : خِنزَبٌ ، فَاِذا احْسَسْتَهُ فَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْهُ وَاتْفُلْ عَلى يَسارِكَ ثَلاثًا۔ قَالَ: فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَذْهَبَهُ اللّٰهُ عَنِّى۔)) [رواه مسلم، خِنزَبٍ بكسر المعجمة وسكون النون وفتح الزاى بعدها موحدة۔]

(۵۴۱) حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کرنے لگے: یارسول اللہ ﷺ! شیطان میرے اور میری نماز وقراءت میں حائل ہوکر خلل ڈالتا ہے، فرمایا یہ ایک شیطان ہے جسے خنزب کہا جاتا ہے، جب تم اسے محسوس کرو تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس سے پناہ مانگ لیا کرو اور اپنے بائیں جانب تین بار تھتکار دیا کرو، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے جب اسی طرح کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس شیطان کو مجھ سے دور کردیا۔ (مسلم)

(۵۴۲) (( وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْها انَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِنَّ اَحَدَكُم يَاْتِيهِ الشَّيْطانُ فَيَقولُ: مَنْ خَلَقَكَ؟ فَيَقولُ: اللّٰه، فَيَقولُ مَنْ خَلَقَ اللّٰهَ؟ فَاِذا وَجَدَ ذٰلِكَ اَحَدُكُم فَلْيَقُلْ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يَذْهَبُ عَنْهُ۔)) [رواه احمد بسند جيّد وابويعلى والبزار، واخراجه الطبرانى فى الاوسط من حديث عبد اللّٰه بن عمرو۔ ورواه احمد ايضاً من حديث

(۵۴۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ شیطان تم میں سے کسی کے پاس آ کر کہتا ہے کہ تجھے کس نے پیدا کیا ہے؟ وہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے، تو شیطان کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا۔ جب تم میں سے کوئی یہ پائے تو وہ کہہ دے اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (میں اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ ایمان رکھتا ہوں) اس سے شیطان کا اثر ختم ہو جائے گا (احمد بسند جید، ابویعلیٰ، بزار، طبرانی اوسط بروایت عبداللہ بن عمرو احمد نے اسے بروایت خزیمہ بن ثابت بھی بیان کیا ہے) [صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



خزيمة ابن ثابت]

(۵۴۳) (( وَعَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : يَاْتِى الشَّيْطَانُ اَحَدَكُمْ فَيَقُولُ: مَنْ خَلَقَ كَذَا مَنْ خَلَقَ كَذَا حتّٰى يقول مَنْ خَلَقَ رَبَّكَ، فَاِذا بَلَغَهُ فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ وَلْيَنْتَهِ۔)) [متفق عليه وفى رواية مسلم فَلْيَقُلْ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسولِهٖ وفى رواية لابى داوود والنسائى فقولوا: اللّٰهُ اَحَدٌ اللّٰهُ الصَّمَدُ، لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، ثُمَّ لِيَتْفُلْ عَنْ يسارِهٖ ثَلاثًا، وَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطانِ۔ وفى رواية للنسائى فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْهُ، وَمِنْ فِتْنَتِهٖ۔]

(۵۴۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شیطان تم میں سے ایک کے پاس آ کر یہ کہتا ہے کہ اس کو کس نے پیدا کیا، اس کو کس نے پیدا کیا حتیٰ کہ وہ کہتا ہے کہ تیرے ربّ کو کس نے پیدا کیا، جب آدمی یہاں تک پہنچ جائے تو اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہے اور رُک جائے (بخاری و مسلم۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ اس موقعہ پر کہے آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا) (ابوداؤد و نسائی کی روایت میں ہے کہ تم کہو: اَللّٰهُ اَحَدٌ ، اَللّٰهُ الصَّمَدُ، لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اور پھر اپنے بائیں جانب تین بار تھتکار دے اور شیطان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہے، نسائی کی ایک روایت میں ہے کہ شیطان اور اس کے فتنہ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہے)

## الترغيب فى الاستغفار

## استغفار کی ترغیب

(۵۴۴) (( عَنْ اَنَسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يقولُ: قَالَ اللّٰهُ: يا ابْنَ آدَمَ اِنَّكَ ما دَعَوْتَنى وَرَجَوْتَنى غَفَرْتُ لَكَ ما كانَ مِنْكَ وَلَا اُبالى، يا ابْنَ آدَمَ لَوْ بَلَغَتْ ذُنُوبُكَ عَنانَ السَّماءِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِى غَفَرْتُ لَكَ وَلا اُبالى، يا ابْنَ آدَمَ، اِنَّكَ لَوْ اَتَيْتَنى بِقُرابِ الارْضِ خَطايا، ثُمَّ لَقِيتَنى لا تُشرِكُ بى شيئًا لَاَتَيْتُكَ بِقُرابِها مَغْفِرَةً)) [ رواه الترمذى۔ وقَالَ: حسن غريب۔ العَنان بفتح المهملة

(۵۴۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ابن آدم! بے شک تو جب تک مجھ سے دُعا مانگتا رہے گا اور مغفرت کی اُمید رکھے گا تو میں تجھ کو معاف کرتا رہوں گا خواہ تیرے کتنے ہی گناہ کیوں نہ ہوں اور مطلق پرواہ نہ کروں گا۔ اے ابن آدم! اگر تیرے گناہ (زمین سے) آسمان کی بلندی تک بھی پہنچ جائیں اور پھر تو مجھ سے مغفرت طلب کرے تو میں تیرے گناہ معاف کر دوں گا، اے ابن آدم! اگر تو زمین بھر گناہ بھی میرے سامنے لائے اور پھر تو میرے سامنے اس حالت میں پیش ہو کہ تو نے میرے ساتھ کسی بھی چیز کو شریک نہ کیا ہو تو میں بھی زمین بھر مغفرت تیرے پاس لاؤں گا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


ونونين السحاب۔ وقُراب بضم القاف ما يقارب الشی ء]

(ترمذی نے اس حدیث کو حسن غریب قرار دیا ہے' عنان کے معنی بادل اور قراب کے معنی جو کسی چیز کے قریب ہو) [حسن لغیرہ]

(۵۴۵) (( وَعَنْ اَبی سَعِیدٍ الْخُدرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبیِّ ﷺ قَالَ: قَالَ اِبْلِیسُ: وَعِزَّتِكَ لَا ابْرَحُ اغْوی عِبادكَ ما دَامَتْ اَرْوَاحُهُمْ فی اَجْسادِهِمْ' فَقَالَ وَعِزَّتی وَجَلالی لاَ ازالُ اغْفِرُ لَهُمْ ما اسْتَغْفَرُونی۔)) [رواہ احمد و صححه الحاکم]

(۵۴۵) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا' ابلیس نے کہا اے اللہ مجھے تیری عزت کی قسم میں تیرے بندوں کو اس وقت تک گمراہ کرتا رہوں گا جب تک ان کے جسموں میں روحیں باقی رہیں گی' اللہ تعالیٰ نے فرمایا مجھے میرے عزت و جلال کی قسم میں اس وقت تک انہیں معاف کرتا رہوں گا جب تک وہ مجھ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے رہیں گے۔ (احمد' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن لغیرہ]

(۵۴۶) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ لَزِمَ الاسْتِغْفارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا' وَمِنْ كُلِّ ضِیقٍ مَخْرَجًا' وَرَزَقَهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ۔)) [رواہ الاربعة الا الترمذی وصححه الحاکم]

(۵۴۶) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص استغفار کو اپنا معمول بنا لے' اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر تنگی سے نکلنے کے اسباب پیدا فرما دیتا ہے' اسے ہر دکھ سے نجات عطا کرتا ہے اور اسے اس جگہ سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اسے گمان بھی نہیں ہوتا۔ (سنن ثلاثہ' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۵۴۷) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ یَقولُ: طُوبٰی لِمَنْ وُجِدَ فی صَحِیفَتِهِ اسْتِغْفارٌ كَثِیرٌ)) [ رواہ ابن ماجه وسنده صحیح۔ والبیهقی من حدیث الزُّبَیْر مَنْ احَبَّ انْ یَسُرَّهُ صَحِیفَتُهُ فَلْیُكْثِرْ فِیها مِنَ الْاسْتِغْفَارِ۔]

(۵۴۷) حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ خوش بختی ہوگی اس شخص کے لیے جس کے نامہ اعمال میں استغفار کثرت سے ہوگا۔ (ابن ماجہ' اس کی سند صحیح ہے اور بیہقی میں بروایت زبیر یہ الفاظ ہیں کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ اس کا نامۂ اعمال اسے خوش کر دے اسے اس میں استغفار کثرت سے شامل کرنا چاہئے) [صحیح]

(۵۴۸) (( وَعَنْ اُمِّ عِصْمَةَ العَوْصِیَّةِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنها قَالتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : ما مِنْ مُسْلِمٍ یَعْمَلُ ذَنْبًا اِلَّا وَقَفَ المَلَكُ ثَلَاثَ سَاعاتٍ۔ فاِنِ اسْتَغْفَرَ مِنْ ذَنْبِهِ لَمْ

(۵۴۸) حضرت ام عصمہ عوصیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو مسلمان کوئی بھی گناہ کرتا ہے تو فرشتہ تین گھڑیاں رُک جاتا ہے اگر وہ اپنے گناہ سے استغفار کر لے تو وہ اسے اس کے نامہ اعمال میں نہیں لکھتا اور قیامت کے دن اللہ اسے عذاب

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



یکتبه عَلَیْهِ ، وَلَمْ یُعَذِّبْهُ اللّٰه یَوْمَ القِیامَةِ))
[رواه الحاکم، وقَالَ: صحیح الإسناد۔]

نہیں کرے گا۔ (حاکم نے اسے صحیح الاسناد قرار دیا ہے) [ضعیف جدا]

(۵۴۹) ((وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: وَاذُنُوبَاهُ وَاذُنُوبَاهُ، وَاذُنُوبَاهُ فَقَالَ هذا القَوْلَ مَرَّتَیْنِ اَوْ ثَلَاثًا، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: قُلْ: اللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوبِی وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰی عِنْدِی مِنْ عَمَلِی، فَقَالَهَا ثُمَّ قَالَ: عُدْ فَعَادَ، ثُمَّ قَالَ: عُدْ فَعَادَ ثُمَّ قَالَ: قُمْ فَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ۔)) [رواه الحاکم، وقَالَ: رواته مدنیون لا یعرف واحد منهم بجرح۔]

(۵۴۹) حضرت عبداللہ بن محمد بن جابر بن عبداللہ اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور اس نے کہا کہ ہائے میرے گناہ! ہائے میرے گناہ! ہائے میرے گناہ! اس نے یہ بات دو یا تین مرتبہ کہی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ کہو: اللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوبِی وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰی عِنْدِی مِنْ عَمَلِی، (اے اللہ! تیری مغفرت میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے اور تیری رحمت میرے عمل سے زیادہ اُمید افزاء ہے) پھر فرمایا یہ کلمات پھر کہو اس نے کہے تو آپ ﷺ نے فرمایا ایک بار پھر کہو اس نے کہے تو آپ ﷺ نے فرمایا اُٹھو اللہ تعالیٰ نے تمہارے گناہ معاف فرما دیئے ہیں۔ (حاکم فرماتے ہیں کہ اس کے تمام راوی مدنی ہیں اور ان میں سے کسی پر جرح نہیں ہے) [ضعیف]

# کتاب الدعاء وذکر ابوابه

## الترغیب فی کثرة الدعاء وما جاء فی فضله

## کثرت دُعاء کی ترغیب وفضیلت

(۵۵۰) ((عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَقُولُ: انا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِی بِی ، وَاَنَا مَعَهُ اذا دَعَانِی۔)) [متفق علیه]

(۵۵۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے ساتھ اسی طرح کا معاملہ کرتا ہوں جس طرح وہ میرے ساتھ گمان رکھتا ہے[1] اور میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھ سے دُعاء کرتا ہے۔ (بخاری ومسلم)

(۱) یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے سے اس کے گمان کے مطابق معاملہ کرتا ہوں اور اس کے ساتھ وہی کرتا ہوں جس کی وہ مجھ سے توقع رکھتا ہے لہٰذا اسے مجھ سے اچھی اُمید رکھنی چاہئے یعنی اُمید خوف پر غالب ہونی چاہئے' یہاں ظن کی تفسیر علم سے بھی ممکن ہے یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ بندہ میرے بارہ میں جو یقین وعلم رکھتا ہے کہ اس نے میرے پاس آنا ہے تو میں اس کے یقین وعلم کے مطابق معاملہ کرتا ہوں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵۵۱) (( وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ : الدُّعاءُ هُوَ العِبَادَةُ ، ثُمَّ قَرَأَ: وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي اسْتَجِبْ لَكُمْ۔ الآيه)) [ رواه الاربعة واللفظ والترمذى]

(۵۵۱) حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا دُعاء ہی عبادت ہے‘ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی (ترجمہ) ”تمہارے ربّ نے فرمایا ہے‘ مجھ سے دُعا مانگا کرو‘ میں تمہاری دُعا قبول کروں گا“۔ (سنن اربعہ‘ یہ الفاظ ترمذی کی روایت کے ہیں) [صحیح]

(۵۵۲) (( وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ انَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : مَنْ سَرَّهُ انْ يَسْتَجِيبَ اللّٰهُ لَهُ عِنْدَ الشَّدائِدِ فَلْيُكْثِرِ مِنَ الدُّعاءِ في الرَّخاءِ۔)) [رواه الترمذى والحاكم‘ واخرجه من حديث سلمان ايضاً‘ وقَالَ فى كل منهما : صحيح الاسناد]

(۵۵۲) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جوشخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی دُعا سختیوں اور مصیبتوں کے وقت قبول فرمائے‘ اسے چاہئے کہ وہ فراخی اور خوشحالی میں بھی کثرت سے دُعا مانگا کرے۔ (ترمذی‘ حاکم نے اسے بروایت سلمان بھی بیان کیا ہے اور دونوں کے بارہ میں کہا کہ یہ صحیح الاسناد ہیں) [حسن]

(۵۵۳) (( وَعَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ انَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ما مِنْ مُسْلِمٍ يَنْصِبُ وَجْهَهُ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فى مَسْالَةٍ اِلَّا اعطا اللّٰهُ ايَّاها: امَّا انْ يُعَجِّلَها لَهُ‘ وَامَّا انْ يَدَّخِرَها له فى الآخره)) [رواه احمد بسند لا باس فيه۔]

(۵۵۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو مسلمان بھی کسی چیز کے مانگنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی جانب اپنا منہ اُٹھاتا ہے (اور دُعا کرتا ہے) تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز ضرور عطا فرما دیتا ہے‘ یا اس کے لیے اسے آخرت میں ذخیرہ کر دیتا ہے۔ (احمد نے اسے لا باس بہ سند کے ساتھ روایت کیا ہے) [صحیح لغیرہ]

(۵۵۴) (( وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : لاَ تعجزوا فى الدُّعاءِ‘ فَاِنَّهُ لَنْ يَهْلِكَ مَعَ الدُّعاءِ احَدٌ)) [رواه ابن حبان والحاكم]

(۵۵۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دُعاء میں کوتاہی نہ کرو کہ دُعاء کے ساتھ کوئی ہلاک نہ ہوگا[1] (ابن حبان وحاکم) [ضعیف جذا]

(۵۵۵) (( وَعَنْ سَلْمانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : اِنَّ اللّٰهَ حَيِيٌّ

(۵۵۵) حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ باحیا اور کریم ہے جب کوئی آدمی اپنے

(۱) یہ حدیث سخت ضعیف ہے‘ ملاحظہ فرمائیے سلسلہ الاحادیث الضعیفہ ج۲‘ ص ۲۳۹ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



كَرِيْمٌ يستحيى اذا رَفَعَ الرَّجُلُ اِلَيْهِ يَدَيْهِ اَنْ يَرُدَّهما صِفْرًا خائِبَتَيْنِ۔)) [ رواه الاربعة اِلاَّ النسائى' وصححه ابن حبان والحاكم۔ الصِفْر بكسر المهملة وسكون الفاء هو الفارغ من كل شيء]

دونوں ہاتھوں کو اُٹھاتا ہے تو انہیں خالی نامراد لوٹاتے ہوئے اسے حیا آتی ہے (نسائی کے سوا اسے اربعہ نے روایت کیا ہے' ابن حبان و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے صفر کے معنی خالی ہیں) [صحیح]

(۵۵٦) (( وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْها قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : لا يُغْنى حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ ' وَالدُّعاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ' وَاِنَّ الْبَلَاءَ لَيَنْزِلُ فَيلقاهُ الدُّعاءُ فَيَعْتَلِجانِ الٰى يَوْمِ الْقِيامَةِ)) [رواه البزار والطبرانى' والحاكم وصححه۔ وقوله يَعْتَلِجانِ هو بالجيم اى يتصارعان ويتدافعان۔]

(۵۵٦) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ احتیاط قضا وقدر سے بچنے میں کچھ فائدہ نہیں دیتی ہاں البتہ اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگنا اس (آفت ومصیبت) میں بھی نفع پہنچاتا ہے جو نازل ہو چکی اور اس (آفت ومصیبت) میں بھی جو ابھی تک نازل نہیں ہوئی' اور بے شک بلا نازل ہونے کو ہوتی ہے کہ اتنے میں دُعا اس سے جا ملتی ہے اور ان دونوں میں قیامت تک کشمکش ہوتی رہتی ہے (اور انسان دُعاء کی برکت سے اس آفت ومصیبت سے بچ جاتا ہے) (طبرانی' بزار' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے یَعْتَلِجان کے معنی دونوں کا باہم دگر کشمکش میں مبتلا ہونا ہے) [حسن]

(۵۵۷) (( وَعَنِ ابْنِ مَسْعودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ايضاً قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ نَزَلَتْ بِهِ فاقة فَاَنْزَلَها بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فاقَتُهُ وَمَنْ نَزَلَتْ بِهِ فَاقَةٌ فَاَنْزَلَها بِاللّٰهِ فَيُوشِكُ اللّٰهُ لَهُ بِرِزْقٍ عَاجِلٍ اوْ آجِلٍ)) [رواه ابوداود والترمذى وصححه هو والحاكم۔]

(۵۵۷) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص پر فاقہ نازل ہو اور وہ اسے لوگوں پر ڈال دے۔[1] تو اس کا فاقہ دور نہ ہوگا اور جس شخص پر فاقہ نازل ہو اور وہ اسے اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے جلد یا بدیر رزق سے نوازے۔ (ابوداؤد' ترمذی و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

## الترغيب فى كلمات يستفتح بها وفى بعض ما جاء فى اسم اللّٰه الاعظم

## کلمات استفتاح کی ترغیب اور اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کے بارہ میں بعض روایات

(۵۵۸) (( عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبيهِ

(۵۵۸) حضرت عبداللہ بن بُریدہ اپنے باپ سے روایت کرتے

(۱) یعنی لوگوں سے اس کے ازالہ کے لیے مطالبہ کرے اور اپنے رب کی طرف رجوع نہ کرے اور جو شخص اپنے رب سے یہ طلب کرے کہ وہ اس کے رزق میں اضافہ کرے یا اس کی مشکل کو آسان کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی دُعاء کو قبول فرمائے گا اس کی تنگی کو آسانی سے بدل دے گا اور مشکل سے نکلنے کی سبیل پیدا فرما دے گا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ سَمِعَ رَجُلًا يَقولُ اللّٰهُمَّ انّى اسالُكَ بِاَنّى اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذى لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ فَقَالَ لَقَدْ سَالْتَ اللّٰهَ بِالاسْمِ الَّذى اذا سُئِلَ بِهٖ اعْطٰى واذا دُعِىَ بِهٖ أجابَ۔ )) [رواه الاربعة الا النسائى وصححه ابن حبان والحاكم وقَالَ فى روايته باسمه الاعظم وقال ابن المفضل المقدسى واسناده لا مطعن فيه وليس فى الباب اجود اسنادا منه۔]

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو یہ دُعا کرتے ہوئے سنا: اَللّٰهُمَّ انّى اَسْاَلُکَ بِاَنّى اَشْهَدُ أَنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذى لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَد. فرمایا تم نے اللہ تعالیٰ کے اس نام کے ساتھ سوال کیا ہے جس کے ساتھ سوال کیا جائے تو وہ عطا فرماتا ہے اور جس کے ساتھ دُعا کی جائے تو وہ قبول فرماتا ہے (نسائی کے سوا اربعہ نے روایت کیا اور ابن حبان و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے' ایک روایت میں ہے کہ تم نے اللہ کے ''اسم اعظم'' کے ساتھ سوال کیا ہے۔ ابن مفضل مقدسی کہتے ہیں کہ اس کی سند میں کوئی طعن نہیں اور اس باب میں اس سے زیادہ جید سند والی اور کوئی روایت نہیں ہے) [صحیح]

(۵۵۹) (( وَعَنْ مُعاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعَ النَّبِىُّ ﷺ رَجُلًا وَهُوَ يَقولُ: يا ذا الْجَلَالِ وَالِاكْرامِ۔ فَقَالَ قَدِ اسْتُجِيبَ لَكَ فَسَلْ۔)) [ رواه الترمذى وقَالَ حديث حسن]

(۵۵۹) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک آدمی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ يا ذا الْجَلَالِ وَالِاكْرام (اے عظمت وجلال اور احسان واکرام کے مالک) تو فرمایا تم دُعا کرو تمہاری دُعا قبول ہوگی۔ (ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۵۶۰) (( وَعَنْ اَبى اُمَامَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ لِلّٰهِ مَلَكًا مُوَكَّلًا بِمَنْ يَقولُ يا اَرْحَمَ الرَّاحِمينَ۔ فَمَنْ قَالَها ثَلاثًا۔ قَالَ الْمَلَكُ انَّ ارْحَمَ الرَّاحِمينَ قَدْ قَبِلَ عَلَيْكَ فَسلْ۔)) [رواه الحاكم]

(۵۶۰) حضرت ابو اُمامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے یا ارحم الراحمین کہنے والے کے ساتھ ایک فرشتہ مقرر کر دیا ہے' جو شخص تین بار یہ کلمہ کہے تو فرشتہ کہتا ہے کہ ارحم الراحمین تیری طرف متوجہ ہے تو اس سے سوال کر۔ (حاکم) (۱) [ضعیف]

(۵۶۱) (( وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْها سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقولُ : اَللّٰهُمَّ اِنّى

(۵۶۱) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ دُعا کرتے ہوئے سنا کہ اے اللہ! میں تجھ سے تیرے

(۱) اس کی سند میں فضال نامی راوی ہے۔ ذہبی کہتے ہیں لیس بشی یعنی کچھ بھی نہیں۔ از ہر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الاحَبِّ اِلَيْكَ الَّذِى اذا دُعِيتَ بِهِ اجَبْتَ، وَاذا سُئِلْتَ بِهِ أَعْطَيْتَ، وإِذَا اسْتُرْحِمْتَ بِهِ رَحِمْتَ، وَإِذا اسْتُفْرِجْتَ بِهِ فَرَّجْتَ۔ قَالَتْ فَقَالَ يَوْمًا يَا عائِشَةُ هَلْ عَلِمْتِ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ دَلَّنى عَلَى الاسْمِ الَّذِى اذا دُعِيَ بِهِ اجابَ؟ فَقُلْتُ بِابى وَأُمِّى عَلِّمْنِيهِ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، اِنَّهُ لَا يَنْبَغِى لَكِ۔ قَالَتْ: فَتَنَحَّيْتُ، وَجَلَسْتُ ساعَةً، ثُمَّ قُمْتُ فَقَبَّلْتُ رأسَهُ۔ ثُمَّ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيهِ. قَالَ اِنَّهُ لا يَنْبغى لَكِ يا عَائِشَةُ انْ أُعَلِّمَكِ، اِنَّهُ لا يَنْبغى انْ تسْالى بِهِ شَيْئًا لِلدُّنْيا، قَالَتْ فَقُمْتُ وَتوضَّأْتُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ۔ ثُمَّ قُلْتُ، اللّٰهُمَّ انِّى ادْعُوكَ اللّٰهَ، وَادْعُوكَ الرَّحْمٰنَ، وَادْعُوكَ الْبَرَّ الرَّحِيمَ، وَادْعُوكَ بِاسْمائِكَ الْحُسْنٰى كُلِّها ما عَلِمْتُ مِنْها وَمَا لَمْ اعْلَمْ: انْ تَغْفِرَ لى وَتَرْحَمَنى۔ قَالَتْ فَاسْتَضحَكَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ثُمَّ قَالَ: إِنَّهُ لَفِى الاسْماءِ الَّتى دَعَوْتِ بِها۔)) [رواه ابن ماجه]

اس طاہر، طیب، مبارک اور پسندیدہ نام سے سوال کرتا ہوں کہ جس کے ذریعہ جب تجھ سے دُعا کی جائے تو تُو قبول فرماتا ہے، جب سوال کیا جائے تو پورا فرما دیتا ہے، جب رحم طلب کیا جائے تو تُو رحم فرما دیتا ہے اور جب مشکل سے نجات طلب کی جائے تو تُو نجات عطا فرما دیتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عائشہ رضی اللہ عنہا کیا تمہیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنا وہ اسم اعظم بتا دیا ہے کہ جس کے ذریعہ دُعا کی جائے تو وہ اسے ضرور قبول فرماتا ہے؟ میں نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پر نثار ہوں، وہ مجھے بھی سکھا دیجئے؟ فرمایا عائشہ رضی اللہ عنہا، نہیں وہ تمہارے لائق نہیں ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں الگ ہوگئی، کچھ دیر بیٹھی رہی، پھر میں کھڑی ہوئی، میں نے آپ کے سر کو بوسہ دیا اور پھر عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! مجھے سکھا دیجئے، فرمایا نہیں عائشہ رضی اللہ عنہا وہ تمہارے لائق نہیں کہ میں تمہیں سکھاؤں کیونکہ اس کے ساتھ دُنیا کی کسی چیز کا سوال کرنا زیب نہیں دیتا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں کھڑی ہوئی، وضو کیا، دو رکعت نماز پڑھی اور پھر کہا: اے اللہ! میں تجھ سے دُعا کرتی ہوں، اے رحمٰن میں تجھ سے دُعا کرتی ہوں، اے بر رحیم میں تجھ سے دُعا کرتی ہوں، میں تیرے ان تمام اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ دعا کرتی ہوں، جن کو میں جانتی ہوں یا نہیں جانتی کہ تو مجھے معاف فرما دے اور مجھ پر رحم فرما۔ یہ سن کر رسول اللہ ﷺ ہنسنے لگے اور فرمایا کہ وہ اسم اعظم انہی اسماء میں ہے، جن کے ساتھ تو نے دُعا کی ہے۔ (ابن ماجہ) [ضعیف]

(۵۶۲) ((وَعَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ قَاعِدٌ اذْ دَخَلَ رَجُل فَصَلّٰى، فَقَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِى وَارْحَمْنى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: عَجِلْتَ ايُّها الْمُصَلّى، اذا صَلَّيْتَ فَقَعَدْتَ فَاحْمَدِ اللّٰهَ

(۵۶۲) حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے کہ ایک آدمی آیا، اس نے نماز پڑھی اور کہا اے اللہ تو مجھے معاف فرما دے، میرے حال پر رحم فرما، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے نماز پڑھنے والے تو نے جلدی کی ہے، جب نماز پڑھ کر بیٹھو تو اللہ تعالیٰ کی اس طرح حمد وثنا بیان کرو جس کا وہ اہل

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بِمَا هُوَ اهْلُهُ وَصَلِّ عَلَيَّ، ثُمَّ ادْعُهُ قَالَ: ثُمَّ صَلّٰى رَجُلٌ آخَرُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَحَمِدَ اللّٰهَ۔ وَصَلّٰى عَلَى النَّبِيِّ ﷺ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ: ايُّها الْمُصَلِّي ادْعُ تُجَبْ۔)) [رواه احمد والثلاثة، وحسنه الترمذی، وصححه ابن خزيمة وابن حبان]

ہے، پھر مجھ پر درود بھیجو اور پھر دُعا کرو، پھر ایک اور آدمی نے نماز پڑھی، اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی، آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی پر درود بھیجا تو آپ ﷺ نے اس سے فرمایا اے نمازی دُعا کرو، تمہاری دُعا قبول ہوگی۔ (احمد ثلاثہ، ترمذی نے اسے حسن اور ابن خزیمہ وابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۵۶۳) (( وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِی وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: دَعْوَةُ ذِي النُّونِ اذْ دَعاه وَهُوَ فِي بَطْنِ الْحُوتِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ انِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ، فَاِنَّهُ لَمْ يَدْعُ بِها رَجُلٌ مُسْلِمٌ فِي شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا اسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهُ۔)) [رواه الترمذی، واللفظ له۔ والنسائی، وصححه الحاكم وزاد في طريق عنده فَقَالَ رَجُلٌ: يا رَسُولَ اللّٰهِ: هَلْ كانَتْ لِيُونُسَ خَاصَّةً أَمْ لِلْمُؤمِنِينَ عامَّةً، فَقَالَ أَلَا تَسْمَعُ إِلَى قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: فَنَجَّيْناهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِين-]

(۵۶۳) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یونس کی وہ دُعا جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں کی تھی یعنی: لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اس کے ساتھ جو مسلمان آدمی جس چیز کے بارہ میں بھی دعا کرے اللہ تعالیٰ اسے ضرور قبول فرماتا ہے (یہ الفاظ ترمذی کی روایت کے ہیں، نسائی، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ ایک آدمی نے کہا یا رسول اللہ! کیا یہ قبولیت حضرت یونس کے لیے مخصوص تھی یا سب مومنوں کے لیے عام ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا تم نے یہ ارشاد باری تعالیٰ نہیں سنا کہ ہم نے انہیں غم سے نجات بخشی اور ایمان والوں کو ہم اسی طرح نجات دیا کرتے ہیں) [صحیح]

## الترغيب في الدعاء في السجود ودبر الصلوت وجوف الليل الاخير

### سجدہ میں، نمازوں کے آخر میں اور رات کے آخری حصہ میں دُعا کی ترغیب

(۵۶۴) (( عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: أَقْرَبُ ما يَكُونُ الْعَبْدُ مِنْ رَبِّهِ وَهُوَ سَاجِدٌ، فاكْثِروا الدُّعاءَ)) [رواه مسلم وابوداود والنسائی]

(۵۶۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بندہ اپنے ربّ کے سب سے زیادہ قریب سجدہ میں ہوتا ہے لہٰذا سجدہ میں کثرت سے دُعا کرو۔ (مسلم، ابوداؤد، نسائی)

(٦٦٥) (( وَعَنْ اَبِي اُمامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۵۶۵) حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عرض کیا گیا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: قِيلَ يا رَسُولَ اللّٰهِ ایُّ الدُّعاءِ اسْمَعُ؟ قَالَ جَوْفَ اللَّيْلِ الاخيرَ ' وَدُبُرَ الصَّلواتِ المَكْتوباتِ)) [رواه الترمذی، وقَالَ حسن]

یارسول اللہ! کون سی دُعا زیادہ سنی جاتی ہے؟ فرمایا رات کے آخری پہر اور فرض نمازوں کے آخر میں۔ (ترمذی نے اسے حسن کہا ہے) [صحیح لغیرہ]

## الترهيب من استبطاء الاجابة وقوله دعوت فلم يستجب لی

## قبولیت کوسست سمجھنے یا یہ کہنے پر وعید کہ میں نے دُعا مانگی لیکن قبول نہیں ہوئی

(۵٦٦) ((عَنْ اَبی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: يُسْتَجابُ لاحَدِكُمْ ما لَمْ يَعْجَلْ يَقولُ: دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِی۔)) [متفق عليه، وفی رواية لمسلم والترمذی: لَا يَزالُ يُسْتجابُ لِلْعَبْدِ مَا لَمْ يَدْعُ بِاِثْمٍ اوْ قَطِيعَةِ رَحِم، ما لَمْ يَسْتَعْجِلْ قِيلَ يا رَسُولَ اللّٰهِ ما الاسْتِعْجالُ قَالَ: يَقولُ قَدْ دَعَوْتُ وَقَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ اَرَ يُسْتَجْب لی؟ فَيَسْتَحْسِرُ عِنْدَ ذٰلِكَ وَيَدَعُ الدُّعاءَ قوله: يَسْتَحْسِرُ ای يمل ويعيا فيترك الدعاء]

(۵٦٦) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے ایک شخص کی دُعا قبول ہوتی ہے بشرطیکہ وہ جلد بازی نہ کرے اور کہنے لگے کہ میں نے دُعا کی لیکن میری دُعا قبول نہ ہوئی۔ (متفق علیہ) مسلم و ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ بندے کی دُعا قبول ہوتی ہے جب تک کہ وہ گناہ یا قطع رحمی کی دُعا نہ کرے اور جلد بازی نہ کرنے لگے عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ! جلد بازی کیا ہے؟ فرمایا: بندہ یہ کہے میں نے دُعا کی، میں نے دُعا کی لیکن میری دُعا قبول ہوتی نظر نہیں آتی چنانچہ میں وہ اُکتا جاتا ہے اور دُعا ترک کر دیتا ہے۔ یَسْتَحْسِرُ کے معنی اُکتا جانے اور تھک کر دُعا ترک کر دینے کے ہیں)

## الترهيب من رفع المصلی راسه الی السماء وقت الدُعاء وان يدعو الانسان وهو غافل عند الدُعاء

## بوقت دُعا نمازی کے آسمان کی طرف نظر اُٹھانے اور غفلت کی حالت میں دُعا کرنے پر وعید

۵٦٧) ((عَنْ اَبی هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لَيَنْتَهِيَنَّ اقْوامٌ عَنْ رَفْعِهِمْ أَبْصَارَهُمْ فی الصَّلاةِ اِلَی السَّماءِ، اوْ لَتُخْطَفَنَّ أَبْصارَهُمْ۔)) [رواه مسلم]

(۵٦٧) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگ نماز میں اپنی نظریں آسمان کی طرف اُٹھانے سے باز آجائیں گے یا ان کی نظریں اُچک لی جائیں گی۔ (مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵٦۸) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: (الْقُلُوبُ أَوْعِیَةٌ، وَبَعْضُهَا أَوْعَى مِنْ بَعْضٍ) فَإِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَیُّهَا النَّاسُ، فَاسْأَلُوهُ، وَأَنْتُمْ مُوقِنُونَ بِالْإِجَابَةِ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَجِیبُ لِعَبْدٍ دَعَاهُ عَنْ ظَهْرِ قَلْبٍ غَافِلٍ۔)) [رواہ احمد وھو عند الترمذی والحاکم من حدیث ابی هُرَیْرَةَ بلفظ ادعُوا اللّٰهَ وأَنْتُمْ مُوقِنُون بالإجابَةِ۔ واعْلَمُوا انَّ اللّٰهَ لا یَسْتَجِیبُ دُعاءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لاهٍ۔]

(۵٦۸) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دِل ایمان ویقین کے ظرف ہیں۔ ذکروفکرِ الٰہی اور استحضار میں ایک دوسرے پر فوقیت رکھتے ہیں۔ لہٰذا اے لوگو! جب تم اللہ عز وجل سے سوال کرو تو اس طرح سوال کرو کہ تمہیں قبولیت کا یقین ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کسی ایسے بندے کی دُعا قبول نہیں فرماتا جو غافل دِل سے دُعا کرے۔ (احمد' ترمذی و حاکم میں یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دُعا کرو کہ تمہیں قبولیت کا یقین ہو اور خوب جان لو کہ اللہ تعالیٰ غافل اور لاپرواہ دِل کی دُعا قبول نہیں فرماتا )[حسن لغیرہ]☆

## الترھیب من دُعاء الانسان علی نفسه وولده وخادمه وماله

## اپنے' اپنی اولاد' خادم اور مال کے لیے بددُعا کی ممانعت

(۵٦۹) (( عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : لَا تَدْعُوا عَلَى أنفُسِکم: وَلَا تَدْعُوا عَلَى أوْلَادِکُمْ، وَلَا تَدْعُوا عَلَى خدمِکم وَلَا تَدْعُوا عَلَى أَمْوَالِکُمْ لا توافقوا مِنَ اللّٰهِ سَاعَةً یُسْأَلُ فِیهَا عَطَاءً

(۵٦۹) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اپنے لیے بددُعا نہ کرو' اپنی اولاد کے لیے بددُعا نہ کرو' اپنے خادموں کو بددُعا نہ دو' اپنے مالوں کے لیے بددُعا نہ کرو[1] کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی ایسی گھڑی سے موافقت کر بیٹھو کہ اس میں اللہ سے جو بھی سوال کرو' وہ اسے قبول فرمالے۔ (مسلم' ابوداؤد' ابن خزیمہ)[2]

(۱) آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں کو اپنی زبانیں کو بددُعاؤں کے لیے کھلا چھوڑنے سے منع فرمایا۔ تلقین کی کہ خود کے لیے اور اپنے اموال کے لیے مصائب و حوادث اور تکلیفیں طلب نہ کریں' ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَوْ یُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَیْرِ لَقُضِیَ إِلَیْهِمْ أَجَلُهُمْ فَنَذَرُ الَّذِینَ لَا یَرْجُونَ لِقَاءَنَا فِی طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُونَ﴾

اگر اللہ لوگوں کی برائی میں جلدی کرتا جس طرح وہ طلب خیر میں جلدی کرتے ہیں تو ان کی (عمر کی) میعاد پوری ہو چکی ہوتی' سو جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی توقع نہیں انہیں ہم چھوڑے رکھتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں)

(۲) باب سے موافقت کے لئے مختصر کی بجائے اصل کتاب سے۔ (ازہر)

☆ جملہ یعنی (القلوب اوعیة و بعضها أوعی من بعض) کے سوا باقی حدیث حسن لغیرہ ہے۔ (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَيَسْتَجِيبُ لَكُمْ)) [رواه مسلم۔ وابوداؤد و ابن خزيمة]

(۵۷۰) ((عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ثَلاثُ دَعَوات لا شَكَّ فِى إجابَتِهِنَّ دَعْوَةُ المَظْلُومِ ، وَدَعْوَةُ المُسافِرِ، وَدَعْوَةُ الْوالِدِ عَلٰى وَلَدِهٖ)) [رواه الترمذى]

(۵۷۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تین دُعاؤں کی قبولیت میں کوئی شک نہیں (۱) مظلوم کی دُعا (۲) مسافر کی دُعا (۳) باپ کی بیٹے پر بد دُعا۔ (ترمذی) [حسن لغیرہ]

## الترغيب فى اكثار الصلاة على النبى ﷺ والترهيب من تركها عند ذكره ﷺ

## آنحضرت ﷺ کی ذاتِ گرامی پر کثرت سے درود پڑھنے کی ترغیب اور آپ ﷺ کے ذکر کے وقت درود نہ پڑھنے پر وعید

(۵۷۱) ((عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ صَلّٰى عَلَىَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا۔)) مسلم، وفى رواية للترمذى مَنْ صَلّٰى عَلَىَّ مَرَّةً وَاحِدَةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِها عَشْرَ حَسَناتٍ۔]

(۵۷۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔ (مسلم' ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس نیکیاں لکھ دے گا)

(۵۷۲) ((وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِىْ يَوْمَ الْقِيامَةِ اَكْثَرُهُمْ عَلَىَّ صَلاةً)) [رواه الترمذى وحسنه، وابن حبان وصححه۔]

(۵۷۲) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جس نے سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجا ہوگا۔ (ترمذی نے اسے حسن اور ابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے) [حسن لغیرہ]

(۵۷۳) ((وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ و جلَّ وَكَّلَ بقبْرى مَلَكًا أعْطاهُ أسْماءَ الْخَلائِقِ فَلا يُصَلِّى عَلَىَّ أحَدٌ إلَى يَوْمِ القِيامَةِ اِلَّا ابْلَغَنِى

(۵۷۳) حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل نے میری قبر کے ساتھ ایک فرشتہ مقرر کر دیا ہے اور اسے تمام انسانوں کے نام دے دیئے ہیں تو قیامت تک جو شخص بھی مجھ پر درود بھیجے گا تو وہ فرشتہ مجھے اس کا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بِاسْمِهٖ وَاسْمِ أبِيهِ هٰذا فُلانُ بْنُ فُلانٍ قَدْ صَلّٰى عَلَيْكَ۔)) [روا البزار]

اور اس کے باپ کا نام لے کر درود پہنچا دے گا کہ فلاں بن فلاں نے آپ پر درود بھیجا ہے۔ (بزار)[1]

(۵۷۴) (( عَنْ اَبِی الدَّرداءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : اِنَّ احَدًا لَنْ يُّصَلِّیَ عَلَیَّ اِلَّا عُرِضَتْ عَلَیَّ صَلاتُهٗ حتّٰى يَفْرُغَ مِنها، قُلْتُ: وَبَعْدَ الْمَوْتِ؟ قَالَ: انَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الارْضِ انْ تاكُلَ اجْسَادَ الانبياءِ۔))

(۵۷۴) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بھی مجھ پر درود پڑھنا شروع کرے گا تو اس کا درود مجھ تک پہنچا دیا جائے گا حتیٰ کہ وہ اس سے فارغ ہو جائے' میں نے عرض کیا اور موت کے بعد؟ فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کرام کے جسموں کو کھانا حرام قرار دیا ہے۔ (ابن ماجہ) [حسن لغیرہ]

(۵۷۵) (( وَعَنْ اَبِی اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : اَكْثِرُوا عَلَیَّ مِنَ الصَّلاةِ فی كُلِّ جُمُعَةٍ۔ فَاِنَّ صَلاةَ اُمَّتِی تُعْرَضُ عَلَیَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَمَنْ كانَ اَكْثَرَهُمْ عَلَیَّ صَلاةً كانَ اَقْرَبَهُمْ مِنِّی مَنْزِلَةً۔)) [رواه البيهقی]

(۵۷۵) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جمعہ کے دن کثرت سے مجھ پر درود بھیجا کرو کیونکہ میری اُمت کا درود جمعہ کے دن مجھ پر پیش کیا جاتا ہے اور جو شخص مجھ پر زیادہ درود بھیجے گا وہ میرے زیادہ قریب ہوگا۔ (بیہقی) [حسن لغیرہ]

(۵۷۶) (( وَعَنْ رُوَيْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ الانْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ قَالَ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيامَةِ وَجَبَتْ لَهٗ شَفاعَتی۔)) [رواه البزار، والطبرانی فی الاوسط]

(۵۷۶) حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ درود پڑھے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيامَةِ (اے اللہ! تو محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما اور تو آپ ﷺ کو قیامت کے دن اپنے پاس خاص تقرب میں جگہ عطا فرما) تو اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔ (بزار' طبرانی اوسط) [ضعیف]

(۵۷۷) (( وَعَنِ الحُسَيْنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُما عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: البَخيلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَیَّ۔)) [رواه

(۵۷۷) حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص بخیل ہے جس کے پاس میرا نام لیا گیا اور اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا۔ (نسائی' ابن حبان و حاکم نے

(۱) محدث البانی رحمہ اللہ نے اسے صحیح الترغیب میں ذکر کیا ہے لیکن اس پر کوئی علامت نہیں تاہم سند اس کی حسن ہے۔ واللہ اعلم۔ (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



النسائی' وصححه ابن حبان والحاکم واخرجه الترمذی لکن قَالَ عن الحسین بن علی عن علی وقَالَ حسن صحیح۔]

اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے' ترمذی نے اسے از حسین بن علی از علی کی سند سے بیان کیا اور حسن صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۵۷۸) (( وَعَنِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنِی عَنْ اُمَّتِی السَّلَامَ۔)) [رواه النسائی' وصححه ابن حبان]

(۵۷۸) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے (مقرر کیے ہوئے) ہیں جو (دنیا میں) گھومتے رہتے ہیں اور میری اُمت کا سلام میرے پاس پہنچاتے ہیں۔ (نسائی' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۵۷۹) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَیَّ رُوْحِی حَتّٰی۔ اَرُدَّ عَلَیْهِ السَّلَامَ۔)) [رواه احمد و ابوداؤد]

(۵۷۹) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص بھی مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو میری روح مجھ پر لوٹا دی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔ (۱) (احمد' ابوداؤد) [حسن]

# کتاب البیوع وذکر ابوابه

## الترغیب فی الاکتساب بالبیع وغیره

## تجارت اور دیگر ذرائع سے کمانے کی ترغیب

(۵۸۰) ((عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَیُّ الْكَسْبِ اَفْضَلُ؟ قَالَ عَمَلُ الرَّجُلِ بِیَدِهٖ' وَكُلُّ بَیْعٍ مَبْرُوْرٍ۔)) [رواه الطبرانی فی الاوسط۔

(۵۸۰) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ کونسی کمائی افضل ہے؟ فرمایا آدمی کا اپنے ہاتھ سے کام کرنا اور ہر صاف ستھری بیع (یعنی جو دھوکے' فریب' جھوٹی قسم وغیرہ سے پاک ہو)۔ (طبرانی اوسط۔ اس کے راوی ثقہ ہیں) [صحیح]

(۱) ۱۔ اس مقام کو سمجھنے کے لیے چند اُمور کا پیشِ نظر رہنا ضروری ہے: ۲۔ ان اُمور کا تعلق احوالِ برزخ سے ہے جو آخرت کی منزل ہے اس لیے ان کا ادراک ہماری محدود عقلوں سے ممکن نہیں۔ ۳۔ جسم کی طرف روح کو لوٹایا جانا اس کے جسم سے جدا ہونے پر دلالت کرتا ہے اور اسی کو عرفِ عام میں موت کہا جاتا ہے۔ ۴۔ انبیاء اہل دُنیا کے اعتبار سے ''میّت'' ہونے کے باوجود حیات سے متصف ہیں۔ اس لیے کہ یہ امر تو شہداء کے لیے بھی ثابت ہے اور اس میں شک نہیں کہ انبیاء علیہم السلام شہداء کی نسبت بلند مرتبہ رکھتے ہیں۔ ان حقائق سے تغافل اس حدیث کے بارے میں افراط وتفریط کا باعث بنا۔ کچھ لوگوں نے اس کا انکار ہی کر دیا اور بعض نے اس سے رسول اللہ ﷺ فداہ ارواحنا کے لیے دُنیوی زندگی پر استدلال شروع کر دیا۔ الرفیق الاعلیٰ کی رفعتوں سے ہمکنار ہستی کے لیے پھر سے حیاتِ دنیائے دُوں پر اصرار کرنے والوں کے لیے اس کے سوا کیا کہا جا سکتا ہے کہ چہ بے خبر ز مقام محمد عربی ست۔ (از ع۔ ح۔ ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ورواته ثقات۔]

## الترغیب فی ذکر اللّٰہ تعالیٰ فی الاسواق ومواطن الغفلۃ

## بازاروں اور غفلت کی جگہوں میں اللہ کے ذکر کی ترغیب

(۵۸۱) ((عَنْ عُمَرَ بْنِ الخطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ انَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ دَخَلَ السُّوقَ فَقالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ ولَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لا يَمُوتُ۔ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيرٌ۔ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ، وَمَحٰى عَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ، وَرَفَعَ لَهٗ اَلْفَ اَلْفِ دَرَجَةٍ۔)) [رواہ الترمذی وَقَالَ: غریب ۔ قَالَ المصنف رواتہ ثقات اثبات۔ الا ازھر بن سنان ففیہ خلاف۔]

(۵۸۱) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بازار میں داخل ہو کر یہ پڑھے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ..... الخ ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ یکتا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں' اس کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے سب تعریفیں ہیں۔ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ رہنے والا ہے' کبھی نہیں مرے گا۔ اسی کے ہاتھ میں تمام بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔'' تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ایک لاکھ نیکی لکھ دیتا' ایک لاکھ برائی مٹا دیتا اور اس کا ایک لاکھ درجہ بلند فرما دیتا ہے (ترمذی نے اسے روایت کیا اور ''غریب'' قرار دیا ہے' مصنف فرماتے ہیں کہ اس کے راوی ثقات اثبات ہیں ہاں البتہ اس کے ایک راوی ازہر بن سنان کے بارہ میں اختلاف ہے) [حسن لغیرہ]

## الترغیب فی الاقتصاد فی طلب الرزق والاجمال فیہ وفی ذم الحرص وحب المال

## طلب رزق میں میانہ روی وحسن وخوبی کی ترغیب اور حرص وحب مال کی مذمت

(۵۸۲) ((عَنْ اَبِی حُمَيْدٍ السَّاعِدِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: أجملوا فی طَلَبِ الدُّنْيا۔ فَاِنَّ كُلًّا مُيَسَّرٌ لِما خُلِقَ لَهٗ۔)) [ رواہ ابن ماجہ۔ واخرجہ ابو الشیخ والحاکم بلفظ فَاِنَّ كُلًّا مُيَسَّرٌ لِمَا كُتِبَ لَهٗ مِنْها۔]

(۵۸۲) حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دنیا اچھے طریقے سے طلب کرو[1] کہ ہر شخص کے لیے اس چیز کا حصول آسان کر دیا جائے گا جو اس کے لیے پیدا کی گئی ہے (ابن ماجہ' ابوالشیخ اور حاکم نے ان الفاظ کے ساتھ اس حدیث کو بیان کیا ہے کہ ہر ایک کے لیے دنیا میں سے جو لکھا گیا ہے اس کے لیے آسان کر دیا جائے گا۔ [صحیح]

(۱) شرعاً حلال اور عرفاً خوبصورت اور قابل ستائش ہو۔ (۲) اللہ تعالیٰ نے جو ذریعہ عطا فرمایا اس پر قناعت کرے۔ (۳) طمع اور لالچ میں اس طرح گرفتار نہ ہو کہ حلال وحرام کی تمیز چھوڑ دے اور ذکر الٰہی سے غافل ہو جائے۔ اس چیز کا حصول آسان کر دیا جائے گا جو دنیا میں سے اس کے لیے لکھی گئی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۵۸۳) ((وَ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : یاأیُّها النَّاسُ اِنَّ الغنِیَ لَیسَ عَنْ کَثْرَةِ العَرَضِ۔ وَلٰکِنَّ الْغنیَ غِنَی النَّفْسِ۔ وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ یُؤْتِی عَبْدَهُ ما کُتِبَ لَهُ مِنَ الرِّزْقِ فَاَجْمِلُوا فِی الطَّلَبِ، خُذُوا ما حَلَّ وَدَعُوا ما حرّمَ۔)) [رواہ ابویعلی، وسند حسن۔ واوله متفق علیه]

(۵۸۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لوگو! غنا زیادہ ساز وسامان سے نہیں ہے بلکہ اصل غنا تو دِل کی غنا ہے' اللہ عزوجل اپنے بندے کو وہ رزق عطا فرما دیتا ہے جو اس کے لیے لکھا گیا ہے لہذا رزق اچھے طریقے سے طلب کرو' جو حلال ہے' وہ لے لو اور جو حرام ہے' اسے چھوڑ دو۔ (ابویعلی' اس کی سند حسن ہے اور اس کا ابتدائی حصہ متفق علیہ ہے) [صحیح لغیرہ]

(۵۸۴) ((وَ عَنْ اَبِی الدَّرْداءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : إنَّ الرِّزْقَ لَیَطْلُبُ العَبْدَ کما یَطْلُبُه اجَلُه۔)) [رواه ابن حبان، والبزار، والطبرانی ولفظه انَّ الرِّزْقَ لَیَطْلُبُ العَبْدَ اکْثَر مِمَّا یَطْلُبُه اَجَلُه۔]

(۵۸۴) حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک رزق بندے کو اس طرح تلاش کرتا ہے جس طرح اسے اس کی موت تلاش کرتی ہے۔ (ابن حبان' بزار' طبرانی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ بے شک رزق بندے کو موت سے بھی زیادہ طلب کرتا ہے) [صحیح لغیرہ]

(۵۸۵) ((وعَنْ اَبی سَعِیدٍ الخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰه ﷺ : لَوْ فَرَّ أَحَدُکُمْ مِنْ رِزْقِهِ ادْرَکَهُ کما یُدْرِکُهُ الْمَوْتُ۔)) [رواه الطبرانی فی الاوسط والصغیر بسند حسن۔]

(۵۸۵) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی اگر رزق سے بھاگ بھی جائے تو رزق اسے اس طرح پا لے گا جس طرح موت پا لیتی ہے۔ (طبرانی اوسط وصغیر بسند حسن) [حسن لغیرہ]

(۵۸۶) ((وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبی وَقَّاصٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰه ﷺ یقولُ: خَیْرُ الذِّکْرِ الْخفِیُّ، وَخَیْرُ الرِّزْقِ ما یَکْفِی۔)) [رواہ ابوعوانة، وابن حبان۔]

(۵۸۶) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ بہترین ذکر خفی ہے اور بہترین رزق وہ ہے جو کفایت کرے۔ (ابوعوانہ' ابن حبان) [ضعیف]

(۵۸۷) ((وَعَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : ما ذِئْبانِ جائِعانِ اُرْسِلا فی غَنَمٍ بافسدلها مِنْ

(۵۸۷) حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ دو بھوکے بھیڑیے جنہیں بکریوں میں چھوڑ دیا جائے انہیں اس قدر نقصان نہیں پہنچاتے' جس قدر مال و جاہ کی حرص

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِينِهِ)) [رواه الترمذی، وصححه هو ابن حبان۔]

آدمی کے دین کو نقصان پہنچاتی ہے[1] (ترمذی وابن حبان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۵۸۸) ((وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لا يَنْفَعُ، وَمِنْ قَلْبٍ لا يَخْشَعُ، وَمِنْ نَفْسٍ لا تَشْبَعُ، وَمِنْ دُعَاءٍ لا يُسْمَعُ۔)) [رواه النسائی، وهو عند مسلم والترمذی من حديث زيد بن ارقم]

(۵۸۸) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ دُعا فرمایا کرتے تھے کہ: اے اللہ میں تجھ سے ایسے علم سے پناہ چاہتا ہوں جو نفع نہ دے اور ایسے دِل سے جس میں خشیت نہ ہو اور ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسی دُعا سے جو قبول نہ ہو۔ (نسائی۔ مسلم و ترمذی میں یہ حدیث زید بن ارقم سے مروی ہے) [صحیح لغیرہ]

(۵۸۹) ((وَعَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : لَو كَانَ لابْنِ آدَمَ وادیان مِنْ مالٍ لَابْتَغی اِلَيْهِما ثالِثًا، وَلا يَمْلَا جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ۔)) [متفق عليه]

(۵۸۹) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ابن آدم کے لیے اگر مال کی دو وادیاں ہوں تو وہ تیسری کو بھی تلاش کرے گا، ابن آدم کے پیٹ کو صرف مٹی بھر سکتی ہے اور جو توبہ کرے اللہ تعالیٰ اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

## الترغيب فی طلب الحلال والاكل منه والترهيب من اكتساب الحرام واكله ولبسه

## حلال طلب کرنے اور کھانے کی ترغیب اور حرام کھانے، کمانے اور پہننے پر وعید

(۵۹۰) ((عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لا يَقْبَلُ اِلَّا طَيِّبًا۔ وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ الْمُؤْمِنِينَ بِما اَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِينَ، فَقالَ يٰاَيُّها الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا اِنِّی بِما تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ۔ وَقَالَ: يٰاَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

(۵۹۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ پاک ہے[2] پاک ہی کو قبول فرماتا ہے، بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو بھی اس چیز کا حکم دیا ہے، جس کا اس نے رسولوں کو حکم دیا تھا، چنانچہ فرمایا: اے رسولو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو، بے شک میں تمہارے اعمال کو جانتا ہوں اور فرمایا: مومنو! جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو عطا فرمائی ہیں، ان کو کھاؤ۔

(۱) یعنی مال وجاہ کی حرص دین کو اس سے کہیں زیادہ نقصان پہنچاتی ہے جتنا کہ دو بھوکے بھیڑیے بکریوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

(۲) بے شک اللہ پاک ہے یعنی نقائص سے منزہ ہے، آفات وعیوب سے مقدس ہے، پاک یعنی حلال ہی کو قبول فرماتا ہے یعنی جو شرعی طریقے سے حاصل کیا گیا ہو اور حیلوں اور شبہات سے پاک ہو۔ (فیض القدیر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يطيل السفر اشْعَثَ اغْبَرَ يَمُدُّ يَدَيه اِلَى السَّمَاءِ: يا رَبِّ يا ربِّ. وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ، وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ، وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ، وَغُذِیَ بِالْحَرَامِ، فَانّٰى يُسْتجابُ لِذٰلِكَ؟))[رواه مسلم والترمذی]

پھر آپ ﷺ نے آدمی کا ذکر کیا جو لمبا سفر کرتا ہے (۱) پراگندہ حال اور غبار آلود ہے' آسمان کی طرف اپنے ہاتھ اٹھا کر دُعا کرتا ہے یا ربّ! یا ربّ لیکن اس کا کھانا حرام ہے' اس کا پینا حرام ہے' اس کا لباس حرام ہے' مالِ حرام سے اس کی پرورش ہوتی ہے تو اس کی دُعا کیسے قبول ہو؟'' (مسلم' ترمذی)

(۵۹۱) ((وَعَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: طَلَبُ الحَلالِ واجِبٌ عَلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ.)) الطبرانی فی الاوسط وسنده حسن.]

(۵۹۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا طلب حلال ہر مسلمان کے لیے واجب ہے۔ (طبرانی اوسط' اس کی سند حسن ہے)[ضعیف]

(۵۹۲) ((وَرُوِیَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: طَلَبُ الْحَلَالِ فَرِيضَةٌ بَعْدَ الفَرِيضَةِ.)) [رواه الطبرانی والبیهقی]

(۵۹۲) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا طلب حلال فرض کے بعد فرض ہے۔ (طبرانی وبیہقی)[ضعیف]

(۵۹۳) ((وعَنْ اَبی سَعِيدٍ الخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ اكَلَ طَيِّبًا، وَعَمِلَ فی سُنَّةٍ، وَاَمِنَ النَّاسُ بوائقه' دَخَلَ الجَنَّةَ. قالوا: يا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذا فِی اُمَّتِكَ اليوم كَثِيرٌ قَالَ: وَسَيَكُونُ فی قُرُونٍ بَعْدی.)) [رواه الترمذی وصححه هو والحاكم]

(۵۹۳) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص پاک مال کھائے' سنّت کے مطابق عمل کرے اور لوگ اس کی شرارتوں (۲) سے محفوظ ہوں تو وہ جنّت میں داخل ہوگا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ آپ کی اُمت میں اس وقت ایسے لوگ بہت ہیں۔ فرمایا میرے بعد کی صدیوں میں بھی ہوں گے۔ (ترمذی و حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے)[ضعیف]

(۵۹۴) ((وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اَرْبَعٌ اذا كُنَّ فِيكَ فَلا عَلَيْكَ ما فَاتَكَ مِنَ الدُّنْيا:

(۵۹۴) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں چار چیزیں ہوں اور دنیا کی کوئی چیز نہ ہو تو کوئی حرج نہیں (اور وہ چار چیزیں یہ ہیں) (۱) حفظ امانت

(۱) حرام میں ملوث ہونے کی وجہ سے قبولیت دُعا کے متعدد اسباب کا اجتماع بھی اس کے لیے مفید نہیں ہوتا اور اس کی دُعا مردود ہو جاتی ہے۔

(۲) شرارتوں سے مراد ظلم، دھوکا، ایذا پہنچانا ہے۔ دوسروں کو نقصان پہنچانا وغیرہ ہیں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



حِفْظُ امانَةٍ' وَصِدْقُ حَدِيثٍ' وَحُسْنُ خَلِيقَةٍ' وَعِفَّةٌ فِى طُعْمِةٍ۔)) [رواه احمد والطبرانی بسند حسن۔]

(۲) صدق حدیث (۳) حسن اخلاق اور (۴) کھانے میں پاکیزگی (احمد' طبرانی بسند حسن) [صحیح]

(۵۹۵) ((وَعَنْ اَبِى سَعِيدِ الْخُدرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ اَنَّهٗ قَالَ: اَيُّما رَجُلٍ كَسَبَ مالًا مِنْ حَلالٍ فَاَطْعَمَ نَفْسَهُ۔ اَوْ كَساها' فمن دُونَهٗ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ كانَ لَهُ بِهِ زَكاةٌ۔)) [رواه ابن حبان و صححه]

(۵۹۵) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص حلال طریقے سے مال کمائے اور کھائے یا پہنے یا اپنے سوا اللہ تعالیٰ کی دیگر مخلوق کو کھلائے[1] اور پہنائے تو یہ اس کے لیے صدقہ کی طرح بابرکت اور موجب ثواب مال ہوگا۔ (ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۵۹۶) ((وَعَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: وَمَنْ جَمَعَ مَالًا حَرامًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهِ لَمْ يَكُنْ لَهُ فِيهِ اَجْرٌ وَكانَ اِصره عَلَيْهِ۔)) [رواه ابن خزيمه' وابن حبان' والحاكم]

(۵۹۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص مالِ حرام جمع کرے اور پھر اسے صدقہ کرے اسے اس کا ثواب تو نہیں ملے گا تاہم اس کا بوجھ اور گناہ اس کے دوش پر ہوگا۔[2] (ابن خزیمہ' ابن حبان' حاکم) [حسن]

(۵۹۷) ((وَعَنْهُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: يَاْتِى عَلَى النَّاسِ زَمانٌ لا يُبالِى الْمَرْءُ ما اَخَذَ مِنَ الْحَلالِ اَمْ مِنَ الْحَرَامِ۔)) [رواه البخاری والنسائی' وزاد رزين فيه: فَاِذ ذاكَ لا يُجابُ لَهُمْ دَعْوَةٌ]

(۵۹۷) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی کو اس بات کی کوئی پرواہ نہ ہوگی کہ اس نے حلال طریقے سے مال کمایا ہے یا حرام سے (بخاری ونسائی' رزین کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جب یہ حالت ہوگی تو ان کی دُعا قبول نہ ہوگی)[3]

(۵۹۸) ((وَعَنْهُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ اَكْثَرِ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ

(۵۹۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ لوگوں کو جہنم میں زیادہ تر کون سی چیز لے

---

(۱) یعنی اپنے اور اپنے اہل وعیال کے علاوہ دوسروں کو بھی کھلائے اور پہنائے تو اس کا یہ عمل خیر وبرکت اور پاکیزگی کا سبب ہوگا۔

(۲) اصر کے لفظ میں تنگی اور کسی کو محبوس کرنے کے معنی ہیں۔ اس لیے یہ لفظ عہد و میثاق کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے جب کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِیْ﴾ اور اس پر تم نے مجھ سے عہد کیا اور گناہ اور وبال کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿ويضع عنهم اصرهم والاغلال التى كانت عليهم﴾ اور ان سے اُن کے بوجھ اور طوق اُتارتا ہے جو ان پر تھے۔ ازہر

(۳) رزین کا روایت کردہ اضافہ سند کے اعتبار سے ضعیف ہے۔ (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



النَّارَ؟ قَالَ: الْفَمُ، والْفَرْجُ، وسُئِلَ عَنْ اكْثَرِ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ تَقْوَى اللّٰهِ، وَحُسْنُ الْخُلُقِ۔)) (رواه الترمذی و صححه]

جائے گی؟ فرمایا منہ اور شرم گاہ! آپ ﷺ سے پوچھا گیا کہ لوگوں کو جنّت میں زیادہ کون سی چیز لے جائے گی؟ فرمایا: اللہ کا تقویٰ اور حسن خلق (ترمذی نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے) [حسن]

## الترغیب فی الورع وترک الشبهات وما یحوک فی الصدور

### تقویٰ اختیار کرنے اور شکوک وشبہات اور دِل میں کھٹکنے والی باتوں کو ترک کرنے کی ترغیب

(۵۹۹) ((عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقولُ: الْحَلالُ بَيِّنٌ۔ وَالْحَرامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُما مُشْتَبِهاتٌ لا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ، فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهاتِ اسْتَبْرَأَ لِدِينِهِ وَعِرْضِهِ، وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهاتِ وَقَعَ فِي الْحَرامِ كَالرَّاعِى يَرْعَى حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ ان يرتع فيه الا وَإِنَّ لِكُلِّ مِلكٍ حِمىً، اَلا وَإِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَحَارِمُهُ، اَلا وَإِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذا صَلُحَتْ صَلُحَ الجسد كُلُّهُ، وإذا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ، ألا وَهِيَ الْقَلْبُ۔)) [متفق علیه۔ وفي رواية الترمذي: وَبَيْنَ ذٰلِكَ اُمُورٌ مُشْتَبِهاتٌ لا يَدْرِى كَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ امِنَ الْحَلَالِ هِيَ امْ مِنَ الْحَرامِ۔ فَمَنْ تَرَكَها اسْتَبْراء لِدِينِهِ وَعِرْضِهِ فَقَدْ سَلِمَ]

(۵۹۹) حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ بلاشبہ حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے اور ان دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ امور ہیں جنہیں بہت سے لوگ نہیں جانتے جو شخص ان مشتبہات سے بچا رہا اس نے اپنے دین اور اپنی عزت کو بچا لیا اور جو شبہات میں پڑ گیا وہ حرام میں داخل ہو گیا جس طرح وہ چرواہا جو محفوظ چراگاہ کے اِردگرد ریوڑ چراتا ہے عین ممکن ہے کہ اس کا ریوڑ چراگاہ میں داخل ہو جائے[1] خبردار! ہر بادشاہ کا ایک ممنوعہ علاقہ ہے اور اللہ تعالیٰ کا ممنوعہ علاقہ وہ امور ہیں جن کو اس نے حرام قرار دیا ہے، خبردار! بے شک جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے اگر وہ صحیح ہو جائے تو سارا جسم صحیح ہو جاتا ہے اور اگر وہ بگڑ جائے تو سارا جسم بگڑ جاتا ہے، خبردار! وہ ٹکڑا دِل ہے۔ (بخاری ومسلم، ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ ان کے درمیان کچھ امور مشتبہات ہیں جن کے بارہ میں بہت سے لوگ یہ نہیں جانتے کہ یہ حلال میں سے ہیں یا حرام میں سے، جس اپنے دین اور عزت کو بچانے کے لیے ان کو چھوڑ دیا وہ سلامت رہا)

(۶۰۰) ((وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: البِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ، وَالْإِثْمُ

(۶۰۰) حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا نیکی حسن خلق کا نام ہے اور گناہ وہ ہے جو

(۱) رتع کے معنی سرسبزی وشادابی کے ہوتے ہیں۔ یہاں مراد یہ ہے کہ ریوڑ اس چراگاہ میں داخل ہو کر چارہ کھانے لگے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ما حاكَ فی نَفْسِكَ، وَكَرِهْتَ انْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ۔)) [رواه مسلم]

تمہارے جی میں کھٹکے اور تم ناپسند کرو کہ لوگوں کو اس کی خبر ہو۔ (مسلم)

(٦٠١) ((وَعَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِیَّ ﷺ وَجَدَ تَمْرَةً فِی الطَّرِيقِ فَقالَ لَوْ لا انِّی اَخَافُ أنْ تَكُونَ مِنَ الصَّدَقَةِ لَاَكَلْتُها۔)) [متفق عليه]

(٦٠١) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے راستہ میں ایک کھجور پائی تو فرمایا کہ اگر یہ ڈر نہ ہوتا کہ شاید یہ صدقہ کی ہو تو میں اسے کھالیتا۔ (بخاری ومسلم)

(٦٠٢) ((وَعَنِ الْحَسنِ بْنِ عَلیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما حَفِظْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ دَعْ ما يُرِيبُكَ الٰی مَا لَا يُرِيبُكَ۔ )) [رواه الترمذی، والنسائی وصححه هو وابن حبان۔ واخرجه الطبرانی من حديث واثلة بن الاسقع نحوه، وزاد فيه: قِيلَ فَمَنِ الْوَرِعُ؟ قَالَ الَّذی يَقِفُ عِنْدَ الشُّبْهَةِ۔]

(٦٠٢) حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان یاد رکھا ہے کہ جس چیز میں شک ہوا سے ترک کر دو اور جس میں شک نہ ہو تو اسے اختیار کرو۔ (ترمذی، نسائی وابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے، طبرانی نے اسے بروایت واثلہ بن اسقع بیان کیا ہے اور اس میں یہ اضافہ بھی ہے کہ پوچھا گیا: ''پرہیز گار کون ہے؟'' فرمایا جو شبہ کے پاس رک جاتا ہے) [صحیح]

(٦٠٣) ((وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كانَ لابی بَكْرٍ الصِّدِّيقِ غُلامٌ يُخْرِجُ لَهُ الْخَراجَ ، وَكانَ ابُوبَكْرٍ يَاْكُلُ مِنْ خَرَاجِهِ، فَجَاءَ يَوْمًا بِشَیْ ءٍ فَاَكَلَ مِنْهُ ابوبَكْرٍ، فَقالَ لَهُ الْغُلَامُ: اَتَدْرِی ما هٰذا؟ قَالَ ابوبَكْرٍ وَما هُوَ؟ قَالَ كُنْتُ تَكَهَّنْتُ لِاِنْسَانٍ فِی الْجَاهِلِيَّةِ، وَما اُحْسِنُ الْكَهَانَةَ الَّا اَنِّی خَدَعْتُهُ، فَلَقِيَنِی فَاَعْطَانِی فَذٰلِكَ هُوَ الَّذی اَكَلْتَ مِنْهُ، فَاَدْخَلَ ابو بَكْرٍ يَدَهُ فَقَاءَ كُلَّ شَیْ ءٍ فی بَطْنِهِ۔)) [رواه البخاری قوله الخراج هو ما يُعَيِّنُه السَّيِّدُ علی عَبدِه

(٦٠٣) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ایک غلام تھا جو روزانہ اپنی کمائی کی ایک مقررہ مقدار آپ کو ادا کیا کرتا تھا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اسے کھا لیتے تھے ایک دن وہ غلام کوئی چیز لایا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسے کھا لیا، غلام نے کہا کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ کیا ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کیا ہے؟ غلام نے بتایا کہ زمانہ جاہلیت میں ایک شخص کے لیے کہانت کیا کرتا تھا گو کہ میں اچھا کاہن نہیں لیکن میں نے اسے دھوکہ دیا تھا وہ شخص مجھے ملا اور اس نے مجھے اس کہانت کی وجہ سے یہ چیز دی ہے، جو آپ نے کھائی ہے، یہ سن کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے منہ میں ہاتھ ڈالا اور پیٹ میں جو کچھ تھا اسے قے کر کے باہر نکال دیا (بخاری، اس حدیث میں خراج سے مراد وہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



المکتَسبِ فی کل یوم۔]

مقررہ کمائی ہے جس کی روزانہ ادائیگی کمانے والے غلام پر اس کے آقا کی طرف سے لازم قرار پاتی ہے۔)

(۶۰۴) ((وَعَنْ عَطِیَّةَ بْنِ عُرْوَةَ السَّعْدِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ: لَا یَبْلُغُ العَبْدُ أنْ یَکُونَ مِنَ الْمُتَّقِینَ حتّٰی یَدَعَ مَا لَا بَأسَ بِہِ حَذرًا لِمَا بِہِ بَأسٌ۔)) [رواہ الترمذی ، وحسنہ ، وابن ماجہ، وصححہ الحاکم۔]

(۶۰۴) حضرت عطیہ بن عروہ سعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بندہ متقین میں سے نہیں ہوسکتا جب تک وہ حرج والی چیز سے بچنے کیلئے اس چیز کو بھی ترک نہ کردے جس میں کوئی حرج نہ ہو۔ (ابن ماجۂ ترمذی نے اسے حسن اور حاکم نے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۶۰۵) ((وَعَنْ اَبی اُمَامَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: سَألَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ مَا الاِثْمُ؟ قَالَ: اذا حَاکَ فی نَفْسِکَ شَیْءٌ فَدَعْہُ۔ قَالَ فَمَا الاِیْمانُ؟ قَالَ : إذا ساءَ تْکَ سَیِّئَتُکَ، وَسَرَّتْکَ حَسَنَتُکَ ، فَأنْتَ مُؤمِن۔)) [رواہ احمد بسند صحیح]

(۶۰۵) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے یہ پوچھا کہ گناہ کیا ہے؟ فرمایا جب تمہارے جی میں کوئی بات کھٹکے تو اسے چھوڑ دو' اس نے پوچھا کہ ایمان کیا ہے؟ فرمایا جب تمہاری برائی تمہیں بری لگے اور نیکی اچھے لگے تو تم ایماندار ہو۔ (احمد بسند صحیح) [صحیح]

## الترغیب فی السماحة فی البیع والشراء وحسن التقاضی والقضاء

## خرید وفروخت میں فراخدلی اور تقاضا کرنے اور ادا کرنے میں خوش اسلوبی کی ترغیب

(۶۰۶) ((عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُما اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: رَحِمَ اللّٰہُ عَبْدًا سَمْحًا اذا بَاعَ ، سَمْحًا اذا اشْتریٰ، سَمْحًا اذا اقْتَضیٰ)) [رواہ البخاری، وابن ماجہ، واللفظ لہ والترمذی، ولفظہ: غَفَرَ اللّٰہُ لِرَجُلٍ کانَ قَبْلَکُمْ کانَ سَھْلًا اذا بَاعَ۔ سَھْلًا اذا اشْتَریٰ،]

(۶۰۶) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم فرمائے جو نرم ہے جب وہ بیچے' نرم ہے جب وہ خریدے اور نرم ہے جب وہ تقاضا کرے۔ (بخاری' ابن ماجہ' ترمذی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کو معاف فرمائے جو تم سے پہلے تھا اور وہ نرم تھا جب کچھ بیچتا' نرم تھا جب کچھ خریدتا اور نرم تھا جب وہ ادا کرتا۔[1]

(۱) یعنی اپنے حق کے طلب کرنے میں بھی نرمی سے کام لیتا اور اپنے ذمہ کو ادا کرتے ہوئے بھی فراخدلی سے کام لیتا تھا اور اس میں ٹال مٹول سے کام نہ لیتا تھا' اس حدیث میں یہ ترغیب دی گئی ہے کہ معاملات میں نرمی اور اخلاق کریمانہ کا ثبوت دینا چاہئے اور اپنے حق کو طلب کرتے وقت لوگوں کے ساتھ تنگی و سختی کا معاملہ نہیں کرنا چاہئے بلکہ درگزر کا رویہ اپنانا چاہیے۔ (فتح الباری)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۶۰۷) ((وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَلا اُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ ، وَمَنْ تَحرُمُ عَلَيْهِ النَّارُ۔ عَلٰى كُلِّ قَرِيبٍ هَيِّنٍ سَهْلٍ۔)) [رواه الترمذی، وحسنه، والطبرانی وزاد: لَيِّنٍ : وسنده جيد، وصححه ابن حبان۔]

(۶۰۷) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں نہ بتاؤں اس شخص کے بارے میں جو آگ کے لیے حرام ہے اور جس کے لیے آگ حرام ہے' آگ ہر اس شخص پر حرام ہے جو لوگوں کے قریب رہے اور متواضع اور نرم خو ہو (ترمذی نے اسے حسن قرار دیا اور طبرانی کی روایت میں لین کا لفظ بھی ہے' اس کی سند جید ہے اور ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح لغیرہ]

(۶۰۸) ((وعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ ﷺ يَتَقَاضَاهُ فَاَغْلَظَ لَهُ فَهَمَّ بِهِ بَعْضُ اَصْحابِهِ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: دَعُوهُ فَاِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالاً ، ثُمَّ قَالَ: اَعْطُوهُ سِنًّا مِثْلَ سِنِّهِ قَالُوا يا رَسُوْلَ اللّٰهِ: لا نَجِدُ اِلَّا اَمْثَلَ مِنْ سِنِّهِ۔ قَالَ: اَعْطُوهُ فَاِنَّ خَيْرَكُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً۔)) [متفق عليه وهو عند مسلم من حديث ابی رافع بمعناه۔]

(۶۰۸) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے قرض کی واپسی کا تقاضا کرنے لگا اور اس نے کچھ سختی سے بھی کام لیا تو بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس کے ساتھ سختی کا ارادہ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسے چھوڑ دو حق والے کو بات کرنے کا حق حاصل ہے' پھر فرمایا اسے ایک اونٹ دے دو جو اس کے اونٹ کا ہم عمر ہو' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہمارے پاس اس کے اونٹ سے بہتر ہے فرمایا اسے وہی دے دو کیونکہ تم میں سے بہتر وہ ہے جو ادا کرنے میں اچھا ہو۔ (بخاری و مسلم' مسلم میں یہ حدیث ابو رافع سے بھی مروی ہے)

(۶۰۹) ((وعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اُتِيَ النَّبِيُّ ﷺ بِرَجُلٍ يَتَقَاضَاهُ قَدِ اسْتَسْلَفَ مِنْهُ شَطْرَ وَسْقٍ ، فَاَعطاهُ وَسْقًا، فَقَالَ: نِصْفُ وَسْق لَكَ، وَنِصْفُ وَسْقٍ مِنْ عِنْدِی، ثُمَّ جَاءَ صَاحِبُ الْوَسْقِ يَتَقَاضَاهُ، فَاَعْطَاهُ وَسْقَيْنِ، فَقَالَ: وَسْقٌ لَكَ وَوَسْقٌ مِنْ عِنْدِی۔)) [رواه البزار وسنده لا باس به۔ الشطر: النصف والوسق: ستون صاعًا۔ وقيل: حمل بعير۔]

(۶۰۹) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کے پاس ایک آدمی اپنے اُس نصف وسق کو وصول کرنے آیا جو آپ ﷺ نے اس سے اُدھار لیا تھا' آپ ﷺ نے اسے پورا وسق ادا فرما دیا اور فرمایا کہ نصف وسق تو تیرا ہے اور نصف وسق تیرے لیے میری طرف سے ہے' پھر ایک وسق والا تقاضا کرنے آیا تو آپ نے اسے دو وسق عطا فرما دیئے اور فرمایا ایک وسق تمہارا ہے اور ایک وسق میری طرف سے ہے۔ (بزار' اس کی سند لا باس بہ ہے' شطر کے معنی نصف اور وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے' یہ بھی کہا گیا ہے کہ اونٹ کے بوجھ کو وسق کہتے ہیں) [صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(٦١٠) ((وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ابی رَبِيعَةَ أَنَّ النَّبِیَّ ﷺ اسْتَسْلَفَ مِنْهُ حِينَ غَزا حُنَيْنًا ثَلاثِينَ ، أوْ اَرْبَعِينَ أَلْفًا ثُمَّ قَضَاها إِيَّاهُ ثُمَّ قَالَ لَهُ النَّبِیُّ ﷺ : بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِی أَهْلِكَ وَمَالِكَ، إِنَّما جَزاءُ السَّلَفِ الْوَفَاءُ، والحَمْدُ۔))[رواه ابن ماجه]

(٦١٠) حضرت عبداللہ بن ابی ربیعہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ان سے غزوۂ حنین کے موقعہ پر تیس یا چالیس ہزار قرض لئے تھے اور پھر انہیں وہ ادا کر دیئے اور فرمایا: ''اللہ تعالیٰ تمہارے اہل و مال میں برکت عطا فرمائے قرض کا بدلہ یہ ہے کہ اسے پورا ادا کیا جائے اور تعریف کی جائے) [صحیح]

## الترغيب فی اقالة النادم

## نادم کا سودا واپس کرنے کی ترغیب

(٦١١) ((عَنْ اَبی شُرَيْحٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ اقال اخاه بَيْعًا اقالَ اللّٰهُ عَثْرَتَهُ يَوْمَ القِيامَةِ۔)) [رواه الطبرانی فی الاوسط، ورواته ثقات۔]

(٦١١) حضرت ابوشریح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے اپنے بھائی کی خریدی ہوئی چیز جس کے خریدنے پر وہ پشیمان ہے' واپس لے لی تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی لغزشوں کو معاف فرما دے گا۔ (طبرانی اوسط' اس کے راوی ثقہ ہیں) [صحیح لغیرہ]

## الترهيب من بخس الكيل والوزن

## ناپ تول میں کمی پر وعید

(٦١٢) ((عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: ما ظَهَرَ الْغُلُولُ فِی قَوْمٍ اِلَّا اُلْقِیَ اللّٰهُ فِی قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ، وَلا فَشَا الزِّنا فِی قَوْمٍ اِلَّا كَثُرَ فِيهِمُ المَوْتُ، ولا نَقَصَ قَوْمٌ المِكيالَ وَالميزانَ اِلَّا قَطَعَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الرِّزْقَ، وَلَا حَكَمَ قَوْمٌ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّا فَشَا فِيهِمُ الدَّمُ، وَلَا خَتَرَ قَوْمٌ بِالْعَهْدِ اِلَّا سَلَّطَ

(٦١٢) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جس قوم میں خیانت پیدا ہو جائے' اس کے دل میں اللہ تعالیٰ رعب ڈال دیتا ہے' جس قوم میں زنا عام ہو جائے اس میں موت کی کثرت ہو جاتی ہے' جو قوم ناپ تول میں کمی کرے' اس کے رزق کو اللہ تعالیٰ کم کر دیتا ہے' جو قوم ناحق فیصلہ کرے اس میں خونریزی عام ہو جاتی ہے اور جو قوم عہد شکنی کرے اس پر اللہ تعالیٰ دشمن کو مسلط کر دیتا ہے۔ (مالک موقوفاً' طبرانی مرفوعاً' ختر کے معنی عہد شکنی کرنا ہے) [ضعیف] [1]

---

(۱) اس معنی میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ابن ماجہ کی روایت کردہ یہ حدیث صحیح لغیرہ کے درجہ کی ہے قال: اقبل علینا رسول اللہ ﷺ فقال یا=

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْعَدُوَّ۔)) [رواه مالك موقوفًا' والطبراني مرفوعًا۔ والختر بفتح المعجمة وسكون المثناة هو الغدر۔]

## الترهيب من الغش والترغيب في النصيحة في البيع وغيره

### دھوکہ دینے پر وعید اور بیع وغیرہ میں خیر خواہی کی ترغیب

(٦١٣) ((عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا' وَمَنْ غَشَّنا فَلَيْسَ مِنَّا۔)) [رواه مسلم]

(٦١٣) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص ہم پر ہتھیار اُٹھائے وہ ہم میں سے نہیں ہے اور جو ہمیں دھوکا دے' وہ بھی ہم میں سے نہیں ہے۔ (مسلم)

(٦١٤) ((وَعَنْهُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ مَرَّ عَلٰى صُبْرَةِ طعامٍ فَاَدْخَلَ يَدَهُ فِيها فَنَالَ فِى اَصبعِهِ بَلَلًا فقالَ مَا هٰذا يا صاحِبَ الطَّعامِ؟ قَالَ اَصابَتْهُ السَّماءُ يا رَسُوْلَ اللّٰهِ' قَالَ أفَلا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعامِ حتّٰى يَرَاهُ النَّاسُ۔ مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا۔)) [رواه مسلم' وفى رواية الترمذى: من غش]

(٦١٤) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا غلے کے ڈھیر کے پاس سے گزر ہوا تو آپ ﷺ نے اس میں اپنا ہاتھ داخل فرمایا۔ آپ ﷺ کی انگلیاں تر ہو گئیں' فرمایا غلے والے یہ کیا ہے؟ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! یہ بارش سے گیلا ہو گیا تھا' آپ ﷺ نے فرمایا گیلے غلے کو اوپر کیوں نہ کر دیا تاکہ لوگ اسے دیکھ لیتے' جو ہمیں دھوکا دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (مسلم' ترمذی کی روایت میں مَنْ غَشَّنَا کے بجائے من غش ہے)

(٦١٥) ((وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ رَضِىَ اللّٰهُ

(٦١٥) حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے

= معشر المهاجرين ...... الخ ۔ترجمہ: اے گروہ مہاجرین پانچ خصلتیں ہیں کہ جب تم ان میں مبتلا ہو جاؤ گے۔ اور اللہ کی پناہ کہ تم انہیں پاؤ۔ کسی قوم میں جب فحاشی ظاہر ہو جائے یہاں تک کہ وہ علانیہ کرنے لگیں تو ان میں طاعون پھوٹ پڑتی ہے اور ایسی بیماریاں جو ان کے گزرنے والے آباؤ اجداد میں نہیں تھیں۔ اور وہ ماپ تول میں کمی کرتے ہیں تو قحط سالی' گزران کی تنگی اور حکمران کی سختی میں پکڑ لیے جاتے ہیں۔ اور اپنے اموال کی زکاۃ روک لیتے ہیں تو ان سے آسمان سے بارش روک لی جاتی ہے اور اگر حیوانات نہ ہوں تو ان پر بالکل بارش نہ ہو۔

اللہ اور اس کے رسول سے کیا ہوا عہد توڑتے ہیں تو ان پر اجنبی دشمن مسلط کر دیا جاتا ہے جو ان کے ہاتھوں سے بعض چیزیں لے جاتے ہیں۔

اور جونہی ان کے حکام کتاب اللہ اور اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ بہترین شریعت کے مطابق فیصلے کرنے کی بجائے کچھ اور کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی جنگی قوت آپس میں صرف کرا دیتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ یقولُ: مَنْ باعَ عَيْبًا لَمْ يُبَيِّنْهُ لَمْ يَزَلْ فى مَقْتِ اللّٰهِ، وَلَمْ تَزَلِ المَلَائِكَةُ تَلْعَنُهُ۔)) [رواہ ابن ماجہ]

رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے واضح کئے بغیر کسی عیب والی چیز کو بیچ دیا وہ ہمیشہ کے لیے اللہ تعالیٰ کی ناراضی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور فرشتے ہمیشہ اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں۔ (ابن ماجہ) [ضعیف جدا]

(٦١٦) ((وَعَنْ تَمِيمِ الدَّارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ۔ قُلْنا: لِمَنْ يا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِلّٰهِ، وَلِكِتابِهٖ، وَلِرَسُولِهٖ، وَلائِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَعَامَّتِهِمْ۔)) [رواہ مسلم]

(٦١٦) حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک دین اخلاص و خیر خواہی کا نام ہے۔ ہم نے عرض کیا کس کے لیے خیر خواہی یا رسول اللہ! فرمایا اللہ کے لئے، اس کی کتاب کے لئے، اس کے رسول کے لئے، مسلمانوں کے حکام اور عوام کے لئے۔ (مسلم)

(٦١٧) ((وَعَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيمانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ لا يَهْتَمُّ بِامرِ الْمُسْلِمِينَ فَلَيْسَ مِنْهُمْ، وَمَنْ لَمْ يُصْبح وَيُمْسِ نَاصِحًا لِلّٰهِ، وَلِرَسُولِهٖ، وَلِكِتابِهٖ وَلِامامِهٖ وَلِعامَّةِ الْمُسْلِمِينَ فَلَيْسَ مِنْهُمْ))[رواہ الطبرانی]

(٦١٧) حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو مسلمانوں کے معاملہ کی طرف توجہ نہ دے وہ ان میں سے نہیں ہے اور جو صبح و شام اللہ، اس کے رسول، اس کی کتاب، اس کے امام اور عامۃ المسلمین کے لیے اخلاص اور خیر خواہی میں نہ گزارے، وہ ان میں سے نہیں ہے۔ (طبرانی) [ضعیف]

(٦١٨) ((وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لاخِيهِ ما يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ۔)) [متفق علیہ۔ وعند ابن حبان : لا يَبْلُغُ الْعَبْدُ حَقِيقَةَ الإيمانِ حَتّٰى يُحِبَّ لِلنَّاسِ ما يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ۔]

(٦١٨) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک ایماندار نہیں ہو سکتا، جب تک اپنے بھائی کے لیے بھی وہ پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے (متفق علیہ، ابن حبان کی ایک روایت میں ہے کہ آدمی اس وقت تک حقیقت ایمان کو نہیں پا سکتا جب تک لوگوں کے لیے بھی وہ پسند نہ کرے جسے وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے)

## الترھیب من الاحتکار

## ذخیرہ اندوزی کی ممانعت۔

(٦١٩) ((عَنْ مَعْمَرِ بْنِ اَبى مَعْمَرٍ وَقِيلَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَضْلَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

(٦١٩) حضرت معمر بن ابی معمر سے۔۔۔۔ کہا گیا ہے کہ وہ ابن عبد اللہ بن نضلہ ہیں۔۔۔۔۔ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ﷺ : مَنِ احْتَكَرَ فَهُوَ خاطئ)) [رواه مسلم وابو داوود' والترمذي۔ وصححه وابن ماجه۔ ولفظهما قَالَ: لَا يَحْتَكِرُ الَّا خَاطِيءٌ۔] [۲]

فرمایا کہ جو شخص ذخیرہ اندوزی کرے وہ خطا کار ہے۔[۱] (مسلم' ابوداؤد' ترمذی' ابن ماجہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور ترمذی و ابن ماجہ کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ صرف خطا کار ہی ذخیرہ اندوزی کرتا ہے)

## ترغيب التجار في الصدق وترهيبهم من الكذب والحلف وان كانوا صادقين

## تاجروں کو سچ بولنے کی ترغیب' جھوٹ کی مذمت اور قسم کھانے کی ممانعت خواہ وہ سچے ہوں

(۶۲۰) ((عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: التَّاجِرُ الصَّدُوقُ الامِينُ مَعَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاء۔)) [الترمذي' وحسنه' ورواه ابن ماجه من حديث ابن عمر بلفظ: التَّاجِرُ الامِينُ الصَّدُوقُ الْمُسْلِمُ مَعَ الشُّهَدَاءِ يَوْمَ الْقِيامَةِ۔]

(۶۲۰) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا سچا اور امانت دار تاجر انبیاء' صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔ (ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے اور ابن ماجہ نے اسے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ان الفاظ میں روایت کیا ہے کہ امانت دار' سچا اور مسلمان تاجر قیامت کے دن شہداء کے ساتھ ہوگا) [صحيح لغيره]

(۶۲۱) ((وَرُوِىَ عَنْ انَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : التَّاجِرُ الصَّدُوقُ تَحْتَ ظِلِّ الْعَرْشِ يَوْمَ الْقِيامَة۔)) [رواه الاصبهاني۔ اقول: والبغوي في شرح السنة۔]

(۶۲۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سچا تاجر قیامت کے دن عرشِ الٰہی کے سایہ میں ہوگا۔ (اصفہانی۔ میں کہتا ہوں کہ اسے بغوی نے شرح السنہ میں بیان کیا ہے) [موضوع]

(۶۲۲) ((وَرُوِىَ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِنَّ التَّاجِرَ اذا كانَ فِيهِ اَرْبَعُ خِصالٍ طابَ كَسْبُهُ: اذا شَرَى لَم يَذُمَّ '

(۶۲۲) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تاجر میں جب چار خوبیاں ہوں تو اس کی کمائی پاک ہوتی ہے (۱) جب خریدے تو اس کی خرابی بیان نہ کرے (۲) جب بیچے تو اس

---

(۱) خاطی کے معنی نافرمان اور گناہگار کے ہیں' یہ حدیث صراحت کے ساتھ ذخیرہ اندوزی کی حرمت پر دلالت کناں ہے۔ ہمارے اصحاب فرماتے ہیں کہ جو ذخیرہ اندوزی حرام ہے' اس کا تعلق خاص طور پر کھانے پینے کی چیزوں سے ہے اور اس کی صورت یہ ہے کہ مہنگائی کے وقت کھانے پینے کی اشیاء کو خریدنے اور فی الحال نہ بیچے بلکہ انہیں ذخیرہ کرلے تاکہ اس کی قیمت میں اور بھی اضافہ ہو' کھانے پینے کے علاوہ دیگر اشیاء کی ذخیرہ اندوزی حرام نہیں ہے۔ (شرح النووی علی مسلم)

(۲) یہ الفاظ بھی صحیح مسلم میں ہیں۔ (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وإذا باعَ لَمْ يَمْدَحْ ، وَلَمْ يُدَلِّسْ فى البَيْعِ ، وَلَمْ يَحْلِفْ فِيما بَيْنَ ذٰلِكَ)) [رواه الاصبهانى واخرجه هو والبيهقى من حديث معاذ ، بلفظ إنَّ اطْيَبَ الْكَسْبِ كَسْبُ التُّجَّارِ الَّذينَ اذا حَدَّثُوا لم يَكْذِبو۔ وَإذا ائْتُمِنُوا لَمْ يَخُونوا۔ وَإذا وَعَدُوا لَمْ يُخْلِفُوا، وَإذا اشْتَرَوْا لَمْ يَذُمُّوا۔ وَإذا بَاعُوا لَمْ يَمْدَحُوا، وَإذا كانَ عَلَيْهِمْ، لم يمطلوا وإذا كانَ لَهُمْ لَمْ يُعَسِّرُوا]

کی خوبی بیان نہ کرے (۳) نہ بیچتے ہوئے کوئی عیب چھپائے اور (۴) نہ اس دوران کوئی قسم کھائے (اصبہانی' اصبہانی و بیہقی نے اسے بروایت حضرت معاذ ان الفاظ میں بھی بیان کیا ہے کہ سب سے پاکیزہ کمائی تاجروں کی کمائی ہے' بشرطیکہ جب بات کریں تو جھوٹ نہ بولیں' امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت نہ کریں' وعدہ کریں تو اس کی خلاف ورزی نہ کریں' خریدیں تو اس کی خرابی بیان نہ کریں' بیچیں تو اس کی تعریف نہ کریں' جب ان کے ذمہ قرض ہو تو اس کی ادائیگی میں ٹال مٹول نہ کریں[1] اور جب انہوں نے قرض لینا ہو تو مقروض کو تنگ نہ کریں) [ضعیف]

(۶۲۳) ((عَنْ اسْماعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ رِفاعَةَ عَنْ اَبيهِ عَنْ جَدِّهِ انَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ الى المُصَلّٰى فَرأى النَّاسَ يَتَبايعُونَ: فَقالَ: يا مَعْشَرَ التُّجَّارِ، فاسْتَجابُوا لِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ ، وَرَفَعُوا اَعْناقَهُمْ وَاَبْصارَهُمْ اِلَيْهِ، فَقالَ: اِنَّ التُّجَّارَ يُبْعثُونَ يَوْمَ القِيامَةِ فُجَّارًا اِلَّا مَنِ اتَّقى اللّٰهَ۔ وَبَرَّ وَصَدَقَ۔)) [رواه الترمذى وصححه، وابن ماجه، وصححه ابن حبان، والحاكم۔]

(۶۲۳) اسماعیل بن عبید بن رفاعہ اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عید گاہ کی طرف نکلے تو وہاں آپ ﷺ نے لوگوں کو خرید و فروخت کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا اے گروہ تجار! لوگوں نے آپ ﷺ کی آواز پر لبیک کہا اور آپ ﷺ کی طرف اپنی گردنیں اور نظریں اٹھائیں' آپ ﷺ نے فرمایا تاجروں کو قیامت کے دن فاجروں کے طور پر اٹھایا جائے گا سوائے اس کے جو اللہ سے ڈر گیا اور نیکی کی اور سچ بولا۔ (ابن ماجہ' ترمذی' ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے)

[صحیح لغیرہ]

(۶۲۴) ((وعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : اِنَّما الْحَلِفُ حِنْثٌ ، اَوْ نَدَمٌ۔)) [ رواه ابن ماجه، وصححه ابن حبان۔]

(۶۲۴) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حلف گناہ یا ندامت ہے۔ (ابن ماجہ' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [منکر]

(۶۲۵) ((وعَنْ اَبى ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ

(۶۲۵) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

(۱) یعنی جو چیز خریدنا چاہتے ہیں اس کی قیمت کم لگانے کے لیے اس میں نقص نہیں نکالتے اور جو چیز بیچنا چاہ رہے ہیں اُس کی بے جا تعریف نہیں کرتے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: ثَلَاثَةٌ لا یَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَیْهِمْ یَوْمَ الْقِیامَةِ ، وَلَا یُزَکِّیهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ۔ قَالَ: فَقَرَاَها رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ، فَقُلْتُ خَابُوا وَخَسِرُوا، وَمَنْ هُمْ یا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ الْمُسْبِلُ۔ وَالْمَنَّانُ والْمُنْفِقُ سِلْعَتَهُ بِالْحلفِ الْکاذِبِ۔)) [رواه مسلم، والاربعة۔ وعند ابن ماجه الْمُسْبِلُ اِزارَهُ وَالْمَنَّانُ عَطاءَ هُ۔]

فرمایا تین شخص ایسے ہیں کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نہ انہیں نظر رحمت سے دیکھے گا نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا' آپ ﷺ نے یہ تین بار فرمایا: میں نے عرض کیا: یہ لوگ تو خائب و خاسر ہو گئے' یارسول اللہ ﷺ! یہ کون ہیں؟ فرمایا: (۱) اپنے کپڑے کو لٹکانے والا (۲) احسان جتلانے والا اور (۳) اپنے سودے کو جھوٹی قسم کے ساتھ بیچنے والا (مسلم' اربعہ' ابن ماجہ کی روایت میں المسبل ازارہ والمنان عطاہ کے الفاظ ہیں یعنی اپنی چادر کو (ٹخنے سے نیچے) لٹکانے والا اور اپنے عطیہ پر احسان جتلانے والا)

(۶۲۶) ((وَعَنْ اَبِی سَعِیدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَرَّ اَعْرابِیٌّ بِشاةٍ فَقُلْتُ: تَبِیعُها بِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ؟ فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ ، ثُمَّ بَاعَها فَذَکَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: بَاعَ آخِرَتَهُ بِدُنْیاهُ۔)) [رواه ابن حبان]

(۶۲۶) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی بکری کے ساتھ گزرا تو میں نے اس سے کہا کہ بکری کو تین درہم میں بیچو گے؟ اس نے کہا نہیں اللہ کی قسم! مگر پھر اس نے اسے بیچ دیا' میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس نے اپنی آخرت کو دنیا کے بدلہ میں بیچ دیا۔ (ابن حبان)

## الترهیب من خیانة احد الشریکین الْاٰخر

### دو حصہ داروں میں سے ایک کے لیے دوسرے کی خیانت پر وعید

(۶۲۷) ((وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: یَقولُ اللّٰهُ عزَّ و جلَّ: انا ثالث الشَّرِیکَیْنِ مَا لَمْ یَخُنْ اَحَدُهُما صاحِبَهُ، فَاِذا خَانَ خَرَجْتُ مِنْ بَیْنِهِما۔)) [رواه ابوداوود۔ والحاکم، و قال صحیح الاسناد، وزاد رزین فی آخره وَجَاءَ الشَّیْطانُ، واخرجه الدارقطنی بلفظ یَدُ اللّٰهِ عَلَی الشَّرِیکَیْنِ ما لَمْ یَخُنْ

(۶۲۷) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے کہ دو حصہ داروں میں تیسرا میں ہوں[1] جب تک ان میں سے ایک دوسرے کی خیانت نہیں کرتا اور جب وہ خیانت کرتا تو میں ان دونوں کے درمیان میں سے نکل جاتا ہوں۔ (ابوداؤد) حاکم نے اسے صحیح الاسناد قرار دیا ہے اور رزین کی روایت کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ پھر ان کے پاس شیطان آجاتا ہے۔ دارقطنی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں' اللہ تعالیٰ کا ہاتھ دو حصہ داروں پر ہے بشرطیکہ ان میں سے ایک دوسرے کی

(۱) جب تک وہ دونوں امین رہیں اللہ کی مدد اور برکت ان کے شامل حال رہتی ہے اور جب وہ خیانت شروع کر دیں تو اللہ تعالیٰ ان سے دور ہو جاتا اور شیطان ان کا شریک بن جاتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اَحَدُهُما صاحِبَهُ، فَإذا خانَ احدُهُما صَاحِبَهُ رَفَعها عَنْهُما۔]

خیانت نہ کرے اور جب ایک دوسرے کی خیانت کرے تو اللہ تعالیٰ ان دونوں سے اپنے ہاتھ کو اُٹھالیتا ہے) [ضعیف]

## الترهيب من التفريق بين الوالدة وولدها بالبيع ونحوه

## بیع وغیرہ میں ماں اوراس کے بچے میں جدائی ڈالنے پر وعید

(۶۲۸) ((عَنْ اَبِي اَيُّوبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الْوَالِدَةِ وَوَلَدِها فَرَّقَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ احِبَّتِهِ يَوْمَ الْقِيامَةِ۔)) [رواه الترمذي، وحسنه، والحاكم ، والدارقطني، وَقَالَ الحاكم صحيح الاسناد۔]

(۶۲۸) حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ماں اور اس کے بچے میں جدائی ڈالے گا' قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کے اور اس کے محبوبوں میں جدائی ڈال دے گا۔ (ترمذی نے اسے حسن اور حاکم نے صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔ بیہقی) [صحیح]

## الترهيب من الدين وترغيب المستدين والمتزوج ان ينويا الوفاء والمبادرة الى قضاء دين الميت

## قرض لینے سے پرہیز کی تلقین' قرض لینے والے اور شادی کرنے والے کے لیے وفا کی نیت کی ترغیب اور میت کے قرض کو جلد ادا کرنے کی تلقین

(۶۲۹) ((عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ ﷺ : يَقُولُ اعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْكُفْرِ، وَالدَّيْنِ ، فَقالَ: رَجُلٌ يا رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ ، اَتَعْدِلُ الْكُفرَ بِالدَّيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ۔)) [رواه النسائي، والحاكم، وصححه]

(۶۲۹) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتا ہوئے سنا کہ میں کفر اور قرض سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ کیا کفر قرض کے برابر ہے؟ فرمایا: ہاں۔ (نسائی' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۶۳۰) ((وعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ اخَذَ اموالَ النَّاسِ يُرِيدُ اداءَ ها أَدَّى اللّٰهُ عَنْهُ، ومَنْ اخَذَ اموالَ النَّاسِ يُرِيدُ إتْلَافَها أتْلَفَهُ

(۶۳۰) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص لوگوں کے اموال لے اور انہیں ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے ادا کر دے گا اور جو شخص لوگوں کے اموال لے اور انہیں تلف کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ اسے تلف کر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اللّٰهُ)) [رواه البخاری ' وابن ماجه]

دے گا۔ (بخاری وابن ماجہ)

(۶۳۱) (( وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ حَمَلَ مِنْ أُمَّتِي دَيْنًا ثُمَّ جهد في قضائه، ثُمَّ مات قَبْلَ انْ يَقْضِيَهُ فَانَا وَلِيُّهُ)) [رواه احمد بسند جيد، وابويعلى، والطبراني في الاوسط۔]

(۶۳۱) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص میری اُمت کے قرض کو اُٹھائے پھر اس کے ادا کرنے کی کوشش کرے[1] اور ادا کرنے سے پہلے فوت ہو جائے تو اس کا میں ولی ہوں۔ (احمد بسند جید۔ ابویعلیٰ، طبرانی اوسط) [صحیح]

(۶۳۲) (( وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حذيفة قَالَ: كَانَتْ مَيْمُونَةُ تَدَّانُ فَتُكْثِرُ فقال لها اهْلُها في ذٰلِكَ، وَلامُوها وَوَجَدُوا عَلَيْها، فَقالَتْ: لا اتْرُكُ الدَّيْنَ، وَقَدْ سَمِعْتُ خَلِيلِي وَصفِيِّي ﷺ يَقولُ: ما مِنْ احَدٍ يَدَّانُ دَيْنًا يَعْلَمُ اللّٰهُ انَّهُ يُرِيدُ قَضاءَهُ الَّا اَدَّاهُ عَنْهُ فِي الدُّنْيا۔)) [رواه النسائي، وابن ماجه، وصححه ابن حبان۔]

(۶۳۲) حضرت عمران بن حذیفہ[2] سے روایت ہے کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کثرت سے قرض لیتی تھیں، چنانچہ اس سلسلہ میں ان کے گھر والوں نے ان سے بہت کچھ کہا بلکہ ملامت کی اور ناراضی کا اظہار کیا تو انہوں نے فرمایا کہ میں قرض کو ترک نہ کروں گی کیونکہ میں نے اپنے دوست اور محبوب ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص کسی سے قرض لیتا ہے اور یہ اللہ جانتا ہے کہ وہ اسے ادا بھی کرنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ ضرور دُنیا ہی میں اس کے قرض کو ادا کر دے گا۔ (نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۶۳۳) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الدَّائِنِ حَتّٰى يَقْضِيَ دَيْنَهُ مَا لَمْ يَكُنْ فِيما يَكْرَهُهُ اللّٰهُ. فَكانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ يَقولُ لِخازِنِه، اذْهَبْ فَخُذ لي بِدينٍ فَإِنِّي أَكْرَهُ أَنْ أَبِيتَ لَيْلَةً إِلَّا وَاللّٰهُ مَعِي۔)) [رواه ابن ماجه بسند حسن۔ وصححه الحاكم]

(۶۳۳) حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ مقروض کے ساتھ ہے حتیٰ کہ وہ اپنے قرض کو ادا کرے (بشرطیکہ قرض کسی ایسے کام کے لیے نہ لیا ہو جو اللہ کو ناپسند ہو۔ عبداللہ بن جعفر اپنے خازن سے فرماتے جاؤ میرے لئے قرض لے لو کیونکہ میں پسند نہیں کرتا کہ اللہ کے ساتھ کے بغیر ایک رات بھی گزاروں) ابن ماجہ بسند حسن، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح لغیرہ]

---

(۱) یعنی وسعت وطاقت کے مطابق ادا کرنے کی کوشش کرے۔

(۲) مطبوعہ میں عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ہے تصحیح سنن نسائی سے کی گئی ہے۔ (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۶۳۴) (( وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: كانَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ قاعِدًا حَيْثُ تُوضَعُ الجَنائِزُ فَرَفَعَ رَأْسَهُ قِبَلَ السَّماءِ، ثُمَّ خَفَضَ بَصَرَهُ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى جَبْهَتِهِ ، فَقالَ: سُبْحانَ اللّٰهِ ، سُبْحانَ اللّٰهِ ، ما أُنْزِلَ مِنَ التَّشْدِيدِ۔ قَالَ: حَتّٰى اذا كانَ الغَدُ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ ، فَقُلْنا: ما التَّشْدِيدُ الَّذِى نَزَلَ؟ قَالَ فى الدَّيْنِ، وَالَّذِى نَفْسى بِيَدِهِ لَوْ قُتِلَ رَجُلٌ فى سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ عاشَ ، ثُمَّ قُتِلَ ، وَعَلَيْهِ دَيْنٌ ما دَخَلَ الجَنَّةَ حَتّٰى يُقضٰى دَيْنُهُ۔ )) [رواه النسائى، والطبرانى فى الاوسط، والحاكم واللفظ له، وقالَ صحيح الاسناد۔]

(۶۳۴) محمد بن عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اس جگہ تشریف فرما تھے جہاں جنازے رکھے جاتے تھے' آپ نے اپنے سر مبارک کو آسمان کی طرف اُٹھایا' پھر آنکھ کو جھکایا اور اپنے دست مبارک کو پیشانی اقدس پر رکھا اور فرمایا سبحان اللہ! سبحان اللہ!! کس قدر سخت حکم نازل ہوا ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ اگلے دن میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کیا سخت حکم نازل ہوا ہے؟ فرمایا: یہ حکم قرض کے بارہ میں نازل ہوا ہے' اس ذاتِ اقدس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر ایک آدمی اللہ تعالیٰ کے راستہ میں شہید ہو' پھر زندہ ہو اور پھر شہید ہو اور اس پر قرض ہو تو وہ اس وقت تک جنت میں داخل نہ ہوگا جب تک اس کے قرض کو ادا نہ کر دیا جائے۔ (نسائی' طبرانی اوسط۔ یہ الفاظ حاکم کی روایت کے ہیں اور انہوں نے اسے صحیح الاسناد قرار دیا ہے) [حسن]

(۶۳۵) (( وَعَنْ ابى مُوسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِنَّ اَعْظَمَ الذُّنُوبِ عِنْدَ اللّٰهِ انْ يَلْقاهُ بِها عَبْدٌ بَعْدَ الكَبائِرِ الَّتى نَهَى اللّٰهُ عَنْها۔ انْ يَمُوتَ رَجُلٌ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ لا يَدَعُ لَهُ قَضاءً۔ )) [رواه ابوداود، والبيهقى]

(۶۳۵) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ان کبیرہ گناہوں کے بعد جن سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے' اللہ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ آدمی فوت ہو اور اس پر قرض ہو اور اس کی ادائیگی کے لیے وہ کچھ نہ چھوڑے۔ (ابوداؤد' بیہقی) [ضعیف]

(۶۳۶) (( وَعَنْ ابى هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: نَفْسُ المُؤمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهِ حَتّٰى يُقْضٰى عَنْهُ۔ )) [رواه احمد، والترمذى، وحسنه، وابن ماجه، وصححه ابن حبان ولفظه ما كانَ عليْهِ دَيْنٌ۔]

(۶۳۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مومن کا نفس اس کے قرض کے ساتھ اس وقت تک معلق رہتا ہے جب تک اسے ادا نہیں کر دیا جاتا۔ (احمد' ابن ماجہ' ترمذی نے اسے حسن اور ابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۶۳۷) (( قَالَ المؤلّفُ وَقَدْ صَحَّ عن ابى هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ

(۶۳۷) مؤلف فرماتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے صحیح حدیث مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جب کسی ایسی میت کو لایا جاتا جس پر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


کانَ یُؤتیٰ بالرجل المیت علیه الدین۔ فیسال ھل ترك لدینه قضاء۔ فان حدث انه ترك وفاء صلی علیه، والا قَالَ: صلوا علی صاحبکم، فلما فتح اللّٰه علیه الفتوح قَالَ: انا اولی المومنین من انفسھم، فمن توفی وعلیه دین فعلی قضاء ہ، ومن ترك مالا فھو لورثته۔)) [رواہ مسلم]

قرض ہوتا تو آپ ﷺ اس سے پوچھتے کہ اس نے اپنے قرض کی ادائیگی کیلئے مال چھوڑا ہے؟ اگر بیان کیا جاتا کہ اس نے اتنا مال چھوڑا ہے کہ اس سے قرض ادا ہو سکتا ہے تو آپ ﷺ اسکی نمازِ جنازہ پڑھا دیتے وگرنہ فرماتے کہ تم اپنے ساتھی کی نماز پڑھ لو اور جب اللہ نے فتوحات سے نوازا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ نبی مؤمنوں پر انکی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتے ہیں لہذا جو شخص فوت ہو اور اس پر قرض ہو تو اسکا ادا کرنا میرے ذمہ اور جو مال چھوڑے تو وہ اسکے وارثوں کیلئے ہے۔

## الترغیب فی کلمات یقولھن المدیون والمھموم والمکروب والماسور

### مقروض، مغموم، سخت غمگین اور اسیر کے لیے دعائیں پڑھنے کی ترغیب

(۶۳۸) (( عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ مُکاتبًا جَاءَ ہُ فَقالَ: اِنِّی قَدْ عَجَزْتُ عَنْ مُکَاتبَتی فَاَعِنِّی فَقالَ: اَلا اُعلِّمُكَ کَلِماتٍ عَلَّمَنِیهِنَّ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ، لَوْ کانَ عَلَیْكَ مِثْلُ جبلِ صبیر دَیْنًا اَدَّاہُ اللّٰهُ عَنْكَ، قُلِ: اللّٰھُمَّ اکْفِنِی بِحَلالِكَ عَنْ حرَامِكَ، واغْنِنِی بِفَضْلِكَ عَنْ مَنْ سِوَاكَ۔)) [رواہ الترمذی، و حسنه، والحاکم، وصححه۔]

(۶۳۸) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ کے پاس ایک مکاتب [۱] غلام آیا اور اس نے کہا کہ میں مکاتبت کی ادائیگی سے عاجز آ گیا ہوں لہذا میری مدد کیجئے، آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں وہ کلمات نہ سکھا دوں جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے سکھائے تھے اگر صبیر [۲] پہاڑ جتنا قرض بھی تمہارے ذمہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے ادا فرما دے گا، کہو اللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ (اے اللہ! تو مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام سے بچا دے اور اپنے فضل وکرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے)۔ (ترمذی نے اسے حسن اور حاکم نے صحیح قرار دیا ہے)

[حسن]

(۶۳۹) (( وَعَنْ ابی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ المَسْجِدَ، فَاِذا ھُوَ بِرَجُلٍ مِنَ الاَنْصارِ

(۶۳۹) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں تشریف لائے تو آپ ﷺ نے ابواُمامہ نامی ایک انصاری صحابی کو وہاں بیٹھے ہوئے دیکھا تو فرمایا ابواُمامہ! اس وقت

(۱) مکاتب اس غلام کو کہتے ہیں جو مال معینہ ادا کر کے آزادی حاصل کرے۔

(۲) صبیر ایک پہاڑ کا نام ہے اسے صبور بھی پڑھا گیا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يُقالُ لَهُ: ابو اُمامَةَ جالِسًا فِيهِ۔ فَقالَ يا اَبا اُمامَةَ مَالى اَراكَ جَالِسًا فى المَسْجِدِ فى غيْرِ وَقْتِ الصَّلَاةِ؟ قَالَ هُمُومٌ لَزِمَتْنى؛ وَدُيُونٌ يا رَسُولَ اللّٰهِ۔ قَالَ اَلا اُعَلِّمُكَ كَلَامًا اذا قُلْتَهُ اَذْهَبَ اللّٰهُ عزَّ وَجَلَّ هَمَّكَ وَقَضى عَنْكَ دَيْنَكَ؟ فَقالَ: بَلٰى يا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ قُلْ: اِذا اَصْبَحْتَ، وَاِذا اَمْسَيْتَ: اَللّٰهُمَّ انّى اَعُوذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالحزنِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنَ العَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجالِ۔ قَالَ: فَقُلْتُ ذٰلِكَ، فَاَذْهَبَ اللّٰهُ هَمِّى، وَقَضٰى عَنِّى دَيْنِى۔)) [رواه ابوداؤد]

مسجد میں کیوں بیٹھے ہو؟ ابھی نماز کا وقت تو نہیں ہے؟ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! مجھے غموں اور قرضوں نے جکڑ رکھا ہے فرمایا کیا میں تمہیں ایسا کلام نہ سکھا دوں کہ جب تم اسے پڑھو تو اللہ تعالیٰ تمہارے غموں کو دور کر دے اور تمہارے قرضوں کو ادا فرما دے، اس نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ضرور ارشاد فرمائیے۔ فرمایا صبح وشام یہ پڑھو اللهم فی ...... الرجال (اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں فکر و پریشانی اور رنج وغم سے اور پناہ مانگتا ہوں عاجزی وکاہلی سے اور پناہ مانگتا ہوں کنجوسی و بزدلی سے اور پناہ مانگتا ہوں قرض کے بوجھ سے اور لوگوں کے غلبہ سے) اس نے کہا کہ میں نے جب ان کلمات کو کہا تو اللہ تعالیٰ نے میرے غم دور اور قرض ادا فرما دیئے۔ (ابوداؤد) [ضعیف]

(٦٤٠)(( وَعَنْ ابى بَكْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: كَلِماتُ المَكْرُوبِ: اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ ارْجُو، فَلَا تَكِلْنى اِلَى نَفْسى طَرْفَةَ عَيْنٍ ، وَاَصْلِحْ لِى شاْنى كُلَّهُ۔)) [رواه الطبرانى، وصححه ابن حبان، وزاد فى آخره: لَا الٰهَ اِلَّا انْتَ۔]

(٦٤٠) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا غمزدہ انسان کو یہ کلمات پڑھنے چاہئیں اللّٰھم ۔۔۔۔شانی (اے اللہ میں تیری رحمت ہی کی اُمید رکھتا ہوں پس تو مجھے پلک جھپکنے کے لیے میرے نفس کے سپرد نہ کر اور میرے سب کام درست فرما دے)۔ (طبرانی، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور آخر میں ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ لا الٰہ الا انت (تیرے سوا کوئی معبود نہیں) [حسن]

(٦٤١) (( وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ لَزِمَ الِاسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ كُلِّ ضِيقٍ مَخْرَجًا، وَمِنْ كُلِّ هَمّ فَرجًا، وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لا يَحْتَسِبُ۔)) [رواه الاربعة الا الترمذى والحاكم، وقَالَ صحيح الاسناد

(٦٤١) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص کثرت کے ساتھ استغفار کرتا رہے گا، اللہ تعالیٰ اُسے ہر تنگی سے رہائی اور ہر غم وفکر سے نجات عطا فرمائے گا اور جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہو گا وہاں سے اسے رزق عطا فرمائے گا۔ (اربعہ سوائے ترمذی کے نیز حاکم نے اسے صحیح الاسناد قرار دیا اور بروایت حکم بن مصعب بیان کیا ہے) [ضعیف]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وھو من روایة الحکم بن مصعب۔]

(۶۴۲) ((وَعَنْ اسْمَاءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْها قالَتْ: قَالَ لِی رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اَلَا اُعَلِّمُكِ كَلِماتٍ تَقُولِینَهُنَّ عِنْدَ الْكَرْبِ، أوْ فِی الْكَرْبِ، اللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّی لا اُشْرِكُ بِهِ شَیْئًا۔)) [رواه ابوداوود واللفظ له، والنسائی، وابن ماجه، وفی روایة للطبرانی فی الدعاء۔ فَلْیَقُلْ: اللّٰهُ رَبِّی لا اشْرِكُ بِهِ شَیْئًا ثَلاثَ مَرَّاتٍ، وزاد فیه: انه كان آخر كلام عمر بن عبد العزیز عند الموت۔]

(۶۴۲) حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ کیا میں ایسے کلمات نہ سکھادوں جو تم غم و فکر کے موقعہ پر پڑھا کرو وہ کلمات یہ ہیں: اَللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّی لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا (اللہ اللہ میرا پروردگار ہے، میں اُس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہیں کرتا) (یہ الفاظ ابوداؤد کی روایت کے ہیں، نسائی، ابن ماجہ، طبرانی نے الدعاء میں یہ ذکر کیا ہے کہ اسے تین بار یہ کلمات کہنے چاہئیں اللہ ربی لا اشرک بہ شیئا اور یہ بھی بیان کیا ہے کہ موت کے وقت حضرت عمر بن عبدالعزیز کی زبان پر یہ آخری الفاظ تھے) [صحیح]

(۶۴۳) ((وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ كان یقولُ عِنْدَ الْكَرْبِ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیمُ الْحَلِیمُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعظیم، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیمِ۔)) [متفق علیه والترمذی فی الاولی: العلیم الحلیم۔ والنسائی وابن ماجه الحلیم والكریم۔ وفی الاخیرتین سُبْحَانَ اللّٰهِ بدل لا الٰهَ اِلَّا اللّٰه۔]

(۶۴۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ غم و فکر کے موقعہ پر یہ کلمات پڑھا کرتے تھے لَا اِلٰهَ ...... الْعَرْشِ الْكَرِیمِ (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بہت ہی بردبار اور بہت ہی بزرگ ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عرش عظیم کا ربّ ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں اور زمین کا پروردگار ہے اور جو عرش کریم کا مالک ہے)۔ (بخاری و مسلم، ترمذی نے پہلے کلمہ میں العَلِیم الحَکِیم نسائی و ابن ماجہ نے الحلیم والکریم اور آخری دو جملوں میں لا الہ الا اللہ کے بجائے سبحان اللہ ذکر فرمایا ہے۔

(۶۴۴) ((وَعَنِ ابْنِ مسعود رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اَلَا اُعَلِّمُكَ الْكَلماتِ الَّتِی تَكَلَّمَ بِها مُوسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ حِینَ جَاوَزَ الْبَحْرَ بِبَنِی اِسْرائیلَ؟ فَقُلْنا بَلٰی یا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ قُولُوا: اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، وَاِلَیْكَ الْمُشْتَكٰی، وَاَنْتَ

(۶۴۴) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں وہ کلمات نہ سکھاؤں جن کو موسیٰ نے بنی اسرائیل کے ساتھ دریا کو عبور کرتے ہوئے پڑھا تھا، ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! ضرور ارشاد فرمائیے، فرمایا: کہو اللّٰھم ۔۔۔۔ العلی العظیم (اے اللہ تمام تعریف تیرے ہی لیے ہے، تیری ہی طرف شکایت ہے، تجھی سے مدد مطلوب ہے اور ہر طاقت اور ہر قوت صرف

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الْمُسْتَعَانُ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ۔ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فما تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ۔)) [رواه الطبرانی فی الصغیر بسند جید۔]

اللہ ہی کی جانب ہے جو بلند و بالا اور عظمتوں والا ہے) عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ جب سے ان کلمات کو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کبھی ترک نہیں کیا۔ (طبرانی صغیر بسند جید) [ضعیف]

(٦٤٥) ((وَعَنْ ابی هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ما كَرَبَنِي اَمْرٌ اِلَّا تَمَثَّلَ لِي جِبْرائِيلُ فَقَالَ: يا مُحَمَّدُ قُلْ: تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لا يَمُوتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا۔ اِلى آخر السُّورة۔))[1] [رواه الطبرانی وصححه الحاكم]

(٦٤٥) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے جب بھی کوئی غم و فکر لاحق ہوا تو جبریل نے میرے سامنے حاضر ہو کر کہا اے محمد ﷺ یہ کہو توکلت ...... ولدا ...... آخر سورۃ تک (طبرانی، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

## الترهيب من اليمين الكاذبة الغموس (وسميت غموسًا بفتح المعجمة وبالسين المهملة لانها تغمس الحالف في الاثم الذى قد يفضى به إلى النار)

## جھوٹی قسم پر وعید (جھوٹی قسم کو غموس اس لیے کہتے ہیں کہ یہ قسم کھانے والے کو گناہ میں ڈبو دیتی ہے جو اسے جہنم تک لے جا سکتا ہے)

(٦٤٦) ((عَنِ ابن مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ: قَالَ: مَنْ حَلَفَ عَلى مالِ امْرِیءٍ مُسْلِمٍ بِغَيْرِ حَقٍّ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبانُ۔ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: ثُمَّ قَرَأَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ مِصْداقَهُ مِنْ كِتابِ اللّٰه ﴿اِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا﴾ الى آخر الآية۔ وفي رواية فَدَخَلَ الاشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ ، فَقالَ كانَ بَيْنِي

(٦٤٦) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ناحق قسم کھا کر کسی مسلمان بھائی کا مال لے لیا تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس طرح ملاقات کرے گا کہ اللہ اس سے بہت ناراض ہو گا۔ عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ پھر اس کے مصداق آنحضرت ﷺ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی (ترجمہ) بے شک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیے ہوئے عہد و پیان اور اپنی قسموں کے بدلہ میں تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیوی منفعت حاصل کرتے ہیں) ایک روایت میں ہے کہ اشعث بن قیس آئے اور انہوں نے کہا

(۱) سورۂ اسراء (قل الحمدلله الذى لم يتخذ ولدا ولم يكن له شريك فى الملك ولم يكن له ولى من الذل و كبره تكبير

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وبَيْنَ رَجُلٍ خُصُومَةٌ فِي بِئْرٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: شَاهِدَاكَ، أَوْ يَمِينُهُ، قُلْتُ: إِذًا يَحْلِفُ وَلَا يُبَالِي، فَقَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِينِ صَبْرٍ يَقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ هُوَ فِيهَا فَاجِرٌ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ۔ ونزلت الآية۔)) [متفق عليه]

کہ میرا اور ایک آدمی کا کنویں کے بارے میں جھگڑا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم دو گواہ پیش کرو یا تمہارا مد مقابل قسم اُٹھائے گا' میں نے عرض کیا کہ وہ تو قسم اُٹھالے گا تو آپ ﷺ نے فرمایا جس نے جھوٹی قسم اُٹھائی (۱) تاکہ مسلمان آدمی کے مال کو لے لے اور وہ جھوٹا ہے تو اللہ تعالیٰ سے اس طرح ملاقات کرے گا کہ وہ اس سے بہت ناراض ہوگا' اسی موقعہ پر مذکورہ آیت نازل ہوئی (بخاری و مسلم)

(۶۴۷) (( وَعَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْبَرْصَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فِي الْحَجِّ بَيْنَ الْجَمْرَتَيْنِ، وَهُوَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ أَخِيهِ بِيَمِينٍ فَاجِرَةٍ، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ لِيُبَلِّغْ شَاهِدُكُمْ غَائِبَكُم مَرَّتَيْنِ، أَوْ ثَلَاثًا۔)) [رواه الحاكم، واللفظ له والطبراني، وصححه ابن حبان ولفظه: فَلْيَتَبَوَّأْ بَيْتًا فِي النَّارِ۔]

(۶۴۷) حضرت حارث بن برصاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حج کے موقعہ پر دونوں جمروں کے درمیان یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص نے جھوٹی قسم کے ساتھ اپنے بھائی کے مال کو لے لیا تو وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے اور آپ ﷺ نے دو یا تین بار یہ بھی فرمایا کہ جو تم میں سے حاضر ہیں وہ ان لوگوں تک یہ بات پہنچا دیں جو حاضر نہیں ہیں (یہ الفاظ حاکم کی روایت کے ہیں' طبرانی' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا اور الفاظ یہ بیان کیے ہیں کہ وہ گھر جہنم میں بنالے) [صحیح]

(۶۴۸) (( وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِينٍ مَصْبُورَةٍ كَاذِبَةٍ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ۔)) [رواه ابوداود والحاكم۔ قَالَ الخطابي المصبورة۔ اللازمة التي تحبس صاحبها' وهي يمين الصبر' واصل الصبر: الحبس' ومنه قولهم: قتل صبراً اى حبس على القتل وقهر عليه۔]

(۶۴۸) حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص جھوٹی قسم کھاتا ہے وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں سمجھے (ابوداؤد' حاکم' خطابی فرماتے ہیں کہ مصبورہ اس قسم کو کہتے ہیں جو اس شخص پر لازم قرار دی جائے جس کے بارہ میں کھائی گئی ہو اور اسے وہ روک دینے والی ہو اسے یمین صبر بھی کہتے ہیں' صبر کے اصل معنی روک دینے اور بند کردینے کے ہوتے ہیں قتل صبرا کے معنی جسے باندھ کر اور تشدد کر کے قتل کیا گیا ہو) [صحیح]

(۱) (یمین صبر یقتطع) یعنی قسم اس پر لازم کر دیتا اور اسے روک رکھتا ہے کیونکہ قسم جس کے بارہ میں اُٹھائی گئی ہو اس کے لیے حکم کو لازم کر دیتی ہے اسے مصبورہ بھی کہتے ہیں اگر چہ حقیقت میں صاحب قسم مصبور ہوتا ہے کیونکہ وہ قسم کی وجہ سے روکا گیا ہوتا ہے' اس کی طرف نسبت مجازاً ہے (النہایہ) یعنی وہ قسم کے ساتھ مسلمان آدمی کے مال کو چھین کر اپنی ملکیت میں لے لیتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

(۶۴۹) (( وَعَنْ ابی اُمامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْحَارِثِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امْرِیءٍ مُسْلِمٍ بِیَمِیْنِهٖ۔ فَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ: وَحَرَّمَ عَلَیْهِ الْجَنَّةَ۔ قَالُوا: وَاِنْ کَانَ شَیْئًا یَسِیْرًا یا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاِن کَانَ قَضِیبًا مِنْ اَرَاكٍ۔)) [رواہ مسلم ' والنسائی وابن ماجه' ومالك' وکرر الکلام الاخیر۔]

(۶۴۹) حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ حارثی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص قسم کے ساتھ کسی مسلمان آدمی کے حق کو چھینتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم کی آگ کو واجب قرار دیتا ہے اور جنت کو اس کے لیے حرام قرار دے دیتا ہے' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! خواہ معمولی چیز ہو فرمایا خواہ پیلو کی چھڑی ہو (مسلم' نسائی' ابن ماجہ' مالک' امام مالک کی روایت میں آخری جملہ دو بار ہے)

(۶۵۰) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ العاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: قَالَ: الْکَبَائِرُ: الاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ' وَعُقُوقُ الْوَالِدَیْنِ' والْیَمِینُ الغَمُوسُ)) [رواہ البخاری والترمذی والنسائی وفی روایة اَنَّ اَعْرَابِیًّا جاءَ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ ' فَقالَ یا رَسُولَ اللّٰهِ ما الْکَبائِرُ قَالَ الاِشْراكُ باللّٰهِ' قَالَ: ثُمَّ ماذا؟ قَالَ: الْیَمِینُ الغَمُوسُ' قَالَ وما الْیَمِینُ الغَمُوسُ؟ قَالَ الَّذی یَقْتَطِعُ مالَ امْرِیءٍ مُسلم' یَعنی بِیمِینٍ هُوَ فیها هوَ کاذِبٌ۔]

(۶۵۰) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرما کبیرہ گناہ یہ ہیں (۱) اللہ کے ساتھ شرک کرنا (۲) والدین کی نافرمانی کرنا (۳) جھوٹی قسم کھانا (بخاری' ترمذی' نسائی) ایک روایت میں ہے کہ ایک اعرابی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! کبیرہ گناہ کون سے ہیں؟ فرمایا اللہ کے ساتھ شرک کرنا اس نے عرض کیا پھر کونسا؟ فرمایا جھوٹی قسم اس نے عرض کیا جھوٹی قسم کیا ہوتی ہے؟ فرمایا جس جھوٹی قسم کے ساتھ وہ کسی مسلمان آدمی کا مال چھین لے۔

(۶۵۱) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَیْسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مِنْ اَکْبَرِ الْکَبائِرِ: الاِشْراكُ بِاللّٰهِ' وَعُقُوقُ الْوالِدَیْنِ' وَالْیَمِینُ الغَمُوسُ۔ وَالَّذی نَفْسی بِیَدِهٖ لا یَحْلِفُ رَجُلٌ عَلٰی مِثْلِ جَنَاحِ بَعُوضَةٍ اِلَّا کانَتْ کَیَّةً فی قَلْبِهٖ یَوْمَ القِیامَةِ۔)) [رواہ الترمذی' وحسنه' وابن حبان' واللفظ له' والطبرانی فی الاوسط'

(۶۵۱) حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سب سے کبیرہ گناہ یہ ہیں: (۱) اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا (۲) والدین کی نافرمانی کرنا (۳) جھوٹی قسم کھانا۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اگر آدمی مچھر کے پر جتنی چیز پر بھی قسم کھائے تو وہ قیامت کے دن اس کے دل پر داغ ہوگی (ترمذی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے' یہ الفاظ ابن حبان کی روایت کے ہیں' طبرانی اوسط' بیہقی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ جو شخص بھی اللہ کے ایسی قسم کھاتا ہے جس پر فیصلہ موقوف ہے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


والبيهقي ولفظه: وَمَا حَلَفَ حَالِفٌ بِاللّٰه يَمِينَ صَبْرٍ فَاَدْخَلَ فِيهَا مِثْلَ جَنَاحِ الْبَعُوضَةِ اِلَّا كَانَتْ نُكْتَةٌ فِى قَلْبِهِ يَوْمَ الْقِيامَةِ' وفى رواية الترمذى الا جُعِلَتْ۔]

اور اس میں مچھر کے پَر جتنا جھوٹ داخل کر دیتا ہے تو وہ قسم قیامت کے دن اس کے دِل پر نکتہ بن جائے گی اور ترمذی کی روایت میں کانت کی بجائے جعلت کا لفظ ہے۔ [حسن صحیح]

## الترهيب من الربا و الغصب

### سود اور غصب پر وعید

(۶۵۲) (( عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ آكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهُ۔ )) [رواه مسلم' والنسائى' وزاد فيه ابوداود والترمذى وشَاهِدَيْهِ' وَكَاتِبَهُ۔ واَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ مِنْ حَدِيثِ جابرٍ بزيادةِ شَاهِدَيْهِ وَكَاتِبَهُ' وزادَ فِيهِ: وقَالَ هُمْ سَواء ولاحمد۔ وابى يعلى' وابن خزيمة ' وابن حبان' من وجه آخر عن ابن مسعود آكِلُ الرِّبا ومُوكِلُهُ وشَاهِداهُ وكَاتِبُهُ اذا عَلِمُوا بِهِ مَلْعُونُونَ عَلَى لِسانِ مُحمَّدٍ ' زاد ابن خزيمة' وابن حبان' فى آخره۔ يَوْمَ الْقِيامَةِ۔]

(۶۵۲) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سود کھانے اور کھلانے والے پر لعنت فرمائی ہے (مسلم' ترمذی' ابوداؤد و ترمذی کی روایت میں دونوں گواہوں اور کاتب کا بھی ذکر ہے۔ مسلم نے بھی بروایت جابر دونوں گواہوں اور کاتب کا ذکر کیا ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ یہ سب گناہ میں برابر ہیں۔ احمد' ابویعلیٰ' ابن خزیمہ' ابن حبان نے ایک دوسری سند کے ساتھ ابن مسعود سے روایت کیا ہے کہ سود کھانے والا کھلانے والا دونوں گواہ اور کاتب جب جانتے ہوں تو وہ محمد ﷺ کی زبانی ملعون ہیں۔ ابن خزیمہ و ابن حبان نے اس کے آخر میں قیامت کے دن کا ذکر کیا ہے)

(۶۵۳) (( وَعَنْ عَوْنِ بْنِ ابى جُحَيْفَةَ عَنْ ابيهِ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ الوَاشِمَةَ۔ والمُسْتَوشِمَةَ وآكِلَ الرِّبا' ومُوكِلَهُ۔)) [رواه البخارى' ابو داوود]

(۶۵۳) حضرت عون بن جحیفہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے گودنے والی اور گدوانے والی[1] عورت پر اور سود کھانے والے اور کھلانے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ (بخاری و ابوداؤد)

(۶۵۴) (( وَعَنْ ابى هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۶۵۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

(۱) وشم کے معنی یہ ہیں کہ سوئی کے ساتھ جلد میں سوراخ کر کے اسے سرمہ یا نیل کے ساتھ بھر دیا جائے جس سے نیلے یا سبز نشان پڑ جاتے ہیں واشمہ گودنے والی اور مستوشمہ گدوانے والی عورت کو کہتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اَلرِّبَا سَبْعُوْنَ حُوبًا اَيْسَرُهَا ان يَّنْكِحَ الرَّجُلُ اُمَّهٗ۔)) [رواه ابن ماجه، والبیهقی والحوب بضم المهملة: الاثم۔]

نے فرمایا سود کے ستر گناہ ہیں جن میں سے کم تر ماں سے نکاح کرنے کے برابر ہے۔ (ابن ماجہ، بیہقی حوب کے معنی گناہ ہیں) [صحیح لغیرہ]

(۶۵۵) ((وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: نَهٰی رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اَنْ يُّشْتَرٰی الثمرة حتّٰی تطعم قَالَ اذا ظَهَرَ الرِّبَا وَالزِّنَا فِی قَرْيَةٍ اَحَلُّوا بِاَنْفُسِهِمْ عَذَابَ اللّٰهِ۔)) [رواه الحاکم، وقال صحیح الاسناد]

(۶۵۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ پھل پکنے سے پہلے خریدا جائے اور فرمایا کہ جس بستی میں سود ظاہر اور بدکاری ہو جائے تو وہ اپنے آپ پر عذابِ الٰہی اُتارتی ہے۔ (حاکم نے اسے صحیح الاسناد قرار دیا ہے) [حسن لغیرہ]

(۶۵۶) ((عَنْ عَمْرِو بْنِ العاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: مَا مِنْ قَوْمٍ يَظْهَرُ فِيهِمُ الرِّبَا اِلَّا اُخِذُوا بِالسَّنَةِ، وَمَا مِنْ قَوْمٍ يَظْهَرُ فِيهِمُ الرشا اِلَّا اُخِذُوا بِالرُّعْبِ۔)) [رواه احمد]

(۶۵۶) حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جس قوم میں سود ظاہر ہو جائے وہ قحط سالی میں مبتلا ہو جاتی ہے اور جس قوم میں رشوت[1] ظاہر ہو جائے وہ رعب میں گرفتار ہو جاتی ہے۔ (احمد) [ضعیف]

(۶۵۷) ((وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ مَا اَحَدٌ اَكْثَرَ مِنَ الرِّبَا اِلَّا كَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهٖ اِلٰی قِلَّةٍ۔)) [رواه ابن ماجه، وصححه الحاکم، وفی روایة له۔ الرِّبا وَاِنْ كَثُرَ فَاِنَّ عاقِبَتَهٗ الٰی قُلٍّ۔]

(۶۵۷) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو آدمی سود زیادہ لیتا ہے اس کا انجام قلت کی طرف ہوتا ہے (ابن ماجہ، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور ایک روایت میں ہے سود خواہ زیادہ بھی ہو تو اس کا انجام کمی ہوتا ہے)[2] [صحیح]

---

(۱) الرشا، رشوت کی جمع ہے اس کے معنی ہیں کسی کو کچھ دے کر اپنی ضرورت و حاجت کو پانا، راشی کے معنی رشوت دینے والا اور مرتشی کے معنی رشوت لینے والا اور رائش جو دونوں کے مابین معاملہ طے کرتے والا ہو کہ اس سے کچھ زیادہ کروائے اور اس کے کچھ کم کروائے (نہایہ ۲/۲۶۲) یہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ ایک تو اس کی سند میں مرادی اور عمرو کے درمیان انقطاع ہے، دوم مرادی مجہول ہے سوم عبداللہ بن سلیمان صدوق مخطی اور چہارم اسکی سند میں عبداللہ بن لہیعہ بھی ہے جو کہ ''سیی الحفظ'' ہے سلسلہ ضعیفہ ج ۳ ص ۳۸۲۔۳۸۳ (مترجم)

(۲) قُلّ ضمہ کے ساتھ ہے، اس کے معنی قلت ہیں جس طرح ذل کے معنی ذلت ہوتے ہیں یعنی فوری طور پر اگرچہ اس سے مال میں اضافہ ہو جاتا ہے لیکن انجام کار اس سے مال میں کمی ہوتی ہے جیسا کہ سود کے بارے میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سود کو نابود یعنی بے برکت کرتا اور خیرات (کی برکت) کو بڑھاتا ہے۔ (البقرہ ۲:۲۷۶)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۶۵۸) (( وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنها اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ ظَلَمَ قِيد شِبْرٍ مِنَ الارْضِ طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ اَرْضِينَ۔)) [متفق عليه۔ ولمسلم من حديث ابى هُرَيْرَةَ: لا يَأْخُذُ اَحَدٌ شِبْرًا مِنَ الارْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ اِلَّا طَوَّقَهُ اللّٰهُ اِلَى سَبْعِ اَرَضِينَ يَوْمَ الْقِيامَةِ۔ قَوْلُهُ طُوِّقَهُ قيلَ: اراد طَوْقَ التَّكْلِيفِ لا طَوْقَ التَّقْلِيدِ وَهُوَ اَنْ يُطَوَّقَ حَمْلَها يَوْمَ الْقِيامَةِ، اى يُكَلِّفَه وَقِيلَ: الْمُرادُ بِهِ يُخْسَفُ بِهِ الارْضُ فَيَصِيرُ فِى عُنُقِهِ كَالطَّوْقِ، ورجحه البغوى، واحتج بحديث ابن عمر بلفظ مَنْ اَخَذَ مِنَ الارْضِ شِبْرًا بِغَيْرِ حَقِّهِ خُسِفَ بِهِ يَوْمَ الْقِيامَةِ اِلَى سَبْعِ اَرَضِينَ۔ وهو عند البخارى]

(۶۵۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ایک بالشت بھر زمین بھی ظلم سے چھینی تو اتنے حصہ کا ساتوں زمینوں سے طوق پہنایا جائے گا۔ (بخاری و مسلم۔ مسلم میں بروایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہے کہ جو شخص ناحق ایک بالشت برابر زمین بھی لے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ساتوں زمینوں سے اتنے حصے کا طوق اس کے گلے میں ڈالے گا' کہا گیا ہے کہ اس سے مُراد طوق تکلیف ہے' طوق تقلید نہیں یعنی قیامت کے دن اسے ساتوں زمینوں کے اُٹھانے کی تکلیف دی جائے گی' یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے مُراد یہ ہے کہ اسے زمین میں دھنسا دیا جائے گا اور زمین طوق کی طرح اسکی گردن میں ہوگی' بغوی نے اس معنی کو ترجیح دی ہے اور انہوں نے حدیث ابن عمر سے استدلال کیا ہے' جس میں الفاظ ہیں کہ جس نے ناحق ایک بالشت بھر زمین لی تو اسے قیامت کے دن ساتوں زمینوں میں دھنسا دیا جائے گا۔ بخاری)

(۶۵۹) (( وَعَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقولُ: اَيُّما رَجُلٍ ظَلَمَ شِبْرًا مِنَ الارْضِ كَلَّفَهُ اللّٰهُ عَزَّ و جَلَّ اَنْ يَحْفِرَهُ حَتّٰى يَبْلُغَ بِهٖ سَبْعَ اَرَضِينَ، ثُمَّ يُطَوَّقَهُ يَوْمَ الْقِيامَةِ حَتّٰى يَقْضِى بَيْنَ النَّاسِ۔)) [رواه احمد، والطبرانى، وصححه ابن حبان، وفى رواية لاحمد: مَنْ اَخَذَ اَرْضًا بِغَيْرِ حَقِّها كُلِّفَ اَنْ يَحْمِلَ تُرابَهَا اِلَى الْمَحْشَرِ وفى رواية للطبرانى: مَنْ ظَلَمَ مِنَ الارْضِ شِبْرًا كُلِّفَ اَنْ يَحْفِرَهُ حَتّٰى يَبْلُغَ الْماءَ ثُمَّ يَحْمِلَهُ اِلَى الْمَحْشَرِ۔]

(۶۵۹) حضرت یعلٰی بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے بالشت برابر زمین بھی ظلم سے لی تو اللہ تعالیٰ اسے حکم دے گا کہ اسے کھودو حتیٰ کہ وہ ساتویں زمین تک پہنچ جائے گا پھر قیامت کے دن لوگوں میں فیصلہ ہونے تک اسے اس کا طوق پہنایا جائے گا (احمد' طبرانی' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ احمد کی ایک روایت میں ہے کہ جس نے ناحق کسی زمین پر قبضہ کیا اسے یہ حکم دیا جائے گا کہ وہ اس کی مٹی کو محشر تک اُٹھا کر لے جائے۔ طبرانی کی ایک روایت میں ہے کہ جس نے بالشت بھر زمین بھی ظلم سے لی اسے حکم ہوگا کہ اسے پانی تک کھودے اور پھر اسے محشر تک اُٹھا کر لائے) [صحیح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(٦٦٠) (( وَعَنْ وائل بن حجر⁽¹⁾ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ غَصَبَ رَجُلًا اَرْضًا ظُلْمًا لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبانُ۔ ))[رواه الطبرانى]

(٦٦٠) حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے کسی آدمی کی ظلم سے زمین چھین لی تو اللہ تعالیٰ سے وہ اس طرح ملے گا کہ وہ اس سے سخت ناراض ہوگا ۔ [صحیح]

(٦٦١) (( وَعَنْ ابی حُمَيدِ السَّاعِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ انْ يَاْخُذَ عَصا أخِيهِ بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ مِنْهُ، قَالَ ذٰلِكَ لِشِدَّةِ ما حَرَّمَ اللّٰهُ مِنْ مالِ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ۔)) [رواه ابن حبان فی صحیحه۔]

(٦٦١) حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ کسی مسلمان کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ وہ اپنے بھائی کی لاٹھی بھی اس کی رضامندی کے بغیر لے، آپ ﷺ نے یہ اس لیے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمان پر دوسرے مسلمان کے مال کو شدید حرام قرار دیا ہے ۔ (صحیح ابن حبان) [صحیح]

## الترهيب من البناء فوق الحاجة تفاخراً وتكاثراً

## اظہارِ فخر وکثرت کے لیے عمارت بنانے پر وعید

(٦٦٢) (( عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ خَرَجَ يَوْمًا وَنَحْنُ مَعَهُ، فَرَاَى قُبَّةً مُشْرِفَةً فَقالَ: مَا هٰذِهِ؟ قَالَ اَصْحابُهُ: لِفُلانٍ رجُلٍ مِنَ الانْصارِ فَسَكَتَ وَحَمَلَها فِي نَفْسِهِ حتّٰى إذا جاءَ صَاحِبُها رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ ، وَسَلَّمَ عَلَيْهِ فِي النَّاسِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، صَنَعَ ذٰلِكَ مِرَارًا حتّٰى عَرَفَ الرَّجُلُ الْغَضَبَ مِنْهُ والإعْراضَ عَنْهُ، فَشَكىٰ ذٰلِكَ اِلَى اَصْحَابِه، فَقَالَ: وَاللّٰهِ انِّي لَاُنْكِرُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ ، قَالُوا: خَرَجَ فرَاَى قُبَّتَكَ، فَرَجَعَ الَى قُبَّتِهِ، فَهَدَمَها حتّٰى سَوَّاها بالارْضِ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ذاتَ يَوْمٍ فلَمْ يرها

(٦٦٢) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ باہر نکلے ہم بھی آپ ﷺ کے ساتھ تھے، آپ ﷺ نے ایک بالاخانہ دیکھا تو فرمایا یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک انصاری کا نام لیتے ہوئے بتایا کہ یہ فلاں شخص کا ہے۔ آپ ﷺ سن کر خاموش ہو گئے لیکن اسے اپنے دِل میں رکھا حتیٰ کہ اس بالا خانے کا مالک رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے لوگوں کی موجودگی میں آپ ﷺ کو سلام کیا تو آپ ﷺ نے اس سے اعراض فرما لیا، اس نے کئی بار یہ کیا حتیٰ کہ اسے معلوم ہو گیا کہ آپ ﷺ اس سے ناراض ہونے کی وجہ سے اعراض فرما رہے ہیں، اس نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے اس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے مزاج کو بدلا ہوا پاتا ہوں تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بتایا کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ باہر نکلے اور تمہارا بالاخانہ دیکھا تھا، وہ شخص

(۱) اصل میں عبداللہ اور مختصر میں عبداللہ یعنی ابن مسعود ہے تصحیح صحیح الترغیب للمحدث الالبانی سے کی گئی ہے۔ (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: ما فَعَلتِ القُبَّةُ قَالُوا: شَكَى الينا صاحِبُها اعْرَاضكَ عَنهُ، فاخبَرْنَاهُ، فَهَدَمَها فَقالَ: اِنَّ كُلَّ بناءٍ وبالٌ عَلَى صاحِبِه الَّا ما لا - الَّا مالا)) [رواه ابوداود واللفظ له-]

اپنے بالاخانہ کی طرف آیا اور اسے گرا کر زمین کے برابر کر دیا' پھر رسول اللہ ﷺ ایک دن باہر نکلے تو دیکھا کہ وہ بالاخانہ نہیں ہے' آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ وہ بالاخانہ کیا ہوا؟ صحابہ کرام ﷢ نے عرض کیا اس کے مالک نے ہمارے پاس آپ ﷺ کے اعراض فرمانے کا ذکر کیا تو ہم نے اس کا سبب اسے بتا دیا تو اس نے اسے گرا دیا' آپ ﷺ نے فرمایا ہر عمارت اپنے مالک کے لیے وبال جان ہوگی سوائے اس کے کہ جس کے بغیر چارہ نہ ہو! سوائے اس کے جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔ (ابوداؤد) [حسن صحیح]

(۲۶۳) ((وَعَنْ جابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اذا ارادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ شَرًّا خَضَّرَ لَهُ فی اللَّبِنِ وَالطِّينِ حتّٰى يَبْنِي-)) [رواه الطبرانی بسند جيد' ورواه فی الاوسط من حديث ابی بشير الانصاری بلفظ: اذا ارَادَ اللّٰهُ بِعبدٍ هَوَانًا انْفَقَ مالَهُ فی الْبُنْيانِ-]

(۲۶۳) حضرت جابر ﷜ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ کے بارہ میں برا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے لیے اینٹ اور گارے کو محبوب بنا دیتا ہے[1] اور وہ اس سے عمارت بنانا شروع کر دیتا ہے (طبرانی بسند جید اور اوسط میں ابوبشیر انصاری کی روایت ان الفاظ میں بیان کی ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کے ساتھ ذلت و رسوائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے مال کو عمارت بنانے میں خرچ کروا دیتا ہے) [ضعیف]

## الترهيب من منع الاجير أجره والامر بتعجيل اعطائه

## مزدور کی مزدوری روکنے پر وعید اور اسے جلد ادا کرنے کا حکم

(۲۶۴) ((عَنْ ابی هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ تَعالٰى ثَلَاثَةٌ اَنَا خصمهم يَوْمَ الْقِيامَةِ وَمَنْ كُنْتُ خصْمَهُ

(۲۶۴) حضرت ابوہریرہ ﷜ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا' اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ تین آدمی ایسے ہیں' جن سے قیامت کے دن میں خود جھگڑا کروں گا[2]۔ اور جس سے میں جھگڑا

(۱) یعنی اینٹ اور گارے کی زینت اور محبت اس کے دل میں پیدا کر دیتا ہے۔ اللبن لبنۃ کی جمع ہے اس کے معنی کچی یا پکی اینٹ کے ہیں مراد یہ ہے کہ یہ کام اسے اداء واجبات سے مشغول کر دیتا ہے زندگی کو اس کے لئے مزین بنا دیتا ہے اور موت کو بھلا دیتا ہے' یہ ارشاد نبوی ﷺ اس عمارت کے لیے ہے جو ضرورت سے زائد ہو اور جس کی تعمیر سے مقصود رضاء الٰہی نہ ہو۔

(۲) یعنی میں ان کے خلاف ہوں اور انہیں سزا دوں گا یوں تو اللہ تعالیٰ تمام ظالموں سے جھگڑا کرے گا مگر ان تین قسموں کے لوگوں پر سختی و تشدید کی اس نے صراحت فرما دی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



خَصْمُهُ: رَجُلٌ أعْطَى بِي ثُمَّ غَدَرَ ، وَرَجُلٌ باعَ حُرًّا فأكَلَ ثَمَنَهُ، وَرَجُلٌ اسْتَأْجَرَ أجِيرًا فَاسْتَوْفَى مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِهِ أجْرَهُ۔)) [رواه البخاری، وابن ماجه]

کروں اس پر غالب رہتا ہوں: (۱) جس نے میرے نام کی قسم کھا کر وعدہ کیا اور پھر اسے توڑ دیا (۲) جس نے کسی آزاد انسان کو بیچ کر اس کی قیمت کھالی (۳) جس نے کسی شخص کو مزدوری پر رکھا اور کام تو اس سے پورا لیا مگر اس کی مزدوری اسے نہ دی۔ (بخاری، ابن ماجہ)

(٦٦٥) (( وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ، اعْطُوا الاجِيرَ اجْرَهٖ قَبْلَ انْ يَجِفَّ عَرَقُهٗ۔)) [رواه ابن ماجه وامن رواته عبدالرحمٰن بن زيد بن اسلم وهو ضعيف وقد وثقة بعضهم، وَرُوِی عن أبی هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ مثله ، رواه ابويعلٰی، واخرجه الطبرانی فی الاوسط من حديث جابر، وفی الجملة فهو مع غرابته يكتسب قوة بكثرة الطرق۔]

(٦٦٥) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مزدور کو اس کی مزدوری، اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کرو۔ (ابن ماجہ، اس کے راویوں میں سے عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم ضعیف ہے، بعض ائمہ نے اسے ثقہ بھی قرار دیا ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی یہ روایت اسی طرح مروی ہے اور اسے ابویعلٰی نے روایت کیا ہے جبکہ ''طبرانی اوسط'' میں یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔ فی الجملہ یہ روایت اگرچہ غریب ہے مگر کثرتِ طرق کی وجہ سے قوی ہو جاتی ہے) [صحیح لغیرہ]

## ترغيب المملوك فی أداء حق اللّٰه وحق مواليه

## مملوک کو اللہ کا حق اور اپنے آقاؤں کا حق ادا کرنے کی ترغیب

(٦٦٦) (( عَنِ ابن عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما أنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إنَّ الْعَبْدَ إذا نَصَحَ لِسَيِّدِهٖ وأحْسَنَ عِبادَةَ اللّٰهِ فَلَهُ اجْرُهُ مَرَّتَيْنِ)) [متفق عليه]

(٦٦٦) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب کوئی غلام اپنے آقا کے ساتھ اخلاص رکھے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت بھی احسن طریقے سے کرے تو اسے دوبارا اجر و ثواب ملتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

## ترهيب العبد من الاباق من سيده

## غلام کے لیے اپنے آقا کو چھوڑ کر بھاگ جانے پر وعید

(٦٦٧) ((عَنْ جَرِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: أيما عبد أبَقَ فَقَدْ

(٦٦٧) حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو غلام بھاگ جائے اس سے ذمہ اُٹھ جاتا ہے۔[1] (مسلم،

(۱) یعنی اسلام کی پناہ جاتی رہتی ہے یا پہلے اس کی جو رعایت ہوتی تھی وہ نہ ہوگی اور مالک کو اختیار ہوگا اسے مارنے کا اور اسے باندھنے کا۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بَرِئَت مِنهُ الذِّمَّةُ۔)) [رواه مسلم' وفي رواية له: اذا ابق العَبْدُ لَم تُقبَلُ لَهُ صَلاةٌ۔ وفي رواية: فَقَدْ كَفَرَ حتّٰى يَرْجِعَ۔]

ایک روایت میں ہے کہ جب کوئی غلام بھاگ جائے تو اس کی نماز قبول نہیں ہوتی' ایک اور روایت میں ہے کہ وہ کافر ہو جاتا ہے الا یہ کہ وہ واپس آ جائے)

(٦٦٨) (( وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ثَلاثَةٌ لا تُقْبَلُ لَهُمْ صَلاةٌ' وَلَا تَصْعَدُ لَهُمْ اِلَى السَّمَاءِ حَسَنَةٌ' وفيه: وَالعَبْدُ الاٰبِقُ حتّٰى يَرْجِعَ فَيَضَعَ يَدَهُ فِي يَدِ مَوَالِيهِ۔ )) [رواه الطبراني في الاوسط' وصححه ابن خزيمة' وابن حبان]

(٦٦٨) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تین شخص ایسے ہیں' جن کی نماز قبول نہیں ہوتی اور نہ آسمان کی طرف ان کی کوئی نیکی جاتی ہے[1] اس حدیث میں اس غلام کا بھی ذکر ہے جو بھاگ جائے الا یہ کہ وہ واپس آ کر اپنا ہاتھ اپنے آقاؤں کے ہاتھ میں رکھ دے۔ (طبرانی اوسط' ابن خزیمہ و ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے)[2] [ضعيف]

(٦٦٩) (( وَعَنْ جابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اَيُّمَا عَبْدٍ مَاتَ فِي إِبَاقِهِ دَخَلَ النَّارَ۔ وَلَوْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ۔)) [رواه الطبراني في الاوسط بسند حسن۔]

(٦٦٩) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص فرار ہونے کی حالت میں فوت ہوا وہ جہنم میں جائے گا خواہ وہ اللہ کے راستہ میں شہید ہو۔ (طبرانی اوسط' بسند حسن) [ضعيف]

## الترغيب في العتق والترهيب من اعتباد الحر وبيعه

### آزاد کرنے کی ترغیب اور آزاد کو غلام بنانے اور اسے بیچنے پر وعید

(٦٧٠) (( عَنْ ابي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ايما رجل أعتَقَ أمرأً مُسْلِمًا اسْتَنْقَذَ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنهُ عُضْوًا مِنهُ مِنَ النَّارِ۔)) [متفق عليه' وفي رواية للترمذي: مَنْ اعْتَقَ رَقَبَةً مُسْلِمَةً اعْتَقَ اللّٰهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنهُ عُضْوًا

(٦٧٠) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی مسلمان آدمی کو آزاد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر عضو کے بدلہ میں اس کے ایک عضو کو جہنم کی آگ سے آزاد کر دے گا۔ (بخاری و مسلم۔ ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ جس نے کسی مسلمان کی گردن کو آزاد کیا تو اس کے ہر عضو کے بدلے میں اللہ تعالیٰ اس کے ایک عضو کو جہنم کی آگ سے آزاد کر دے گا حتی کہ اس

---

(۱) حدیث کے ابتدائی الفاظ یہ ہیں: (۱) نشہ میں مدہوش حتی کہ ہوش میں آ جائے۔ (۲) وہ عورت جس سے اس کا خاوند ناراض ہو۔

(۲) یہ حدیث ضعیف ہے۔ ملاحظہ فرمائیے سلسلہ ضعیفہ ج ۳ ص ۱۸۹۔۱۹۰۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مِنْهُ مِنَ النَّارِ حتّٰی فَرْجَهُ بِفَرْجِهٖ۔ وفی روایة الصحیحین من طریق سعید بْنِ مَرْجانَة راویه عَنْ ابی هُرَیْرَةَ قَالَ سَعِیْدٌ: فَانْطَلَقْتُ بِهٖ الی عَلیِّ ابْنِ الْحُسَیْنِ فَعَمَدَ إلَی عَبْدٍ لَهُ قَدْ أعْطِی بِهٖ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَشَرة آلافِ دِرْهَمٍ أو أَلْفَ دِیْنارٍ فَاَعْتَقَهُ۔]

کی شرم گاہ کے بدلہ میں اس کی شرم گاہ کو جہنم سے آزادی عطا فرما دے گا۔ صحیحین کی ایک روایت میں (جو بطریق سعید بن مرجانہ ہے جو کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کے راوی ہیں) کہ سعید بیان کرتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث جب علی بن حسین کو سنائی تو انہوں نے اپنے ایک غلام کو جس کے بدلے عبداللہ بن جعفر نے انہیں دس ہزار درہم یا ایک ہزار دینار کی پیش کش کی تھی' آزاد کر دیا)

(٦٧١) ((وَعَنْ ابی اُمامَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنه عَنِ النَّبیِّ ﷺ قَالَ اَیُّما امْرِیءٍ مُسْلِمٍ أعْتَقَ امْرًا مُسْلِمًا کانَ فِکاکَهُ مِنَ النَّارِ یُجْزِئ کُلَّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنْهُ. وَاَیُّما امْرِیءٍ مُسْلِمٍ اعْتَقَ امْرَاتَیْنِ مُسْلِمَتَیْنِ کانَتَا فِکاکَهُ مِنَ النَّارِ یُجْزِئ کُلَّ عُضْوٍ مِنْهُما عُضْوًا مِنْهُ مِنَ النَّارِ۔)) [رواه الترمذی وقَالَ حسن صحیح۔ وأخرجه ابن ماجه' من حدیث کعب بن مرّة ورواه احمد وابو داوود من حدیث کعب بن مرّة أو مرّة بن کعب السلمی وزاد فیه: وَأَیُّما امْرأةٍ مُسْلِمَةٍ اعْتَقَتِ امْرأةً مُسْلِمَةً کانَتْ فِکاکَهَا مِنَ النَّارِ یُجْزِئ کُلَّ عُضْوٍ مِنْ اعْضائِها عُضْوًا مِنْ اعْضائِها۔]

(٦٧١) حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو مسلمان کسی مسلمان کو آزاد کرے تو اس کے ہر عضو اس کا ہر عضو کے بدلہ میں جہنم سے آزادی حاصل کر لیتا ہے اور جو مسلمان دو مسلمان عورتوں کو آزاد کرے تو ان کا ہر عضو بھی اس کے ہر عضو کے لیے جہنم سے آزادی کا سبب بن جاتا ہے (ترمذی نے اسے حسن صحیح قرار دیا ہے' ابن ماجہ نے اسے بروایت کعب بن مرہ بیان کیا ہے۔ احمد اور ابوداؤد نے اسے بروایت کعب بن مرہ یا مرہ بن کعب اسلمی بیان کرتا ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ جو مسلمان عورت کسی مسلمان عورت کو آزاد کرے تو اس کے اعضاء میں سے ہر عضو اس کے ہر عضو کے لیے جہنم سے آزادی کا سبب بن جاتا ہے) [صحیح لغیره]

(٦٧٢) ((وَعَنْ واثِلَةَ بْنِ الاسْقَعِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: کُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فی غَزْوَةِ تَبُوكَ فَاَتاهُ نَفَرٌ مِنْ بَنِی سُلَیمٍ فقَالُوا: إنَّ صَاحِبنا قَدْ اَوْجَبَ فَقالَ: أعْتِقُوا عَنْهُ رَقَبَةً یُعْتِقِ اللّٰهُ بِکُلِّ عُضْوٍ مِنْها عُضْوًا مِنْهُ

(٦٧٢) حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک میں تھا کہ آپ ﷺ کے پاس بنو سلیم کی ایک جماعت آئی اور اس نے کہا کہ ہمارے ساتھی نے ایک ایسے گناہ کا ارتکاب کیا ہے' جس سے جہنم واجب ہو جاتا ہے فرمایا اس کی طرف سے ایک گردن آزاد کر دو تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر عضو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مِنَ النَّارِ۔)) [ رواہ ابوداود، وصححه ابن حبان، والحاکم۔ ومعنی قوله اوجب: ای فعل فعلًا یوجب دخوله النار۔]

کے بدلہ میں اس کے ہر عضو کو جہنم کی آگ سے آزادی عطا فرمادے گا (ابوداوٗد' ابن حبان و حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ اوجب کے معنی یہ ہیں کہ اس نے ایک ایسے گناہ کا ارتکاب کیا ہے جس سے جہنم واجب ہوگیا ہے) [ضعیف]

## فصل

(۶۷۳) (( عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ثَلَاثَةٌ لا تُقْبَلُ مِنْهُمْ صَلَاةٌ فذکر وفیه: وَرَجُلٌ اعْتَبَدَ مُحَرَّرَهُ)) [رواہ ابوداود وابن ماجه۔ قَالَ الخطابی اعتباد المحرر ان یعتقه، ثُمَّ یکتم عتقه، او ینکره، واشد من ذلك ان یعتقه بعد العتق فیستخدمه کرھا۔]

(۶۷۳) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین شخص ایسے ہیں کہ جن کی نماز قبول نہیں ہوتی[1]......(۳) اور وہ آدمی جس نے اپنے ہی آزاد کردہ کو دوبارہ غلام بنالیا (ابوداوٗد' ابن ماجہ۔ خطابی فرماتے ہیں کہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ آدمی اپنے غلام کو آزاد کردے اور پھر اس کی آزادی کو چھپائے یا اس کا انکار کردے اور اس سے بھی زیادہ بڑا گناہ یہ ہے کہ آزاد کرنے کے بعد پھر غلام بنالے اور اس سے زبردستی خدمت لینا شروع کردے) [ضعیف]

# کتاب النکاح وذکر ابوابہ

## الترغیب فی غض البصر والترهیب من إطلاقه ومن الخلوة بالاجنبیة ولمسها

## نظر نیچے رکھنے کی ترغیب اور بدنظری' اجنبی عورت کے ساتھ خلوت اور اسے چھونے پر وعید

(۶۷۴) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: كُتِبَ عَلَى ابْنِ آدَمَ نصیبه مِنَ الزِّنا' فهو مدرك ذٰلِكَ لا مَحَالَةَ ' فَالْعَیْنَان زِناهُما النَّظَرُ' وَالْاُذُنَان زِناهُما الاسْتِماعُ' وَاللِّسانُ زِناهُ الْكَلَامُ' وَالْیَدُ زِنَاهَا الْبَطْشُ'

(۶۷۴) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن آدم کے لیے اس کا زنا میں سے حصہ لکھا گیا ہے جسے وہ یقینی طور پر پالیتا ہے' آنکھوں کا زنا دیکھنا ہے' کانوں کا زنا سننا ہے' زبان کا زنا بات کرنا ہے' ہاتھ کا زنا پکڑنا ہے' پاؤں کا زنا چلنا ہے' دل خواہش اور تمنا کرتا ہے اور فرج (شرم گاہ) اس کی تصدیق یا تکذیب کردیتا ہے (بخاری'

(۱) حدیث کے ابتدائی الفاظ یہ ہیں: (۱) جو آگے بڑھ کر کسی قوم کو نماز پڑھائے اور وہ اسے ناپسند کرتے ہوں (۲) اور جو آدمی جماعت ختم ہوجانے کے بعد نماز پڑھنے کے لیے آئے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


وَالرِّجْلُ زِنَاهَا الخُطى، والْقَلْبُ يَهْوى، وَيَتَمَنّٰى، وَيُصَدِّقُ ذٰلِكَ الْفَرْجُ أَوْ يُكَذِّبُهُ))
[رواه الشيخان۔ وابوداوود، والنسائي، وفي رواية لمسلم وابي داوود: اليدانِ والرِّجْلانِ بالتثنية وفيها وَالْفَمُ يَزْنى وَزِنَاهُ الْقُبَلُ واخرجه احمد۔ وابويعلىٰ، والبزار من حديث ابن مسعود مختصرًا بلفظ، الْعَيْنانِ تَزْنيانِ والرِّجْلُ تَزْنى والْفَرْجُ يَزْنى۔ وإسناده صحيح۔]

مسلم، ابوداوٗد، نسائی۔ مسلم وابوداوٗد کی روایت میں یدان اور رجلان تثنیہ کے صیغے ہیں اور اس میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ منہ زنا کرتا ہے اور اس کا زنا بوسہ ہے۔ احمد، ابویعلیٰ اور بزار نے اسے بروایت ابن مسعود مختصر روایت کیا ہے اور الفاظ یہ ہیں کہ دونوں آنکھیں زنا کرتی ہیں، پاؤں زنا کرتا ہے اور فرج (شرم گاہ) زنا کرتا ہے، اس کی سند صحیح ہے)

(٦٧٥) ((وَعَنْ اَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَا مِن صَبَاحٍ إِلَّا وَمَلَكانِ يُنَادِيانِ وَيْلٌ لِلرِّجالِ مِنَ النِّساءِ، وَوَيْلٌ لِلنِّساءِ مِنَ الرِّجالِ۔))
[رواه ابن ماجه۔ وصححه الحاكم۔]

(٦٧٥) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر صبح دو فرشتے یہ اعلان کرتے ہیں کہ مَردوں کے لیے عورتوں کی طرف سے تباہی ہے اور عورتوں کے لیے مَردوں کی طرف سے تباہی ہے۔ (ابن ماجہ، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [ضعيف جدا]

(٦٧٦) ((وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ كانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَخْلُوَنَّ بِامْرَاَةٍ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَها مَحْرَمٌ۔)) [رواه الطبراني، وأصله في الصحيحين دون أوله۔]

(٦٧٦) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ کسی عورت کے ساتھ اس طرح خلوت اختیار نہ کرے کہ دونوں کے درمیان کوئی محرم نہ ہو (طبرانی، اصل حدیث ابتدائی الفاظ کے بغیر بخاری و مسلم میں ہے) [صحيح لغيره]

(٦٧٧) ((وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: لَانْ يُطْعَنَ فِي رَأْسِ أَحَدِكُمْ بِمِخْيَطٍ مِنْ حَدِيدٍ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمَسَّ امْرَاَةً لا تَحِلُّ۔))
[رواه الطبراني۔ والبيهقي، ورجاله ثقات قوله بمِخْيط بكسر الميم، وسكون الخاء، وفتح الياء: ما يخاط به۔]

(٦٧٧) حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کسی کے سر پر اگر لوہے کی سوئی کے ساتھ مارا جائے تو یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ کسی عورت کو چھوئے جو اس کے لیے حلال نہ ہو۔ (طبرانی، بیہقی۔ اس کے رجال ثقہ ہیں اور مخیط کے معنی سوئی ہیں) [حسن صحيح]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(٦٧٨) (( وَرُوِيَ عَنْ أبي أُمَامَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إيَّاكَ وَالْخلْوَةَ بِالنِّسَاءِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ ما خَلَا رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إلَّا دَخَلَ الشَّيْطَانُ بَيْنَهُما، ولان يَزْحَمَ رجُلًا خِنْزِيرًا مُتَلَطِّخاً بِطِينٍ، اوْ حَمْأَةٍ خَيْرٌ لَهُ من أنْ يَزْحَمَ مَنْكِبُهُ مَنْكِبَ امْرَأَةٍ لا تَحِلُّ لَهُ۔)) [رواه الطبراني ـ قوله حماة بفتح الحاء، وسكون الميم، بعدها همزة: الطين المنتن۔]

(٦٧٨) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عورتوں کے ساتھ خلوت سے بچو! اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ جب بھی کوئی مرد عورت کے ساتھ خلوت میں ہوتا ہے تو ان کے درمیان شیطان داخل ہو جاتا ہے، کیچڑ یا بدبودار مٹی سے لتھڑا ہوا خنزیر کسی آدمی کے ساتھ لگ جائے، وہ اس سے بہتر ہے کہ آدمی کا کندھا کسی ایسی عورت کے کندھے سے لگے جو اس کے لیے حلال نہیں ہے۔ (طبرانی، حماۃ کے معنی بدبودار مٹی کے ہیں) [ضعيف جدا]

## الترغيب في النكاح سيما بذات الدين الولود

### دیندار اور بچے جنم دینے والی عورت کے ساتھ نکاح کی ترغیب

(٦٧٩) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: يا مَعْشَرَ الشَّبابِ: مَنِ اسْتَطاعَ مِنكُمُ الباءةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَإنَّهُ اغضُّ لِلْبَصَرِ۔ وأحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فإنَّهُ لَهُ وجاء)) [رواه الشيخان، وأصحاب السنن]

(٦٧٩) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے نوجوانوں کے گروہ! تم میں سے جس کو گھر بنانے کی استطاعت ہو[1] تو وہ ضرور شادی کرے کہ یہ نظر کو نیچا رکھتے اور شرم گاہ کی حفاظت کرتا ہے اور جسے استطاعت نہ ہو تو اسے روزہ رکھنا چاہیے کہ یہ اس کی شہوت کو قطع کر دینے والا ہوگا[2] (بخاری و مسلم، اصحاب سنن)

(٦٨٠) (( وَرُوِيَ عَنْ أنَسِ بْنِ مَالِكٍ أنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰه ﷺ يَقولُ: مَنْ ارادَ انْ

(٦٨٠) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ

(۱) الباءۃ کے معنی نکاح و شادی کرنا ہیں، یہ اصل میں المباءۃ سے ہے، جس کے معنی گھر ہوتے ہیں، شادی کرنے والا بیوی کو چونکہ گھر میں جگہ دیتا ہے اس لیے شادی کو الباءۃ کہا جاتا ہے۔

(۲) وجاء کے معنی قاطع شہوت کے ہیں یعنی نر کے خصیتین کو اس قدر شدت کے ساتھ کچل دیا جائے کہ شہوت جماع ختم ہو جائے اور قطع شہوت کے اعتبار سے گویا وہ خصی ہو جائے۔ ایک قول یہ ہے کہ رگوں میں خصیتین کو کچل دیا جائے تو اسے وجاء کہتے ہیں معنی یہ ہے کہ روزہ نکاح کو اس طرح قطع کر دیتا ہے جیسے وجاء ختم کر دیتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

يَلْقَى اللّٰهَ طاهِرًا ، مُطَهَّرًا فَلْيَتَزَوَّجِ الْحَرَائِرَ۔ )) [رواه ابن ماجه]

سے طاہر ومطہر حالت میں ملاقات کا ارادہ کرے اسے آزاد عورتوں سے شادی کرنی چاہیے۔[1] (ابن ماجہ) [ضعیف]

(۶۸۱) (( وَعَنْ اَبِي اَيُّوبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اَرْبَعٌ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِينَ الْحِنَّاءُ، وَالتَّعَطُّرُ، وَالسِّوَاكُ، وَالنِّكَاحُ۔)) [ رواه الترمذي، وقال حسن غريب۔ قوله الحِنَّاء بالنون الثقيلة، وضبطها بعضهم بالتحتانية الخفيفة۔]

(۶۸۱) حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ چار چیزیں اللہ تعالیٰ کے رسولوں کی سنت میں سے ہیں: (۱) مہندی لگانا (۲) عطر لگانا (۳) مسواک کرنا اور (۴) نکاح کرنا (امام ترمذی نے اسے روایت کیا اور حسن غریب قرار دیا ہے۔ حناء نون ثقیلہ کے ساتھ ہے، بعض نے اسے یا کی تخفیف کے ساتھ یعنی حیاء بھی پڑھا ہے۔ [ضعیف]

(۶۸۲) (( وَعَنْ اَبِي اُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ يَقُولُ: ما اسْتَفَادَ الْمُؤْمِنُ بَعْدَ تَقْوَى اللّٰهِ خَيْرًا لَهُ مِنْ زَوْجَةٍ صَالِحَةٍ اِنْ اَمَرَها اَطَاعَتْهُ، وَاِنْ نَظَرَ اِلَيْها سَرَّتْهُ، وَاِنْ اَقْسَمَ عَلَيْها اَبَرَّتْهُ، وَاِنْ غَابَ عَنْها نَصَحَتْهُ فِي نَفْسِها، وَمَالِهِ۔ )) [رواه ابن ماجه]

(۶۸۲) حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا مومن نے اللہ تعالیٰ کے تقویٰ کے بعد کوئی مفید چیز حاصل نہیں کی جو نیک بیوی سے اس کے لیے زیادہ بہتر ہو کہ اگر اسے حکم دے تو وہ اس کی اطاعت بجالائے، اس کی طرف دیکھے تو اس کو خوش کردے، اسے قسم دے تو وہ اس کی قسم کو پورا کرے اور اگر غائب ہو تو وہ اپنے نفس اور اس کے مال کے بارہ میں اس کے ساتھ اخلاص برتے اور وفا کرے۔ (ابن ماجہ) [ضعیف]

(۶۸۳) (( وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : ثَلَاثَةٌ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ عَوْنُهُمْ: الْمُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَالْمُكَاتَبُ الَّذِي يُرِيدُ الاَدَاءَ، وَالنَّاكِحُ الَّذِي يُرِيدُ الْعَفَافَ۔)) [رواه الترمذي، وصححه هو وابن حبان، والحاكم۔]

(۶۸۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تین آدمیوں کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ کا حق ہے (۱) مجاہد فی سبیل اللہ (۲) وہ مکاتب جو اپنے آقا کو مال معین ادا کرنے کا ارادہ رکھتا ہو اور (۳) نکاح کرنے والا جس کا مقصود عفت و پاک دامنی کا حصول ہو۔ (ترمذی و ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ حاکم) [حسن]

(۶۸۴) (( وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: جَاءَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ

(۶۸۴) حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا

(۱) یہ حدیث ضعیف ہے، اس کی سند میں ایک راوی سلام بن سوار ہے جسے امام ابن عدی نے منکر الحدیث قرار دیا ہے نیز حافظ نے "تقریب" میں اسے اور اس کے استاد کثیر بن سلیم ضبی کو ضعیف قرار دیا ہے۔ سلسلہ ضعیفہ ج ۳ ص ۶۱۱ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يا رَسُولَ اللّٰهِ: انِّي اَصَبْتُ امْرَاَةً ذَاتَ حَسَبٍ، وَمَنْصِبٍ، وَمَالٍ، اِلَّا انَّها لا تَلِدُ اَفَاَتَزَوَّجُها؟ فَنَهَاهُ۔ ثُمَّ اتاهُ الثَّانِيَةَ فقَالَ لَهُ: مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ اتاهُ الثَّالِثَةَ فقَالَ: تَزَوَّجُوا الوَدُودَ الْوَلُودَ، فَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ۔)) [رواه ابوداود، النسائی، وصححه الحاکم واللفظ له۔]

یارسول اللہ! میں نے ایک ایسی عورت پائی ہے جو حسب' منصب اور مال کے اعتبار سے بہت اونچی ہے لیکن وہ بچے نہیں جنتی تو کیا میں اس سے شادی کرلوں؟ مگر آپ ﷺ نے اسے منع فرمادیا' وہ دوبارہ آیا تو پھر بھی آپ ﷺ نے اسی طرح فرمایا' وہ تیسری بار آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ایسی عورت سے شادی کرو جو محبت کرنے والی اور بچے جنتی ہو اس لیے کہ تمہاری کثرت کی وجہ سے میں امتوں پر فخر کروں گا۔ (ابوداوٗد' نسائی۔ حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے اور یہ الفاظ انہی کی روایت کے ہیں) [حسن صحیح]

## ترغيب الزوج في الوفاء بحق زوجته وحسن عشرتها والمراة بحق زوجها وطاعته وترهيبها من إسخاطه ومخالفته

## شوہر کے لیے بیوی کے حق کو ادا کرنے اور حسن معاشرت اور عورت کے لیے شوہر کے حق کو ادا کرنے اور اطاعت کی ترغیب اور شوہر کو ناراض کرنے اور اس کی حکم عدولی پر وعید

(٦٨٥) (( وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قُلْتُ يا رَسُولَ اللّٰهِ، ما حَقُّ زَوْجَةِ أحَدِنا عَلَيْهِ؟ قَالَ: اَنْ تُطْعِمَها إذا طَعِمْتَ، وَتَكْسُوها إذا اكْتَسَيْتَ، وَلَا تَضْرِبِ الْوَجْهَ، وَلا تُقَبِّحْ، وَلَا تَهْجُرْ اِلَّا فِي الْبَيْتِ۔)) [رواه ابوداوٗد]

(٦٨٥) حضرت معاویہ بن حیدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم میں سے ایک کی بیوی کا اس پر کیا ہے؟ فرمایا: جب تم کھاؤ تو اسے بھی کھلاؤ' جب خود پہنو تو اسے بھی پہناؤ' چہرے پر نہ مارو' نہ پھٹکارو نہ سخت سست کہو مگر گھر ہی میں۔ (ابوداوٗد) [صحیح]

(٦٨٦) (( وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْها قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ايُّما امْرَاةٍ ماتَتْ وَزَوْجُها عَنْها رَاضٍ دَخَلَتَ الجَنَّةَ۔)) [رواه الترمذی، وحسنه، وابن ماجه، وصححه الحاکم۔]

(٦٨٦) حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو عورت فوت ہو جائے اور اس کا شوہر اس سے راضی ہو تو وہ جنّت میں داخل ہوگی۔ (ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ ابن ماجہ) [منکر]

(٦٨٧) (( وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْها

(٦٨٧) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قَالَتْ: سَالْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ اَیُّ النَّاسِ أعْظَمُ حَقًّا عَلَى الْمَرْاَةِ؟ قَالَ: زَوْجُهاـ قُلْتُ فَاَیُّ النَّاسِ أعْظَمُ حَقًّا عَلَى الرَّجُلِ؟ قَالَ: اُمُّهٗ۔)) [رواه البزار، وصححه الحاكم]

اللہ ﷺ سے پوچھا کہ عورت پر سب سے زیادہ حق کس کا ہے؟ فرمایا اس کے شوہر کا میں نے پوچھا آدمی پر سب سے زیادہ حق کس کا ہے؟ فرمایا اُس کی ماں کا۔ (بزار، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے)

[ضعیف]

(٦٨٨) (( وَعَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: أتَی رَجُل بِابْنَتِهٖ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: اِنَّ ابْنَتِی هٰذِهٖ اَبَتْ أنْ تَتَزَوَّجَ، فَقَالَ: اَطِیعِی اَبَاكِ، فَقَالَتْ: وَالَّذِی بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَتَزَوَّجُ حَتّٰی تُخْبِرَنِی مَا حَقُّ الزَّوْجِ عَلَى زَوْجَتِهٖ؟ قَالَ: حَقُّ الزَّوْجِ عَلَى زَوْجَتِهٖ لَوْ كَانَتْ بِهٖ قَرْحَةٌ فَلَحَسَتْهَا، اَوِ انْتَثَرَ مِنْخَرَاهُ صَدِیدًا أوْ دَمًا ثُمَّ ابْتَلَعَتْهُ مَا اَدَّتْ حَقَّهٗ، قَالَتْ: وَالَّذِی بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَتَزَوَّجُ اَبَدًا، فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ : لَا تَنْكِحُوهُنَّ اِلَّا بِاِذْنِهِنَّ)) [رواه البزار، وصححه ابن حبان]

(٦٨٨) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی اپنی بیٹی کو لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میری اس بیٹی نے شادی کرنے سے انکار کر دیا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا اپنے باپ کی بات مانو تو اس نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے اس وقت تک شادی نہیں کروں گی جب تک آپ مجھے یہ نہ بتائیں کہ شوہر کا اس کی بیوی پر کیا حق ہے؟ فرمایا شوہر کا بیوی پر یہ حق ہے اگر اسے زخم ہو تو بیوی اسے چاٹ لے یا اس کے نتھنوں سے پیپ یا خون بہہ رہا ہو اور اسے نگل لے تو پھر بھی وہ اپنے شوہر کا حق ادا نہیں کر سکتی، اس نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میں کبھی بھی شادی نہیں کروں گی، آنحضرت ﷺ نے فرمایا ان کی اجازت کے بغیر ان کی شادی نہ کرو۔ (بزار، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن صحیح]

(٦٨٩) (( وَعَنْ قَیْسِ بْنِ سَعْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَتَیْتُ الْحِیرَةَ فَرَاَیْتُهُمْ یَسْجُدُونَ لمرزبان لَهُمْ، فَقُلْتُ: رَسُولُ اللّٰهِ أحَقُّ أنْ یُسْجَدَ لَهٗ فَاَتَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ ، فَذَكَرْتُ لَهٗ، فَقَالَ لِی: اَرَاَیْتَ لَوْ مَرَرْتَ بِقَبْرِی اَكُنْتَ تَسْجُدُ لَهٗ؟ فَقُلْتُ: لَا ،

(٦٨٩) حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حیرہ میں گیا تو میں نے دیکھا کہ وہ لوگ اپنے سردار [1] کو سجدہ کرتے ہیں تو میں نے کہا رسول اللہ ﷺ اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ آپ ﷺ کو سجدہ کیا جائے، جب میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے آپ ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ اگر تم میری قبر کے پاس سے گزرو تو کیا اسے سجدہ

(١) مرزبان فارسیوں کے سردار کو کہتے ہیں، جو بادشاہ سے کم تر درجے کا ہوا ہے، یہ لفظ معرب ہے، جوالیقی کی کتاب المعرب میں اس کی عربی میں وضاحت حافظ الجد سے کی گئی ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَقَالَ: لا تَفْعَلُوا لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ النِّساء اَنْ يَسْجُدْنَ لِاَزْوَاجِهِنَّ لِمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَهُمْ عَلَيْهِنَّ مِنَ الْحَقِّ۔)) [رواه ابو داؤد]

کرو گے؟ میں نے کہا جی نہیں فرمایا پھر مجھے بھی سجدہ نہ کرو اگر میں کسی کو یہ حکم دیتا کہ وہ کسی کو سجدہ کرے تو میں عورتوں کو یہ حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوندوں کو سجدہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کا ان پر بہت حق عائد کیا ہے۔ (ابوداؤد) [ضعیف]

(۶۹۰) (( وَعَنْ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : اِذَا دَعَا الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ لِحَاجَتِهِ فَلْتَأْتِهِ، وَإِنْ كَانَتْ عَلَى التَّنُّورِ۔)) [رواه الترمذی وحسنه، والنسائی۔ وصححه ابن حبان۔]

(۶۹۰) حضرت طلق بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جب آدمی اپنی بیوی کو اپنی ضرورت کے لیے بلائے تو وہ اس کے پاس آئے خواہ تنور پر ہو۔ (ترمذی نے اسے حسن اور ابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے۔ نسائی) [صحیح]

(۶۹۱) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى اِلَى امْرَاَةٍ لا تَشْكُرُ زَوْجَها وَهِيَ لا تَسْتَغْنِي عَنْهُ۔)) [رواه النسائی والبزار ورواته رواة الصحيح، وصححه الحاكم]

(۶۹۱) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس عورت کی طرف نہیں دیکھے گا جو اپنے شوہر کا شکریہ ادا نہیں کرتی حالانکہ یہ اس سے بے نیاز نہیں ہو سکتی۔ (نسائی، بزار، اس کے راوی صحیح کے راوی ہیں، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۶۹۲) (( وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : اِذَا دَعَا الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ اِلَى فِرَاشِهِ فَلَمْ تَاْتِهِ ، فَبَاتَ غَضْبَانَ عَلَيْهَا لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى تُصْبِحَ۔)) [متفق عليه، وفي لفظ: فَتَاْبٰى عَلَيْهِ اِلَّا كَانَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ سَاخِطًا عَلَيْهَا حَتّٰى يَرْضٰى عَنْهَا۔]

(۶۹۲) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب مرد عورت کو اپنے بستر کی طرف بلائے اور وہ نہ آئے اور ناراضی کے ساتھ رات بسر کرے تو صبح تک فرشتے اس پر لعنت بھیجتے رہتے ہیں۔ (بخاری و مسلم، ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ عورت اگر انکار کرے تو وہ جو آسمانوں میں ہے اس سے ناراض ہو جاتا ہے حتیٰ کہ اس کا شوہر اس سے خوش ہو)

## الترهيب من ترجيح إحدى الزوجات وترك العدل بينهن

### بیویوں میں سے ایک کو ترجیح دینے اور ان میں ترک عدل پر وعید

(۶۹۳) (( عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۶۹۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com


أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ كَانَتْ عِندَهُ امْرَاتَانِ، فَلَمْ يَعْدِلْ بَيْنَهُما جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَشِقُّهُ سَاقِطٌ)) [رواه الاربعة، وصححه ابن حبان، والحاكم، هذا لفظ الترمذي، ولابي داوود: فمال الى إحداهُما۔ وقال فى آخره: مائِلٌ، وللنسائي: يميلُ لاحدٰاهُما عَلَى الاُخرى، وقال: وأَحَدُ شِقَّيهِ مَائِلٌ۔]

نے فرمایا کہ جس کے پاس دو بیویاں ہوں اور وہ ان میں انصاف نہ کرے تو وہ قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس کا ایک پہلو ساقط ہوگا (اربعہ' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ حاکم' یہ الفاظ ترمذی کی روایت کے ہیں' ابوداؤد میں ہے کہ ان میں سے ایک کی طرف مائل ہوگیا تو اس کا پہلو جھکا ہوگا نسائی کی روایت میں ''یمیل لاحداھما علی الاخری'' اور واحد شقیہ مائل کے الفاظ ہیں) [صحیح]

(۶۹۴) (( وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْها قَالَتْ: كانَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ يَقْسِمُ فَيَعْدِلُ، وَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ هٰذا قَسْمي فيما أَمْلِكُ فَلَا تَلُمني فِيما تَمْلِكُ وَلَا امْلِكُ، يعْني الْقَلْبَ۔)) [ رواه الاربعة، وصححه ابن حبان، وقال الترمذي: روى مرسلًا وهو أصح۔]

(۶۹۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ باری تقسیم کرتے تو عدل کرتے اور فرماتے تھے: ''اے اللہ! یہ میری وہ تقسیم ہے جس کا میں مالک ہوں اور اس کے بارہ میں مجھے ملامت نہ کیجئے جس کا تو مالک ہے اور میں مالک نہیں ہوں یعنی دل (اربعہ' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے' امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ روایت مرسل مروی ہے اور زیادہ صحیح یہی بات ہے) [ضعیف]

## الترغيب في النفقة على الزوجة والعيال، والترهيب من اضاعتهم وما جاء في النفقة على البنات، وتأديبهن

## بیوی بچوں پر خرچ کرنے کی ترغیب' انہیں ضائع کرنے پر وعید اور بچیوں پر خرچ کرنے اور انہیں ادب سکھانے کی فضیلت

(۶۹۵) (( وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: دِينَارٌ انفَقْتَهُ في سَبيلِ اللّٰهِ، وَدِينارٌ انْفَقْتَهُ فِي رَقَبةٍ، وَدِينارٌ تَصَدَّقْتَ بِهِ عَلَى مِسْكينٍ، وَدِينارٌ انفَقْتَهُ عَلٰى اهْلِكَ، اَعْظَمُها اَجْرًا الَّذى انفَقْتَهُ

(۶۹۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک دینار ہے جسے تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور ایک دینار ہے جسے تم گردن آزاد کرنے میں خرچ کرو اور ایک دینار ہے جسے تم مسکین پر صدقہ کرو اور ایک دینار ہے جسے تم اپنے اہل وعیال پر خرچ کرو ان میں سے زیادہ اجر وثواب اس کا ہے جسے تم اپنے اہل و

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



عَلٰی اَھْلِكَ۔ ))[رواہ مسلم]

عیال پر خرچ کرو۔(مسلم)

(۶۹۶) (( وَعَنْ اَبِی مَسْعُوْدٍ الْبَدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اِذَا اَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلٰی اَھْلِہٖ نَفَقَةً یَحْتَسِبُھَا کَانَتْ لَہٗ صَدَقَةً۔ ))[متفق علیہ]

(۶۹۶) حضرت ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب آدمی اپنے اہل وعیال پر ثواب کی نیت سے خرچ کرے تو یہ بھی اس کیلئے صدقہ (کی طرح موجب ثواب) ہوگا۔(بخاری ومسلم)

(۶۹۷) (( وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْکَرِبَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: مَا اَطْعَمْتَ نَفْسَكَ فَھُوَ لَكَ صَدَقَةٌ، وَمَا اَطْعَمْتَ اَھْلَكَ فَھُوَ لَكَ صَدَقَةٌ، وَمَا اَطْعَمْتَ وَلَدَكَ فَھُوَ لَكَ صَدَقَةٌ، وَمَا اَطْعَمْتَ خَادِمَكَ فَھُوَ لَكَ صَدَقَةٌ۔ ))[رواہ احمد بسند جید]

(۶۹۷) حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو تم اپنے آپ کو کھلاؤ وہ صدقہ ہے، جو اہل کو کھلاؤ وہ صدقہ ہے، جو بچے کو کھلاؤ وہ صدقہ ہے اور جو اپنے خادم کو کھلاؤ وہ بھی صدقہ ہے۔(احمد بسند جید)[صحیح]

(۶۹۸) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: اَلْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِنَ الْیَدِ السُّفْلٰی، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ، اُمَّكَ وَاَبَاكَ وَاُخْتَكَ وَاَخَاكَ، وَاَدْنَاكَ فَاَدْنَاكَ۔ )) [رواہ الطبرانی بسند حسن۔]

(۶۹۸) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور اپنے اہل وعیال سے شروع کرو، ماں باپ، بہن بھائی پھر جو جس قدر زیادہ قریبی ہے۔(طبرانی بسند حسن)[حسن صحیح]

(۶۹۹) (( وَعَنْ اَبِی ھُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ یَوْمًا لِاَصْحَابِہٖ: تَصَدَّقُوْا، فَقَالَ رَجُلٌ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ! عِنْدِی دِیْنَارٌ، فَقَالَ: اَنْفِقْہُ عَلٰی نَفْسِكَ، قَالَ: اِنَّ عِنْدِی آخَرَ، قَالَ: اَنْفِقْہُ عَلٰی زَوْجَتِكَ، قَالَ: اِنَّ عِنْدِی آخَرَ، قَالَ: اَنْفِقْہُ عَلٰی وَلَدِكَ، قَالَ: اِنَّ عِنْدِی آخَرَ، قَالَ: اَنْفِقْہُ عَلٰی خَادِمِكَ، قَالَ: اِنَّ عِنْدِی آخَرَ۔

(۶۹۹) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا صدقہ کرو ایک آدمی نے عرض کیا یارسول اللہ! میرے پاس ایک دینار ہے، فرمایا اسے اپنے نفس پر خرچ کرو، اس نے عرض کیا میرے پاس ایک اور ہے، فرمایا اسے اپنی بیوی پر خرچ کرو، اس نے عرض کیا میرے پاس ایک اور ہے فرمایا اپنے بچے پر خرچ کرو، اس نے عرض کیا میرے پاس ایک اور ہے فرمایا اسے اپنے خادم پر خرچ کرو، اس نے عرض کیا میرے پاس ایک اور ہے فرمایا اس کے بارہ میں تم زیادہ جانتے ہو (ابن

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: أنت ابصربه)) [رواه ابن حبان، وفي رواية له تَصَدَّقْ بَدَلَ اَنْفِقْ في الكُلِّ۔]

حبان' ان کی ایک روایت میں ہر جگہ انفق (خرچ کرنے) کے بجائے تصدق (صدقہ کرنے کالفظ ہے)[صحیح]

(٧٠٠) ((وَعَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قالَ: اَوَّلُ ما يُوضَعُ في مِيزانِ العَبْدِ نَفَقَتُهُ عَلٰى اَهْلِهِ۔)) [رواه الطبراني في الاوسط۔]

(٧٠٠) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ بندے کے میزان میں سب سے پہلے جو چیز رکھی جائے گی وہ اس کا اپنے اہل پر نفقہ ہوگا۔ (طبرانی اوسط)[ضعیف]

(٧٠١) ((وَعَنْ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ قال: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ مَا أعْطَى الرَّجُلُ اَهْلَهُ فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ۔)) [رواه احمد ورواته ثقات۔ وأخرجه أبو يعلٰى، والطبراني بقصة فيه و أوله: مَرَّ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اَوْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ بِمِرْطٍ فاسْتَغْلَاهُ، فَمَرَّ بِهِ عَمْرو بْنُ اُمَيَّةَ فَاشْتَرَاهُ، فَكَساهُ امْرَاَتَهُ سُخَيْلَةَ بِنْتَ عُبَيْدَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، فَمَرَّ بِهِ عُثْمَانُ اَوْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ فَقالَ: مَا فَعَل المِرْطُ الَّذى ابْتَعْتَ؟ قَالَ عَمْرو: تَصَدَّقْتُ بِهِ عَلٰى سُخَيْلَةَ، فَقَالَ: اِنَّ كُلَّ ما صَنَعْتَ اِلى اهْلِكَ صَدَقَةٌ؟ فَقَالَ عَمْرُو بْنُ اُمَيَّةَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ ذٰلِكَ: فَذُكِرَ ما قَالَ عمرو لِرَسُولِ اللّٰهِ، فَقالَ: صَدَقَ عَمْرٌو، كُلُّ مَا صَنَعْتَ اِلَى اهْلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ عَلَيْهِمْ۔ أقول صححه ابن حبان واخرجه عن ابي يعلٰى۔]

(٧٠١) حضرت عمرو بن اُمیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آدمی جو اپنے اہل وعیال کو دے وہ بھی اس کا صدقہ ہے (احمد' اس کے راوی ثقہ ہیں' ابویعلی' طبرانی میں یہاں ایک واقعہ بھی مذکور ہے اور وہ یہ کہ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ یا عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا گزر ایک چادر کے پاس سے ہوا (جسے بیچا جا رہا تھا) لیکن انہوں نے محسوس کیا یہ بہت مہنگی ہے لیکن عمرو بن اُمیہ کا جب وہاں سے گزر ہوا تو انہوں نے اسے خرید لیا اور اپنی بیوی سخیلہ بنت عبیدہ بن حارث بن مطلب کو دے دیا' حضرت عثمان یا عبدالرحمٰن نے ان سے پوچھا کہ وہ آپ نے جو چادر خریدی تھی اسے کیا کیا؟ عمرو نے کہا کہ اسے میں نے سخیلہ پر صدقہ کر دیا ہے' پوچھا کہ تم جو اپنے اہل وعیال پر خرچ کرو کیا وہ بھی صدقہ ہے؟ جواب دیا جی ہاں میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' جب رسول اللہ ﷺ کے پاس اس کا ذکر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا عمرو سچ کہتے ہیں' تم اپنے اہل وعیال پر جو بھی خرچ کرو' وہ پر صدقہ ہوگا (ابن حجر کہتے ہیں) میں کہتا ہوں (ابن حبان' نے اسے صحیح قرار دیا ہے' اور ابویعلی کے واسطے سے اسے روایت کیا ہے)[صحیح لغیرہ]

(٧٠٢) ((وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ

(٧٠٢) حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا سَقَى امْرَأَتَهُ مِنَ الْمَاءِ أُجِرَ، قَالَ: فَاَتَيْتُهَا۔ فَسَقَيْتُهَا، وَحَدَّثْتُهَا بِمَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ)) [رواہ أحمد، والطبرانی فی الکبیر، والاوسط۔]

رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آدمی جب اپنی بیوی کو پانی پلائے تو اس کا بھی اسے اجر وثواب ملتا ہے' راوی کہتے ہیں کہ میں اپنی بیوی کے پاس آیا اسے پانی پلایا اور رسول اللہ ﷺ سے سنی ہوئی یہ حدیث بھی اسے سنائی۔ (احمد' طبرانی کبیر' اوسط) [حسن لغیرہ]

(۷۰۳) ((وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: دَخَلَتْ عَلَيَّ امْرَأَةٌ وَمَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْأَلُ۔ فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ وَاحِدَةٍ فَاَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَاْكُلْ مِنْهَا۔ ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَيْنَا فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ۔ فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ۔)) [متفق علیه۔ وفی روایة للترمذی: فَصَبَرَ عَلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ، وَفِي روایة لمسلم: جَاءَتْنِي مِسْكِينَةٌ تَحْمِلُ ابْنَتَيْنِ لَهَا فَاَطْعَمْتُهَا ثَلَاثَ تَمَرَاتٍ فَاَعْطَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا تَمْرَةً، وَرَفَعَتِ الثَّالِثَةَ لِتَاْكُلَهَا فَاسْتَطْعَمَتْهَا ابْنَتَاهَا فَشَقَّتِ التَّمْرَةَ الَّتِي كَانَتْ تُرِيْدُ اَنْ تَاْكُلَهَا بَيْنَهُمَا، فَاَعْجَبَنِي شَأْنُهَا فَذَكَرْتُ الَّذِي صَنَعَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَوْجَبَ لَهَا بِهِ الْجَنَّةَ، اَوْ اَعْتَقَهَا مِنَ النَّارِ۔]

(۷۰۳) حضرت عائشہ ؓ سے روایت ہے کہ میرے پاس ایک عورت آئی جس کے ساتھ دو بچیاں تھیں اور وہ ان کے لیے مانگ رہی تھی لیکن اس نے میرے پاس ایک کھجور کے سوا اور کچھ نہ پایا تو میں نے اسے وہی ایک کھجور ہی دے دی' اس نے اسے دونوں بچیوں میں تقسیم کر دیا اور خود نہ کھایا' پھر وہ کھڑی ہوگئی اور چلی گئی' اتنے میں رسول اللہ ﷺ بھی تشریف لے آئے اور میں نے اس واقعہ کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا جس کی ان بچیوں کے ساتھ آزمائش ہوئی اور اس نے ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا تو وہ اس کے لیے جہنم سے پردہ بن جائیں گی۔ (بخاری ومسلم۔ ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ جس نے ان پر صبر کیا تو وہ اس کے لئے جہنم کی آگ سے حجاب بن جائیں گی۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ میرے پاس ایک مسکین عورت آئی جو اپنی دو بچیوں کو اٹھائے ہوئے تھی' میں نے اسے تین کھجوریں دیں' تو اس نے ان دونوں کو ایک ایک کھجور دے دی اور تیسری کھجور کو خود کھانا چاہا تو اسے بھی اس کی دونوں بچیوں نے مانگ لیا تو اس نے خود کھانے کے بجائے اسے آدھا آدھا کر کے دونوں کو دے دیا' مجھے اس کی اس بات سے بڑا تعجب ہوا اور میں نے اس کا رسول اللہ ﷺ سے بھی ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے اس عمل کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے جنت کو واجب کر دیا ہے یا آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے جہنم کی آگ سے آزاد کر دیا ہے)۔

(۷۰۴) ((وَعَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ

(۷۰۴) حضرت ابوسعید خدری ؓ سے روایت ہے کہ رسول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ كانَ لَهُ ثَلاثُ بَناتٍ، أو ثَلاثُ أخَواتٍ أو ابْنَتَانِ، أو أُخْتَانِ فَأحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ واتَّقَى اللّٰهَ فِيهِنَّ فَلَهُ الجَنَّةُ۔)) [رواه الترمذي۔ و أبوداود۔ وقال في روايته: فَأدَّبَهُنَّ، وَأحْسَنَ إلَيْهِنَّ وَزَوَّجَهُنَّ۔ وفي رواية للترمذي: فَيُحْسِنُ إلَيْهِنَّ۔]

اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں یا دو بیٹیاں یا دو بہنیں ہوں اور وہ ان کے ساتھ اچھے طریقہ سے رہے اور ان کے بارہ میں اللہ تعالیٰ سے ڈرے تو اس کے لیے جنت ہے (ترمذی، ابوداوٗد، آخر الذکر کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اس نے ان کی اچھی تربیت کی، ان سے اچھا سلوک کیا اور ان کی شادی کر دے، ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ ان کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہے۔) [صحیح لغیرہ]

(۷۰۵) (( وَعَنْ أنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ عَالَ جارِيَتَيْنِ حتّٰى تَبْلُغا جاءَ يَوْمَ القِيَامَةِ أنَا وَهُوَ۔ وضَمَّ أصابِعَهُ ))، [رواه مسلم۔ ورواه الترمذي بلفظ: دَخَلْتُ أنا وَهُوَ الْجَنَّةَ كَهَاتَيْنِ، واشَارَ بِأُصْبُعَيْهِ۔]

(۷۰۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص دو بچیوں کی پرورش کرے حتیٰ کہ وہ بالغ ہو جائیں تو وہ اور میں قیامت کے دن اس طرح آئیں گے، یہ بات آپ ﷺ نے اپنی اُنگلیوں کو ضم کر کے ارشاد فرمائی۔ (مسلم۔ ترمذی کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ میں اور وہ جنت میں ان دونوں کی طرح اکٹھے داخل ہوں گے۔ اپنی دو انگلیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا)

## الترغيب في الاسماء الحسنة وما جاء في النهي عن الاسماء القبيحة وتغييرها

### اچھے نام رکھنے کی ترغیب بُرے ناموں کی ممانعت اور انہیں بدلنے کا حکم

(۷۰۶) (( عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: أحَبُّ الأسْماءِ إلَى اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ۔)) [رواه مسلم، والأربعة إلا النسائي]

(۷۰۶) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ پسندیدہ نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں (مسلم، اربعہ ماسوا نسائی کے)

(۷۰۷) (( وَعَنْ أبي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إنَّ أخْنَعَ اسْمٍ عِنْدَاللّٰهِ عزوجل رَجُلٌ تَسَمّٰى مَلِكَ الأمْلاكِ، لَا مَلِكَ إلَّا اللّٰهُ۔)) [متفق عليه، وفي رواية لمسلم، رَجُلٍ عَلَى اللّٰهِ يَوْمَ

(۷۰۷) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بُرا نام اس شخص کا ہے جو بادشاہوں کا بادشاہ کہلائے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بادشاہ نہیں ہے (بخاری و مسلم۔ مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ غصہ اس شخص پر آئے گا[1] اور

(۱) اللہ تعالیٰ کی صفات ظاہر پر محمول ہیں اور ان کی کیفیت اللہ ہی جانتا ہے۔ صفات پر ایمان واجب ہے، کیفیت کا سوال بدعت۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



القِیامَةِ واخْبَثُهُ: رَجُلُ تَسَمَّی مَلِكَ الاَمْلاكِ، لَا مَلِكَ اِلَّا اللّٰهُ۔ قَالَ سُفْیانُ: مِثْلُ شاھِنْشاهُ، وقَالَ اَحْمَدُ عن ابی عَمرٍو الشَّیْبانِیِّ: اَخْنَعَ یعنی اَوْضَعَ، ذکره مسلم عنه۔]

سب سے زیادہ خبیث بھی وہ ہوگا جو بادشاہوں کا بادشاہ کہلائے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بادشاہ نہیں ہے۔ سفیان فرماتے ہیں جیسے کہ ''شہنشاہ''۔ امام احمد ابوعمرو شیبانی سے روایت کرتے ہیں کہ اخنع کے معنی سب سے ذلیل ہے، یہ امام مسلم نے آپ کے حوالہ سے ذکر کیا ہے)۔

(۷۰۸) (( وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْها اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ کانَ یُغَیِّرُ الاسْمَ القَبیحَ۔)) ‏[رواه الترمذی موصولاً قَالَ وربما أرسله۔]

(۷۰۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ بُرے نام کو تبدیل فرما دیا کرتے تھے (ترمذی نے اسے موصول و مرسل روایت کیا ہے) [صحیح لغیرہ]

(۷۰۹) (( وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما اَنَّ ابْنَةً لِعُمَرَ کانَ یُقالُ لَها عاصِیة، فَسمَّاها رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ جَمِیلَةَ۔)) [رواه الترمذی]۔

(۷۰۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ایک بیٹی کا نام عاصیہ تھا، رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام جمیلہ رکھ دیا تھا۔ (ترمذی) [صحیح]

## الترھیب من اَن ینتسب الِانسان اِلی غیرِ اَبیهِ اَو یتولی غیر موالیه

## انسان کے اپنے باپ اور غلام کے اپنے آقاؤں کے سوا کسی دوسرے کی طرف انتساب پر وعید

(۷۱۰) (( عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبی وَقَّاصٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبیَّ ﷺ قالَ مَنْ ادَّعی اِلَی غَیْرِ اَبِیهِ، وَهُوَ یَعْلَمُ اَنَّهُ غَیْرُ اَبِیهِ فَالجَنَّةُ عَلَیْهِ حَرَامٌ۔)) [متفق علیه]

(۷۱۰) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے آپ کو اپنے باپ کے سوا کسی اور کی طرف منسوب کرے اور اسے معلوم بھی ہو کہ وہ اس کا باپ نہیں تو جنت اس پر حرام ہے۔ (بخاری و مسلم)

(۷۱۱) (( وَعَنْ اَبی ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ یَقُولُ: لَیْسَ مِنْ رَجُلٍ ادَّعی لِغَیْرِ ابیه وَهُوَ یَعْلَمُ اِلَّا کَفَرَ،

(۷۱۱) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص علم کے باوجود اپنے آپ کو اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے انسان کی طرف منسوب کرے [1] تو وہ کافر ہے، جو شخص کسی

(۱) یعنی اپنے آپ کو اپنے باپ اور خاندان کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب کرے جیسا کہ لوگ زمانہ جاہلیت میں کرتے تھے، آپ ﷺ نے اس سے منع فرمایا اور بچے کو اس کا قرار دیا جس کے بستر پر وہ پیدا ہوا، جانتے ہوئے غیر باپ کی طرف نسبت حرام ہے جو شخص اس کے جواز کا عقیدہ رکھے وہ مخالفت اجماع کی وجہ سے کافر ہو جائے گا اور جو شخص اس کے جواز کا عقیدہ نہ رکھے تو اس کے کفر کی دو وجوہ ہیں: (۱) اس کا فعل کفار کے فعل سے مشابہ ہے (۲) وہ اللہ اور اسلام کی نعمت کا کافر ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وَمَنِ ادَّعٰی ما لَیْسَ لَهُ فَلَیْسَ مِنَّا۔ وَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ۔ وَمَنْ دَعَا رَجُلًا بِالْكُفْرِ، اَوْ قَالَ: عَدُوّ اللّٰهِ وَلَیْسَ كَذٰلِكَ اِلَّا حَارَ عَلَیْهِ۔)) [متفق علیه۔ وقوله حار بالمهملة: ای رجع علیه ما قال۔]

ایسی چیز کا دعویٰ کرے جو اس کی نہیں ہے تو وہ ہم میں سے نہیں ہے وہ اپنا ٹھکانا جہنم سمجھے' جو شخص کسی آدمی کو کفر کے ساتھ بلائے یا کہے او اللہ کے دشمن اور وہ اس طرح نہ ہو تو اس کی بات اسی پر لوٹ آتی ہے۔ (بخاری و مسلم' حار علیہ کے معنی ہیں کہ اس کی بات اسی پر لوٹ آتی ہے)

(۷۱۲) (( وَعَنْ یَزِیْدَ بْنِ شَرِیكِ التَّیْمِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: رَاَیْتُ عَلِیًّا عَلَی الْمِنْبَرِ یَخْطُبُ فَسَمِعْتُهُ یَقُوْلُ: مَا عِنْدَنَا مِنْ كِتَابٍ نَقْرَؤُهُ اِلَّا كِتَابَ اللّٰهِ ، وَمَا فِی هٰذِهِ الصَّحِیفَةِ...... وفِیها قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : وَمَنِ ادَّعٰی اِلَی غَیْرِ اَبِیهِ اَوْ انْتَمٰی اِلٰی غَیْرِ مَوَالِیهِ، فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِینَ، لا یَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ عَدْلًا وَلَا صَرْفًا۔)) [متفق علیه]

(۷۱۲) حضرت یزید بن شریک تیمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر خطبہ دیتے ہوئے سنا' آپ ﷺ فرما رہے تھے کہ ہمارے پاس کتاب اللہ کے سوا اور کوئی کتاب نہیں جسے ہم پڑھیں یا پھر وہ ہے جو اس صحیفہ میں ہے۔[1] اور اس میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے باپ یا اپنے آقاؤں کے علاوہ دوسرے آقاؤں کی طرف منسوب ہو تو اس پر اللہ تعالیٰ' فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے اللہ تعالیٰ اس کی نہ کوئی فرض عبادت قبول فرمائے گا اور نہ نفل[2] (بخاری و مسلم)

(۷۱۳) (( وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ تَوَلّٰی اِلٰی غَیْرِ مَوَالِیهِ فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ۔)) [رواه ابن حبان]

(۷۱۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنے موالی کے علاوہ دوسروں کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرے تو وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں سمجھے۔ (ابن حبان) [ضعیف]

## الترھیب من افساد المرأة علی زوجها والعبد علی سیده

## عورت کو اُس کے خاوند اور غلام کو اس کے آقا کے لیے خراب کرنے پر وعید

(۷۱۴) (( عَنْ بُرَیْدَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ:

(۷۱۴) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

(۱) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے صحیفہ اپنے سامنے پھیلا لیا' اس میں اونٹوں کی عمر اور زخموں کی دیات سے متعلق کچھ احکام تھے اور یہ بھی تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے عیر سے لے کر ثور تک مدینہ کو حرام قرار دیا ہے جو اس میں کوئی بدعت پیدا کرے' یا کسی بدعتی کو جگہ دے تو اس پر اللہ تعالیٰ' فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے' اللہ تعالیٰ اس سے قیامت کے دن نہ فرض قبول فرمائے گا اور نہ نفل۔

(۲) عدل سے مراد فدیہ ہے یا فرض اور صرف سے مراد توبہ ہے یا نفل۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ حَلَفَ بِالامَانَةِ ـ وَمَنْ خَبَّبَ عَلٰى رَجُلٍ زَوْجَتَهُ، اَوْ مَمْلُوكَهُ فَلَيْسَ مِنَّا۔)) [رواه احمد واللفظ له، والبزار، وصححه ابن حبان، قوله خَبَّبَ بفتح الخاء المعجمة وتشديد الموحدة بعدها موحدة: أى خدع وافسد۔]

فرمایا جو شخص امانت کے ساتھ حلف اٹھائے وہ ہم میں سے نہیں ہے(1) اور جو شخص کسی آدمی پر اس کی بیوی یا غلام کو خراب کر دے وہ بھی ہم میں سے نہیں ہے (یہ الفاظ احمد کی روایت کے ہیں' بزار۔ ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ خبب کے معنی دھوکا دینے اور خراب کرنے کے ہیں) [صحیح]

(۷۱۵) ((عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اِنَّ اِبْلِيسَ يَضَعُ عَرْشَهُ عَلَى الماءِ ثُمَّ يَبْعَثُ سَرَايَاهُ، فَادْنَاهُمْ مَنْزِلَةً اعْظَمُهُمْ فِتْنَةً يَجِيءُ اَحَدُهُمْ، فَيَقُولُ: فَعَلْتُ كَذا وَكَذا، فَيَقُولُ: مَا صَنَعْتَ شَيْئًا ثُمَّ يَجِيءُ اَحَدُهُمْ فَيَقُولُ: ما تَرَكْتُهُ حَتّٰى فَرَّقْتُ بَيْنَه وَبَيْنَ امْرَاَتِهٖ فَيُدْنِيهِ وَيَقُولُ نِعْمَ أَنْتَ فَيَلْتَزِمُهٗ۔)) [رواه مسلم]

(۷۱۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ابلیس پانی پر اپنے تخت کو بچھاتا ہے اور پھر اپنے لشکروں کو روانہ کر دیتا ہے' ابلیس کے لشکروں میں سے جو سب سے زیادہ فتنہ پرداز ہو تو وہ اس کے نزدیک اسی قدر مقرب ہوتا ہے' ان میں سے ایک آتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ میں نے یہ کام کیا' یہ کام کیا تو ابلیس کہتا ہے کہ تو نے کچھ نہیں کیا' پھر ایک اور آتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ میں نے فلاں شخص کو نہیں چھوڑا یہاں تک کہ اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان تفریق پیدا کر دی' ابلیس اسے اپنے قریب کر لیتا ہے' اسے کہتا ہے کہ تو بہت اچھا ہے اور پھر اسے سینے سے لگاتا ہے۔ (مسلم)

## ترهيب المرأة أن تسأل زوجها الطلاق من غير بأس

## عورت کے لیے اپنے شوہر سے بلاوجہ طلاق مانگنے پر وعید

(۷۱٦) ((عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اَيُّما امْرَاَةٍ سَاَلَتْ زَوْجَهَا طَلَاقَهَا مِنْ غَيْرِ مابَاْسٍ، فَحَرامٌ عَلَيْها رَائِحَةُ

(۷۱٦) حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو عورت بلاوجہ اپنے شوہر سے طلاق مانگے' اس پر جنت کی خوشبو بھی حرام ہے۔ (ابوداؤد' ترمذی نے اسے حسن اور ابن حبان

(1) اس میں شاید کراہت اس وجہ سے ہو کہ آپ نے حکم دیا ہے کہ حلف اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات کے ساتھ اٹھایا جائے' امانت تو اللہ تعالیٰ کے اوامر میں سے ایک امر ہے تو اس کی قسم اٹھانے سے اس لیے منع کر دیا گیا ہے تاکہ اس کی اللہ تعالیٰ کے اسماء کے ساتھ مشابہت نہ ہو نیز ایسے ہی ہے کہ آپ نے اپنے آباؤ اجداد کے نام سے قسم کھانے سے منع فرمایا ہے۔ اگر کوئی قسم کھانے والا یہ کہے کہ امانۃ اللہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک قسم ہے تو اسے کہا جائے گا کہ امام شافعی اسے قسم شمار نہیں کرتے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الْجَنَّةِ۔)) [رواه أبوداود، والترمذی وحسنه، وابن ماجه، وصححه ابن حبان۔]

نے صحیح قرار دیا ہے ابن ماجہ)[صحیح]

## ترهيب المرأة ألا تخرج من بيتها متعطرة متزينة

## عورت کے لیے عطر و زینت کے ساتھ گھر سے نکلنے پر وعید

(۷۱۷) ((عَنْ أَبِي مُوسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: كُلُّ عَيْنٍ زَانِيَةٌ، وَالْمَرْأَةُ إِذَا اسْتَعْطَرَتْ، فَمَرَّتْ بِالْمَجْلِسِ فَهِيَ كَذَا وَكَذَا يَعْنِي زَانِيَةٌ)) [رواه الثلاثة، وصححه الترمذی، وابن خزيمة، وابن حبان، والحاكم، وفی رواية أَيُّمَا امْرَأَةٍ اسْتَعطَرَتْ۔ فَمَرَّتْ عَلٰى قَوْمٍ لِيَجِدُوا رَائِحَتَهَا، فَهِيَ زَانِيَةٌ]

(۷۱۷) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ہر آنکھ زانی ہے اور عورت جب عطر استعمال کر کے مجلس کے پاس سے گزرے تو وہ بھی ایسی ویسی یعنی زانیہ ہے (ثلاثہ۔ ترمذی نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ ابن خزیمہ، ابن حبان، حاکم اور ایک روایت میں ہے کہ جو عورت عطر استعمال کر کے لوگوں کے پاس سے گزرے تا کہ وہ اس کی خوشبو محسوس کریں تو وہ زانیہ ہے)[حسن]

## الترهيب من إفشاء السر بين الزوجين وغيرهما

## زوجین وغیرہ کو راز افشاء کرنے پر وعید

(۷۱۸) ((عَنْ أَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: إِنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ الرَّجُلُ يُفْضِي إِلَى امْرَأَتِهِ وَتُفْضِي إِلَيْهِ، ثُمَّ يُفْشِي أَحَدُهُمَا سِرَّ صَاحِبِهِ۔)) [رواه مسلم، وأبوداود، وفی رواية إِنَّ مِنْ أَعْظَمِ الْأَمَانَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فذكره]

(۷۱۸) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے بدترین مقام اس شخص کا ہوگا جو اپنی بیوی سے اپنی ضرورت پوری کرتا اور بیوی اس سے اپنی ضرورت پوری کرتی ہے، پھر ان میں سے ایک اپنے ساتھی کے راز کو فاش کر دیتا ہے (مسلم، ابوداؤد، ایک روایت میں ہے کہ قیامت کے دن سب سے بڑی امانت یہ ہوگی)

❀❀❀

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# کتاب اللباس

## الترغیب فی لبس الابیض من الثیاب

## سفید لباس پہننے کی ترغیب

(۷۱۹) (( عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ : اِلْبَسُوا مِنْ ثِیَابِکُمُ الْبَیَاضَ۔ فَاِنَّها مِنْ خَیْرِ ثِیَابِکُمْ، وَکَفِّنُوا فِیها مَوْتَاکُمْ۔ )) [رواہ أبوداود والترمذی۔ وصححه ھو وابن حبان، وأخرجه الترمذی، والنسائی وابن ماجه، والحاکم من حدیث سمرة نحوہ، وزاد: فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَاَطْیَبُ۔]

(۷۱۹) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سفید کپڑے پہنو' یہ تمہارے بہترین کپڑے ہیں اور انہی میں اپنے مُردوں کو کفن دو۔ (ابوداوَد' ترمذی و ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ نسائی' ابنِ ماجہ' حاکم نے اسے بروایت سمرہ بھی اسی طرح روایت کیا ہے اور اس میں یہ الفاظ بھی زیادہ ہیں کہ یہ زیادہ پاک اور طیب ہیں) [صحیح]

www.qlrf.net

## الترغیب فی لبس القمیص

## قمیص پہننے کی ترغیب

(۷۲۰) (( عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْها قَالَتْ: کَانَ اَحَبَّ الثِّیَابِ اِلٰی رَسُولِ اللّٰہِ ﷺ الْقَمِیصُ۔)) [رواہ الثلاثة، و حسنه الترمذی، و صححه الحاکم، واخرجه ابن ماجه ولفظه: لَمْ یَکُنْ ثَوْبٌ اَحَبَّ اِلٰی رَسُولِ اللّٰہِ ﷺ مِنَ الْقَمِیصِ۔]

(۷۲۰) حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ پسند کپڑا قمیص تھا۔ (ثلاثہ۔ ترمذی نے حسن اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ ابنِ ماجہ کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو قمیص سے زیادہ پسند اور کوئی کپڑا نہ تھا) [صحیح]

## الترھیب من طول القمیص وطول غیرہ مما یلبس وجرہ خیلاء

## زیادہ لمبی قمیص وغیرہ اور فخریہ لباس پہننے کی ممانعت

(۷۲۱) (( عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ

(۷۲۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



عَنِ النَّبِیِّ ﷺ ، مَا اَسْفَلَ مِنَ الْکَعْبَیْنِ مِنَ الْاِزَارِ فَفِی النَّارِ۔)) [رواہ البخاری، والنسائی، وفی روایۃ للنسائی: اِزْرَۃُ الْمُؤْمِنِ اِلٰی عَضْلَۃِ سَاقِہٖ ثُمَّ اِلٰی نِصْفِ سَاقِہٖ، ثُمَّ اِلٰی کَعْبِہٖ، وَمَا تَحْتَ الْکَعْبَیْنِ مِنَ الْاِزَارِ فَفِی النَّارِ۔]

نے فرمایا کہ چادر کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچے ہیں وہ جہنم کی آگ میں ہے (بخاری ونسائی۔ نسائی کی اور روایت میں یہ بھی ہے کہ مومن کی چادر پنڈلی کے سخت گوشت تک ہے یا پنڈلی کے نصف تک یا پھر ٹخنے تک اور چادر کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچے ہو وہ جہنم کی آگ میں ہے)

(۷۲۲) (( وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ : لَا یَنْظُرُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِلٰی مَنْ جَرَّ ثَوْبَہٗ خُیَلَاءَ۔)) [متفق علیہ۔ وفی روایۃ لمسلم: مَنْ جَرَّ اِزَارَہٗ لَا یُرِیْدُ بِذٰلِکَ اِلَّا الْمَخِیْلَۃَ، وفی روایۃ لمسلم: فَقَالَ اَبُوْبَکْرِ الصِّدِّیْقُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ اِنَّ اِزَارِی لَیَسْتَرخِی اِلَّا اَنْ اَتَعَاھَدَہٗ فَقَالَ: اِنَّکَ لَسْتَ مِمَّنْ یَفْعَلُہٗ خُیَلَاءَ۔]

(۷۲۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص فخر وغرور سے اپنے کپڑے کو لٹکائے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نہیں دیکھے گا (بخاری ومسلم۔ مسلم کی ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ جو اپنی چادر کو لٹکائے اور اس کا مقصود فخر وغرور ہو۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! میں کوشش کرتا ہوں لیکن میری چادر لٹک جاتی ہے، فرمایا تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو جو فخر وتکبر کے طور پر ایسا کرتے ہیں۔

(۷۲۳) (( وَعَنْ سَھْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ : مَنْ اَکَلَ طَعَامًا فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی اَطْعَمَنِی ھٰذَا، وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّی، وَلَا قُوَّۃٍ، غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ، وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِیْدًا فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی کَسَانِی ھٰذَا، رَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّی، وَلَا قُوَّۃٍ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ وَمَا تَاَخَّرَ۔)) [رواہ ابو داود والحاکم، ولیس فی روایتہ وما تَاَخَّرَ، وروی الترمذی، وابن ماجہ شطرہ الاول۔]

(۷۲۳) حضرت سہل بن معاذ بن انس رضی اللہ عنہما اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کھانا کھائے اور پھر یہ دعا پڑھے: الحمد للہ۔۔۔۔۔ ولا قوۃ (سب تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری طاقت وقوت کے بغیر مجھے یہ رزق عطا فرمایا) تو اس کے سابقہ سارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور جو شخص نیا کپڑا پہنے اور یہ دعا پڑھے: الحمد للہ...... ولا قوۃ (سب تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میری طاقت وقوت کے بغیر مجھے یہ رزق عطا فرمایا) تو اس کے اگلے پچھلے سارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ (ابوداؤد وحاکم۔ حاکم کی روایت میں وما تاخر کے الفاظ نہیں ہیں۔ ترمذی وابن ماجہ نے اس کا صرف ابتدائی حصہ روایت کیا ہے) [حسن لغیرہ]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۷۲۴) ((وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھا قالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ: وَما اشْتَرَی عَبْدٌ ثَوْبًا بِدِینارٍ' اَو نِصْفِ دِینارٍ فَلَبِسہُ۔ فَحمِدَ اللّٰہَ عَلَیْہِ اِلّا لَمْ یبْلُغْ رُکْبَتَیْہِ حَتّٰی یَغفِرَ اللّٰہُ لَہٗ۔)) [رواہ ابنِ ابی الدنیا' والحاکم' والبیھقی' قَالَ الحاکم: لا أعلم فی رواتہ مجروحًا۔]

(۷۲۴) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو آدمی ایک یا نصف دینار میں کپڑا خریدے اور اسے پہن کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے تو کپڑا اس کے گھٹنوں تک نہیں پہنچتا مگر اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے (ابن ابی الدنیا' حاکم' بیہقی۔ حاکم فرماتے ہیں کہ میرے علم میں اس کی سند میں کوئی راوی مجروح نہیں ہے) [ضعیف جدا]

## الترھیب من لبس النساء الرقیق من الثیاب التی تصف البشرہ

### عورتوں کے لیے ایسا باریک لباس پہننے پر وعید جس سے جسم نظر آئے

(۷۲۵) ((عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قالَ: قالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ صِنفَانِ مِنْ اُمَّتی لَمْ ارَھُما: قَوْمٌ مَعَھُمْ سِیَاطٌ کَاَذْنابِ الْبَقَرِ یَضْرِبُونَ بِھا النَّاسَ۔ وَنِساءٌ کاسِیاتٌ' عَارِیاتٌ' مائِلاتٌ' مُمِیلاتٌ' رُؤُسُھُنَّ کَاَسْنِمَۃِ الْبُخْتِ المائِلَۃِ لا یَدْخُلْنَ الْجَنَّۃَ' ولَا یَجِدْنَ رِیحھَا' وَاِنَّ رِیحَھَا لَیُوجَدُ مِنْ مَسِیرَۃِ کَذَا و کَذَا۔)) [رواہ مسلم]

(۷۲۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری اُمت کے دو قسم کے لوگ ایسے ہیں جن کو میں نے نہیں دیکھا ایک تو وہ جن کے پاس گائے کی دموں جیسے کوڑے ہوں گے جن کے ساتھ وہ لوگوں کو ماریں گے اور دوسری عورتیں جنہوں نے لباس تو پہنا ہوگا لیکن ننگی ہوں گی مردوں کی طرف مائل ہونے والی اور مردوں کو اپنی طرف مائل کرنے والی ہوں گی' ان کے سر مائل ہونے والے بختی اونٹوں کی کوہانوں کی طرح ایک طرف جھکے ہوں گے' وہ جنت میں داخل نہ ہوں گی اور نہ اس کی خوشبو پائیں گی حالانکہ اس کی خوشبو اتنی دور سے آتی ہوگی۔ (مسلم)

## الترھیب من لبس الرجال الحریر وجلوسھم علیہ والتحلی بالذھب وترغیب النساء فی ترکھما

### مَردوں کے لیے ریشم پہننے' اس پر بیٹھنے اور سونے کے زیور پہننے پر وعید اور عورتوں کے لیے ریشم اور سونے کے ترک کردینے کی ترغیب

(۷۲۶) ((عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قالَ:

(۷۲۶) حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ اخَذَ حَرِیرًا فَجَعَلَهٗ فِي یَمِینِہٖ۔ وَذَھَبًا فَجَعَلَهٗ فِي شِمالِہٖ، ثُمَّ قَالَ: ھٰذانِ حَرَامٌ عَلٰی ذُکُورِ اُمَّتی۔)) [رواہ ابوداوود والنسائی۔]

اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے ریشم کو اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑا اور سونے کو بائیں ہاتھ میں اور پھر فرمایا کہ یہ دونوں چیزیں میری اُمت کے مردوں کے لیے حرام ہیں۔ (ابوداؤد' نسائی) [صحیح لغیرہ]

(۷۲۷) ((وَعَنْ مُعاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰہُ عَنْهُ قالَ: رَاٰی رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ جُبَّةً مُجَیَّبَةً فَقالَ طَوْقٌ مِنْ نَارٍ یَوْمَ الْقِیامَةِ۔)) [رواہ البزار، والطبرانی فی الاوسط، ورواتہ ثقات، قولہ مجیبة بالجیم والمثناۃ والموحدۃ: أی لھا جیب من حریر۔]

(۷۲۷) حضرت معاذ بن جبل ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک ایسا جبہ دیکھا جس کا جیب (گریبان) ریشم سے بنا ہوا تھا تو فرمایا کہ قیامت کے دن یہ آگ کا طوق ہوگا۔ (بزار' طبرانی اوسط۔ اس کے راوی ثقہ ہیں مجیبہ کے معنی ہیں کہ اس کا گریبان ریشم سے بنا ہوا ہے) [صحیح]

(۷۲۸) ((وَعَنْ اَبِی اُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰہُ عَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ ﷺ یَقُولُ، مَنْ کانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلا یَلْبَسْ حَرِیرًا وَلا ذَھَبًا۔)) [رواہ أحمد ورواتہ ثقات۔]

(۷۲۸) حضرت ابواُمامہ ؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے آنحضرت ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ ریشم اور سونا نہ پہنے۔ (احمد' اس کے راوی ثقہ ہیں) [حسن]

(۷۲۹) ((وَعَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰہُ عَنْھُمَا عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: مَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِي وَھُوَ یَشْرَبُ الخَمْرَ حَرَّمَ اللّٰہُ علیه شُرْبَھا فِي الجَنَّةِ، مَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِي وَھُوَ یَتَحَلّٰی الذَّھَبَ حَرَّمَ اللّٰہُ علیه لِبَاسَهٗ فِي الجَنَّةِ۔)) [رواہ احمد ورواتہ ثقات، والطبرانی۔]

(۷۲۹) حضرت عبداللہ بن عمرو ؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص میری اُمت میں سے فوت ہو جائے اور وہ شراب پیتا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنّت میں پینا حرام قرار دے گا اور جو شخص میری اُمت میں سے فوت ہو جائے اور وہ سونے کا زیور پہنتا ہو تو اللہ تعالیٰ جنّت میں اس کا پہننا اس کے لیے حرام قرار دے دے گا۔ (احمد' اس کے راوی ثقہ ہیں۔ طبرانی) [حسن صحیح]

(۷۳۰) ((وعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ رَاٰی خَاتَمًا مِنْ ذَھَبٍ فِي یَدِ رَجُلٍ فَنَزَعَهٗ وَطَرَحَهٗ، وَ قَالَ یَعْمِدُ اَحَدُکُمْ اِلٰی جَمْرَةٍ مِنْ نَارٍ فَیَطْرَحُھَا فِي یَدِہٖ۔ فَقِیلَ لِلرَّجُلِ بَعْدَ مَا ذَھَبَ رَسُولُ

(۷۳۰) حضرت ابن عباس ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو آپ ﷺ نے اس کے ہاتھ سے اُتار کر پھینک دیا اور فرمایا کہ تم آگ کے انگارے کی طرف قصد کر کے اسے اپنے ہاتھ میں ڈال لیتے ہو' رسول اللہ ﷺ کے تشریف لے جانے کے بعد اس آدمی سے کہا گیا کہ اپنی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اللّٰہِ ﷺ : خُذْ خَاتَمَكَ ، وَانْتَفِعْ بِهٖ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا آخُذُهُ ، وَقَدْ طَرَحَهُ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ۔ ))[رواه مسلم]

انگوٹھی کو لے لو اور اس سے فائدہ اُٹھاؤ تو اس نے کہا کہ اللہ کی قسم میں اسے نہیں پکڑوں گا کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے اسے پھینک دیا تھا۔ (مسلم)

(۷۳۱) (( وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ كَانَ يَمْنَعُ اَهْلَهُ الْحِلْيَةَ وَالْحَرِيرَ، وَيقولُ: اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ حِلْيَةَ الْجَنَّةِ وَحَرِيرَها فَلا تَلْبَسُوها فی الدُّنيا۔ ))[رواه النسائی والحاكم]

(۷۳۱) حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے گھر والوں کو زیور اور ریشم پہننے سے منع کرتے اور فرماتے تھے کہ اگر تم جنت کے زیور اور ریشم کو پسند کرتے ہو تو اسے دنیا میں نہ پہنو۔ (نسائی، حاکم) [صحیح]

(۷۳۲) (( وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ و جَلَّ: مَنْ تَرَكَ الْخَمْرَ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ لَاسْقِيَنَّهُ مِنْهُ فی حَظِيرَةِ الْقُدْسِ ، وَمَنْ تَرَكَ الْحَرِيرَ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ لَاكْسُوَنَّهُ فی حَظِيرَةِ الْقُدْسِ۔ )) [رواه البزار بسند حسن]

(۷۳۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے کہ جو شخص طاقت ہوتے ہوئے شراب ترک کردے تو میں اسے ضرور حظیرۃ القدس میں یہ پلاؤں گا اور جو شخص طاقت کے ہوتے ہوئے ریشم ترک کردے تو میں اسے حظیرۃ القدس میں ریشم پہناؤں گا۔ (بزار بسند حسن) [صحیح لغیرہ]

## الترهيب من تشبه الرجل بالمرأة و المرأة بالرجل فی لباس اَوحركة أو كلام أونحو ذلك

## لباس، چال یا کلام وغیرہ میں مرد کی عورت سے اور عورت کی مرد سے مشابہت پر وعید

(۷۳۳) (( عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجالِ بِالنِّساءِ، وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّساءِ بِالرِّجالِ۔ )) [رواه البخاری، والاربعة، والطبرانی، وفی رواية للبخاری: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ الْمُخَنَّثِينَ مِنَ الرِّجالِ وَالْمُتَرَجِّلاتِ مِنَ النِّساءِ، وفی رواية للطبرانی: اَنَّ امْرَاَةً مَرَّتْ عَلٰى رَسُولِ اللّٰہِ ﷺ مُتَقَلِّدَةً قَوْسًا

(۷۳۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی ہے ان مردوں پر جو عورتوں کی مشابہت اختیار کریں اور ان عورتوں پر جو مردوں کی مشابہت اختیار کریں (بخاری، اربعہ، طبرانی۔ بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مخنث مردوں اور مترجل عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ طبرانی کی ایک روایت میں ہے کہ ایک عورت کا رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گزر ہوا جس نے کمان لٹکا رکھی تھی۔۔۔)

www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فذكر الحديث۔]

(٧٣٤) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ الرَّجُلَ یَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْاَةِ ، وَالْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ۔)) [رواہ الاربعة الا الترمذی وصححه ابنُ حبان۔]

(٧٣٤) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی اس مرد پر جو عورت کا لباس پہنے اور اس عورت پر جو مرد کا لباس پہنے۔ (اربعہ الا الترمذی۔ ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے)[صحیح]

## الترغيب فی ترک الترفع فی اللباس تواضعًا واقتداء بالمصطفٰی ﷺ أشرف الخلق، والترهيب من لباس الشهرة والفخر

## اشرف الخلق حضرت محمد مصطفی ﷺ کی اقتداء میں انکساری کے طور پر فخریہ لباس ترک کرنے کی ترغیب اور لباس فخر وشہرت کی ممانعت

(٧٣٥) (( وَعَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِیهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ تَرَكَ اللِّبَاسَ تَوَاضُعًا لِلّٰهِ، وَهُوَ یَقْدِرُ عَلَیْهِ دَعَاهُ اللّٰهُ یوم القیمة عَلٰی رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ حَتّٰی یُخَیِّرَهُ مِنْ اَیِّ حُلَلِ الایمانِ شَاءَ یَلْبَسُها۔))

[رواہ الترمذی وحسنه، والحاکم وصححه۔]

(٧٣٥) حضرت سہل بن معاذ بن انس اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کے لیے انکساری کی وجہ سے (فخریہ) لباس ترک کر دے اور اسے اس کی قدرت بھی ہو تو اللہ تعالیٰ اسے (قیامت کے دن) ساری مخلوقات کے سامنے بلائے گا اور اسے اختیار دے گا کہ وہ ایمان کے حلول میں سے جس حلے کو چاہے زیب تن کر لے۔ (ترمذی نے اسے حسن اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے)[حسن لغیرہ]

(٧٣٦) (( وَعَنْ اَبِی اُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الاِیمانِ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِیمانِ۔)) [رواہ اَبوداود وابن ماجه۔ والبَذَاذَةُ بفتح الموحدة وإعجام الذالین: هو التواضع فی اللباس۔]

(٧٣٦) حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لباس میں سادگی ایمان سے ہے، لباس میں سادگی ایمان سے ہے۔ (ابوداؤد، ابنِ ماجہ۔ البذاذۃ کے معنی لباس میں سادگی اختیار کرنا ہے)[حسن لغیرہ]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۷۳۷) (( وَعَنْ اَبِی بُرْدَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰی عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰه عَنْها فَاَخْرَجَتْ اِلَیْنا قَمِیصًا مُلَبَّدًا، وَاِزارًا غَلِیظًا مِمَّا یُصْنَعُ بِالْیَمَنِ، وَاَقْسَمَتْ لَقَدْ قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فِی هٰذینِ الثَّوْبَیْنِ)) [متفق علیه]

(۷۳۷) حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا تو انہوں نے ایک پیوند لگا ہوا قمیص اور یمن کا بنا ہوا تہبند نکالا اور قسم کھا کر کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ان دو کپڑوں میں انتقال فرمایا تھا۔ (بخاری و مسلم)

(۷۳۸) (( عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنها قَالَتْ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ وَعَلَیْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعْرٍ اَسْوَدَ)) [رواه مسلم۔ والمرُوط جمع مرط بکسر المیم والمرحل بحاء مهملة ثقیلة ای فیه صور رحال الجمل۔]

(۷۳۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لے گئے اور آپ نے کالے بالوں سے بنی ہوئی ایسی چادر زیب تن فرما رکھی تھی جس پر اونٹ کے کجاوے کی تصویر بنی ہوئی تھیں۔ (مسلم، مرحل جس پر اونٹ کے کجاوے کی تصویریں بنی ہوئی تھیں)

(۷۳۹) (( عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: کَمْ مِنْ اَشْعَثَ اَغْبَرَ ذِی طمرین لا یُؤْبَهُ لَهٗ لَوْ اَقْسَم عَلَی اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ، مِنْهُمُ الْبَراءُ بْنُ مالِكٍ۔)) [رواه الترمذی، وقَالَ: حسن۔]

(۷۳۹) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کتنے ہی پریشان حال، غبار آلود اور دو بوسیدہ کپڑے پہنے والے ہیں جنہیں کوئی اہمیت نہیں دی جاتی لیکن اللہ تعالیٰ کو اگر وہ قسم دے دیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو ضرور پورا فرماتا ہے، براء بن مالک انہی لوگوں میں سے ہیں۔ (ترمذی نے اسے روایت کیا اور حسن قرار دیا ہے) [حسن صحیح]

(۷۴۰) (( عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: رَاَیْتُ عُمَرَ وَهُوَ یَوْمَئِذٍ اَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ، وقَدْ رقَّعَ بَیْنَ کَتِفَیْهِ بِرِقاعٍ ثلاث لَبَّدَ بَعْضُها عَلٰی بَعْضٍ۔)) [رواه مالك

(۷۴۰) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا جب آپ امیر المومنین تھے کہ آپ نے اپنے کندھوں کے درمیان تین پیوند لگا رکھے تھے اور پیوندوں ہی کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑا گیا تھا۔ (مالک) [صحیح]

(۷۴۱) (( وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِین قَالَ: کُنَّا عِنْدَ ابی هُرَیْرَةَ، وَعَلَیْهِ ثَوْبَانِ مُمَشَّقانِ مِنْ کَتَّانٍ مَخطَ فی اَحَدِهِما ثُمَّ قَالَ: بَخٍ بَخٍ یَمْخِطُ ابو هُرَیْرَةَ فِی الکَتَّانِ،

(۷۴۱) محمد بن سیرین سے روایت ہے کہ ہم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے آپ نے کتان کے رنگے ہوئے دو کپڑے پہن رکھے تھے پھر انہوں نے ایک کپڑے میں اپنی ناک کو صاف کیا اور پھر کہا واہ! واہ ابو ہریرہ کتان میں ناک صاف کرتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لَقَدْ رَاَيْتُنِي ' وَاِنِّي لَاَخِرُّ فِيما بَيْنَ مِنبَرِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ ' وَحُجْرَةِ عائِشَةَ رَضِيَ اللّٰه عَنْها مِنَ الجُوعِ مَغْشِيًّا عَلَيَّ، فَيَجِيءُ الْجائي، فَيَضَعُ رِجْلَهُ عَلٰى عُنُقِي يَرَى اَنَّ بِي الْجُنُونَ، وَما بِي اِلَّا الْجُوع)) [رواه البخاري، والترمذي وصححه۔]

حالانکہ میں رسول اللہ ﷺ کے منبر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کے درمیان بھوک کی وجہ سے بے ہوش ہو کر گر جایا کرتا تھا' ایک آنے والا آتا اور وہ اپنے پاؤں کو میری گردن پر رکھ دیتا تھا کیونکہ وہ سمجھتا تھا کہ میں مجنون ہوں حالانکہ مجھے صرف بھوک لگی ہوتی تھی (بخاری۔ترمذی نے اسے صحیح کہا ہے)

(۷۴۲) ((وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: لَقَدْ رَاَيْتُ سَبْعِينَ مِن اَهْلِ الصُّفَّةِ مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ رِداءٌ۔ اِمَّا اِزارٌ، وَاِمَّا كِسَاءٌ، قَدْ رَبَطُوا في اَعْناقِهِمْ، فَمِنْها مَا يَبْلُغُ نِصْفَ السَّاقِ، وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ الْكَعْبَيْنِ، فَيَجْمَعُهُ بِيَدِهِ كَرَاهِيَةَ اَنْ تُرَى عَوْرَتُهُ۔))[رواه البخاري]

(۷۴۲) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ستر اہل صفہ کو دیکھا' ان میں سے کسی کے پاس بھی رداء نہ تھی' ان کے پاس ازار (تہبند) تھا یا کساء کمبل تھا جب وہ اسے اپنی گردنوں میں باندھتے تو بعض کے نصف پنڈلی تک اور بعض کے ٹخنوں تک کپڑا پہنچتا اور وہ اسے ہاتھ سے پکڑے رکھتے تاکہ ان کا ستر نظر نہ آئے۔

## الترغيب في ابقاء الشيب و كراهية نتفه

## سفید بال باقی رکھنے کی ترغیب اور انہیں چننے کی کراہت

(۷۴۳) ((عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : لا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ فَاِنَّهُ ما مِنْ مُسْلِمٍ يَشِيبُ شَيْبَةً فِي الإِسْلَامِ اِلَّا كانَت لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيامَةِ۔)) [رواه ابوداود، والترمذي، وفي رواية: كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِها حَسَنَةً، وَحَطَّ عَنْهُ بِها خَطِيئَةً۔ وللترمذي: نَهٰى عَنْ نَتْفِ الشَّيْبِ، وقَالَ: اِنَّهُ نُورُ الْمُسْلِمِ، و رواه النسائي اَيضًا۔]

(۷۴۳) حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سفید بالوں کو نہ چنو کیونکہ جس مسلمان کے بال اسلام میں سفید ہوتے ہیں اس کے لیے قیامت کے دن نور ہوگا۔ (ابوداؤد' ترمذی۔ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک بال کے عوض ایک نیکی لکھ دیتا اور ایک غلطی مٹا دیتا ہے۔ترمذی کی روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے سفید بالوں کے چننے سے منع فرمایا ہے اور فرمایا کہ یہ مسلمان کا نور ہے' اسے نسائی نے بھی روایت کیا ہے)[صحیح لغیرہ]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترهيب من خضب اللحية بالسواد

### داڑھی کو سیاہ خضاب لگانے کی ممانعت

(۷۴۴) ((وَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ۔ يَكُوْنُ قَوْمٌ يَخْضِبُوْنَ فِي آخِرِ الزَّمَانِ بِالسَّوَادِ كَحَوَاصِلِ الحمامِ لا يَرِيحُوْنَ رائِحَةَ الْجَنَّةِ۔)) [رواه أبوداوود، والنسائي وصححه ابن حبان، والحاكم، كلهم من رواية عبيد اللّٰه بن عمرو الرقي عن عبدالكريم وهو الجزري وهو ثقة۔]

(۷۴۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ آخر زمانے میں کچھ لوگ بالوں کو سیاہ خضاب لگائیں گے جو کبوتر کے پوٹوں کی طرح ہوگا، یہ لوگ جنت کی خوشبو تک نہ پا سکیں گے (ابوداؤد، نسائی۔ ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ سب نے اسے بروایت عبید اللہ بن عمرو رقی از عبدالکریم بیان کیا ہے جو کہ جزری ہے اور ثقہ ہے) [صحیح]

## ترهيب الواصلة والمستوصلة والواشمة والمستوشمة والنامصة والمتنمصة والمتفلجة

### واصلہ، مستوصلہ، واشمہ، مستوشمہ، نامصہ، متنمصہ اور متفلجہ کو وعید

(۷۴۵) ((عَنْ أَسْمَاءَ أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتِ النَّبِيَّ ﷺ، فَقَالَتْ يا رَسُوْلَ اللّٰهِ: إِنَّ ابْنَتِي أَصَابَها الحصبة فَتَمَرَّقَ شَعْرُها، وَإِنِّي زَوَّجْتُها أَفَأَصِلُ فِيهِ؟ فَقَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ، والْمَوْصُوْلَةَ وفي رواية: الْوَاصِلَةَ، والْمُسْتَوْصِلَةَ)) [متفق عليه، وأخرجه البخاري من حديث ابن عمر بدون القصة، وأخرجاه من حديث عائشة بالقصة ففي لفظ: أَنَّ جارِيَةً مِنَ الْأَنْصَارِ تَزَوَّجَتْ، وَأَنَّها مَرِضَتْ فَتَمَعَّطَ شَعْرُها، فَأَرَادُوا أَنْ يَصِلُوْها، وفي رواية: أَنَّ امْرَأَةً

(۷۴۵) حضرت اسماء سے روایت ہے کہ ایک عورت نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا کہ میری بیٹی کو خسرہ نکلا تھا جس کی وجہ سے اس کے بال گر گئے تھے اور میں نے اس کی شادی کر دی ہے تو کیا اسے مصنوعی بال لگا دوں؟ فرمایا بال لگانے والی عورت اور جسے لگائے گئے ہوں اس پر اللہ کی لعنت ہے۔ (بخاری و مسلم۔ بخاری نے اسے اس واقعہ کے بغیر ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے جب کہ بخاری و مسلم میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس واقعہ کے ساتھ بھی یہ روایت موجود ہے جس کے الفاظ یہ ہیں کہ ایک انصاری لڑکی نے شادی کی، جس کے بیماری کی وجہ سے بال گر گئے تھے تو اس کے گھر والوں نے اسے مصنوعی بال لگانا چاہے۔ ایک روایت میں ہے کہ ایک انصاری خاتون نے اپنی بیٹی کی شادی کی اور اس میں یہ ہے کہ اس کے شوہر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



مِنَ الانْصارِ زَوَّجَتْ بِنْتها' وفيه: اِنَّ زَوْجَها امَرَنی انْ اصِلَ فی شَعْرِها قَالَ: لا۔]

نے مجھے یہ کہا ہے کہ اس کے بالوں کے ساتھ مصنوعی بالوں کو لگا دوں فرمایا نہیں)

(۷۴۶) (( وعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ الواشِماتِ وَالمُسْتَوْشِماتِ، والمُتَنَمِّصَاتِ، والمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ۔ المغیِّرات خَلْقَ اللّٰهِ' فَقَالَتْ لَهُ امْرَاَةٌ فی ذٰلِكَ' فَقالَ: وَمَالِی لا اَلْعَنُ مَنْ لَعَنَهُ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ، وَهُوَ فی كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالی: وَمَا آتاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا۔)) [متفق علیه۔ المتفلجة بالجیم' التی تفلج اسنانها بالمبرد' وغیره النامصة' التی تنتف الحاجب حتی ترقه' كذا قَالَ ابوداود وقَالَ الخطابی: هو نتف الشعر عن الوجه والمتنمصة' المعمول بها ذلك والواشمة ' التی تغرز الابر فی یدها او غیرها ثُمَّ تحشی بالكحل۔ والمستوشمة: المعمول بها ذلك والواصلة: التی تصل شعرها بشعر النساء والمستوصلة: المعمول بها ذلك۔]

(۷۴۶) حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی ہے کہ گودنے والی اور گدوانے والی عورتوں پر اور ان عورتوں پر جو خوبصورتی کے لیے اپنے ابرو کے بال چنواتی ہیں اور اپنے دانتوں پر ریتی پھرواتی ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق کو بدلنے والی ہیں۔ایک عورت نے حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی اس بات کے متعلق استفسار کیا تو انہوں نے فرمایا کہ میں اس پر لعنت کیوں نہ بھیجوں جس پر رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی ہے۔ اور اس (اطاعت رسول ﷺ) کے متعلق قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد موجود ہے (اور رسول کریم ﷺ تمہیں جو عطا فرمائیں وہ لے لو اور جس سے منع فرمائیں اس سے رک جاؤ) بخاری و مسلم۔المتفلجہ وہ عورت جو اپنے دانتوں پر ریتی رگڑتی ہے' النامصہ وہ عورت جو کسی عورت کے ابروؤں کے بال چن کر انہیں باریک کرتی ہے' امام ابوداؤد نے اس لفظ کے یہی معنی بیان فرمائے ہیں اور خطابی فرماتے ہیں کہ اس کے معنی چہرے سے بال چننا ہیں' المتنمصہ جس کے ساتھ یہ عمل کیا جائے' الواشمہ جو عورت سوئی سے ہاتھ وغیرہ میں سوراخ کر کے اس میں سرمہ بھر دے' المستوشمہ وہ عورت جس پر یہ عمل کیا جائے' الواصلہ وہ عورت جو اپنے یا کسی دوسری کے بالوں کو کسی کے بالوں کے ساتھ ملائے اور المستوصلہ جس کے لیے یہ عمل کیا جائے)

## الترغيب فی الكحل بالاثمد للرجال والنساء

## مردوں اور عورتوں کے لیے اثمد سرمہ استعمال کرنے کی ترغیب

(۷۴۷) (( عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: اكْتَحِلُوا

(۷۴۷) حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اثمد سرمہ استعمال کرو' یہ نظر کو تیز کرتا اور بال اگاتا ہے'

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



بِالْاِثْمِدِ؛ فَاِنَّهُ يجْلُو الْبَصَرَ ، وَيُنْبِتُ الشَّعرَ ، وزَعَمَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كانَتْ لَهُ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِها كُلَّ لَيلَةٍ ثَلَاثَةٌ فى هٰذِهٖ۔ وَثَلَاثَةٌ فى هٰذِهٖ۔)) [رواه الترمذى وقَالَ حسن ، والنسائي وابن حبان۔ وفى روايتهما: اِنَّ مِنْ خَيْرِ اَكْحَالِكُمُ الْاِثْمِدَ، والحديث رواه البزار من حديث ابى هُرَيْرَةَ ورجاله ثقات۔]

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کا خیال ہے کہ آنحضرت ﷺ کے پاس ایک سرمہ دانی تھی جس سے آپ ہر رات دونوں آنکھوں میں تین تین سلائیاں ڈالا کرتے تھے (ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے۔ نسائی' ابنِ حبان کی روایت میں ہے کہ تمہارے سرموں میں سے بہترین اثمد ہے' اس حدیث کو بزار نے بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی بیان کیا ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں) [صحیح لغیرہ]

# کتاب الطعام

## الترغيب فى التسمية علي الطعام والترهيب من تركها

### کھانے پر بسم اللہ پڑھنے کی ترغیب اور ترک کرنے کی ممانعت

(۷۴۸) (( عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰه عَنْها قالَتْ: كانَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ يَاْكُلُ طَعَامَهُ فى ستةٍ مِنْ اَصْحابِه فَجَاء اَعْرابِيٌّ فَاَكَلَهُ بِلُقْمَتَيْنِ فَقالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اَما اِنَّهُ لَوْ سَمّٰى لَكفاكُمْ۔)) [رواه ابوداوود، والترمذى، وابن ماجه، وصححه ابنُ حبانَ، وزاد: فاِذا اَكَلَ اَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلْيَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ. فَاِنْ نَسِيَ فى اَوّلِهٖ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهُ وَآخِرَهُ۔ وهٰذه الزيادة عند اَبى داوود وابن ماجه مفردة۔]

(۷۴۸) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے چھ افراد کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے کہ ایک اعرابی آیا اور اس نے دو لقمے کھائے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر اس نے بسم اللہ پڑھی ہوئی تو کھانا تمہارے لیے کافی ہو جاتا (ابوداؤد' ترمذی' ابنِ ماجہ۔ ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا اور ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے کہ جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اسے اللہ کا نام لینا چاہیے اور اگر ابتداء میں بھول جائے تو اسے یہ کہنا چاہیے بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهُ وَاٰخِرَهُ (اول و آخر میں اللہ کے نام سے) یہ اضافہ صرف ابوداؤد اور ابنِ ماجہ) [صحیح لغیرہ]

(۷۴۹) (( وَعَنْ اُمَيَّةَ بْنِ مَخْشيٍّ وكَانَ مِنْ أَصْحابِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ ، اَنَّ رَجُلًا كانَ يَاْكُلُ، وَالنَّبِيُّ ﷺ يَنْظُرُ، فَلَمْ يُسَمِّ،

(۷۴۹) حضرت اُمیہ بن مخشی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے تھے کہ ایک آدمی کھا رہا تھا اور نبی ﷺ دیکھ رہے تھے کہ اس نے بسم اللہ نہیں پڑھی پھر اس نے آخر میں یہ پڑھ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ثُمَّ قَالَ فِي آخره: بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهُ وَآخِرَهُ۔ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: ما زَالَ الشَّيْطَانُ يَأْكُلُ مَعَهُ حَتّٰى سَمّٰى، فَمَا بَقِيَ فِي بَطْنِهِ شَيْءٌ الا قَاءَهُ۔)) [رواه اَبوداود، والنسائي، والحاكم، قَالَ الدارقطني لم يسند أمية غير هذا الحديث۔ ومخشي أبوه بمعجمتين وفتح أوله بلفظ النسبة۔]

لیا' بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهُ وَآخِرَهُ نبی ﷺ نے فرمایا کہ شیطان اس کے ساتھ کھاتا رہا حتی کہ اس نے جب بسم اللہ پڑھی تو اس نے پیٹ بھر کر قے کر دی۔ (ابوداؤد' نسائی' حاکم۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں کہ امیہ سے اس کے علاوہ اور کوئی حدیث مروی نہیں ہے' اس کے والد کا نام مخشی ہے) [ضعیف]

## الترغيب في حمد الله تعالى بعد الاكل

## کھانے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرنے کی ترغیب

(۷۵۰) ((عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ اَكَلَ طَعامًا ثُمَّ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَطْعَمَنِي هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ۔ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔)) [رواه الأربعة]

(۷۵۰) حضرت سہل بن معاذ بن انس اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کھانا کھائے اور پھر یہ کہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَطْعَمَنِي هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ (سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری طاقت وقوت کے بغیر مجھے یہ رزق دیا) تو اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ (اربعہ) [صحیح]

## الترهيب من استعمال أو انی الذهب والفضة وتحريمه على الرجال والنساء

## سونے اور چاندی کے برتن استعمال کرنے پر وعید اور مردوں اور عورتوں کے لیے ان کے استعمال کی حرمت

(۷۵۱) ((عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْها اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: الَّذِي يَشْرَبُ فِي آنِيَةِ الْفِضَّةِ، اِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ۔)) [متفق عليه، وفي رواية مسلم: اِنَّ الَّذِي يَأْكُلُ وَيَشْرَبُ۔ وفي اخرى: مَنْ شَرِبَ فِي اِنَاءٍ مِنْ ذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ۔]

(۷۵۱) حضرت اُمّ سلمہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص چاندی کے برتن میں پیتا ہے' وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ داخل کرتا ہے۔ (بخاری ومسلم۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جو چاندی کے برتن میں کھاتا پیتا ہے' ایک دوسری روایت میں ہے کہ جس شخص نے سونے یا چاندی کے برتن میں پیا......)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۷۵۲) (( عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يقولُ: لَا تَلْبَسُوا الْحَرِيرَ وَلَا الدِّيباجَ، وَلَا تَشْرَبُوا فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَا تَأْكُلُوا فِي صِحَافِهِما، فَإِنَّها لَهُمْ فِي الدُّنيا، وَلَكُمْ فِي الْآخِرَةِ۔ )) [متفق عليه]

(۷۵۲) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ حریر و دیباج نہ پہنو اور نہ سونے چاندی کے برتنوں میں پیو اور نہ ان کے پیالوں میں کھاؤ کیونکہ یہ ان (کافروں) کے لیے دنیا میں ہیں اور تمہارے لیے آخرت میں۔ (بخاری و مسلم)

## الترهيب من الاكل والشرب بالشمال، وما جاء في النهي عن النفخ في الاناء والشرب من في السقاء ومن ثلمة القدح

### بائیں ہاتھ سے کھانے پینے، برتن میں پھونک مارنے، مشکیزے اور برتن کی ٹوٹی ہوئی جگہ سے پینے کی ممانعت

(۷۵۳) (( عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لا يَأْكُلَنَّ اَحَدُكُمْ بِشِمالِهِ، وَلَا يَشْرَبَنَّ بِها، فَإِنَّ الشَّيْطانَ يَأْكُلُ بِشِمالِهِ۔ وَيَشْرَبُ بِهَا، قَالَ: وكانَ نَافِعٌ يَزِيدُ فِيها: وَلَا يَأْخُذُ بِها، ولا يُعْطِ بِها۔ )) [ رواه مسلم۔ واللفظ له، ومالك، و أبوداود، وهو عند الترمذي بدون الزيادة، ورواها ابنِ ماجه مرفوعًا من حديث اَبِي هُرَيْرَةَ ، ولفظه: لِيَأْكُلْ احَدُكُمْ بِيمِينِهِ، وَلْيَشْرَبْ بِيمينِهِ ولْيَأْخُذْ بِيَمِينِهِ، وَلْيُعْطِ بِيَمِينِهِ، فَإِنَّ الشَّيْطانَ يَأْكُلُ بِشِمالِهِ، وَيَشْرَبُ بِشِمالِهِ، وَيُعْطِى بِشِمالِهِ، ويَأْخُذُ بِشِمالِهِ۔]

(۷۵۳) حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی بائیں ہاتھ سے نہ کھائے پئے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا پیتا ہے، نافع اس حدیث میں یہ الفاظ بھی بیان کیا کرتے تھے کہ نہ بائیں ہاتھ سے لے اور نہ دے۔ (یہ الفاظ مسلم کی روایت کے ہیں، مالک، ابوداؤد، ترمذی میں یہ روایت ان زائد الفاظ کے بغیر ہیں، ابنِ ماجہ نے اسے بروایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً اس طرح بیان کیا ہے (تم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ دائیں ہاتھ سے کھائے اور دائیں ہاتھ سے پئے، دائیں ہاتھ سے لے اور دائیں ہاتھ سے دے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا، پیتا، دیتا اور لیتا ہے)

www.qlrf.net

(۷۵۴) (( وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ ، نَهٰى اَنْ يَتَنَفَّسَ فِي

(۷۵۴) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے برتن میں سانس لینے یا پھونک مارنے سے منع فرمایا ہے (ابوداؤد،

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الْإِنَاءِ' اَوْ يُنْفَخَ فِيهِ۔ )) [رواه اَبوداود' والترمذی' وابن حبان ولفظه: اَنْ يَشْرَبَ الرَّجُلُ مِنْ فِی السِّقَاءِ' وَاَنْ يَتَنفَّسَ فِی الْإِنَاءِ' والنَّهی عَنْ التَّنَفُّسِ فِی الْإِنَاءِ متفق علیه من حدیث اَبی قتادة' واَما حدیث اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ کَانَ يَتَنَفَّسُ فِی الْإِنَاءِ ثَلَاثًا' وَيَقُولُ: هُوَ اَمْرَأ وأَرْوی رواه الترمذی وصححه' فمحمول علی التنفس بعد ابانة القدح لا فی داخله۔]

ترمذی۔ ابن حبان کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہا آپ ﷺ نے منع فرمایا کہ آدمی مشکیزے کے منہ سے پئے اور اس سے بھی منع فرمایا کہ برتن میں سانس لے' برتن میں سانس لینے سے ممانعت کی حدیث ابوقتادہ متفق علیہ ہے اور جو یہ حدیث ہے کہ آنحضرت ﷺ برتن میں تین سانس لیا کرتے اور فرمایا کرتے تھے کہ یہ زیادہ خوشگوار اور سیراب کرنے والا عمل ہے' ترمذی نے اسے روایت کیا اور صحیح قرار دیا ہے تو وہ برتن کے اندر نہیں بلکہ برتن کو منہ سے دور ہٹا کر سانس لینے پر محمول ہے) [صحیح]

(۷۵۵) (( وَعَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: نَهٰی رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ' عَنِ اخْتِنَاثِ الاسْقِيَةِ يعْنی يُكْسَر أَفْوَاهُها' ويُشْرَبَ مِنْها )) [متفق علیه]

(۷۵۵) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا کہ مشکیزوں کے مونہوں کو موڑ کر ان سے پانی پیا جائے۔ (بخاری ومسلم)

## الترغيب فی الاكل من جوانب القصعة دون وسطها

## درمیان کے بجائے برتن کے کناروں سے کھانے کی ترغیب

(۷۵۶) (( عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ لِلنَّبِیِّ ﷺ قَصْعَةٌ يُقَالُ لَها الغَرَّاءُ يَحْمِلُها اَرْبَعَةُ رِجَالٍ' فَلَمَّا اَضْحَوْا وَسَجَدُوا الضُّحٰی اُتِیَ بِتِلْكَ الْقَصْعَةِ وَقَدْ اُثْرِدَ فِيها' فَالْتَفُّوا عَلَيها' فَلَمَّا كَثُرُوا جَثَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ' فَقَالَ اَعْرابِیٌّ: مَا هٰذِهِ الجِلْسَةُ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : اِنَّ اللّٰهَ جَعَلَنِی عَبْدًا كَرِيمًا ' وَلَمْ يَجعلنی جَبَّارًا عَنِيدًا ' ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : كُلُوا مِنْ جَوَانِبِها' وَدَعُوا ذِرْوَتَها يُبَارَكْ

(۷۵۶) حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کے پاس ایک بہت بڑا برتن تھا جسے غرا کہا جاتا تھا' اسے چار آدمی اُٹھاتے تھے' جب چاشت کا وقت ہوا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے چاشت کی نماز پڑھ لی تو اس برتن کو لایا گیا کہ اس میں ثرید تیار کیا گیا تھا' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس کے اردگرد بیٹھ گئے' جب تعداد زیادہ ہوگئی تو رسول اللہ ﷺ زانو پر بیٹھ گئے' ایک اعرابی نے کہا: بیٹھنے کا یہ کیا طریقہ ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے عبد کریم بنایا ہے اور جبار و سرکش نہیں بنایا پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کے اردگرد سے کھاؤ اور اس کی اوپر کی سطح کو چھوڑ دو' تمہارے لیے اس میں برکت ہوگی (ابوداؤد' ابن ماجہ۔ ذروہ اوپر

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



لَكُمْ فيها۔)) ابوداؤد وابن ماجه، والذروة بكسر المعجمة وسكون الراء هي أعلاها۔ وروى الاربعة، وصححه ابن حبان من حديث ابن عباس مرفوعًا، اَلبَرَكَةُ تَنْزِلُ وَسَطَ الطَّعامِ فكُلُوا مِنْ حَافَّتَيْهِ، وَلَا تَاْكُلُوا مِنْ وَسَطِهٖ۔ وفي رواية لابي داوود: إِذا اَكَلَ اَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلَا يَاْكُلْ مِنْ اَعْلَى الصَّحْفَةِ، وَلٰكِنْ لِيَاْكُلْ مِنْ اَسْفَلِها، فَاِنَّ الْبَرَكةَ تَنْزِلُ مِنْ اَعْلَاهَا۔]

کے حصے کو کہتے ہیں' اربعہ نے روایت کیا اور ابنِ حبان نے بروایت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما اسے مرفوعاً صحیح قرار دیا ہے کہ برکت کھانے کے درمیان میں نازل ہوتی ہے لہٰذا اسے کناروں سے کھاؤ اور درمیان سے نہ کھاؤ' ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو وہ برتن کے اوپر سے نہ کھائے بلکہ اس کے نیچے سے کھائے کیونکہ برکت اس کے اوپر کے حصہ پر نازل ہوتی ہے) [صحیح]۔

## الترغيب في أكل الخل والزيت

## سرکہ وروغن زیتون کھانے کی ترغیب

(۷۵۷) ((عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، سَاَلَ اَهْلَهُ الْاُدْمَ فقَالُوا: مَا عِنْدَنَا اِلَّا الْخَلُّ، فَدَعا بِهٖ، فَجَعَل يَاْكُلُ بِهٖ، وَيَقُولُ: نِعْمَ الِادَامُ الخَلُّ، نِعْمَ الِادامُ الخلُّ، قَالَ جَابِرٌ۔ فَما زِلْتُ اُحِبُّ الخَلَّ مُنْذُ سَمِعْتُها مِنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم۔)) [رواه مسلم، واخرجه الاربعة الا النسائی مقتصراً على نعم الادام الخل۔]

(۷۵۷) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر والوں سے سالن کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ ہمارے پاس تو صرف سرکہ ہے آپ نے اسے منگوایا اور اسے کھانا شروع کر دیا اور فرمایا سرکہ بہترین سالن ہے سرکہ بہترین سالن ہے' جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا سرکے کو پسند کرنا شروع کر دیا ہے۔ (مسلم' نسائی کے سوا اربعہ نے صرف نعم الادام الخل کے الفاظ روایت کیے ہیں) [صحیح]

(۷۵۸) ((وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زاذَانَ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمُّ سَعْدٍ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَى عائِشَةَ واَنَا عِنْدَها۔ فَقالَ: هَلْ مِنْ غَداءٍ؟ قالَتْ: عِنْدَنَا خُبْزٌ وَتَمْرٌ وَخَلٌّ، فَقالَ نِعْمَ الِادامُ الخَلُّ، اَللّٰهُمَّ بارِكْ فِي الخَلِّ، فَاِنَّهٗ كان اِدامَ الانْبياءِ قَبْلِي، وَلَمْ يُقْفِر بَيْتٌ

(۷۵۸) محمد بن زاذان سے مروی ہے کہ مجھ سے اُمِّ سعد نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے جب کہ میں بھی ان کے پاس تھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھانے کو کچھ ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہمارے پاس روٹی' کھجور اور سرکہ ہے' فرمایا سرکہ بہترین سالن ہے' اے اللہ! سرکہ میں برکت عطا فرما' یہ مجھ سے پہلے انبیاء کا سالن ہے وہ گھر کبھی محتاج نہیں ہوا جس میں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فِيهِ خَلٌّ)) [رواه ابن ماجه]

سرکہ موجود ہو۔ [ابن ماجہ] [موضوع]

## الترغيب في الاجتماع على الطعام

## کھانا مل جل کر کھانے کی ترغیب

(۷۵۹) (( عَنْ وَحْشِيِّ بْنِ حَرْبِ بْنِ وَحْشِيِّ بْنِ حَرْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ: اِنَّا نَاْكُلُ ، وَلَا نَشْبَعُ؟ قَالَ: تَجْتَمِعُونَ عَلٰى طَعَامِكُمْ اَوْ تَتَفَرَّقُونَ؟ قَالُوا: نَتَفَرَّقُ ، قَالَ: اجْتَمِعُوا عَلٰى طَعَامِكُمْ، وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ، يُبَارَكْ لَكُمْ فِيهِ۔)) [رواه ابوداود، وابن ماجه، وصححه ابن حبان۔]

(۷۵۹) وحشی بن حرب بن وحشی بن حرب اپنے باپ سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہم کھاتے ہیں لیکن سیر نہیں ہوتے؟ فرمایا تم کھانا مل جل کر کھاتے ہو یا الگ الگ؟ انہوں نے کہا کہ ہم الگ الگ کھاتے ہیں، فرمایا کھانا مل جل کر کھایا کرو اور اللہ تعالیٰ کا نام لیا کرو، اس سے تمہارے کھانے میں برکت ہوگی۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ۔ ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن لغيره]

## الترهيب من الامعان في الشبع والتوسع في المآكل والمشارب شرهًا وبطرًا

## خوب سیر ہو کر کھانے اور فخر و تکبر کی وجہ سے کھانے پینے میں توسع کی ممانعت

(۷۶۰) (( عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اَلْمُسْلِمُ يَاْكُلُ فِي مِعًا وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَاْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ۔)) [متفق عليه وفي رواية للبخاري: اِنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْكُلُ اَكْلًا كَثِيرًا، فَاَسْلَمَ فَكَانَ يَاْكُلُ اَكْلًا قَلِيلًا، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ وفي رواية لمسلم: اَضَافَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ضَيْفًا كَافِرًا، فَاَمَرَ لَهُ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ، فَشَرِبَ حِلَابَهَا، ثُمَّ اُخْرٰى فَشَرِبَ حِلَابَهَا۔ ثُمَّ اُخْرٰى فَشَرِبَ حِلَابَهَا، يَعْنِي شَرِبَ حِلَبَ سَبْعِ شِيَاهٍ۔ ثُمَّ

(۷۶۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمان ایک انتڑی میں کھاتا ہے اور کافر سات انتڑیوں میں کھاتا ہے۔ (بخاری و مسلم۔ بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ ایک آدمی بہت زیادہ کھانا کھایا کرتا تھا تو وہ مسلمان ہو گیا تو اس نے کھانا بہت کم کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ کے سامنے اس کا ذکر کیا گیا اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک کافر کی مہمان نوازی کی، آپ ﷺ نے حکم دیا اور اس کے لیے ایک بکری کا دودھ دوہا گیا، اس نے یہ دودھ پی لیا، پھر دوسری بکری کا دودھ دوہا گیا، اس نے اسے بھی پی لیا، اسی طرح اس نے سات بکریوں کا دودھ پی لیا، صبح ہوئی تو وہ مسلمان ہو گیا آپ ﷺ نے حکم دیا اور اس کے لیے ایک بکری کا دودھ دوہا گیا تو اس نے اسے پی لیا پھر دوسری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



إِنَّهُ اَصْبَحَ فَاَسْلَمَ، فَاَمَرَ لَهُ بِشَاةٍ، فَشَرِبَ حِلَابَهَا، ثُمَّ اُخْرَى فَلَمْ يَسْتَتِمَّهُ، فقال ......رواه مالك، والترمذى بنحو هذا۔]

بکری کا دودھ دوہا گیا لیکن وہ اس سارے دودھ کو نہ پی سکا (اس پر آنحضرت ﷺ نے فرمایا......)[1] (مالک' ترمذی نے بھی اسے اسی طرح روایت کیا ہے)

(۷۶۱) (( وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِى كَرِبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: مَا مَلَأ آدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِنْ بَطْنٍ، بِحَسْبِ ابْنِ آدَمَ لُقَيْمَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهُ، وَإِنْ كَانَ لَا مَحَالَةَ فَثُلُثٌ لِطَعَامِهِ وَثُلُثٌ لِشَرَابِهِ وَثُلُثٌ لِنَفَسِهِ۔ )) [رواه الترمذى وحسنه، وابن ماجه، وفى روايته، فَإِنْ غَلَبَتِ الْآدَمِيَّ نَفْسُهُ، بدل قوله: وَإِنْ كَانَ لَا مَحَالَةَ۔ وصححه ابنُ حبان۔]

(۷۶۱) حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ آدمی نے پیٹ سے زیادہ بُرا کوئی برتن نہیں بھرا حالانکہ ابنِ آدم کے لیے چند لقمے ہی کافی ہیں جو اس کی کمر کو سیدھا رکھیں اور اگر ضرور زیادہ ہی کھانا ہو تو ایک ثلث کھانے کے لئے' ایک ثلث پینے کے لیے اور ایک ثلث سانس لینے کے لیے کرے (ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے' ابنِ ماجہ کی روایت میں وَإِنْ كَانَ لَا مَحَالَةَ کے بجائے یہ الفاظ ہیں کہ اگر آدمی کا نفس غالب آ جائے' ابنِ حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۷۶۲) (( وَعَنْ اَبِى جُحَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَكَلْتُ ثَرِيدَةً مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ، ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ فَجَعَلْتُ اَتَجَشَّأُ: فَقَالَ يَا هٰذَا كُفَّ عَنَّا مِنْ جُشَائِكَ، فَإِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ شِبَعًا فِى الدُّنْيَا اَكْثَرُهُمْ جُوعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ )) [رواه الحاكم وقَالَ: صحيح الإسناد: وفيه عمر ابنِ موسى۔ وفهد بن عوف، وهما واهيان ولكن رواه البزار باسنادين رواة احدهما ثقات، واخرجه ابن اَبى الدنيا۔ والطبرانى فى الكبير، والاوسط، والبيهقى وزاد، فَمَا اَكَلَ ابو جُحَيْفَةَ مِلْأَ بَطْنِهِ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا، كَانَ اِذَا تَغَدّٰى لا يتعشّٰى، وَاِذَا تَعَشّٰى لا

(۷۶۲) حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے روٹی اور گوشت سے بنا ہوا ثرید کھایا اور پھر جب آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے ڈکار مارنا شروع کر دیا' آنحضرت ﷺ نے فرمایا اپنے ڈکاروں کو ہم سے دور رکھو' جو لوگ دُنیا میں زیادہ سیر ہوں گے وہ آخرت میں زیادہ بھوکے ہوں گے۔ (حاکم نے اسے صحیح الاسناد قرار دیا ہے لیکن اس کی سند میں دو راوی عمر بن موسیٰ اور فہد بن عوف واہی ہیں۔ بزار نے اسے دو سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے' جن میں سے ایک کے راوی ثقہ ہیں۔ ابنِ ابی الدنیا' طبرانی کبیر' اوسط۔ بیہقی کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اس کے بعد ابو جحیفہ نے کبھی پیٹ بھر کر نہیں کھایا حتی کہ وہ دنیا سے رخصت ہو گئے' وہ صبح کا کھانا کھاتے تو شام کو نہ کھاتے اور اگر شام کو کھا لیتے تو صبح نہ کھاتے تھے۔ ابنِ ابی الدنیا کی روایت میں ہے کہ ابو جحیفہ نے فرمایا میں نے تیس سال سے پیٹ کو نہیں بھرا)۔

(۱) مؤمن ایک انتڑی میں کھاتا ہے اور کافر سات انتڑیوں میں کھاتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يتغدّى۔ وفی روایة لابن أبی الدنیا: قَالَ ابو جُحَیْفَةَ: فَما مَلَاتُ بَطْنی مُنْذُ ثَلَاثِینَ سَنَةً۔]

[صحیح]

(۷۶۳) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ: نَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اِلَی الجُوعِ فی وُجُوهِ اَصْحابِهٖ، فَقالَ: اَبْشِرُوا! فَاِنَّهٗ سَیَاْتی عَلَیْکُمْ زَمَانٌ یُغْدی عَلٰی اَحَدِکُمْ بِالْقَصْعَةِ مِنَ الثَّرِیدِ۔ وَیُراحُ عَلَیْهِ بِمِثْلِها، قالُوا: یا رَسُولَ اللّٰهِ نَحْنُ یَوْمَئِذٍ خَیْرٌ؟ قَالَ بَلْ: اَنْتُمُ الْیَوْمَ خَیْرٌ مِنْکُمْ یَوْمَئِذٍ۔ ))[رواه البزار بسند جید]

(۷۶۳) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے چہروں پر بھوک کو دیکھا تو فرمایا کہ تمہیں خوشخبری ہو کہ عنقریب ایک وقت آئے گا کہ تم میں سے ایک کی خدمت میں صبح کے وقت ثرید سے بھرا ہوا برتن پیش کیا جائے گا اور پھر شام کو بھی اسی طرح کا برتن پیش کیا جائے گا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اس وقت تو ہم بہت بہتر ہوں گے؟ فرمایا نہیں اس وقت کے بجائے تم اب بہتر ہو۔ (بزار، بسند جید)

[صحیح لغیرہ]

(۷۶۴) (( وعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اَنَّهٗ اشْتَرَی مِنَ اللَّحْمِ الْمَهْزُولِ، وَجَعَلَ عَلَیْهِ سَمْنًا، فَرَفَعَ عُمَرُ یَدَهٗ، وَقَالَ، وَاللّٰهِ مَا اجْتَمَعا عِنْدَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ قَطُّ اِلَّا اَکَلَ اَحَدَهُما، وَتَصَدَّقَ بالاٰخَرِ، فَقالَ ابْنُ عُمَرَ: یا اَمِیرَ الْمُوْمِنِینَ، فَوَ اللّٰهِ لَا یَجْتَمِعانِ عِنْدِی اَبَدًا اِلَّا فَعَلْتُ ذٰلِکَ۔ ))

[رواه البیهقی]

(۷۶۴) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے دبلے جانور کا گوشت خریدا اور اس پر گھی ڈال دیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور فرمایا: "واللہ! یہ دونوں چیزیں جب بھی رسول اللہ ﷺ کے پاس جمع ہوتیں تو آپ ﷺ ایک تناول فرماتے اور دوسری کو صدقہ کر دیتے" ابن عمر رضی اللہ عنہما نے عرض کیا یا امیر المؤمنین! واللہ! میرے پاس بھی جب یہ دونوں چیزیں جمع ہوں گی تو میں بھی ایسے ہی کروں گا۔[بیهقی][1]

## الترغيب فی غسل الید قبل الطعام وبعده والترهیب من ان ینام وفی یده ریح طعام

## کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے کی ترغیب اور ہاتھوں میں کھانے کی خوشبو ہوتو (دھوئے بغیر) سونے کی ممانعت

(۷۶۵) (( وَکَانَ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ یَکْرَهُ

(۷۶۵) سفیان ثوری کھانے سے پہلے وضو کرو مکروہ سمجھتے تھے اسی طرح

(۱) محدث البانی رحمہ اللہ نے اسے ضعیف الترغیب میں ذکر کیا ہے اور اس پر (؟) کی علامت ہے۔ (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الْوُضُوءَ قَبْلَ الطَّعَامِ، وَكَذَا مَالِكٌ، قَالَهُ البيهقي، واستَحَبَّ الشافِعِيُّ تَرْكَهُ وَاحْتَجَّ بِحَدِيثِ ابْنِ عَبَّاسٍ: انَّ النَّبِيَّ ﷺ أُتِيَ بِطعامٍ فَقِيلَ الَا تَتَوَضَّأُ قَالَ: لَمْ أُصَلِّ فَأَتَوَضَّأَ۔ )) [ اخرجه مسلم۔ وفي رواية له: إِنَّمَا أُمِرْتُ بِالْوُضُوءِ اذا قُمْتُ إِلَى الصَّلَاةِ۔]

امام مالک بھی' جیسا کہ بیہقی نے فرمایا ہے' امام شافعی بھی ترک وضو کو مستحب سمجھتے ہیں اور آپ کا استدلال حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے مروی اس حدیث سے ہے کہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا تو عرض کیا گیا: ''آپ وضو نہ فرمائیں گے؟ فرمایا: میں نے نماز نہیں پڑھنی کہ وضو کروں۔ (مسلم اور مسلم ہی کی ایک دوسری روایت میں ہے کہ مجھے نماز کے لیے وضو کا حکم دیا گیا ہے)

(٧٦٦) (( عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَنْ نَامَ ، وَفِي يَدِهِ غَمَرٌ ، وَلَمْ يغْسِلْهُ، فَأصابَهُ شَيْءٌ، فَلَا يَلُومَنَّ اِلا نَفْسَهُ۔)) [رواه أبو داوود، والترمذي وحسنه، وصححه ابنُ حبان، ورواه ابنُ ماجه عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وعن فاطمة عليها السلام۔ والغَمر بفتح الغين المعجمة والميم: ريح اللحم ودسومته۔]

(٧٦٦) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص سو جائے اور اس کے ہاتھ میں گوشت کی خوشبو اور چکناہٹ ہو اور اسے نہ دھوئے اور اسے کوئی نقصان پہنچ جائے تو وہ اپنے آپ ہی کو ملامت کرے۔ (ابوداؤد۔ ترمذی نے اسے حسن اور ابنِ حبان نے صحیح قرار دیا ہے۔ ابنِ ماجہ نے اسے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے۔ غَمَر کے معنی گوشت کی خوشبو اور چکناہٹ ہے) [صحیح]

## الترهيب من ان يدعى الانسان فيمتنع من غير عذر والامر باجابة الداعي

## بغیر عذر کے دعوت قبول نہ کرنے پر وعید اور دعوت قبول کرنے کا حکم

(٧٦٨) (( عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ كَانَ يَقولُ: شَرُّ الطَّعامِ طَعَامُ الوَلِيمةِ۔ يُدْعَى الَيْها الاغْنِياءُ، وَيُتركُ المَساكينُ، وَمَنْ لَمْ يَأْتِ الدَّعْوَةَ، فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ۔)) [متفق عليه۔ وفي رواية لمسلم عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: شَرُّ الطَّعامِ طَعَامُ الوَلِيمَةِ يُمْنَعُ مِنها مَنْ يَأْتِيها وَيُدعَى

(٧٦٨) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سب سے بدترین کھانا ولیمے کا کھانا ہے جس میں دولت مندوں کو تو بلایا جائے اور مسکینوں کو چھوڑ دیا جائے اور جو دعوت کو قبول نہ کرے اس نے اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کی نافرمانی کی۔ (بخاری و مسلم۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا بدترین کھانا ولیمے کا وہ کھانا ہے جس میں آنے والوں کو تو روکا جاتا ہے اور ان کو دعوت دی جاتی ہے جو انکار کرتے ہیں۔۔۔(١)

(١) حدیث کے باقی الفاظ اس طرح ہیں کہ جو دعوت کو قبول نہ کرے اس نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کی۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اِلَیْها مَنْ یَاْباها' ۔]

(۷۶۹) (( عَنِ ابْنِ عُمَرَ انَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اذا دُعِيَ اَحَدُكُمْ فَلْيُجِبْ' عِرْسًا كانَ اوْ نَحْوَهُ۔)) [رواه مسلم وله اذا دُعِيتُمْ الى كُرَاعٍ فَاَجيبُوا۔]

(۷۶۹) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو کھانے کی دعوت دی جائے تو اسے قبول کرنی چاہیے خواہ وہ ولیمہ کی دعوت ہو یا اسی طرح کی کوئی اور۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جب تمہیں بکری کے پائے کی طرف دعوت دی جائے تو اسے بھی قبول کرو۔

(۷۷۰) (( وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ اذا دُعِيَ اَحَدُكُمْ اِلٰى طَعَامٍ فَلْيُجِبْ۔ فَاِنْ شَاءَ طَعِمَ' وَاِنْ شَاءَ تَرَكَ)) [رواه مسلم و اصحاب السنن الا الترمذی۔]

(۷۷۰) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو کھانے کی دعوت دی جائے تو اسے قبول کرنا چاہیے خواہ کھائے یا نہ کھائے۔ (مسلم۔ اصحاب سنن سوائے ترمذی کے)۔

(۷۷۱) (( وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: حَقُّ الْمُسْلِمِ علی المسلم خَمْسٌ: رَدُّ السَّلامِ' وَعِيادَةُ الْمَرِيض' واتِّبَاعُ الجَنائِزِ' وَاِجابَةُ الدَّعْوَةِ' وَتَشْمِيتُ الْعاطِسِ۔)) [متفق عليه۔ ورواه أبو الشيخ من حديث أبی أيوب بلفظ: سِتُّ خِصَالٍ مَنْ تَرَكَ مِنْهُنَّ شَيْئًا فَقَدْ تَرَكَ حَقًّا وَاجِبًا' وزاد فيه۔ وَاِذا اسْتَنْصَحَهُ اَنْ يَنْصَحَ۔]

(۷۷۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں (۱) سلام کا جواب دینا (۲) مریض کی عیادت کرنا (۳) جنازوں کے ساتھ جانا (۴) دعوت قبول کرنا (۵) چھینک کا جواب دینا۔ (بخاری و مسلم۔ ابوالشیخ نے بروایت ابوایوب اس طرح روایت کیا ہے کہ چھ خصلتیں ہیں جو ان میں سے ایک بھی ترک کر دے اس نے گویا ایک حق واجب کو ترک کر دیا اور اس میں یہ اضافہ ہے کہ جب اس سے خیر خواہی طلب کرے تو خیر خواہی کرے)

❀❀❀

www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



# کتاب القضاء وذکر أبوابه

## الترهيب من تولى السلطنة والامارة والقضاء ولا سيما لمن لا يثق بنفسه

### سلطنت' امارت اور قضاء قبول کرنے کی ممانعت خصوصاً اس کے لیے جسے اپنے آپ پر اعتماد نہ ہو

(۷۷۲) (( عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، الإِمَامُ رَاعٍ، وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي اَهْلِهِ، وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ فِي بَيْتِ زَوْجِها، وَمَسْؤُولَةٌ عَنْ رَعِيَّتِها، وَالخادِمُ راعٍ فِي مَالِ سَيِّدِهِ، وَمَسْؤُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ۔)) [متفق عليه]

(۷۷۲) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے ہر ایک حکمران ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال کیا جائے گا' امام حاکم ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال کیا جائے گا' ایک آدمی اپنے گھر کا حاکم ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارہ میں سوال کیا جائے گا' عورت اپنے شوہر کے گھر کی حاکم ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارہ میں باز پرس ہوگی' خادم اپنے ملک کے مال پر حاکم ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارہ میں پوچھا جائے گا۔ (بخاری ومسلم)

(۷۷۳) (( وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ وَلِيَ الْقَضَاءَ، اَوْ جُعِلَ قَاضِيًا بَيْنَ النَّاسِ، فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّينٍ۔)) [رواه أبوداود، والترمذی اللفظ له، وقال حسن غريب، وابن ماجه، وصححه الحاكم، واختلف في المراد بقوله بغير سكين، والراجح ان المراد به التشديد، لان الذبح بسكين يسرع الإراحة، وقيل فيه غير ذالك۔]

(۷۷۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو منصب قضاء پر فائز ہوا یا جسے لوگوں کے مابین قاضی بنا دیا گیا اسے گویا بغیر چھری کے ذبح کر دیا گیا (ابوداود' یہ الفاظ ترمذی کی روایت کے ہیں اور انہوں نے اسے حسن غریب قرار دیا ہے' ابن ماجہ' حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ اس میں اختلاف ہے کہ چھری کے بغیر ذبح کرنے سے کیا مراد ہے' راجح بات یہی ہے کہ یہ تشدید وسختی کے مفہوم میں ہے کہ چھری سے ذبح کرنا' جلدی راحت دیتا ہے' اس جملہ کے مفہوم کے بارہ میں اور بھی کئی اقوال ہیں) [حسن صحيح]

(۷۷۴) (( وَعَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْتُ: يا رَسُولَ اللّٰهِ اَلا تَسْتَعْمِلُنِي؟

(۷۷۴) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ مجھے عامل نہیں بنا دیتے؟

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قَالَ: فَضَرَب بِيَدِهِ عَلٰى مَنْكِبِي، ثُمَّ قَالَ: يا ابا ذَرٍّ: اِنَّكَ ضَعِيفٌ، وَاِنَّها اَمَانَةٌ، وَاِنَّها يَوْمَ الْقِيَامَةِ خِزْيٌ وَنَدَامَةٌ اِلَّا مَنْ اَخَذَها بِحَقِّها، وَاَدّٰى الَّذِي عَلَيْهِ فِيها۔)) [رواه مسلم]

آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے کندھے پر مارا اور فرمایا اے ابوذر! تم کمزور ہو اور وہ (امارت) امانت ہے اور وہ قیامت کے دن ذلت اور ندامت کا باعث ہوگی سوائے اس شخص کے جو اس کو حق کے ساتھ حاصل کرے اور اس کے تمام حقوق ادا کرے۔ (مسلم)

## ترغيب الحكام في العدل إمامًا كان أو غيره وترهيب من ولي شيئًا أن يشق على رعيته أو يجور أو يحتجب

## حکام کو خواہ وہ امام ہوں یا دیگر، عدل کرنے کی ترغیب اور کسی چیز کا مختار بننے والے کو اپنی رعیت پر سختی یا ظلم کرنے یا اپنے سے دُور رکھنے پر وعید

(۷۷۵) ((عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ثَلَاثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ: الصَّائِمُ حِينَ يُفْطِرُ وَالِامَامُ الْعَادِلُ، وَالْمَظْلُومُ ۔)) [رواه أحمد، والترمذي، وابن ماجه، وصححه ابن خزيمه وابن حبان۔]

(۷۷۵) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تین شخص ایسے ہیں کہ ان کی دُعاء رد نہیں ہوتی (۱) روزہ دار کی افطار کے وقت (۲) امام عادل اور (۳) مظلوم ۔۔۔۔[1] (احمد، ترمذی، ابن ماجہ، ابن خزیمہ اور ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [ضعیف]

(۷۷۶) ((وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: يَوْمٌ مِنْ اِمامٍ عَادِلٍ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّينَ سَنَةً۔ وَحَدٌّ يُقَامُ فِي الْاَرْضِ بِحَقِّهٖ أَزْكٰى لِمَنْ فِيها مِنْ مَطَرٍ أَرْبَعِينَ صَبَاحًا۔)) [رواه الطبراني في الكبير، والاوسط، وسند الكبير حسن، ورواه الاصبهاني من

(۷۷۶) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا امام عادل کا ایک دن ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے اور ایک حد جسے حق کے ساتھ زمین میں قائم کیا جاتا ہے وہ زمین والوں کے لیے چالیس دنوں کی بارش سے زیادہ پاک ہے۔ (طبرانی کبیر و اوسط، معجم کبیر کی سند حسن ہے۔ اصبہانی نے اسے بروایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ان الفاظ کے ساتھ بیان کیا ہے کہ ایک دن کا عدل و انصاف ساٹھ سال کی ایسی عبادت سے بہتر ہے کہ راتوں کو قیام کیا

(۱) حدیث کا تکملہ یوں ہے "ودعوة المظلوم يرفعها الله فوق الغمام و يفتح لها ابواب السماء و يقول الرب و عزتي لا نصرنك ولو بعد الحين" (مظلوم کی دعا کو اللہ تعالیٰ بادلوں کے اوپر اٹھاتا ہے اور اس کے لیے آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں اور رب تعالیٰ فرماتا ہے مجھے اپنے غلبہ کی قسم اگرچہ کچھ وقت کے بعد کروں میں تمہاری ضرور مدد کروں گا)۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



حديث اَبى هُرَيْرَةَ بلفظ: عَدْلُ يَوْمٍ وَاحِدٍ أَفْضَلُ مِنْ عِبادةِ سِتِّينَ سنةً۔ ومن وجه آخر بلفظ: يا أبا هُرَيْرَةَ عَدْلُ سَاعَةٍ خَيْرٌ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّينَ سَنَةً قِيام لَيْلِها، وَصِيام نَهَارِها۔ وزاد: يا أبا هُرَيْرَةَ وَجَوْرُ ساعَةٍ فى حُكْمٍ اَشَدُّ۔ وَأَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ مَعَاصى سِتِّينَ سَنَةً۔]

جائے اور دنوں میں روزے رکھے جائیں اور اس روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کسی فیصلہ میں ایک گھڑی کے لیے ظلم کرنا ساٹھ سال کے گناہوں سے زیادہ سنگین اور شدید ہے) [ضعیف]

(۷۷۷) (( وَعَنْ اَبى سَعِيدٍ الْخُدْرِىِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : احَبُّ النَّاسِ اِلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وأدْناهُمْ مِنْهُ مَجْلِسًا اِمامٌ عادِلٌ، وَابغضُ النَّاسِ اِلى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وابْعَدُهُمْ مِنْهُ مَجْلِسًا، اِمامٌ جائِرٌ۔ ))[رواه الترمذى]

(۷۷۷) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ محبوب اور مجلس کے اعتبار سے قریب ترین عادل حکمران ہوگا اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے مبغوض اور مجلس کے اعتبار سے سب سے دور ظالم حکمران ہوگا (ترمذی نے اسے حسن کہا ہے) [ضعیف]

(۷۷۸) (( وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : اشَدُّ اهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيامَةِ، مَنْ قَتَلَ نَبِيًّا، اَوْ قَتَلَهُ نَبِىٌّ، وإمامٌ جَائِرٌ)) [رواه الطبرانى، وفيه ليث بن اَبى سليم رواه البزار بسند جيد لكنه قَالَ: وإمَامُ ضَلَالةٍ۔]

(۷۷۸) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اہل جہنم میں سے قیامت کے دن سب سے سخت عذاب اسے ہوگا جس نے کسی نبی کو قتل کیا یا جسے کسی نبی نے قتل کیا یا جو ظالم حکمران ہوگا۔ (طبرانی۔ اسکی سند میں لیث بن اَبی سلیم ہے، بزار نے اسے بسند جید روایت کیا ہے لیکن اس میں الفاظ گمراہ حکمران کے ہیں) [حسن]

(۷۷۹) (( وَعَنْ بُكَيْرِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: قَالَ لِى اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: اُحَدِّثُكَ حَدِيثًا مَا اُحَدِّثُ بِهِ كلَّ أحدٍ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ علَى بابِ الْبَيْتِ ونحنُ فِيه: الائِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ، انَّ لِى عَلَيْكُمْ حَقًّا، وَلَهُمْ عَلَيْكُمْ حَقًّا مِثْلَ ذٰلِكَ، مَا ان اسْتُرْحِمُوا رَحِمُوا وإنْ عاهَدُوا أوْفوا۔ وَإنْ حَكَمُوا عَدَلُوا

(۷۷۹) بکیر بن وھب سے روایت ہے کہ مجھ سے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم سے ایک حدیث بیان کرتا ہوں اور یہ حدیث میں ہر ایک سے بیان نہیں کرتا کہ رسول اللہ ﷺ نے بیت اللہ کے دروازے پر فرمایا جب کہ ہم وہاں بیٹھے ہوئے تھے کہ امام قریش سے ہیں، میرا تم پر حق ہے اور ان ائمہ کا بھی تم پر اسی طرح حق ہے کہ ان سے اگر رحم طلب کیا جائے تو وہ رحم کریں، اگر وہ وعدہ کریں تو اسے پورا کریں اور اگر فیصلہ کریں تو عدل کریں اور ان میں سے جو

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ وَاَجْمَعِينَ۔)) [رواه احمد واللفظ له، وسنده جيد، وابويعلٰی۔]

ایسا نہ کرے اس پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔ (یہ الفاظ مسند احمد کی روایت کے ہیں، اس کی سند جید ہے۔ ابویعلیٰ) [صحیح لغیرہ]

(۷۸۰) (( وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ طَلَبَ قَضَاءَ الْمُسْلِمِينَ حَتّٰى يَنَالَهُ ثُمَّ غَلَبَ عَدْلُهُ جَوْرَهُ فَلَهُ الْجَنَّةُ، وَاِنْ غَلَبَ جَوْرُهُ عَدْلَهُ فَلَهُ النَّارُ))[رواه ابوداؤد]

(۷۸۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص مسلمانوں کی قضا طلب کرے اور اسے حاصل کر لے اور پھر اسکا عدل اس کے ظلم پر غالب آ جائے تو اس کے لیے جنت ہے اور اگر اس کا ظلم اس کے عدل پر غالب آ جائے تو اس کے لیے جہنم ہے۔ (ابوداؤد) [ضعیف]

(۷۸۱) (( وَعَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : عُرِضَ عَلَيَّ اَوَّلُ ثَلَاثَةٍ يَدْخُلُونَ النَّارَ: اَمِيرٌ مُسَلَّطٌ، وَذُو ثَرْوَةٍ مِن مَالٍ لا يُوَدِّي حَقَّ اللّٰهِ، وَفَقِيرٌ فَخُورٌ۔)) [رواه ابن خزيمه، وابن حبان۔]

(۷۸۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے تین شخص دکھائے گئے جو سب سے پہلے جہنم رسید ہوں گے (۱) حکمران جو اپنے آپ کو لوگوں پر مسلط کر دے (۲) دولت مند جو اپنے مال میں سے اللہ تعالیٰ کے حق کو ادا نہ کرے اور (۳) تکبر وفخر کرنے والا فقیر (ابن خزیمہ، ابن حبان) [ضعیف]

(۷۸۲) (( عَنْ عَائِشَةَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ فِي بَيْتِي: اللّٰهُمَّ مَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِي فَشَقَّ عَلَيْهِمْ، فَاشْقُقْ عَلَيْهِ، وَمَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِي وَرَفَقَ بِهِمْ، فَارْفُقْ بِهِ۔)) [رواه مسلم، والنسائی، وفی رواية لابی عوانة فی مستخرجه: وَمَنْ وَلِيَ مِنْهُمْ فَشَقَّ عَلَيْهِمْ فَعَلَيْهِ بَهْلَةُ اللّٰهِ: قَالُوا يا رَسُولَ اللّٰهِ: وَمَا بَهْلَةُ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَعْنَةُ اللّٰهِ۔]

(۷۸۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنے گھر میں ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ اے اللہ! جو شخص میری اُمت کے امور کا والی بنے اور ان پر سختی کرے تو تُو بھی اس پر سختی فرما اور جو میری اُمت کے امور کا والی بنے اور ان کے ساتھ نرمی کا سلوک کرے تو تُو بھی اس کے ساتھ نرمی فرما۔ (مسلم نسائی۔ مستخرج ابوعوانہ کی ایک روایت میں ہے کہ جو ان کا والی بنے اور ان پر سختی کرے تو اس پر اللہ کی بہلت ہو، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! اللہ کی بہلت کے کیا معنی ہیں؟ فرمایا: اللہ کی لعنت)

## ترهيب الراشي والمرتشي

### رشوت لینے اور دینے والے کیلئے وعید

(۷۸۳) (( عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ

(۷۸۳) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ الرَّاشِيَ، وَالْمُرْتَشِي)) [رواه أبو داوود، والترمذي وقال حسن صحيح]

اللہ ﷺ نے رشوت لینے اور دینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ (ابوداؤد۔ترمذی نے اسے حسن صحیح قرار دیا ہے)[صحیح]

## الترهيب من الظلم و دُعاء المظلوم و الترغيب في نصرته

## ظلم اور مظلوم کی بددعا سے بچنے کی تلقین اور اس کی مدد کرنے کی ترغیب

(۷۸۴) ((عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ فِيما يَرْوِي عَنْ رَبِّهِ عَزَّ و جلَّ أَنَّهُ قَالَ: يا عِبادِي إِنِّي حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلَى نَفْسِي، وَجَعَلْتُهُ بَيْنَكُمْ مُحَرَّمًا فَلَا تَظالَمُوا۔)) [رواه مسلم]

(۷۸۴) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے ربّ عزوجل سے روایت فرمایا ہے کہ اے میرے بندو! میں نے اپنے نفس پر ظلم کو حرام قرار دیا ہے اور اسے تمہارے لیے بھی حرام قرار دیا ہے لہٰذا تم آپس میں ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو۔ (مسلم)۔

(۷۸۵) ((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ اتدْرُونَ مَنِ الْمُفْلِسُ؟ قَالُوا الْمُفْلِسُ فِينا مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهُ وَلَا مَتَاعَ، قَالَ إِنَّ الْمُفْلسَ مِنْ أُمَّتِي مَنْ يَأْتِي بِصَلاةٍ وَصِيامٍ وَزَكاةٍ وَيَأْتِي وَقَدْ شَتَمَ هٰذا، وَقَذَفَ هٰذا۔ واَكَلَ مَالَ هٰذا، وَسَفَكَ دَمَ هٰذا، وَضَرَبَ هٰذا، فَيُعْطَى هٰذا مِنْ حَسَناتِهِ، وَهٰذا مِنْ حَسَناتِهِ، فإِنْ فَنِيَتْ حَسَناتُهُ قَبْلَ أَنْ يُقضى مَا عَلَيْهِ أُخِذَ مِنْ خَطَاياهُمْ وَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ)) [رواه مسلم والترمذي]

(۷۸۵) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ ہم میں مفلس وہ ہے جس کے پاس نہ درہم ہوں اور نہ سامان ہو فرمایا میری اُمت کا مفلس وہ ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوٰۃ لے کر آئے گا اور وہ اسی حال میں آئے گا کہ اس نے کسی کو گالی دی ہوگی، کسی پر تہمت لگائی ہوگی، کسی کا مال کھایا ہوگا، کسی کا خون بہایا ہوگا اور کسی کو مارا ہوگا، پس اس کو بھی اس کی نیکیاں دی جائیں گی اور اس کو بھی اس کی نیکیاں دی جائیں گی اور جو کچھ اس کے ذمہ واجب ہوگا اس کے پورا ہونے سے پہلے اگر اس کی نیکیاں ختم ہوگئیں تو ان حقداروں کے گناہ لے کر اس کے اوپر ڈال دیئے جائیں گے اور پھر اسے جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ (مسلم، ترمذی)

(۷۸۶) (( وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: ثَلَاثَةٌ تُسْتَجابُ دَعْوَتُهُمْ: الْوالِدُ، وَالْمُسَافِرُ، وَالْمَظْلُومُ۔)) [رواه الطبراني

(۷۸۶) حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تین شخص ایسے ہیں جن کی دُعا قبول ہوتی ہے (۱) والد (۲) مسافر اور (۳) مظلوم (طبرانی، اس کی سند صحیح ہے)[حسن لغیره]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وسندہ صحیح]

(۷۸۷) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ : قَالَ: دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ مُسْتَجَابَةٌ، وَاِنْ كَانَ فَاجِرًا، فَفُجُورُهُ عَلٰى نَفْسِهِ۔)) [رواہ أحمد باسناد حسن]

(۷۸۷) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ مظلوم کی دُعاء قبول ہوتی ہے خواہ وہ گناہگار ہی ہو' اس کا گناہ اس کے نفس پر ہے۔ (احمد' باسناد حسن) [حسن لغیرہ]

## الترغیب فی کلمات یقولهن من خاف ظالمًا

## وہ دُعائیں پڑھنے کی ترغیب جنہیں ظالم سے خوفزدہ شخص پڑھے

(۷۸۸) (( عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اذا تَخَوَّفَ اَحَدُكُمُ السُّلْطَانَ فَلْیَقُلْ: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیمِ كُنْ لِی جَارًا مِنْ شَرِّ فُلانِ بْنِ فُلانٍ، یَعْنِی الَّذِی یُرِیدُهُ، وَمِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالإِنْسِ، وأتْبَاعِهِمْ .أن یَفْرُطَ عَلَیَّ أحَدٌ مِنْهُمْ، عَزَّ جارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ، وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ۔)) [رواہ الطبرانی ورجالہ ثقات۔]

(۷۸۸) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی جب بادشاہ سے ڈرے تو یہ دُعا پڑھے اللّٰهُمَّ۔۔۔۔غَیْرُكَ (اے اللہ! ساتوں آسمانوں کے ربّ اور عرشِ عظیم کے ربّ! تو مجھے فلاں بن فلاں ۔۔۔ (یعنی جس کے شر سے بچنے کے لیے وہ دُعا کر رہا ہے) اور جن وانس اور ان کے پیروکاروں کے شر سے مجھے پناہ دینے والا بن جا کہ ان میں سے کوئی مجھ پر زیادتی نہ کرے' تجھ سے پناہ لینے والا ہمیشہ غالب ہوتا ہے' تیری حمد وثنا بہت بڑی ہے اور تیرے سوا کوئی بھی لائق عبادت نہیں ہے۔ (طبرانی اس کے رجال ثقہ ہیں) [ضعیف مرفوعا صحیح موقوفا]

## الترغیب فی الامتناع عن الدخول علی الظلمة

## ظالم حکمرانوں کے پاس نہ جانے کی ترغیب

(۷۸۹) (( عَنْ ثَوْبَانَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ دَعَا لاهْلِهِ فَذَكَرَ عَلِیًّا وَفَاطِمَةَ وغَیْرَهُمَا، فَقُلْتُ: یا رَسُولَ اللّٰهِ اَنَا مِنْ اَهْلِ الْبَیْتِ، قَالَ نَعَمْ ما لَمْ تَقُمْ عَلٰى بابِ سُدَّةٍ اَوْ تَاْتِی اَمِیرًا تَسْاَلُهُ۔)) [رواہ الطبرانی فی

(۷۸۹) حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے اہل کے لیے دُعا فرمائی' حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور دیگر کو بھی یاد فرمایا' میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! میں بھی اہل بیت سے ہوں؟ فرمایا ہاں جب تک تم بادشاہ کے دروازے پر کھڑے نہ ہو یا جب تک تم کسی حکمران کے پاس سوال کرنے نہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الَاوسط' ورواته ثقات۔ والمراد بالسدة: باب السلطان]

جاؤ۔ (طبرانی اوسط' اس کے راوی ثقہ ہیں' سدہ سے مراد بادشاہ کا دروازہ ہے) [ضعیف]

(۷۹۰) (( وَعَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ اَبِی وَقَّاصٍ اللَّیثِیِّ اَنَّهٗ مَرَّ بِرَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الْمَدِینَةِ لَهٗ شَرَفٌ' وَهُوَ جَالِسٌ بِسُوقِ الْمَدِینَةِ' فَقَالَ عَلْقَمَةُ: یا فُلَانُ اِنَّ لَكَ حُرمَةً' واِنَّ لَكَ حَقًّا' وَاِنِّی رَاَیْتُكَ تَدْخُلُ عَلٰی هٰؤُلاءِ الْاُمَراءِ' فَتَكَلَّمُ عِنْدَهُمْ' وَاِنِّی سَمِعْتُ بِلالَ بْنِ الْحَارِثِ صاحِبَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ یَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ' اِنَّ اَحَدَكُمْ لَیَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ مَا یَظُنُّ اَنْ یَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ' فَیَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ بها رِضْوَانَهٗ اِلی یَوْمِ یَلْقَاهُ وَاِنَّ اَحَدَكُم لَیَتَكَلَّمَ بِالْكَلِمةِ مِنْ سُخْطِ اللّٰهِ ما یَظُنُّ انْ یَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ' فَیَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ بها سُخْطَهُ الٰی یَوْمِ یَلْقَاهُ' قَالَ عَلْقَمَةُ: انْظُرْ وَیْحكَ ما ذا تَقُولُ' وَمَاذا تَكَلَّمُ بِهٖ' فَرُبَّ كَلَامٍ قَدْ مَنَعَنِیهِ ما سَمِعْتُهٗ مِنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ۔ ))

[رواه ابن ماجه' وصححه ابن حبان]

(۷۹۰) حضرت علقمہ بن اَبی وقاص لیثی سے روایت ہے کہ ان کا گزر اہل مدینہ کے ایک ایسے آدمی کے پاس سے ہوا جو عزت و شرف رکھتے تھے' وہ مدینہ کے بازار میں بیٹھے ہوئے تھے' علقمہ نے ان سے مخاطب ہوکر کہا آپ کا احترام ہے' بے شک آپ کا ہم پر حق ہے اور میں دیکھتا ہوں کہ آپ ان حکمرانوں کے پاس جاتے اور ان سے ہم کلام ہوتے ہیں اور میں نے رسول اللہ ﷺ کے صحابی حضرت بلال بن حارث سے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے ایک شخص اللہ کی رضا کا ایک کلمہ زبان سے کہہ دیتا ہے اور وہ کلمہ جہاں تک پہنچ جاتا ہے' اس کے وہم وگمان میں بھی نہیں ہوتا' اس کلمہ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس سے ملاقات کے دن تک اپنی رضا وخوشنودی لکھ دیتا ہے اور تم میں سے ایک شخص اللہ کی ناراضی کا ایک کلمہ زبان سے کہہ دیتا ہے اور وہ کلمہ جہاں تک پہنچ جاتا ہے' اسکے وہم وگمان میں بھی نہیں ہوتا' اس کلمہ کی وجہ سے اللہ اُسکے لیے اس سے ملاقات کے دن تک اپنی ناراضی لکھ دیتا ہے' علقمہ نے اس حدیث کے بیان کرنے کے بعد کہا تم پر افسوس ہو تم دیکھو تم کیا کہتے اور کیا باتیں کرتے ہو' کتنی ہی باتیں ایسی ہیں جن سے بلال بن حارث سے سنی ہوئی اس حدیث نے مجھے منع کر دیا ہے۔ (ابن ماجہ' ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن صحیح]

❀❀❀

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغیب فی الشفقة علی خلق اللّٰہ تعالی من الرعیة والاولاد والعبید وغیرھم ورحمتھم والرفق بھم' والترھیب من ضد ذلک ومن تعذیب العبد والدابة وغیرھما ظلمًا وما جاء فی النھی عن وسم الدواب فی وجوھھا

## رعایا' اولاد' غلام اور دیگر مخلوق پر شفقت ورحمت کی نظر کی ترغیب اور اس کے برعکس رویہ اختیار کرنے نیز غلام اور جانور وغیرہ پر سختی وظلم پر وعید اور جانوروں کے چہروں پر نشان لگانے کی ممانعت

(۷۹۱) (( عَنْ جَرِیرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ لَا یَرْحَمُ النَّاسَ لَا یَرْحَمْهُ اللّٰهُ۔)) [متفق علیه' وزاد أحمد فی روایته۔ وَمَنْ لَا یَغْفِرُ لَا یُغْفَرُ لَهُ' وللطبرانی: مَنْ لَا یَرْحَمْ مَنْ فِی الْاَرْضِ لَا یَرْحَمُهُ مَنْ فِی السَّماءِ۔ وسنده جید' وأخرجه أحمد من حدیث أبی سعید ایضاً' بإسناد صحیح۔ وللطبرانی من حدیث ابن مسعود: وَمَنْ لَمْ یَرْحَمِ النَّاسَ لَمْ یَرْحَمْهُ اللّٰهُ۔ وسنده حسن' وأصل الحدیث متفق علیه من حدیث أبی هُرَیْرَةَ بلفظ مَنْ لَا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ۔]

(۷۹۱) حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ بھی اس پر رحم نہیں فرماتا (بخاری ومسلم۔ احمد کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ جو معاف نہیں کرتا' اسے بھی معاف نہیں کیا جاتا' طبرانی کی روایت میں ہے کہ جو زمین والوں پر رحم نہیں کرتا' آسمان والا بھی اس پر رحم نہیں کرتا' اس کی سند جید ہے' احمد نے بروایت ابوسعید بھی اسے سند صحیح کے ساتھ بیان کیا ہے' طبرانی کی حدیث ابن مسعود میں ہے کہ جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا' اللہ تعالیٰ بھی اس پر رحم نہیں فرماتا' اس کی سند حسن ہے' اصل حدیث بروایت ابوہریرہ ان الفاظ کے ساتھ متفق علیہ ہے کہ جو رحم نہیں کرتا' اس پر بھی رحم نہیں کیا جاتا) [صحیح لغیرہ]

(۷۹۲) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: الرَّاحِمُونَ یَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ' اِرْحَمُوا مَنْ فِی الْاَرْضِ' یَرْحَمْكُمْ مَنْ فِی السَّمَاءِ۔)) [رواه أبو داود' والترمذی بزیادة فیه' وقال حسن صحیح]

(۷۹۲) حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رحم کرنے والوں پر رحمٰن بھی رحم فرماتا ہے' تم زمین والوں پر رحم کرو' آسمان والا تم پر رحم فرمائے گا۔ (ابوداود' ترمذی نے اسے حسن صحیح قرار دیا ہے) [حسن لغیرہ]

(۷۹۳) (( وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ

(۷۹۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے صادق و

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ الصَّادِقَ الْمَصْدُوقَ أَبَا الْقَاسِمِ ﷺ يَقُولُ: لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ۔)) [رواه أبوداود واللفظ له، والترمذی فقال حسن وابن حبان۔]

مصدوق ابو القاسم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ رحمت صرف بد بخت انسان ہی سے چھینی جاتی ہے۔ (ابوداؤد، ابن حبان، ترمذی نے اسے حسن کہا ہے) [صحیح]

(۷۹۴) (( عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ ﷺ : إِنِّي لَأَرْحَمُ الشَّاةَ أَنْ أَذْبَحَهَا، فَقَالَ: إِنْ رَحِمْتَهَا يَرْحَمْكَ اللّٰهُ۔))[رواه الحاكم]

(۷۹۴) معاویہ بن قرہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں بکری ذبح کرتے وقت اس پر رحم کرتا ہوں، آپ نے فرمایا اگر تم بکری پر رحم کرو گے تو اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے گا۔ (حاکم) [صحیح]

(۷۹۵) (( وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما أَنَّ رَجُلًا أَضْجَعَ شَاةً، وَهُوَ يُحِدُّ شَفْرَتَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ : أَتُرِيدُ أَنْ تُمِيتَها مَوْتَاتٍ هَلَّا حَدَدْتَ شَفْرَتَكَ قَبْلَ أَنْ تُضْجِعَها۔)) [رواه الطبرانی، والحاكم واللفظ له۔]

(۷۹۵) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے بکری کو لٹایا اور چھری کو تیز کرنا شروع کر دیا تو نبی ﷺ نے فرمایا کیا تو اسے کئی موتیں مارنا چاہتا ہے؟ بکری کو زمین پر لٹانے سے پہلے چھری کو تیز کیوں نہ کر لیا۔ (طبرانی۔ یہ الفاظ حاکم کی روایت کے ہیں) [صحیح]

(۷۹۶) (( عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ : ما مِنْ إِنْسانٍ يَقْتُلُ عُصْفُورًا عَبَثًا فَمَا فَوْقَها بِغَيْرِ حَقِّهَا إِلَّا سَأَلَ اللّٰهُ عَنْهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قِيلَ يا رَسُولَ اللّٰهِ: وَمَا حَقُّها؟ قَالَ: حَقُّهَا أَنْ تَذْبَحَهَا فَتَأْكُلَهَا، وَلَا تَقْطَعَ رَأْسَهَا، فَتَرْمِيَ بِهِ۔)) [رواه النسائی وصححه الحاكم]

(۷۹۶) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو انسان بھی کسی چڑیا یا اس سے بھی زیادہ کسی چھوٹے جانور کو بے مقصد اور ناحق قتل کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس سے اس کے بارہ میں باز پرس کرے گا، عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ اس کا حق کیا ہے؟ فرمایا اس کا حق یہ ہے کہ اس کو ذبح کر کے کھاؤ، یہ نہ ہو کہ اس کے سر کو کاٹ کر اسے پھینک دو۔ (نسائی، حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن]

(۷۹۷) (( وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما أَنَّهُ مَرَّ بِفِتْيانٍ مِن قُرَيْشٍ نَصَبُوا الطَّيْرَ أَوْ دَجَاجَةً يَتَرامَوْنَهَا، وَقَدْ جَعَلُوا لِصَاحِبِ الطَّيْرِ كُلَّ خاطِئَةٍ مِنْ نَبْلِهِمْ، فَلَمَّا رَأَوُا ابْنَ عُمَرَ تَفَرَّقُوا، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَنْ

(۷۹۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ان کا قریش کے چند نوجوانوں کے پاس سے گزر ہوا جنہوں نے ایک پرندے یا مرغی کو باندھ رکھا تھا اور اس پر تیروں کی مشق کر رہے تھے اور جو تیر نشانے پر نہ لگتا وہ پرندے کے مالک کو دے دیتے تھے، جب انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا تو منتشر ہو گئے، ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا یہ کس نے کیا

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَعَلَ هٰذا؟ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ فَعَلَ هٰذا، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ لَعَنَ مَنِ اتَّخَذَ شَيْئًا فِيهِ الرُّوحُ غَرَضًا۔)) [متفق علیه۔ والغرض بمعجمتين، هو ما ينصبه الرماة من قرطاس وغيره]

ہے؟ جس نے یہ کام کیا ہے اس پر اللہ تعالیٰ لعنت فرمائے بے شک رسول اللہ ﷺ نے بھی اس شخص پر لعنت فرمائی ہے جو کسی ذی روح کو نشانہ بازی کے لیے ہدف بناتا ہے۔ (بخاری و مسلم۔ غرض کے معنی کاغذ وغیرہ کا وہ ہدف ہے جسے تیر انداز مشق کیلئے گاڑتے ہیں)

(۷۹۸) (( وَعَنْهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : دَخَلَتِ امْرَاَةٌ النَّارَ فِي هِرَّةٍ رَبَطَتْها فَلَمْ تُطْعِمْها، وَلَم تَدَعْها تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الارْضِ۔)) [رواه البخاری]

(۷۹۸) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک عورت بلی کی وجہ سے جہنم میں داخل ہوگئی، جسے اس نے باندھ دیا تھا، نہ تو اسے خود کھلایا اور نہ اسے کھلا چھوڑا کہ وہ زمین کے کیڑے مکوڑے کھا لیتی۔ (بخاری)

(۷۹۹) (( وَعَنْ سَهلِ بْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ بِبَعِيرٍ قَدْ لَصِقَ ظَهْرُهُ بِبَطْنِهِ، فَقَالَ: اتَّقُوا اللّٰهَ فِي هٰذِهِ الْبَهائِمِ الْمُعْجَمَةِ، فَارْكَبُوهَا صَالِحَةً، وَكُلُوهَا صَالِحَةً۔)) [رواه أبوداود، وصححه ابن خزيمه۔]

(۷۹۹) حضرت سہل بن حنظلہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا گزر ایک اونٹ کے پاس سے ہوا، جس کی پشت اسکے پیٹ کے ساتھ لگی ہوئی تھی، آپ ﷺ نے فرمایا ان بے زبان جانوروں کے بارہ میں اللہ سے ڈرو، ان پر سواری کرو جبکہ یہ اچھی حالت میں ہوں اور انہیں کھاؤ جبکہ یہ اچھی حالت میں ہوں۔ (ابوداؤد، ابن خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا) [صحیح]

(۸۰۰) (( وَعَنِ أبى مَسْعُودٍ الْبَدْرِيِّ قَالَ: كُنْتُ أَضْرِبُ غُلَامًا لِي بِالسَّوطِ، فَسَمِعتُ صَوْتًا مِنْ خَلْفِي: اعْلَمْ أبا مَسْعُودٍ۔ فَلَمْ أفْهَمِ الصَّوتَ مِنَ الْغَضَبِ، فَلَمَّا دَنَا مِنِّي اِذا هُوَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ ، فإذا هوَ يَقُولُ: اعْلَمْ أبا مَسْعُودٍ اَنَّ اللّٰهَ تَعالٰى اَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلٰى هٰذا الْغُلَامِ، فَقُلْتُ: لا اَضْرِبُ مَمْلوكًا بَعْدَهُ اَبَدًا۔ وفى رواية: فقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هُوَ حُرٌّ لِوَجهِ اللّٰهِ تَعَالى ، قَالَ اَمَا لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ

(۸۰۰) حضرت ابو مسعود بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں کوڑے کے ساتھ اپنے ایک غلام کو مار رہا تھا، میں نے اپنے پیچھے سے آواز سنی، ابو مسعود جان لو، غصے کی وجہ سے میں آواز کو سمجھ نہ سکا، جب مجھ سے قریب آئے تو وہ رسول اللہ ﷺ تھے جو فرما رہے تھے ابو مسعود جان لو کہ جتنی قدرت تمہیں اس غلام پر ہے، اللہ تم پر اس سے زیادہ قادر ہے میں نے عرض کیا: اسکے بعد میں کبھی کسی غلام کو نہیں ماروں گا، ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ میں نے عرض کیا: ''یارسول اللہ ﷺ! وہ لوجہ اللہ تعالیٰ آزاد ہے'' آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم ایسا نہ کرتے تو تمہیں جہنم کی آگ جھلسا دیتی یا آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ تمہیں جہنم کی آگ چھوتی۔ (مسلم، ابوداؤد، ترمذی)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



النَّارُ، اَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارِ۔)) [رواه مسلم وأبوداوود والترمذی۔]

(۸۰۱) ((وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ: لَطَمْتُ مَولىً لَنَا فَدَعَاهُ اَبِی وَدَعانی وقَالَ: اقْتَصَّ مِنْهُ، فإنَّا مَعْشَرَ بَنِی مُقَرِّنٍ كُنَّا سَبْعَةً عَلٰی عَهْدِ النَّبِیِّ ﷺ۔ وَلَيْسَ لَنَا اِلَّا خَادِمَة فَلَطَمَهَا رَجُلٌ مِنَّا فَقالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اَعْتِقُوها، قَالُوا: اِنَّهُ لَيْسَ لَنا خَادِمٌ غَيْرُها، قَالَ: فَلْتَخْدُمْهُمْ حَتّٰى يَسْتَغْنُوا فاذا استغنوا فَلْيُعْتِقُوها))، [رواه مسلم، و أبوداوود واللفظ له، والترمذی والنسائی۔]

(۸۰۱) حضرت معاویہ بن سوید بن مقرن سے روایت ہے کہ میں نے اپنے ایک غلام کو تھپڑ مارا تو میرے والد نے اسے اور مجھے بلایا اور فرمایا کہ تم اس سے بدلہ لو رسول اللہ ﷺ کے دور میں بنی مقرن کے ہم سات افراد تھے اور ہماری ایک خادمہ تھی، ہم میں سے ایک آدمی نے اسے تھپڑ مارا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسے آزاد کردو ہمارے آدمیوں نے عرض کیا کہ ہمارے پاس اس کے علاوہ اور کوئی خادم نہیں ہے فرمایا یہ اس وقت تک خدمت کرتی رہے، جب تک یہ اس سے بے نیاز نہیں ہو جاتے اور جب اس سے بے نیاز ہو جائیں تو اسے آزاد کردیں۔ (مسلم، ترمذی، نسائی۔ یہ الفاظ ابوداؤد کی روایت کے ہیں)

(۸۰۲) ((وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ لِی رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ ضَرَبَ مَمْلُوكًا ظُلْمًا أُقِيْدَ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔)) [رواه الطبرانی ورواته ثقات]

(۸۰۲) حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ جس نے ظلم کرتے ہوئے اپنے کسی غلام کو مارا تو قیامت کے دن اس سے بدلہ لیا جائے گا۔ (طبرانی۔ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں) [صحیح لغیرہ]

(۸۰۳) ((وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ قَذَفَ مَمْلُوكَهُ بَرِيئًا مِمَّا قَالَ اُقِيمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا اَنْ يكُونَ كما قالَ۔)) [متفق عليه۔ واللفظ للترمذی۔]

(۸۰۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اپنے غلام پر تہمت لگائی اور وہ اس سے بری ہو تو قیامت کے دن اس پر حد قائم کی جائے گی۔ الا یہ کہ وہ اسی طرح ہو جس طرح اس نے کہا ہے۔ (بخاری و مسلم۔ یہ الفاظ ترمذی کے ہیں)

(۸۰۴) ((وَعَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ: رَاَيْتُ أبا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ، وَعَلَيْهِ بُرْدٌ غَلِيظٌ، وَعَلٰی غُلامِهِ مِثْلُهُ، قَالَ: فَقالَ الْقَوْمُ: يَا أبا ذَرٍّ لَوْ كُنتَ اخذْتَ الَّذِی عَلَی غُلَامِكَ، فَجَعلْتَهُ مَعَ هٰذَا، لَكَانَتْ حُلَّةً، وكَسَوْتَ

(۸۰۴) معرور بن سوید سے روایت ہے کہ میں نے ربذہ میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے ایک موٹی سی چادر اوڑھ رکھی تھی اور ان کے غلام کے پاس بھی اسی طرح کی چادر تھی، لوگوں نے کہا اے ابوذر! اگر آپ غلام سے یہ چادر لے لیں اور اسے اپنی چادر کے ساتھ ملا لیں تو یہ حلہ بن جائے گا اور اپنے غلام کو آپ کوئی

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



غُلامَكَ ثوبًا غَيْرَهُ، فَقالَ أبو ذَرٍّ: اِنِّي كُنْتُ سَابَبْتُ رَجُلًا، وَكَانَتْ اُمُّهُ اعْجَمِيَّةً، فَعَيَّرْتُهُ بِاُمِّهٖ، فَشكانِي الى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ، فَقَالَ يا أبا ذَرٍّ: اِنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ، فقالَ: اِنَّهُمْ اِخْوانُكُمْ فَضَّلَكُمُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ، فَمَنْ لَمْ يُلَائِمْكُم فَبِيعُوهُ، وَلَا تُعَذِّبوا خَلْقَ اللّٰهِ۔)) [رواه البخاري، ومسلم، وابوداود واللفظ له۔]

دوسرا کپڑا دے سکتے ہیں' ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے ایک آدمی کو گالی دی جس کی ماں عجمی تھی' میں نے اسے ماں کا طعنہ دیا تو اس نے رسول اللہ ﷺ کے پاس میری شکایت کر دی' آپ ﷺ نے فرمایا ابوذر! تم ایک ایسے آدمی ہو جس میں جاہلیت موجود ہے' فرمایا یہ تمہارے بھائی ہیں' اللہ تعالیٰ نے تمہیں ان پر فضیلت بخشی ہے' جو غلام تمہارے موافق نہ ہو اسے بیچ دو لیکن اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو اذیت نہ دو۔ (بخاری و مسلم۔ یہ الفاظ ابوداود کی روایت کے ہیں۔)

(۸۰۵) (( وَعَنْ عمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: مَا خَفَّفْتَ عَنْ خَادِمِكَ مِنْ عَمَلِهٖ كانَ لَكَ اَجْرًا فِي مَوَازِينِكَ۔)) [رواه اَبو يعلٰى، وصححه ابن حبان۔]

(۸۰۵) حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ(۱) سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اپنے خادم کے کام میں سے جو تم تخفیف کرو' وہ بھی تمہارے میزان میں اَجر وثواب ہوگا۔ (ابویعلیٰ۔ ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے)[ضعیف]

(۸۰۶) (( وَعَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَه كانَ آخِرُ كَلَامِ لِلنَّبِيِّ ﷺ : الصَّلاةَ الصَّلاةَ، وَمَا مَلَكَتْ ايْمانُكُمْ۔)) [رواه أبو داوود وابن ماجه۔]

(۸۰۶) حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے آخری بات جو ارشاد فرمائی وہ یہ تھی کہ نماز! نماز! اور اپنے غلاموں کا خیال رکھنا۔ (ابوداوٗد' ابن ماجہ) [صحیح لغیرہ]

(۸۰۷) (( وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ الى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يا رَسُولَ اللّٰهِ كَمْ اَعْفُو عَنِ الْخَادِمِ؟ قَالَ: كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِينَ مَرَّةً۔)) [رواه الترمذی، و أبوداوود، و أبويعلٰى۔]

(۸۰۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں اپنے غلام کو کس قدر معاف کروں؟ فرمایا ہر روز ستر بار (ترمذی' ابوداوٗد' ابویعلیٰ) [صحیح]

## باب ما جاء في النهي عن الوسم في الوجه

## چہرے پر داغ کر نشان لگانے کے متعلق کیا وارد ہوا ہے؟

(۸۰۸) ((عَنِ جابر رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما عَنِ

(۸۰۸) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کا گزر

(۱) صحابی نہیں تابعی ہیں۔ ملاحظہ ہو الضعیفہ ۴۳۴۷ للمحدث الالبانی رحمہ اللہ۔ (ازہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



النَّبِیِّ ﷺ اَنَّهٗ مَرَّ عَلٰی حِمَارٍ قدوسم فی وجهه قَدْ فَقَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ الَّذِی وَسَمَهٗ۔)) [رواه مسلم، وفي رواية: نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الضَّرْبِ فِی الْوَجْهِ۔ رواه الطبرانی بسند جید مختصراً۔ ان رسول الله ﷺ لَعَنَ مَنْ یَسِمُ فِی الْوَجْهِ۔]

ایک گدھے کے پاس سے ہوا جس کے منہ پر لوہا گرم کر کے داغ دیا گیا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی اس پر لعنت ہو جس نے اسے یہ نشان لگایا ہے۔ (مسلم، ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منہ پر مارنے سے منع فرمایا ہے، طبرانی نے اسے بسند جید اس طرح مختصر روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے چہرے پر نشان لگانے والے پر لعنت کی) [صحیح]

## ترغيب الامام وغيره من ولاة الامور فی اتخاذ وزير صالح وبطانة حسنة

### حکمرانوں کو نیک وزیر اور اچھے ساتھی اختیار کرنے کی ترغیب

(۸۰۹) (( عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِذا اَرَادَ اللّٰهُ بالامِیرِ خَیْرًا، وفی روایة: مَنْ وَلِیَ مِنْكُمْ عَمَلًا، فَأَرَادَ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا، جَعَلَ لَهٗ وَزِيرَ صِدْقٍ اِنْ نَسِیَ ذَكَّرَهٗ، وَاِنْ ذَكَرَ اَعَانَهٗ، وَاِذا اَرادَ اللّٰهُ بِهِ غَيْرَ ذٰلِكَ جعلَ لَهٗ وَزِيرَ سوءٍ، اِنْ نَسِیَ لَمْ يُذَكِّرْهُ، وَاِنْ ذَكَرَ لَمْ يُعِنْهُ۔)) [رواه أبو داوود، والنسائی، وصححه ابن حبان۔]

(۸۰۹) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی حاکم کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اور ایک روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ تم میں سے جو کسی کام کا والی بنے اور اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو اچھا وزیر عطا کر دیتا ہے کہ اگر یہ بھولے تو وہ اسے یاد دلاتا ہے اور اگر یہ یاد کرے تو وہ اس کی مدد کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اگر اس کے علاوہ کوئی اور ارادہ فرمائے تو اس کے لیے کسی برے وزیر کو مقرر کر دیتا ہے کہ اگر یہ بھولے تو وہ اسے یاد نہیں دلاتا اور اگر یاد کرے تو اس کے ساتھ تعاون نہیں کرتا۔ (ابوداؤد، نسائی۔ ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح لغیرہ]

## الترهيب من شهادة الزور

### جھوٹی گواہی دینے پر وعید

(۸۱۰) (( عَنْ اَبِی بَكْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِاَكْبَرِ الْكَبَائِرِ ثَلَاثًا: الِاشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوقُ الوالدين، وَشَهَادَةُ الزُّورِ، الا

(۸۱۰) حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ﷺ نے تین بار فرمایا کیا میں تمہیں یہ نہ بتاؤں کہ سب سے بڑے گناہ کون کون سے ہیں؟ فرمایا اللہ کے ساتھ شرک کرنا، والدین کی نافرمانی کرنا، جھوٹی گواہی دینا،

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ، وكان مُتَّكئًا فَجَلَس فَمَا زَالَ يُكَرِّرُها حَتّٰى قُلْنا: لَيْتَهُ سَكَتَ۔)) [رواه البخاری ومسلم والترمذی]

خبردار جھوٹی گواہی نہ دینا' آپ تکیہ لگائے ہوئے تھے۔سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور اسے بار بار ارشاد فرماتے رہے حتی کہ ہم نے کہا کاش! آپ سکوت اختیار فرمالیں۔(بخاری' مسلم' ترمذی)

(۸۱۱) ((عَنْ انَسٍ قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ الْكَبائِرَ فَقَالَ: الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوقُ الوالِدَيْنِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ، قَوْلُ الزُّوْرِ، أَو قَالَ شَهَادَةُ الزُّوْرِ))[رواه البخاری]

(۸۱۱) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کبیرہ گناہوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ یہ ہیں: اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا' والدین کی نافرمانی کرنا' انسانی جان کو قتل کرنا' کیا میں تمہیں یہ نہ بتاؤں کہ سب سے بڑا کبیرہ گناہ کونسا ہے؟ وہ جھوٹی بات یا آپ ﷺ نے یہ فرمایا: جھوٹی گواہی۔(بخاری)

(۸۱۲) ((وَعَنْ اَبِي مُوسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ كَتَمَ شَهَادَةً اِذا دُعِيَ اِلَيْها كانَ كَمَنْ شَهِدَ بِالزُّوْرِ۔)) [رواه الطبرانی فی الكبير، والاوسط، من رواية عبد اللّٰهِ بْنِ صالح كاتب الليث، وقد احتج به البخاری۔]

(۸۱۲) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص گواہی کو چھپائے جب اسے بلایا جائے تو وہ اس شخص کی طرح ہے جو جھوٹی گواہی دے۔(طبرانی کبیر واوسط بروایت عبداللہ بن صالح' کاتب لیث۔امام بخاری نے اس راوی کو قابل حجت قرار دیا ہے)[ضعیف]

## الترغيب فی الامر بالمعروف والنهی عن المنكر والترهيب من تركهما والمداهنة فيهما

## نیکی کا حکم دینے' بدی سے منع کرنے کی ترغیب اور ان کے ترک اور ان کے بارے میں مداھنت پر وعید

(۸۱۳) ((عَنْ اَبِي سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ، فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ، فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ، وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ)) [رواه مسلم، والترمذی، وابن ماجه، والنسائی وقال فی رواية: فَغَيَّرَهُ بِيَدِهٖ فَقَدْ بَرِیءَ وكذا

(۸۱۳) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے جو شخص کسی برائی کو دیکھے تو اسے ہاتھ سے مٹا دے' اگر اس کی طاقت نہ ہو تو زبان کے ساتھ (سمجھا دے) اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو دل کے ساتھ (اسے برا سمجھے) اور یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے۔(مسلم' ترمذی' ابن ماجہ' نسائی۔ایک روایت میں ہے کہ اگر اسے ہاتھ کے ساتھ مٹا دیا تو وہ بری ہو جائے گا زبان اور دل کے بارہ میں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



قال فی اللسان' والقلب۔]

بھی اسی طرح فرمایا)

(۸۱۴) (( وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: بَایَعْنَا رَسُول اللّٰه ﷺ عَلٰی السَّمْعِ' وَالطَّاعَةِ وفیه: وعَلٰی اَنْ نَقُولُ بِالحقِّ حیثُ كُنَّا لَا نَخافُ فی اللّٰهِ لَوْمَةَ لائمٍ۔ ))[متفق علیه]

(۸۱۴) حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی اس بات پر کہ ہم آپ کا فرمان سنیں گے اور اطاعت بجالائیں گے۔۔۔۔الحدیث[1] اس میں یہ بھی ہے کہ ہم جہاں بھی ہوں گے حق بات کہیں گے اور اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے خوف زدہ نہیں ہوں گے۔(بخاری و مسلم)

(۸۱۵) (( وَعَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: سَیِّدُ الشُّهَداءِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ المُطَّلِبِ۔ وَرَجُل قَامَ الی اِمامٍ جَائِرٍ فامَرَهُ وَنَهَاهُ' فَقَتَلَهُ۔ )) [رواہ الحاکم وقال صحیح الِاسناد۔]

(۸۱۵) حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ سیّد الشہداء حمزہ بن عبدالمطلب ہیں اور وہ آدمی بھی جو کسی ظالم حاکم کے سامنے کھڑا ہو کر نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے لگا مگر اس نے اسے قتل کر دیا۔ (حاکم نے اسے صحیح الِاسناد قرار دیا ہے)[صحیح]

# کتاب الحدود

## الترغیب فی الامر بالمعروف والنهی عن المنکر والترهیب من ترکهما والمداهنة فیهما.

### اَمر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی ترغیب' اس کے ترک اور مداہنت پر وعید

(۸۱۶) (( وَعَنْ جَرِیرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَایَعْتُ رَسُول اللّٰهِ ﷺ عَلی النُّصحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ۔ ))[متفق علیه]

(۸۱۶) حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس بات پر بیعت کی کہ ہر مسلمان کی خیرخواہی کروں گا۔(بخاری و مسلم)

(۸۱۷) (( وَعَنْ اَبِی بَکْرٍ الصِّدِّیق رَضِیَ

(۸۱۷) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ

(۱) حدیث کے باقی الفاظ یہ ہیں کہ تنگی کی حالت میں بھی اور آسانی کی حالت میں بھی' خوشی کی حالت میں بھی اور ناپسندیدگی کی کیفیت میں بھی اور اس حالت میں بھی جب ہم پر کسی کو ترجیح دی جا رہی ہو اور اس بات پر بھی ہم نے بیعت کی کہ حکمرانوں سے جھگڑا نہیں کریں گے مگر اس وقت جب ہم واضح اور صریح کفر کا ارتکاب ہوتے دیکھیں' جس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے دلیل موجود ہو اور اس بات پر بھی بیعت کی کہ جہاں کہیں بھی ہوں گے حق بات کہیں گے اور اللہ تعالیٰ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے۔(بخاری و مسلم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ يا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُم تَقْرَؤُونَ هٰذِهِ الآية ﴿يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ﴾ وَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوا الظَّالِمَ فَلَمْ يَاْخُذُوا عَلٰى يَدَيْهِ اَوْشَكَ اَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ مِنْ عِنْدِهِ۔)) [رواه الاربعة، وقال الترمذی حسن صحیح، وصححه ابن حبان، ولفظ النسائی: اِنَّ الْقَوْمَ اِذَا رَاَوا مُنْكَرًا فَلَمْ يُغَيِّرُوْهُ، وفی لفظ لابی داوود: مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيهِمْ بِالْمَعَاصِی ثُمَّ يَقْدِرُونَ عَلٰى اَنْ يُغَيِّروا وَلَمْ يُغَيِّرُوا۔]

نے فرمایا لوگو! تم اس آیت کو پڑھتے ہو (ترجمہ) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنی فکر کرو' کسی دوسرے کی گمراہی سے تمہارا کچھ نہیں بگڑتا' اگر تم خود راہ راست پر رہو! اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ لوگ جب ظالم کو دیکھیں اور اس کے ہاتھ کو نہ پکڑیں تو ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کو اپنے عذاب کی گرفت میں لے لے (اربعہ' ترمذی نے حسن صحیح اور ابن حبان نے صحیح قرار دیا ہے' نسائی کے الفاظ یہ ہیں کہ لوگ جب برائی کو دیکھیں اور اسے نہ مٹائیں' ابوداؤد کی روایت میں الفاظ یہ ہیں کہ جس قوم میں گناہوں کا ارتکاب ہوتا ہو اور انہیں مٹا دینے کی قدرت ہو اور وہ نہ مٹائیں۔۔۔۔۔۔۔) [صحیح]

(۸۱۸) (( وَعَنِ الْعُرْسِ بْنِ عميرة الْكِنديِّ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: اِذَا عُمِلَتِ الخَطِيئَةُ فِی اَرْضٍ كَانَ مَنْ شَهِدَهَا وَكَرِهَهَا كَمَنْ غَابَ عَنْهَا، وَمَنْ غَابَ عَنْهَا وَرَضِيَهَا كَمَنْ شَهِدَهَا۔)) [رواه ابوداؤد]

(۸۱۸) حضرت عرس بن عمیرہ کندی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب کسی زمین میں گناہ کا کام ہو رہا ہو اور جو شخص وہاں موجود ہو لیکن اسے ناپسند کرے تو وہ اس کی طرح ہے جو وہاں موجود ہی نہیں ہے لیکن جو وہاں موجود نہ ہو لیکن وہ اسے پسند کرے تو وہ اس کی طرح ہے جو وہاں موجود ہو۔ (ابوداؤد) [حسن]

## الترهيب من أن يأمر بمعروف او ينهى عن منكر ويخالف قوله فعله

## اس بات پر وعید کہ نیکی کا حکم دے یا بُرائی سے منع کرے لیکن اس کا قول اپنے فعل کے مخالف ہو

(۸۱۹) (( عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: رَاَيْتُ لَيْلَةَ اسرىَ بِی رِجَالًا تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمقاريضَ مِنْ نَارٍ، فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلاءِ يا جِبْرِيلُ؟ فَقَالَ: الْخُطَبَاءُ مِنْ اُمَّتِكَ الَّذِينَ

(۸۱۹) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے معراج کی رات دیکھا کہ کچھ لوگوں کے ہونٹوں کو آگ کی قینچیوں سے کاٹا جا رہا تھا' میں نے پوچھا یہ کون لوگ ہیں جبرئیل؟ انہوں نے بتایا کہ یہ آپ ﷺ کی اُمت کے وہ خطباء ہیں جو نیکی کا حکم دیتے ہیں لیکن اپنے آپ کو بھول جاتے ہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يَأْمُرُونَ بِالْبِرِّ، وَيَنْسَوْنَ أَنْفُسَهُمْ۔ وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ أَفَلَا يَعْقِلُونَ۔)) [رواه ابن حبان، وابن أبی الدنيا فی الصمت والبيهقی۔]

حالانکہ وہ خود کتاب کی تلاوت کرتے ہیں تو عقل سے کام کیوں نہیں لیتے (ابن حبان، ابن ابی الدنیا کی کتاب "الصمت"، بیہقی) [صحیح]

## الترغيب فی ستر المسلم والترهيب من هتكه وتتبع عورته

## مسلمان کی ستر پوشی کی ترغیب، اس کی پردہ دری کرنے اور عیوب ڈھونڈنے پر وعید

(۸۲۰) ((عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: لَا يَسْتُرُ عَبْدٌ عَبْدًا فِی الدُّنْيَا إِلَّا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔)) [رواه مسلم]

(۸۲۰) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو آدمی کسی شخص کی دنیا میں پردہ پوشی کرے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ (مسلم)

## الترغيب فی اقامة الحدود والترهيب من المداهنة فيها

## اقامت حدود کی ترغیب اور اس میں مداہنت پر وعید

(۸۲۱) ((عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: لَحَدٌّ يُقَامُ فِی الْأَرْضِ خَيْرٌ لِأَهْلِهَا مِنْ أَنْ يُمْطَرُوا أَرْبَعِينَ صَبَاحًا)) [رواه النسائی مرفوعًا، وموقوفًا۔]

(۸۲۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک حد جو زمین میں قائم کی جاتی ہے، وہ اہل زمین کے لیے چالیس صبحوں کی بارش سے بہتر ہے۔ (نسائی نے اسے مرفوع و موقوف روایت کیا ہے) [صحیح]

(۸۲۲) ((وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّهُمْ شَأْنُ الْمَخْزُومِيَّةِ الَّتِی سَرَقَتْ فَقَالُوا: مَنْ يُكَلِّمُ فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ؟ قَالُوا مَنْ يَجْتَرِئُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ، فَكَلَّمَهُ أُسَامَةُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: يَا أُسَامَةُ أَتَشْفَعُ فِی حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللّٰهِ؟ ثُمَّ قَامَ

(۸۲۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ خاندانِ قریش کو اس مخزومی عورت کے متعلق بہت فکر لاحق ہوا جس نے چوری کی تھی، وہ کہنے لگے اس سلسلہ میں کون آنحضرت ﷺ سے بات کرے گا؟ انہوں نے کہا کہ آنحضرت ﷺ سے بات کرنے کی جراَت سوائے اُسامہ بن زید (رضی اللہ عنہما) کے کون کر سکتا ہے کہ وہ آپ ﷺ کے محبوب ہیں، حضرت اُسامہ نے اس سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ سے بات کی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اُسامہ! کیا تم اللہ کی حدوں میں سے ایک

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَاخْتَطَبَ فَقَالَ: اِنَّما هَلَكَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ اَنَّهُمْ كَانُوا اِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ، وَاِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الضَّعِيفُ اَقَامُوا عَلَيْهِ الْحد، و أيم الله لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا۔)) [رواه البخاری۔ وبقية الستہ۔]

حد کے متعلق سفارش کر رہے ہو؟ پھر آپ ﷺ نے کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرمایا کہ تم سے پہلی قومیں اسی لیے ہلاک ہوگئیں کہ ان میں اگر کوئی معزز آدمی چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے اور ان میں سے اگر کوئی کمزور شخص چوری کرتا تو اس پر حد نافذ کر دیتے' اللہ کی قسم [1] اگر فاطمہ بنت محمد بھی چوری کرتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔ (بخاری اور صحاح ستہ کے باقی مؤلفین)

## الترهيب من شرب الخمر و اِشرابها و عصرها و حملها و اَكل ثمنها و التشديد فی ذلک و الترغيب فی ترکه و التوبة منه.

## شراب پینے' پلانے' بنانے' اُٹھانے اور اس کی قیمت کھانے پر وعید اور اس کی سخت ممانعت اور اس کے ترک اور اس سے توبہ کی ترغیب

(۸۲۳) ((عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لَا يَزْنِی الزَّانِی حِينَ يَزْنِی وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا۔ وَهُوَ مُؤْمِنٌ))، [رواه الشيخان، واَصحاب السنن، وزاد مسلم فی روايته وابو داوود فی آخره: وَلٰكِنَّ التَّوبَةَ مَعْرُوضَةٌ بَعْدُ۔]

(۸۲۳) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ زانی جب زنا کرتا ہے تو وہ مومن نہیں ہوتا اور چور جب چوری کرتا ہے تو وہ مومن نہیں ہوتا اور شرابی جب شراب پیتا ہے تو وہ مومن نہیں ہوتا۔ (بخاری و مسلم' اصحاب سنن۔ مسلم و ابوداود کی روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں لیکن توبہ کا دروازہ کھلا ہے)

(۸۲۴) ((وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: لَعَنَ اللّٰهُ الْخَمرَ، وَشَارِبها، وَسَاقِيهَا، وَمُبتاعها، وَبَائعها، وَعَاصِرهَا، وَمُعْتَصِرَها، وحَامِلَهَا،

(۸۲۴) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے شراب' اسے پینے والے' پلانے والے' بیچنے والے' خریدنے والے' نچوڑنے والے' جس کے لیے نچوڑی گئی ہو' اُٹھانے والے اور جس کی طرف اُٹھا کر لایا جا رہا ہو سب پر لعنت فرمائی ہے۔ (یہ الفاظ ابوداؤد

(۱) ایم اللہ' عمر اللہ اور عہد اللہ کی طرح الفاظ قسم میں سے ہے اور اسے کئی طرح پڑھا گیا ہے' ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ بھی اور کسرہ کے ساتھ بھی' کوفہ کے نحویوں کا خیال ہے کہ یہ یمین کی جمع ہے جب کہ دیگر علماء نحو کا کہنا ہے کہ یہ اسم ہے جو کہ قسم ہی کے لیے موضوع ہے۔ (نہایہ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



والمَحْمُولَةَ اِلَيْهِ۔)) [رواہ أبوداوود واللفظ له، وابن ماجه وزاد: وَآكِلَ ثَمَنِها۔]

کی روایت میں ہیں اور ابن ماجہ کی روایت میں یہ الفاظ بھی زیادہ بھی ہیں کہ اس کی قیمت کھانے والے پر بھی لعنت فرمائی ہے) [صحیح]

(٨٢٥) ((وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ الْخَمرَ، وَثَمَنَها، وَحَرَّمَ المَيْتَةَ وَثَمَنَها، وَحَرَمَ الْخِنزِيرَ وَثَمنه)) [رواہ ابوداؤد]

(٨٢٥) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے شراب اور اس کی قیمت، مردار اور اس کی قیمت اور خنزیر اور اس کی قیمت کو حرام قرار دیا ہے۔ (ابوداؤد) [صحیح]

(٨٢٦) (( وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، وَمَن شَرِبَ الخَمْرَ فی الدُّنیا فَمَاتَ وَهُوَ يُدْمِنُها لَمْ يَشْرِبْهَا فی الآخِرَةِ۔)) [رواہ البخاری، ومسلم، و أبوداوود، والترمذی والنسائی۔]

(٨٢٦) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر نشہ آور چیز شراب ہے اور ہر نشہ آور حرام ہے، جس نے دنیا میں شراب پی اور وہ اس حالت میں فوت ہو گیا کہ وہ ہمیشہ پیتا تھا تو وہ آخرت میں اسے نہیں پیئے گا۔ (بخاری و مسلم، ابوداؤد، ترمذی، نسائی)

www.qlrf.net

(٨٢٧) ((وَعَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اَرْبَعٌ حَقٌّ عَلَی اللّٰهِ اَن لا يُدْخِلَهُمُ الجَنَّةَ وَلَا يُذِيقَهُم نَعِيمَها: مُدْمِنُ الْخَمْرِ، وآكِلُ الرِّبا، وآكِلُ مَالِ الْيَتِيمِ بِغَيْرِ حَقٍّ، وَالعَاقُّ لِوالِدَيْهِ۔)) [رواہ الحاکم و قال صحیح الاسناد]

(٨٢٧) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا چار شخص ایسے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ انہیں جنت میں داخل نہ کرے اور نہ جنت کی نعمتوں کا انہیں ذائقہ چکھائے (١) ہمیشہ شراب پینے والا (٢) سود کھانے والا (٣) یتیم کا مال ناحق کھانے والا اور (٣) اپنے والدین کا نافرمان۔ (١) [ضعیف جدا]

(٨٢٨) (( وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : ثَلاثَةٌ لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ اَبَدًا: الدَّيُّوثُ، وَالرَّجُلَةُ مِنَ النِّسَاءِ،

(٨٢٨) حضرت عمار بن یاسر رسول اللہ ﷺ کا فرمان روایت کرتے ہیں کہ تین آدمی کبھی بھی جنت میں داخل نہ ہو سکیں گے (١) دیوث (٢) مردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے والی عورت

---

(١) اس کے قریب المعنی یہ حدیث صحیح لغیرہ ہے۔ عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ لا یلج حائط القدس مدمن الخمر والا العاق ولا المنان عطاء ہ [رواہ احمد] جنت کی مقدس چار دیواری میں شرابی داخل نہ ہوگا اور نہ والدین کو ستانے والا اور نہ اپنے دیئے ہوئے کو جتلانے والا ۔[احمد] (ازھر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وَمُدْمِنُ الْخَمْرِ، قَالُوا: یا رَسُولَ اللّٰهِ اَمَّا مُدْمِنُ الْخَمْرِ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ فَمَا الدَّیُّوثُ؟ قَالَ: الَّذِی لا یُبالی مَنْ دَخَلَ عَلٰی اَهْلِهِ، قُلْنَا فَمَا الرَّجُلَةُ مِنَ النِّسَاءِ؟ قَالَ: الَّتِی تَشَبَّهُ بِالرِّجَالِ۔)) [رواه الطبرانی، ولیس فی رواته مجروح وله شواهد۔]

(۳) ہمیشہ شراب پینے والا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہمیشہ کے لئے شرابی کو تو ہم جانتے ہیں لیکن دیوث کون ہے؟ فرمایا جسے پرواہ نہ ہو کہ اس کے اہل کے پاس کون آتا جاتا ہے' ہم نے عرض کیا رجلہ سے کیا مراد ہے؟ فرمایا وہ عورت جو مَردوں سے مشابہت اختیار کرے۔ (طبرانی۔ اس کے راویوں میں کوئی مجروح نہیں نیز اس کے اور شواہد بھی ہیں) [صحیح لغیرہ]

(۸۲۹) (( وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: اجْتَنِبوا الْخَمْرَ فَاِنَّها مِفْتاحُ کُلِّ شَرٍّ۔)) [رواه الحاکم و صححه]

(۸۲۹) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شراب سے اجتناب کرو کہ یہ ہر برائی کی کنجی ہے۔ (حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [حسن لغیرہ]

(۸۳۰) (( وَعَنْ اَبی مَالِكٍ الاَشْعَرِیِّ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ یَقُولُ: یَشْرَبُ نَاسٌ مِنْ اُمَّتی الْخَمْرَ، یُسَمُّونها بِغَیْرِ اسْمها، یُضْرَبُ عَلٰی رُؤُوسِهِمُ المعازف والقینات یَخْسِفُ اللّٰهُ بِهِمُ الارْضَ، وَیَجْعَلُ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالخَنازِیر۔)) [رواه ابن ماجه، وصححه ابن حبان، واَصله فی صحیح البخاری۔]

(۸۳۰) حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ میری اُمت کے کچھ لوگ شراب پئیں گے اور اسے کسی اور نام سے موسوم کریں گے' ان کے سروں پر مغنی عورتیں آلات موسیقی کے ساتھ گائیں گی' اللہ تعالیٰ انہیں زمین میں دھنسا دے گا اور ان میں سے کچھ لوگوں کو بندر اور خنزیر بنا دے گا۔ (ابن ماجہ۔ ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے' اس حدیث کا اصل صحیح بخاری میں ہے) [صحیح لغیرہ]

(۸۳۱) (( وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُما قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ لَمْ تقبل لَهُ صَلَاةٌ اَرْبعینَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَیْهِ، فَاِنْ عَادَ لَمْ یُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ اَرْبعینَ صَبَاحًا، فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَیْهِ، فَاِنْ عَادَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ اَرْبَعِینَ صَبَاحًا، فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَیْهِ، فَاِنْ عَادَ فی الرَّابِعَةِ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ

(۸۳۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص شراب پیئے چالیس دن اُس کی کوئی نماز قبول نہیں ہوتی' اگر توبہ کر لے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول فرما لیتا ہے' اگر دوبارہ پھر پیئے تو چالیس دن اسکی کوئی نماز قبول نہیں ہوتی' اگر توبہ کر لے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول فرما لیتا ہے اگر تیسری بار پھر پیئے تو چالیس دن اسکی کوئی نماز قبول نہیں ہوتی اگر توبہ کر لے تو اللہ تعالیٰ اسکی توبہ کو قبول فرما لیتا ہے اور اگر چوتھی بار پھر پیئے تو چالیس دنوں تک اسکی نماز قبول نہیں ہوتی' اگر توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اسکی توبہ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



اربعين صباحا، فإن تاب لم يتب الله عليه وسقاه من نهر الخبال قيل: يا ابا عبد الرحمن وما نهر الخبال قال: نهر من صديد اهل النار۔)) [رواه الترمذی وحسنه، والحاكم وصححه۔]

کو بھی قبول نہیں فرماتا اور اسے نہر خبال سے پلائے گا لوگوں نے پوچھا اے ابوعبدالرحمن! نہر خبال (۱) کیا ہے؟ فرمایا نہر جس میں جہنمیوں کا پیپ بہتا ہوگا (ترمذی نے اسے حسن اور حاکم نے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح لغیرہ]

## الترهيب من الزنا لا سيما بحليلة الجار والمغيبة والترغيب فى حفظ الفرج

## زنا پر وعید خصوصاً پڑوسی کی بیوی اور اس عورت سے جس کا شوہر گھر غائب ہو اور شرمگاہ کی حفاظت کی ترغیب

(۸۳۲) ((عن ابن مسعود رضي الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: لا يحل دم امرىء مسلم يشهد ان لا اله الا الله وانى رسول الله، الا باحدى ثلاث: الثيب الزاني، والنفس بالنفس، والتارك لدينه المفارق للجماعة۔)) [رواه الشيخان والثلاثة۔]

(۸۳۲) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس مسلمان آدمی کا خون حلال نہیں جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں مگر تین میں سے کسی ایک گناہ کا ارتکاب کرنے کی وجہ سے (۱) شادی شدہ ہو کر زنا کرے (۲) کسی انسان کو قتل کرے تو اس کے بدلہ میں (۳) جس نے اپنے دین کو ترک کر کے مسلمانوں کی جماعت کو چھوڑ دیا ہو۔ (بخاری و مسلم، ثلاثہ)

(۸۳۳) ((وعن ابى هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ: اذا زنى الرجل خرج منه الايمان، فكان عليه كالظلة، فاذا اقلع رجع اليه الايمان۔)) [رواه ابوداود واللفظ له، والترمذی، والبيهقي، والحاكم، ولفظه من زنى او شرب الخمر نزع الله منه الايمان كما

(۸۳۳) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب آدمی زنا کرتا ہے تو ایمان اس میں سے خارج ہو کر اسکے سر پر سائبان کی طرح ہو جاتا ہے، جب وہ زنا کو ترک کر دے تو ایمان اسکی طرف واپس لوٹ آتا ہے۔ (یہ الفاظ ابوداود کی روایت کے ہیں، ترمذی، بیہقی۔ حاکم کی روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ جو شخص زنا یا شراب پیئے تو اللہ اُس سے ایمان کو اس طرح کھینچ لیتا ہے جس طرح انسان قمیص کو اپنے سر سے اُتارتا ہے) [صحیح]

(۱) خبال کے اصل معنی فساد و خرابی کے ہیں۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا﴾ (اگر وہ تم میں (شامل ہو کر) نکل بھی کھڑے ہوتے تو وہ فساد و خرابی میں اضافہ ہی کرتے) یہ فساد خواہ افعال میں ہو یا ابدان میں یا عقول میں سب کے لیے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



يَخْلَعُ الْإِنْسَانُ الْقَمِيصَ عَنْ رَأْسِهِ۔]

(۸۳۴) (( وَعَنْ اَبِی ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : تَعَبَّدَ عابِدٌ مِنْ بَنِي اسْرائِيلَ، فَعَبَدَ اللّٰهَ فِي صَوْمَعَتِهِ سِتِّينَ عَامًا، فَاَمْطَرَتِ الارْضُ فَاخْضَرَّتْ، فَاَشْرفَ الرَّاهِبُ مِنْ صَوْمَعَتِهِ، فَقَالَ، لَوْ نَزَلْتُ فَذَكَرْتُ اللّٰهَ فازْدَدْتُ خَيْرًا، فَنزَلَ وَمَعَهُ رَغِيفٌ اَوْ رَغِيفانِ فَبَيْنا هُوَ فِي الْاَرْضِ لَقِيَتْهُ امْرَأَةٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُكَلِّمُهَا وَتُكَلِّمُهُ حَتّٰى غَشِيَهَا۔ ثُمَّ اُغْمِيَ عَلَيْهِ فَنزلَ الْغَدِيرَ يَسْتَحِمُّ، فَجَاءَ سَائِلٌ فَاَوْمَاَ اِلَيْهِ انْ يَأْخُذَ الرَّغِيفَتَيْنِ، ثُمَّ مَاتَ، فَوُزِنَتْ عِبَادَةُ سِتِّينَ سَنَةً بِتِلْكَ الزَّنْيَةِ: فَرَجَحَتْ تِلْكَ الزَّنْيَةُ بِحَسَنَاتِهِ، ثُمَّ وُضِعَ الرَّغِيفُ اَوِ الرَّغِيفانِ مَعَ حَسَنَاتِهِ، فَرَجَحَتْ حَسَنَاتُهُ فَغُفِرَ لَهُ۔)) [رواه ابن حبان في صحيحه۔]

(۸۳۴) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کے ایک عابد نے اپنے عبادت کدہ میں ساٹھ برس تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جس کی وجہ سے زمین پر بارش ہوئی اور زمین سرسبز و شاداب ہوگئی' راہب نے اپنے عبادت کدہ سے جھانک کر دیکھا اور کہا کہ اگر میں اپنے اس عبادت کدہ سے اُتروں اور اللہ کا ذکر کروں تو یقیناً خیر و بھلائی میں بڑھ جاؤں گا' وہ اپنے عبادت کدہ سے اُترا' اس کے پاس اس وقت ایک یا دو روٹیاں بھی تھیں' اسے ایک خاتون ملی' اس نے اس سے باتیں شروع کر دیں اور عورت نے اس سے باتیں شروع کر دیں حتیٰ کہ اس راہب نے اس عورت کے ساتھ زنا کر لیا' پھر اس پر بے ہوشی طاری ہوگئی' پھر یہ غسل کے لیے ایک کنوئیں کے پاس گیا تو اس کے پاس ایک سائل آیا' اس نے اشارہ کیا کہ وہ ان دونوں روٹیوں کو لے لے' پھر یہ فوت ہوگیا تو اس کی ساٹھ سال کی عبادت کا جب اس کے زنا کے ساتھ وزن کیا گیا تو یہ زنا اس کی تمام نیکیوں سے زیادہ بھاری ثابت ہوا پھر اس کی نیکیوں کے ساتھ ان ایک یا دو روٹیوں کو بھی رکھ دیا گیا تو نیکیوں کا پلڑا زیادہ وزنی ہوگیا اور اسے معاف کر دیا گیا۔ (صحیح ابن حبان) [منکر جدا]

## فصل

(۸۳۵) (( وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَالْتُ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ اَیُّ الذَّنْبِ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ، قُلْتُ: اِنَّ ذٰلِكَ لَعَظِيمٌ، ثُمَّ اَیٌّ؟ قَالَ: اَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ مَخَافَةَ اَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ، قُلْتُ: ثُمَّ اَیٌّ؟ قَالَ:

(۸۳۵) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ کونسا ہے؟ فرمایا یہ کہ تو اللہ تعالیٰ کا کسی کو شریک بنائے حالانکہ اس نے تجھے پیدا فرمایا ہے' میں نے عرض کیا بے شک یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ پھر اس کے بعد کونسا گناہ بڑا ہے؟ فرمایا اپنے بچے کو اس خوف سے قتل کرو کہ وہ بھی تمہارے ساتھ کھائے گا۔ میں نے عرض کیا: پھر کونسا؟ فرمایا

www.KitaboSunnat.com



انْ تُزَانِی حَلِيلَةَ جارِكَ۔)) [رواه البخاری، ومسلم، والنسائی، والترمذی وزاد فی روایته: وَتَلَا هٰذِهِ الْآيَة وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ۔ اِلٰی قوله مُهَانًا۔ والحليلة بالمهملة۔ هی الزوجة۔]

یہ کہ تو اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرے۔ (بخاری و مسلم، ترمذی کی روایت میں یہ اضافہ بھی ہے کہ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی (ترجمہ) اور وہ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہیں پکارتے اور جس جاندار کو مارڈالنا اللہ نے حرام کیا ہے اس کو قتل نہیں کرتے، مگر جائز طریق (یعنی شریعت کے حکم) سے ۔۔۔۔ حلیلہ کے معنی بیوی کے ہیں)

(۸۳۶) ((وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰه ﷺ : مَا تَقُولُونَ فِی الزِّنا؟ قالُوا: حَرَامٌ حَرَّمَهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، فَهُوَ حَرَامٌ إِلى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَقَالَ: لَاَنْ يَزْنِی الرَّجُلُ بِعَشْرِ نِسْوَةٍ اَيْسَرُ عَلَيْهِ مِنْ اَنْ يَزْنِی بامْرَاَةِ جارِهِ۔)) [رواه أحمد ورواته ثقات۔ والطبرانی فی الكبير، والاوسط]

(۸۳۶) حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ زنا کے بارہ میں تم کیا کہتے ہو؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: حرام ہے، اللہ اور اس کے رسول نے اسے حرام قرار دیا ہے، یہ قیامت کے دن تک حرام ہے، فرمایا: دس عورتوں کے ساتھ زنا، پڑوسی کی بیوی سے زنا کے مقابل میں کم تر گناہ ہے۔ (احمد، اس کے راوی ثقہ ہیں طبرانی کبیر و اوسط) [صحیح]

(۸۳۷) ((وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُما وَرَفَعَهُ: مَثَلُ الَّذِی يَجْلِسُ عَلٰی فِراشِ المغيبة مَثَلُ الَّذِی يَنْهَشُهُ اَسْوَدُ مِنْ اَساوِدِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔)) [رواه الطبرانی، ورواته ثقات۔ والاساود: الحيات۔]

(۸۳۷) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ جو شخص کسی ایسی عورت کے بستر پر بیٹھتا ہے جس کا شوہر غائب ہو، اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جسے قیامت کے دن سانپوں میں سے کوئی سانپ ڈس رہا ہو۔ (طبرانی، اس کے راوی ثقہ ہیں، اساود کے معنی ہیں سانپ) [حسن]

(۸۳۸) ((وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ يَضْمَنُ لِی مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ، وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ، تَضَمَّنْتُ لَهُ بِالْجَنَّةِ۔)) [رواه البخاری واللفظ له، والترمذی، والمراد بما بين لحييه: لسانه، وهما عظما الحنك، وبما بين رجليه: الفرج۔]

(۸۳۸) حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص مجھے اس کی ضمانت دے دے جو اس کے دونوں کلوں اور دونوں ٹانگوں کے درمیان ہے، میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ (بخاری، اور یہ الفاظ بھی اسی روایت کے ہیں۔ ترمذی، کلوں کے درمیان جو چیز ہے اس سے مراد زبان اور ٹانگوں کے درمیان جو ہے، اس سے مراد شرم گاہ ہے۔ لحیہ تالو کی دونوں ہڈیوں کو کہتے ہیں)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترهيب من اللواطة واتيان المرأة فی دبرها واتیان البهیمة

### سدومیت، عورت کی دُبر میں جماع کرنے اور جانور سے بدفعلی پر وعید

(٨٣٩) (( عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ، قَالَها ثَلَاثًا۔)) [رواه ابن حبان فی صحیحه، والبیهقی وعند النسائی مثله ذكروه وقال البغوی اختلف فی حد اللوطی فعن سعید بن المسیب وعطاء والحسن النخعی وغیرهم من التابعین، وبه قال الثوری والاوزاعی حده حد الزنا، وهو اظهر قولی الشافعی، وهو روایته عَنْ اَبی یوسف ومحمد بن الحسن، وذهب قوم الی انه یرجم مطلقًا رواه سعید بن جبیر، ومجاهد، عن ابن عباس وروی ذلك عن الشعبی، وبه قَالَ الزهری، وهو قول مالك، واحمد، واسحاق والقول الآخر للشافعی انه یقتل الفاعل والمفعول به كما جاء فی الحدیث، وحرق اللوطیة بالنَّار أربعة من الخلفاء أبوبكر وعلی، وابن الزبیر، وهشام عن عبدالملك۔]

(٨٣٩) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو قوم لوط کا سا کام کرے۔ یہ آپ ﷺ نے تین بار فرمایا۔ (صحیح ابن حبان، بیہقی۔ نسائی میں بھی اسی طرح ہے۔ امام بغوی فرماتے ہیں کہ لوطی کی حد کے بارہ میں اختلاف ہے۔ سعید بن مسیب، عطاء، حسن، نخعی کے علاوہ دیگر تابعین اور ثوری واوزاعی فرماتے ہیں کہ اس کی حد وہی ہے جو زنا کی حد ہے، امام شافعی کے دو قولوں میں سے بھی ظاہر قول یہی ہے، اسے آپ نے ابو یوسف اور محمد بن حسن سے روایت کیا ہے، ایک جماعت کا یہ مذہب ہے کہ اسے مطلقاً رجم کیا جائے، اسے سعید بن جبیر اور مجاہد نے ابن عباس سے روایت کیا ہے، شعبی سے بھی یہی روایت ہے۔ زہری، امام مالک، امام احمد اور اسحاق کا بھی یہی قول ہے۔ امام شافعی کا دوسرا قول یہ ہے کہ فاعل ومفعول کو قتل کر دیا جائے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے، چار خلفاء یعنی (۱) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، (۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ، (۳) حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما اور (۴) ہشام بن عبدالملک نے لوطیوں کو آگ میں جلا دیا تھا) [صحیح]

www.qlrf.net

(٨٤٠) (( وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُما انَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: هِيَ اللُّوطِيَّةُ الصُّغْرٰی يَعْنِی الرَّجُلَ يَأْتِی امْرَأَتَهُ فِی دُبُرِها۔)) [رواه أحمد، والبزار،

(٨٤٠) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ یہ چھوٹی لواطت ہے کہ آدمی اپنی بیوی کی دبر میں جماع کرے۔ (احمد، بزار، دونوں کی سند کے راوی صحیح کے راوی ہیں) [حسن]

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



ورجالهما رجال الصحيح۔]

(٨٤١) (( وَعَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : اِنَّ اللّٰهَ لا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ۔ لَاتَاْتُوا النِّسَاءَ فِي اَدْبَارِهِنَّ۔)) [رواه النسائي وابن ماجه واللفظ له وأخرجه أحمد، والترمذي، والنسائي عن حديث علي بن طلق بمعناه، وصححه ابن حبان۔]

(٨٤١) حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ حق بات بیان فرمانے سے نہیں شرماتا۔ یہ بات آپ ﷺ نے تین بار ارشاد فرمائی۔ عورتوں کی دبر میں جماع نہ کرو۔ (نسائی۔ یہ الفاظ ابن ماجہ کی روایت کے ہیں احمد، ترمذی، نسائی نے اس کے ہم معنی علی بن طلق سے روایت کیا ہے۔ ابن حبان نے اسے صحیح کہا ہے) [صحیح]

(٨٤٢) (( وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰه ﷺ : لَعَنَ اللّٰهُ الَّذِينَ يَاْتُونَ النِّسَاءَ فِي مَحَاشِّهِنَّ۔)) [رواه الطبراني۔ والمحاش بحاء مهملة وشين معجمة مشددة جمع محشة بكسر الحاء: وهي الدبر۔]

(٨٤٢) حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ لعنت فرمائے ان مردوں پر جو عورتوں کی دبر میں جماع کرتے ہیں۔ (طبرانی۔ محاش محشہ کی جمع ہے اس کے معنی دُبر ہیں) [حسن صحیح]

(٨٤٣) (( وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ اَتَى النِّسَاءَ فِي اَعْجَازِهِنَّ فَقَدْ كَفَرَ۔)) [رواه الطبراني في الاوسط ورواته ثقات۔]

(٨٤٣) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے عورتوں کی دُبر میں جماع کیا اُس نے کفر کا ارتکاب کیا۔ (طبرانی اوسط۔ اس کے راوی ثقہ ہیں) [حسن لغیرہ]

## الترهيب من قتل النفس التي حرم الله الا بالحق

## اللہ تعالیٰ کے حرام کردہ نفس کو ناحق قتل کرنے پر وعید

(٨٤٤) (( عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ : اَوَّلُ مَا يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الدِّمَاءِ۔)) [متفق عليه]

(٨٤٤) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن لوگوں میں سب سے پہلے فیصلہ خونوں کا کیا جائے گا۔ (بخاری ومسلم وغیرھما)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



(۸۴۵) (( وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لَزَوَالُ الدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ قَتْلِ مُؤْمِنٍ بِغَيْرِ حَقٍّ۔)) [ رواه ابن ماجه بسند حسن۔ والبیهقی وزاد: وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ سَمٰوَاتِهٖ وَاَهْلَ اَرْضِهٖ اشْتَرَكُوا فِی دَمِ مُؤْمِنٍ لَاَدْخَلَهُمْ فِي النَّارِ' وفی روایة له: مِنْ دَمٍ یسفك بِغَيْرِ حَقٍّ' ولمسلم من حدیث عَبْدِ اللّٰهِ بن عمرو مثل الاول' وللنسائی من حدیث بریدة۔ قَتْلُ الْمُؤْمِنِ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ زَوَالِ الدُّنْيَا' ولابن ماجه من حدیث عَبْدِ اللّٰهِ بن عمرو ورايتُ النَّبِيَّ ﷺ يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ يَقُولُ: مَا اَطْيَبَكِ وَاَطْيَبَ رِيحَكِ' وما اَعْظَمَكِ وَمَا اَعْظَمَ حُرْمَتَكِ' وَالَّذِی نَفْسِی بِيَدِهٖ لَحُرْمَةُ الْمُؤْمِنِ عنداللّٰه اَعْظَمُ مِنْ حُرْمَتِكِ: مَالُهٗ' وَدَمُهٗ۔]

(۸۴۵) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں پوری دنیا کا زوال ایک مردمومن کے قتل ناحق سے کم تر ہے (ابن ماجہ بسند حسن۔ بیہقی کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اگر آسمانوں اور زمینوں والے مل کر بھی ایک مردمومن کے قتل میں شریک ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ ان سب کو جہنم رسید کر دے گا' بیہقی کی ایک روایت میں ہے کہ (دنیا کا ختم ہو جانا اللہ کے ہاں کمتر ہے) ایک خون سے جو ناحق بہایا جائے' مسلم میں حدیث عبداللہ بن عمرو پہلی روایت ہی کی طرح ہے' نسائی میں بریدہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک مومن کا قتل ساری دنیا کے زوال سے بڑھ کر ہے۔ ابن ماجہ کی حدیث عبداللہ بن عمرو میں ہے کہ میں نے نبی ﷺ کو کعبہ کا طواف کرتے ہوئے دیکھا آپ ﷺ فرما رہے تھے تو کس قدر پاک ہے' تیری خوشبو کس قدر پاکیزہ ہے' تو کس قدر عظیم ہے اور تیری حرمت کس قدر عظیم ہے لیکن اس ذات گرامی کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے **مومن کی حرمت' اس کے مال اور خون کی حرمت تیری حرمت سے بڑھ کر ہے**)[صحیح لغیرہ]

(۸۴٦) (( وَعَنْ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰه ﷺ : كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَغْفِرَهُ اِلَّا الرَّجُلَ يَمُوتُ كَافِرًا' وَالرَّجُلَ يَقْتُلُ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا۔)) [رواه النسائی' وصححه ابن حبان والحاكم من حدیث أبی الدرداء۔]

(۸۴٦) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ممکن ہے اللہ تعالیٰ ہر گناہ کو معاف فرما دے سوائے اس کے کہ آدمی کافر فوت ہو یا یہ کہ وہ کسی مومن آدمی کو جان بوجھ کر قتل کر دے۔ (نسائی' ابن حبان و حاکم نے اسے بروایت **ابو الدرداء صحیح** قرار دیا ہے)**[صحیح لغیرہ]**

# فصل

(۸۴۷) (( عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ

(۸۴۷) حضرت عبداللہ بن عمرو عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



الْعَاصِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم : مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا لَمْ يَرَحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَاِنَّ رِيحَهَا يُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ أَرْبَعِينَ عَامًا۔)) [رواه البخاری واللفظ له۔]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کسی ذمی کو قتل کر دے تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہ پا سکے گا حالانکہ اس کی خوشبو چالیس سال کی مسافت سے محسوس ہو گی۔ (بخاری' اور الفاظ بھی انہی کی روایت کے ہیں)

(۸۴۸) ((وَعَنْ اَبِی مُوسٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: اِذَا أَصْبَحَ اِبْلِيسُ بَثَّ جُنُودَهٗ فَيَقُولُ: مَنْ أَضَلَّ[1] الْيَوْمَ مُسْلِمًا اَلْبَسْتُهُ التَّاجَ۔ قَالَ فَيَجِیءُ هٰذَا فَيَقُولُ: لَمْ أَزَلْ بِهٖ حَتّٰى طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ، فَيَقُولُ: اَوْشَكَ اَنْ يَتَزَوَّجَ، قَالَ وَيَجِیءُ هٰذَا فَيَقُولُ: لَمْ اَزَلْ بِهٖ حَتّٰى عَقَّ وَالِدَيْهِ فَيَقُولُ اَوْشَكَ اَنْ يَبَرَّهُمَا۔ وَيَجِیءُ هٰذَا يَقُولُ لَمْ اَزَلْ بِهٖ حَتّٰى اَشْرَكَ، فَيَقُولُ اَنْتَ: اَنْتَ، وَيَجِیءُ هٰذَا فَيَقُولُ: لَمْ اَزَلْ بِهٖ حَتّٰى قَتَلَ۔ فَيَقُولُ: اَنْتَ اَنْتَ، وَيُلْبِسُهُ التَّاجَ۔))[رواه ابن حبان]

(۸۴۸) حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب صبح ہوتی ہے تو ابلیس اپنے لشکروں کو پھیلا دیتا ہے اور کہتا ہے کہ جو آج کسی مسلمان کو گمراہ کرے گا میں اسے تاج پہناؤں گا ان میں سے ایک واپس آتا اور کہتا ہے کہ میں اس مسلمان کے ساتھ لگا رہا حتیٰ کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی' ابلیس کہتا ہے ہو سکتا ہے وہ شادی کر لے' ایک اور آتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ میں اس کے ساتھ لگا رہا حتیٰ کہ اپنے والدین کی نافرمانی کی' ابلیس کہتا ہے کہ ہو سکتا ہے وہ ان کی فرمانبرداری کر لے' ایک اور آتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ میں اس کے ساتھ لگا رہا حتیٰ کہ اس نے شرک کر لیا' ابلیس کہتا ہے ہاں تو نے کارنامہ سرانجام دیا' ایک اور آتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ میں اس کے ساتھ لگا رہا حتیٰ کہ اس نے قتل کر دیا' ابلیس کہتا ہے ہاں تو نے کارنامہ سرانجام دیا اور ابلیس اسے تاج پہنا دیتا ہے۔ (صحیح ابن حبان) [صحیح]

## الترهيب من قتل الانسان نفسه

### خودکشی پر وعید

(۸۴۹) ((عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم : مَنْ تَرَدّٰى مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهٗ فَهُوَ فِی نَارِ جَهَنَّمَ يَتَرَدّٰى فِيهَا خَالِدًا مُخَلَّدًا اَبَدًا، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِحَدِيدَةٍ فَحَدِيدَتُهٗ فِی يَدِهٖ يتوجأبها فی

(۸۴۹) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اپنے آپ کو پہاڑ سے گرا کر قتل کر لیا تو وہ ہمیشہ جہنم کی آگ میں گرتا رہے گا اور اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا اور جس نے چھری کے ساتھ اپنے آپ کو قتل کیا تو اس کی چھری اس کے ہاتھ میں ہو گی' اسے اپنے پیٹ میں گھونپتا رہے گا[1] اور جہنم کی آگ میں

(۱) الترغیب اور مختصر میں اَخْذَلَ ہے تصحیح موارد الظمآن اور مجمع سے کی گئی۔ (ازہر) (۲) کوئی چھری وغیرہ گھونپے تو کہا جاتا ہے (وجاته بالسكين وغيرها وجأ)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



نارِ جَهَنَّم خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيها ابدًا۔)) [رواہ البخاری، ومسلم والترمذی، بتقدیم وتاخیر، والنسائی، ولابی داود: وَمَنْ حسَا سُمًّا فَسُمُّهُ فی یَدِہٖ یَتَحَسَّاہُ فی نَارِ جَهَنَّم۔]

ہمیشہ ہمیشہ رہے گا (بخاری، مسلم اور ترمذی نے اسے تقدیم و تاخیر کے ساتھ روایت کیا ہے۔نسائی اور ابوداؤد میں یہ بھی ہے کہ جس نے زہر پیا تو زہر اس کے ہاتھ میں ہوگا جسے وہ پیتا رہے گا۔)

www.qlrf.net

## الترهيب من أن يحضر الانسان قتل الانسان ظلمًا ومن تجريد ظهر مسلم بغير حق

## انسان کے مظلومانہ قتل کا تماشہ کرنے اور کسی مسلمان کی پشت کو ناحق ننگا کرنے پر وعید

(۸۵۰) (( عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : لَا یَقِفَنَّ أحدُکُمْ مَوْقِفًا یُقْتَلُ فِیهِ رَجُلٌ ظُلْمًا، فَإِنَّ اللَّعْنَةَ تَنْزِلُ عَلی کُلِّ مَنْ حَضَرَ حِینَ لَمْ یَدْفَعُوا عَنْهُ، وَلَا یَقِفَنَّ أحدُکُمْ مَوْقِفًا یُضْرَبُ فیهِ رَجُلٌ ظُلْمًا، )) [رواہ الطبرانی، والبیهقی بسند حسن۔]

(۸۵۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی کسی ایسی جگہ نہ کھڑا ہو جہاں کسی آدمی کو ظلم سے قتل کیا جا رہا ہو کیونکہ ہر اس شخص پر لعنت نازل ہوتی ہے جو وہاں حاضر ہو اور وہ مقتول کا دفاع نہ کرے اور تم میں سے کوئی کسی ایسی جگہ بھی کھڑا نہ ہو جہاں کسی آدمی کو از راہِ ظلم مارا جا رہا ہو۔ (طبرانی، بیہقی بسند حسن) [ضعیف]

(۸۵۱) (( وَعَنْ اَبی امامة رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : مَنْ جَرَّدَ ظَهْرَ مُسْلِمٍ بِغَیْرِ حَقٍّ لَقِیَ اللّٰهُ وَهُوَ عَلَیْهِ غَضْبَانُ۔)) [رواہ الطبرانی فی الکبیرة والاوسط بسند جید۔]

(۸۵۱) حضرت امامہ رضی اللہ عنہ[۱] سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ناحق کسی مسلمان کی پشت کو ننگا کرلے تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس طرح ملے گا کہ وہ اس پر بہت شدید ناراض ہوگا۔ (طبرانی کبیر و اوسط بسند جید)[۲] [ضعیف جدا]

---

(۱) منذری میں یہاں حضرت ابوہریرہ کا نام ہے جو شاید وہم ہے۔ از ہر۔

(۲) اس کی سند جید نہیں بلکہ ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں یمان بن عدی لین الحدیث ہے جیسا کہ ''تقریب'' میں ہے۔ امام احمد اور امام دارقطنی نے اسے ضعیف قرار دیا ہے جبکہ بخاری نے فرمایا ہے کہ ''فی حدیثہ نظر'' حافظ نے فتح الباری میں لکھا ہے کہ ''فی سندہ مقال'' ملاحظہ فرمائیے سلسلۃ ضعیفہ ج ۳ ص ۶۳۴۴۔ (مترجم)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



## الترغيب فى العفو عن القاتل والجانى

## قاتل ومجرم کو معاف کرنے کی ترغیب

(۸۵۲) (( عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: اِذَا وَقَفَ الْعِبَادُ لِلْحِسَابِ جَاءَ قَوْمٌ وفيه: ثُمَّ نَادَى مُنَادٍ لِيَقُمْ مَنْ اَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَدْخُلِ الْجَنَّةَ، قِيلَ وَمَنْ ذَا الَّذِى اَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ؟ قَالَ الْعَافُونَ عَنِ النَّاسِ، فَقَامَ كَذَا وكَذَا الْفا فَدَخَلُوها بِغَيرِ حِسابٍ۔)) [رواه الطبرانى باسناد حسن۔]

(۸۵۲) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جب بندے حساب کے لیے کھڑے ہوں گے تو کچھ لوگ اس طرح آئیں گے (۱) پھر ایک اعلان کرنے والا یہ اعلان کرے گا کہ جن کا اجر وثواب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے، وہ اُٹھ کھڑے ہوں اور جنت میں داخل ہو جائیں گے، عرض کیا گیا وہ کون ہیں جن کا اجر وثواب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے؟ فرمایا لوگوں کو معاف کر دینے والے، اس اعلان کے بعد ہزاروں لوگ اُٹھ کھڑے ہوں گے اور وہ بلا حساب جنت میں داخل ہوں گے۔ (طبرانی باسناد حسن)۔ [ضعيف]

(۸۵۳) (( وَعَنْهُ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ جَالِسٌ اِذْ رَاَيْنَاهُ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ ثَنَايَاهُ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: مَا اَضْحَكَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ بِاَبِى اَنْتَ وَاُمِّى قَالَ: رَجُلَانِ مِنْ اُمَّتِى جَثَيَا بَيْنَ يَدَى رَبِّ الْعِزَّةِ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا: يا رَبِّ خُذْ لِى مَظْلَمَتِى مِنْ اَخِى فَقَالَ اللّٰهُ: كَيْفَ تَصْنَعُ بِاَخِيكَ وَلَمْ يَبْقَ مِنْ حَسَنَاتِهِ شَيْءٌ قَالَ: يا رَبِّ فَلْيَحْمِلْ مِنْ اَوزارى، فَفَاضَتْ عَيْنا رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ بِالْبُكَاءِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ ذٰلِكَ لَيَوْمٌ عَظِيمٌ يَحْتَاجُ النَّاسُ اَنْ يُحْمَلَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ فَقَالَ اللّٰهُ لِلطَّالِبِ: ارْفَعْ بَصَرَكَ فَانْظُرْ

(۸۵۳) حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے کہ ہم نے دیکھا کہ آپ ﷺ ہنسے حتی کہ آپ ﷺ کے دندانِ مبارک نمایاں ہو گئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کیوں ہنسے ہیں؟ میرے ماں باپ آپ ﷺ پر نثار ہوں! فرمایا میری اُمت کے دو آدمی اللہ رب العزت کے حضور گھٹنوں کے بل کھڑے ہوں گے، ان میں سے ایک عرض کرے گا اللہ میرے اس بھائی نے مجھ پر جو ظلم کیا تھا اس سے میرا بدلہ لے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہ تو اپنے بھائی کے ساتھ کیا کرے گا کہ اب تو اس کی نیکیوں میں سے کچھ بھی باقی نہیں رہ گیا، عرض کرے گا: اے اللہ! یہ میرے گناہوں کو لے لے (یہ بیان کرتے ہوئے) رسول اللہ ﷺ کی آنکھیں اشکبار ہو گئیں، پھر فرمایا یہ دن بہت عظیم ہوگا، لوگ ضرورت مند ہوں گے کہ ان کے گناہ

---

(۱) باقی الفاظ اس طرح ہیں کہ اپنی تلواروں کو اپنی گردنوں پر رکھے ہوئے، جن سے خون کے قطرے گر رہے ہوں گے، جنت کے دروازے پر ان کی وجہ سے بھیڑ ہو جائے گی، پوچھا جائے گا یہ کون ہیں تو جواب ملے گا کہ یہ شہداء ہیں جو کہ زندہ تھے اور ان کو رزق ملتا تھا پھر ایک اعلان کرنے والا۔۔۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



فَرَفَعَ، فَقَالَ یَا رَبِّ أَرَی مَدَائِنَ مِنْ ذَهَبٍ۔ وَقُصُورًا مِنْ ذَهَبٍ، مُکَلَّلَةً بِاللُّؤْلُؤِ، لِأَيِّ نَبِيٍّ هٰذَا أَوْ لِأَيِّ صِدِّيقٍ هٰذَا؟ أَوْ لِأَيِّ شَهِيدٍ هٰذَا؟ قَالَ لِمَنْ أَعْطَى الثَّمَنَ، قَالَ یَا رَبِّ وَمَنْ یَمْلِكُ ذٰلِكَ؟ قَالَ أَنْتَ تَمْلِکُهُ۔ قَالَ: بِمَاذَا؟ قَالَ بِعَفْوِكَ عَنْ أَخِيكَ، قَالَ: یَا رَبِّ فَإِنِّي قَدْ عَفَوْتُ عَنْهُ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: فَخُذْ بِيَدِ أَخِيكَ فَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ عِنْدَ ذٰلِكَ، اتَّقُوا اللّٰهَ، وَأَصْلِحُوا ذَاتَ بَيْنِكُمْ، فَإِنَّ اللّٰهَ يُصْلِحُ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ۔)) [رواه الحاکم، والبیھقی فی البعث۔ من روایة عباد بن شیبة الحبطی عن سعید بن انس وصحح الحاکم، اسنادہ کذا قال۔]

اُٹھائے جائیں' اللہ تعالیٰ اس مطالبہ کرنے والے سے فرمائے گا اپنی نظر اوپر اُٹھاؤ اور دیکھو' وہ اپنی نگاہ اوپر اُٹھائے گا اور عرض کرے گا یا اللہ! میں سونے کے بنے ہوئے شہر' سونے کے بنے ہوئے محلات' جنہیں موتیوں کے ساتھ سجایا گیا ہے' دیکھ رہا ہوں' یہ کس نبی یا صدیق کے لیے ہیں؟ یا یہ کس شہید کے ہیں؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا جو ان کی قیمت ادا کرے' وہ عرض کرے گا' یا اللہ ان کی قیمت کون ادا کر سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو بھی ادا کر سکتا ہے وہ عرض کرے گا کس طرح؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا اپنے اس بھائی کو معاف کر کے' وہ عرض کرے گا: یا اللہ! میں نے اسے معاف کر دیا' اللہ تعالیٰ فرمائے گا اپنے بھائی کے ہاتھ کو پکڑ واور اسے جنت میں داخل کر دو' اس موقع پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ سے ڈر جاؤ اور آپس کے باہمی تعلقات درست رکھو' اس سے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے مابین صلح کرائے گا۔ (حاکم' بیہقی فی البعث۔ عباد بن شیبہ الحبطی از سعید بن انس کے واسطہ سے اور حاکم نے اس کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔ حاکم نے اسی طرح کہا ہے)[1] [ضعیف جدا]

## الترھیب من الشماتة بالمسلم وتعییرہ

### مسلمان کی مصیبت پر خوش ہونے اور اسے عار دلانے پر وعید

(۸۵۴) (( عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: لَا

(۸۵۴) حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے بھائی کی مصیبت پر خوش نہ ہو ممکن ہے کہ

(۱) حافظ منذریؒ کو امام حاکم کے اس حکم پر تعجب ہے اس لیے کہ عباد بن شیبہ ضعیف ہے ابن حبان نے کہا کہ اس کی انفرادی طور پر روایت کی ہوئی منکر روایات حجت پکڑنا روا نہیں۔

اور ہمیں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ پر تعجب ہے کہ اس باب میں صرف ضعیف احادیث پر اکتفا کیا حالانکہ منذریؒ نے اس باب میں گیارہ احادیث ذکر کیں جن میں سے ایک صحیح مسلم کی ہے: عن ابی ھریرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ ما نقصت صدقة من مال و ما زاد اللہ عبدا بعفوا الاعزا وما تواضع احد للہ الا رفعه اللہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صدقہ مال میں کمی نہیں کرتا۔ اور معاف کرنے سے اللہ تعالیٰ بندے کی عزت ہی بڑھاتا ہے۔ اور جو بھی اللہ کے لیے تواضع اختیار کرتا ہے اللہ اسے بلند کر دیتا ہے۔ (از ہر)

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيْكَ، فَيَرْحَمُهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيْكَ۔)) [رواه الترمذی وقال: حسن غریب۔]

اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے اور تمہیں آزمائش میں ڈال دے۔ (ترمذی نے اسے روایت کیا اور حسن غریب قرار دیا ہے) [ضعیف]

## الترھیب من ارتکاب الصغائر والمحقرات من الذنوب والاصرار علی شیء منھا

### صغیر وحقیر گناہوں کے ارتکاب اور ان پر اصرار پر وعید

(۸۵۵) ((عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا اَخْطَاَ خَطِيْئَةً نُكِتَتْ فِی قَلْبِهٖ نُكْتَةٌ، فَاِنْ هُوَ نَزَعَ وَاسْتَغْفَرَ صُقِلَتْ، فَاِنْ عَادَ زِيْدَ فِيْهَا حَتّٰی يَعْلُوَ قَلْبَهٗ، فَهُوَ الرَّانُ الَّذِی ذَكَرَ اللّٰهُ تَعَالٰی ﴿كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ مَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴾)) [رواه الترمذی، وقال حسن صحیح والنسائی، وابن ماجه، وصححه ابن حبان، والحاکم علی شرط مسلم۔ النکتة بنون ومثناة: النقطة التی تشبع الوسخ فی المرآة۔]

(۸۵۵) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بندہ جب کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دِل پر ایک نکتہ لگ جاتا ہے اور اگر وہ اس گناہ سے باز آ جائے اور استغفار کر لے تو یہ نکتہ صاف ہو جاتا ہے اور اگر وہ دوبارہ اس کا ارتکاب کرے تو یہ نکتہ بڑا ہو جاتا ہے اور اس کے دِل پر چھا جاتا ہے اور یہی وہ زنگ ہے جو جس کا اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں ذکر فرمایا ہے (ترجمہ) دیکھو یہ جو (اعمالِ بد) کرتے ہیں، ان کا ان کے دلوں پر زنگ بیٹھ گیا ہے) (المطففین: ۱۴) ترمذی نے اسے روایت کیا اور حسن صحیح قرار دیا ہے، نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان نے اسے صحیح اور حاکم نے شرط مسلم کے مطابق قرار دیا ہے۔ نکتہ سے مراد اس طرح کا نشان ہے جیسا کہ میل وغیرہ کی وجہ سے آئینہ پر لگ جاتا ہے)

(۸۵۶) ((وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: يَا عَائِشَةُ اِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوْبِ، فَاِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا۔)) [رواه النسائی واللفظ له، وابن ماجه، وصححه ابن حبان۔]

(۸۵۶) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے آپ کو معمولی سمجھے جانے والے گناہوں سے بچاؤ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کے بارہ میں بھی باز پرس ہوگی۔ (یہ الفاظ نسائی کی روایت کے ہیں۔ ابن ماجہ، ابن حبان نے اسے صحیح قرار دیا ہے) [صحیح]

(۸۵۷) ((وَعَنْ ثَوْبَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيْبُهٗ۔)) [رواه النسائی،

(۸۵۷) حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ بے شک آدمی، گناہ کی وجہ سے رزق سے محروم ہو جاتا ہے (اسے نسائی نے روایت کیا اور ابن حبان نے کچھ الفاظ کے اضافے سمیت

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com



وصححه ابن حبان بزيادة فيه، وقال الحاكم صحيح الاسناد۔]

صحیح قرار دیا ہے۔[1] اورامام حاکم بھی فرماتے ہیں کہ یہ صحیح الاسناد ہے)[ضعیف]

(۸۵۸) (( وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اِنَّكُمْ لَتَعْمَلُونَ اَعْمالاً هِيَ اَدَقُّ فِي اَعْيُنِكُمْ مِنَ الشَّعرِ كُنَّا نَعُدُّها عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ مِنَ المُوبقاتِ يَعْني المُهْلِكاتِ۔)) [رواه البخاري، ولاحمد مثله من حديث ابي سعيد بسند صحيح۔]

(۸۵۸) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تم کچھ ایسے عمل کرتے ہو جو تمہاری نظر میں بال سے بھی باریک ہیں لیکن رسول اللہ ﷺ کے دور میں ہم انہیں موبقات یعنی ہلاک کر دینے والے گناہوں میں سے شمار کرتے تھے۔ (بخاری، مسند احمد میں یہ حدیث اسی طرح بروایت ابوسعید بسند صحیح ہے)

❀❀❀

www.qlrf.net

وصلى الله على أشرف خلقه و اعلاهم مكانة عنده محمد و آله و أصحابه و ازواجه و ذرياته و التابعين لهم باحسان إلى يوم الدين كلما ذكره الذاكرون و غفل عن ذكره الغافلون والحمدلله رب العالمين۔

(۱) وہ الفاظ یوں ہیں: ولا يرد القدر الا الدعاء ولا يزيد في العمر الا البر تقدیر کو صرف دُعا ہی پلٹتی ہے اور عمر میں اضافہ صرف نیکی سے ہوتا ہے۔ (موارد الظمآن ۱۰۹۰) (از ہر)

www.qlrf.net

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

QURAN LEARNING & RESEARCH FOUNDATION • HYD. INDIA •

www.qlrf.net
کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

QURAN LEARNING & RESEARCH FOUNDATION
• HYD. INDIA •

DARUL ILM
PUBLISHERS & DISTRIBUTORS

242, J.B.B. Marg, (Belasis Road),
Nagpada, Mumbai-8 (INDIA)
Tel.: (+91-22) 2308 8989, 2308 2231
fax :(+91-22) 2302 0482
E-mail : ilmpublication@yahoo.co.in

